وما جعله الله الا

بشریٰ

لکم ولتطمئن قلوبکم بہٖ

یعنی

کتاب جس میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق تمام وہ بشارتیں جو
توریت وانجیل اور دیگر صحف انبیاء علیہم السلام میں موجود ہیں

بتالیف

مولانا عنایت رسول صاحب عباسی چریاکوٹی مرحوم ومغفور

وبفرمائش

آنریبل ڈاکٹر شاہ محمد سلیمان صاحب نائٹ بیرسٹرایٹ لا ال ال ڈی سابق چیف جسٹس الہ آباد ہائی کورٹ
حال جج فیڈرل کورٹ دہلی

وبمصارف

نواب بہادر الحاج ڈاکٹر محمد مزمل اللہ خاں صاحب کے بی او بی ای کے سی آئی ای
ال ال ڈی رئیس و آنریری مجسٹریٹ بھیکم پور ضلع علی گڑھ

وباہتمام محمد مقتدیٰ خاں شروانی

شروانی پرنٹنگ پریس علی گڑھ میں چھپی ۱۳۵۷ھ ۱۹۳۸ء

Marfat.com

بشریٰ

کتاب جس میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق تمام وہ بشارتیں جو
توریت انجیل اور دیگر صحف انبیاء علیہم السلام میں موجود ہیں

تالیف

مولانا عنایت رسول صاحب عباسی چریاکوٹی مرحوم و مغفور

سابق چیف جسٹس الہ آباد ہائی کورٹ

کے سی آئی ای

DATA ENTERED

Marfat.com

سیرۃ نبوی صلعم کے متعلق [illegible] کتب و رسائل

ذکرِ حبیب یہ رسالہ حضرت آقائے نامدار صلعم کے حالات میں [illegible]
مجالس میں پڑھنے کے لیے نہایت موزوں ہی۔ قیمت [illegible]

ذکرِ جمیل یہ کتاب حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حالات میں ہی اور در حقیقت
آپ کی مقدس و پاکیزہ اخلاق کا مرقع ہی جس کے پڑھنے سے قلب پر
خاص اثر پڑتا ہی۔ یہ معتبر رسالہ اس قابل ہی کہ محافل و مجالس میلاد شریف میں پڑھا جائے
زبان کی لطافت و شیرینی اور بیان کا حسن ادب قابل داد ہی۔ قیمت [illegible]

آفتابِ رسالت جس میں پیغمبر آخر الزمان رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی
مقدس زندگی کے حالات نہایت صحیح صحیح صاف اور سادہ
طور پر بیان کیے گئے ہیں۔ یہ رسالہ مسلمانوں کے مذہبی جلسوں اور مولود شریف کی
محفلوں میں پڑھے جانے کے لائق ہی۔ قیمت [illegible]

شانِ رسالت یہ وہ تقریر ہی جو نواب صدر یار جنگ بہادر نے اپنے دار [illegible]
حبیب گنج کی محفل میلاد مبارک میں بتاریخ ۱۲ ربیع الآخری [illegible]
ارشاد فرمائی اور جس میں قرآن شریف کے لفظ [illegible] کی تفسیر بیان کرکے آں حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارک کے چند واقعات کو اس پر منطبق کیا ہی جیسے رسالت [illegible]
معراج، شفاعت، رفع ذکر وغیرہ وغیرہ۔ قیمت [illegible]

رسالتِ عامّہ یہ بھی نواب صاحب ممدوح کی ایک تقریر ہی جو میلاد مبارک کے
جلسے میں کی گئی تھی اور جس میں بتایا گیا ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی رسالت تا قیام قیامت تمام انسانوں، قوموں اور جانداروں کے لیے ہی۔ قیمت [illegible]

ملنے کا پتہ [illegible]

Marfat.com

۲۹۶۹۹۲۱
۲۸
۱۸۵۲۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد رسول اللہ

تبشیر

مبشراً برسولٍ یأتی من بعدی اسمہٗ احمد ۔ بشریٰ

بشارات اور ذاتِ ہمایونی فخرِ موجودات صلعم

کتبِ سماویہ اور صحفِ انبیا علیہم السّلام کے اندر حضرت محمّد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات اس کثرت اور تفصیل کے ساتھ ہیں کہ اُن کے ذریعہ سے ذاتِ مبارک کے تعیّنِ کامل معیّن و مشخّص کرنے میں ازروے عقل و انصاف کسی قسم کا ادنیٰ شک و شبہ بھی باقی نہیں رہ سکتا۔ یہی وجہ تھی کہ اہل کتاب اباً عن جدٍ اور نسلاً بعد نسلٍ آپ کے عالمِ شہود اور منصّہ وجود میں آنے کے بے تابی کے ساتھ منتظر رہتے تھے بلکہ آپ کے واسطہ سے بمقابلہ کفّار کشودِ کار کی دعائیں کرتے تھے (وَکَانُوْا مِنْ قَبْلُ یَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَی الَّذِیْنَ کَفَرُوْا) اور جب آپ تشریف لے آئے

Marfat.com

تو وہ لوگ جو ازل سے سعید تھے آپ پر جوق جوق ایمان لانے لگے۔ اور جو ایمان نہ لائے دل اُن کے بھی آپ کی تصدیق کرتے تھے۔ اسی واقعہ کے متعلق کلامِ پاک میں ارشاد ہے کہ "یَعْرِفُوْنَہٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَھُمْ" (اُنھیں یعنی نبی آخرالزماں کو ایسے ہی پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں یا اپنی اولاد کو پہچانتے ہیں) اور یہی وجہ تھی کہ اُن کے بچے تک آپ کو اپنے ماں باپ سے زیادہ پہچانتے تھے۔ میرے اس دعوے کا ثبوت دلائل النبوۃ (علامہ بیہقی) کی یہ روایت ہے کہ بقول حضرت انس رضی ایک یہودی لڑکا ("غُلَامًا یَهُوْدِیًّا") نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔ ایک بار وہ بیمار ہوا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے اور دیکھا کہ اس کا باپ اس کے سرہانے بیٹھا توریت پڑھ رہا ہے۔ آپ نے فرمایا: "اے یہودی، میں تجھے اُس خدا کی قسم دلاتا ہوں جس نے توریت موسیٰ پر نازل کی کہ کیا تو توریت کے اندر میری تعریف اور میرا حال اور میرا مخرج پاتا ہے"؟ (یہودی نے) کہا "نہیں"۔ (اس پر) لڑکے نے کہا: "ہاں قسم ہے اللہ کی اے رسول اللہ ہم توریت میں آپ کی تعریف اور آپ کے مخرج کا حال پاتے ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں۔ اور یہ کہ آپ اللہ کے رسول ہیں"۔ اس پر آپ نے (اصحابِ حاضر الوقت سے) فرمایا کہ "اس (یہودی) کو اس (لڑکے) کے سرہانے سے اُٹھا دو اور اپنے بھائی (اس لڑکے) کی خبر گیری کرو"۔

Marfat.com

کلام عرب میں "غلام" کا لفظ جوانی بلکہ نوجوانی سے پہلے کی عمر والے کے لیے بولا جاتا ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ توریت کی بشارات کا علم کس قدر عام تھا۔

اور انجیل کی بشارتیں تو توریت سے بھی زیادہ واضح ہیں جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ارشاد سے (جو قرآن کریم میں نقل ہے) ثابت ہے کہ "مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ" (میں اس رسول کی خوش خبری دینے والا ہوں جو میرے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہے)۔ قرآن میں جا بجا صحف سابقہ کے عام مضامین کے بھی حوالے ہیں مثلاً وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِی الزَّبُوْرِ (بے شک لکھ دیا ہم نے زبور میں) اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰى (بے شبہ یہ موجود ہے اگلے صحیفوں میں)

یہی نہیں بلکہ آپ کے اصحاب اور اہل بیت کے بھی علامات و نشانات بتائے گئے ہیں۔ "ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ" (یہ کہاوت یعنی نشانی ہے اُن کی توریت میں اور کہاوت ہے اُن کی انجیل میں)۔

ان وجوہ سے اُس اعتنا کی بنا پر جو مسلمانوں نے بتوفیقِ الٰہی قرآن کی فہم و تفہیم کے متعلق کیا یہ ممکن نہ تھا کہ علمائے اسلام ان بشارات سے کما حقّہٗ آگاہی حاصل کرنے کی کوشش نہ کرتے جو ان صحف میں پائی جاتی ہیں چنانچہ کتب تفاسیر و مناظرہ اس دعوے کی بیّن دلیل ہیں۔

انجیلِ برنابا اس سلسلہ میں یہ واقعہ نہایت حیرت انگیز ہے کہ ہمارے علمائے ربّانیین کی دور رس نظر سے انجیل برنابا (یا برنباس)

Marfat.com

بھی نہ بچی، جس کا علم عام دنیا کو صرف حال ہی میں ہوا ہے۔ کیوں کہ کہا جاتا ہے کہ اس کا صرف ایک نسخہ اطالی زبان میں وائنا (پایہ تخت آسٹریا) کے شاہی کتب خانہ میں تھا۔ لیکن مسلمانوں کے یہاں اس کے حوالے سالہاے دراز سے آرہے تھے اور اس کی نسبت ہمارے علما نے طے کر دیا تھا کہ "ھِیَ اَقرَبُ الاَناجیل مِنَ القرآن" (یہ انجیل ساری انجیلوں سے زیادہ قرآن سے قریب ہے)۔

غالباً فائدہ اور دلچسپی سے خالی نہ ہوگا اگر ایک موقع (ولادتِ مسیح علیہ السلام) کا ترجمہ دونوں کتابوں کا بالمقابل دکھایا جائے:

ولادتِ حضرت مسیحؑ

برنابا

اللہ نے اس پچھلے زمانہ میں جبریل فرشتہ کو ایک کنواری کے پاس بھیجا جو مریم کہلاتی تھی۔ اور داؤد کی نسل سے تھی جو یہودا کے سبط میں تھا۔ جس وقت میں یہ کنواری پوری پاکیزگی کے ساتھ زندگی بسر کرتی تھی بغیر کسی ذرا سے بھی گناہ کے۔ وہ ملامت کی بات سے پاک تھی۔ روزہ کے ساتھ نماز پر کمربستہ۔ ایک دن اکیلی تھی کہ ناگاہ جبریل فرشتہ اس کی

قرآن

اور مذکور کر کتاب میں مریم کا جب کنارہ ہوئی اپنے لوگوں سے ایک شرقی مکان میں۔ پھر پکڑ لیا ان سے ورے ایک پردہ۔ پھر بھیجا ہم نے اُس پاس اپنا فرشتہ۔ پھر بن آیا اس کے آگے آدمی پورا۔ بولی مجھ کو رحمان کی پناہ تجھ سے اگر تو ڈر رکھتا ہے۔ بولا میں تو بھیجا ہوا ہوں تیرے رب کا تاکہ دے جاؤں تجھ کو ایک لڑکا ستھرا۔ بولی کہاں سے ہوگا میرے لڑکا اور

Marfat.com

برنابا

خواب گاہ میں داخل ہوا اور اُسے یہ کہتے ہوئے سلام کیا کہ اے مریم خدا تیرے ساتھ رہے۔ کنواری فرشتہ کے ظاہر ہونے سے ڈر گئی۔ لیکن فرشتہ نے اُسے یہ کہتے ہوئے تسلّی دی کہ مریم تو ڈر نہیں کیوں کہ تجھے خدا کے یہاں سے ایک نعمت ملی ہے۔ وہ اللہ کہ اس نے تجھے ایک نبی کی ماں ہونے کے لیے پسند کیا ہے۔ خدا اس کو قوم بنی اسرائیل کی طرف مبعوث کرے گا۔ تاکہ وہ اس خدا کی راہوں میں اخلاص کے ساتھ چلیں۔ پس کنواری نے جواب دیا اور بیٹا میں کیوں کر پیدا کروں گی بحالیکہ میں مرد کو جانتی تک نہیں۔ تب فرشتہ نے جواب دیا۔ اے مریم بے شک وہ اللہ جس نے انسان کو بغیر کسی اور انسان کے بنایا۔ البتہ وہ قدرت رکھتا ہے کہ تجھ میں ایک انسان بغیر کسی اور انسان کے پیدا کر دے۔ کیوں کہ یہ بات کچھ اس کے نزدیک محال نہیں۔ پھر مریم نے کہا ہاں بے شک میں جانتی ہوں کہ اللہ قدرت والا ہے۔ پس جو اس کی مرضی ہے وہ ہو۔ تب فرشتہ نے کہا کہ تو اس نبی کے ساتھ حاملہ ہو جا جس کو آئندہ یسوع کے نام سے پکارے گی۔ پھر اس کو شراب نشہ لانے والی چیز اور ہر ایک ناپاک گوشت سے باز رکھ۔ کیوں کہ بچہ اللہ کا قدوس ہے۔

قرآن

چھوا نہیں مجھ کو آدمی نے اور کبھی نہ تھی میں بدکار۔ بولا یوں ہی فرمایا تیرے رب نے وہ مجھ پر آسان ہے اور اس کو ہم کیا چاہیں لوگوں کے لیے نشانی اور مہر ہماری طرف سے اور ہے یہ کام ٹھہر چکا۔ پھر پیٹ میں لیا اس کو۔ پھر کنارہ ہوئی اس کو لے کر ایک پرے مکان میں۔ پھر لے آیا اس کو جننے کا درد کھجور کی جڑ میں۔ بولی کسی طرح میں مر چکتی اس سے پہلے اور ہو جاتی بھولی بسری۔ پھر آواز دی اس کو اس کے نیچے سے کہ غم نہ کھا۔ کر دیا تیرے رب نے تیرے نیچے سے ایک چشمہ اور ہلا اپنی طرف کھجور کی جڑ۔ اس سے گریں گی تجھ پر پکی کھجوریں۔ اب کھا اور پی اور آنکھ ٹھنڈی رکھ۔ سو کبھی دیکھے تو کوئی آدمی سو کہیو میں نے مانا ہے رحمان کا ایک روزہ۔ سو بات نہ کروں گی آج کسی آدمی سے۔ پھر لائی اس کو اپنے لوگوں پاس گود میں۔ بولے اے مریم تو نے کی یہ چیز طوفان۔ اے بہن ہارون کی نہ تھا تیرا باپ برا آدمی اور نہیں تھی تیری ماں بدکار۔ پھر ہاتھ سے بتایا اس لڑکے کو۔ بولے ہم کیوں کر بات کریں اس شخص سے کہ وہ ہے گود میں لڑکا۔ وہ بولا میں بندہ ہوں اللہ کا۔ مجھ کو اس نے کتاب دی اور مجھ کو

Marfat.com

قرآن	برنابا
اس نے نبی کیا اور بنایا مجھ کو برکت والا جس جگہ میں ہوں اور تاکید کی مجھ کو نماز کی اور زکوٰۃ کی جب تک میں رہوں جیتا اور سلوک والا اپنی ماں سے اور نہیں بنایا مجھ کو زبردست بدبخت۔ اور سلام ہے مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں اور جس دن اُٹھ کھڑا ہوں جی کر۔ (پارہ ۱۶۔ سورہ مریم۔ رکوع ۲) (ترجمہ شاہ عبدالقادر رح)	تب مریم یہ کہتی ہوئی جُھک گئی کہ یہ لو میں اللہ کی باندی ہوں۔ پس تیرے کہنے کے موافق ہو۔ پھر فرشتہ واپس چلا گیا۔ لیکن یہ کنواری یہ کہہ کر اللہ کی بزرگی بیان کرنے لگی (فصل اول آیت ۱/۱۲) مریم کے دن پورے ہوئے تاکہ وہ بچہ جنے۔ پس کنواری کو ایک نہایت جُھکنے والے نور نے گھیر لیا اور وہ اپنا بیٹا بغیر کسی تکلیف کے جنی اور اُس کو اپنے دونوں بازوؤں پر لے لیا۔ اور اس کے بعد اس بچّہ کے ہاتھ پاؤں رسّی سے باندھ کر اُسے کُھرلی[1] میں رکھ دیا۔ (فصل ۳ آیت نصف آخر ۸/۱۲)

تاریخ اسلام کا یہ مشہور واقعہ ہے کہ حبشہ کی دوسری ہجرت کے موقع پر نجاشی رضؓ (شاہ حبشہ) نے حضرت جعفر رضؓ ابن ابی طالب سے سورۂ مریم کی آیات ہی سُن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی تھی۔ پس کیا عجب ہے کہ وہ یہی آیات ہوں اور حضرت جعفر رضؓ نے اُنھیں اِسی بنا پر انتخاب فرمایا ہو کہ وہ خود ایک انجیل کے بیان سے اس قدر قریب ہیں۔

"بشریٰ" مع ہٰذا یہ بھی واقعہ ہے کہ ہماری تفاسیر اور مناظرہ کی کتابوں میں یہ تمام حوالے نہ بالاستیعاب تھے اور نہ بالترتیب۔ خدا جزائے خیر دے مولانا عنایت رسول صاحب چریاکوٹی مرحوم کو

---

[1] کُھرلی مویشیوں کے چارہ کھانے کی جگہ۔

Marfat.com

کہ انھوں نے یہ کتاب "بُشریٰ" خاص اسی مبحث پر ایسی ہمہ گیری کے ساتھ تالیف فرمائی۔ فجزاہ اللہ عنا وعن سائر المسلمین الیٰ یوم الدین۔

تالیف کتاب پر کاوش

خاص اسی مقصد کے لیے مولانا نے عبرانی وغیرہ السنۂ قدیمہ جس کدو کاوش کے ساتھ حاصل کیں اس کا حال مقدمہ نوشتۂ شمس العلما، مولوی محمد امین صاحب چریاکوٹی (برادر زادہ حضرت مؤلف مرحوم صفحہ ۲۱ ترجمہ) اور خود مؤلف کے دیباچہ (صفحہ اوّل) سے معلوم ہوگا۔ اس کے بعد (اگست ۱۸۷۴ء سے اگست ۱۸۹۴ء تک) پورے ۲۰ سال کے عرصہ میں) جس جاں کاہی کے ساتھ یہ کتاب مرتب ہوئی اُس کا حال مولانا شبلی مرحوم کی زبانی نوّاب صدر یار جنگ بہادر مدّ ظلّہٗ کے قلم سے سنیے:

> "مولانا شبلی صاحب مرحوم نے مجھ سے بُشریٰ کی تالیف کے سلسلے میں ایک بار فرمایا تھا کہ مولوی عنایت رسول صاحب کے مکان کے صحن میں ایک پلنگ بچھا ہوا تھا اُس پر بیٹھکر مطالعۂ کتب میں اس شان سے مصروف ہوتے تھے کہ دنیا و ما فیہا کی خبر نہ رہتی دونو کہنیاں پلنگ پر ٹیک کرا ور سر ہاتھوں کے درمیان میں رکھکر مطالعے میں غرق ہوجاتے۔ کثرت نشست کی وجہ سے پلنگ کے بان دبتے دبتے زمین سے جا لگے تھے۔ تاہم مولوی صاحب اُسی پر بیٹھے ہوئے مصروف رہتے۔"

اس ضمن میں دوسری خصوصیات پر غور کیجے جو کتاب کے بین السطور سے ثابت ہیں۔ "فراغ تحصیل علوم" کے بعد بھی علم کی تلاش جاری ہے اور گویا

Marfat.com

لحدتک جاری رہتی ہے۔ "مسیحی علما کا مناظرہ" محض لفاظی اور زبان آوری کے ذریعہ سے نہیں ہے بلکہ "صحف انبیا علیہم السّلام کے اسرار کی دریافت" کے بعد ہے۔ اور اسی کے لیے وہ "تمام مشقّت" اور "تلاش" ہے جس کا ذکر اوپر ہوا۔

"بعدازیں والد بزرگوار کی اطاعت" جو اسلام کا فریضہ اور مشرق کا زیور تھی اور جس کی نگہداشت شاید اب مفقود ہے۔ الاماشاءاللہ (صفحۂ اوّل مولّف) "خانہ نشین" ہونے اور دیگر مشاغل کے باوجود "یہ فکر ہمیشہ دامن گیر رہتی ہے کہ کان کہنہ سے جواہر نفیسہ نکال کے قدر شناسوں کے سامنے رکھوں"

یہ سب اُس زمانہ اور اُس نسل کی خصوصیات تھیں جن کا اب عام فقدان ہے۔ دونوں کے نتائج اور ان کا فرق برائے العین نمایاں ہے۔ "تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْكُمْ مَا اكْتَسَبْتُمْ ؎

گر نہ بیند بروز شپّرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

تحریک تالیف وطبع | غرض ان حالات میں اور ان خیالات کے ساتھ مولانا عنایت رسول صاحب مرحوم نے "بُشریٰ" تالیف فرمائی اور یہ نہایت عجیب اتفاق ہے کہ اس کی تالیف کی تحریک ۱۸۷۴ء میں ایک وکیل عدالت دیوانی ضلع اعظم گڑھ (منشی محمد اکرام صاحب مرحوم) کی جانب سے ہوئی

Marfat.com

(صفحہ ۲ مقدمہ مؤلف) اور اس کے طبع کی تحریک بھی تقریباً ساٹھ[60] سال بعد (۱۹۳۴ء میں) ہندوستان کے بہت بڑے علم دوست و معارف پرور، بین قومی شہرت کے مقنن (آنریبل ڈاکٹر سر شاہ محمد سلیمان بالقابہ حال جج فیڈرل کورٹ انڈیا) نے فرمائی "الدّالّ علی الخیر کفاعلہ"۔

رئیس کا سہارا

"مگر اس مطلب کے اتمام کے لیے کسی رئیس کا سہارا درکار تھا" (صفحہ ۲ مقدمہ مؤلف) اور اس سلسلہ میں کتاب کی طباعت و اشاعت کی جو جو کوششیں ہوئیں اور جن جن اہل دول نے اس خدمت کے لیے اپنی آمادگی ظاہر کی وہ شمس العلما مولوی محمد امین صاحب کے مقدمہ کتاب (صفحات ۱/۳) میں مذکور ہیں۔ خداوند تعالیٰ ان تمام اصحاب کو ان کی نیتِ خیر کا اجرِ خیر عطا فرمائے۔ "انّما الاعمال بالنیّات"۔

لیکن نیت کے بارور ہونے کی سعادت قسّام حقیقی نے نوّاب بہادر مزمّل اللہ خان صاحب مرحوم رئیس بھیکم پور کی قسمت میں رکھی تھی۔ "ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ"۔

ڈاکٹر سر شاہ محمد سلیمان صاحب بالقابہ کی (جو اس وقت الہ آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس تھے) پہلی ہی تحریک پر بخوشی تمام اس کی چھپائی کے مصارف ادا فرمانے منظور کیے۔ اور نہایت ذوق و شوق کے ساتھ مجھے اس کے مسلم یونیورسٹی پریس میں چھاپنے کا حکم دیا جس کا میں اس زمانہ میں منیجر تھا۔

Marfat.com

ڈاکٹر صاحب ممدوح کی ابتدائی تحریک اور نواب صاحب مرحوم کی فوری منظوری کے بعد گو مؤلف مرحوم کے خاندان سے مسودہ حاصل ہونے میں خاصہ وقفہ ہوا، لیکن مسودہ کے آتے ہی نوّاب صاحب مرحوم نے نہایت تاکید کے ساتھ اسے میرے سپرد فرمایا۔ اور متن (خصوصاً عبری عبارتوں) کی کتابت کا نمونہ طلب کیا جس کی میں نے تعمیل کی۔ جس جلسہ میں یہ پیش ہوا حسنِ اتفاق سے اس میں خود نواب مرحوم کے علاوہ ڈاکٹر صاحب ممدوح، نوّاب صدر یار جنگ بہادر اور بعض دوسرے اہلِ نظر و بصیرت اصحاب تشریف فرما تھے۔ سب نے بالاتفاق پسندیدگی اور مسرت کا اظہار کیا۔ اور کام کی عام نگرانی نواب صدر یار جنگ بہادر کے حوالہ ہوئی۔

مسودہ کی مسلم یونیورسٹی پریس کو حوالگی

کتاب کی بابرکت ندرت، اُس کے مؤلف کی مسلّمہ قابلیت اور شہرت، ڈاکٹر سر سلیمان کی تحریک اور علم دوستی، نوّاب صاحب مرحوم کی فیّاضی اور ذاتی دلچسپی، نوّاب صدر یار جنگ بہادر کی معارف پسندی، ۱۹۳۴ء کے مسلم یونیورسٹی پریس میں بفضلِ خدا ہر قسم کے کام کی آسانی حتیٰ کہ عبری عبارتیں (جو کتاب میں نہایت کثرت سے ہیں) اُن کی نقل کا سنگلاخ مرحلہ بھی بحمد اللہ سنگِ راہ نہ تھا، گو دشوار گزار ضرور تھا۔ کیوں کہ اس کے متعلق اُس وقت کے مسلم یونیورسٹی پریس کے آرٹسٹ نے اپنے اشہب قلم کی

Marfat.com

طرف سے بالکل مطمئن کر دیا تھا ؎

فیضِ روح القدس ار باز مدد فرماید
دیگراں ہم بکنند آں چہ مسیحا می کرد

ان تمام بظاہر موافق حالات کے اندر کتاب کے جلد سے جلد چھپ جانے میں بظاہر کوئی امر مانع نہ تھا۔ مگر ؎

زمانہ دگر گونہ آئیں نہاد
شد آں مرغ کو خایہ زرّیں نہاد

ڈاکٹر سر شاہ محمد سلیمان یونیورسٹی کے وائس چانسلر نہ رہے، نوّاب صاحب مرحوم کے وہ اثرات نہ رہے، نوّاب صدر یار جنگ بہادر گو اس زمانہ میں ایک معتد بہ مدّت تک پریس کے باضابطہ نگراں رہے تاہم مہمّاتِ امور میں ممدوح کو کوئی دخل نہ تھا ؎

از صحنِ خانہ تا لبِ بام زانِ من
واز سقفِ خانہ تا بہ ثرّیا ازآنِ تو

کا مضمون تھا۔ خلاصۂ نتیجہ یہ ہے کہ بُشریٰ کا کام الیٰ لانہایت معرض التوا میں پڑ گیا۔ حتیٰ کہ یکم ستمبر ۱۹۳۶ء کو مسلم یونیورسٹی پریس بند ہو گیا ؎

ما کل ما یتمنّی المرأ یدرکہٗ
تجری الرّیاح بمالا تشتھی السُّفنُ

Marfat.com

شروانی پریس کا شرف

بعینہٖ اُسی تاریخ (یکم ستمبر ۱۹۳۶ء) کو میں نے شروانی پرنٹنگ پریس کا ڈکلریشن دیا اور سب سے پہلا کام جو میں نے بحمداللہ عقیدۃً ہاتھ میں لیا وہ "بُشریٰ" کا تھا جس کا مسودہ میں نوّاب صاحب مرحوم کی منشا اور نوّاب صدر یار جنگ بہادر کے حکم سے اپنے ساتھ لیتا آیا تھا۔ اور بفضل خدا تقریبًا سال بھر کی کان کنی کی جاں کنی کے بعد یہ "جواہرِ نفیسہ" پوری آب و تاب کے ساتھ صاحب بصیرت و بصارت جوہر شناس جوہریوں کے ہاتھوں میں پہنچ گئے۔ ڈاکٹر شاہ محمد سلیمان، نوّاب صدر یار جنگ بہادر اور خود نوّاب صاحب مرحوم مطبوعہ متن کتاب کو دیکھ کر خوش ہوئے اور اظہار پسندیدگی فرمایا۔ عبری عبارتیں (جو پورے متن میں خون کی رگوں کی طرح دوڑی ہوئی ہیں) ان کی خوش سوادی اور صحّت کی تصدیق شمس العلماء مولوی محمد امین صاحب (صفحہ ۱۵، ۱۶ مقدمۂ اوّل) اور اُن کے برادر خُرد مولوی محمد مبین صاحب کیفیؔ چریاکوٹی نے بھی کی مولوی محمد امین صاحب کا مقدمہ اور ترجمۂ مصنف بھی چھپ گیا اور اب بظاہر کتاب کی اشاعت میں کوئی حالتِ منتظرہ باقی نہ تھی۔

لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُونَ

بریں ہم مشیّت الٰہی دگر گوں تھی۔ دُنیا جانتی ہے کہ نواب صاحب مرحوم مضامین وغیرہ کے طور پر کبھی کچھ نہیں لکھتے تھے۔ وہ تقریبًا نصف صدی تک مختلف نہایت

Marfat.com

اہم حیثیتوں سے منظرِ عام پر رہے۔ ایم اے او کالج کے جوائنٹ سکرٹری اور سکرٹری اور پریزیڈنٹ رہے۔ مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور رکٹر رہے۔ مسلم لیگ کے چوٹی کے رکن رہے۔ اور کیا رہے، اور کیا رہے۔ خلاصہ یہ کہ "من صنّف فقد استہدف" کی صف بلکہ زد میں رہے۔ ان پر بارہا (خوں خوار نہ سہی) جگر خوار حملے ہوئے۔ تاہم وہ اپنی شخصی اور عام زندگی کے عین شباب کے عہد میں بھی ان معاملات میں غم خوار ہی رہے لیکن "بُشریٰ" کے ساتھ مرحوم کو جو شغف تھا اس کے لحاظ سے وہ تمہید یا "پیش لفظ" کے طور پر اپنی کوئی تحریر بھی شامل کرنا چاہتے تھے جس میں خدا کا شکر ادا کرتے کہ ایسی متبرک و نادر الوجود کتاب کی اشاعت کا شرف حاصل ہوا اور ڈاکٹر سر شاہ محمد سلیمان صاحب کا شکریہ کہ اُن کے وسیلہ سے ہوا۔ اور مؤلف مرحوم کے بعض اُن خیالات کی نسبت اپنا خیال ظاہر فرماتے جو جمہور علماے اسلام کے مسلّمات کے خلاف ہیں۔ مگر اوّل علالت اور پھر ضعف اور آخر میں موت نے مہلت نہ دی۔ نتیجہ یہ کہ اس حیص بیص میں ایک سال اور گزر گیا۔ یہاں تک کہ ستمبر ۱۹۳۸ء میں نوّاب صاحب مرحوم کو واصل بحق ہونے کی بشارت مل گئی۔ "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ"۔

اس سلسلہ میں خاص میرے لیے یہ قدغن تھا کہ میں تاخیر اشاعت کے

Marfat.com

وجوہ قلم بند کرکے شامل کتاب کروں۔ چنانچہ معزز ناظرین مطبوعہ فہرستِ مضامین میں ملاحظہ فرمائیں گے کہ اس کا نشانِ شمار تین ۳ کے عدد سے شروع ہوتا ہے، گویا اوپر کے دو نمبروں کی جگہ سادہ ہے۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ پہلے نمبر پر مرحوم کی تحریر ہوتی اور دوسرے پر میری اور یہ دونوں نمبر تپھر پر سے اُس وقت حک کیے گئے کہ سوائے قدرتِ خدا کے مرحوم میں کچھ باقی نہ رہا تھا۔ لیکن اب نوّاب صدر یار جنگ بہادر کے ارشاد کے بموجب بقدر استطاعت میں ہی مرحوم کی خواہش کو پورا کرتا ہوں۔ حال آں کہ میں سمجھتا ہوں کہ جو جگہ انھوں نے خالی چھوڑی ہے وہ پُر ہونی ممکن نہیں ہے۔ شمس العلما، مولوی محمد امین صاحب کے مقدمہ (صفحہ $\frac{1}{\text{ﻂ}}$) سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ اتمام طبع کے لحاظ سے قبل ازیں کیا کیا کوششیں ہوئیں۔ اور خداوند کارساز کا بے حد و بے حساب شکر ہے کہ اس نے اپنی رحمت کاملہ سے اس شرف کو ناچیز شروانی پریس کے لیے خاص فرمایا۔ "وَاللّٰہُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ" اور اب کتاب تحریک تالیف (۱۸۲۹ء) سے پینسٹھ ۶۵ سال اور تکمیل (۱۸۹۴ء) سے پینتالیس ۴۵ سال بعد شروانی پریس سے شائع ہوتی ہے۔ "لِکُلِّ اَجَلٍ کِتَابٌ یَمْحُو اللّٰہُ مَا یَشَاءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتَابِ"

شکر کہ جمّازہ بمنزل رسید　　زورقِ اُمّید بساحل رسید

Marfat.com

فہرست مضامین کتاب کی اشاعت کی مرحوم کو اس قدر عجلت تھی کہ انھوں نے حوالۂ کاتب کرنے سے قبل مسوّدہ پر سرسری نظر ڈالنے کی بھی اجازت نہ دی۔ اور دست بدست کاتب کے سپرد کردیا گیا۔ ورنہ میں کتاب کی تبویب و تفصیل کردیتا جس سے مضامین کو ایک دوسرے سے جدا کرنے اور فہمِ مطالب میں سہولت ہوتی۔ تاہم میں نے طبعِ متن کے بعد یہ خدمت انجام دی۔ اور میری درخواست پر شمس العلما رمولانا محمد امین صاحب نے بھی ایک فہرست بنائی۔ اور ان دونوں کو ملاکر میں نے بقید صفحہ وسطر ایک تیسری فہرست مرتب کردی ہے جو ان شاء اللہ تعالیٰ تلاش مضامین میں بہت کچھ معین ہوگی۔ خدا کا شکر ہے کہ کتاب کے نام کے لیے قرآن مجید سے سجعہ بھی نہایت موزوں نکل آیا اور عام طور پر پسند کیا گیا۔ یعنی "وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ"

تصحیح کاپی اور پروف کی تصحیح (خصوصاً عبرانی عبارتوں کے سبب سے) نہایت اہم مسئلہ تھی۔ مگر اللہ کا احسان ہے کہ اس سے بوجہ احسن عہدہ برائی ہوئی۔ عبرانی کی کلیۃً تصحیح خود شمس العلما رصاحب موصوف نے کی ہے اور مکمّل مطبوعہ نسخہ کے ملاحظہ کے بعد وہ اس جانب سے بفضلہ تعالیٰ فی الجملہ مطمئن ہیں۔ (صفحہ ۱۵، ۱۶ مقدمہ)۔ کاپیوں پر دو دو برسائیں بھی گزری ہیں۔ اور شمس العلما رصاحب کی خدمت میں ڈھاکہ (مشرقی بنگال)

Marfat.com

کے ایاب وذہاب کے دوران میں بھی وہ دست مال اور پھیکی ہوگئی تھیں۔ اور استر کے پتنگی کاغذوں پر اکثر کے پورے پورے عکس آگئے تھے۔ اصلاح سنگی میں یہ نقص رفع کرنے کی امکانی کوشش کی گئی۔ بریں ہمہ

تو نیز ار بدی ہبی اندر سخن
بخلقِ جہاں آفریں کار کن

کتاب کی زبان اور املا

مولانا عنایت رسول صاحب مرحوم اور اُن کی مصنّفات اس زمانہ کی ہیں کہ ہندوستان (خصوصاً مسلمانوں) کی تحریری زبان عموماً فارسی اور علما کی عربی یا فارسی تھی۔ اور اردو (خصوصاً سلیس اُردو) کا اتنا رواج نہ ہوا تھا جتنا کہ اب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ باوجود تبحر اور ادائے مطالب پر پوری قدرت کے جا بجا نامانوس طرز ادا موجود ہے اور بعض دوسرے مواقع پر (خصوصاً عبرانی اَعلام میں) املا کا بھی اختلاف ہے۔ لیکن میں نے بلحاظ احترام اور بلحاظ باقیاتِ صالحات کہیں کچھ دست اندازی نہیں کی۔ اگرچہ مولانا محمد مبین صاحب کیفی نے میرے پاس کے نسخہ کے حواشی پہ میری یادداشت دیکھ کر فرمایا کہ اگر میرے ذریعہ سے مسوّدہ آتا تو میں ضرور اصلاح کر دیتا۔

مؤلّف کا جوشِ عقیدت

مولانا مرحوم نے بتوفیقِ ایزدی اس کتاب کی تدوین و ترتیب میں جس جوش و خلوص کا ثبوت دیا ہے وہ متعدد واقعوں سے

Marfat.com

ثابت ہے اُنھوں نے اپنی زندگی کے تقریبًا بیس سال نہایت دل سوزی اور جاں کاہی کے ساتھ اس کی تالیف پر صرف کیے۔ انھوں نے ہر جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب اور کاملین اُمّت رضی اللہ عنہم اور ان کے خوارقِ عادات کا ذکر احترام اور قوّت ایمانی کے ساتھ کیا ہے۔ وہ شغفِ حُب میں قصیدۂ بردہ شریف کا یہ شعر کثرت سے نقل کرتے ہیں ؎

یا ربّ صلّ وسلّم دائمًا ابدًا
علی حبیبک خیر الخلق کلھم

کہیں لکھا ہے ؎

علیک سلام اللہ یا اکرم الوریٰ
ومن ھو فی الدّارین للخلق شافع

کہیں ؎

یک نظر فرما کہ مستغنی شوم

زبور کی اس آیت کی تفسیر کے ذیل میں کہ "تمام ملک حاکم کے واسطے وجد کرو" لکھتے ہیں: "یہ کسی حکمراں کی خبر ہے۔ آں حضرت کے حکمراں ہونے میں شبہ نہیں۔ زندگی میں ہزار ہا آدمی آپ کے جمال و کمال و کلام کے عاشقِ زار تھے۔ اب بھی عشّاق قبر پر وجد کرتے ہیں" (صفحہ ۳۲۱)۔ خاتمہ میں (صفحہ ۴۲۳) لکھتے ہیں کہ "یہ رسالہ باختصار

Marfat.com

تمام رقم ہوا۔ تاکہ دیکھنے والوں کے دل میں عظمت و محبّت اُس عالی جناب کی متمکن ہو اور بروزِ جزا میری نجات کی سند ہو۔" فجزاہ اللہ ویغفرلہ۔

معجزات انبیاء علیہم السلام اور کرامات اولیاء رضی اللہ عنہم کے آپ اُسی طور پر قائل اور مقر ہیں جیسے جملہ جمہور اسلام۔ چنانچہ اس بشارت کے ذیل میں کہ "موسیٰ کا سا نبی بھیجوں گا" آپ نے حضرت موسیٰ کے عصا کے سانپ بننے اور آں حضرت کی مشتِ مبارک میں سنگریزوں کی تسبیح، حضرت موسیٰ کے فرق نیل اور آں حضرت کے شقِ قمر، حضرت موسیٰ کا پتھر سے چشمے نکالنے اور آں حضرت کی انگشتہائے مبارک سے پانی جاری ہونے، حضرت موسیٰ کے قارون اور آں حضرت کے سراقہؓ کے خسف (یعنی زمین میں دھسنے) کے واقعات کا مقابلہ کیا ہے (صفحہ ۵۳)۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے وقت کے خوارق عادات کو ذکر کیا ہے مثلاً: ایوان کسریٰ کا زلزلہ، فارس کی آگ کا سرد ہونا، مکّہ کے بتوں کا سرنگوں ہونا (صفحہ ۴۳)، بحیرۂ ساوہ کا خشک ہونا (صفحہ ۳۲۲ و ۴۳۳)، خانہ کعبہ پر ملائکہ کا احاطہ (صفحہ ۴۳۳)، شہب کا بکثرت فضائے آسمان سے قریب زمین کے چھوٹنا (صفحہ ۱۴۶ و ۴۰۰)، بعض غزوات میں جبریل اور ملائکہ علیہم السّلام کا آپ کی امداد کرنا (صفحہ ۶۴ نوٹ)، مشتِ خاک سے کفّار کا اندھا ہو جانا (صفحہ ۱۴۷)، شب معراج میں مسجد حرام (مکّہ) سے

Marfat.com

مسجدِ اقصٰی (بیت المقدّس) تک طرفۃ العین میں پہنچنا (صفحہ ۱۴۸)، نارِ نمرود میں حضرت ابراہیمؑ کی سلامتی (صفحہ ۱۵۸)، افرادِ کثیرہ پر غلبہ آپ کا اور آپ کے اصحاب کا (صفحہ ۱۶۳ و ۱۶۴)، حضرت عامر بن فہیرہ کی لاش کو ملائکہ کا اُٹھا لے جانا (صفحہ ۱۳۷)، قصّۂ سریّۂ رجیع (صفحہ ۱۳۸)، حضرت مسیحؑ کی ولادت خلافِ طبع و عادت (صفحہ ۱۹)، تجلّیِ طور (صفحہ ۶۵)، شقِّ قمر و ردِّ شمس (صفحہ ۸۸ و ۲۳۲)، ایک کاتبِ وحی کا مرتد ہو جانا اور پھر بعد مرنے کے زمین کا اُسے قبول نہ کرنا (صفحہ ۲۳۰)، آپ کی دعا سے بادل کا آنا اور برسنا اور آپ کی دعا ہی سے کھلنا (صفحہ ۲۳۰)، جنگل کے دو درختوں کا آپ کے حکم سے ملنا اور پھر متفرق ہونا اور درخت کا آپ کی رسالت کی تصدیق کرنا (صفحہ ۲۳۱)۔

ایک موقع پر سحر اور معجزات اور کرامات و خوارقِ عادات اور ان کے امکانات پر عقلاً و نقلاً بحث کی ہے جس کو پڑھنے کے بعد اُس مغالطہ کی پورے طور پر تردید ہوتی ہے جو علی گڑھ کے حلقہ میں عامۃ الورود ہے کہ ان امور میں آپ سر سید کے یا سر سید آپ کے ہم عقیدہ ہیں۔ وشتّان بینھما (صفحہ ۲۴۰ تا ۲۵۵)۔

یا للعجب! یہ بات نہایت عجیب ہے (شاید میری فہم کا قصور ہو) کہ آپ نجوم و کواکب کی تاثیرات کے اُس طور پر قائل معلوم ہوتے ہیں جو عقایدِ اسلام کے خلاف ہے۔ مثلاً عہدِ عباسیہ کے مشہور حکیم

Marfat.com

ثابت بن قرہ کی نسبت فرماتے ہیں کہ " زحل کو اس سے بڑی مناسبت وخلّت تھی۔ اکثر مصائب میں اس کا معین رہتا تھا" (صفحہ ۲۲۴)۔

" ایک مرتبہ خلیفۂ بغداد نے اس کی گرفتاری کے لیے فوج متعین کی۔ قبل پہنچنے لشکر کے زحل نے اُسے آگاہ کر دیا اور کہا کہ فرار کرو۔ چنانچہ وہ بھاگ گیا اور خلیفۂ وقت سے جان بچائی" (صفحہ ۲۸۱ سطر $\frac{۱۶}{۱۸}$)۔

اور لیجیے : " واضح ہو کہ ہر دین کے ساتھ کوئی نہ کوئی کوکب متعلق ہوتا ہے کہ وہ اُس کا حامی ہوتا ہے۔ بُت پرستی کے ساتھ تعلّق قمر کو ہے۔ اور یہود کے دین کا تعلّق زحل سے ہے۔ ملّت نصاریٰ متعلق بشمس ہے۔ اور دین اسلام کو تعلّق زہرہ سے ہے" (صفحہ ۲۸۱ سطر $\frac{۷}{۱۱}$)

چاندی کا زینہ

توریت کی اس بشارت کے سلسلہ میں کہ " اے مسکینۂ شکستہ، نامرحومہ، ہاں میں تیرے پتھروں کو نگین کی جگہ بٹھلاؤں گا اور جواہر سے تیری بنا ڈالوں گا" (خطاب بمکۂ مکرمہ) لکھتے ہیں کہ :

" اب اس زمانہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں کی مٹّی لوگ مثل نگینوں کے لے جاتے ہیں، پتھر کو کون کہے۔ سونے چاندی، جواہر کی کچھ وقعت نہیں ابھی ہمارے زمانہ میں ایک نوّاب ہند نے ایک نردبان چاندی کا وہاں بھیجا۔ علمانے بڑی بڑی منّت وچاپلوسی سے اُس نوّاب کی قبول کیا۔ لیکن اُس طرف لگایا جس طرف عورتوں کا مقام ہے"

Marfat.com

حقیقت اس واقعہ کی یہ ہے کہ یہ زینہ کعبہ شریف کی داخلی کے لیے نوّاب کلب علی خاں بہادر مرحوم والی رام پور نے اپنی حاضری مکّۂ مکرّمہ کے موقع پر نذر کیا تھا۔ چوں کہ اس مقدار کی چاندی کا استعمال مردوں کے لیے شرعاً ناجائز ہے، اس لیے علما کے فتوے کی رو سے اسے عورتوں کے لیے مخصوص کر دیا گیا ہے۔ اور وہ حرم محترم مکّہ مکرمہ میں ایک جانب رکھا رہتا ہے۔

بعض عقائد مختلف فیہ آخر میں فاضل مؤلّف مرحوم کے بعض اُن عقائد کو بیان کرتا ہوں جو مسلّمات جمہور علما کے خلاف ہیں اور جن سے نوّاب صاحب مرحوم ناظرین "بُشریٰ" کو خاص طور پر آگاہ کرنا چاہتے تھے۔ میرا یہ منصب نہیں کہ ان پر مفصل بحث کروں اور نہ یقیناً اس کی حاجت ہے۔ کیوں کہ مقصود اصلی بشارات ہیں اور اُمید ہے کہ ناظرین کی توجہات اُنھی پر مرکوز رہیں گی۔ خذ ما صفا ودع ما کدر

آپ مکہ میں زمزم کے مقام پر حضرت اسمٰعیل کی بزمانۂ شیرخوارگی پیاس کی تکلیف کو اور اس حالت میں حضرت ہاجرہ کے بین الصّفا والمروہ دوڑنے کو تسلیم نہیں کرتے۔ بلکہ مکّہ میں اپنی والدہ کے ہمراہ آنے کے وقت حضرت اسمٰعیل کی عمر ۲۴، ۲۵ سال کی قرار دیتے ہیں (صفحہ ۱۳ و ۱۴ و ۱۶ و ۲۴۴)۔ البتہ حضرت ہاجرہ کے مکّہ پہنچائے جانے کے واقعہ کو تسلیم کرتے ہیں مگر اسے "بے رحمی" قرار دیتے ہیں (صفحہ ۳۲۹ سطر ۲۱)۔ قربانی یا ذبح کے واقعہ کو حضرت اسمٰعیل اور حضرت اسحٰق دونوں سے منسوب کرتے ہیں (صفحہ ۴۳۳)۔

Marfat.com

جنّت کو ولایت روم یا ایشیائی ترکی میں اُتار لائے ہیں۔ اور یہیں حضرت آدم کو پیدا کیا ہے (صفحہ ۶۹)۔

آپ کے نزدیک "ارواح بحصولِ کمال زمرۂ ملائکہ میں داخل ہو جاتی ہیں کہ یہی جنّت ہے" (صفحہ ۱۴۴ سطر ۲۰) اور "روح القدس سے مراد وہ حالت ہے جو انبیا پر بوقت نزول وحی طاری ہوتی ہے" (صفحہ ۱۷۰ سطر ۳) "وہ درحقیقت مَلَک ہے، ہاں اپنے استکمال میں محتاجِ بدن ہے بخلاف مَلَک کے۔ خدا بھی اُسے مَلَک کے ساتھ ملا دیتا ہے" (صفحہ ۲۴۸ سطر ۴)۔

سب سے پہلی وحی ("اقرأ") کے فترۃ یعنی انقطاع کو تسلیم نہیں کرتے۔ بلکہ "فترۃ" کے معنی "حَمِیَ وَتَتَابَعَ" (یعنی گرم ہوئی اور پیاپے آنے لگی) کے لیتے ہیں اور سنداً "فترالسحاب" کو پیش کرتے ہیں جس کے معنی مینھ کی جھڑی لگنے کے ہیں (صفحہ ۱۷۲ سطر ۳)۔

واقعۂ اسراء پر بہت تفصیل کے ساتھ بحث کی ہے جو تقریباً اٹھائیس ۲۸ صفحوں پر پھیلی ہوئی ہے۔ خلاصہ آپ کی رائے کا یہ ہے کہ معراج یا اسراء دو مرتبہ ہوا۔ اسراء بیت المقدس جو نبوت سے پندرہ ۱۵ ماہ بعد ہوا۔ دوسرا اسراء سموات جو نبوت سے پانچ برس بعد ہوا (صفحہ ۱۹۱ سطر ۱۷)

"لیکن علمائے حدیث نے ان دونوں کو ایک میں ملا دیا ہے" (سطر ۱۰) اور اسراء سموات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے "ادنیٰ کمالات سے"

18523

Marfat.com

نان کر اسے حالتِ "بین النوم والیقظہ" (یعنی نیم بیداری) میں مانا ہے اور "مقصود معراجِ انبیا سے انتہائی کمال انسانی لیا ہے۔

قیامت کا بیان بھی بہت مفصّل و مطوّل ہے۔ اور اس ضمن میں کئی اہم مباحث ہیں۔ مثلاً حشرِ اجساد، عذابِ قبر، صراط، محشر، مقدار یومِ قیامت وغیرہ وغیرہ۔ اور ان سب کا فیصلہ مولانا مرحوم نے اپنی ذاتی تحقیق کے مطابق فرمایا ہے۔ حشرِ اجساد کے متعلق خیال ہے کہ "یہ گفتگو نسبت ارواح کے ہے۔ کیوں کہ اجساد تو قبل فنا، ارض فاسد ہی ہو جائیں گے" (صفحہ ۳۶۲ سطر ۷)۔

"اجسام کل فنا ہو جائیں گے۔ جان اپنے اعمال کو تکیں گے" (صفحہ $\frac{۶۶}{۱۳}$)۔

"فنا، اجسام وحی و عقل دونوں سے ثابت ہے" (صفحہ $\frac{۳۶۹}{۷}$)۔

"یہ حالت جو روح کو بعد مفارقتِ بدن حاصل ہوتی ہے تا قیامِ قیامت قبر ہے۔ اس حالت میں جو الم ہوتا ہے وہی عذاب قبر ہے" (صفحہ ۳۵۸ سطر ۱۴)۔

صراط سے "خلا" مراد لیتے ہیں (صفحہ $\frac{۳۷۳}{۱}$)۔ محشر کی "زمین سے مقصود مکان ہے۔ یعنی خلا خواہ بُعد مقطور اور خدا کے نور سے مراد ارواح اور ملائکہ" (صفحہ $\frac{۳۶۶}{۱۴}$)۔

خدا یوم قیامت "کی مدت پچاس ہزار بتاتا ہے یعنی مدت قیام عالم اجسام پچاس ہزار برس ہے" (صفحہ $\frac{۳۶۸}{۶}$)۔

علیٰ ہذا "خدا کے نور سے مراد ارواح و ملائکہ" (صفحہ $\frac{۳۶۶}{۱۶}$)۔

Marfat.com

"کتاب سے مقصود نفوس منطبعہ ہیں جو حامل ہیں صور حوادث کے" (صفحہ ۳۶۶/۱۷)۔

کل شئی ھالک الا وجھہ میں "وجہ" کے معنی سردار کے بھی ہیں "سردار اُس کو کہتے ہیں جو صاحب رائے اور مدبّر ہو۔ یہ شان ملائکہ اور ارواح کی ہے۔ پس مضمون آیت یہ ہے کہ جملہ اشیا فانی ہیں سوا ارواح اور ملائکہ کے" (صفحہ ۳۷۴/۱)۔

قصّۂ اصحاب فیل کے ذیل میں "طیرًا ابابیل" کو ملائکہ یا سحاب پرّاں اور "حجارۃٍ من سجیل" کو ژالہ قرار دیا ہے (۴۰۲/۱۳)۔

"نظر دقیق و فکر سلیم کے نزدیک شقِّ صدر سے مقصود شرح صدر ہے" (صفحہ ۳۹۷/۲۰)۔

یہ وہ خیالات ہیں (اور شاید کچھ اور بھی ہوں، میں نے ان کا استیعاب نہیں کیا ہے) جو جمہور علماے محقّقین کے مختار کے خلاف ہیں لیکن ان سے کتاب کے نفس مضمون پر (جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات ہیں) کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اور نہ فاضل مؤلّف مرحوم کی اُس کاہش و کاوش کی قدر دانی و شکرگزاری میں سرِ مو فرق آتا ہے جو انھوں نے اس کتاب کی تدوین میں اپنی عمر کے آخری دَور کے مسلسل بیس سال میں کی۔ بلکہ اس کتاب سے وہ مغالطہ عامّۃ الورود نہایت صفائی کے ساتھ رفع ہوتا ہے جو مولانا کے عقاید کے متعلق سرسیّد مرحوم اور تہذیب الاخلاق کے زمانہ سے جاری و ساری چلا آرہا تھا۔ ان الحسنات یذھبن السیئات۔

Marfat.com

دوسرے کتاب کا اصل مبحث یعنی بشارات) اتنا واضح ہے کہ اس سے ان شاء اللہ تعالیٰ کثرت سے پڑھنے والے مستفید ہوں گے۔ اور جو مسائل و مباحث مختلف فیہ ہیں اُن کے عمق تک جانا ضروری نہ سمجھیں گے اور جو جائیں گے خود اُن کے سامنے دوسرے نظریے بھی ہوں گے۔

اس قدر مختصر گزارش کے بعد اب آخر میں ناظرین کرام سے اُمید ہے کہ وہ کتاب کے نفس مضمون کو یک سوئی و یک جہتی کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں گے اور یقین ہے کہ وہ بھی اُس وقت اس عقیدہ میں راسخ ہوں گے کہ جملہ انبیاء و رسل برحق ہیں، تمام صحف و کتب آسمانی ہیں، ساری بشارتیں (جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے ہزاروں سال اوپر تک جاتی ہیں) القاء ربانی ہیں اور بلاشائبۂ شک آں حضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم اُن کے حقیقی مصداق ہیں۔

غزل نعتیہ (از راقم آثم)

درِ جاناں پہ جا کے جاں نکلی — زندگی مرگِ ناگہاں نکلی
جب چھڑا اُن کی عشق کا قصّہ — داستاں میں سے داستاں نکلی
وصف میں اُن کے حسن و خوبی کے — بے زبانی بھی تر زباں نکلی
حال میرا زبانِ حال یہ تھا — بے زبانی ہی ترجماں نکلی
عشوہ کیا، غمزہ و کرشمہ کیا — جو ادا نکلی دل ستاں نکلی
جگر و قلب سے رگِ جاں تک — نوکِ مژگاں کہاں کہاں نکلی

Marfat.com

دل میں تیغِ نظر ہوئی پیوست — اور جب نکلی خوں چکاں نکلی
طلبِ مرگِ نو کی پرسش پر — اُن کے کشتوں کے مُنھ سے "ہاں" نکلی
شبِ دیجور ہوگئی کافور — جب وہ سیماء بدرساں نکلی
اُن کے کوچہ کی خاک، صلِّ علیٰ — سرمۂ چشمِ انس و جاں نکلی
اُن کے قدموں پہ سر کی قربانی — سوزشِ نیشِ نوشِ جاں نکلی
سجدۂ بندگی سے پیشانی — بے نشاں کے لیئے نشاں نکلی
سگِ ناپاکِ آستانِ حضور — میری کیا پاک داستاں نکلی

للہ الحمد نام پر اُن کے
رہبرِ خستہ جاں کی جاں نکلی

غفر اللہ لقائلھا و ستر زلاتہ الیٰ اواخرھا من اوائلھا واحسن الیہ والیٰ من صحبہٗ واحسن الیہ وصلّی وسلم علی جمیع الانبیاء المرسلین الملھمین المبشّرین باوضح البشارات وافصحھا واجلی الاشارات وابلغھا بمن ھو خاتم النبیین وخُصِّص باشرف الوسیلۃ لاتمام النّعمۃ واکمال الدّین وعلیٰ اٰلہٖ وصحبہ الطّیبین الطّاھرین الیٰ یوم الیقین، اٰمین یا ربّ العٰلمین۔

عبدہٗ الجانی
محمّد مقتدیٰ خاں شروانی

شروانی پریس،
علی گڑھ:
۲۱ ماہ مبارک رمضان ۱۳۵۸ھ
(۴ نومبر ۱۹۳۹ء)

Marfat.com

۷۸۶

فہرستِ مضامین

(بشریٰ)

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	سطر
۱			
۲			
۳	مقدمہ نوشتہ شمس العلماء	۱	
	مولانا محمد امین صاحب		
	عبّاسی چریا کوٹی (مولوی فاضل		
	پروفیسر عربی ڈھاکہ یونیورسٹی		
۴	ترجمہ مصنفِ کتاب علّامہ	۱۷	
	مولانا عنایت رسول صاحب		
	عباسی مرحوم		
۵	تمہید مصنف	۱	
۶	بحث مسٹر گاڈفری ہگنس	۲	۱۱
	(لفظ فارقلیط کی تحقیق میں		
۷	مقدمہ مصنف تاریخ بنائے مکہ		
	اور اسمار مکہ	۷	
۸	علم ہیأت و نجوم کی بنیاد	۸	۵
	حضرت آدم نے ڈالی		
۹	حاشیہ تحقیق قدم	۸	
	(لفظ عبرانی)		
۱۰	اولادِ سام بن نوح	۹	
۱۱	قصہ ہابیل و قابیل	۹	۶
	توریت سے (حاشیہ		
۱۲	ممالک کی قدیم حد بندی	۱۰	
	(مطابق تاریخ یہود)		
۱۳	سفر ہیاشار (قدیم		
	تاریخ یہود میں ہابیل و		
	قابیل کا واقعہ (حاشیہ)	۱۱	۱۲

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	سطر
۱۴	حضرت ابراہیم کا پناہ لینا	۱۲	۱۳
۱۵	لفظ کاہن کی تحقیق (حاشیہ)	۱۲	
۱۶	حضرت اسمٰعیل و اسحٰق و ہاجر کا نزاع	۱۳	۹
۱۷	حضرت سارہ پر جادو کرنے کا الزام اور اس کا جواب	۱۴	۱۰
۱۸	حضرت ابراہیم کا ہاجرہ و اسمٰعیل کے ساتھ مکہ کو روانہ ہونا	۱۵	
۱۹	حضرت ابن عباس کی حدیث کی تحقیق	۱۶	۵
۲۰	خانہ کعبہ کی چوتھی بنا	۱۷	
۲۱	حضرت یعقوبؑ اور اُن کی اولاد کی جائے قیام اور بذریعہ وحی ان کو بیت اللہ جانے کی ہدایت اور اس کا واقعہ (حاشیہ)		
۲۲	باب اوّل بیان میں اس خبر کے جو متعلق بانجیل ہے	۱۸	
۲۳	تحقیق لفظ فارقلیط	۱۹	
۲۴	شہر بابل (حاشیہ)	۱۹	
۲۵	لفظ فرن کی تحقیق	۲۰	۱
۲۶	لفظ مقلاط کی تحقیق	۲۱	۱۳
۲۷	فارقلیط اور ابوالقاسم ابن عبداللہ کے ایک اعداد ہیں	۲۵	۸
۲۸	باب دوم متعلق بہ کتب عہد عتیق	۲۶	
۲۹	حضرت ہاجرہ کا خواب	۲۷	۱۲
۳۰	ربّی سلیمان یرجی کی تفسیر کی تردید	۳۰	۱۶
۳۱	حضرت ابراہیمؑ کی دعا	۳۱	
۳۲	حضرت اسحاق کی دعا	۳۲	
۳۳	شیلوسے کون مراد ہے	۳۵	
۳۴	حضرت موسیٰ سے اہل مدین کی جنگ اور یثرب کی تحقیق	۴۱	۸
۳۵	زبور ۸۲ آیت سے بشارت کا ثبوت	۴۴	

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	سطر
۳۶	شیلو کے کچھ نشانات جو حضرت یعقوبؑ نے بیان فرمائے	۴۷	۵
۳۷	ایوب کے ۱۱ باب ۱۳ آیۃ کی بشارت	۴۸	۱۴
۳۸	موسیٰ کی ۵ کتاب ۱۸ باب ۱۵ آیۃ اور اس کی تفسیر	۴۹	۴
۳۹	حضرت موسیٰ پر کلماتِ عشر کا نزول اور اس کا واقعہ	۵۰	۳
۴۰	عزرا نبی کے پیشین گوئی کی تحقیق	۵۲	۱۵
۴۱	حضرت موسیٰ و نبینا علیہما الصلوٰۃ کے معجزات کا مقابلہ	۵۳	۱۲
۴۲	حضرت موسیٰ کی خبران کی وفات سے پہلے	۵۴	۱۵
۴۳	بیر سبع کی تحقیق	۵۶	۱۲
۴۴	فاران کے محل و قوع کی تحقیق و حضرت موسیٰ کا سفر	۵۸	۵
۴۵	بنی اسرائیل کا میدان سینا کو کوچ کرنا اور انکی منازل کا جغرافیہ توریت سے	۶۲	۷
۴۶	حدیث سیحون و جیحون و فرات و نیل کی تحقیق (حاشیہ)	۷۰	
۴۷	حضرت موسیٰ کا خطبہ جملہ بنی اسرائیل کے سامنے ارض مواب میں	۷۸	۱۳
۴۸	بنی اسرائیل کا ملک شام میں جہاد سے انکار کرنا اور خدا کا غضب	۸۰	
۴۹	حضرت داؤد نے آپ کو ایل کے نام سے بیان کیا ۵۰ زبور	۸۵	۴
۵۰	سورۂ نصر سے وحی حضرت داؤد کی مطابقت	۸۷	۳
۵۱	مبادی عالیہ آپ کی گواہی دیں گے	۸۸	۴
۵۲	حضرت موسیٰ نے بلسان وحی آپ کو قوی کہا (حاشیہ)	۸۸	

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	سطر
۵۳	ربّی سلیمان یرحی کی تفسیر	۸۹	
۵۴	آون-کوشش اور مدیان کی تحقیق	۹۵	۶
۵۵	یوشیع نبی کی پیشین گوئی	۹۷	—
۵۶	انسانی قربانی اور اس کا ہنود میں قدیم رواج	۹۸	۲
۵۷	آپ کے زمانے میں بت پرستی نیست و نابود ہوئی	۹۹	۴
۵۸	رحمہ مرادف محمد ہے	۱۰۶	
۵۹	یہود بنی قریظہ و بنی نضیر و یہود خیبر کا ذکر	۱۱۰	۷
۶۰	حضرت موسیٰ کی بشارت اپنی وفات سے پہلے اور ربّی سلیمان یرحی کی تفسیر	۱۱۲	۱۷
۶۱	مدت قیام شریعت موسویہ بحساب جمل (حاشیہ)	۱۱۳	
۶۲	قبل طوفان نوح ایک اور طوفان عظیم آیا تھا	۱۲۷	
۶۳	بشارت رسول اکرم صلعم بحساب جمل	۱۲۸	۱۸
۶۴	واقعہ سریہ رجیع	۱۳۷	۱۷
۶۵	حضرت داؤد کے لفظ بیاہ اور احمد کے عدد بحساب قصیر ایک ہیں	۱۴۲	
۶۶	مسیار گادول اور مسیار قاطان کا بیان	۱۴۳	
۶۷	حضرت داؤد کی بشارت	۱۴۵	۳
۶۸	بقیہ سلسلہ بشارت موسیٰ	۱۵۰	
۶۹	زمانہ بخت نصر	۱۵۸	۵
۷۰	غزوہ بدر	۱۶۳	
۷۱	حضرت عائشہؓ کی حدیث نزول وحی	۱۷۱	۲
۷۲	فتور وحی کی تحقیق اور قسطلانی سے اختلاف	۱۷۳	۳
۷۳	زبور ۹۶ سے اشارہ قرآن پاک کی طرف	۱۷۵	

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	سطر
۷۴	حضرت موسیٰ کے زمانہ میں صلوٰۃ ذات الرکوع والسجود نہ تھی	۱۷۹	
۷۵	حضرت داؤد کا ذکر قیامت	۱۸۰	
۷۶	شکستہ میل سے مقصود بیت المقدس اور دھندلی بتی سے مراد توریت	۱۸۵	۴
۷۷	قصۂ فتح مکہ	۱۹۴	
۷۸	حضرت اشعیا کا باب ۴۳	۲۰۸	۷
۷۹	تفسیر اشعیا باب ۴۳	۲۱۲	۲
۸۰	میثاق انبیا کا ذکر توریت و قرآن میں	۲۱۴	
۸۱	واضح پیشین گوئی	۲۱۹	۳
۸۲	مذہب صابئی و ثابت بن قرۃ	۲۲۴	۷
۸۳	بنی اسرائیل میں سحر و کہانت کی خبر توریت سے	۲۲۵	
۸۴	معجزہ حقیقتاً خدا کا فعل ہے	۲۲۹	۱۰
۸۵	تصرفات مرکبات عنصریہ کا ذکر و معجزات رسول اکرم صلعم	۲۳۱	۷
۸۶	یوئیل باب ۳ آیۃ ۴ شق قمر کی خبر	۲۳۳	۱۲
۸۷	معجزہ شق القمر پر اعتراض اور اس کا جواب	۲۳۳	۱۳
۸۸	معجزہ شق القمر پر استدلال	۲۳۵	۵
۸۹	احادیث متعلق شق القمر	۲۳۶	۷
۹۰	تحقیق معجزہ شق قمر اور سورج کا لوٹنا (حاشیہ)	۲۳۸	
۹۱	مقام گبعون میں حضرت یوشع کے کہنے سے سورج ٹھیر گیا	۲۳۹	۱۴
۹۲	بیان معجزہ و سحر	۲۴۰	۱۸
۹۳	مردہ کا زندہ ہونا (حاشیہ)	۲۴۱	
۹۴	خرق عادت کی بحث	۲۴۲	۳
۹۵	حضرت موسیٰ و فرعون کا قصہ	۲۴۵	۱۰
۹۶	فرق درمیان معجزہ و سحر	۲۴۷	۱۴
۹۷	روح کے خواص	۲۴۷	۲۰
۹۸	امام الحرمین اور ابو سعد متولی کی رائے	۲۵۰	۵

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	سطر
۹۹	حضرت سلیمانؑ کے زمانہ سے بنی اسرائیل میں سحر شروع ہوا	۲۵۰	۱۳
۱۰۰	ہاروت و ماروت کا قصہ	۲۵۱	
۱۰۱	امام فخرالدین رازی کی رائے سحر کے متعلق	۲۵۲	۱۵
۱۰۲	معجزہ و کرامت کے متعلق حکما کی رائے (حاشیہ)	۲۵۳	
۱۰۳	بنی اسرائیل کے دو بادشاہوں کا قصہ	۲۵۴	۱۸
۱۰۴	راکھو پنڈت کا واقعہ	۲۵۵	۷
۱۰۵	مسخ توریت کی خبر	۲۵۸	
۱۰۶	عدی بن حاتم کی روایت	۲۵۹	۱۰
۱۰۷	بیت المقدس ہمیشہ اسلام کے قبضہ میں رہیگا	۲۶۰	
۱۰۸	سلطنت بنی عباس	۲۶۳	
۱۰۹	حضرت مسیح اور ہمارے پیغمبر کی خبر ایک ساتھ	۲۶۵	۴
۱۱۰	حضرت اشعیا کی خبر اور اس سے زمانہ آغاز		
	زمانہ نبوت رسول اکرم صلعم کا حساب	۲۶۶	۱۱
۱۱۱	زحل و مریخ کی حفاظت	۲۶۸	۱۱
۱۱۲	آپ پر ایک یہودی کا سحر	۲۶۹	
۱۱۳	صفینا نبی کی بشارت	۲۷۱	۱۶
	باب ۳		
۱۱۴	یہود کی تحریف	۲۷۳	۳
۱۱۵	یہود کے اجتہادات واہمہ	۲۷۹	۹
۱۱۶	ہر دین کا تعلق ایک کوکب سے ہے	۲۸۱	۷
۱۱۷	بیت المقدس میں نامختون اور نجس نہ آئے گا	۲۸۲	۸
۱۱۸	واقعہ معراج حضرت الیاسؑ کا واقعہ	۲۸۷	۴
۱۱۹	راجہ داہر کا مارا جانا	۲۸۸	۳
۱۲۰	واقعہ معراج کا نقلی ثبوت	۲۹۰	۱
۱۲۱	واقعہ اسراء اور معراج دو ہیں	۲۹۱	۹

Marfat.com

نمبرشمار	مضمون	صفحہ	سطر
۱۲۲	رویا کی تحقیق	۲۹۲	۱۸
۱۲۳	واقعۂ معراج کے متعلق احادیث پر نظر	۲۹۴	۳
۱۲۴	حضرت جبرئیل کی تعلیم	۲۹۸	۱۰
۱۲۵	معراج کے متعلق مذاہب	۳۰۱	۸
۱۲۶	حضرت ادریس کے آسمان پر جانے کا واقعہ	۳۰۳	۴
۱۲۷	جسم خاکی کے آسمان پر جانے کی بحث	۳۰۶	۱
۱۲۸	امام غزالیؒ کی تقریر حاشیہ	۳۰۶	۱۹
۱۲۹	قطورہ کے نام کی تحقیق	۳۱۳	۱۵
۱۳۰	اشعیا کے باب ۱۱ و ۱۲ کے بشارت کی تحقیق	۳۱۴	۱
۱۳۱	عتبہ کا واقعہ	۳۱۵	۱۱
۱۳۲	حضرت اشعیا کی بشارت آیت ۱۵-۱۶	۳۱۸	۲۰
۱۳۳	حضرت داؤد آپ کو الوہم سے تعبیر کرتے ہیں	۳۲۱	۴
۱۳۴	حضرت اشعیا کی کتاب باب ۵۴ کی تفسیر	۳۲۳	۷
۱۳۵	حضرت اشعیا نے ہمارے پیغمبر اور خانۂ کعبہ کی پیشین گوئی کی	۳۳۵	۱۸
۱۳۶	اشعیا باب ۲۱ آیت ۶	۳۳۹	۶
۱۳۷	گدھے کے سوار سے حضرت عیسیٰ اور اونٹ کے سوار سے ہمارے پیغمبر صلعم مراد ہیں	۳۴۰	۲۱
۱۳۸	اشعیا باب ۲۱ آیت ۱۳ عرب کے متعلق پیشین گوئی پوری ہوگئی	۳۴۱	۵
۱۳۹	کسریٰ کے دوسرداروں کا واقعہ	۳۴۲	۷
۱۴۰	نجاشی بادشاہ حبشہ کے پاس نامۂ مبارک	۳۴۳	۵
۱۴۱	ولادت باسعادت کی پیشین گوئی بحساب جمل	۳۴۴	۱۴
۱۴۲	سنین شمسی و سکندری و قبطی و رومی و ہجری کی تحقیق	۳۴۵	۹

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	سطر
۱۴۳	زمانہ فترہ اور حضرت اشعیا کی پیشین گوئی	۳۴۶	۶
۱۴۴	خاندان شیبی و مفتاح کعبہ	۳۴۷	۲
۱۴۵	صفینا باب اوّل پیشین گوئی	۳۵۱	۲۰
۱۴۶	صفات واجب الوجود عین ذات ہیں اس کے متعلق ہنود کا عقیدہ	۳۵۳	۱۸
۱۴۷	ذکر قیامت و ترکّب اجسام اجزاء لایتجزیٰ سے	۳۵۴	۱۶
۱۴۸	روح کی تحقیق	۳۵۸	۶
۱۴۹	قیامت پر استدلال عقلی و نقلی	۳۵۹	۶
۱۵۰	قانون قدرت کے خلاف ہونا عقلاً محال نہیں	۳۶۵	۸
۱۵۱	دنیا کی عمر	۳۶۸	۶
۱۵۲	تناسخ کا ذکر	۳۷۰	۶
۱۵۳	حدوث عالم کی تحقیق	۳۷۲	۸
۱۵۴	حشر	۳۷۳	۵
۱۵۵	توریت پیدائش باب ۲ آیت ۱ کی تفسیر	۳۷۴	۵
۱۵۶	دانیال باب ۸ کی تائید	۳۷۸	۸
۱۵۷	یہود میں جھوٹے نبی	۳۸۳	۹
۱۵۸	حضرت دانیال کا خواب اور اس کی تعبیر	۳۸۴	۷
۱۵۹	ختم نبوت کا ثبوت توریت سے	۳۸۵	۱۱
۱۶۰	آپ رحمۃ للعالمین ہیں	۳۸۶	۳
۱۶۱	غزوۂ بدر	۳۸۸	۱۹
۱۶۲	حضرت دانیال کا دوسرا خواب	۳۹۳	۲
۱۶۳	تفسیر خواب حضرت دانیال	۳۹۴	۱۷
۱۶۴	تفسیر اس مدت کی جو ۱۴ آیت میں مذکور ہے	۳۹۶	۱۲
۱۶۵	نسطورا راہب کی پیشین گوئی	۳۹۷	۱۰
۱۶۶	شق صدر کی حقیقت	۳۹۸	۵
۱۶۷	حال ولادت	۳۹۹	۱۹

Marfat.com

نمبرشمار	مضمون	صفحہ	سطر
۱۶۸	قصۂ اصحاب فیل	۴۰۱	۵
۱۶۹	تفسیر سورۂ فیل و مفسّرین سے اختلاف	۴۰۳	۱
۱۷۰	۱۹ زبور میں آپ کو بلفظ یتیم بیان کیا ہے	۴۰۵	۵
۱۷۱	ابواب ۲۴ میں بھی آپ کو بلفظ یتیم ذکر کیا ہے اور اس کی تفسیر	۴۱۰	۱۷
۱۷۲	اوّل زبور آپ کی شان میں ہے	۴۱۵	۱۹
۱۷۳	تفسیر	۴۱۷	
۱۷۴	قریش کا کعبہ کو از سر نو تعمیر کرنا اور آپ کی شرکت	۴۱۷	۱۸
۱۷۵	کوہِ صفا پر چڑھ کر اہل قریش کو پکارنا		
۱۷۶	آپ کے قتل کا عہدنامہ اور آپ کی مخالفت	۴۱۹	۴
۱۷۷	حضرت داؤد نے ۲ زبور میں پیشین گوئی کی	۴۱۹	۱۹
۱۷۸	حضرت عیسیٰ مراد نہیں ہو سکتے	۴۲۱	۹
۱۷۹	زبور آیت ۶ سے حضرت عیسیٰ مراد نہیں	۴۲۲	۱۷
۱۸۰	خاتمہ	۴۲۳	۱
۱۸۱	حضرت ابراہیم کا ختنہ	۴۲۴	۱۰
۱۸۲	حضرت ابراہیم کا خواب	۴۲۵	۱
۱۸۳	کتاب پیدائش ۲۱ باب ۱۵ آیت	۴۲۵	۱۹

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	سطر
۱۸۴	خانہ کعبہ حضرت آدم کی مسجد تھی دو حدیث صحیح بخاری سے ثبوت	۴۳۳	۳
۱۸۵	حضرت ابراہیم کا ہاجرہ و اسمٰعیل کو مکہ لے جانا	۴۳۳	۱۷
۱۸۶	حضرت اسمٰعیل کی قربانی ہوئی یا حضرت اسحٰق کی؟ تحقیق مسئلہ	۴۳۳	۳
۱۸۷	تفسیر توریت باب ۱۵ آیت ۵	۴۳۴	۶
۱۸۸	حضرت ارمیا کے باب ۱۲ کی چند آیات کی تفسیر فتنۂ بخت نصر	۴۳۸	۲۰
۱۸۹	حضرت ارمیا کے باب ۱۲ کی ۱۶ و ۱۷ آیت کی تفسیر	۴۴۳	۵

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلّی علیٰ رسولہ الکریم

مقدمہ

اب سے کتاب **بشریٰ** کی تصنیف کو تقریباً انچاس[49] سال گزرے۔ اس طویل مدت میں اس کتاب نے موجودہ حالت طبع تک کتنی کروٹیں بدلیں۔ سب سے پہلے خود مصنف علام نے اپنی زیر نگرانی طبع کا مصمّم عزم کیا تھا اور اس کے لئے اکثر اعزہ نے چندے دیئے، جس سے چڑیا کوٹ میں ایک مطبع قائم کیا گیا اور پریس خرید اگیا۔ خیال یہ تھا کہ بشریٰ کے طبع کے سلسلہ میں آپ کی دیگر تصانیف بھی چھپ جائیں گی۔ کسی دوسرے مطبع میں اس کتاب کے چھاپے جانے میں عبرانی عبارات کی وجہ سے تصحیح نیز کتابت میں سخت دشواریوں کا سامنا تھا۔ عبرانی ٹائپ منگانے میں بھی بڑی دشواری تھی۔ اوّل تو خرچ بہت زیادہ تھا جس کو علاّمہ موصوف خود برداشت نہیں کر سکتے تھے، دوسرے کمپوزیٹر کی وہی دشواری تھی۔ کسی ایسے شخص کا ملنا نہایت دشوار تھا جو عبرانی الفاظ کے کمپوز کرنے کی

Marfat.com

خدمت انجام دے سکتا۔ ان تمام دقتوں پر نظر کرکے یہی صورت آسان نظر آئی کہ خود چڑیا کوٹ ہی میں پریس رکھا جائے اور علامۂ موصوف کتابت کا کام اپنے ذمہ لے کر خود کتابت فرمائیں اور پروف کی تصیح کریں لیکن افسوس ہے کہ مشین آنے کے بعد آپ بیمار پڑ گئے اور اس علالت سے جاں بر نہ ہو سکے اور یہ کام انجام نہ پا سکا۔

اس کے بعد آپ کے صاحبزادے مولوی معصوم عباسی مرحوم نے اس کے طبع کی ہمت کی۔ اس زمانہ میں نواب الحاج محمد اسحاق خاں صاحب اعظم گڑھ میں عہدۂ ججی پر تشریف لائے اور میرے والد مرحوم سے اس کتاب کے چھاپے جانے کی متعلق گفتگو کی اور یہ خواہش ظاہر کی کہ اس کتاب کے طبع کا شرف میں حاصل کرنا چاہتا ہوں اور اس کی طبع کے تمام اخراجات میں برداشت کروں گا لیکن مولوی معصوم مرحوم کا یہ خیال تھا کہ وہ خود اپنے اہتمام سے اس کتاب کو چھپوائیں گے۔ مگر یہ کوشش بھی ناکام رہی۔ اس کے بعد پھر ایک نیک دل صاحب ثروت نے اس کی طبع کے لئے مولوی صاحب مرحوم سے سلسلہ جنبانی کی لیکن یہ سعی بھی نا مشکور رہی۔ پھر ڈاکٹر انصاری مرحوم (جو مولوی معصوم مرحوم کے حقیقی ماموں زاد بھائی تھے) اس کتاب کے چھپوانے کے لئے مستعد ہوئے۔ لیکن ان کو اپنے مشاغل اور قومی خدمات سے کب فرصت تھی کہ اس اہم علمی کام کی جانب متوجہ ہوتے اور یہ کام ان کے قابو سے باہر بھی تھا۔ چنانچہ اس کے اخراجات اور زحمتوں کو خیال کر کے اس کے چھپوانے میں ہاتھ نہ ڈالا۔ اور کتاب پھر ایک عرصہ دراز تک پڑی رہی۔ خود مولوی معصوم صاحب مرحوم کو اپنی زمینداری کے اُلجھیڑوں سے کب فرصت کہ اس کے لئے دوا دوش کرتے۔ پھر لاہور سے ایک صاحب نے ایک بیش قرار رقم پیش کی اس شرط پر کہ یہ کتاب ان کے حوالہ کی جائے اور وہ خود اس کے مصارف برداشت کریں اور اپنے اہتمام سے چھپوائیں اور حقوق طبع ان کے حق میں محفوظ ہوں۔ اس کو مولوی صاحب مرحوم نے منظور نہیں کیا۔ اس کے متعلق گفتگو ہو ہی رہی تھی کہ ان پر فالج گرا اور ان کا

Marfat.com

انتقال ہوگیا۔ ان کے اولاد نرینہ نہ تھی۔

بعد ازاں میرے چھوٹے بھائی مولوی محمد لٰسین مرحوم نے اس کے چھپوانے کی طرف توجہ کی اور غازی پور میں ایک مطبع "اتحاد اسلام" کے نام سے قائم کیا اور ارادہ ہوا کہ اس کتاب کو اس مطبع میں طبع کرائیں۔ لیکن اب بھی اس کتاب کی قسمت میں طبع ہونا مقدر نہ تھا۔ ان کی حیات نے وفا نہ کی اور مرض طاعون میں ان کا انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اور کچھ زمانہ تک یہ کتاب گوشۂ خمول میں پڑی رہی۔

انتظار تھا کہ ؎

"مردے از غیب بروں آید و کارے بکند"

کہ اس کتاب کی قسمت نے ایک اور پلٹا کھایا اور یہ کتاب اس فخر روزگار و زماں، مایۂ دانش و سرتاج دانشوراں، صاحبِ فضل و عرفاں ڈاکٹر سر سلیمان سابق چیف جسٹس الہ آباد ہائی کورٹ کے دست کرم تک پہنچی اور آپ نے اس کتاب کی وہی قدر کی جس کی یہ مستحق تھی اور نواب بہادر ڈاکٹر الحاج سر مزمل اللہ خاں صاحب رئیس اعظم بھیکم پور ضلع علی گڑھ سے اس کے متعلق گفتگو فرمائی۔ آپ کی ذات تو ہمیشہ سے مرکز جود و سخا رہی آپ نے ابتدا سے علم کی قدر کی ہے۔ سرسید علیہ الرحمہ سے آپ کو جس قدر لگاؤ تھا وہ اس سے ظاہر ہے کہ علی گڑھ کالج کی آپ نے ہمیشہ مدد فرمائی اور ام اے او کالج ہمیشہ آپ کا ممنون کرم رہا اور برابر مختلف اوقات میں آپ آنریری سکرٹری بھی رہ چکے ہیں۔ آپ نے اس کتاب کی اہمیت پر خاص توجہ فرمائی اور آپ نے اس کی طباعت کے مصارف کو برداشت فرما کر بہت بڑی قومی خدمت کا ثبوت پیش کیا۔ جناب نواب سر مزمل اللہ خاں صاحب رئیس اعظم کا یہ ایثار حقیقتاً اسلام کی اتنی بڑی خدمت ہے جس پر مسلمانان دنیا بالخصوص مسلمانانِ ہند ہمیشہ فخر کریں گے۔

مصنف علام نے اس کتاب کی تصنیف سے اُس موضوع کا اسلامی علوم میں اضافہ کیا جس سے علم کلام اب تک تشنہ تھا۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ جنھوں نے علم کلام

Marfat.com

کی بنیاد ڈالی تھی اور ان کے بعد ان کے متّبعین نے اس کو ایک مستقل فن بنا دیا۔ لیکن متقدمین نے عقلی دلائل سے تمام عقائد اسلامیہ کا ثبوت دیا اور یونانیوں کے مسلّمات کو جن کا عقائد اسلامیہ پر بُرا اثر پڑتا تھا وہم باطل اور دھوکے کی ٹٹی ثابت کیا اور بنیادی مسائل فلسفیہ کہ جن پر ان کی ساری عمارت کھڑی تھی متزلزل ہو گئے۔ اسی ضمن میں سب سے اہم اور معرکۃ الآرا مسئلہ ہمارے رسول مقبول روحی فداہ کی رسالت کا ثبوت یہود اور نصاریٰ کے مقابلہ میں ایک ایسا مسئلہ تھا جس کا ثبوت دلائل عقلیہ سے اتنا مفید نہیں ہو سکتا تھا جتنا کہ ان کے مسلمات سے کارآمد ہو سکتا ہے۔ ان کے مسلمات دو قسم کے ہیں ایک تو وہ مسائل جن کا ماخذ فلسفۂ یونان تھا یا دوسرے اقوام کی معیت میں ان کے جلاوطنی کے زمانہ میں پیدا ہو گئے تھے یا اور قوموں کے خیالات ان کے اذہان میں امتداد زمانہ کی وجہ سے جاگزیں تھے ان کا استیصال تو علم کلام نے پورا کیا اور اس میں مسلمان کامیاب رہے۔ لیکن دوسرا پہلو جو ان سب سے زیادہ موثر تھا ان کے وہ مسلمات تھے جن کی بنیاد ان کی مسلّمہ آسمانی کتابیں یعنی توریت، زبور، انجیل اور دیگر انبیاء بنی اسرائیل کے صحف سماویہ پر تھی اس میں مسلمانوں نے صرف اتنی کوشش کی کہ ان کو محرّف ثابت کیا اور ان کی آیات میں تناقض دکھایا جس کا منشأ یہ تھا کہ جن آیات سے حضرت کی رسالت اور پیشنگوئی ثابت ہوتی ہے ان میں تحریف ہوئی اور موجودہ توریت اور انجیل و دیگر کتب سماویہ اصلی حالت میں نہ رہیں، جو کچھ ہیں وہ محرف ہیں بوجہ ان کے آیات کے متناقض ہونے کے اور جس کلام میں باخود ہا تناقض ہو وہ کلام الٰہی نہیں ہو سکتا ہے لہذا یہ کلام الٰہی نہیں ہیں۔ اس سے صرف اتنا ثابت ہو سکتا ہے کہ بوجہ تحریف کے موجودہ توریت اور انجیل اور دیگر صحف سماویہ قابل اعتبار نہیں لیکن یہود و نصاریٰ اس کو محرف تسلیم نہیں کرتے اور وہ اس امر سے منکر ہیں کہ ان کتب سماویہ میں ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی پیشنگوئی موجود ہے۔ یہود و نصاریٰ کے مقابلہ میں اگر کوئی استدلال ہو سکتا ہے تو صرف اسی

Marfat.com

صورت میں کہ موجودہ توریت وانجیل میں اعم اس سے کہ وہ محرّف ہوں یا نہ ہوں آپ کی بعثت کی پیشین گوئی موجود ہے جس سے ان کو انکار نہیں ہو سکتا۔ اگر یہ ثابت کیا گیا کہ موجودہ توریت وانجیل ناقابل اعتبار ہیں جس کو یہود و نصاریٰ تسلیم نہیں کرتے تو اس سے آں حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ جو شخص مدعی بشارت ہے اس کو ضروری ہے کہ وہ توریت وانجیل سے بشارت کو ثابت کرے جس میں ان کو کلام کی گنجائش باقی نہیں رہ سکتی۔

ابن حزم ظاہری اندلسی نے اپنی کتاب "الملل والنحل" میں یہود و نصاریٰ کی کتابوں سے بحث کی ہے لیکن پیشینگوئیوں سے اس میں کوئی بحث نہیں ہے۔ ان کی تمام تر دلیلیں موجودہ توریت اور انجیل کے غلط ثابت کرنے پر مبذول ہیں اور یہود و نصاریٰ پر تعریض کی ہے اور توریت وانجیل میں باخود ہا تناقض ثابت کرکے ان کو غلط ثابت کیا ہے۔ لیکن اس ثبوت سے کہ موجودہ توریت وانجیل محرّف ہیں نفس اثبات پیشین گوئی پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ چنانچہ علامہ شہرستانی جو علامہ ابن حزم ظاہری اندلسی کے ایک صدی بعد ہوا ہے اس نے اپنی کتاب "الملل والنحل" میں توریت کی ایک آیت سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کو ثابت کیا ہے جس کا ذکر من جملہ اور پیشین گوئیوں کے علامہ عنایت رسول عباسی چریا کوٹی مصنّفِ کتاب ہٰذا نے بھی کیا ہے۔ علامہ شہرستانی نے توریت وانجیل کے محرّف ہونے کے ثبوت سے کوئی بحث نہیں کی ہے، لیکن ان کی تحریر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ زبان عبرانی سے واقف نہ تھے، ورنہ جس اصول کو پیش نظر رکھ کر علامہ مصنف نے پیشین گوئیوں کو ثابت کیا ہے ان کے پیش نظر بھی یہی اصول رہتا۔

علامہ ابن حزم اندلسی نے توریت کی ایک آیت کو نقل کیا ہے اور اس کو اپنے دعوئے تحریف کے ثبوت میں پیش کیا ہے جس کو میں یہاں نقل کرتا ہوں اور علامہ عنایت رسول عباسی مرحوم نے اسی آیت سے پیشین گوئی کو اس طرح ثابت کیا ہے جس سے یہود کو جو زبان

Marfat.com

عبرانی پر کافی عبور رکھتے ہیں ہرگز انکار نہیں ہو سکتا اور اس سے دونوں کے تراجم کا فرق بیّن نظر آئے گا اور معلوم ہو جائے گا کہ علاّمہ موصوف نے اپنے ذاتی اجتہاد کو کتنا دخل دیا ہے اور زبان عبرانی میں ان کو کس قدر مہارت اور قدرت تھی۔

سفر توریہ مثنی باب ۳۲ آیہ ۱ :-

سُنو اے آسمانو! میری بات اور سُنے زمین میرا کلام اور زیادہ ہوگا مثل بارش کے اور بلکہ شبنم کے میرا کلام اور ہوگا بارش کی طرح گھاس پر اور مثل شبنم کے پودوں پر کیونکہ میں پکاروں گا خدا کے نام کو تو تعظیم کرے گا اُس کی۔ خدا ہمارا اللہ ہے جو منصف ہے قائم رہنے والا ہے جو کہ مکمل ہوئی اس کی خلقت اور اس کے احکام معتدل اللہ امانت دار جو کہ ظلم نہیں کرتا عادل ہے قائم رہنے والا ہے۔ مٹ گئی نافرمان اُمت اور یہ شکر ہے رب کا۔ اے قوم جاہل قیمت کی کیا نہیں ہے وہ تمھارا باپ جس نے پیدا کیا تم کو اور تمھارا مالک۔ قدیم زمانہ کو یاد کرو اور سوچو اجناس میں اور اپنے باپ دادا سے پوچھو تو تم کو بتلائیں گے اور اپنے بڑوں سے تو تم کو بتلائیں گے۔ جب کہ وہ تقسیم کرے گا بڑے اجناس کو اور فرق کرے گا بنی آدم میں۔ اُس نے تقسیم کیا اجناس کو بنی اسرائیل کے حساب سے۔ رب نے سمجھا اپنی اُمت کو اور یعقوب نے اپنے حصہ کو اس نے پایا اس کو ویران زمین میں اور ایسے بیابان میں جس میں کوئی راستہ نہیں ہے تو اس کو آزاد کیا اور اس پر متوجہ ہوا اور اس کی حفاظت کی جس طرح پلک آنکھ کی حفاظت کرتی ہے اور اڑایا ان کو جیسا گدھ اپنے بچّوں کی حفاظت کرتا ہے اور اس پر گشت کرتا ہے اور اس کی حفاظت کے لئے اپنے پر پھیلاتا ہے پس وہ متوجہ ہوا ان کی طرف اور ان کو اپنے پر پر اُٹھا لیا تو رب تنہا اُن کا سردار تھا اور اس کے ساتھ اس کے سوا کوئی دوسرا خدا نہ تھا تو اس نے ان کو اپنی بہترین زمین میں جگہ دی تاکہ وہ لوگ کھیتی کی روٹی کھائیں اور ان کو اس کے پتھر کی شہد ملے اور اس کے چٹانوں کا زیتون اور اس کے

Marfat.com

مویشیوں کا گھی اور اس کی بکریوں کا دودھ اور بکری کے بچوں کی چربی اور بکروں کے گوشت اور گیہوں کے میدے اور انگور کے خون۔ ان لوگوں نے نافرمانی کی موٹے ہو گئے اور لات مارا ان پر اور چربی میں پوشیدہ ہو گئے پھر اپنے خالق خدا کو چھوڑ دیا اور ان کے خدا کے ساتھ کفر کیا تو ان کو بتوں کو پوجنے پر مجبور کیا۔ یہاں تک کہ خالق نے ان پر عذاب نازل کیا اور بوجہ ان کے شیطان کو سجدہ کرنے کے نہ خدا کو اور بوجہ ان کے اجناس کے الٰہ کو سجدہ کرنے کے کہ جن کو وہ نہیں جانتے تھے اور نہ ان سے پہلے ان کے آباء نے ایسا کیا تو ان لوگوں نے اس خدا کو چھوڑ دیا جس نے ان کو جنا۔ پھر وہ لوگ اپنے خدا کو بھول گئے تو رب نے اس کو دیکھا اور اس پر غضب ناک ہوا اس وجہ سے کہ اس کے لڑکے اور لڑکیوں نے اس کو چھوڑ دیا تو اس نے کہا کہ میں اپنا منھ ان سے چھپا لوں گا تاکہ میں جانوں کہ ان کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔ پس وہ ایک قوم کافر نافرمان ہے اور مجھکو غضب ناک کر دیا اس کی عبادت سے جو خدا نہیں ہے اور اپنے فواحش سے مجھکو غضب ناک کر دیا اور میں ان کی حالت کو ایک ضعیف قوم کے ذریعہ سے بدل دوں گا اور ان کو ایک جاہل قوم کے ذریعہ سے ذلیل کر دوں گا۔ میرے غضب سے ایک آگ بھڑکی ہے جو جلا دے گی ہوا تک۔ پس وہ پہنچے گی اسفل السافلین تک اور رہے جائے گی پہاڑوں کی جڑوں تک تو جمع کروں گا میں اپنے عذاب کو اور چھیدوں گا ان کو اپنے تیر سے اور ان کو ہلاک کروں گا بھوک سے اور ان کو چڑیوں کی غذا بناؤں گا اور ان پر درندوں کے دانتوں کو مسلّط کروں گا اور زندگی کو ان پر دشوار کر دوں گا تو اگر میدان میں نکلے تو ان کو ہلاک کر دوں گا نیزوں سے اور اگر قلعہ میں پناہ گزیں ہوئے تو میں ان میں سے نوجوان کو اور دوشیزہ کو اور لڑکے کو اور بڈّھے کو رعب سے یہاں تک کہ کہوں گا وہ لوگ کہاں ہیں کہ ان کی یادگار کو زمین سے منقطع کر دوں گا۔"

Marfat.com

ابن حزم اندلسی ان آیتوں کو لکھ کر بیان کرتے ہیں کہ :

" اس سورہ میں ایسے فضائح ہیں جن کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں کی جا سکتی جیسے اس آیت میں ہے کہ " اللہ تعالیٰ ان کا وہ باپ ہے جس نے ان کو جنا اور وہ لوگ اس کی بیٹیاں اور بیٹے ہیں " حاشا اللہ ایسی باتوں سے۔ اور نصاریٰ نے خدا کا بیٹا ٹھیرایا وہ صرف انہیں ملعون، جھوٹی، تبدیل شدہ کتابوں سے جو یہودیوں کے ہاتھوں میں ہیں اور اس سے بڑھکر اور کون سے تعجب کی بات ہو سکتی ہے۔ ان لوگوں نے اپنے کو اللہ تعالیٰ کی اولاد قرار دیا ہے اور جو لوگ اس قوم کو جانتے ہیں وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ سب سے زیادہ گندی قوم، سب سے زیادہ بدصورت اور سب سے زیادہ بُرے کلام والی اور خبیث ترین اقوام اور سب سے زیادہ جھوٹی، ذلیل ترین اقوام، سب سے زیادہ پست ہمت اور سب سے زیادہ بزدل بلکہ حاشا للہ اس اختیار فاسد سے"۔

ظاہر ہے کہ اس طنز و تعریض سے اثباتِ نبوّتِ رسالت مآبؐ اور ان کتب سماویہ سے اثبات پیشین گوئی سے کیا تعلق۔

اسی بیان کی تفسیر کو ملاحظہ کرنا چاہیئے جو علاّمہ عنایت رسول مرحوم نے صفحہ ۱۳۱ میں توریت سے نقل کر کے ترجمہ کیا ہے اور اس کی ایسی جامع اور فاضلانہ تحقیق کی ہے اور اِنھیں آیتوں کو آں حضرتؐ کی بشارت کے ثبوت میں پیش کیا ہے اور ایسا مدلّل ثبوت دیا ہے جس کے بعد عبرانی زبان کے واقف کو پھر کسی شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہ سکتی۔

علاّمہ شہرستانی نے اپنی کتاب ملل والنحل میں لکھا ہے کہ :۔

" تمام تر توریت ان دلائل اور آیات پر مشتمل ہے جن سے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کا حق ہونا اور صاحب شریعت کا سچا ہونا ثابت ہوتا ہے، علاوہ ان آیات کے جن میں ان لوگوں نے تحریف کی یا تبدیل کیا یا اس میں کچھ گھٹایا یا بڑھایا اور تحریف کی دو شکلیں ہیں ایک تو کتابت اور صورت میں دوسری تفسیر آیات میں اور آیات

Marfat.com

کی تاویل میں چنانچہ سب سے مشہور واقعہ حضرت ابراہیم اور اُن کے بیٹے حضرت اسمٰعیل کا ہے کہ آپ نے ان کے اور اُن کی اولاد کے حق میں دعا کی تھی اور اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو قبول فرمایا کہ میں نے اسمٰعیل کو اور اُن کی اولاد کو برکت دی اور تمام نیکیاں ان میں رکھ دیں اور میں ان کو تمام قوموں پہ ظاہر کروں گا اور ان میں انھیں میں سے ایک رسول بھیجوں گا کہ جو میری آیتوں کو پڑھ کر ان کو سنائے گا۔ یہود اس واقعہ کا اقرار کرتے ہیں لیکن اس کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ اس سے مراد حکومت ہے نہ کہ رسالت اور نبوت۔ ان کو یہ الزامی جواب دیا گیا کہ اگر اس سے مراد ملک ہے جیسا کہ تم تسلیم کرتے ہو تو یہ حکومت حق اور عدل و انصاف کی ہوگی یا نہیں اگر عدل و انصاف کی نہ ہو تو اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم پر اور ان کی اولاد پر ایسے ملک کا کیونکر احسان رکھا جو ظلم اور غیر حق ہو اور اگر عدل وصدق سے ہو تو بادشاہ کو اپنے قول اور دعوے میں سچا ہونا چاہیئے اور اللہ تعالیٰ پر جھوٹ لگانے والا صاحب عدل و حق نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ جھوٹ لگانے سے زیادہ کون ظلم ہو سکتا ہے (ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذبًا) لہذا تکذیب باری تعالیٰ میں تجویز ظلم لازم آتی ہے اور اس سے رفع منت نعمت ہے اس سے ثابت ہوا کہ یہاں ملک مراد نہیں ہو سکتا بلکہ رسالت و نبوت۔"

پھر علامہ شہرستانی لکھتے ہیں کہ :۔

" اللہ تعالیٰ طور سینا سے آیا اور ساعیر سے ظاہر ہوا اور شدت سے فاران سے متجلّی ہوا ۔ ساعیر بیت المقدس کا پہاڑ ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مظہر تھا اور فاران مکہ کا پہاڑ جو مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا مظہر ہے اور چونکہ اسرار الٰہیہ اور انوار ربّانیہ وحی اور تنزیل ومناجات اور تاویل تین مراتب پر ہیں ایک مبدأ اور وسط اور کمال لہذا آنا مبدأ کے مشابہ ہے اور ظہور وسط کے اور تجلّی

Marfat.com

کمال کے۔ توریت نے تعبیر کیا طلوع صبح شریعت اور تنزیل کو آنے سے طور سینا پر اور طلوع شمس کو ساعیر پر ظاہر ہونے سے اور درجہ کمال پر پہنچنے اور استوار کو فاران پر متجلی ہونے سے اس کلمہ میں حضرت عیسیٰ اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبوت کی پیشینگوئی ہے اور اس کا اثبات ہے۔"

اب یہاں علامہ شہرستانی کی تحقیق متعلقہ اُس دعا کے جو حضرت ابراہیم نے حضرت اسمعیلؑ کے بارہ میں کی تھی اس کو علامہ عنایت رسول مرحوم کی تحقیق سے مقابلہ کیجے تو معلوم ہوگا کہ علامہ شہرستانی نے سوائے الزامی جواب کے کوئی تحقیق پیش نہیں کی اور الزامی جواب سے کسی دعوے کا اثبات نہیں ہوتا بلکہ مدعی کی دلیل کو مجروح کرنا اعم اس سے کہ فریق مخالف اس کے مقابلہ میں اپنے مدعا کو ثابت کر سکے یا نہ کر سکے اور یہ طریق اثبات مدعا کے لئے مفید نہیں ہوا کرتا۔

علامہ عنایت رسول مرحوم نے جو ترجمہ اور اس کی تحقیق پیش کی ہے اس کو مقابلہ کرنے سے معلوم ہوگا کہ آپ کو کتب مقدسہ پر کس قدر عبور تھا اور آپ کا استدلال کتنا محقق ہے چنانچہ سر سید مرحوم اپنی کتاب الخطبات الاحمدیہ صفحہ ۵۷۸ میں لکھتے ہیں کہ:

"میں نے اس بحث کو جناب مولانا و بالفضل اولٰنا جناب مولوی عنایت رسول صاحب چریاکوٹی کے سامنے پیش کیا جو عبرانی زبان اور توریت مقدس کے بہت بڑے عالم ہیں اور ہم مسلمانوں میں غالباً آج تک عبرانی اور کالدی زبان و توریت و زبور و صحف انبیا کا کوئی ایسا عالم نہیں گزرا۔ جناب ممدوح نے فرمایا کہ ترجموں کی طرف ہم کو التجا لے جانے کی کچھ ضرورت نہیں ہے اور جب کہ یونانی ترجمہ توریت کا حضرت عیسیٰ سے پیشتر ہو چکا تھا تو حواریوں نے بھی غالباً اسی ترجمہ سے نقل کیا ہوگا تو بس گویا دلیل صرف ایک یونانی ترجمہ پر عود کرتی ہے اور ہم اس کو پسند نہیں کرتے کہ ترجمہ کے استدلال سے اصل متن پر کچھ الزام لگائیں مگر جن لفظوں پر بحث ہے وہ ہمارے مطلب کے بہت

Marfat.com

زیادہ مفید ہیں"

سر سید مرحوم نے جس بحث میں یہ لکھا ہے وہ بھی بشارت سے تعلق رکھتی ہے اور وہ بحث بتمامہ حضرت علامہ کے ہی قلم کے رشحات ہیں لیکن چونکہ وہ خود حضرت علامہ کے زبان عبرانی میں شاگرد تھے اس لئے انھوں نے اس بحث کو اُن کی طرف منسوب نہیں کیا۔

حضرت علامہ فرماتے ہیں : (عبارت عبرانی بخط عربی)

" ول یشمعیل شمعیتخا ھِنه بیرختی اوتو وھفریتی

اوتو بماود مسئود شنیم عاشار نسیئیم یولید انتیو لگوی

گادول"

(ترجمہ) اسمٰعیل کے بارہ میں تیری دعا قبول کی، اس کو ہم نے خلافت دی

اور ہم نے اس کو عظمت اور جبروت دی۔ زیادہ سے زیادہ بارہ[۱۲] امام

اس سے پیدا ہونگے۔اس کو بڑی قوم کروں گا۔

واضح ہو کہ حضرت ابراہیم نے دعا کی تھی شریعت کے ہمیشہ جاری رہنے کی وہ قبول ہوئی۔ لیکن حضرت اسمٰعیل کو کوئی شریعت نہیں ملی البتہ یہ بات ہمارے پیغمبر کے وقت میں پوری ہوئی۔

اب یہاں دو لفظوں پر بحث ہے ایک ھفریتی یہ لفظ اسی مادّہ فرع سے نکلا ہے چونکہ الف غیر مقروٗ تھا، اس لئے گر گیا پس ھفریتی کے معنی" میں اس کو فرع ادام کروں گا" جیسا کہ ہاجر کو خواب ہوا تھا۔ دوسرا لفظ (بماود
1
ماوٗد) اس کے معنی تو کثیراً کثیراً ہیں لیکن یہ اشارہ ہے ہمارے پیغمبر کے نام کی طرف۔اس طرح کہ محمد بحساب جمل ۹۲ ہے اور بماوٗد ماوٗد کے عدد بھی ۹۲ ہیں۔ بارہ امام اس سے نکلیں گے مطلب یہ ہے کہ بماود ماود یعنی محمد سے بارہ امام پیدا ہونگے۔ یہاں بھی حدیث اثنا عشر خلیفہ کی مشہور ہے یہ سب باتیں ہمارے پیغمبر

Marfat.com

وجود با جود سے پوری ہوئیں۔

اس آیت میں جو (انشیتو لگوی گادول) واقع ہے اس فقرہ کے ایک معنی اور ہیں وہ یہ ہیں کہ ہم نے اس کو یعنی اسمٰعیل کو بڑی قوم یعنی محمد دیا کیوں کہ لگوی گادول کے عدد اور محمد کے عدد ایک ہے (ل۔ گ۔ و۔ ی۔ گ۔ د۔ و۔ ل) یہ رموز اس آیت کے ہیں۔

گادول عبرانی میں بدون الف ہوتا ہے۔ اس آیت کا ترجمہ یوں ہونا چاہیئے کہ "ہم نے خلافت اس کو دی اور عظمت اور جبروت بہت زیادہ بارہ۱۲ امام اس سے پیدا ہونگے یعنی ہم نے اس کو محمد دیا"

خلاصہ کلام یہ ہے کہ جب حضرت اسمٰعیل تیرہ برس کے تھے اس وقت حضرت ابراہیم کو ختنہ کا حکم ہوا اور یہ بشارت ہوئی کہ سارہ کے لڑکا ہوگا جس کی نسل سے سلاطین پیدا ہونگے اس وقت حضرت ابراہیم سربسجود ہوئے اور دعا کی حضرت اسمٰعیل کی رسالت کے لئے کہ اس کی شریعت ہمیشہ قائم رہے وہاں سے حکم ہوا کہ رسالت تو اسحٰق کو ملے گی یعنی وہی صاحب کتاب و شریعت ہوگا لیکن محمد جو اس کی نسل سے ہوگا صاحب شریعت ہوگا۔ تیری دعا میں نے قبول کی اسمٰعیل کے حق میں۔ چنانچہ اس دعا کا ذکر سورۂ بقرہ میں اس طرح ہے

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ۔

(ترجمہ) اے ہمارے مالک قائم کر ان میں (قوم میں) رسول ان میں سے کہ پڑھے ان پر تیری نشانیاں (یعنی ثابت کرے کہ ایک ہستی پاک واجب الوجود لائق پرستش ہے اور اس کی تصدیق کرائے) اور سکھائے ان کو کتاب (یعنی اوامر و نواہی یعنی حکمت عملی) اور حکمت (یعنی حکمت نظری) اور ان کو پاکیزہ کرے

Marfat.com

(یعنی بازالہ رزائل واقامہ فضائل ان کو مہذب کرے یعنی بہ تہذیب قوتِ نظری و عملی ان کو کامل کرے سرورِ ابدی کو پہونچائے)۔

علامہ شہرستانی نے یہودیوں کی اس تاویل کا کہ حضرت اسمٰعیل نے جو دعا کی تھی اس سے مراد حکومت اور سرداری ہے نہ نبوت اور رسالت جیسا کہ ان کے بارہ بیٹے سردار ہوئے جو جواب دیا ہے اس کے مقابلہ میں علامہ عنایت رسول مرحوم کی تحقیقات کو دیکھنے سے واضح ہوگا کہ ان کو توریت اور صحفِ انبیا پر کس قدر عبور اور زبان عبرانی میں کس پایہ کا تبحر تھا اور بلحاظ قوت استدلال آپ کے جواب پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ آپ نے جو الزامی جواب دیا ہے وہ بھی تحقیق کا پہلو لئے ہوئے ہے پہلے نفس مسئلہ کی تحقیق کی ہے اس کے بعد جو جواب دیا ہے وہ محض مسکت ہی نہیں ہے بلکہ اثبات دعوے کو بھی شامل ہے تاکہ نفس مسئلہ تشنۂ تحقیق نہ رہ جائے۔ چنانچہ علامہ تحریر فرماتے ہیں (خطبات احمدیہ میں بھی چھپ چکا ہے)۔

"ہر ایک منصف مزاج ان آیتوں کو پڑھکر سمجھ سکتا ہے کہ ان آیتوں میں جُدا جُدا تین لفظ استعمال ہوئے ہیں اوّل یہ کہ "میں نے اس کو برکت دی" دوم یہ کہ "اسے بہت فضیلت دی"۔ سوم یہ کہ "اس کو بڑی قوم کروں گا"۔ پس اب ہم پوچھتے ہیں کہ کیا یہ کہنا صحیح ہے کہ ان تینوں جُدا جُدا لفظوں کے ایک ہی معنی ہیں یعنی اولاد کا زیادہ ہونا"

جب کہ حضرت اسحاق بیرسبع میں پہونچے تو خدا تعالیٰ نے خواب میں ان سے یہ وعدہ کیا تھا کہ: میں تیرے باپ ابراہیم کا خدا ہوں تو ڈرمت میں تیرے ساتھ ہوں تجھکو برکت دوں گا اور اپنے بندہ ابراہیم کے سبب تیری نسل کو بہت کروں گا"

(توریت کتاب اوّل باب ۲۶-۲۷)

جس مضمون کا وعدہ کہ حضرت اسمٰعیل سے کیا گیا اور جو لفظ برکت کا اسمٰعیل کے وعدہ میں

Marfat.com

استعمال ہوا اسی مضمون کا وعدہ اسحاق سے کیا گیا اور وہی لفظ برکت کا اسحاق کے وعدہ میں بھی بولا گیا۔ پس یہ کہنا کس قدر تعجب کی بات ہے کہ اسمٰعیلؑ سے جو وعدہ تھا وہ دنیاوی تھا اور اسحاق سے جو وعدہ تھا وہ روحانی تھا۔"

اس کو علامہ شہرستانی کے جواب الزامی سے مقابلہ کر کے دیکھئے تو دونوں میں فرق بیّن نظر آئے گا۔ اسی طرح وہ بشارت جس کو علامہ شہرستانی نے لکھا ہے اس کو علامہ عنایت رسول مرحوم نے بھی توریت سے نقل کر کے لکھا ہے۔

"موسیٰ کی پانچویں کتاب کے ۳۳ باب کی ۲ آیت (عربی حرفوں میں)

ویومر یھوا مسینای باوزارح مسعیر لامو وھوفیع مھر بارا ن

واتامر بھوث قودش یمینو الیش داث لامو۔

(ترجمہ) کہا (یعنی موسیٰ نے) اللہ سینا سے آیا اور چمکے گا سعیر سے اور بہت شدت سے متجلّی ہوگا کوہ فاران سے اور آئے گا باگ لڑائی سے اس کے داہنے ہاتھ میں آگ ہوگی اور اس کے پاس شریعت (یا یہ کہ اس کے ہاتھ میں شریعت کی آگ ہوگی)۔

اس کے بعد فاران کی تحقیق کی ہے جو محیر العقول ہے اور ثابت کیا ہے خود توریت ہی کی عبارتوں سے کہ فاران ملک عرب ہی کو کہتے ہیں جس کے بعد اس پیشینگوئی میں کسی شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی۔

علاوہ پیشینگوئیوں اور بشارتوں کے جہاں توریت اور قرآن پاک کی مطابقت کی ہے اس کے دیکھنے سے توریت کا منزل من اللہ ہونا اور اسی کے ساتھ قرآن پاک پر ایمان میں تقویت ہو جاتی ہے اس سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ قرآن پاک اور توریت ایک ہی سرچشمۂ فیضان سے نازل ہوئے ہیں۔

مسلمانوں نے علم کلام کی ترتیب اور ایک مستقل فن بنا دینے سے جو خدمتِ اسلام

Marfat.com

کی ہے اور اس سے فلسفۂ یونانی کی بنیاد کھوکھلی کر دی بہت بڑا احسان تھا لیکن علم کلام حقیقتاً ناکمل تھا جس کی طرف علمائے متقدمین نے توجہ نہیں کی تھی بجز امام فخر الدین رازی کے لیکن ان کی حیات نے وفا نہیں کی اور یہ امر اہم رہ گیا تھا جس کی طرف صدیوں کے بعد علامہ عنایت رسول نے توجہ کی اور حقیقتاً علم کلام میں جو کمی رہ گئی تھی اس کو پورا کر کے اسلام پر بہت بڑا احسان کیا۔

جس طرح اس کتاب کی تصنیف سے مصنف مرحوم نے علم کلام کی کمی کو پورا کیا اور مسلمانوں پر بلکہ اسلام پر احسان کیا اسی طرح سر شاہ محمد سلیمان چیف جسٹس الہ آباد ہائی کورٹ نے اس کو نواب سر مزمل اللہ خاں صاحب مدت فیوضہم کی سرپرستی میں دے کر اس کی طباعت کا انتظام کیا۔ نواب صاحب بہادر کا احسان مسلمانوں پر اس کتاب کی طباعت سے ہمیشہ قائم رہے گا جب تک اس کتاب سے دنیا کو نفع پہنچتا رہے گا۔

اس کتاب کے طبع میں وہی مسئلہ کتابت عبارات عبرانی اور پروف کی تصحیح کا پیش آیا ظاہر ہے کہ یہ سوال اتنا اہم تھا کہ اب تک اس کتاب کے چھپنے میں یہی سوال لاینحل اور بہت بڑا سد باب تھا۔

عبرانی عبارات کی طباعت کے متعلق پیشتر یہ خیال تھا کہ اس کا فوٹو لے کر عبرانی عبارت چھاپی جائے لیکن اول تو اس میں خرچ بہت زیادہ تھا۔ دوسرے زحمت بھی بہت تھی۔ اسی کے ساتھ کاتب صاحب نے اس امر کا یقین دلایا کہ وہ ہوبہو عبرانی عبارت کی نقل کر دیں گے۔ اس لئے یہ امر آسان سمجھا گیا کہ اس کی نقل کی جائے اور فوٹو کی زحمت اور خرچ سے سبکدوشی ہو۔ اگرچہ نقل ویسی ہی نہ ہو سکی تاہم صورتِ موجودہ قابلِ اطمینان کہی جا سکتی ہے۔

مولوی حاجی محمد مقتدیٰ خاں صاحب شروانی نے اپنی انتہائی کوشش اس امر میں صرف کی کہ کتابت عبارت عبرانی بالکل اصل کی نقل ہو۔ ظاہر ہے کہ ایک ناواقف زبان

Marfat.com

کے لئے یہ چیز کس قدر دشوار اور دقّت طلب تھی لیکن مولانا محمد مقتدیٰ خاں صاحب اور کاتب صاحب کے مساعی قابل صد تشکّر ہیں کہ ان دونوں حضرات نے نہایت جاں فشانی سے اس مشکل کو حل کیا، اگرچہ اس میں وقت زیادہ صرف ہوا جو موجودہ حالات پر نظر کرکے ناگزیر تھا۔

پروف کی تصحیح کا کام میں نے خود انجام دیا میرے لئے تو یہ اپنا فرض تھا لیکن اس پر بھی میں نہیں کہہ سکتا کہ میں کہاں تک اس میں کامیاب رہا۔ بہرحال اس کی موجودہ صورت ایک گونہ قابل اطمینان ہے۔

حضرت علاّمہ مولانا عنایت رسول علیہ الرحمہ مجھ سے فرماتے تھے کہ "یہ کتاب قیامت میں میری بخشائش کے لئے کافی ہے" میں یہ کہتا ہوں کہ اگر یہ کتاب جیسا کہ علاّمہ موصوف فرماتے تھے ان کی بخشائش کے لئے کافی ہے اور ضرور اس سے اُمید کی جا سکتی ہے اس لئے کہ اس سے بڑھکر اسلام کی خدمت اور کیا ہو سکتی تو وہ ذات ستودہ صفات بھی اسی طرح اس اجر بخشائش کی بدرجۂ اولیٰ مستحق ہے جس نے اپنے مصارف سے اس کو چھپوا کر دنیاے اسلام کو اس کا فیض پہنچایا اور اس کی اشاعت کا سبب ہوا۔ علی اللہ اجرُ العالمین۔

محمد امین عباسی چریاکوٹی
پروفیسر عربی انٹرمیڈیٹ کالج
ڈھاکہ

۲۷ر دسمبر سنہ ۱۹۳۷ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمۂ مصنّف

مصنّفِ علّام کے حالات لکھنے میں جس استیعاب کا ارادہ تھا افسوس ہے کہ اس کا سامان مہیّا نہ ہو سکا جس کا سب سے بڑا سبب ملازمت کی پابندیاں اور بنگال کا قیام ہے۔ جس قدر اس کے متعلق مواد مہیّا ہو سکتا تھا اس کے لئے نہ تو میں کافی وقت بچا سکا اور نہ اُن جزئیات کو یکجا کرنے کا موقع مل سکا۔ اس لئے کہ جن مقامات سے وہ حاصل کئے جا سکتے تھے وہ مجھ سے بہت دُور تھے اور ملازمت کی پابندیاں ایسی نہ تھیں کہ میں آسانی سے اس خدمت کے انجام کے لئے مختلف مقامات کا سفر کرتا۔ مجبوراً جو کچھ مجھکو خود اور میرے عزیز محترم مولانا احمد مکرم عباسی کو (جو علّامہ مرحوم کے علاوہ شاگردِ رشید ہونے کے ایک مدّت تک حضرت علّامہ مرحوم کی صحبت سے فیض یاب رہے) یاد تھے لکھ سکا۔

آپ کے حالات لکھنے میں جس استیعاب کی ضرورت ہے اس کو لکھنے کے لئے

Marfat.com

ایک علیحدہ رسالہ کی حاجت ہے۔ اگر حیات مستعار نے وفا کی تو آئندہ اس کو پورا کیا جائے گا (انشاء اللہ تعالیٰ)۔

آپ کا نسب نامہ علاّمہ عنایت رسول ابن قاضی علی اکبر ابن قاضی غلام مخدوم ابن قاضی عبدالصمد ابن مولانا ابوالحسن ابن محمد ماہ ابن منصور ابن ملاّ جلال ابن جمال الدین ابن قاضی محمد فضل ابن قاضی محی الدین نور ابن مخدوم ابوالجلال اسمٰعیل فاتح چریاکوٹ ابن ابوالعلا اعزالدین ابن ابوالجلال فخرالدین ابن شیخ محمد فصیح ابن احمد ملیح ابن صالح ابن شریف ابن زید ابن عمر ابن قاسم ابن نظام الدین ابن زین العابدین ابن ہاشم امیرالامراء ابن مظفر ابن جعفر ابن عبدالصمد ابن اسمٰعیل ابن منصور ابن عبدالملک ابن ابوالعباس عبداللہ عرف سفّاح خلیفہ عباسی، ابن محمدؒ ابن علیؒ ابن عبداللہ (رح) ابن العباسؓ ابن عبدالمطلب جدّ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔ عبدالمطلب سے عدنان تک کتابوں میں مذکور ہے۔

تبحر نہایت فصیح البیان اور بہت بڑے خوش تقریر تھے۔ مشکل سے مشکل مسائل فلسفیہ اور ریاضیہ کو نہایت اچھے طریق سے حل فرماتے تھے کسی مباحثہ میں کبھی بھی آپ کو گھبراتے نہیں دیکھا۔ میں نے خود دیکھا کہ مباحثہ میں چاہے کتنا ہی مشکل مسئلہ کیوں نہ ہو فریق کے ہر ایراد اور اعتراض پر بہت ہنستے اور نہایت سلجھا ہوا جواب دیتے۔ اثناء بحث میں اگر آپ کو خود کسی مسئلہ میں اشتباہ واقع ہوتا تو آپ فرماتے کہ ابھی ٹھہر جاؤ میں اس پر غور کرلوں تو اس کا جواب دوں گا۔ اس کے بعد اس کو حل فرماتے۔ مجھے یاد نہیں ہے کہ آپ نے کبھی کسی کو الزامی جواب سے خاموش کیا ہو، بلکہ ہمیشہ تحقیقی پہلو اختیار فرماتے اور فرماتے کہ الزامی جواب عدم تحقیق کی دلیل ہے۔

خدا نے خلق و مروت، حسن سیرت اور زیبائی صورت دونوں بوجہ اتم آپ کو بخشی تھیں۔ کتاب بشریٰ آپ کے تبحر و زور تحقیق کا ایک ادنیٰ نمونہ ہے۔ یوں تو عبرانی زبان جاننے والے اب اکثر افراد نظر آتے ہیں لیکن یہ مرتبۂ تحقیق کسی کو بھی

Marfat.com

میسر نہ ہوا اور نہ ہے۔ آپ مجھ سے اکثر فرماتے کہ: "مسلمانوں کی سرد مہری کا یہ عالم ہے کہ مجھ سے اس فن کو سیکھتے نہیں میرے بعد اس فن کا خاتمہ ہو جائے گا۔"

آپ کی طبیعت نہایت جدت پسند واقع ہوئی تھی۔ آپ اکثر پیچیدہ مسائل میں ایسی بات پیدا کرتے تھے جو نہایت خوش آئند ہوتی۔ اسی کے ساتھ کبھی کبھی اعتراضات کے جواب میں ظرافت سے بھی کام لیا کرتے تھے۔

آپ زبان عبرانی کے بہت بڑے ماہر اور جلیل القدر فاضل تھے، اور زبان کلدی و فارسی کی قدیم زبان جس میں ژند اور استا کی قدیم کتابیں ہیں اس سے بھی باخبر تھے اور اس کے قدیم حروف ہجا کو بھی اپنی کتاب قواعد فارسی میں ذکر کیا ہے۔

انگریزی اور سنسکرت زبانوں سے بھی بقدر ضرورت واقف تھے۔ چنانچہ میں نے خود دیکھا کہ آپ سے چریاکوٹ کے ایک فاضل سنسکرت سے اکثر مباحثے ہوا کرتے تھے۔

ولادت اور ابتدائی زمانہ

آپ کی ولادت کی صحیح تاریخ نہیں معلوم۔ مگر ۱۲۴۴ھ میں قصبہ چریاکوٹ کو یہ فخر حاصل ہوا کہ علامہ عنایت رسول جیسا آفتاب علم و فضل اس کی آغوش سے پیدا ہوا۔ صغر سنی ہی میں صرف و نحو کے ابتدائی رسائل اپنے والد بزرگوار قاضی علی اکبر المتوفی ۱۲۵۳ھ سے پڑھے۔ جب کافیۂ ابن حاجب تک پہنچے تو اپنے پھوپا حضرت مولانا احمد علی ابن مولوی غلام حسین عباسی چریاکوٹی کی خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر ان کے دامن استفادہ سے لپٹ گئے۔

مولانا احمد علی علیہ الرحمۃ نے بہ سبب قرابت قریبہ اور نیز شاگرد کی جودت و ذکاوت دیکھ کر ان کو شفقت کی نگاہ سے دیکھا اور آخر ان کے شوق نے استاد کو بحیثیت ایک شفیق کے ان کی طرف متوجہ کر دیا۔ مولانا موصوف آپ کی تعلیم میں بجان و دل کوشش فرماتے اور ہمیشہ سفر و حضر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ جب علوم ہندسہ، حساب، منطق، فلسفہ، مناظرہ، ہیأت، کلام، علم الکرہ، فقہ، علوم ریاضیہ وغیرہ کی تکمیل سے فارغ ہوئے تو

Marfat.com

علم حدیث کا شوق ہوا اور ریاست محمد آباد ٹونک پہنچکر مولانا حیدر علیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے
مولوی احمد مکرم عباسی ابن مولانا ابوالجلال محمد اعظم عباسی مرحوم ابن مولانا نجم الدین عباسی چریاکوٹی مرحوم جو حضرت مولانا مرحوم کے شاگرد اور فیض صحبت سے مستفیض تھے لکھتے ہیں کہ "حضرت اُستاذی علیہ الرحمۃ نے ایک دفعہ برسبیل تذکرہ مجھ سے فرمایا تھا کہ "علم الاشتقاق یا حکمت کی کوئی شاخ (مجھکو خوب یاد نہیں) مولانا فضل رسول بدایونی کی خدمت مبارک میں حاصل کی تھی۔ مولانا ممدوح کی سوانح عمری (ترجمہ) میں ایک مطبوع کتاب میں نے کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن میں دیکھی تھی۔ اس میں تو اس امر کی صراحت ہے اور حضرت اُستاذیؒ اور دوسرے علماء چریاکوٹ کی بڑی تعریف اور توصیف لکھی ہے۔
مولانا حیدر علیؒ نے حدیث کی سند حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ سے حاصل کی تھی اور ریاست ٹونک میں مطب کرتے تھے اور درس بھی دیتے۔ اس طرح علامہ عنایت رسول عبّاسی کو بیک واسطہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ تک حدیث کی سند کا سلسلہ پہنچتا ہے۔

آپ نے ایک زمانہ تک تحصیل فن حدیث میں اشتغال رکھا۔ اس فن کے تکمیل کے بعد وطن میں مراجعت فرمائی اور مسائل علم حدیث اور اصول حدیث و اسماء رجال کی تحقیق میں مشغول رہے۔ اس کے بعد آپ کو زبان عبرانی کی تحصیل کا ذوق پیدا ہوا۔ اس شوق کی سرگرمی میں پھر اپنے وطن کو دوبارہ خیرباد کہنے کی ٹھان لی اور کلکتہ کا سفر اختیار کیا۔ اب تک ریل جاری نہیں ہوئی تھی کلکتہ کا سفر نہایت دشوار تھا لیکن ان مصائب نے آپ کے پائے طلب میں لغزش پیدا نہ کی اور کلکتہ روانہ ہو گئے۔

میرے والد ماجد مرحوم فرماتے تھے کہ آپ کے والد قاضی علی اکبرؒ اس زمانہ میں غازی پور میں وکالت کا شغل رکھتے اور اپنے معاصرین وکلا میں سب سے زیادہ سربرآوردہ تھے اور آپ کی آمدنی بہت وافر تھی۔ حکام وقت بھی آپ کی بہت عزت

Marfat.com

کرتے تھے۔ قاضی علی اکبر مرحوم نے آپ کے سفر کا سامان درست کیا اور ایک کشتی کلکتہ تک کے لئے کرایہ کی گئی اور براہ دریائے گنگ کلکتہ ۱۲۶۶ھ میں پہونچے۔ فوجداری بالاخانہ کے قریب قیام فرمایا۔ وہاں یہ دقت پیش آئی کہ کوئی یہودی زبان عبرانی آپ کو سکھانے کے لئے مستعد نہیں ہوتا تھا۔ مجبوراً آپ نے ایک نصرانی کی طرف رجوع کیا۔ اُس نے عذر کیا کہ میں زبان اُردو سے پوری طرح واقف نہیں ہوں اس لئے آپ اتنی انگریزی سیکھ لیجئے کہ میں اس کی وساطت سے آپ کو عبرانی کی تعلیم دے سکوں چنانچہ آپ کے شوق نے اس منزل کو بھی طے کیا اور آپ نے تھوڑے ہی دنوں میں اتنی انگریزی سیکھ لی کہ جو معلّم اور متعلم کے درمیان مشترک ہو سکے۔ اسی سلسلہ میں آپ نے زبان یونانی بھی سیکھی، اس وجہ سے کہ انجیل مقدس یونانی زبان میں ہے۔ لیکن چونکہ آپ کو ابھی اس منزل تک پہونچنے میں کچھ اور مصائب بھی جھیلنے باقی تھے نصرانی نے خلاف معاہدگی کی اور آپ کو زبان عبرانی سکھانے سے انکار کر دیا اس وقت سخت مصائب کا مقابلہ ہوا اور مختلف یہودیوں کے دروازے کھٹکھٹانے پڑے اخیر میں ایک خاخام مستعد ہوا اور اس نے آپ کو عبرانی کی تعلیم دی اور انگریزی کی تحصیل کے بعد تین سال تک زبان عبرانی کا درس جاری رکھا اور اسی اثناء میں آپ نے زبان کلدی کی بھی تکمیل کی اور غالباً ۱۲۷۰ھ میں وطن کی طرف مراجعت فرمائی۔ آپ فرماتے تھے کہ یہود بڑے متعصب ہوتے ہیں، غیر یہود کو زبان عبرانی سکھانا معصیت جانتے ہیں اس لئے کچھ دنوں تک یہودیوں کی وضع اختیار کرنی پڑی۔ غازی پور میں ایک یہودی خاندان آباد تھا، اس نے بھی بہت مدد کی اور ان سبھوں نے کلکتہ میں اپنے عزیزوں کو سفارشی خطوط لکھے، جس سے یہ مشکل آسان ہوئی۔ آپ نے واپسی میں بذریعہ ریل سفر کیا۔ اُس وقت ایسٹ انڈیا ریلوے جاری ہو چکی تھی۔ آپ براہ راست کلکتہ سے غازی پور تشریف لائے۔

Marfat.com

ظاہر ہے قدرت نے اس شرف کو آپ کی ذات سے مخصوص کر رکھا تھا اور اس موضوع پر یہ پہلی کتاب ہے اور جس تحقیق اور موشگافیوں سے کام لیا گیا ہے اس کا نظیر اب تک نظر نہیں آیا۔ یوں تو بعض علماء متقدمین نے زبان عبرانی میں کمال حاصل کیا تھا جیسے علامہ ابن رشد اندلسی نے بھی زبان عبرانی میں مہارت حاصل کی اور ان کی ایک تصنیف میں نے دیکھی ہے جو زبانِ عبرانی میں ہے۔ لیکن اس موضوع پر نہیں ہے اور نہ کتبِ سماویہ سابقہ سے اس میں کوئی بحث ہے بلکہ فلسفہ میں وہ تصنیف ہے۔

جس زمانہ میں حضرت مولانا مرحوم کا قیام غازی پور میں اپنے والد ماجد قاضی علی اکبر مرحوم کے پاس تھا اس زمانہ میں نجم الہند سر سید احمد خاں مرحوم صدر الصدور تھے اور قاضی علی اکبر مرحوم سر سید مرحوم کی اجلاس میں وکالت کرتے تھے۔ آپ کے فضل و کمال کا شہرہ سر سید کے کانوں تک پہنچا تو آپ کی ملاقات کے بے حد مشتاق ہوئے۔ چونکہ سر سید مرحوم کو بھی زبان عبرانی سے بہت وَلَہ تھا اور علمی اور فنی تحقیقات کے دل دادہ تھے اس لئے آپ سے ملنے کی خاص کشش دل میں پیدا ہوئی اور جب تک سر سید کا قیام غازی پور میں رہا مولانا عنایت رسول صاحب مرحوم سے برابر عبرانی اور دیگر فنون میں استفادہ کرتے رہے۔

اُستاذی والدی مرحوم مجھ سے فرماتے تھے کہ ایک بار اسی زمانہ میں ایک یورپین جج غازی پور میں آیا تھا جو زبان عبرانی سے واقف تھا اور اس زبان سے اس کو بہت شوق تھا۔ حضرت مولانا کی عبرانی دانی اور اس کے کمال کو سُن کر آپ سے ملنے کا بہت مشتاق ہوا اور بارہا اس نے آپ سے ملنے کی خواہش ظاہر کی لیکن آپ اُس سے نہ ملے، جس کا اس کو بہت رنج ہوا اور آپ کا سخت مخالف ہو گیا جس سے آپ کو کچھ دنوں کے لئے غازی پور چھوڑنا پڑا۔

مولانا علیہ الرحمۃ نے زمانہ طالب العلمی ختم ہونے کے بعد پھر کبھی سفر نہیں کیا بجز

Marfat.com

ایک بار کے جس کا ذکر ہو چکا اور تمام عمر اپنے وطن یعنی چریا کوٹ میں ہی رہ کر تصنیف و تالیف میں زندگی بسر کردی۔ آپ نے اپنی صاحبزادی مرحومہ کو اکثر علوم عربیہ کی تعلیم دی تھی۔ ان کے ساتھ آپ کو اتنی محبت تھی کہ ان کے انتقال کے بعد شدت الم و حزن سے آپ سنہ ۱۳۱۹ ہجری میں مبتلائے اسہال کبدی ہوئے۔ بالآخر غرۂ شوال سنہ ۱۳۲۰ ہجری میں شب جمعہ کو بوقت عشا انتقال فرمایا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡن۔

دوسرے روز بعد نماز جمعہ کثیر التعداد مسلمانوں نے نماز جنازہ میں شرکت کی اور سپرد خاک کئے گئے۔

وضع، اخلاق، عادات مولانا علیہ الرحمۃ کی عام روش حکیمانہ تھی۔ آپ بہت سادہ وضع میں رہتے۔ سادے کپڑے پہنتے، ململ کی بڑی آستینوں کا ڈھیلا اور لمبا کرتہ جس کا چاک بصورت لا سامنے ہوتا ؎

بفکر نیستی ہرگز نمی افتند مغروراں
اگرچہ صورتِ مقراضِ لا دارد گریباں ہا

بڑی مہری کا پاجامہ، سر پہ کنٹوپ اور پاؤں میں چوڑے پنجے کا دہلی وال جوتا، جاڑوں میں کنٹوپ روئی دار ہوتا اور کرتے کے اوپر روئی دار انگرکھے کا اضافہ ہوجاتا، چلتے وقت ہمیشہ عصا ہاتھ میں ہوتا تھا۔

آپ جب زبان عبرانی سے فارغ التحصیل ہو کر وطن واپس تشریف لائے اس وقت یہودیوں کے وضع کی ترکی ٹوپی پہنتے تھے۔ آپ نے مجھ سے بسبیل تذکرہ فرمایا کہ جب میں غازی پور میں سرسید سے ملا تو سرسید نے ترکی ٹوپی بہت پسند کی اور خود بھی اس کا استعمال شروع کیا اور آخر میں مدرستہ العلوم کے طلبہ کی یہی وضع قرار پائی تو ترکی ٹوپی عام ہوگئی تو میں نے ترکی ٹوپی کا استعمال چھوڑ دیا اور کنٹوپ اختیار کیا۔

قد متوسط اور تیر کی طرح سیدھا، گندمی رنگ، چہرہ روشن اور کسی قدر لمبائی

Marfat.com

لئے ہوئے گول، پیشانی بلند، آنکھیں بڑی اور کشادہ، ناک اونچی اور جڑ کی طرف زرا جھکی ہوئی، لب پتلے اور سرخ، رخسارے پرگوشت، ڈاڑھی لمبی۔ چالیس برس کی عمر سے دانت گرنے لگے اور بیشتر گر گئے اور بال قطعاً سپید ہو چکے تھے۔ سر کے بال بڑے بڑے جو عموماً کان کی لو تک پہنچتے تھے۔

مذہب و عقائد مولنا عقائد اشعریہ کے پیرو تھے۔ فقہ میں امام اعظم ابو حنیفہؒ کے مداح اور معتقد تھے۔

تلامذہ مولانا علیہ الرحمۃ فطرۃً نحیف الجثہ اور نازک طبع واقع ہوئے تھے، اس لئے طلبہ کے ہجوم کو پسند نہیں فرماتے تھے۔ آپ کے تلامذہ کی تعداد اگرچہ بہت کم ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ جتنے شاگرد آپ کے تھے ان میں سے ہر ایک فرد اپنے فن میں ماہر تھا۔ مثالاً استاذ الوقت مولانا محمد فاروق عباسی چریاکوٹی مرحوم کو (جو مولانا علیہ الرحمۃ کے حقیقی چھوٹے بھائی تھے) پیش کیا جاسکتا ہے۔

طرز تعلیم آپ کا طریقۂ تعلیم موجودہ زمانہ کے طریق تعلیم سے بالکل جداگانہ تھا۔ آپ تعلیم میں حکما کے طرق کے متبع تھے۔ پہلے آپ سبق زیر درس کو خود تیار کرتے اور اس کے متعلق جتنے امور ضروری ہوتے ان کو ذہن میں محفوظ کرتے۔ درس میں ان سب کو متعلم کو سمجھاتے اور لکھا دیتے۔ چنانچہ اس طرح کسی فن کی ایک کتاب ختم ہونے کے بعد طالب العلم کو اس فن پر کافی عبور ہو جاتا۔ یہی سبب تھا کہ آپ ایک سبق سے زیادہ کے متحمل نہیں ہوتے تھے۔ یہ ممکن ہوتا کہ ایک ہی سبق میں ایک سے زیادہ طلبہ شریک ہوں۔ اس صورت میں روزانہ اسباق بالالتزام نہیں ہوتے تھے۔ آپ طالب العلم کو ہمیشہ ہدایت فرماتے کہ جو مضامین لکھائے گئے ہیں ان کو اس فن کی کتاب میں مطالعہ کرو اور ان کو ذہن میں محفوظ کرلو۔ آپ سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے لئے شائق اور جفاکش ہونا ضروری تھا۔

Marfat.com

حضرت علامہ مرحوم معمولاً سبق شروع ہونے سے پیشتر نہایت دل خوش کن باتیں کرتے اور سبق کے متعلق کچھ گفتگو فرماتے اس لئے کہ طالب علم کی توجہ دوسری طرف سے ہٹکر یکسو ہوجائے اور قبول واخذ کے لئے مستعد ہوجائے۔

آج کل موجودہ زمانہ میں انگریزی اسکولوں میں اس امر پر بہت زور دیا جارہا ہے کہ تعلیم لڑکوں کو بار نہ ہو اور ان کا خیال سبق کی طرف متوجہ ہوجائے جس پر علامہ مرحوم بہت پہلے اس حکیمانہ اصول کے کاربند تھے۔ اکثر اثنائے سبق میں ظرافت کی باتیں بھی فرماتے اس لئے کہ تسلسل کار سے دماغ کو تفرّج ہوجائے اور ذہن کند نہ ہو لیکن میرے والد ماجد اوقات فراغ میں مثلاً شب کو سوتے وقت طالب العلم کو نکات و رموز فن کی تعلیم دیتے۔

تصانیف (۱) **بُشریٰ** یہ کتاب آپ کی اخیر تصنیف ہے۔ اس کے متعلق آپ فرماتے کہ میری بخشش کے لئے یہ کتاب کافی ہے (۲) **مقولات عضدیہ**۔ اقلیدس میں تین جلدوں میں اور ہر جلد میں چھ مقالے۔ یہ التزام آپ نے اس کتاب میں فرمایا ہے کہ ہر شکل اقلیدس کے علاوہ حکیم اقلیدس کے ثبوت کے دو تین ثبوت اور بھی اس سے مختلف دیئے ہیں اور ہر مقالہ کی ابتدا میں اس کے متعلق تحقیق پیش کی ہے (غیر مطبوع)

(۳) **کتاب الصلوٰۃ**۔ اس کتاب میں یہ تحقیق کی گئی ہے کہ نماز پہلے کب فرض ہوئی اور اس کی کیا صورتیں مختلف ادوار میں رہیں اور اس کی مکمل تاریخ (غیر مطبوع تشنۂ طبع)

(۴) **اعجاز القرآن**۔ قرآن پاک کا دیگر کتب سماویہ سے مقابلہ اور اس کے اعجاز کے وجوہ اور مخالفین کا جواب اور حقیقت اعجاز پر ایک مبسوط تقریر جس کا کچھ حصہ اخبار الوقت گورکھپور میں بھی چھپا تھا۔ (غیر مطبوع تشنۂ طبع) (۵) **کتاب الرضاعت**۔ اس کتاب میں رضاعت کے متعلق بحث ہے (غیر مطبوع) (۶) **رسالہ نیچریہ**۔ اس رسالہ میں نیچر کی تحقیق اور بحث ہے۔ (غیر مطبوع) (۷) **الملاہی**۔ اس کتاب میں باجے کے حلّت و حرمت کی تحقیق اور بحث ہے (غیر مطبوع) (۸) **شہادت نامہ** حضرت امام حسینؓ۔ اس کتاب میں شہادت

Marfat.com

کی عقلی بحث اور تحقیق ہے اور خوارج کے ان اعتراضات کا جواب ہے جو یہ گروہ حضرت امام حسینؓ کی شہادت پر کرتے ہیں۔ اسی ذیل میں کوفہ کی تاریخ اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ کوفہ ہمیشہ فسادات کا مرکز رہا ہے اور یہاں کے لوگ قدیم الایام سے بے وفا اور ناقابل اعتبار رہے۔ اس ذکر میں ابن سبا یہودی کی سوانح عمری تواریخ یہود سے اس کا ثبوت، یہ کتاب اپنے موضوع میں تمام شہادت ناموں سے جو مختلف ادوار میں لکھے گئے نادر ہے (غیر مطبوع تشنۂ طبع) (۹) **کتاب الحساب**۔ علم ارثماطیقی (ارتھمیٹک) پر لکھی گئی ہے جس میں ہر اعمال حسابیہ کا ثبوت اقلیدس کے ساتویں، آٹھویں، نویں، دسویں مقالہ سے دیا گیا ہے (غیر مطبوع) (۱۰) **جبر و مقابلہ**۔ اس میں حضرت مولانا علیہ الرحمۃ نے آٹھ مساوات کا اضافہ کر کے چودہ مساوات کئے ہیں (غیر مطبوع تشنۂ طبع) (۱۱) **نور الانظار فی علم الابصار** علم مناظر میں لکھا گیا جس میں اس علم کے اشکال سے بحث اور اس کی تحقیق ہے (غیر مطبوع تشنۂ طبع)

(۱۲) **فصول عضدیہ**۔ فن صرف میں اور اسی کے ساتھ علم قراۃ میں رسالہ ہے (غیر مطبوع) (۱۳) **میزان الکافی**۔ علم الصرف میں مختصر رسالہ (غیر مطبوع) (۱۴) **بدایۃ الصرف**۔ قواعد فارسی میں یہ رسالہ لکھا گیا ہے اس میں فارسی کا قدیم رسم خط جو بائیں طرف سے لکھا جاتا ہے جس زبان میں ژند اور اوستا کی قدیم کتابیں ہیں جو اب بالکل مفقود ہے وہ بھی مذکور ہے اور اس کے کچھ قواعد بھی ہیں اور اس کے حروف ہجا بھی لکھے گئے ہیں اور کلدی حروف تہجی کی بھی تعلیم ہے جو اس وقت یورپ کے سوا اور کہیں بھی اس کا وجود نہیں (غیر مطبوع) (۱۵) **زبان عبرانی کے قواعد**۔ جس میں زبان عبرانی کی صرف و نحو لکھی گئی ہے۔ یہ سب کتابیں زبان اردو ہی میں ہیں (غیر مطبوع تشنۂ طبع)۔

مضامین متفرقہ حضرت علامہؒ کے ملفوظات بہت ہیں جن میں سے بیشتر تہذیب الاخلاق میں چھپ چکے ہیں اس کے علاوہ اخبار الوقت جو ایک زمانہ میں گورکھپور سے شائع ہوتا اور اخبار لبرل جو اعظم گڑھ سے شائع ہوتا تھا اور رسالہ زمانہ

Marfat.com

ہیں جو کان پور سے اب بھی شائع ہوتا ہے اور بعض دوسرے اخبارات و رسائل میں شائع ہو چکے ہیں۔ جہاں تک یادداشت کے اندر محفوظ تھے ان کو لکھا جاتا ہے:-

(۱) **الیوم فی التورات** - توریت میں لفظ یوم کس معنی میں آیا ہے (۲) **معاد** - توریت کے نقطۂ نظر سے (۳) **قوم نوحؑ** - (۴) **طوفان نوحؑ کے قصّہ** پر جو نظم کالڈیا کی اینٹوں پر کندہ ہے مورخانہ ریمارک - یہ مضمون تہذیب الاخلاق میں چھپ چکا ہے - (۵) **جدول سنین طوفانی** - از کتاب مقدس ملاخیم یعنی سلاطین (تہذیب الاخلاق میں چھپ چکا ہے) (۶) **نقشہ سنین ہبوطی بمطابقت سنین طوفانی** (العلم میں چھپ چکا ہے) (۷) **حضرت ابراہیمؑ اور ان کا آگ میں ڈالا جانا** (تہذیب الاخلاق میں چھپ چکا ہے) ' (۸) **دابۃ الارض** - سرسید کو اس سے انکار تھا - ان کا جواب بھی اسی مضمون میں دیا گیا ہے (اخبار لبرل اعظم گڑھ میں چھپ گیا ہے) (۹) **النّور** - علم مناظر کے متعلق ایک مبسوط مضمون ہے جو زمانہ کان پور میں چھپ چکا ہے - (۱۰) **پردۂ نسواں** پر ایک مضمون معلم نسواں حیدرآباد میں اور اس کے بعد (۱۱) مولوی محب حسین کے جواب میں ایک نہایت لبسیط مضمون زمانہ کان پور میں شائع ہوا - (۱۲) **تعریب** - جزیہ پر ایک مضمون (غیر مطبوع) (۱۳) **ایک رسالہ** اس مضمون پر کہ مفقود الخبر کی بی بی کا نکاح جائز نہیں (غیر مطبوع) (۱۴) مولوی عبداللہ خاں مرحوم ساکن حیدرآباد نے مولوی شبلی صاحب مرحوم اور دوسرے علماء سے یہ سوال کیا تھا کہ حضرت موسیٰؑ کو ان کی ماں نے جب صندوق میں بند کر کے دریا میں ڈالا تو آل فرعون نے اس صندوق کو کہاں پایا؟ آپ نے اس کا تفصیلی جواب مسکت دیا کہ وہ مقام عین الشمس کے قریب ہے - اس میں زیادہ تر توریت سے حوالے دیئے گئے ہیں اور اسی سے بحث ہے - (غیر مطبوع) (۱۵) **قوم عرقی کی تاریخ** ایک ممتاز عرقی نے یہ رسالہ حضرت مولانا سے لکھوایا تھا (غیر مطبوع) (۱۶) **تقدیر** - اس مسئلہ مختلف فیہا پر محققانہ بحث (غیر مطبوع) (۱۷) **جواب ابن رشد** - علامہ قاضی

Marfat.com

ابن رشدؒ نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ معجزہ دلیل نبوت نہیں ہوسکتی اس کا مدلل جواب اور معجزہ اور نبوت کی تحقیق۔ اس مضمون کا ایک حصہ رسالہ العلم میں چھپ چکا ہے اگرچہ نامکمل چھپا ہے۔(۱۸) مولانا نجم الدین عباسی چریاکوٹیؒ جو حضرت علامہ کے حقیقی پھوپی زاد بڑے بھائی اور ہم سبق تھے۔ شہر بنارس میں مقیم تھے۔ اس زمانہ میں ایک فاضل بشپ آگیا تھا۔ اس نے دعویٰ کیا کہ توریت و انجیل میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کوئی خبر یا پیشینگوئی نہیں ہے۔ اس مسئلہ پر بشپ اور مولانا نجم الدین مرحوم کے درمیان دلچسپ مناظرہ ہوا۔ اگرچہ بشپ مذکور کو سپر ڈال دینی پڑی لیکن مولانا ممدوح کو بوجہ زبان عبرانی سے ناواقفیت کے اپنے جواب پر خود اطمینان نہ تھا، بنارس سے ہی علامۂ ممدوح کو اس مناظرہ سے مطلع کیا اور پوچھا کہ یہ پیشین گوئی کس طرح ہے جو کچھ ہو اور جس طرح ثابت ہوتا ہو مضمون کی صورت میں لکھنا چاہیئے۔ اس کے جواب میں حضرت علامہ ممدوح نے ایک طویل و مبسوط مضمون تحریر فرمایا اور اسی زمانہ میں یہ سوال و جواب تہذیب الاخلاق میں چھپ گیا ہے

لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم

محمد امین عباسی چریاکوٹی (مولوی فاضل)
پروفیسر عربی ڈھاکہ

۴ دسمبر ۱۹۳۷ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی اَسرٰی بِعَبدِہٖ لَیلاً وَّ اَیَّدَہٗ بِالتَّنزِیلِ نَھَارًا وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ الاُمِّیِّ الَّذِی وَجَدتَہٗ مَکتُوبًا فِی التَّورٰاۃِ وَمَذکُورًا فِی الاِنجِیلِ سِرًّا وَّجِہَارًا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصحَابِہٖ الَّذِینَ جَعَلُوا کَیدَ الکَفَرَۃِ وَالشَّیَاطِینِ فِی تَقلِیلٍ وَّصَارُوا بِاقتِفَاءِہٖ لِاَمطَارِ الھُدٰی وَیَنَابِیعِ القُدُسِ سَحَابًا ھَامِرًا بَل سَمَاءً مِّدرَارًا ط

بعد اس کے بندہ عنایت رسول چریاکوٹی عباسی کہتا ہے کہ بعد فراغ تحصیل علوم جس قدر مقدور و مقدر تھا علمائے مسیحی کے مناظرہ میں صحف انبیا علیہم السلام کے اسرار کی دریافت کا شوق پیدا ہوا اس لئے علمائے یہود کی خدمت میں زبان عبرانی سیکھ کے اُن کے دفاتر کو جہاں تک ممکن تھا بمشقت تمام جانچا اور ایک عالم مسیحی باشندہ یونان بہ تلاش ملا تو اُس سے زبان یونانی کی تلمذ کا اتفاق ہوا۔ بعد ازیں والد بزرگوار کی اطاعت سے

Marfat.com

خانہ نشین ہوا اور نظم و نسق جاگیرات میں جو سرکار انگلشیہ سے عطا ہوئیں مصروف رہا لیکن یہ فکر ہمیشہ رہی کہ اُس کان کہنہ سے جواہر نفیسہ نکال کے قدر شناسوں کے سامنے رکھدوں مگر اس مطلب کے اتمام کے لئے کسی رئیس کا سہارا درکار تھا وہ اب تک میسر نہ ہوا اس لئے وہ بات دل ہی میں رہ گئی لیکن جب اگست ۱۸۷۲ء میں منشی محمد اکرام صاحب وکیل عدالت دیوانی ضلع اعظم گڑھ کے پاس ملنے گیا تو وہاں حمایت الاسلام جسے مسٹر گاڈفری ہگنس صاحب نے بنایا ہے اور ہمارے مہربان سید احمد خاں صاحب نے انگریزی زبان سے ترجمہ کرا کر چھاپا ہے رکھی ہوئی تھی منشی صاحب نے فرمایا کہ اس کا وہ مقام جہاں فارقلیطا کی تحقیق کی گئی ہے خوب سمجھ میں نہیں آتا تم اُس کو صاف خلاصہ کرکے لکھدو۔ لہذا میں اس لفظ و اس پیشین گوئی میں بحث کرتا ہوں۔ اولاً مجھکو کلام مسٹر گاڈفری ہگنس صاحب کا لکھنا ضرور ہے۔ لہذا میں شروع کرتا ہوں وباللہ التوفیق۔

وہ یہ ہے کہ ایک روایت مشہور ہے اور انجیلی تواریخوں میں مکتوب اور مذکور کہ عیسیٰ نے اپنی رفع سے پیشتر اپنے مریدوں سے فرمایا کہ ہم تمھارے پاس ایک شخص کو کسی نہ کسی حیثیت میں بھیجیں گے جس کو ہماری انجیل کے یونانی مترجم نے پیری کلیطاس لکھا ہے جس کا ترجمہ تشفیّ دہندہ ہے مسلمان یہ کہتے ہیں کہ وہ شخص موعود محمدؐ تھے۔ برخلاف اُس کے جو رومی پادری اور پروٹسٹنٹ کہتے ہیں کہ مراد اُس موعود سے بارہ زبانہ آتشیں ہیں جسے ہر قسم کی زبان بولنے کی طاقت عطا ہوئی تھی۔ یہ قول قابلِ قبول نہیں کیونکہ وعدہ تو ایک تشفی دہندہ کا تھا پھر یہ کہنا کہ ظہور بارہ زبانہ آتشیں وہی شخص موعود ہے فضول ہے۔ سوا اس کے حواریوں کے قوانین اور خود عیسائیوں کی کتاب سے کسی طرح پایا نہیں جاتا کہ روح القدس کا حواریوں میں آجانا تشفی دہندہ کا آنا ہو اگر ایسا ہوتا تو ضرور

Marfat.com

اُن کی کتاب میں مذکور ہوتا۔ صرف زبان سے ایسے دعوے کی تصدیق نہیں ہو سکتی۔ علاوہ اس کے یہ فیض جس سے انھیں سب زبان بولنے کی طاقت ہوئی حضرت مسیح کے سامنے ہی عطا ہوا۔ کیونکہ یوحنا کے بیسویں باب کے بائیسویں آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ خود عیسیٰ نے اپنی رحلت سے پیشتر یہ فیض اُن کو عطا کیا۔ یعنی پنٹی کاسٹ کی ضیافت میں ایک زبانہ آتشی نے ہر ایک حواری پر طاری ہو کر اُسی لمحہ اُن کو سب زبانیں بولنے کی طاقت بخشی اور اُس شخص موعود کی نسبت وعدہ یہ تھا کہ بعد مسیح کے ہوگا۔ اگر یہ کہا جائے کہ وہ فیض چند روزہ تھا پھر لے لیا گیا تو صاف معلوم ہو جائے گا کہ یہ بناوٹ و حیلہ ہے جس کا بیان اصل انجیل میں نہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ حضرت مسیح نے جو فرمایا تھا کہ میرے بعد فارقلیطہ آئے گا اُس فارقلیطہ کی مراد میں اب اختلاف ہے کہ اُس سے کیا مقصود ہے۔ عیسائی یہ کہتے ہیں کہ اُس سے مراد ایک حالت ہے جس سے سب زبان بولنے کی طاقت ہو جاتی ہے اور اُسی حالت کا وعدہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کیا تھا اور مسلمان یہ کہتے ہیں اور اکثر اگلے عیسائی بھی یہی کہتے ہیں کہ مراد اُس سے ایک شخص ہے یعنی حضرت مسیح نے وعدہ کیا تھا کہ میرے بعد ایک شخص آئے گا۔ اگلے عیسائیوں کو ایک شخص کے آنے کا انتظار تھا چنانچہ دوسری صدی میں مان ٹینی جو اس ٹرٹولین سے پہلے ہوا ہے اُس کو اُس کے پیرو شخص موعود سمجھتے تھے اور اُس کے بعد مینس کو بھی اُس کے پیرو شخص موعود سمجھتے تھے۔ یہ سب ماجرا محمد کے زمانہ سے پیشتر ہوا ہے مگر اُن کے کامیاب نہ ہونے سے سمجھا جاتا ہے کہ وے شخص موعود نہ تھے۔ قول اُن عیسائیوں کا جو کہتے ہیں کہ مراد اُس سے حالتِ خاص ہے صحیح نہیں کیونکہ فارقلیطہ کے معنی روح القدس نہیں اور یہ حالت اُن کو حضرت مسیح کے روبرو ہو چکی اور وعدہ فارقلیطہ کا بعد مسیح کے تھا اور مسلمان جو سچے عیسائی ہیں وہ

Marfat.com

بہت سے حقانی اگلے اور پچھلے عیسائی بھی کہتے ہیں کہ اُس سے مراد ایک شخص ہے جس کو یونانی مترجم نے بلفظ پری کلیطاس بیان کیا ہے مراد ایک شخص خاص ہے چنانچہ قبل بعثت محمدؐ کے انتظار اُس موعود کا تھا۔ بلکہ منٹی کاسٹ اور مینیس کے پیرونے اُسے شخص موعود خیال کیا تھا کہ بوجہ ناکامیابی کے غلط ٹھیرا۔ مسلمان کہتے ہیں کہ مراد اُس سے محمدؐ ہیں کیونکہ درحقیقت یہ لفظ پری کلیوطاس جس کے معنی محمدؐ اور احمدؐ ہیں ترجمہ کی غلطی سے یا عمداً تحریفاً بجائے پری کلیوطاس کے انجیلوں میں پری کلیطاس لکھا گیا جس کے معنی تشفی دہندہ کہتے ہیں۔ چنانچہ برنا باس کی انجیل میں پری کلیوطاس ہے جس کے معنی محمد ہیں۔ چنانچہ سیل صاحب لکھتے ہیں کہ اس مشکوک صحیفہ میں مسلمانوں نے بجائے لفظ پری کلیطاس کے پری کلیوطاس جس کے معنی احمد ہیں اپنے مطلب براری کے لئے بنا دیا ہے علاوہ اس کے وہ نسخہ جسے سینٹ جروم نے لاطینی زبان میں ترجمہ کیا ہے پری کلیوطاس تھا کہ سینٹ مذکور نے بجائے لفظ پری کلیوطاس کے لفظ پری کلیطاس لکھدیا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ درحقیقت لفظ پری کلیوطاس تھا تحریف کرکے پری کلیطاس بنایا گیا۔ چنانچہ اسے چھپانے کے لئے نورانی تحریرات دستی غارت کی گئیں۔ چنانچہ تحریرات دستی کے غارت ہو جانے کا انکار نہیں ہو سکتا اور یہ بات وہ ہے جس کی نسبت جواب باصواب دینا مشکل ہے کیونکہ چھٹی صدی کے قبل کی تحریرات ایک بھی موجود نہیں۔ اگر اس کے جواب میں یہ کہیں کہ ٹرٹولین اور دوسرے قدیم مصنفوں کی عبارتوں سے ثابت ہو سکتا ہے کہ انجیلی تواریخوں کی قرأت صحیح قدیم زمانہ میں محمدؐ سے پیشتر ایسی تھی جیسی اب ہے اُن میں تحریف نہیں ہوئی مگر اس صورت میں یہ ثابت کرنا چاہیئے کہ ان قدیم مصنفوں کی تصنیفوں میں تحریف نہیں ہوئی کیونکہ جن لوگوں نے انجیل کی تواریخوں

Marfat.com

کی قدیم تحریرات دستی کو غارت کیا اُنھوں نے ایک وصلی کو از سر نو لکھنے میں کیا تامل کیا ہوگا جس پر ایک قدیم مصنف کی تصنیف لکھی تھی! اس امر کو اوّل درجے کے حقّانی عیسائیوں نے تسلیم کیا ہی کہ اور اور مقصدوں کے لئے اُن میں تحریف ہوئی ہی اور ظاہر ہی کہ جو لوگ ایک صورت میں تحریف کریں گے وہ دوسری میں بھی کریں گے اور چونکہ لفظ مذکور عبرانی قرار دیا گیا ہی پس اگر غلط لکھا گیا ہو تو گمان غالب یہ ہی کہ ابتدا کے عیسائی مورخوں نے جو دنیا میں سب سے بڑھکر جھوٹے ہیں اپنے خاص مطلب کے لئے جھوٹ بولا ہو اور یہ گمان ضعیف ہی کہ یوحنّا حواری عبرانی شخص نے کوئی غلطی کی ہو۔ کیونکہ وہ عبری اور یونانی دونوں زبانیں سمجھتا تھا اور اگر بالفرض فضیلت کی پگڑی اُس کو نہ ملی ہو اور یہ ہیں وجہ لفظ یونانی کلیطاس کو بجائے کلیوطاس کے غلطی سے کر دیا ہو تو اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہی کہ یوحنا کی اصل متن میں تحریف ہوئی ہی۔ خلاصہ کلام اس مقام پر یہ ہی کہ فارقلیطہ لفظ عبرانی کو جسے حضرت مسیح نے خود استعمال کیا جب یوحنا حواری نے یونانی زبان میں ترجمہ کیا تو اس کا ترجمہ پری کلیوطاس جس کے معنی احمد اور ستودہ ہیں کرنا چاہتا تھا لیکن اُس نے غلطی سے لفظ پری کلیطاس سے ترجمہ کیا لہذا تحریف ترجمہ میں ہوئی۔ سیل صاحب کا یہ بیان ہی کہ اصل لفظ جسے حضرت مسیح نے استعمال کیا تھا فارقلیطہ تھا جس کے معنی ہیں ستودہ تو اس لفظ کا ترجمہ یونانی میں پری کلیوطاس ہونا چاہیئے تھا اُس کا ترجمہ پری کلیطاس غلط ہی۔ سینٹ مارس نے جس کو عیسائی صادق جانتے ہیں اس لفظ فارقلیطہ کو ایک مسلمان کے مباحثہ میں لفظ سریانی یا کلدی یا عربی تسلیم کیا ہی یونانی نہیں فقط۔ یہاں تک خلاصہ کلام ڈاکٹر ہگنس صاحب کا ہی جو اُنھوں نے درباب لفظ فارقلیط کے بحث کی ہی۔

Marfat.com

Marfat.com

مقدّمہ

اس مقام میں تحقیق مکّہ اور اُس کے اسماء کی ضرور ہے یہ شہر اقلیم دوم وسط حجاز میں ۶۶ درجہ طول اور ۲۱ درجہ ۴۰ دقیقہ عرض پر واقع ہے۔ یہ شہر بہت قدیم معلوم ہوتا ہے۔ اس شہر کے نام بہت ہیں۔ اس کی بِنا آدم علیہ السلام کے وقت میں پڑی۔ اگرچہ اس کا ثبوت تاریخی نہایت مشکل ہے لیکن انبیا کی کتاب و بیان سے اس کا پتا لگتا ہے۔ جب باقتضائے حکمت بالغہ آدم علیہ السلام واسطے تعلیم و تربیت نفوس انسانی وجود پذیر ہوئے تو ایسے مقام میں تھے جہاں ہر قسم کے درختانِ خود رویہ قدرتی قائم تھے اور نہریں واسطے سیرابی کے جاری، طرح طرح کے جانور جس سے انسان نفع پا سکتا ہے موجود۔ نہ کسی کا غم نہ کسی کی تلاش جملہ کمالات جو نوع انسان کے لئے ممکن ہیں اُن کو بلا اکتساب طبعاً حاصل تھے ہر قسم کے علوم ظاہری و باطنی جو منشار تہذیب، قوۃ نظری و عملی ہیں کہ اُسے عدالت کہتے ہیں بلا وسیلہ کسب و نظر و طریقہ فکر بالطبع کہ یہی کنایہ تعلیم الٰہی سے ہے اُن کے دل کو روشن کئے تھی۔ اُس وقت کی چیزوں میں صرف حجر اسود باقی ہے۔ گبر اس کی توجیہ یہ کرتے ہیں کہ اصل میں مہ گہ تھا کیونکہ وہاں پرستش قمر کی ہوتی تھی۔ روحانیت ماہ کو وہاں سے بڑا تعلق تھا۔ چونکہ تاثیرات قمر بوجہ قرب کے اس زمین پر زیادہ ہیں اس لئے یہ مقام ہمیشہ قبلۂ اقوام رہا۔

Marfat.com

بمرور ایام اب مکہ ہو گیا۔ اصل اس کی یہ معلوم ہوتی ہے کہ جب آدم ابوالبشر اس وادی غیر ذی زرع میں آئے تو اُنھوں نے اپنی اولاد کو اوّلاً علم فلاحت تعلیم کی کہ زمین کو قلبہ رانی وغیرہ تدبیرات سے مستعد حبوب و ثمار بستانی کریں جس میں اغذیہ متناسبہ طبع انسانی بہم پہونچے پر چونکہ تکمیل فلاحت کے لئے تقدیر ازمنہ وادوار ضرور رہی اس لئے آپ نے تعلیم ریاضی کی بنا ڈالی پہلے حساب و ہندسہ بقدر ضرورت سکھایا پھر ہیئت و نجوم کی طرف متوجہ ہوئے ایک لکڑی آپ نے گاڑدی اُس کے سایہ کو روز دیکھا کرتے جب سایہ وضع اول کی طرف عود کیا تو سمجھا کہ آفتاب پہلی وضع پر ہو گیا۔ حساب سے معلوم ہوا کہ تین سو پینسٹھ ۳۶۵ دن میں اپنی جگہ پر پہنچا تو آپ نے ۳۶۵ دن کا سال مقرر کیا۔ پھر قمر و دیگر کواکب کے رصد کی طرف متوجہ ہوئے اور مہینے قمری اور ایام اسبوع متعین کیا۔ جس پہاڑ پر یہ سب کارخانہ رہتا تھا اُس کا نام آپ نے הר הירח ہَرْ ہَیَّا رِیح یعنی جبل القمر رکھا۔ اس پر اتفاق ہے کہ حضرت آدم جبل القمر پر رہتے تھے لیکن وہ پہاڑ کہاں تھا تو قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مکہ کی پہاڑوں میں تھا۔ قریب قریب اس کے فانیطس یونانی نے تاریخ الحکما میں لکھا ہے اُسی جبل القمر کو اہل فارس مہ گہ کہتے تھے جس سے اس گہر کو مکہ کی توجیہ کا مضمون ہاتھ آیا۔ مکہ عربی و عبری میں ہلاکت کو کہتے ہیں۔ جب حضرت آدمؑ جنت سے اس وادی غیر ذی زرع میں آئے اُس مقام کو مکہ کہا پھر اُس کو حرم کیا اور اُس کا نام دارالسلام رکھا کہ وہاں خونریزی قطعاً ممنوع ہے۔ مکہ کے اسماء سے سلام بھی ہے۔ عبرانی میں اس کا نام شالیم ہے شالیم اور سلام کے معنی ایک ہیں کیا عجب ہے کہ بعد موت قابیل کے اس کا نام مکہ ہوا ہو کہ ابتدائے موت وہیں سے ہوئی[1]۔ پھر جب طوفان میں بنا اُس کی خراب ہو گئی تو حضرت نوحؑ نے بارِ ثانی

---

[1] اس بیان کے پہلے قِدم کی تحقیق ضرور ضرور ہے קדם قِدم اس لفظ کے اصل معنی ہیں سامنے عربی قدام پھر بمعنی جہت شرق پھر وہ حصۂ عرب جو فلسطین سے پورب ہے جس میں اکثر حصہ عراق داخل ہے قِدم کا ترجمہ اگر عراق کریں تو بعید نہیں۔ عراق کے حدود قاموس میں عبّادان سے موصل تک (بقیہ نوٹ بر صفحہ آیندہ)

سے اسے تعبیر کیا چنانچہ سام بن نوح وہیں رہتے تھے قرینہ اس پر یہ ہے کہ سام بن نوح کے پانچ بیٹے تھے۔ عیلام، اشور، ارفخشد، لود، ارام۔ عیلام سے قطعہ فارس آباد تھا۔ یہ قطعہ خلیج فارس کی شرقی جانب واقع ہے اس کے شمال علاقہ میدیہ جو ماوای بن یافث کے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) طولاً و قادسیہ سے حلوان تک عرضاً لکھی ہے عباداں کا طول ۷۴ درجہ ۳۰ دقیقہ و عرض ۲۹ درجہ ۴۰ دقیقہ ہے اور موصل کا طول ۶۶ درجہ ۳ دقیقہ اور عرض ۳۶ درجہ ۳۰ دقیقہ ہے قادسیہ کا طول ۶۹ درجہ ۲۵ دقیقہ اور عرض ۳۱ درجہ ۵۴ دقیقہ ہے حلوان کا طول ۷۱ درجہ ۵۴ دقیقہ اور عرض ۷۴ درجہ ۳ دقیقہ ہے لیکن اگر قدیم سے مراد وہ آبادی ہو جو بحر احمر سے پورب واقع ہو تو کل جزیرۂ عرب مقصود ہو گا چنانچہ گزینس نے ([illegible]) ہر مقدم کا ترجمہ جبل عرب کیا ہے استقیا کے دوسرے باب میں لکھا ہے ([illegible]) مالسو مقدم بر گئے قوم عرب کو قدم سے تعبیر کیا ہے۔ پیدائش باب چہارم میں ہابیل و قابیل کا قصہ یوں لکھا ہے کہ ہابیل بکریاں چراتے تھے اور قابیل مزارع تھا کچھ دنوں بعد قابیل اپنی پیداوار زمین سے للہ صدقہ لایا اور ہابیل بھی پہلے بچے اپنی بکریوں کے اور اُن کی چربی لایا اس سے سمجھا گیا کہ زکوٰۃ اس وقت فرض تھی۔ لیکن خدا ہابیل اور اس کے صدقہ سے خوش ہوا اور قابیل کا صدقہ مقبول نہ ہوا۔ اس حکایت سے مستنبط ہوتا ہے کہ کوئی مکان علیحدہ تھا جہاں یہ صدقات پہنچائے گئے۔ چونکہ قابیل کا صدقہ مقبول نہ ہوا اسے بڑا رنج ہوا اور وہ چین بچیں ہوا۔ پھر ۱۶ آیت میں لکھا ہے کہ قابیل خدا کے سامنے سے چلا گیا اور سرزمین نود میں مقیم ہوا۔ خدا کے سامنے سے چلا جانا بے معنی۔ خدا تمام جگہ ہے اس کے سامنے سے کوئی کہاں جائے گا اس کے معنی ہیں کہ اس مقام سے جہاں صدقہ لایا تھا چل دیا ان واقعات سے پیدا ہے کہ کوئی معبد تھا جہاں صدقہ پہونچایا جاتا۔ قربانی لے جاتے وہیں حضرت آدم ابو البشر مقیم تھے وہاں سے قابیل چلا گیا پھر ۲۶ آیت میں یہ ہے [illegible] الشیت گم ہو یلد بین و یقرا شمو انوش از ہو حل لقرا بشم یہوا۔ (ترجمہ) اور شیث کے بھی ایک لڑکا پیدا ہوا اس کا نام انوش رکھا اس وقت سے خدا کا نام پڑھنا (یعنی نماز) شروع ہوا۔ اس سے سمجھا گیا کہ انوش کی پیدائش سے جو ۲۳۵ھ ہبوطی میں تھی نماز فرض ہوئی اس وقت سن حضرت شیث کا ۱۰۵ برس تھا اس سے سمجھا جاتا ہے کہ حضرت آدم کے وقت میں کوئی مسجد تھی کہ وہیں نماز پڑھنے جاتے تھے صدقات جمع ہوتے تھے ایک معنی اس آیت کے اور ہیں۔ اس وقت سے طواف کیا گیا نماز کے لئے یعنی فرضیت حج کی اس وقت سے ہوئی اس لئے ضرور ہے کہ حضرت آدم کے وقت میں کوئی مسجد ہی تھی نماز کے لئے ہوں صدقات پہونچائے جاتے ہوں حج کرتے ہوں۔ قرآن میں ہابیل قابیل کا قصہ یوں مذکور ہے و اتل علیہم نبأ ابنی آدم

(بقیہ صفحہ آیندہ)

Marfat.com

اولاد سے آباد تھا واقع ہے۔ آرام کی اولاد فرات کے غربی کنارہ سے جو ملک عرب میں ہے دجلہ کے شرقی کنارے تک تا علاقہ اہواز سرحد فارس ومیدیہ تک خلیج فارس کے غربی کنارہ تک آباد تھی۔ اشور کی اولاد بھی عرب میں رہتی تھی۔ بسبب مخالفت نمرود دجلہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) بالحق اذ قربا قرباناً فتقبل من احدھما ولم یتقبل من الاخر قال لاقتلنک قال انما یتقبل اللہ من المتقین۔ پڑھ ان پر آدم کے بیٹوں کی خبر ٹھیک ٹھیک جب چڑھایا ان دونوں نے چڑھاوا تو مقبول ہوا ایک کا اور دوسرے کا مقبول نہ ہوا تو ایک نے (یعنی قابیل نے جیسا تورات میں مذکور ہے) کہا میں تجھے قتل کروں گا تب کہا کہ خدا متقین ہی کا قربان قبول کرتا ہے بیضاوی میں لکھا ہے القربان مایتقرب بہا الی اللہ من ذبیحۃ او غیرھا۔ ظاہر نصوص سے نکلتا ہے کہ دونوں بھائیوں نے قربان ایک ہی مقام میں رکھا ورنہ حسد وبغض نہ ہوتا جو منشار قتل ہوا۔ بیضاوی میں لکھا ہے کہ ہابیل قتل ہوئے حرا کے گھاٹے کے مابین یا بصرہ میں اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ واقعہ ہابیل وقابیل ملک عرب میں ہوا تو وہیں مسکن آدم ان کے باپ کا ہوگا چونکہ قربانی کا نامقبول ہونا علت قتل عند العقل نہیں ہے اور نہ اس میں کچھ قصور ہابیل کا نظر آتا۔ اگرچہ حسد سے ایسے فعل سرزد ہوتے ہیں تاہم بعید القیاس ہے اس لئے بیضاوی میں اس کی توجیہ ہے کہ لڑکی جو قابیل کے توام تھی اس کا نکاح ہابیل سے تجویز ہوا لیکن قابیل اس کے حسن وجمال کا فریفتہ تھا اور بوجہ توام ہونے کے اپنے کو احق سمجھتا تھا اس نزاع کا تصفیہ قبول قربانی ٹھہرا۔ پھر جب ہابیل کا قربان قبول ہوا تو قابیل کو کینہ وحسد سب کچھ ہوا کہ منجر بقتل ہوا یہ توجیہ قرین قیاس ہے۔ زر۔ زن۔ زمین منشار فساد مشہور ہے ایک یہودی مورخ لکھتا ہے کہ ہابیل وقابیل دونوں ایک میدان میں تھے ہابیل کی بکریاں قابیل کے کھیت میں پڑیں تو اس نے ہابیل سے کہا کہ اس میدان میں بکری نہ چرایا کر اس میں گفتگو بڑھی تو قابیل نے ہابیل کو ہل کے لوہے سے دفعتہً مار ڈالا واللہ اعلم بالصواب جب ہابیل کی قربانی قبول ہوئی اور قابیل کی مردود جس سے اس کے دل میں بغض وحسد پیدا ہوا خدا نے فرمایا۔ הלא אם
תיטיב שאת ואם לא תיטיב לפתח חטאת רבץ:
ترجمہ۔ بالضرور اگر تو اچھا کرے گا تو صعود ہے اور اگر برا کرے گا تو دروازہ پر کار بد پڑا رہے گا مطلب آیت واضح ہے کہ اچھا کام خدا تک پہنچتا ہے اور برا کام دروازہ پر پڑا رہتا ہے الیہ یصعد الکلم الطیب اس سے نکلتا ہے کہ کوئی مکان خاص عبادت کے لئے تھا دروازہ بے مکان کے نہیں ہوتا۔ الغرض یہ قرین قیاس ہے کہ آدم کے وقت میں کوئی معبد تھا اور نماز بھی تھی فتلقی آدم من ربہ کلمات۔ لیکن ان بیانات سے نہیں ثابت ہوتا کہ وہ معبد جہاں حضرت آدم نماز پڑھتے تھے طواف کرتے تھے اموال زکوٰۃ جمع ہوتے تھے (بقیہ برصفحہ آیندہ)

Marfat.com

کی اولاد سے آباد تھا واقع ہے آرام کی اولاد فرات کے غربی کنارے سے جو ملک عرب
میں ہے دجلہ کے شرقی کنارہ تک تا علاقہ اہواز سرحد فارس و میدیہ تک خلیج فارس کے
غربی کنارہ آباد تھی - آشور کی اولاد بھی عرب میں رہتی تھی - بسبب مخالفت نمرود دجلہ کے پورب
آباد ہوئی جسے ایک بڑا قطعہ آرمینیہ یعنی ارمن کے جنوب تا حد کلدیہ و سوسینہ جنوباً آباد ہوا جسے
یونانی میں اسیریہ کہتے ہیں باقی ملک عرب ارفخشد ولود کی اولاد سے آباد تھا - تفصیل اس کی یہ ہے
کہ ارفخشد کے عیبر پیدا ہوئے عیبر کے دو بیٹے تھے پیلغ اور یقطان - یقطان کثیر الاولاد تھا -
اس کی اولاد سے جنوبی حصہ عرب سمندر تک آباد تھا - اسی یقطان کو قحطان بھی کہتے ہیں اس کے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) قربانی ہوتی تھی کہاں تھا لیکن تورات کی پہلی کتاب کے ۳ باب کی ۲۴ آیت یہ ہے וַיְגָרֶשׁ אֶת־הָאָדָם וַיַּשְׁכֵּן מִקֶּדֶם לְגַן־עֵדֶן אֶת־הַכְּרֻבִים וְאֵת לַהַט הַחֶרֶב הַמִּתְהַפֶּכֶת לִשְׁמֹר אֶת־דֶּרֶךְ עֵץ הַחַיִּים׃

لغات וַיְגָרֶשׁ گارش معنی نکال دینا וַיַּשְׁכֵּן شکین آباد کرنا و بسا دینا גַּן گن معنی باغ و چھپانا اصل عربی جن کے مجازاً حفاظت עֵדֶן عدن اصل معنی اس کے ہیں خوشی وشادمانی اور نام ہے ایک عمدہ ملک کا ایشیا میں הַכְּרֻבִים کروبیم معنی ملائکہ לַהַט لھط معنی چمک חֶרֶב حرب تلوار לִשְׁמֹר شمور نگہبانی - (ترجمہ) نکال دیا خدا نے آدم کو اور بسایا حصہ عرب یعنی خواہ عراق میں عدن کی حفاظت کے لئے - ملائکہ اور درخت حیات کی نگہبانی کے لئے چمکتی تلوار مقرر کیا اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت آدم ملک عرب میں رہتے تھے تو ضرور وہ مسجد ملک عرب میں ہوگی لیکن تورات میں نکلتی کہ وہ مسجد کہاں تھی لیکن جب ہابیل کا قتل حرا کے مابین بیان ہوتا ہے تو قیاس یہی ہے کہ مسجد حرا ب کعبہ ہے بنوائی حضرت آدم کی ہے - سفر ہباشار میں جو ایک معتبر تاریخ یہود ہے لکھا ہے کہ ہابیل کے قربان پر ایک تجلی ہوئی جس میں وہ قربان غائب ہوگیا - اب قیاس ہوتا ہے کہ جب ہابیل کے قربان پر تجلی ہوئی اور وہ تھا حرا کے پاس تو حضرت آدم وغیرہ نے اس کا نام کوہ فاران رکھا - کیوں کہ فاران کے معنی تجلی ہیں پس اس خطہ میں زبان عربی جاری ہوئی تو اس کا نام جبل النور ہوا ان بیانات سے نکلتا ہے کہ مسجد کعبہ کو حضرت آدم نے بنوایا - نوح جب سفینہ سے اترے تو مذبح بنایا - پیدائش باب ۸ آیت ۲۰

Marfat.com

چند بیٹے تھے۔ الموداد شالف حضر ماوت یعنی حضرموت یارح ہدورام اوزال وقلا عوبال ابی مائل شبا یعنی شبا الموداد کو عرب مراد کہتے ہیں اور اس کی اولاد کو بنی مراد۔ یہ جنوبی عرب میں ایک پہاڑی سرزمین میں آباد تھی قریب زبید کے۔ یہ زبید ۱۴ درجہ ۱۰ دقیقہ عرض پر واقع ہے اُسی کے متصل اولاد شالف بسی تھی۔ حضرموت کی اولاد سے علاقہ حضرموت آباد تھا جس کا صدر مقام قصبہ شام تھا جو ۱۲ درجہ ۳۰ دقیقہ عرض پر واقع تھا۔ یارح کی اولاد بحر احمر کے پاس آباد تھی اُن کا عربی نام بنی ہلال ہے بوجہ پرستش قمر کے یہ نام پایا ہدورام کی اولاد بھی اُسی جنوب عرب میں آباد تھی اور زال و دقلا کی اولاد یمن میں جس کا دار السلطنت صنعا رتھا۔ شبا کی اولاد بھی جنوبی عرب میں آباد تھی الغرض یقطان کی اولاد عرب کے جنوبی حصہ میں آباد تھی جس کی شمالی حد ملک حجاز سے شروع ہوتی تھی توریت میں اُن کے پورب پچھم کی حد ظفار ومیشا بتایا ہے ظفار بحر احمر کے کنارہ ۱۳ درجہ ۲۰ دقیقہ عرض پر واقع ہے اور میشا خلیج فارس کے کنارے اور پیلغ کی اولاد علاقہ حجاز سے خلیج فارس کے قریب قریب تک بسی الغرض کل عرب سام کی اولاد سے معمور تھا۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ مسکن سام بن نوح عرب میں تھا اور بدستور وہ حرم رہا چنانچہ حضرت ابراہیم نے جب بخوف نمرود کسدیم یعنی عراق سے ہجرت کی تو پہلے مکہ میں آکر پناہ لی اور تا قیام مکہ نمرود نے ان پر حملہ نہیں کیا حضرت ابراہیم کا پناہ لینا نوح اور سام کے گھر میں توسفر ایشیا میں جو ایک معتبر تاریخ یہود ہے مذکور ہے اگرچہ اس مورخ نے کچھ غلط بھی کیا ہے۔ موسیٰ کی پہلی کتاب کے باب ۱۴ آیت ۱۸ میں ہے

וּמַלְכִּי־צֶדֶק מֶלֶךְ שָׁלֵם הוֹצִיא לֶחֶם וָיָיִן וְהוּא כֹהֵן לְאֵל עֶלְיוֹן

ملکی صدق ملخ شالیم ہوصی لحم ویاین وہو کوہین لایل علیون ترجمہ ملکی صدق بادشاہ شالیم روٹی شراب لایا اور وہ خادم تھا بڑے معبود کا۔ ملکی صدق لقب ہے سام بن نوح کا جیسا مفسرین لکھتے ہیں دیکھو

ف کوہن عبرانی میں امام دنبی کو کہتے ہیں اور کاہن کے معنی خاموش ہیں من یقوم بامر الرجل ویسعی فی حاجتہ و علیون بمعنی عالیہ جو نام ہے حجاز کا بس معنی آیت یہ ہونگے کہ سام بن نوح جو حجاز کے امام تھے ۱۲

Marfat.com

رشی وغیرہ تفاسیر یہود شالیم وہی عربی سلام ہے جو نام ہے مکّہ کا اور یہود کہتے ہیں کہ شالیم سے مراد اور شلیم ہے لیکن اس وقت اور شلیم میں مسجد نہ تھی لہذا وہ مقصود نہیں ہو سکتا ہے۔

قصہ یہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے جہاد میں فتح پائی تو سام بن نوح جو اس وقت میں امام تھے عُشر لینے کے لئے اُن کے پاس گئے اور انھوں نے دیا بھی اُسی کا ذکر اس آیت میں ہے بیانات گزشتہ سے پیدا ہو کہ مکہ اُس وقت بھی حرم تھا حضرت اسمٰعیل اور ہاجرہ کے قصہ سے بھی مستنبط ہوتا ہے کہ اس وقت یہ مسجد قایم تھی حضرت ابراہیم نے رفع نزاع کے واسطے ان کو سام بن نوح کے پاس جو اس وقت تک زندہ تھے مکہ روانہ کیا تھا مقصود یہ تھا کہ حضرت اسمٰعیل وہاں رہیں اور بعد وفات سام کے وہاں کے امام ہوں کیوں کہ ولادت حضرت اسمٰعیل ۲۰۳۴ھ ہبوطی میں تھی اور وفات سام بن نوح ۲۱۵۸ھ ہبوطی میں قصہ یہ ہو کہ ۲۰۴۸ھ ہبوطی میں حضرت اسحاق پیدا ہوئے ایک روز دونوں بھائیوں میں دربارۂ میراث کچھ گفتگو تھی حضرت اسمٰعیل نے کہا کہ میں بڑا ہوں حضرت سارہ کو یہ مباحثہ ناپسند ہوا اور حضرت ابراہیم سے کہا کہ اس لونڈی اور اُس کے بیٹے کو نکالو کہ میرے بیٹے کے ساتھ میراث نہ پاوے غالباً اس وقت حضرت اسحٰق کا سن بارہ برس کا رہا ہوگا تو لامحالہ حضرت اسمٰعیل کی عمر چوبیس برس کی ہو گی کیوں کہ ایسے مباحثے تمیز ہی سے ہوتے ہیں گو یہ بات حضرت ابراہیم کو ناپسند ہوئی پھر بنظر مآل اندیشی حضرت ہاجرہ کو اور حضرت اسمٰعیل کو مکہ روانہ کیا کچھ پانی اور زاد راہ حضرت ہاجرہ کے کندھے پر رکھ دیا اور کچھ حضرت اسمٰعیل کو دیا لیکن پانی راہ میں ختم ہو گیا مقام صفا مروہ تک بہ ہزار قباحت پہنچے ۔ حضرت اسمٰعیل پر ایسی تشنگی غالب ہوئی کہ قریب الہلاک تھے پھر جب اُن کی ماں کو پانی معلوم ہوا تو پیاس کی تکلیف رفع ہوئی اور اُسی جگہ سکونت اختیار کی یہ خلاصہ ہے تورات اور اس کی تفاسیر کا لیکن موسیٰ کی پہلی کتاب کے ۲۱ باب کی ۱۴ آیت سے عوام سمجھتے ہیں کہ حضرت اسمٰعیل اس وقت از خود چلنے لائق نہ تھے۔ آیت یہ ہے

Marfat.com

וַיַּשְׁכֵּם אַבְרָהָם בַּבֹּקֶר וַיִּקַּח־לֶחֶם
וְחֵמַת מַיִם וַיִּתֵּן אֶל־הָגָר שָׂם עַל־
שִׁכְמָהּ וְאֶת־הַיֶּלֶד וַיְשַׁלְּחֶהָ۔ وَیشکیم ابراہام بَبُوقر ویقح لحم وحیمیث مایم ویتین ال ہاغار سام عل شخماہ واث ہیلد ویشلحہا **ترجمہ** صبح کو ابراہیم اٹھے اور لیا روٹی اور مشک آب اور دیا ہاجر کو یعنی اس کے کندھے پر رکھ دیا اور لڑکے کو: یعنی دیا روٹی اور مشک لڑکے کو اور اس کو نکال دیا۔ عوام کہتے ہیں کہ روٹی پانی ہاجر کے کندھے پر رکھ دیا اور لڑکے کو عطف کرنے میں غلطی ہوئی جب اسمٰعیل کی عمر پر نظر کرتے ہیں تو یہ عطف درست نہیں ہوتا جوان مرد کو کیوں کر ہاجر کے کندھے پر رکھ دیا اس وقت حضرت اسمٰعیل کا سن ۲۴ خواہ ۲۵ برس کا رہا ہوگا جیسا گذرا۔ ربی شلومو یرحی نے تفسیر میں لکھا ہے کہ حضرت سارہ نے اسمٰعیل کو ٹوناکر دیا تھا اس لئے وے چلنے سے معذور ہوگئے تھے یہ ایک الزام حضرت سارہ پر بھی لگایا گیا نعوذ باللہ من ذٰلک۔ مسلمانوں میں یہی مشہور ہے کہ حضرت ابراہیم نے ہاجرا اور اسمٰعیل کو مکہ میں پہنچا دیا اس وقت حضرت اسمٰعیل شیرخوار تھے قسطلانی شرح صحیح بخاری میں لکھا ہے کہ اس وقت حضرت اسمٰعیل دو برس کے تھے مرجع اس کا قولِ ابن عباس ہے جو صحیح بخاری میں منقول ہے اُسے ہم نقل کرتے ہیں۔ لَمَّا کَانَ بَیْنَ اِبْرَاهِیمَ وَبَیْنَ اَهْلِهٖ مَا کَانَ خَرَجَ بِاسمٰعیل وَاُمِّ اسمٰعیل وَمَعَهُمْ شَنَّةٌ فِیهَا مَاءٌ فَجَعَلَتْ اُمُّ اسمٰعیل تَشْرَبُ مِنَ الشَّنَّةِ فَیَدِرُّ لَبَنُهَا عَلٰی صَبِیِّهَا حَتّٰی قَدِمَ مَکَّةَ فَوَضَعَهَا تَحْتَ دَوْحَةٍ ثُمَّ رَجَعَ اِبْرَاهِیمُ اِلٰی اَهْلِهٖ فَاتَّبَعَتْهُ اُمُّ اسمٰعیل حَتّٰی لَمَّا بَلَغُوا کَدَاءً نَادَتْهُ مِنْ وَّرَائِهٖ یَا اِبْرَاهِیمُ اِلٰی مَنْ تَتْرُکُنَا قَالَ اِلَی اللّٰهِ قَالَتْ رَضِیتُ بِاللّٰهِ قَالَ فَرَجَعَتْ تَشْرَبُ مِنَ الشَّنَّةِ وَیَدِرُّ لَبَنُهَا عَلٰی صَبِیِّهَا حَتّٰی لَمَّا فَنِیَ الْمَاءُ قَالَتْ لَوْ ذَهَبْتُ فَنَظَرْتُ لَعَلِّی اُحِسُّ اَحَدًا قَالَ فَذَهَبَتْ فَصَعِدَتِ الصَّفَا فَنَظَرَتْ

Marfat.com

وَنَظَرَتْ هَلْ تُحِسُّ اَحَدًا فَلَمَّا بَلَغَتِ الْوَادِیَ سَعَتْ وَاَتَتِ الْمَرْوَۃَ وَفَعَلَتْ ذٰلِكَ اَشْوَاطًا ثُمَّ قَالَتْ لَوْ ذَهَبْتُ فَنَظَرْتُ مَا فَعَلَ تَعْنِی الصَّبِیَّ فَذَهَبَتْ فَنَظَرَتْ فَاِذَا هُوَ عَلٰی حَالِهٖ کَاَنَّهٗ یَنْشَغُ لِلْمَوْتِ فَلَمْ تُقِرَّهَا نَفْسُهَا قَالَتْ لَوْ ذَهَبْتُ فَنَظَرْتُ لَعَلِّی اُحِسُّ اَحَدًا فَذَهَبَتْ فَصَعِدَتِ الصَّفَا فَنَظَرَتْ فَلَمْ تُحِسَّ اَحَدًا حَتّٰی اَتَمَّتْ سَبْعًا ثُمَّ قَالَتْ لَوْ ذَهَبْتُ فَنَظَرْتُ مَا فَعَلَ فَاِذَا هِیَ بِصَوْتٍ فَقَالَتْ اَغِثْ اِنْ عِنْدَكَ خَیْرٌ فَاِذَا جِبْرَئِیْلُ قَالَ فَقَالَ بِعَقِبِهٖ هٰکَذَا وَغَمَزَ بِعَقِبِهٖ عَلَی الْاَرْضِ قَالَ فَانْبَثَقَ الْمَاءُ فَدَهِشَتْ اُمُّ اِسْمٰعِیْلَ فَجَعَلَتْ تَحْفِزُهَا قَالَ فَقَالَ اَبُوالْقَاسِمِ صلعم لَوْ تَرَکَتْهُ کَانَ الْمَاءُ ظَاهِرًا قَالَ فَجَعَلَتْ تَشْرَبُ مِنَ الْمَاءِ فَیَدِرُّ لَبَنُهَا عَلٰی صَبِیِّهَا۔ ترجمہ جب ابراہیم اور اُن کی بی بی سارہ میں منازعت ہوئی تو لے اسمٰعیل اور ان کی ماں کو لے کے مکہ روانہ ہوئے اور تھی ان کے ساتھ ایک مشک پانی کی ہاجرہ اس کا پانی پیتی تھیں تو اُن کا دودھ لڑکے کے لئے اترتا تھا یہاں تک کہ مکہ پہنچ گئی اور ایک بڑے درخت کے نیچے بوجھ رکھا تو لوٹے ابراہیم اپنے گھر بار کی طرف تو اُن کے پیچھے لگیں ہاجرہ جب مقام کدا میں پہنچے ہاجرہ نے اُن کو پیچھے سے پکار کر کہا کس کے پاس ہم کو چھوڑ جاتے ہو کہا خدا کے پاس کہا خدا پر میں راضی ہوں تو لوٹ آئیں پھر مشک سے پانی پیتی تھیں اور اُن کا دودھ لڑکے کے لئے اترتا تھا یہاں تک کہ پانی ختم ہو گیا تو ہاجرہ نے کہا کہ چلیں دیکھیں شاید کوئی مل جاے پھر گئیں اور چڑھ گئیں صفا پر اِدھر اُدھر تاکا تو کوئی نظر نہ آیا پھر جب وادی میں پہنچیں تو دوڑیں اور سات گشت کیا پھر کہا چلیں دیکھیں لڑکے کا کیا حال ہے پھر جا کے دیکھا تو وہ بدستور ہے قریب الہلاک پھر جی نہ مانا اور کہا چلیں دیکھیں شاید کوئی نظر پڑے لیکن کوئی نظر نہ پڑا یہاں تک کہ سات گشت کیا پھر کہا چلیں لڑکے کو دیکھیں کہ ناگاہ ایک آواز سُنی تو کہا مدد کر

Marfat.com

اگر تجھ سے ہو سکے تو دفعتہً جبرئیل پہونچے اور اپنی ایڑی زمین پر ماری اور پانی جاری ہو
اور ہاجرہ گھبرا گئیں پھر تو ٹٹونے لگیں کہا ابن عباس نے کہ کہا ابو القاسم صلعم نے کہ اگر چھوڑ
دیتی ہاجرہ تو پانی سطح زمین پر ہو جاتا پھر تو پانی پینے لگیں اور اُن کا دودھ لڑکے کے لئے
جاری ہوا۔ واضح ہو کہ یہ حدیث مرفوع نہیں یہ قول ابن عباس کا ہے اور ظاہر ہے کہ
اُن کے وقت کا ماجرا نہیں کسی سے سُن کے کہا ہوگا لہذا بمقابل آیات تورات موثق نہیں ہو سکتا
جو حضرت ابراہیم کی کمال سنگدلی پر دلالت کرتا ہے انبیاء کی یہ شان نہیں ہے علاوہ بریں
دو برس کے سن میں تو وے مکے کے جنگل میں پہنچائے گئے پھر حضرت ابراہیم وہاں جب آئے
جب وے جوان ہو لئے اُن کی شادی بھی ہو گئی تھی تو ان کو حضرت ابراہیم قربانی کے لئے کب
لے گئے تو یہ اس امر متعارف کے بھی خلاف ہے فتدبّر۔ دیکھو سورہ الصافات میں جہاں قربانی
کا ذکر ہے یہ قول ابن عباس اوس کے مخالف ہے لہذا نسبت ان کی طرف صحیح نہیں۔

قال اللہ تعالیٰ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبَارَکًا وَّھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ فِیْہِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰھِیْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا وَلِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا[۱]۔ اس آیت سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ اس مقام کا نام بکہ ہے بکہ عبرانی زبان میں رونے کو کہتے ہیں چوں کہ حضرت آدم وہاں اپنے معاصی پر گریہ وزاری کرتے تھے اور وہ اُن کا بیت الحزن تھا اس لئے اُس کو

---

[۱] کہا اللہ تعالیٰ نے اول بیت جو لوگوں کے لئے بنایا گیا وہ ہے جو مکہ میں ہی مقصود یہ ہے کہ پہلا معبد کعبہ ہے اس کے پہلے کوئی معبد نہ تھا کیوں کہ معبد ہی سب کے واسطے بنتا ہے وہ کسی کی ملک نہیں ہوتا ہر شخص اس میں عبادت کرتا ہے اس سے ظاہر ہے کہ یہ مسجد حضرت ابراہیم سے پہلے بنی ورنہ یہ اول معبد نہ رہی۔ کیوں کہ نمرود کا بُت خانہ بناء ابراہیمی سے نہیں تھا علاوہ بریں حضرت نوح کا معبد بنانا بعد از طوفان ثابت ہے تورات سے، اس وجہ سے انکار ابن کثیر کہ یہ معبد حضرت ابراہیم سے پیشتر نہ تھا ناواقفی سے تھا

Marfat.com

کر گیا تیسری بنا اس کی حضرت ابراہیم و اسمٰعیل نے کی۔ چوتھی بنا ہمارے پیغمبر کے وقت میں قریش
نے ہوئی جب سن شریف ۳۵ سال تھا اور آپ بھی شریک تھے۔ یہ مقام ہمیشہ حرم رہا قال اللہ
تعالیٰ اِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ مَثَابَۃً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا وَّاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاھِیْمَ
مُصَلًّی وَعَھِدْنَا اِلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ اَنْ طَھِّرَا بَیْتِیَ لِلطَّآئِفِیْنَ وَالْعٰکِفِیْنَ وَ
الرُّکَّعِ السُّجُوْدِ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاھِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ ھٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ
اَھْلَہٗ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْھُمْ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ قَالَ وَمَنْ کَفَرَ
فَاُمَتِّعُہٗ قَلِیْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّہٗٓ اِلٰی عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ○ وَاِذْ یَرْفَعُ
اِبْرَاھِیْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ؔ ترجمہ۔ خیال کرو جب کیا میں نے گھر یعنی کعبہ کو تیرتھ و امن اور کیا لوگوں نے مقام ابراہیم کو (یعنی جواب مقام ہے نہ اس وقت) مسجد اور حکم دیا ہم نے ابراہیم و اسمٰعیل کو کہ پاک رکھو میرا گھر عبادت کے لئے (کیوں کہ طواف و عکوف و رکوع و سجود عبادت ہیں اور پاک رکھنے سے مراد ہے کہ اس میں سوائے عبادت کے دوسرا کام نہ ہو اور نیز بتوں سے جو اصنام پرستوں نے رکھ دیا تھا واضح ہو کہ جب ہابیل وہاں قتل ہوئے اور سن مرقومہ بالا میں نماز و حج فرض ہوا تو خدا نے وہاں خون ریزی حرام کر دیا پھر حضرت ابراہیم و اسمٰعیل کو حکم ہوا کہ اس میرے گھر کو اوثان سے پاک کرو اس سے صاف ہے کہ مسجد کعبہ حضرت ابراہیم سے پہلے تھی۔ پھر یہ فقرہ اذ یرفع ابراھیم القواعد من البیت دلالت کرتا ہے کہ مسجد پہلے سے تھی حضرت ابراہیم نے اس کے قواعد کو بلند کر دیا اس کو قسطلانی بھی تسلیم کرتا ہے یہاں ہم کو پیدائش ۳۴ و ۳۵ یاد آیا اسے لکھ دیتے ہیں حال یہ ہے کہ حضرت یعقوب معہ اپنی اولاد کے ناس میں جو بیت المقدس سے پورب اور کوئے پر ہے رہتے تھے اُن کے لڑکوں نے جدع سے وہاں کے رئیس اور اس کی اولاد و قوم کو قتل کر کے مال و اسباب سب لوٹ لیا جس سے حضرت یعقوب کو قرب و جوار کے حملہ کا اندیشہ ہوا تب وحی سے حکم معلوم ہوا کہ تم بیت اللہ چلے جاؤ (مصلحت یہ تھی کہ وہاں خونریزی منع تھی اور نیز وہ مسکن بھائی اسمٰعیل کا جو حضرت یعقوب کی یک جدی تھی اعانت کی امید تھی) تب حضرت یعقوب نے سونے چاندی کے اسباب ایک درخت کے نیچے دفن کر کے روانہ ہوئے اور ایک موضع میں جس کا نام لوز تھا پہونچے اور وہاں ایک مذبح بنایا اور اس کا نام بیت اللہ رکھا اس وقت سے لوز بیت اللہ ہوا اس سے ظاہر ہے کہ وہ بیت اللہ جہاں جانے کا حضرت یعقوب کو حکم ہوا تھا یہ بیت اللہ تعمیر کردہ حضرت نہ تھا بلکہ کوئی دوسرا بیت اللہ تھا سوائے کعبے کے اس وقت تک دوسرا بیت اللہ نہ تھا۔ قسطلانی شرح صحیح بخاری میں لکھتا ہے کہ دس مرتبہ کعبہ بنایا گیا لیکن جس حدیث سے کہتا ہے وہ ضعیف ہے ۱۲

Marfat.com

قولہ تعالیٰ اِذْ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَعْبُدَ الْاَصْنَامَ ایضاً جَعَلَ اللّٰهُ الْکَعْبَةَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ قِیَامًا لِّلنَّاسِ

باب اوّل بیان میں اس خبر کے جو متعلق بانجیل ہے

پہلے ہم کو یہ بحث ضرور ہے کہ فارقلیطہ کس زبان کا لفظ ہے اور کیا کیا تغیرات اس میں

لہ سورہ حج میں یوں وارد ہے اِذْ بَوَّانَا لِاِبْرَاهِیْمَ مَکَانَ الْبَیْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِیْ شَیْئًا وَّطَهِّرْ بَیْتِیَ لِلطَّائِفِیْنَ وَالْقَائِمِیْنَ وَالرُّکَّعِ السُّجُوْدِ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ط لِیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَیَذْکُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِیْ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمَاتٍ عَلٰی مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِیْمَةِ الْاَنْعَامِ فَکُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِیْرَ ثُمَّ لْیَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْیُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ **ترجمہ** یاد کرو جب اتارا ہم نے ابراہیم کو موضع کعبہ میں اور کہا ہم نے میرا شریک مت کرنا اور پاک رکھ میرا گھر پھیری کرنے والے اور مقیم اور نمازیوں کے لیے اور پکار دے لوگوں کو حج میں جب آتے ہیں میرے پاس پیادہ و سوار مسافت بعید سے حاضر ہوں اپنے منافع میں اور ایام معہود میں قربانی کریں تو کھاؤ اس میں سے اور محتاج کو کھلاؤ اور دور کریں اپنے میل اور پوری کریں اپنی نذریں اور پرانے گھر کا طواف کریں - یہ مقام دلالت کرتا ہے کہ مسجد کعبہ حضرت ابراہیم سے پہلے بھی اور وہاں لوگ عبادت کے لئے آتے تھے اور کچھ لوگ وہاں آس پاس میں رہتے تھے حضرت ابراہیم کے وقت میں یہ حکم جدید ہوا کہ قربانی خود بھی کھائیں اور دوسروں کو بھی کھلائیں جب حضرت ابراہیم سے وہ گھر بیت عتیق بیان ہوا تو شبہ نہیں کہ یہ گھر حضرت ابراہیم سے پہلے تھا اس سے نکلتا ہے کہ اور معابد جدیدہ میں حج نہ کریں بلکہ پرانے ہی گھر میں حج و قربانی کریں پیدائش باب اا آیت دوسری ויהי בנסעם מקדם וימצאו בקעה בארץ שנער וישבו שם ویہی بنسعام مقدم ویمصو بقعا بارض شنعا ویشبو شام - قدم کی تحقیق اوپر ہو چکی ہے **ترجمہ** جب وے لوگ (یعنی اولاد نوح) عرب سے چل دے تو پایا ایک بقعہ سرزمین شنعار میں (یعنی دجلہ سے پورب) تو وہیں ٹھہر گئے - یہ آیت دلالت کرتی ہے کہ اُس وقت تک اولاد نوح عرب میں رہتی تھی جہاں ان کے باپ دادا کا مسکن تھا اس کے بعد یہ لکھا ہے کہ ان لوگوں نے باہم صلاح کیا کہ یہاں ایک شہر بسائیں اور ایک مندر بنائیں شاید یہ اجتماع نہ رہے تورات میں لفظ منارہ ہے اس زمانہ میں مندروں میں ایک منارہ بطور نشان بناتے تھے جس سے پہچانا جاتا تھا کہ یہ مندر ہے چنانچہ اب بھی اوضاع شیوالہ کو لحاظ کرو یہ اس وقت کی ایجاد ہے وہاں رصد شمس کرتے تھے اور پرستش شمس بھی چنانچہ ان لوگوں نے شہر آباد کیا اور وہ

(بقیہ بر صفحہ آیندہ)

Marfat.com

ہوئے ہیں یہ لفظ عبرانی معلوم ہوتا ہے حضرت مسیح کی زبان عبرانی تھی اور یہودیوں ہی پر وعظ کرتے تھے جو ان کی قوم تھی اور اسرائیل ہی کی بستیوں میں پھرا کرتے تھے جہاں کی زبان عبرانی تھی کل کتب سماویہ قوم اور نبی کی زبان میں نازل ہوئی ہیں۔ یہ امر تجربہ سے بخوبی ثابت ہوتا ہے وحی غیر زبان نبی میں ثابت نہیں کوئی وجہ نہیں کہ خداوند کریم حضرت عیسٰی کو یونانی زبان میں کتاب دے جسے نہ وے سمجھتے تھے نہ اُن کی قوم پھر انجیل اگر کتاب آسمانی ہے تو ضرور نزول اس کا عبری میں ہوا ہوگا گو وہ اس زبان میں لکھی نہ گئی ہو بلکہ حواریوں نے اُسے یاد رکھا ہو اور پہلے پہل اس کا ترجمہ یونانی ہی زبان میں مکتوب ہوا ہو۔ لہذا ضرور ہے کہ اصل انجیل جو حضرت عیسٰی پر نازل ہوئی عبری میں تھی گو وہ اب نہیں ملتی اور یہ ضرور نہیں کہ حضرت عیسٰی جو خلاف طبع بے باپ پیدا ہوئے تو اُن کو وحی بھی خلاف عادتِ جاری یونانی زبان میں آئی ہو اس لئے کچھ شبہ نہیں کہ فارقلیط لفظ عبری ہے۔ یہ وہی ہے جسے حضرت مسیح نے استعمال کیا تھا سیل صاحب وغیرہ کا خیال صحیح ہے

مَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوۡمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمۡ نہایت سچا کلام ہے

اس لفظ کی دو قرأت ہیں اول פְּרַקְלִיטָה : پرقلیط خواہ فرقلیط دوم פְּאֵר קְלִיטָה فارقلیط ہر قرأت میں یہ لفظ مرکب ہے دو لفظوں سے قرأت اول میں پہلے لفظ فرہ ہے פְּרָה۔ دوسری لفظ קְלִיטָה قلیط۔ دوسری قرأت میں پہلی لفظ פְּאֵר۔ پار ہے خواہ فار عبری میں با۔ فارسی فا سے بدلا کرتا ہے دوسری لفظ وہی ہے جو قرأت اوّل میں تھی یہاں ضرور ہے کہ اولاً ہر ہر جزو کی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) منارہ بھی بنایا وہی شہر بابل ہے جب یہ شہر و مندر تیار ہوا اور اصنام پرستی بڑھتی گئی تو وہیں حج ہونے لگا بت پرست وہیں قربانی وغیرہ ارکان حج ادا کرتے تھے نمرود کے زمانہ تک بڑا زور شور رہا یہاں تک کہ زمانہ حضرت ابراہیم کا آیا اور اُن سے جو کچھ مناقشہ ہوا وہ مشہور ہے پھر انھوں نے بحکم الٰہی ہجرت کی اس وقت اُن کو یہ حکم ہوا جو آیت قرآنی میں مذکور ہے۔ سمجھا جاتا ہے کہ حضرت ابراہیم سے پہلے مسجد کعبہ بھی اور وہاں حج ہوتا تھا لیکن اصنام پرستوں نے ایک مندر بابل میں بنا لیا تو حج کعبہ میں فتور پڑا اس لئے حضرت ابراہیم موجب ہدایت باری تعالیٰ لوگوں کو سمجھاتے تھے کہ شرک چھوڑ دیا اور حج پر آنے لگے میں فافہم

Marfat.com

شرح کرلیں بعد اس کے اصل مطلب کی طرف متوجہ ہوں لہذا میں נביא پرِ کی مادہ میں بحث کرتا ہوں۔ مادہ اس کا بار فارسی را مہملہ اخیر میں ہمزہ ہے ماضی اس کی مجرد کا اگرچہ عدیم الاستعمال ہے נבא پایا ہے باب נפעל נבא התנבא ہتفعیل جو مثل عربی تفعیل کے ہے مستعمل چونکہ مشتقات اس سے بہت کم آئے ہیں اس لئے اصلی معنی اس کے شائع نہیں ہیں گرسنیس نے لکھا ہے کہ اصل معنی اس کے ہیں تیز دوڑنا' بھاری بوجھ اٹھانا اس مادہ سے صرف دو لفظ آئے ہیں ایک ניב נבב پورا جس کے معنی شاخ ہیں دوسری لفظ נבב پر جس کے معنی گور خر ہیں عربی میں اسی سے فر اسی معنی میں آیا ہے عربی میں بھی اس مادہ سے دوسری لفظ نہیں آئی ہے لیکن سیاق کلام و طرز بیان انبیاء سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے معنی رسول اور مسیح کے بھی ہوتے ہیں یعنی جس میں قوت دنیوۃ و سلطنت دونوں ہو کیوں کہ وہ بھاری بوجھ اُٹھاتا ہے رسالت سے بھاری بوجھ نہیں حضرت موسیٰ نے بوقت رسالت اپنے عجز و ناتوانی کا عذر کیا تھا ارمیا نے بھی یہی عذر پیش کیا تھا قال اللہ تعالیٰ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا۔ امانت سے مقصود رسالت ہے کیوں کہ امانت ضد خیانت ہے بس امانت سے وہی مقصود ہوگا جس میں احتمال خیانت ہو رسالت میں احتمال خیانت ظاہر ہے چنانچہ بعض انبیاء کو خدا بلفظ امین یاد کرتا ہے اسی وجہ سے جبریل بھی امین کہلائے اس آیت کے پہلے رسالت ہی کا ذکر چلا آیا ہے کہ انبیا کی اطاعت ضرور ہے ان کو ایذا دینا ممنوع ہے ظاہر ہے کہ یہ چیز مقصود ہوگی جو سوائے انسان کے کسی جسم میں نہ ہو یہ سوائے رسالت کے کوئی چیز نہیں بعض اشخاص کہتے ہیں کہ مقصود طاعت ہے۔ یہ بعید ہے کیوں کہ خدا کی طاعت سے کوئی خالی نہیں اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرَاتٌ بِاَمْرِهٖ بعض کی رائے ہے کہ مقصود شریعت ہے یہ ہمارے خیال سے قریب ہے لیکن اوپر کی آیات سے اُس قدر مرتبط نہیں اور نہ محل الخیانۃ۔ بس یہ

بار عظیم اولاً حضرت آدم نے لیا خدا بڑی محبت سے کہتا ہے اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا
اور نیز فرشتوں کے اعتراض سے تعرض ہے مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ کو
لحاظ کرو واللہ اعلم بالصواب اسی وجہ سے گور خر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے פאר
پار خواہ فار یہ مادہ کثیر الاستعمال ہے اصل معنی اس کے دو ہیں ایک چمک اور مجازاً اجمال
و جلال و فخر و رونق و تہذیب اس سے פאר پار خواہ فار نکلا ہے جس کے معنی جمیل
و جلیل و مفخر و مہذب و حمید و محمود و محمد ہیں کتب سماویہ میں یہ لفظ اکثر ابواب میں مستعمل ہوئی
ہے اصلاً و مجازاً بلکہ اسی عربی فورہ و فارہ سے مشتق ہے دوسرے معنی اس کے کھودنے کے
ہیں اسی پارہ خواہ فارہ چوہے کے معنی میں مشتق ہے بلکہ عربی میں بھی چوہے کو فارہ
کہتے ہیں פארן پاران خواہ فاران اسی مادہ سے نکلا ہے خواہ اس وجہ سے کہ وہ
زمین پست ہے یا بوجہ اس کے کہ وہ پرستش گاہ تھی جو باعث رونق و فخر و تجلیات کا ہوا
کرتی ہے لفظ קליט قلیط یوں ہی کتابت اس کی ہے لیکن قرات قلیطا مادہ
اس کا קלט قلط ہے یہ لفظ قلیل الاستعمال ہے اصل معنی اس کے تین ہیں ایک پناہ
لینا جس سے מקלט مقلاط نکلا ہے مقلاط کے اصل معنی مامن جائے پناہ ہیں لیکن
عرف میں اس کے معنی حرم ہیں جہاں خونریزی کرنا حرام و منع ہو موسیٰ کی چوتھی کتاب کے
۳۵ باب کے دیکھنے سے بخوبی ثابت ہو جائے گا اور یوشع بن نون کی کتاب میں بھی اس
کا ذکر ہے ערי המקלט عاری امقلاط شہرین جو حرم ہیں یعنی وہاں خون کرنا
جائز نہیں وے شہرین بنی لیوی کے متعلق تھی جہاں قاتل شبہ عمد بھاگ کے چھپتا تھا اور پناہ
لیتا تھا اور اس کا قتل وہاں جائز نہ تھا جیسے حرم موسیٰ کی چوتھی کتاب باب ۳۵ آیت ۱۲
והיו לכם הערים למקלט מגאל اور
بن گئے یہ شہرین تمہاری لئے حرم خواہ مامن خون چاہنے والے سے پس مامن خواہ حرم
جمع مقلاط ہے یوشع بن نون کے صحیفہ کے ۲۰ باب میں بھی مقلاط کے شہروں کا ذکر ہے

Marfat.com

اس کو ہم بجنسہ نقل کرتے ہیں جس سے اُن کا حرم ہونا ثابت ہوگا וידבר יה
וה אל־יהושע לאמר דבר אל בני ישראל לאמר תנו
לכם את ערי המקלט אשר דבר
תי אליכם ביד־משה׃ לנוס שמה
רוצח מכה־נפש בשגגה בבלי דעת והיו
לכם למקלט מגאל הדם׃ ויקדשו את־
קדש בגליל בהר נפתלי ואת שכם
בהר אפרים ואת־קרית ארבע היא־
חברון בהר יהודה׃ ומעבר לירדן יריחו מ
זרחה נתנו את־בצר במדבר במישר
ממטה ראובן ואת ראמת בגלעד ממט
ה גד ואת גולן בבשן ממטה מנשה׃
אלה היו ערי המועדה לכל בני ישראל ולגר ה
גר בתוכם לנוס שמה־ כל מכה נפש בשגגה ול
א ימות ביד גאל הדם עד עמדו לפני ה
עדה : **ترجمہ** خدا نے یوشع سے یوں کہا بنی اسرائیل سے کہہ دے کہ معین کرو اپنے لئے
پناہ یا حرم کی شہریں جو کہ ہم نے تم سے کہا موسیٰ کی معرفت - قاتل کے وہاں بھاگ کر پناہ
لینے کے لئے جس نے کسی کو سہواً ہلاک کیا ہو کہ ہوں گی وے شہریں تمہارے لئے مامن خون
چاہنے والے سے (مامن ترجمہ مقلاط کا ہے بھاگ کر پناہ لینا לנוס - نوس کا ترجمہ ہے نوس
کے معنی بھاگ کر پناہ لینا اسی وجہ سے מנוסה - منوسہ اس مقام کو کہتے ہیں جہاں
کوئی بھاگ کر پناہ لے) تب پاک کیا بنی اسرائیل نے قدش کو گالیل میں نفتالی کے پہاڑ میں

Marfat.com

اور شیخم کو افرائیم کے پہاڑ میں اب اُسے نابلس کہتے ہیں ۷ ۵ درجہ ۳۰ دقیقہ طول ۳۲ درجہ ۲ دقیقہ عرض پر واقع ہے اور قریت اربع جو حبرون ہے یہودا کے پہاڑ میں اور اردن پار یریحو کو پورب معین کیا بصر کو میشور کے میدان میں ریئوبین کی سبط سے اور اموث کو گلعاد میں گاد کی سبط سے اور گالون کو بادشان میں منشا کی سبط سے (پس چھ مقام مقلاط یعنی حرم تھے قدش - شیخم - حبرون - بصر - راموث - گالون) یہ شہرین مجمع کی ہیں سب کے لئے بنی اسرائیل اور جو لوگ اُن میں رہتے ہوں وہاں بھاگ کر پناہ لینے کے لئے جس نے کسی کو ہلاک کیا ہو وہ مارا نہ جائے گا خون چاہنے والے کے ہاتھ سے جب تک وہ جماعت کے سامنے قایم ہو ان آیات سے ثابت ہے کہ چھ شہرین مرقومہ بالا مقلاط یعنی مامن تھے اوران کو تقدیس کی لفظ سے بیان کیا ہے پس معلوم ہوا کہ یہ مقامات پاک تھے اور وہاں خون جائز نہ تھا اور مقلاط کہلاتے تھے یعنی حرم: اونقلوس جو بہت پہلا مترجم ہے اس نے تمام مقلاط کا ترجمہ کلدی زبان میں זכותא زخوتا کیا ہے اس کے معنی زکوٰۃ اور طہارت کے ہیں یعنی حرم جہاں خون جائز نہیں ربی شلوموسحاق نے موسیٰ کی چوتھی کتاب کے ۳۵ باب کی ۱۳ آیت کی تفسیر میں لکھا ہے שלש ערים שבעבר הירדן לא היו קולטות עד שנבחרו שלש ערים שבארץ כנען: ترجمہ تین شہرین جو اردن اس پار تھے حرم نہ ہوئے جب تک منتخب نہ ہوئے جسے معین کیا یوشع نے ملک کنعان میں پس ترجمہ קולטות جو جمع ہے قولاط کی اور اسی مادہ قلط سے نکلا ہے حرم ہے پس قلیطہ کے معنی امن و حرم ہیں دوسرے معنی اس کے جمع یعنی اکٹھا کرنا گویا یہ قلب ہے לקיטה لقیطہ کا جو اس معنی میں کثیر الاستعمال ہے چنانچہ عربی لفظ بھی اسی سے ماخوذ ہے لقیطہ ہر قسم کی جمع کرنے کو کہتے ہیں خواہ چیزیں زر جیسے پھل وغیرہ خواہ آدمی ہو چنانچہ شوفطیم یعنی سفر القضاہ کی ۱۱ باب کے تیسری آیت

Marfat.com

میں لکھا ہے: וַיִּתְלַקְּטוּ אֶל יִפְתָּח אֲנָשִׁים רֵק
ים: ترجمہ جمع ہوئے یفتاح کے پاس مفلس لوگ: יִתְלַקְּטוּ ثیلقطو جو
لقط سے نکلا ہے اسی کے معنی ہیں مجتمع ہوئے اور اُسی سے יְלַקֵּט یلقوط جہولی
کے معنی میں مشتق ہے جس میں چیزیں اکیٹھا کی جاتی ہیں الغرض لقیطہ تو اس معنی میں کثیر الاستعمال
ہے اور قلیطہ جو اس کا مقلوب ہے بہت کم مستعمل ہے پس مقلاط کے معنی جیسا کہ مامن و حرم ہیں
ویسا ہی اس کے معنی مثابہ و مجمع بھی ہوں گے چنانچہ یوشع کے ۲۰ باب کی ۹ آیت میں
ان شہروں کو مقلاط تھے עָרֵי הַמּוּעָדָה موعادہ سے بیان کیا ہے جس کے معنی مثابۂ و مجمع
ہیں گویا یہ تفسیر ہے مقلاط بمعنی ثانی کی لہذا قلیطہ کے معنی اجتماع ہوں گے چنانچہ بعض لغات
میں اس کی تفسیر اجتماع سے کی گئی ہے پھر مجازاً اس کے معنی سکڑ جانے کے ہوئے جسے
کوتاہی لازم ہے کہ اُسی سے קָלוּט قالوط بونے کے معنی میں مشتق ہے اور اسی سے
عربی قلاط ماخوذ ہے بمعنی بونا تیسرے معنی اس کے مجازی دق کے ہیں لہذا قلیطہ کے معنی
دق ہی ہوں گے اس لئے قلیطہ کے تین معنی قرار پاتے ہیں امن - اجتماع - دق یعنی
کوٹنا یا مامن خواہ حرم مجمع یا مثابہ مدق اس میں کچھ شبہ نہیں کہ مکہ ہمیشہ حرم تھا کہ وہاں
خونریزی جائز نہ تھی اور اب تک وہی بات قایم ہے جیسا مقدمہ میں بیان ہوا قال
اللہ تعالیٰ مَنْ دخلہ کان آمنا پیغمبر خدا نے فرمایا ہے اِنَّ ھٰذَا الْبَلَدَ حَرَّمَہُ
اللّٰہُ تَعَالٰی یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فَھُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی
اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَاِنَّہٗ لَمْ یَحِلَّ الْقِتَالُ فِیْہِ لِاَحَدٍ قَبْلِیْ وَلَمْ یَحِلَّ لِیْ اِلَّا
سَاعَۃً مِّنْ نَّھَارٍ فَھُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَۃِ اللّٰہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اھ یہ حدیث عبداللہ
ابن عباس سے مروی ہے اور بعض طریق میں آیا ہے وَاِنَّہٗ لَمْ یَحِلَّ لِامْرِءٍ یُّؤْمِنُ
بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ یَّسْفِکَ بِھَا دَمًا پس اس وجہ سے اُسے قلیطہ کہنا جائز
ہے اُسے شالیم اور سلام کہتے ہیں اور بمعنی ثانی بھی اُسے قلیطہ کہہ سکتے ہیں اِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ

Marfat.com

مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا قرآن میں وارد ہے یام بن نوح کا رہنا وہاں دلالت کرتا ہے
کہ وہ مقام حج تھا اور حضرت ابراہیم کا حضرت اسمٰعیل کو وہاں پہنچا دینا اور وہاں جرہم
کے قبیلہ میں شادی کرنا جیسا قدیم تواریخ سے ثابت ہوتا ہے اس کا موید ہے۔ یہ بات
بالکل عقل کے خلاف ہے کہ حضرت ابراہیم نے ہاجر کو جوان کی خدمت میں ہمیشہ رہیں اور
حضرت اسمٰعیل نے اپنے بیٹے کو فقط حضرت سارہ کے کہنے سے جنگل و میدان میں چھوڑ دیا
کہ ان کو شیر و بھالو نوچ ڈالے یہ اخلاق انبیاء سے بعید ہے۔ اور بمناسبت معنی ثالث بھی
اسے فارقلیط کہہ سکتے ہیں جیسا کہ بکہ بوجہ ازدحام کے اسے کہتے ہیں۔ مقدمہ میں اس کا بیان
کر چکا ہوں۔ اب ہم متوجہ ہوتے ہیں اصل مطلب کی طرف کہ فارقلیط کہ جس کی بشارت
حضرت مسیح نے دیا اس سے مقصود کیا ہے پس بموجب قرأت اول جب اسے פרקליט
פר קלוט فرقلیط پڑھیں معنی اس کے ہیں رسول مکہ اس سے سوائے پیغمبر خدا کے دوسرا
مراد ہو نہیں سکتا اور بموجب قرأت دوم یعنی פאר קלוט فارقلیط اس
کے معنی ہیں محمد مکہ۔ ایسی صورت میں تو کچھ شبہ نہیں رہا اور اگر فار کے معنی فخر بھی ہوں تو
فخر مکہ سے آپ ہی مراد ہو سکتے ہیں لیکن جب اس کے معنی محمد ہیں تو اب دوسرے معنی لینا
عبث ہے۔ اب ہم ایک ستر اس پیشین گوئی کی لکھتے ہیں جیسا اکثر پیشین گوئیوں میں یہود
کرتے ہیں۔ ستر اس میں یہ ہے کہ بحساب جمل فارقلیط کی عدد ۳۴۵ ہوتی ہے اس کی مفردات
ہم لکھتے ہیں ف ۸۰ ا ۱ ر ۲۰۰ ق ۱۰۰ ل ۳۰ ی ۱۰ ط ۹ ہ ۵ اور یہی عدد ابوالقاسم بن عبداللہ
کی بھی ہوتی ہے اس کی مفردات یہ ہیں اب و ال ق اس م ب ن ع ب
د ال ل ہ عبرانی کتابت میں اللہ میں صرف الف ہوتا ہے قَالَ اللّٰہ تعالیٰ
مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُہٗۤ اَحْمَدُ شعر

مستاع آمدیاں عیسیٰ من گلشن وحدت | بجاں آں نمیہ بجر یدم ہم از عیسیٰ بازانی

واضح ہو کہ حضرت مسیح نے یہ پیشین گوئی ان الفاظ سے جو قدیم الایام سے چلی آتی ہے

Marfat.com

بالفاظ متقاربہ ہے لے ہم لکھ دیتے ہیں جس سے اس پیشین گوئی کے معنی خوب جلی ہو جائیں گے ۔

باب دویم متعلق بکتب عہد عتیق

پہلے حضرت ہاجر سے فرشتہ نے کہا حضرت موسیٰ کی پہلی کتاب کے ۱۶ باب میں لکھا ہے ויאמר לה מלאך יהוה הנך הרה וילדת בן וקראת שמו ישמעאל כי שמע יהוה אל עניך : ترجمہ خدا کے فرشتے نے اس سے (یعنی ہاجر سے) کہا خبردار تو حاملہ ہے اور بیٹا جنے گی تو اس کا نام اسمٰعیل رکھنا کہ خدا نے تیرے درد پر نظر کی اسمٰعیل کی معنی عبری زبان میں مقبول خدا ہیں چنانچہ اونقلوس نے اس کے ترجمہ میں لکھا ہے ותקרין שמיה ישמעאל ארי קביל יי צלותיך : ترجمہ تو اس کا نام اسمٰعیل رکھنا کہ خدا نے تیری دعا قبول کی اس مقام سے ظاہر ہے کہ فرشتے نے حضرت ہاجر کو بشارت دی تھی کہ لڑکا جو تیرے پیدا ہو وہ مقبول بارگاہ کبریا ہوگا نام ہی اس معنی پر دلالت کرتا ہے והוא יהיה פרא אדם ידו בכל ויד כל בו ועל פני כל אחיו ישכן : وِہُو یِہیِہ پرِ آدام یادو بکول وِیاد کُول بُو وِعَل پنی کُل اِحاو یشکون ترجمہ وہ رسول ہوگا اس کا ہاتھ سب پر ہوگا اور سب کا ہاتھ اس پر اور اپنے سب بھائیوں کے سامنے آباد ہوگا پرِ آدام خواہ فرِ آدام اس کے معنی ہیں رسول و خلیفہ گو غور سے تو کچھ مطلب نہیں نکلتا خصوصاً جب آدم کے ساتھ متصل ہے جس کے معنی انسان ہے اس کا ہاتھ سب پر اور سب کا ہاتھ اس پر اشارہ بعیت کی طرف

Marfat.com

ہے یعنی وہ موعود رسول ہوگا اور بیعت لے گا۔ یہ خواب حضرت ہاجرنے دیکھا تھا
کیوں کہ آگے چل کر خود ہاجرنے کہا ہے کہ میں نے خواب دیکھا اس خواب کی تعبیر
حضرت ہاجرا اور بہت لوگوں نے حضرت اسمٰعیل پر ٹھہلایا حالاں کہ یہ خبر بہ نسبت ہمارے
پیغمبر کے تھی۔ خواب کی تعبیر میں کیسی قدر فرق ہو گیا کیوں کہ حضرت اسمٰعیل کی رسالت ثابت
نہیں کوئی شریعت ان کو ملی نہ تھی اور بیعت کا طریق صرف ہمارے پیغمبر کے وقت میں
اجرا ہوا انبیاء سابقین کے زمانہ میں دستور بیعت کا نہ تھا قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ
اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْہِمْ
یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَکَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَکَ اھ اور احادیث بیعت بہت ہیں
اپنے سب بھائیوں کے مقابل میں آباد ہوگا اس سے مقصود یہ ہے کہ اس کی شریعت
جملہ انبیاء بنی اسرائیل کے مخالف ہوگی بھائیوں سے مراد انبیاء بنی اسرائیل ہیں
اور آبادی انبیاء ان کی شریعت کا جاری ہونا اور شیوع دین ہے علاوہ بریں
שכינה شجنہ جسے عربی میں سکینہ کہتے ہیں روح القدس سے مراد ہے
وہ اسی مادہ سے نکلا تو معنی آیت یہ ہوتے ہیں کہ بمقابل سب بھائیوں کے اس پر وحی
نازل ہوگی نتیجہ ایک ہے الغرض ہاجر کے اس خواب سے حضرت ابراہیم اور بہت
لوگوں کا یقین تھا کہ حضرت اسمٰعیل کی نسل سے کوئی رہنما جو خلق کو ہدایت کرے پیدا
ہوگا چوں کہ یہ پہلی خبر ہے جو ہمارے پیغمبر کی نسبت دی گئی لہٰذا ہم اس کے بیان میں
بسط چاہتے ہیں واضح ہو کہ פרה پرہ کا مادہ פרא پارا ہے جس کا
مجرد غیر مستعمل ہے اور بہت الفاظ اس سے مشتق نہیں ہوئے ہیں۔ گزینس کے بیان سے
نکلتا ہے کہ اس کے اصل معنی ہیں تیز دوڑنا بھاری بوجھ اٹھانا اسی مناسبت سے حمار الوحش
یعنی جنگلی گدھے کو פרה پرہ کہتے ہیں کہ وہ تیز دوڑتا ہے اور بھاری بوجھ اٹھاتا
ہے عربی میں بھی حمار الوحش کو فرہ کہتے ہیں وہ یہیں سے گیا ہے۔ پھر مجازاً اس کے معنی سیادت

Marfat.com

خواہ امامت وخلافت وہدایت ہوئے ہفریا הִפְרִיא פָּרָה اسی سے نکلا ہے
بمعنی خلافت وہدایت פֶּרֶא پرا حمار الوحش اس معنی میں یہ لفظ کثیر الاستعمال ہے۔
لیکن جب مضاف ہو آدام یعنی انسان کی طرف פֶּרֶא אָדָם پرا آدام
تو اس کے معنی خلیفہ و رہنما خواہ رسول ہوتے ہیں چنانچہ بادشاہ یرموث کا لقب
פִּרְאָם پرام تھا غالباً یہ مخفف پرا آدام کا ہے چونکہ اس کی رائے پر جملہ نظم و
نسق سلطنت تھا اور متقنن تھا وہی قوم کا ہادی اور رہنما بھی تھا اور خلیفہ و حکمران بھی
اس لئے یہ لقب اختیار کیا گیا پرا آدام نظیر ہے עֶגְלֵי עַמִּים عِغلی عمیم
کا עֵגֶל عِغل سانڈ کو کہتے ہیں עַמִּים عمیم بمعنی اقوام پس ترجمہ لفظی
اس کا قوم کا سانڈ لیکن مراد اس سے خلیفہ و رہنمائے اقوام ہوتا ہے سیدالقوم خادمہم
اونقلوس نے پرا کا ترجمہ مرود کیا ہے اس کا مادہ רוד رود ہے جس کے معنی
ہیں آزاد ہونا رجوع کرنا پھرنا پس مرود کا ضمہ اگر مجہول ہو تو اس کے معنی مرجع
ہوں گے اور اگر معروف ہو تو اس کے معنی مطاع ہوں گے تو معنی آیت یہ ہوئے
کہ وہ مولود مرجع بنی آدم خواہ مطاع آدمیان ہوگا الغرض פֶּרֶא אָדָם
پرا آدام کے اصل معنی ہیں تو ی معنی مجازی مطاع رسول یہ جملہ صفات آنحضرت میں تھے
بخلاف حضرت اسمٰعیل کے יָדוֹ בַכֹּל וְיַד כֹּל בּוֹ یادو بکول
بو یاد عربی ید ہے واؤ ضمیر واحد غایب کول عربی کل ہے بار موحدہ جو اس فقرہ میں
ہے وہ مفید اعانت ہے جیسا دوسری سموئیل کے ۲۴ باب کی ۱۷ آیت میں ہے ہندی
محاورہ میں بھی بولتے ہیں اس کا ہاتھ مجھ پر ہے یعنی وہ میرا حامی و مددگار ہے۔
معنی فقرہ یہ ہوئے کہ اس کا ہاتھ سب پر ہوگا یعنی وہ سب کا حامی و مددگار اور سب
اس کے چنانچہ آپ بڑے کریم تھے تواریخ کے دیکھنے سے بخوبی ثابت ہو جائے گا صحابہ
کیسے جاں نثار تھے ایسا کسی پیغمبر کے حواری نہ تھے ایسا ہی اونقلوس نے ترجمہ کیا ہے

Marfat.com

جس کا حاصل یہ ہی کہ وہ سب کو محبوب ہوگا اور سب اس کو قال اللہ تعالیٰ اِنَّهٗ
لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ مُطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ
گرنیس نے اس فقرہ کے معنی یہ لکھا ہے کہ وہ سب کے مخالف ہوگا اور سب اس کے اگر یہ
تسلیم بھی ہو تو ہرج نہیں کہ آپ جملہ کفار کے مخالف تھے اور جملہ اہل مل آپ کے بخلاف
حضرت اسمٰعیل اور ربی اسحٰق نے جو پڑ آدام کے معنی شکاری لکھا ہے تو ہرج نہیں بلا شبہ
آپ سب کو مسخر کر لیتے تھے اب ہم اس آیت کے ایک معنی اور لکھتے ہیں فرشتہ نے
حضرت ہاجرہ سے کہا لڑکا جو تیرے پیدا ہوگا اس کا نام یشمُع ایل رکھنا یہ لفظ یا تو مرکب
ہے دو لفظوں سے یشمُع و ایل لفظ اول صیغہ مضارع ہے مادہ اس کا שָׁמַע
شمَع ہے وہ مثل عربی سمع کے بمعنی سماعت ہی اور مجازاً بمعنی قبول کرنا و ماننا اور ایل کے
معنی ہیں قوی و شجاع اور اسماء الحسنیٰ سے بھی ہے اس کے لغوی معنی ہوں گے ماننے گا
خدا کو یعنی خدا پرست ہوگا اس میں کچھ شبہ نہیں کہ حضرت اسمٰعیل خدا پرست تھے یا معنی اس کے
یہ ہوں گے کہ قبول کرے گا ایل یعنی قوی کو جو آنحضرت کے ناموں سے ہے صحیا اشعیا
کی کتاب میں بھی مذکور ہے جس کا بیان آگے آئے گا پس معنی یہ ہوئے کہ تو اس کا نام
یشمع ایل رکھنا کہ وہ قابل ایل یعنی محمد کا قبول کرنے والا ہوگا یعنی اس سے محمد پیدا ہوگا
لیکن فرشتہ نے وجہ تسمیہ یہ بیان کیا کہ خدا نے تیری دعا قبول کی جس کا حاصل مقبول خدا ہی
یا یہ لفظ مرکب ہے تین لفظوں سے יֵשׁ מֵעַ אֵל یشْ مَع ایل
لفظ اول فارسی ہست ہندی ہے کے بمنزلہ ہے لفظ دوم کے معنی صلب باطن و پیٹ
و انتڑی ہیں عربی معی اس کی מֵעַ معی تھی لفظ سیوم کے معنی بیان ہو چکے پس
معنی یہ ہوئے کہ ہے صلب ایل یعنی محمد مطلب یہ ہی کہ تو اس کا نام یشمع ایل رکھنا کہ
ہے وہ مولود صلب ایل اس سے ایل یعنی محمد پیدا ہوگا اب اس کے بعد جو کچھ ہے کہ وہ
رسول ہوگا اور مطاع ہوگا اور سب شان میں اسی ایل کی ہے جو نام ہے آنحضرت

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ آنحضرت نے فرمایا ہے کہ میں دعا رہوں ابراہیم کی اور بشارت ہوں عیسیٰ کی اور جو دیکھا میری ماں نے دعاے ابراہیم کا بیان آگے آئے گا اور بشارت عیسیٰ کا بیان ہو چکا اور جو دیکھا میری ماں نے اس سے مراد یہی خواب ہے جو حضرت ہاجر نے دیکھا تھا۔ یا رب صل وسلم دائماً ابداً ۔ علی نبیک خیر الخلق کلھم شعر

قاسم رحمت ابوالقاسم رسول اللہ کہ ہست

در ولائے او خدیو عقل و جاں مولائے من

اب ہم اس آیت کے معنی جو یہود کہتے ہیں لکھ دیتے ہیں اونقلوس نے اس کا ترجمہ کلدی زبان میں یوں لکھا ہے [illegible] [illegible] [illegible] : ترجمہ وہ انسان میں آزاد ہوگا (یعنی وہ قوائے مدرکہ و محرکہ کے پھندے سے آزاد ہوگا جیسے لکھا ہے [illegible] آزاد خدا کے ساتھ یا راجع الی اللہ پس مرود کے معنی آزاد ہیں جیسے رد کے معنی اونقلوس نے فرا کا ترجمہ مرود سے کیا ہے جس کے معنی آزاد ہیں حالاں کہ فرا کے معنی آزاد کہیں مستعمل نہیں (تاہم ہمارے مطلب سے چنداں دور نہیں) وہ سب کو محبوب ہوگا اور سب بنی آدم اس کو محبوب ہوں گے ربی سلیمان یرحی نے اپنی تفسیر میں فرا آدام کے معنی شکاری لکھا ہے حالاں کہ استعمال سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ فرا آدام کے معنی شکاری آئے ہیں اس کا ہاتھ سب پر ہوگا جو آیت میں ہے اس کے معنی لکھا ہے کہ وہ ظالم ہوگا واللہ اعلم یہ معنی کہاں سے تراشا ہے یہ آیت نمبر ایک جو گزری اس کے مخالف ہے اس طرح کے بیہودہ معنی جو یہودیوں کے جی میں آیا لکھ دیا ہے چوں کہ حضرت ابراہیم کو معلوم تھا کہ اسمعیل کی شان بڑی ہے تو انھوں نے ایک موقع میں دعا کی [illegible]

לפניך : ترجمہ کاش اسمٰعیل قائم رہتا تیرے سامنے مقصود اس سے یہ تھا کہ اسمٰعیل کی شریعت ہمیشہ قائم رہتی کیونکہ انسان ہمیشہ زندہ نہیں رہ سکتا جیسا دلائل سے ثابت ہے۔ شیخ بو علی سینا و امام فخر الدین رازی کی تصانیف میں دیکھو تو نبی ایسی شے کے لئے دعا نہیں مانگتا جو ناممکن الوقوع ہو لہٰذا حضرت ابراہیم کی دعا یہ تھی کہ شریعت حضرت اسمٰعیل ہمیشہ جاری رہے اور یہ دعا قبول ہوئی چنانچہ اگلی آیت میں لکھا ہے ולישמעאל שמעתיך הנה ברכתי אתו ו הפריתי אתו והרביתי אתו במאד מאד שנים עשר נשיאם יוליד ונתתיו לגוי גדול : ترجمہ اسمٰعیل کے بارہ میں میں نے تیری دعا قبول کی اس کو خلافت دی ہم نے اور اس کو عظمت اور جبروت دی ہم نے زیادہ سے زیادہ بارہ امام اس سے پیدا ہوں گے اس کو بڑی قوم کروں گا واضح ہو کہ حضرت ابراہیم نے دعا کی تھی شریعت کے ہمیشہ جاری رہنے کی وہ قبول ہوئی لیکن حضرت اسمٰعیل کو کوئی شریعت ملی نہیں البتہ یہ بات ہمارے پیغمبر کے وقت میں پوری ہوئی اب یہاں دو لفظوں پر بحث ہے ایک הפריתי ہِفرِیتی یہ لفظ اسی مادہ פרה فرہ سے نکلا چونکہ الف غیر مقروء تھا اس لئے گر گیا پس ہِفرِیتی کے معنی ہیں میں اس کو فرآدام کروں گا جیسا کہ خواب ہاجرہ کو ہوا تھا دوسرے لفظ במאד מאד بماد مُود معنی تو اس کے ہیں کثیراً کثیرا لیکن یہ اشارہ ہے پیغمبر کے نام کی طرف اس طرح کہ محمد بحساب جمل ۹۲ ہے بِمادِماد کے عدد بھی ۹۲ ہے بارہ امام اس سے نکلیں گے مطلب یہ ہے بِماد ماد یعنی محمد سے بارہ امام پیدا ہوں گے یہاں بھی حدیث اثنا عشر خلیفہ کی مشہور ہے یہ سب باتیں ہمارے پیغمبر کے وجود باجود سے پوری ہوئیں اس آیت میں جو ונתתיו לגוי גדול : اُنِیتِیو لگُوئی گادول واقع ہے اس فقرہ کے ایک معنی اور ہیں وہ یہ ہیں کہ دیا ہم نے اس کو

Marfat.com

(یعنی اسمعیل کو) بڑی قوم یعنی محمد لگوی گادول کے عدد اور محمد کے عدد ایک ہی ل گ دی گ د ول یہ رموز اس آیت کے تھے گادول عبرانی میں بدون الف ہوتا ہے اس آیت کا ترجمہ یوں ہونا چاہیئے کہ خلافت دی ہم نے اس کو اور عظمت و جبروت بہت زیادہ بارہ امام اس سے پیدا ہوں گے یعنی دیا ہم نے اُسے محمدؐ۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ جب حضرت اسمعیل تیرہ برس کے تھے اس وقت حضرت کو ختنہ کا حکم ہوا اور یہ بشارت ہوئی کہ سارہ کے لڑکا ہوگا جس کی نسل سے سلاطین پیدا ہوں گے اس وقت حضرت ابراہیم سربسجود ہوئے اور دعا حضرت اسمعیل کی رسالت کے لئے مانگی کہ اس کی شریعت ہمیشہ قائم رہے وہاں سے حکم ہوا کہ رسالت تو اسحق کو ملے گی یعنی وہی صاحب کتاب و شریعت ہوگا تیری دعا میں نے اسمعیل کے حق میں قبول کی چنانچہ اس دعاء کا ذکر سورہ بقرہ میں اس طرح ہے رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ اے ہمارے مالک قایم کر اُن میں (یعنی قوم میں) رسول ان میں سے کہ پڑھے ان پر تیری نشانیاں (یعنی ثابت کرے) کہ ایک ہستی پاک واجب الوجود لائق پرستش ہے اور اس کی تصدیق کرائے) اور سکھائے ان کو کتاب (یعنی اوامر و نواہی یعنی حکمت عملی) اور حکمت (یعنی حکمت نظری) اور ان کو پاکیزہ کرے (یعنی بازالۂ رذایل و اقامت فضائل ان کو مہذب کرے یعنی بہ تہذیب قوۂ نظری و عملی ان کو کامل کرکے سرور ابدی کو پہنچائے) حضرت اسحق نے اپنے بیٹے عیص کے لئے دعا کی تھی اس میں یوں کہا ہے וְעַל־חַרְבְּךָ תִחְיֶה וְאֶת־אָחִיךָ תַּעֲבֹד וְהָיָה כַּאֲשֶׁר תָּרִיד וּפָרַקְתָּ עֻלּוֹ מֵעַל צַוָּארֶךָ׃ ترجمہ تو اپنے ہتھیار پر زندگی بسر کرے گا اور اپنے بھائی کی اطاعت میں رہے گا لیکن جب وے مردود و برگشتہ ہوں گے تو تو اپنی گردن سے طوق دور کرے گا یعنی جب حکم تورات اُن سے لے لیا جائے گا یعنی اٹھا دیا جائے گا تو اس وقت تو ان کی اطاعت نہ کرنا چنانچہ بنی عیص تا زمانِ اسلام

Marfat.com

توراۃ کے مطیع رہے زمان اسلام سے آزاد ہو گئے اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ کوئی
وقت ایسا آئے گا کہ حکم توراۃ منسوخ ہو جائے گا ترجمہ اونقلوس ہمارے اس خیال سے بہت
قریب ہے וְעַל חַרְבְּךָ תִחְיֶה וְאֶת אָחִיךָ
תַּעֲבֹד וְהָיָה כַּאֲשֶׁר תָּרִיד
וּפָרַקְתָּ עֻלּוֹ מֵעַל צַוָּארֶךָ׃

ترجمہ تو اپنے حربہ پر زندگی بسر کرے اور اپنے بھائی کی خدمت گزاری میں رہے گا
لیکن جب اس کے لڑکے کلمات توراۃ سے تجاوز کریں گے تو تو اپنی گردن سے اُس کا طوق
نکال ڈالنا۔ تجاوز کرنے سے مقصود یہی ہے کہ حکم توراۃ اٹھ جائے کیوں کہ اگر اس سے نافرمانی
توراۃ مراد ہو تو وہ یارلعام بن بناط ہی کے وقت سے شروع ہو گئی تھی لیکن بنی عیص تبعیت
بنی اسرائیل سے باہر نہ تھی فقد بہرحال یہ ہے کہ حضرت اسحٰق نے اپنے مرنے سے پہلے حضرت
یعقوب کے حق میں یہ دعا کی تھی کہ دے خدا تجھے آسمانی شبنم سے اور نفائس ارض سے
اور غلہ کثیر اور شراب تیری اطاعت کرے گی اقوام تجھے سجدہ کریں گی قبائل اپنے
بھائی پر فضیلت رکھ تیری اولاد مادری تجھے سجدہ کریں گی تجھ پر لعنت کرنے والا
ملعون ہو اور تجھ پر درود بھیجنے والا مبارک ہو آسمانی شبنم سے مراد وحی ہے نفائس
ارض سے مقصود تعدیل حرکات ارادی وطبعی کیوں کہ اس جسم خاکی کی نفائس یہی ہیں باقی
سب ظاہر ہے جو کچھ دعا مانگی گئی اس سے عیاں ہے کہ اُن کی اور ان کی اولاد کی رسالت
کے بارہ میں یہ دعا تھی کہ اس سے زیادہ کوئی چیز انسان کے لئے بہتر نہیں چنانچہ اکثر
انبیا حضرت یعقوب ہی کی اولاد میں ہوئے بعد ازیں بوجہ اصرار عیص ان کے حق میں
یہ دعا کی کہ سیر حاصل سرزمین تیرا مقام ہو اور آسمانی شبنم سے پیاس بجھائے گا اس سے نکلتا
ہے کہ وے مطیع وحی ہوں گے اور صاحب ثروت اس کے بعد وہی ہے کہ اپنے حربہ پر
زندگی بسر کرے گا اور حضرت یعقوب نے اپنی وفات کے وقت میں جو یہودا پر پیشین گوئی کی ہے

Marfat.com

اسے ہم نقل کرتے ہیں יְהוּדָה אַתָּה יוֹדוּךָ אַחֶיךָ יָדְךָ בְּעֹרֶף אֹיְבֶיךָ יִשְׁתַּחֲווּ לְךָ בְּנֵי אָבִיךָ׃ גּוּר אַרְיֵה יְהוּדָה מִטֶּרֶף בְּנִי עָלִיתָ כָּרַע רָבַץ כְּאַרְיֵה וּכְלָבִיא מִי יְקִימֶנּוּ׃ یہودا اَتّا یُوذُوخا آحیخا یادِخا بِعُورِف اُویبخا یِشتَحُوو لِخا بِنی آبیخا گُور اَرْیِہ یہودا مِطِّرِف بِنِی عالیتا کارَع رابَص کاَرْیِہ وخلابی می یِقیمِنّو ترجمہ یہودا ہی تیرے بھائی تیری شکرگذاری کریں گے تیرا ہاتھ تیرے دشمنوں کی گردن پر ہوگا تیرے باپ کی اولاد تجھے سجدہ کریں گی ربّی سلمان یرحی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ مقصود اس سے زمانۂ داؤد ہے اس میں شبہ نہیں کہ سلطنت بنی اسرائیل شاؤل اور داؤد کے وقت سے بہت زور پر ہوئی انتہی یہودا بچہ شیر ہے چوں کہ تو میرے لڑکے مسبوع کے پاس سے ہٹ گیا تو شیر و ببر کی طرح چھوٹے گا کون اٹھا سکے گا طرف عبرانی میں اس کو کہتے ہیں جسے درندہ نے توڑا ہو مقصود یہ کہ چوں کہ تو یوسف کے قتل میں شریک نہ تھا تو اس نیک نیتی کی وجہ سے تیری نسل ایسی مستولی ہوگی کہ کوئی اس کا مقابلہ نہ کرسکے گا۔

چنانچہ حضرت سلیمان کے وقت میں نہایت درجہ میں ترقی ہوئی לֹא יָסוּר שֵׁבֶט מִיהוּדָה וּמְחֹקֵק מִבֵּין רַגְלָיו עַד כִּי יָבֹא שִׁילֹה וְלוֹ יִקְּהַת עַמִּים׃ لو یاسور شِبط میہودَ ومُحُوقیق مبین رَغلا وعدہ کی یابو شیلو ولو یقّہَت عمیم ترجمہ دور نہ ہوگا عصا یہودا سے اور شریعت اس کے سامنے سے شیلو کے آنے تک جس کی طرف کشش قوموں کی یعنی وہ مرجع اقوام ہوگا جیسا لفظ یِہ آدام سے مستفاد ہوتا ہے جس کا بیان اوپر ہوچکا ہے שֵׁבֶט شِبط کے معنی ہیں عصا جس سے مقصود عصائے سلطنت ہے ایسا استعمال کثیر الوجود ہے מְחֹקֵק مُحُوقیق کے معنی ہیں شارع و رہنما یہاں مقصود

Marfat.com

شریعت ہی مقصود یہ ہی کہ بنی یہود این سلطنت و شریعت ہمیشہ رہے گی یہاں تک کہ شیلو
آئے جس کی طرف قوموں کے دل مائل ہوں گے یا اُس کے پاس قومیں جمع ہوں گر اونقلوس
نے مجوقیق کا ترجمہ کتاب کیا ہی הֵסֵפֶר בְּבָנָיו : وِسفر
امینی بنوہی اور کتاب اس کی اولاد سے سفر اکلدی میں سفر و کتاب کو کہتے ہیں شیلو کی تعین
میں اختلاف ہے یعنی مراد اس سے کون ہی۔

یہود کہتے ہیں کہ مراد اس سے مسیح ہے یعنی خلیفہ بنی اسرائیل چنانچہ
اونقلوس نے اس کے ترجمہ میں لکھا ہے یہاں تک کہ اوی مشیحا، مشیحا کلدی میں مسیح
کو کہتے ہیں یعنی وہ شخص جو کار سلطنت و نبوت کو انجام دے جیسے حضرت داؤد تھے ایسا ہی ربی
سلمان یرحی نے بھی لکھا ہے لیکن وہ مسیح ابھی تک نہیں آیا مقصود ان کا حضرت امام مہدی ہیں
چنانچہ وے اب تک انتظار رکھتے ہیں اور عقیدہ اُن کا یہ ہے کہ اس وقت سلطنت یہود یہ
قایم ہو گی اور بیت المقدس قبلۂ عالم ہو گا اور عیسائی کہتے ہیں کہ شیلو سے مقصود حضرت
عیسیٰ ہیں اور وہ مسیح تھے ان دونوں گروہ کی رائے میں خطا ہے سیاق کلام سے یہ مستفاد
نہیں ہوتا جب فکر کرتے ہیں کہ شیلو سے مراد کون ہے تو حضرت موسیٰ تو مراد ہو نہیں سکتے
گو موسیٰ اور شیلو کے عدد ایک ہی جیسا بعض یہود کہتے ہیں کہ شیلو کے عدد ۳۴۵ ہے کیونکہ
کتابت اس کی شین معجمہ اور یائے تحتانی اور لام اور ہائے ہوز سے عبرانی میں ہوتی ہی اور کتابت
موسیٰ کی عبرانی میں میم اور شین معجمہ اور ہائے ہوز ہے کہ اس کے عدد بھی ۳۴۵ ہے اور معنی آیت
یہ کہتے ہیں کہ عصا سے مقصود عصائے سلطنت نہیں ہی بلکہ وہ عصا جو حکام فرعون کا ان پر
تھا مقصود یہ ہے کہ بنی اسرائیل سے تکلیف دور نہ ہو گی تا آنے موسیٰ لیکن یہ سیاق
کلام سے بعید ہے اوپر سے تو بنی اسرائیل کی قوت سلطنت و اقبال کا بیان ہی جسے خود حضرت
داؤد و سلیمان پر بٹھلاتے ہیں پھر بیچ میں یہ کہاں سے آگیا کہ بنی اسرائیل کی تکلیف موسیٰ کے
آنے تک رفع نہ ہو گی علاوہ بریں عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ شیلو کے آنے سے شریعت

Marfat.com

منسوخ ہو جائے گی وہ حضرت موسیٰ کے آنے سے منسوخ نہ ہوئی بلکہ خوب جاری ہوئی
حضرت موسیٰ ہرگز مراد نہیں ہیں اگر کہیں کہ مراد بخت نصر ہے تو وہ بھی نہیں ہو سکتا کیوں کہ اس
کے وقت میں گو زوال سلطنت تو ہو گیا لیکن شریعت قایم تھی نہ اس کے پاس اجتماع اقوام
ہوا تھا اس کے ظلم سے لوگ اس سے گریزاں تھے اور حضرت عیسیٰ بھی مقصود نہیں ہو سکتے
کیوں کہ سلطنت بنی اسرائیل ان کے پہلے زائل ہو چکی تھی اور شریعت کی نسبت وے
خود کہا کرتے تھے کہ میں تورات منسوخ کرنے نہیں آیا ہوں مقصود یہ تھا کہ مجھے شیلو
نہ سمجھو میں وہ نہیں ہوں اور آگے نشانات بھی حضرت عیسیٰ سے نہیں ملتے الغرض
شیلو کی انتظار یہود کو ہمیشہ رہی اس سے مقصود ہمارے پیغمبر ہیں کیوں کہ ان کے
آنے سے شریعت موسوی منسوخ ہو گئی اور گو سلطنت پہلے زائل ہو چکی تھی لیکن
سلاطین کی طرف سے سردار مقرر ہوتے تھے وہ سرداری بھی اس دور میں جاتی رہی
ضربت علیہم الذلۃ والمسکنۃ اور اقوام کا اجتماع جیسا پیغمبر کے وقت میں ہوا کسی کے
وقت میں نہ ہوا تھا حضرت مسیح پر صرف بارہ ۱۲ آدمی ان کی زندگی میں ایمان لائے تھے
اور ہمارے پیغمبر کے وقت میں تمامی ملک عرب میں اسلام پھیل گیا تھا کروڑوں آدمی مشرف
باسلام ہوئے اس لئے شیلو سے مقصود ہمارے پیغمبر تھے پہلے ہم شیلو کے لغوی معنی پر بحث
کرتے ہیں اس کا مادہ שָׁלָה شالا ہے اس کے معنی کبھی امن ہوتے ہیں دیکھو
۱۲۲ زبور کی ۶ آیت اس تقدیر پر شیلو کے معنی امین و مامون ہوں گے جو آنحضرت کے
اسمار سے ہیں قرآن میں بھی ثم امین مذکور ہے گزینس میں شیلو کے معنی امن دہندہ لکھے
ہیں آنحضرت خود بھی امین و مامون تھے اِنَّ اللّٰہ یعصمک من الناس اور آپ کے وقت
میں بڑا امن ہوا خصوصاً ملک عرب میں کہ ایک بڑھیا شتر پر سوار ہو کر تنہا پھرا کرتی تھی اور
کوئی معترض نہ ہوتا تھا اور ملک شام جو مدت سے کفار کی لوٹ مار کا رمنہ تھا دور اسلام
سے مامون ہو گیا دوسرے معنی اس مادہ کے ہیں نکالنا پس شیلو کے معنی مخرج اور مہاجر

Marfat.com

ہوں گے آپ کی ہجرت تو ایسی تھی کہ کتنے آدمی کفار کے جور سے مدینہ میں جا بسے اور یہ ہجرت مثل ہجرت حضرت ابراہیم بموجب فرمان الٰہی تھی اور اگر شیلو کا مادہ שָׁאַל شَاَل ہو جس کے معنی مثل عربی سوال کے ہیں تو اس کے معنی مسئول ہوں گے یعنی جس کے بارہ میں دعائے حضرت ابراہیم قبول ہوئی تھی وہ دعا بلفظ لُو مصدر تھی جو حرف تمنیٰ ہے یہ فصاحت کلام وحی ہے שִׁילֹה شیلو کے معنی اکثر علماء یہود کہتے ہیں שֶׁלּוֹ شین معجمہ جو اس میں ہے اس کے معنی اَشِر کہتے ہیں جو مرادف عربی اَلَّذِی کے ہے یعنی شیلو کے معنی ہیں وہ شخص جس کے لئے ہے سلطنت لفظ سلطنت اپنی طرف سے بڑھاتے ہیں ہم بھی اس کے قریب ہی معنی کہتے ہیں یعنی جس کی شریعت ہے معنی آیت یہ ہیں کہ بنی اسرائیل سے حکومت و شریعت دور نہ ہوگی جب تک کہ شریعت والا نہ آئے اس سے ظاہر ہے کہ شیلو وہ شخص ہوگا جو شریعت موسوی کو منسوخ کرے گا دوسری شریعت جاری کرے گا ایسا سوائے ہمارے پیغمبر کے نہ ہوا نہ ہوگا اور کوئی مصداق نہیں ہوسکتا چنانچہ حزقیل کے صحیفہ کے ۲۱ باب کی ۳۱ آیت ۳۲ تک ہم لکھ دیتے ہیں کہ اس سے معلوم ہوجائے گا کہ حزقیل نبی نے بھی شیلو کے یہی معنی قرار دیا ہے جو ہم کہتے ہیں۔ כֹּה

אָמַר אֲדֹנָי יְהוִה הָסִיר הַמִּצְנֶפֶת וְהָרִים

הָעֲטָרָה זֹאת לֹא־זֹאת הַשָּׁפָלָה הַגְבֵּהַ

וְהַגָּבֹהַ הַשְׁפִּיל׃ עַוָּה עַוָּה עַוָּה אֲשִׂימֶנָּה גַּם־זֹ

את לֹא הָיָה עַד־בֹּא אֲשֶׁר־לוֹ הַמִּשְׁ

פָּט וּנְתַתִּיו׃ کُہ اَمَر اَدُنای یہوا ہاسیر ہَمِصْنِفِتْ وَہَارِیم ہَاعِطَارَہ زُوتْ لُوزُوتْ ہَشّاقلاَ ہَغْبِیَہ وِہَگَا بُوہ ہَشْپِیل عَوّا عَوّا عَوّا اَسِیمنَّا گَمْ زُوتْ لُوہَایا عَدْبُو اَشِر لُوہَمِّشَاط وُنِتَتِیو הַגְבֵּהַ ہِمِصْنِفِتْ طرہ قلغی جسے ائمہ بنی اسرائیل پہنتے تھے עַוָּה عَوّا اس کے معنی ہیں معکوس جو چیز الٹ دی گئی ہو ترجمہ ہمارے مالک یہواہ نے

Marfat.com

یوں کہا کہ اُتار ڈال طرّہ اور کنا یے کر یہ تاج اسی قدر نہیں پست کو ملبند کر اور ملبند کو پست
الٹ پلٹ دیں گے اسے ہم لیکن یہ نہ ہوگا جب تک کہ شریعت والا نہ آئے جسے ہم دیں گے
طرّہ و تاج کے اُتارنے سے مقصود نسخ شریعت جاری ہے کیوں کہ لباس انبیا حسب ہدایت
وحی تھا تا وقتیکہ وہ حکم قایم رہے گا طرّہ و تاج خواہ جو کچھ لباس ہو قایم رہے گا علاوہ بریں
وہ لباس جس کے اُتارنے کا حکم ہوا وہ تھا جسے پہن کر ائمہ خدمت بیت المقدس کی کیا کرتے
تھے اس کے اُتارنے کا حکم ہوا اور تا قیام خدمت بیت المقدس اس کا دور ہونا ناممکن پس
اس کے اترنے سے کنا یہ ہی خدمت بیت المقدس کے موقوف ہونے کا اور یہ بلا نسخ
شریعت غیر متصور مقصود یہ تھا کہ اب شریعت کے نسخ کا زمانہ قریب پہنچا اس کے بعد کہا
کہ فقط شریعت ہی نہیں منسوخ ہوگی بلکہ پست بلند ہوں گی اور بلند پست بہت سلاطین
برباد ہوں گے اور بہت اذلہ سلطنت اور سرداری کو پہنچیں گے الٹ پلٹ دینے سے
مقصود ہے کہ اس قوم سے شریعت و سلطنت لے لے گی اور ان کو ذلیل و خوار کردیں گی
لیکن یہ نہیں ہوگا تا آنے اس کے جس کے لئے شریعت ہی کہ اس کو ہم دیں گے
پہلے نسخ شریعت و زوال سلطنت و ذلت و خواری بنی اسرائیل بیان کیا بعد اس کے کہا
کہ یہ امور واقع نہ ہوں گے جب تک صاحب شریعت جس کو ہم شریعت دیں گے نہ
آئے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ صاحب شریعت دی ہوئی شریعت پر ہدایت نہ
کرے گا بلکہ اس کو نئی شریعت ملے گی کہ یہ امور ہمارے پیغمبر کے وقت میں واقع
ہوئے شریعت سابقہ منسوخ ہوئی بہت سلطنتیں زائل ہوئیں اور بہت مفلس بے مایہ
سلطنت کے درجہ کو پہنچے עַד כִּי־יָבֹא שִׁילֹה וְלוֹ יִקְּהַת עַמִּים
עד בוא אשר לו המשפט - عد بُو اشر لو ہمشپاط عَدْ کے معنی ہیں تا بُو کے معنی آنا اَشر بمعنی الذی یعنی
جس کے معنی لُو معنی لہ یعنی لئی مشپاط معنی شریعت اَشر لو ہمشپاط الذی لہ الشریعہ یعنی
جس کے واسطے شریعت ہے اور یہی معنی شیلو کے ہیں یہ وہی پیشین گوئی ہے جو حضرت

Marfat.com

یعقوب نبی کی تھی انھوں نے شیلو کہا اب اس پیغمبر جلیل القدر نے اس شیلو کی تصریح کر دی
اَشر لو ہمشپاط یعنی شریعت والا اس لئے ہم شیلو کے معنی شریعت والا کہتے ہیں اور پیغمبر تو
سلطنت والے بھی تھے بخلاف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اشعیا پیغمبر کے ۹ باب کی پہلی آیت سے
۶ تک جو پیشین گوئی ہے اسے ہم لکھتے ہیں وہ اگلی خبروں سے بہت تعلق رکھتی ہے
خصوصاً شیلو اس سے بہت باتیں معلوم ہوں گی הָעָם הַהֹלְכִים
בַּחֹשֶׁךְ רָאוּ אוֹר גָּדוֹל יֹשְׁבֵי בְּאֶרֶץ
צַלְמָוֶת אוֹר נָגַהּ עֲלֵיהֶם׃ הִרְבִּיתָ
הַגּוֹי לֹא הִגְדַּלְתָּ הַשִּׂמְחָה שָׂמְחוּ לְ
פָנֶיךָ כְּשִׂמְחַת בַּקָּצִיר כַּאֲשֶׁר יָגִילוּ
בְּחַלְּקָם שָׁלָל׃ כִּי אֶת־עֹל סֻבֳּלוֹ וְאֵת
מַטֵּה שִׁכְמוֹ שֵׁבֶט הַנֹּגֵשׂ בּוֹ
הַחִתֹּתָ כְּיוֹם מִדְיָן׃ כִּי כָל־סְאוֹן סֹאֵן
בְּרַעַשׁ וְשִׂמְלָה מְגוֹלָלָה בְדָמִים וְהָ
יְתָה לִשְׂרֵפָה מַאֲכֹלֶת אֵשׁ׃ כִּי־יֶלֶד־
יֻלַּד־לָנוּ בֵּן נִתַּן־לָנוּ וַתְּהִי הַמִּשְׂרָה
עַל־שִׁכְמוֹ וַיִּקְרָא שְׁמוֹ פֶּלֶא יוֹעֵץ אֵל
גִּבּוֹר אֲבִי־עַד שַׂר־שָׁלוֹם׃ לְמַרְבֵּה
הַמִּשְׂרָה וּלְשָׁלוֹם אֵין קֵץ עַל־כִּסֵּא
דָוִד וְעַל־מַמְלַכְתּוֹ לְהָכִין אֹתָהּ וּלְ
סַעֲדָהּ בְּמִשְׁפָּט וּבִצְדָקָה מֵעַתָּה וְעַד עוֹלָם
קִנְאַת יְהוָה צְבָאוֹת תַּעֲשֶׂה זֹּאת׃ تمام

Marfat.com

ہُھولِخیم ہوُشِخ رانُو اُور گادُول یُوشِی مارِص صَلماوِث اُور ناغہ علیھیم : ہُر شُنیا ہگوُئی
لُوہ معِدلتاہ ہتیحا سامُخو لِفانِخا کیمحَت بِقاصیر شیریا علِو بچلقام شالال : کی اِثعُول
سُبلُو تو وِاث مطّہ شِخموُ شبطِ ہنوُ علیس یُو ہخِتوثاکیوُم مِدیان : کی کُل سُون سُوئیِن
بَراعَش وِسملا معُولا لا بِد اہیم وِ ہاییثا لِسِریفا ماخولِت اِیش : کی یلِد یلِّد لانُو بین
نِتن لانُو وتہی ہمِسرا عَل شِخموُ وَیقرا اشمُو یلا یُوعاص اِیل گیوُر ابی عد سر شالوم :
لمربی ہمسرا ولشالوم این قیص عَل کسّا داود وعَل مملختو لہاخین اُتاہ ونسعداہ
ہمشیاط وبِصدقا مِعتّا وعد عولام قِناث یہُوَا اصباوُث تعسہ زُوث ٹ لغات ہاحرف
تعریف ہے عام معنی قوم ہولیخیم جمع ہے ہولیخ کی معنی سالک چلنے والا رائو معنی دیکھا
اور معنی نور گادول معنی شدید یوشب معنی مقیم یار تحتانی جو اس میں ہے علامت جمع ہے
ارص معنی ارض صلماوث مرکب ہے دو لفظوں سے صل جس کے معنی ہیں ظل وسایہ اور
ماوث سے جس کے معنی ہیں موت تو صلماوث کے معنی ظل الموت ہوئے محاورہ ظلمت
شدید ہے جب ارض سے متصل ہوتا ہے یعنی ارص صلماوث تو کنایہ ملک عرب سے
ہوتا ہے اولاً معنی اس کے وہ ریگستان ہوتا ہے جس میں راہ نہ ہو تو وہ راہ نہ ملنے
سے شبیہ ہوتا ہے اندھیرے کے کہ اس میں بھی راہ نہیں ملتی چنانچہ ایسے ریگستان کو
ארץ מאפליה ارص مافیلیا مافیل اندھیرے کو کہتے ہیں جیسے مدبار
מדבר معنی ریگستان لیکن جب معرّف ہوتا ہے تو مقصود اس سے ملک عرب
ہوتا ہے ایسا ہی گزنیس نے بھی لکھا ہے کی ظرف زمانی ہے جو اجوہل چلنے میں
بیلوں کے کندھے پر رہتا ہے סבל سُبل بوجھ מטה مطہ چھڑی لاٹھی
حربہ کبھی معنی تازیانہ ودرہ آلہ سزا שכם شخم کندھا -
شبط سوٹا لاٹھی بالخصوص چرواہے جو جانور ہانکنے کو رکھتے ہیں נוגש نوعلیس
پیادہ سپاہی סאון سُون نعل بھرا جوتا جو بیشتر لشکری پہنتے ہیں סאן سون

Marfat.com

عدؔ کے معنی ہیں דדי سیادت سلطنت حکومت مسرا הד דיך لشکری سپاہی
ختن הדב הד انتہا قیص הד דין ترقی مرتبہ הד בה غنیمت و دوام
دقیقہ ۴۵ درجہ ۵۵ ہیں کہتے مدین جسے کا قصبہ ایک ہے نام مدیان ד ה ד תב درستی
طول ۲۹ درجہ ۳ دقیقہ عرض پر واقع ہی ابلہ سے قریب ہے اس کا طول و عرض بھی یہی ہے مدین خلیج عقبہ یعنی لسان
شرقی قلزم پر محاذی تبوک جانب پچھم واقع ہے قریب ۶ مرحلہ اس میں ایک کواں تھا
جس سے شعیب کی لڑکیاں پانی بھرتی تھیں مدین حضرت ابراہیم کی بیٹیوں میں تھی اُن کی
اولاد مدین سے تا یثرب جسے اب مدینہ کہتے ہیں آباد تھی چنانچہ مدینہ کے علاقہ میں فرع
و تیما و دومۃ الجندل و وادی القریٰ مدین خیبر فدک شمار ہوتی ہیں حضرت موسیٰ سے
اہل مدین سے جنگ عظیم ہوئی تھی بالآخر حضرت موسیٰ فتح یاب ہوئے اس وقت بنی اسرائیل
نے بڑی خوشی کی غنیمت میں مال کثیر ہاتھ لگا جسے باہم مجاہدین نے تقسیم کر لیا۔ یہ پہلی لڑائی
تھی جو بنی اسرائیل سے ہوئی تھی بحکم موسیٰ یہ مدینۂ منورہ ۶۵ درجہ ۲۰ دقیقہ طول و ۲۵ درجہ
عرض پر واقع ہے فرع ۶۶ درجہ ۳۰ دقیقہ طول و ۲۵ درجہ ۳ دقیقہ عرض پر واقع ہے
یہ مدینہ سے چار دن کی راہ پر ہے اس میں چھ دیہات آباد ہیں خیبر ۶۵ درجہ ۲۰ دقیقہ طول
۲۵ درجہ ۲۰ دقیقہ عرض پر مدینہ سے پورب اُتر کی کون پر تیما ۶۰ درجہ ۳ دقیقہ طول ۳۰ درجہ
۳ دقیقہ عرض پر تیما حضرت اسمٰعیل کی بیٹیوں میں تھی تبوک ۳۸ درجہ ۵ دقیقہ طول ۳۰ درجہ
۳ دقیقہ عرض پر ہے ینبع بھی مضافات مدینہ ہے ۶۴ درجہ ۳ دقیقہ طول و ۲۶ درجہ ۳ دقیقہ
عرض پر واقع ہے یہ قصبہ مدینہ سے قریب ہے اس میں قلعہ ہے اور خرما بکثرت ہوتا ہے
سادات حسنی وہاں رہتے ہیں اس کے قریب رضوی پہاڑ ہے مدینہ سے سات مرحلہ
جانب شمال و مغرب ہے یہ سب علاقہ مدین میں تھا ترجمہ وہ قوم جو اندھیرے میں چلی تھی
بڑا نور دیکھا ساکنان زمین تاریک پر روشنی چمکی مقصود اس سے ملک عرب ہے کہ وہاں
جہالت پھیلی ہوئی تھی بت پرستی اُن کا دین تھا خوں ریزی و قزاقی ان کا شعار تھا

Marfat.com

یا ارض اسرائیل میں ہمیشہ شریعت جاری رہی بڑھایا تونے اس قوم کو یعنی سرور اس کا زیادہ کیا تونے تیرے سامنے خوشی کریں گے جیسا ایّام بہار میں جب وہ خوشی کریں گے بہ تقسیم غنیمت ۔ ملک عرب جہاں برابر جہالت تھی پیغمبر خدا کے زمانہ میں اس قوم پر نور شریعت چمکا اور ان لوگوں کو ہر طرح کا سرور حاصل ہوا اور بتقسیم غنایم حظ وافر پایا یہ سوائے زمانہ ہمارے پیغمبر کے کسی پر منطبق نہیں הרבית הגוי ہربیتا ہگوی جس کے معنی ہیں بڑھایا تونے اس قوم کو۔ اس لفظ کو لحاظ کرو کہ یہی لفظ خدا نے حضرت اسمٰعیل کی نسبت استعمال کیا تھا جہاں کہا ہے کہ میں اس کو بڑھاؤں گا اور اس کو بڑی قوم کروں گا بماد ماد جس کا بیان اوپر ہو چکا ہے البتہ وہاں صیغہ متکلم ہے اور یہاں مخاطب پس حضرت اشعیا خبر دیتے ہیں کہ اس خبر کے پورے ہونے کا زمانہ قریب آیا قسمت غنائم ایک نشان اور زیادہ کیا کہ اس کی گردن کے طوق اور کندھے کی لاٹھی اور اس کے حاکم کی چھڑی کو تونے توڑ دیا بوقت معرکہ مدین یا مثل واقعہ مدین۔ جو حضرت موسیٰ کے وقت میں ہوا تھا اس فتح کے بعد بنی اسرائیل ہمیشہ مظفر و منصور رہے یہاں تک کہ تمام ملک شام پر تسلط ہو گیا۔ گردن کے طوق سے مقصود اوہام اور ظنون باطلہ ہیں جو بوجہ اصنام پرستی ان کو لاحق تھا اور اس کی وجہ سے تکالیف لغو و باطل جیسے قتل بنات وغیرہ اس قوم نے اپنی گردن پر لیا تھا اس سے زمانہ پیغمبر میں آزاد ہو گئے اور کندھے کی لاٹھی سے مراد ان کی قزاقی و بیدردی ہے کہ اس سے بھی وہ قوم ببرکت نفس قدسی ہمارے پیغمبر کے پاک وصاف ہوئے اور ان کے حاکموں کی چھڑی سے مقصود غیر قوموں کی حکومت ہے کہ وے اس سے بھی آزاد ہو گئی تھی اور عجب نہیں کہ مراد اس سے تسلط شیطان ہو جیسا پیغمبر خدا نے فرمایا ہے کہ شیطان جزیرۂ عرب سے نکل گیا۔ مقصود آیت یہ ہے کہ وہ قوم جو ہمیشہ شیطان کے پھندے میں رہی اس سے آزاد ہو کے سیدھی سادی مسلمان ہو گئی۔ مدین کے معرکہ سے مقصود جنگ بدر ہے کہ اسی وقت سے ترقی اسلام ہوئی مدینہ طیبہ

Marfat.com

مسکن حضرت شعیب اور اُن کی اولاد کا تھا چنانچہ حضرت شعیب کا نام عبرانی میں یثرُو تھا اور یہ مدینہ انھیں کے نام پر آباد ہوا یثرب اب تک اس کا نام ہے واو اور باء موحدہ بسبب قُرب مخرج کے اکثر متبادل ہوتے ہیں انصار اُن کی اولاد میں ہیں چون کہ اُن کی اولاد حضرت موسیٰ کے ساتھ رہتی تھی اس لئے وے بنی اسرائیل کہلاتی تھی چنانچہ انصار اب تک اپنے کو بنی اسرائیل کہتے ہیں ورنہ دراصل وے شعیب کی اولاد ہیں اس لئے حضرت اشعیا نے جنگ بدر کو یوم مدین سے تعبیر کیا ہے عجب نہیں کہ یوم مدین سے مقصود جنگ خندق ہو جس کے بعد کفار کو طاقت حملہ مسلمانوں پر نہ رہی ہذیان کے اصل معنی ہیں فتنہ وفساد اس جنگ میں کل قبائل عرب اور یہود نے باہم ہو کے فتنہ برپا کیا تھا بلکہ سب سپاہی متزلزل ہوں گے اور لباس خون آلودہ بلکہ جل بھن جائے گا یعنی جو لڑیں گے تہ تیغ ہوں گے جب ۶ پیدا ہوگا ہمارے لئے ایک بیٹا اور ہوگی خلافت اس کے کندھے پر جس کا نام ہوگا پلی یوعیص ایل گبور ابی عدسر شالوم یعنی آیات متذکرہ میں جو خبر دی گئی ہے اس کا ظہور جب ہوگا کہ ایک لڑکا ایسا وہاں پیدا ہوگا جو خلیفہ ہوگا اور اُس کے یہ اسماء ہوں گے شرح ایک ایک نام کی ضروری ہے פלא پلی اس لفظ کے معنی ہیں عجیب یعنی اچنبی بات پیغمبر صاحب کا معجزہ ہونا تو ظاہر ہے قطع نظر اس کے آپ کی پیدائش کے وقت میں بہت عجائبات ظاہر ہوئے تھے کسریٰ کے ایوان کے ۱۴ کنگرہ گر گئے فارس کی آگ بجھ گئی جو مدت دراز سے افروختہ تھی مکہ کے بت سرنگوں ہوگئے تھے عجب نہیں کہ یہ وہی پُرِ ہو جو حضرت ہاجرہ نے خواب دیکھا تھا مکاشفۂ اشعیا میں ابہملہ کی جگہ لام واقع ہوگیا۔

יועץ یوعیص اس کے معنی ہیں ہادی وواعظ ہدایت و وعظ تو آپ کا کام تھا چنانچہ آپ معاد کی باتیں بتاتے تھے یہی آپ کی وعظ تھی بخلاف انبیاء سابق کے یعنی آپ دوزخ سے ڈراتے تھے اور جنت کی بشارت دیتے تھے چنانچہ قرآن میں آپ کا نام بشیر و نذیر ہے یہی معنی ہیں یوعیص کے גבור اس کے معنی ہیں قوی جو آپ کے اسماء میں سے ہے اب ہم

Marfat.com

یہاں ۸۲ زبور لکھ دیتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ اس زبور میں آپ کا نام ایل مرقوم ہے

מִזְמוֹר לְאָסָף אֱלֹהִים נִצָּב בַּעֲדַת־אֵל
בְּקֶרֶב אֱלֹהִים יִשְׁפֹּט׃ עַד־מָתַי תִּשְׁפְּ
טוּ עָוֶל וּפְנֵי רְשָׁעִים תִּשְׂאוּ־סֶלָה׃
שִׁפְטוּ־דַל וְיָתוֹם עָנִי וָרָשׁ הַצְדִּיקוּ׃
פַּלְּטוּ־דַל וְאֶבְיוֹן מִיַּד רְשָׁעִים הַצִּילוּ׃
לֹא יָדְעוּ וְלֹא יָבִינוּ בַּחֲשֵׁכָה יִתְהַ
לָּכוּ יִמּוֹטוּ כָּל־מוֹסְדֵי אָרֶץ׃ אֲנִי
אָמַרְתִּי אֱלֹהִים אַתֶּם וּבְנֵי עֶלְיוֹן כֻּלְּכֶ
ם׃ אָכֵן כְּאָדָם תְּמוּתוּן וּכְאַחַד
הַשָּׂרִים תִּפֹּלוּ׃ קוּמָה אֱלֹהִים שָׁפְטָה
הָאָרֶץ כִּי־אַתָּה תִנְחַל בְּכָל־הַגּוֹיִם׃

مِزْمُور لِاٰسَاف اِلُوہِیم نِصَّاب بعدت ایل بِقرب اِلُوہِیم یِشپُوط : عَدمَاتَای
تِشپطُو عَاوِل وُفنے رِشَاعِیم تِسُّو سِلَاہ : شِفطُو دَال وَیَاتُوم عانی وَارَاش ہَصد
یقو : پَلطُو دَال وِابیُون مِیّد رِشَاعِیم ہَصِّیلو : لُو یادعو وِلُو یَابِیْنُو بَحشیخَا یِتہَلّخُو
یِمُّوطُو کُل مُوسدی آرِص : اَنِی آمَرتی اِلُوہِیم اَتّم وُبنی عِلیُون کُلّخِم : آخِین
کَاٰدَام تِمُوتُون وُخاَحد ہَسَّارِیم تِپُّولُو : قُومَا اِلُوہِیم شُفطَا ہا آرِص کی آتّا تِنحَل
بِکُلّ ہگُّوْیِیم لغات مزمور معنی زبور، قرآن آساف معنی حاشیہ فصیح ونبی تفصیل اس کی اوپر گذری
مقصود اس سے ہمارے پیغمبر ہیں اِلُوہیم معنی خدا و ملائکہ نصّاب معنی قائم عَدَت معنی
جماعت ایل معنی قوی یہ پیغمبر کے اسماء سے ہے یشپوط اس کا مادہ شفط ہے اس کے
معنی کبھی ہوتے ہیں انصاف کرنا کبھی حکومت کرنا کبھی مدد کرنا عدماتای معنی کبھی تک

Marfat.com

عادل معنی ناواجبی دال معنی مسکین یا توم معنی یتیم ابیون معنی غریب راش معنی عاجز ہصدیق
معنی تصدیق حشخا معنی اندھیرا پتوطو معنی متزلزل ہوں گے موسیدی آرض معنی اساس
ارض مقصود جبال ترجمہ یہ زبور ہے خاتمہ خواہ نبی کے بارہ میں خدا کھڑا ہے قوی
(محمد) کی جماعت میں وہ ملائکہ کے درمیان عدالت کرے گا۔ کب تک ناواجبی فیصلہ
کروگے اور اشرار کی خوش آمد۔ مدد کرو مسکین و یتیم کے غریب و عاجز کی تصدیق کرو
چھڑاؤ مسکین و غریب کو ان کو اشرار کے ہاتھ سے بچاؤ۔ تم نہ سمجھو گے نہ خیال کروگے
اندھیرے میں چلوگے جبال متزلزل ہوں گے ہم نے کہا تھا تم ملائکہ ہو تم سب مقرب خدا
ہو۔ لیکن عوام کی طرح مروگے اور عوام سرداروں کی طرح گروگے۔ مستعد ہو اے خلیفہ
اور زمین پر حکومت کر کہ تو سب قبائل کا مالک ہوگا۔ خلاصۂ کلام حضرت داؤد یہ ہے کہ
محمد کی جماعت میں خدا معین رہے گا وہ یعنی محمد ملائکہ کے جرگہ میں عدالت کرے گا
یعنی اس کے صحابہ ملک سیرت ہوں گے اب اُس وقت کے یہود کی طرف خطاب ہے
کہ تم لوگ کب تک امر ناواجب پر قائم رہوگے باوجود آیات بینات کے اپنے بیہودہ
خیال کو نہ چھوڑوگے اور بہ تبعیت اشرار سچے نبی کی تصدیق نہ کروگے۔ مدد کرو یتیم کی
اور اس کی تصدیق کرو ہمیشہ یہود جانب دار دیگر کفار رہے اس لئے یہ خطاب ہے
اس کے بعد کہتا ہے کہ نہ سمجھوگے اندھیرے میں چلوگے قرآن جو نور ہے اُس کی
پیروی نہ کروگے تمھاری اس حرکت سے پہاڑوں کو لرزہ آئے گا کہا کہ ہم نے کہا کہ تم ملک
سیرت متبع وحی ہو قرآن کی تبعیت کروگے مگر تم لوگ عوام الناس کی طرح مروگے
قرآن میں جابجا ہے یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم وانی
فضلتکم علی العالمین ولا تشتروا بایاتی ثمنا قلیلا یعنی تھوڑے نفع کے
لئے ہماری آیات کے معنی نہ بدلو۔ اس کے بعد پیغمبر کی طرف خطاب ہے کہ اے بادشاہ
تو اُٹھ اور زمین پر حکومت کر کہ تو وارث اقوام ہوگا خدا کی طرف یہ اشارہ ہو نہیں سکتا

Marfat.com

کہ وہ ہر وقت مالک ہے اور کسی پر منطبق نہیں ہے[ا] גבור گبّور کے معنی ہیں
شجاع بہادر آپ کی شجاعت اظہر من الشمس ہے علاوہ بریں جبّار بھی آپ کو کہتے ہیں
אבי עד ابی عدو ترجمہ ابو القاسم ہے کیوں کہ تقسیم غنایم آپ کا کام
تھا اور نیز آپ کی شریعت دائمی بھی שר שלום سَر شالوم اس کے معنی
ہیں سید اسلام آپ کے سید اسلام ہونے میں جائے گفتگو نہیں سَر شالوم کے معنی ہیں
سید السّلام سلام مکہ کے اسماء سے ہے آپ کا سید مکّہ ہونا مسلّم ہے بعض علماء مثل
گزنیس وغیرہ کہتے ہیں کہ سر شام وہی شیلو ہے - اس خلافت کی ترقی اور سلامت رہنے
کے لئے انتہا نہیں داؤد کے تخت و سلطنت پر اس کی درستی اور سرسبزی کے لئے ساتھ
عدالت اور راستی کی ابد تک خدا کی ناراضی یہ کرے گی - معنی آیت واضح ہیں آپ کی

[ا] اس زبور میں آپ کی بشارت بہت واضح ہی عنوان اس کا مزمور آساف ہی آساف کے تین معنی ہیں فصیح و بہی
و حاشر یعنی جو جمع و اکٹھا کرے آپ نبی بھی تھے فصیح بھی اور قبائل عرب جو مختلف و سخت تھے آپ ہی کے
وقت میں اکٹھا ہو گئے تھے کلمۂ توحید میں سب شریک تھے آپ کے ساتھ جاں نثاری میں ایک تھے چنانچہ آپ کا
نام حاشر تھا یہ صفت آپ کی حضرت یعقوب نے بھی بیان کی ہی خلاصہ یہ ہی کہ یہ زبور ایسے نبی کے حق میں ہے جو
فصیح اور حاشر اقوام ہوگا اس کے بعد آپ کا نام ایل جو مرادف قوی ہی مرقوم ہی کہتا ہے کہ فرشتے قوی یعنی محمد
کی جماعت میں قایم ہوں گے یعنی اس نبی کی جماعت میں ملائکہ نازل ہوں گے چنانچہ جبریل بیشتر آیا کرتے تھے
اور بعض بعض لڑائیوں میں بھی مدد کو آئے تھے جس کی حکایت قرآن میں ہی اور یہ جو کہتا ہے کہ ملائکہ کے
زمرہ میں حکومت کرے گا اس سے مراد ہی کہ اس کے صحابہ ملک سیرت ہوں گے בקרב אלהים ישפט
بقرب ایلوہیم یشپوط اس عبارت کے ایک معنی اور ہیں شرح اس کی یہ ہی با موحدہ جو اوّل
میں ہی اس کے معنی ہیں مطابق و موافق اور قرب کے معنی ہیں دل و خیال و ایلوہیم کے معنی ہیں ملائکہ اور یشپوط کے معنی ہیں حکم دیگا
تو معنی فقرہ یہ ہوئے کہ مطابق دل خواہ خیال ملائکہ کے حکم دیوے گا یعنی اس کا حکم با یجاد ملائکہ ہوگا چنانچہ بسا اوقات آپ حکم
لینے میں انتظار وحی کرتے تھے بعد نزول وحی حکم دیتے تھے پھر تیسری آیت میں ہی اسرائیل سے کہتا ہی کہ مسکین و یتیم کی مدد کرو
اور مرحیم و عاجز پر ایمان لاؤ آنحضرت یتیم ضرور تھے اور زردار بھی اور رحم دل بھی اور بسبب امی ہونے کے عاجز بھی تھا ایمان
لانے کی ہدایت ہی اس سے کوئی دوسرے معنی نہیں ہو سکتے ایسا یتیم جس نے دعوی نبوت کیا ہو اور تصدیق کی ضرورت ہو سوائے
آنحضرت کے نہ ہوا نہ ہوگا باقی واضح ہی - اس زبور کے ایراد سے صرف اسی قدر مقصود تھا کہ آپ کا نام قوی حضرت اشعیا نے بیان کیا جیسا داؤد نے
اب پہلی پیشین گوئی کی طرف متوجہ ہوتے اور شرح اسماء مذکورہ کرتے ہیں ۱۲

Marfat.com

شریعت ابدی ہی اور آپ رسول تھے داؤد کے تخت پر ہونا ظاہر ہے کہ خدا کی ناخوشنودی یہ سب کرے گی اشارہ ہے اس کی طرف کہ جب سارہ نے ہاجر کو بلا قصور نکلوا دیا تو یہ بات جناب باری کو ناپسند ہوئی اس لئے یہ ترقیات حضرت اسمٰعیل کو عطا ہوئی اب ہم اس خبر کی طرف جو حضرت یعقوب نے دی جس کو ہم لکھ رہے ہیں متوجہ ہوتے ہیں۔
شیلو کی کچھ نشان حضرت یعقوب نے بعد کی آیات میں بیان فرمایا ہے۔ آیت

אסרי לגפן עירה ולשרקה בני את
נו כבס ביין לבשו ובדם ענבים
סותה : اُوسری لگیفن عیرُو وُلسوریقا بنی اَتُونُو کبیس بیّین بوُسُو وُبدم عَنَابیم سوُتُو (ترجمہ) بندھا ہوگا انگور کی شاخ میں اس کا گدھا اور سوریقا سی اس کے گدھے کا بچّہ دھوئے گا شراب سے اپنا لباس اور خون انگور سے اپنا سوت גפן گفن اس کے معنی عبرانی میں شاخ انگور ہے اور שרקה سریقا کوئی قسم انگور ہے جو ملک شام میں ہوتا ہے عربی میں اُسے سریق کہتے ہیں مقصود یہ ہے کہ شیلو کا قبضہ ملک شام اور فارس پر ہوگا فارس کی حد تا سرحد ہندوستان تھی چنانچہ یہ ملک صحابہ کے وقت میں فتح ہو چکے تھے گفن ایک گاؤں کا نام ہے قریب طائف کے اور سوارقیہ ایک مقام ہے بین الحرمین تو مقصود یہ ہوگا کہ شیلو ان مقامات کی سیر کرے گا اپنے کپڑوں کو شراب سے دھوئے گا مقصود یہ ہے کہ وہ شراب کو حرام کرے گا یہ سب باتیں پیغمبر خدا کے وقت میں پوری ہوئیں پس شیلو سے آنحضرت مراد ہوں گے۔ ربی سلمان ابن اسحاق نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ اس وقت انگور ارض اسرائیل میں بہت ہوگا اور شراب سے کپڑے دھونا اس سے بھی کثرت انگور مقصود ہے یعنی اس قدر انگور ہوگا کہ شراب سے لوگ کپڑے دھوئیں یہ معنی سخت بیہودہ ہیں انگور کی کثرت تو وہاں ہمیشہ تھی اب بھی ہے اور علماء نے اس سے بھی بڑھ کر بیہودہ معنی لکھے

Marfat.com

ہیں חכלילי עינים מיין ולבן שנים מחלב : تخلیلی عینایم میّاین ولبن شنّایم میحالاب
تخلیلی کے معنی ہیں مخمور اور سیاہ عربی میں حاکل اسی مادہ سے ہے یہ صفت آنکھ کی ہوتی ہے
ایسی آنکھ کو اشکل بھی کہتے ہیں מיין لبن کے معنی ہیں سفید ترجمہ) شراب سے اُس کی
آنکھیں مخمور ہوں گی اور دودھ سے سفید دانت' اس پیغمبر جلیل القدر نے شیلو کا حلیہ بھی لکھ
دیا ہے یعنی وہ اشکل العین ہوگا اور اس کے دنداں نہایت چمکدار ہوں گے جیسا کہ آپ کے
حلیہ میں بیان ہوا ہے کہ آپ اشکل العینین تھے اور دانت آپ کے نورافشاں ربی سلیمان ابن
اسحاق کی تفسیر کے موافق یہ معنی ہیں البتہ مصداق ٹھیرانے میں اختلاف ہے اور شراب سے مراد
روح القدس ہے کہ وہ ایک حالت ہے جو انبیاء پر بوقت نزول وحی طاری ہوتی ہے تو
مقصود آیت یہ ہوگا کہ روح القدس سے آپ کی آنکھیں مخمور ہوں گی اور دودھ سے مراد
شریعت ہے یہ مطلب ہے کہ آپ کے دنداں سفید ہوں گے یعنی آپ خنداں رہیں گے شریعت
سے یعنی بوجہ تائید شریعت یا اس وجہ سے کہ آپ کی امت حفظ شرائع میں محکم ہوگی یہودیوں
نے اس آیت کے اور معنی بھی لکھے ہیں چونکہ وے معانی نہایت نامعقول ہیں اس لئے میں نقل
نہیں کرتا اب میں متوجہ ہوتا ہوں دوسری پیشین گوئی کی طرف ایوب کے ۱۱ باب کی ۱۲ آیت
میں یوں ہے ואיש נבוב ילבב ועיר פרא אדם יולד : ایش نابوب بلاّبیب وعَیر پِرِ آدام یوّالید (ترجمہ) مرد امی حکیم ہوگا
اور عیر سے خلیفہ بنی آدم نکلے گا عیر مدینہ کے پہاڑ کا نام ہے یہ مدینہ کے دکھن ہے جیسا اُحد
اُتر گو پیدائش آپ کی مکہ میں تھی لیکن ترقی اسلام جو کچھ ہوئی مدینہ سے ہوئی یہاں بھی
وہی لفظ פרא אדם پر واقع ہے جس کے معنی ہیں خلیفہ : ایوب کے اس کل باب کی ہم
تفسیر کر دیتے مگر اس رسالہ میں ہم کو بہت اختصار ہے کیونکہ معنی کہنے میں بڑا فرق پڑتا ہے۔
تحریفات معنوی بہت ہوئے ہیں انشاءاللہ تعالیٰ دوسری کتاب میں طولانی بحث کریں گے

Marfat.com

اب ہم ایک خبر میں بحث کرتے ہیں جس میں ایک مدّت سے یہود و عیسائی اور محمدّیوں میں بحث چلا آتا ہے - یہود کہتے ہیں کہ کسی خاص نبی کی نسبت یہ خبر نہیں ہے اور عیسائی کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ کی نسبت یہ خبر دی گئی ہو محمدی کہتے ہیں کہ مصداق اس کا جناب سرور کائنات سیّد عالم ہیں - موسیٰ کی پانچویں کتاب ۱۸ باب کے ۱۵ آیت میں یوں ہے - נָבִיא מִקִּרְבְּךָ מֵאַחֶיךָ כָּמֹנִי יָקִים לְךָ יְהוָה —— אֱלֹהֶיךָ אֵלָיו תִּשְׁמָעוּן: نابی مقربخا مآحیخا کاموُنی ماقیم لخا یہوُدا الوہیخا الاوْ تشماعوُن ، ترجمہ نبی تم میں سے تمھارے بھائیوں میں سے میرا سا قائم کرے گا تیرے لئے اللہ اس پر ایمان لانا ربی سلیمان یرحی نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے - כָּמֹנִי שֶׁהוּא נָבִיא מִקִּרְבְּךָ מֵאַחֶיךָ יָקִים לְךָ תַּחְתַּי וְכֵן מִנָּבִיא לְנָבִיא ترجمہ جیسا میں تم میں سے تمھارے بھائیوں میں سے ہوں قایم کرے گا وہ نبی میری شریعت تمھارے لئے یوں ہی ہر نبی اس سے مستفاد ہے کہ تمثیل موسیٰ کی طرف اس باب میں تھی کہ جس طرح موسیٰ بنی اسرائیل میں سے ہیں ویسا ہی وے انبیاء بھی بنی اسرائیل میں سے ہوں گے اور جس طرح موسیٰ شریعت الہٰی کو جاری کرتے تھے اسی طرح وہ بھی قایم و جاری کرے گا- اپنے مطلب پر قرینہ ۱۶ آیت سے ۲۰ تک پیش کرتے ہیں مضمون آیت یہ ہے کہ بروز اجتماع جماعت حوریب میں اللہ اپنے معبود سے یہ جو تم نے سوال کیا تھا کہ ہم پھر خدا کی آواز نہ سنیں اور ایسی آگ نہ دیکھیں تاکہ مر نہ جائیں تب خدا نے مجھ سے کہا کہ بہتر ہے جو انھوں نے کہا میں ان کے لئے نبی قائم کروں گا ان کے بھائیوں میں سے تجھ سا اور دوں گا اپنا کلام اس کے منہ میں وہ کہدے گا

Marfat.com

جو کچھ میں اُسے حکم کروں گا اور جو کوئی مری بات نہ مانے گا جو وہ کہے گا
میں اس سے سمجھ لوں گا۔ قصہ یہ ہے کہ بنی اسرائیل حُوریب پہاڑ کے گرد جمع تھے
حضرت موسیٰ کے ساتھ اُس پہاڑ پر برق چمکی بڑے زور شور سے آواز ہوئی اس
میں عشر کلمات سُنے گئے تمام حاضرین نے سُنا اور اس پر ایمان لائے لیکن
اُس برق و رعد سے وے بہت ڈرے اور کہا کہ اس کے دیکھنے اور سُننے کی
ہم کو تاب نہیں اس پر یہ حکم ہوا جو لکھا گیا اس سے یہود وہ مطلب نکالتے
ہیں جو اوپر گذرا ان آیات کے بعد یہ ہے کہ اگر کوئی جھوٹ دعویٰ نبوّت
کرے تو وہ مارڈالا جائے گا اس کو یہود حضرت عیسیٰ پر ٹھہراتے ہیں جو اوپر
خلاصہ ہے توراۃ اور اس کی تفاسیر کا جو یہود کرتے ہیں لیکن وقت نظر سے
معلوم ہوتا ہے کہ یہ مطلب نہیں ہے کیوں کہ مطلب ان کا یہ ہے کہ کوئی خاص نبی
مراد نہیں بلکہ جملہ انبیاء بنی اسرائیل مراد ہیں حالاں کہ ۱۵ آیت گزشتہ کی اخیر
میں لکھا ہے کہ تم اس پر ایمان لانا۔ تورات پر تو وے ہمیشہ ایمان رکھتے تھے
اس پر ایمان لانے کی ہدایت کی ضرورت نہ تھی جملہ انبیاء بنی اسرائیل اُسی
تورات بموجب ہدایت کرتے تھے ہاں نئی شریعت کو ماننا دشوار تھا اس لئے اس
کے ماننے کی ہدایت ضرور تھی اور ۱۸ آیت میں یہ لکھا ہے کہ میں اپنا کلام اس کے
مُنہ میں دوں گا وہ میرے احکام اُن سے کہدے گا اس سے ظاہر ہے کہ
کلام جو اس نبی کو دیا جائے گا اس میں احکام ہوں گے صاحب احکام و شریعت کوئی
نبی بنی اسرائیل میں سوائے موسیٰ کے نہیں ہوا - נָבִיא אָקִים
לָהֶם מִקֶּרֶב אֲחֵיהֶם כָּמוֹךָ וְנָתַתִּי
דְבָרַי בְּפִיו וְדִבֶּר אֲלֵיהֶם אֵת כָּל
אֲשֶׁר אֲצַוֶּנּוּ׃ نابی اقیم لاہم مقرب اخیم کاموخا ونا تتی دباری

Marfat.com

بقبو ود براہیم اِث کُل اشر اصنوتو ترجمہ اُن کے لیے نبی قائم کروں گا میں
اُن کے بھائیوں میں سے تیرا سا اور دوں گا اپنا کلام اس کے منہ میں کہ وہ کہے گا
اُن سے جو کچھ میں اس کو حکم دوں گا سورہ نجم میں اس کی طرف اشارہ ہو ما ینطق
عن الھوی اِن ھُو اِلّا وحی یوحیٰ علّمہٗ شدید القوی ذو مرۃ فاستویٰ
ترجمہ۔ اپنے دل سے نہیں کہتا وہ تو وحی ہے جسے سکھایا ہے بڑے قوی محکم نے
تب ٹھیک ہوا یعنی خدا جو اس سے کہہ دیتا ہے وہ بیان کرتا ہے اپنے دل سے
نہیں کہتا خدا ہی کے سکھانے سے وہ راست ہوا ہے جیسا حضرت آدم کو کہا
علّم آدم الاسماء کلھا מִצְוָה مِصوَہ عبرانی میں حکم کو کہتے ہیں
אֲצַוֶּנּוּ اُصَوِنُّو اسی سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں میں اُسے حکم دوں گا
اس قصہ کو خیال کرنا چاہیے کہ شریعت بنی اسرائیل کو حضرت موسیٰ کے زمانہ میں
معرفت فرشتہ کی دی گئی برق و رعد سے وے خوف زدہ ہوئے اور یہ درخواست
کی کہ ہم کو اب شریعت اس طور سے نہ ملے غالباً یہ اس بنا پر رہا ہوگا کہ حضرت
ابراہیم واسحٰق و یعقوب کے بیانات سے ان کو معلوم تھا کہ ایک نبی صاحب شریعت
بنی اسمٰعیل سے ہوگا تو جب درخواست ان کی نسبت شریعت کے تھی تو عام انبیائے
بنی اسرائیل اس سے مراد نہیں ہو سکتے کہ وے صاحب شریعت نہ تھے بلکہ وے
لوگ بموجب احکام توراۃ کے خود عمل کرتے تھے اور دوسروں کو ہدایت کرتے
تھے چنانچہ پیغمبر خدا نے فرمایا ہے علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل علاوہ بریں اس
نبی کا یہ نشان بتایا گیا کہ وہ مثل موسیٰ ہوگا۔ یہود کا یہ کلام کہ مماثلت سے مقصود
یہ ہے کہ وہ بنی اسرائیل سے ہوگا صحیح نہیں معلوم ہوتا کیوں کہ اسی کتاب کے
اخیر میں ۱۰ آیت سے ۱۲ تک یہ لکھا ہے کہ جسے یہود تسلیم کرتے ہیں عزرا نبی
نے روح القدس سے لکھا ہے וְלֹא קָם נָבִיא עוֹד

Marfat.com

שְׂרָאֵל כְּמֹשֶׁה אֲשֶׁר יְדָעוֹ יְהוָה פָּנִים
אֶל־פָּנִים: לְכָל־הָאֹתֹת וְהַמּוֹפְתִים
אֲשֶׁר שְׁלָחוֹ יְהוָה לַעֲשׂוֹת בְּאֶרֶץ—
מִצְרָיִם לְפַרְעֹה וּלְכָל־עֲבָדָיו וּלְכָל־אַרְ
צוֹ: וּלְכֹל הַיָּד הַחֲזָקָה וּלְכֹל הַמּוֹרָא
הַגָּדוֹל אֲשֶׁר עָשָׂה מֹשֶׁה לְעֵינֵי כָּל־יִ
שְׂרָאֵל: وِلُوقام نابی عُود بیسرائیل کموشہ اشر یدعو یہودا پانیم لِکُل ہا
اُوثُوث وِہمُو فتیم اشر شلاجُو یہودا لعسُوث بارص مصرایم لِفرعُو ولِکُل عبادا و
ولِکُل ارحُو ولِکُل ہیاد وِہحزا نا ولِکُل ہموراہ ہگا دول اشر عاسا موشہ لعینی کُل
یسرائیل ترجمہ پھر موسیٰ کا سانبی بنی اسرائیل میں قائم نہ ہوا جس پر خدا متجلی ہوا
ہو علانیہ ایسی آیات و معجزات کے ساتھ جس کے ظاہر کرنے کے لئے بھیجا تھا خدا
نے اسے ملک مصر میں فرعون اور اس کے توابع کے سامنے اور اس قوت شدیدہ
کے ساتھ اور اس اعجاز عظیم کے ساتھ جو موسیٰ نے بنی اسرائیل کے سامنے کر دکھایا
ان آیات سے ظاہر ہے کہ تمثیل موسیٰ سے اسی قدر مقصود نہیں ہے جو یہود کہتے
ہیں عزرا اخیر دور میں تھے وے خبر دیتے ہیں کہ موسیٰ کا سانبی آج تک نہیں
ہوا تو وہ شخص موعود جس کا تذکرہ ۱۸ باب کی ۱۵ آیت میں ہے اب تک
نہیں ہوا بلکہ وہ بڑے معجزات و آیات کے ساتھ ہوگا میرے نزدیک یہ ایک
پیشین گوئی ہے جو حضرت عزرا نے کی ہے واو جو וְלֹא קָם נָבִיא
עוֹד בְּיִשְׂרָאֵל כְּמֹשֶׁה: واو وِلو قام نابی
عود بیسرائیل کموشہ میں ہے واو ہپوخ ہے הַהִפּוּךְ اس واو کی
خاصیت یہ ہے کہ جب ماضی پر آتا ہے تو اس کے معنی مستقبل کے ہو جاتے ہیں

Marfat.com

اور اگر مضارع پر آتا ہے تو اس کے معنی ماضی کے ہو جاتے ہیں یہ واؤ کثیر الاستعمال ہے اور یہاں ماضی پر ہے تو معنی آیت یہ ہوں گے کہ نہ قائم ہوگا ابداً بنی اسرائیل میں کوئی نبی موسیٰ کا سا مطلب حضرت عزرا کا یہ ہے کہ نبی موعود جس کا وعدہ ۱۸ باب کی ۱۵ آیت میں ہے وہ بنی اسرائیل میں سے نہ ہوگا ایسا گمان مت کرو خصوصاً עוֹד عود کے لفظ پر لحاظ کرنا چاہیے - عود کے معنی ہمیشہ کے آئے ہیں مرادف כָּל הַיָּמִים کل ہیا میم جیسا ربی داؤد قمحی نے اپنی لغت میں لکھا ہے دونوں مقام کے ملانے سے مطلب واضح ہو گیا کہ حضرت موسیٰ نے خبر دی تھی کہ ایک پیغمبر میرا سا بنی اسمٰعیل میں ہوگا تم اس پر ایمان لانا - اس پر وعید بھی ہے کہ ایمان نہ لاؤ گے تو میں سمجھ لوں گا باوجود اس کے افسوس ہے کہ یہود ان آیات باہرہ پر بہ تحریفات معنویہ عمل نہیں کرتے اس سے صاف ہو گیا کہ اس سے حضرت عیسیٰ مراد نہیں ہیں تمثیل موسیٰ کسی پر صادق نہیں آتی سوائے محمدؐ کے - دیکھو جس طرح حضرت موسیٰ نے عصا کو سانپ کر دکھایا اسی طرح ہمارے پیغمبر نے سنگریزوں سے تسبیح پڑھایا جس طرح موسیٰؑ نے سمندر پھاڑا اسی طرح معجزہ شق القمر ظاہر ہوا جس طرح موسیٰؑ نے بارہ چشمے پانی کے پتھر سے جاری کئے اسی طرح ہمارے پیغمبر کی انگلیوں سے پانی جاری ہوا تھا جس طرح حضرت موسیٰ کی دعا سے قارون زمین میں دھنس گیا تھا اسی طرح سراقہ بھی حضرت موسیٰ مثل پیغمبر کے بڑے حلیم تھے جس طرح موسیٰ کو ہمیشہ کفار سے بڑی لڑائی تھی ویسا ہی آنحضرت کو بھی قتال پیش رہتا تھا اور کہاں تک لکھوں اس تمثیل کے لئے ایک رسالہ علیحدہ مرتب ہونا چاہیے احکام تورات و قرآن کے بہت ملتے ہیں اصول میں فرق نہیں ہے فروعات میں بسبب تبدل ادوار کے تفاوت ہوا ہے -

سورہ احقاف میں اسی کی طرف اشارہ ہے قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ کَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

Marfat.com

وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ عَلٰي مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ترجمہ تو کہہ دیکھو تو اگر یہ خدا کی طرف سے ہو اور تم نے اس کو نہ مانا باوجودیکہ بنی اسرائیل کا ایک گواہ اس کے مثل کے گواہی دے چکا ہے اور اس پر ایمان لایا ہے اور تم نے گھمنڈ کیا تو کیا تم ظالم نہیں ہو بلاشک خدا ظالم کو کامیاب نہیں کرتا خاصہ اگر یہ سچے نبی ہوں اور تم نے نخوت سے اُن کو نہ مانا باوجود شہادت موسیٰ تو پھر تم ظالم ہو گے اور مستحق وعید اور نسبت جھوٹے نبی کے جو آیت میں تذکرہ ہے وہ مسیلمہ کذاب واسود عنسی کی طرف اشارہ ہے چنانچہ صحابہ نے اس آیت کی تعمیل کی اور اُن کو قتل کیا اسی باب کی ۲۱ آیت میں خدا نے جھوٹے سچے نبی کی ایک شناخت بتائی ہے کہ اگر اُس کی خبر مطابق واقع کے نہ ہو تو سمجھو کہ وہ نبی جھوٹا ہے پیغمبر نے جو خبریں دیں اس میں سرمو فرق نہ ہوا قتلائے بدر کی مقامات قتل کو بتا دیا تھا اس میں ایک انگل کا تفاوت نہ ہوا آیت اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا کو لحاظ کرو اس کی بسط و شرح میں مصروف نہیں ہو سکتا ورنہ کتاب طویل ہو جائے گی پس ایسے نبی کو بموجب حکم توراۃ جھوٹا کہنا کفر ہے شعر

یارب صل وسلم دائماً ابدا علیٰ نبیّک خیر الخلق کلھم

اب یہاں ہم ایک خبر جو حضرت موسیٰ نے اپنی موت سے پہلے دی تھی بمناسبت مقام لکھ دیتے ہیں موسیٰ کی پانچویں کتاب کے ۳۳ باب کی ۲ آیت ויאמר יהוה מסיני בא וזרח משעיר למו הופיע מהר פארן ואתה מרבבת קדש מימינו אשדת למו: وَیُّومِرْ یہُوَاہْ مِسِّینَائی بَا وِزَارَحْ مِسِّیعِرْ لامُو ہُوفِیعْ مِہَرْ پَارَانْ وِآتَا مِرِبْ بُوتْ قُودِشْ مِیمِنُو اِیشْ دَاتْ لامُو۔ סיני سِینَائی عربی میں اُسے سینا کہتے ہیں یہ ایک پہاڑی علاقہ ہے بحر احمر کی دونوں شاخ

Marfat.com

کے بیچ میں اس علاقہ میں ایک پہاڑ ہے اُسے הר סיני ہر سینای کہتے ہیں عربی میں طور سینا ہر و طور کے معنی پہاڑ ہیں اس پہاڑ کی تین چوٹیاں ہیں جو ان میں چھوٹی اور پورب اُتر کی کون پر ہے اُسے חרב حُورِیب کہتے ہیں اور جنوبی حصہ اس پہاڑ کا סיני سینای کہلاتا ہے ایک چوٹی بجانب مغرب وجنوب واقع ہے یہ عرب میں ہے یہیں حضرت موسیٰ کو نبوت ہوئی تھی اور اس پہاڑ کے پاس ایک میدان ہے جسے عبرانی میں מדבר סיני مُدبر سینای یعنی وادی سینا اور عربی میں طوی کہتے ہیں שעיר سعیر یہ ایک پہاڑی ضلع ہے ایدُومیا کا جس پر حضرت عیص کی اولاد نے قبضہ کر کے سکونت اختیار کی یہ بحر الملح کے کنارہ سے بحر احمر کی شرقی شاخ تک پھیلا ہے اس میں ایک پہاڑ ہے اس کا نام عبرانی میں سعیر ہے اس کے شمالی حصہ کو عربی میں جبال کہتے ہیں اور جنوبی کو شراہ یہ بھی ملک عرب میں فلسطین کی سرحد پر واقع ہے حضرت موسیٰ نے اسی راہ سے شام پر حملہ چاہا تھا مگر اولاد عیص نے راہ نہ دی۔

ترجمہ۔ کہا (یعنی موسیٰ نے) اللہ سینا سے آیا اور چمکے گا سعیر سے اور بہت شدت سے متجلی ہوگا کوہ فاران سے اور آئے گا لاکھ لڑائی سے اس کے دہنے ہاتھ میں آگ ہوگی۔ اور اس کے پاس شریعت یا یہ کہ اس کے ہاتھ میں شریعت کی آگ ہوگی۔ فاران اس میں اتفاق ہے کہ فاران ملک عرب میں ہے خود توراۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ فاران وہ مقام ہے جہاں اسمٰعیل رہتے تھے جیسا لکھا ہے וישב במדבר פארן ترجمہ قیام کیا فاران کے میدان میں یہ حضرت اسمٰعیل کو لکھا ہے اس میں کچھ شبہ نہیں کہ حضرت اسمٰعیل مکہ میں رہتے تھے جیسا اوپر بیان ہوا پیدائش باب ۲۱ میں اس واقعہ کو یوں لکھا ہے کہ ابراہیم نے

Marfat.com

علی الصباح کچھ زاد راہ ہاجر کو دے کر رخصت کیا وہ روانہ ہوئے اور بیر سبع کی میدان میں مبہوت ہوئے وہاں پانی ختم ہو گیا تب چھوڑ دیا اس نے بیٹے کو کسی درخت کے نیچے اور ہٹ کے کچھ دور جوان کے سامنے بیٹھے ایک تیر پرتاب کے فاصلہ سے اس خیال سے کہ اس جوان کی موت کا صدمہ نہ دیکھوں اور چلا کے رونے لگی تب خدا اس جوان کی دعا کی طرف متوجہ ہوا اور فرشتہ آسمانی نے ہاجر کو پکار کے کہا کیا ہے ہاجر مت ڈر خدا نے اس جوان کی دعا قبول کی مطابق اس کی حال کے اٹھ اس جوان کو اٹھا اور اپنا احسان اس کے ساتھ محکم کر کہ اس سے بڑی قوم کے لئے قائم رکھوں گا (گوی گادول ہے مراد محمد ہیں من حیث العدد تو مقصود یہ ہوا کہ اسی محمد کو پیدا کروں گا) پھر فرشتہ نے ہاجر کی آنکھ کھول دی وہ کنواں مل گیا پھر تو ہاجر نے مشک بھر لی اور جوان کو پلایا پھر فرشتہ اس کے ساتھ اور وہ جوان معزز ہوا اور عرب میں قیام کیا اور شکار دوست ہوا اس نے فاران کے میدان میں سکونت اختیار کی اب یہاں چند امور لایق بحث ہیں اوّل بیر سبع کون مقام ہے جہاں ہاجرہ پریشان ہوئی تھیں میرے نزدیک وہ مقام صفا مروہ ہے بیر عبرانی و عربی میں کوے وچاہ کو کہتے ہیں شبع سبع عبرانی و عربی میں سات کو چونکہ ہاجرہ صفا و مروہ کے بیچ میں سات مرتبہ دوڑی تھیں جس کے بعد زمزم کنواں ملا تو اس میدان کو خدا نے بیر سبع سے بیان کیا اب تک اہل اسلام بین الصفا والمروہ سات مرتبہ سعی کرتے ہیں۔ یہ رسم برابر قریش میں بطور یادگاری جاری ہے حضرت اسمٰعیل و ہاجر کا حال جو کچھ ان کی اولاد سے ملے وہ موثق ہے اس سے جو دوسری قوم سے ملے ان بزرگوں کا حال مسلمانوں میں بہت بسط و شرح سے مشہور ہے یہ واقعہ یعنی ہاجرہ کا پریشان ہونا اور غلبۂ تشنگی اور نمود زمزم بین الصفا والمروہ مشہور ہے لہذا بیر سبع جو اس آیت میں مرقوم ہے اس سے مقصود بین الصفا والمروہ ہے یہود نصاری بیر سبع سے وہ مقام ارادہ

Marfat.com

کرتے ہیں جو ملک شام میں واقع ہے گزنیس میں لکھا ہے کہ اس نام کے چھ سات مقام ہیں
یہود و نصاری اسے بیر سبع کی تعیین میں غلطی ہوئی بیر سبع جو شام میں ہے وہاں متعدد
کوئیں ہیں اور حضرت ہاجرہ اس میدان میں حضرت ابراہیم کے ساتھ برابر دورگشت میں
رہتی تھیں وہاں ان کو پریشان ہونے کی کوئی وجہ نہ تھی اور پانی بھی نایاب نہ تھا
ہاں بین الصفا والمروہ ایسا ہی مقام تھا جہاں پانی کے لئے انسان متوحش و پریشان
ہوتا علاوہ بریں ۲۰ آیت میں مذکور ہے کہ قیام کیا مدبار میں مدبار عبرانی میں
میدان کو کہتے ہیں گزنیس میں لکھا ہے کہ یہ لفظ جب معرف ہوتی ہے تو اس سے
مقصود عرب ہوتا ہے اور یہاں بھی معرف ہے لہذا اس کا ترجمہ ہم نے عرب
کیا ہے پس سیاق کلام سے پیدا ہے کہ بعد اس واقعہ کے ہاجر وغیرہ نے قیام
عرب میں کیا بس بیر سبع کو ملک شام میں نہیں ہونا چاہئے بلکہ عرب میں اور عرب
میں کوئی مقام اس نام سے مشہور نہیں ہے اسی کے بعد مذکور ہے کہ اس نے
فاران کے میدان میں سکونت اختیار کی ان بیانات سے واضح ہو گیا کہ فاران
میدان مکہ ہے جہاں حضرت اسمعیل رہتے تھے۔ حضرت اسمعیل و ہاجرہ کا مزار بھی مکہ معظمہ
میں حطیم کے قریب ہے لہذا فاران جہاں حضرت اسمعیل رہتے تھے سوائے مکہ معظمہ
کے دوسرا مقام نہیں ہو سکتا اس مقام سے حضرت اسمعیل کی نبوت بخوبی ثابت
ہے۔ ربی سلومویری نے حضرت ہاجر کی نبوت تسلیم کی ہے ایک فاران اور بھی ہے
جو اندومیا اور فلسطین کی سرحد پر واقع ہے بلکہ بعض نے اُسے فلسطین میں داخل
کیا ہے کچھ حصہ اُس کا ضرور فلسطین میں ہے پھر جب بڑھی تو اُن کی اولاد حجاز سے
شام تک بسی و مسکن گزیں ہوئی چنانچہ موسیٰ کی پہلی کتاب کے ۲۵ باب میں لکھا ہے
کہ وے حویلہ سے شور تک آباد ہوئے حویلہ ایک شہر کا نام ہے جسے حویلہ ابن یقطان
نے آباد کیا ہے یقطان کے چند بیٹے تھے منجملہ اُن کے حویلہ و شبا و حضرماوت

Marfat.com

اُن کے نام سے شہر یں آباد تھی - حضرماوث جسے اب حضرموت کہتے ہیں وہ ۱۴،۳۰ درجہ
۲۱ دقیقہ عرض پر واقع ہے اور شبا کو اب سبا کہتے ہیں یہ سب سلطنت یمن میں واقع
تھی کسی زمانہ میں سلطنت یمن بہت وسیع و پرزور تھی شور یہ نام ہے شام کا عربی
میں اس کو سوریہ کہتے ہیں جس سے سیریہ نام یونانی نکلا ہے حویلہ وشور کے بیچ میں
علاقہ حجاز و مدین ہیں لہذا یہیں فاران کو بھی ہونا چاہیے اس میں شبہ نہیں کہ
حضرت موسیٰ عربستان میں پھرا کرتے تھے - موسیٰ کی تیسری کتاب کے ۱۰ باب کے
۱۲ آیت میں یوں لکھا ہے וַיִּשְׁכֹּן הֶעָנָן בְּמִדְבַּר
وَیِشکُون ہعانانِ بِمِدْ بَرپارَان ترجمہ وہ ابر فاران کے میدان میں ٹھہر گیا جب حضرت
موسیٰ چلتے تھے ان کے ساتھ ابر چلتا تھا جہاں وہ ٹھہر جاتا تھا حضرت موسیٰ وہاں
قیام کرتے تھے چنانچہ وہ ابر فاران میں ٹھہر گیا اور حضرت موسیٰ نے وہاں قیام کیا
یہ مقام مکہ معظمہ تھا کہ وہ ایک جگہ اطمینان کی تھی بہت عرب اُن کے ساتھ تھے اور وہ
حرم بھی تھا یہ امر لائق لحاظ کے ہے کہ جس فاران میں ابر ٹھہر گیا اور وہاں حضرت
موسیٰ نے قیام کیا کون مقام تھا وہ فاران جو ملک شام میں خواہ سرحد شام پر ہے۔
ہو نہیں سکتا کیوں کہ حضرت موسیٰ ملک شام میں گئے نہیں جب حضرت موسیٰ نے ایدومیا
کی راہ سے شام پر حملہ چاہا تو وہاں کے رئیس نے راہ نہ دی اور بلا عبور ایدومیا کے
فاران میں پہنچنا دشوار لہذا وہ فاران مراد نہیں ہو سکتا پھر موسیٰ کی منازل جو اُن
کی تیسری کتاب باب ۳۳ میں مذکور ہے اُس سے ثابت ہوتا ہے کہ فاران جہاں
موسیٰ نے قیام کیا وہ علاقہ حجاز میں تھا کیوں کہ جب انھوں نے میدان سینا سے
کوچ کیا تو قبروث میں مقام ہوا پھر وہاں سے کوچ کر کے حَصیرُوث میں مقام
ہوا جہاں مریم کو بوجہ بے ادبی موسیٰ برص ہو گیا گرینس میں لکھا ہے کہ یہ مقام ارَبیا
پٹریا میں واقع ہے اور حصیروث سے کوچ کر کے رِتمَا میں خیمہ زن ہوئے اور رِتمَا

Marfat.com

سے کوچ کرکے رِتموں میں قیام کیا پھر وہاں سے کوچ کرکے لِبنا میں قیام کیا لِبنا وہی
لِبن ہے جو حدود حرم سے ہے الغرض اس روانگی میں حرکت لشکریان موسیٰ کی سینا
سے جنوباً معلوم ہوئی لبن تک جو حدود حرم سے ہے پہونچے لبنا کو گرینیس میں
لکھا ہے کہ ایک شہر کا نام ہے یہودیہ میں یعنی جہاں بیت المقدس ہے یہ مراد نہیں
ہو سکتا - کیوں کہ حضرت موسیٰ شام میں گئے نہیں جیسا توراۃ سے ثابت ہے دوسرا
مقام اسی قدر بیان کیا کہ جہاں حضرت موسیٰ نے قیام کیا تھا یں دوسرا مقام یہی ہے
جو حدود حرم سے ہے اس سفرنامہ میں یعنی موسیٰ کی کتاب مذکور بالا میں منازل موسیٰ
میں لبن شمار ہوا اور دوسرے مقامات میں فاران مذکور ہے اس سے سمجھا جاتا
ہے کہ فاران وہی لبن ہے یہ سفر خروج مصر کی دوسری سال میں ہوا تھا اس کوچ
کی تفصیل ہم آگے لکھیں گے جس سے صاف ہو جائے گا کہ فاران حجاز و مکہ معظمہ
ہے پھر وہیں سے جاسوس ملک شام میں روانہ کیا اُسی کتاب کے ۱۳ باب کی
۲۶ آیت میں یوں لکھا ہے וַיָּבֹאוּ אֶל־מֹשֶׁה וְאֶל־
אַהֲרֹן וְאֶל־כָּל־עֲדַת בְּנֵי־יִשְׂרָאֵל אֶל־מִ
דְבַּר פָּארָן קָדֵשָׁה : وَیَّا بُوْاُل مُوشِہ وِاِل اَہَرُوْن وِاِل کُل عَدَتْ
بِنِی یَسِرائیل اِل مُدْبَر پَارَان قادِیشَہ ترجمہ ای (یعنی جاسوس) موسیٰ اور ہارون اور
سب جماعت بنی اسرائیل کے پاس میدان فاران میں جو مقدس ہے بعد وفات شمویل نبی
کے حضرت داؤد بخوف شاؤل خلیفہ و بادشاہ بنی اسرائیل جسے عربی میں طالوت کہتے ہیں
فاران میں چلے گئے اور چندے وہاں قیام کیا ان کے ساتھ کسی قدر فوج بھی تھی - لہذا
ایک مقام پر نہیں رہتے تھے اور اکثر مال دار و اہل دول کی ڈاکو و چوروں سے
نگرانی بھی کرتے تھے اس لئے اُن سے نفع بھی ہوتا تھا ایک معاملہ وہاں بمقام کرمل
پیش آیا کہ وہاں ایک شخص نابال نامی بڑا مال دار تھا اور اس کی حفاظت حضرت داؤد

Marfat.com

اور اُن کے ساتھی کیا کرتے تھے زکوٰۃ مانگا وہ بہت بگڑا اور کہا میں تو داؤد کو نہیں جانتا کون شخص ہے اس خشک جواب سے حضرت داؤد نے اس پر حملہ کیا مگر اس کی جورو جس کا نام ابی غایل تھا حاضر ہو کر بہت معذرت کی اور زکوٰۃ ادا کیا کہ حضرت داؤد خونریزی سے باز آئے اور واپس گئے مگر اُسی حوالی میں گشت و دورہ کیا کرتے تھے۔ چنانچہ بعد مرجانے نابال کے پیام بھیج کر حضرت داؤد نے ابی غائل سے نکاح کیا۔ سموئیل کی پہلی کتاب کے ۲۵ باب کو دیکھنا چاہیے یہاں چند باتوں پر نظر ڈالنا مناسب ہے نابال کے جواب سے کہ میں داؤد کو نہیں جانتا صاف ظاہر ہے کہ نابال ملک شام کا رہنے والا نہ تھا کیونکہ اس خطہ میں کوئی ایسا نہ تھا جو داؤد کو نہ پہچانتے کیونکہ وے خلیفہ خدا تھے اور بادشاہ وقت کے داماد اور گانے میں بے مثل تھے اور بیشتر جدال و قتال میں رہا کرتے تھے لیکن نابال ملک غیر کا رئیس تھا وہ ان کو نہیں جانتا تھا اور کرمل جہاں وہ رہتا تھا ایک مقام ہے جو طے کے دونوں پہاڑوں کے بیچ میں واقع ہے یعنی اجاؤ سلمی کے بیچ میں وہ میثا کی اولاد کا مسکن ہے جو حضرت اسمٰعیل کے بیٹوں میں تھے۔ حاتم طائی اسی جوار کا تھا ایک مقام اسی نام کا ملک شام میں تھا لیکن وہ یہاں مراد نہیں ہو سکتا وہ نابال کی جواب سے منطبق نہیں علاوہ بریں اس کرمل کو حوالی فاران میں ہونا چاہیے کیونکہ حضرت داؤد نے اس دورگشت کی حکایت زبور میں بھی کی ہے שָׁכַנְתִּי עִם אָהֳלֵי קֵדָר شَاخَنتی بآہُو قیدار ٹھہرا میں قیدار کی خیموں میں قیدار حضرت اسمٰعیل کے بیٹوں میں تھے ان کی اولاد حوالی مکہ میں رہتے تھے چنانچہ ہمارے پیغمبر قیدار میں تھے اور بنی اسمٰعیل خیموں میں رہتے تھے جب جہاں چرائی ہوتی تھی جا رہتے تھے اس قصہ سے بھی ثابت ہے کہ فاران ملک عرب بلکہ حجاز میں واقع ہے علاوہ بریں نمرود نے قوم جوری کو جو حوران و جبل شراہ میں کوفہ تک حکومت رکھتے تھے قتل کیا تا نخلستان

Marfat.com

فاران اس کا ذکر پیدائش کے باب ۲۱ میں ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جب
نمرود نخلستان فاران میں پہنچا بوجہ عظمت مکہ معظمہ کے خونریزی سے دست کش ہوکے
لوٹ گیا علاوہ بریں حضرت داوٗد نے بنی عیص کو جو کوہ شراہ اور اس کی حوالی میں
رہتے تھے کہ وہ ایک قطعہ عربستان کا ہے متصل شام قتل عام کیا اور وہاں ۶ مہینے
ٹھیرے رہے اس وقت شاہزادگان بنی عیص سے حدد نامی ایک شخص معہ چند
اشخاص کے جو اُسی قوم کے تھے بھاگ کر مدین میں گئے اور وہاں سے فاران جاکر
کچھ لوگ ساتھ لے کر مصر چلا گیا وہاں فرعون نے اُسے پناہ دی۔ ملاخیم باب ۱۱
کو دیکھو اس سے قیاس ہوتا ہے کہ حدد بخوف داوٗد بھاگا تھا شام میں تو وہ پناہ
نہیں لے سکتا تھا اور حوالی اردن سے تا کوفہ بلکہ کچھ دور تک اس کے جنوب جو قومیں
رہتی تھیں وہ سب داوٗد کے حکم سے باہر نہ تھیں وہاں پناہ نہ لے سکا تب وہ مدین
گیا جو علاقہ حجاز تھا لیکن مدین کے لوگ ایسے نہ تھے جو داوٗد کے حملہ کو روک سکتے
تب وہ مکہ معظمہ میں گئے ہوں گے وہ جگہ حملہ سے محفوظ تھی لیکن اس وادی غیر ذی زرع
میں قیام نہیں کر سکتے تھے تو انھیں کی مدد سے مصر گئے تو اس سے مستنبط ہوتا ہے
کہ فاران یہی مقام ہے لیکن کل حجاز پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جب מדבר
פארן مدبر فاران یعنی میدان فاران بولتے ہیں تو اس سے مراد ملک حجاز ہوتا ہے اور
הר פארן ہر فاران یعنی جبل فاران سے مکہ معظمہ اور קדש ב
רנע قادیش بَرنیع بھی اس کو کہا ہے اور کبھی صرف قادیش گو اس نام کا ایک
گاؤں اور قریب ملک شام کے واقع ہے جہاں حضرت مریم خواہر موسیٰ کا انتقال
ہوا مکہ معظمہ کو توریت میں بلفظ חרמה حُرمَا بیان کیا ہے حرما زبان
عبرانی میں وقف کو کہتے ہیں چوں کہ وہ مسجد حضرت آدم کی تھی اس کی پہلے کوئی
مسجد بنی نہ تھی اس لئے بلفظ حُرمَا مشہور ہوئی اب بھی حرم کہلاتی ہے یعنی

Marfat.com

اُس میں سوائے عبادت کے سب بات حرام ہے اِنَّ اوّل بیت وضع للناس خدا بھی اس کو کہتا ہے سب کے واسطے موضوع تھا یعنی وقف تھا جو شان ہے مسجد کی اوّ دوسرا ایک شہر اس نام کا سرحد شام پر واقع ہے اس حرما کی آبادی اس وقت ہوئی ہے جب حضرت موسیٰ نے قوم کنعانی پر جو دریائے اردن کے اس پار تھی فتح پائی موسیٰ کی ۴ کتاب کا ۲۱ باب دیکھو اور اُس حرما کا ذکر قبل فتح کے ہے اب ہم ایک واقعہ لکھتے ہیں جس سے بہت سے مقامات کی تصریح ہو جائے گی ورنہ یہود ونصاریٰ جو کتب سابقہ سے خوب واقف ہوتے ہیں عندالمباحثہ مغالطہ دیں گے سال دوم ماہ دوم تاریخ بستم کو بنی اسرائیل نے میدان سینا سے بموجب فرمان الٰہی کوچ کیا۔ یہ اُن کا وہاں سے پہلا کوچ تھا تین دن تک وے چلتے رہے لیکن کوئی مقام قیام کے لئے نہ ملا صعوبت سفر سے کلمات شکایت ان کی زبان پر جاری ہوئے کہ یکایک لشکر میں آگ لگ گئی پھر وہ حضرت موسیٰ کی کوشش وتدبیر سے گل ہوئی اس لئے اس مقام کا نام تبعیرا یعنی سوختہ ہوا بعدازیں غذا کے لئے ان کو صرف من ملتا تھا ایک غذا کی تکرار سے ان کے طبائع کارہ ہوئے گوشت کی درخواست کی خدا کی قدرت سے دریائی بٹیریں بہت کثرت سے سمندر کی جانب سے گریں اور وے بی احتیاطی سے کھانے لگے اس لئے بہت لوگ مرگئے تو اس مقام کا نام קִבְרוֹת הַתַּאֲוָה قِبرُوث ہتّاوا یعنی قبور الشہوۃ رکھا پھر اس مقام سے کوچ کرکے חֲצֵרוֹת حَصِیرُوث میں پہنچے وہاں حضرت مریم کو برص ہوگیا تا صحت اُن کے وہاں قیام رہا پھر اس مقام سے کوچ کرکے میدان فاران میں یعنی ملک حجاز میں پہنچے پھر جب قادیش یعنی مکہ معظمہ میں داخل ہوئے وہ ابر جو اُن کے ساتھ چلتا تھا ٹھہر گیا تو بنی اسرائیل نے وہاں قیام کیا اور وہاں سے بارہ آدمی جاسوسی کے لئے ملک شام روانہ کیا وے لوگ شہر حبرون تک جو اب خلیل کہلاتا ہے اور نہر اشکول جو اس کے

Marfat.com

پورے ہے وہاں تک گئے اور چالیسویں دن فاران میں بمقام قادیش واپس آئے اور اپنی قوم میں اس ملک کی خوبیاں بیان کیں لیکن وہاں کی قوت و اطمینان و دلیری ایسی بیان کیا جس سے ساری قوم بنی اسرائیل خائف و بددل ہو گئی اور قصد کیا کہ کسی کو سردار کر کے ملک مصر میں لوٹ جائیں شام کا جانا مناسب نہیں لیکن موسیٰ کی تدابیر سے ٹھیر گئے پھر اُن کو حکم ہوا کہ تم بحراحمر کی راہ سے شام کو روانہ ہو لیکن وے آمادہ نہ ہوئے تب موسیٰ نے اُنھیں بہت ڈرایا اس سے وہ نہایت غمگین ہوئے اور شام کی روانگی کا اہتمام کیا لیکن دوسری راہ سے جدھر جبارین رہتے تھے حضرت موسیٰ نے بہت منع کیا مگر وے کب سنتے تھے نہ مانا روانہ ہوئے لیکن حضرت موسیٰ اور ہارون اور جو لوگ اُن کی رائے میں تھے وہیں رہے۔ جب وہ لوگ سرحد جبارین میں پہنچے تو وہ مور ملخ کی طرح گر پڑی اور تا حُرما اُن کو قتل کرتی ہوئی اُن کا تعاقب کیا موسیٰ کی چوتھی کتاب کے ۱۰ باب سے ۱۵ باب تک کا انتخاب ہے پھر موسیٰ کی چوتھی کتاب کے ۲۰ باب میں لکھا ہے کہ بنی اسرائیل پہلے مہینے میں صین کے میدان میں جو ۳۰ درجہ ۵۳ دقیقہ عرض اور ۳۵ درجہ ۲۵ دقیقہ طول پر واقع ہے پہنچے اور بمقام قادیش ٹھیرے وہیں مریم کا انتقال ہو گیا۔ (یہاں مہینہ تو لکھا ہے لیکن سال کا کچھ ذکر نہیں یہ قادیش دوسرا ہے جو میدان صین کے حاشیہ پر ۳۰ درجہ ۴ دقیقہ عرض ۳۵ درجہ ۲۴ دقیقہ طول پر واقع ہے اور وہ قادیش میدان فاران میں اسی مقام میں حضرت موسیٰ نے پتھر سے پانی نکالا تھا اس سے قیاس ہوتا ہے کہ جب بنی اسرائیل کو جبّارین کے مقابلہ میں شکست ہوئی تو بے حسب مرضی موسیٰ بحراحمر کی راہ سے روانہ ہوئے اور مقام قادیش تک پہونچے) پھر موسیٰ نے مقام قادیش سے جو بنی عیص کی سرحد پر تھا جو جبل شراہ اور اس کے حوالی میں تا سرحد شام میں سکونت رکھتے تھے پیام بھیجا کہ ہم تمھاری زیارت سے عبور کریں گے

Marfat.com

کچھ تم کو ضرر نہ پہنچے گا لیکن انھوں نے قبول نہ کیا پھر وہاں سے کوچ کر کے کوہ ہور پر پہنچے جو بنی عیص کے جنوبی سرحد ۳۰ درجہ ۲۰ دقیقہ عرض ۳۵ درجہ ۲۵ دقیقہ طول پر واقع ہے وہیں حضرت ہارون نے وفات پائی عربی میں اُسے جبل ہارون کہتے ہیں اور اس اطراف میں کنعانیوں سے اور بنی اسرائیل سے دو ایک لڑائی ہوئی بالآخر بنی اسرائیل نے فتح پائی اور اس اطراف کو خوب لوٹا اس لئے اس مقام کا نام حُرما ہوا کیوں کہ حُرما کے معنی ہیں لوٹ اب وہاں سے بنی اسرائیل نے کوچ کیا اور اُوبوث میں پہنچے اور وہاں سے عی میں اور وہاں سے نہر زارد پر (یہ ندی دریائے اردن کے پورب واقع ہے جسے نہر عرب بھی کہتے ہیں) پھر وہاں سے کوچ کر کے دریائے ارنون کے کنارے پہنچے جو قوم اموری کی سرحد پر واقع ہے یہی دریا بنی لوط اور قوم اموری کی حد تھی مطابق واقعات گزشتہ کے حضرت موسیٰ نے اپنے خطبہ میں جو اُنھوں نے بعد فتح حسبان کے کہا تھا بیان کیا ہے جس کا ذکر موسیٰ کی پانچویں کتاب کے پہلے سے شروع ہوا ہے۔ اس کو ہم ذکر کرتے ہیں۔ اللہ ہمارے معبود نے ہم سے حُوریب میں فرمایا کہ قیام تمھارا اس پہاڑ میں بہت ہوا اب کوچ کرو اور اموری کے پہاڑ پر ہر طرف سے حملہ کرو تا دریائی فرات اس پر قبضہ کر لو تب میں نے کہا کہ مجھ سے تنہا یہ مہم انجام ہو نہیں سکتی۔ قوم کی کثرت سے مناسب یہ ہے کہ سرداریں مقرر ہوں (الغرض مقصود حضرت موسیٰ کا یہ تھا کہ جب حملہ کا حکم ہے تو لشکر مطابق قواعد جنگ مرتب کی جائے ایسا ہی حضرت شعیب نے اُن کو صلاح دی تھی لیکن چوں کہ وہ مقام محفوظ نہ تھا اس لئے حضرت موسیٰ نے مکہ معظمہ میں جانے کا تہیہ کیا جس کا ذکر ۱۹ آیت سے شروع ہے) پھر کوچ کیا ہم نے حوریب سے اور طے کیا اس تمامی بڑے بیابان بھیانک کو جسے تم نے معائنہ کیا کوہ اموری کی راہ سے اور پہنچے قادیش برنیع تک (یعنی مکہ معظمہ

Marfat.com

جب لشکر وہاں مرتب ہوا سرداران لشکر و عدالت منتخب ہو لئے) تب ہم نے ملک شام پر حملہ کا حکم دیا اُس وقت تم لوگوں نے یہ کہا کہ اوّلاً چند اشخاص بطور جاسوسی وہاں روانہ ہوں بعد دریافت حال بطور مناسب چڑھائی کی جائے چنانچہ یہ بات ہم کو پسند ہوئی اور اشخاص جاسوسی کے لئے روانہ ہوئے اور رودے دریائے اشکول تک گئے اور واپس آکے وہاں کی خوبیاں بیان کیں لیکن تم لوگوں نے حملہ کرنے سے انکار کیا کتنا ہی ہم نے سمجھایا مگر تم لوگوں نے نمانا بالآخر ہم نے تم کو حکم دیا کہ تم لوگ بحر احمر کی راہ سے روانہ ہو (یہ بھی اُن لوگوں نے نمانا لیکن جب موسیٰ نے اُن کو نتیجہ بد سے آگاہ کیا) تب لوگوں نے کہا کہ ہم سے خطا ہوئی اب ہم چڑھائی کریں گے اور لڑیں گے (لیکن وہ لوگ جس راہ سے تجویز تھی حملہ کو آمادہ نہ ہوئے بلکہ دوسری راہ سے) پھر کتنا ہی ہم نے تم لوگوں کو منع کیا۔ تم لوگوں نے نمانا پھر تو قوم اموری تم پر لوٹ پڑی اور کوہ شراہ سے حرماتک قتل کیا۔ پھر قادیش میں مدت تک مقیم رہے بعد ازیں بحر احمر کی راہ ہم نے کوچ کیا جیسا تجویز تھی اور کوہ شراہ کی گرد رہے۔ مدت تک تب خدا نے حکم دیا کہ پہاڑ کو گھیرے بہت دن ہوئے۔ اب بجانب شمال متوجہ ہو۔ لیکن بنی عیص سے جو کوہ شراہ میں رہتے تھے احتیاط کرنا اُن کو کچھ گزند نہ پہنچے۔ پھر بیان کیا ہے کہ ہم گزرے سرحد بنی عیص سے عرب کی راہ سے ایلہ اور عصیون ہو کے پھر نہر زارد کو اُتر گئے۔ قادیش برنیع سے تا عبور نہر زارد ۳۸ برس گزرا تھا۔ مقصود ہمارا حکایت مرقومہ سے اسی قدر ہے کہ کوہ سینا جہاں حضرت موسیٰ نے مصر سے آکے قیام کیا تھا اور وہیں اولاً اُن کو تجلی ہوئی تھی۔ ملک شام سے بہت قریب تھا۔ ۳۰ درجہ عرض سے ملک شام شروع ہے خود بیت المقدس ۳۱ درجہ ۵۰ دقیقہ عرض پر واقع ہے کوہ سینا سے ایک درجہ کا فاصلہ بھی نہیں ہے حملہ وہاں سے کچھ دشوار نہ تھا۔ لیکن اُس وقت تک فوج آراستہ نہ تھی اُس کا آراستہ کرنا ضرور تھا جس کے لئے مقام محفوظ مطلوب تھا اور کوہ سینا جو متصل مدین کے واقع ہے جہاں حضرت شعیب کا مسکن تھا حضرت موسیٰ جن کی بکریاں چرایا کرتے تھے

Marfat.com

اور نیز وہ مقام محفوظ نہ تھا۔ اس لئے حضرت موسیٰ نے وہاں رہنا مناسب نہ سمجھا پس وہاں سے کوچ کرکے دشتِ فاران میں قادیش میں جو مقام محفوظ تھا قیام کیا۔ اگرچہ لشکر کے تجربہ کار کرنے کے لئے جا بجا پھرتے تھے لیکن قیام وہیں رہتا تھا۔ یہ علاقہ حجاز معلوم ہوتا ہے جہاں بنی اسمٰعیل بستے تھے جو اہل مدین اور حضرت موسیٰ کے یک جدی تھے۔ اس خصوصیت سے اور نیز اس وجہ سے کہ مکہ حرم تھا حضرت موسیٰ نے وہاں رہنا اختیار کیا۔ وہاں جاسوس ملک شام سے چالیس دن میں واپس آئے تھے تو وہ دوسرا قادیش جو سرحد شام کے قریب ہے ہو نہیں سکتا۔ ان مقامات کے ذریعے سے یہود اکثر مغالطہ دیا کرتے ہیں۔ اس وجہ سے مختصر بیان اُن کا ضرور تھا הַר שֵׂעִיר سعیر یہ پہاڑ و ریاست کا نام ہے جہاں عیص کی اولاد رہتی تھی وہیں جبل شراہ واقع ہے۔ اب ہم فاران میں کچھ اور بحث کرتے ہیں گو تطویل ہے لیکن خالی از نفع نہیں ہے۔ موسیٰ کی چوتھی کتاب کے ۱۳ باب میں لکھا ہے

וַיְדַבֵּר יְהוָה אֶל־מֹשֶׁה לֵּאמֹר׃ وَيْدَبير يهوا اِل مُوشِہ لِيمور۔ خدا نے موسیٰ سے یوں کہا שְׁלַח־לְךָ אֲנָשִׁים וְיָתֻרוּ אֶת־אֶרֶץ כְּנַעַן אֲשֶׁר־אֲנִי נֹתֵן לִבְנֵי יִשְׂרָאֵל אִישׁ אֶחָד אִישׁ אֶחָד לְמַטֵּה אֲבֹתָיו תִּשְׁלָחוּ כֹּל נָשִׂיא בָהֶם׃

شْلَخ لِخَا اَناشیم و یاتُرو اِت اِرِص کَنَاعَن اَشِر اَنِی نُوتِن لِبنی یسرائیل اِیش اِحَاد اِیش اِحَاد لِمَطِّہ اَبوتَا و تِشلاحو کُلّ نَاسی بَاہِم۔ لغت شْلَخ اس مادہ کے معنی ہیں ارسال و روانہ کرنا یہاں صیغہ امر ہے یاتُرو اس مادہ کے معنی ہیں گھومنا گشت کرنا پھر جاسوسی کرنا جو یہاں مقصود ہے اس کے معنی تلاش و جستجو بھی آتے ہیں مَطِّہ بمعنی خاندان (ترجمہ) کچھ لوگ اپنی تجویز سے جاسوسی کے واسطے ملک کنعان میں روانہ کر جسے ہم بنی اسرائیل کو دیں گے

Marfat.com

ایک ایک مرد ہر خاندان سے جو سردار ہو بھیج ۳ וַיִּשְׁלַח אֹתָם
מֹשֶׁה מִמִּדְבַּר פָּארָן עַל־פִּי יְהוָה כֻּלָּם
אֲנָשִׁים רָאשֵׁי בְנֵי־יִשְׂרָאֵל הֵמָּה׃

وَیِشلح اُوتام مُوشِہ ممدبّر پاراَن عَل پِی یہوَا کُلّام اَناشیم رَاشے بنی یسرائیل ہیمّا (ترجمہ) تب روانہ کیا اُن کو موسیٰ نے دشت فاران سے مطابق حکم خدا کے سب کے سب سرداران بنی اسرائیل تھے اس کے بعد ۱۶ آیت تک تفصیل اُن سرداروں کی ہی جن کو موسیٰ نے جاسوسی کے لئے روانہ کیا تھا۔ الغرض موسیٰ نے دشت فاران سے ملک شام کی جاسوسی کے واسطے کچھ لوگ روانہ کئے تھے۔ یہ وہی فاران ہی جس کا ذکر باب گزشتہ کی اخیر آیۃ میں ہی کہ بنی اسرائیل نے حصیروث سے کوچ کرکے دشت فاران میں خیمہ ڈالا مطابق اس کے جا بجا مذکور ہی۔ واضح ہو کہ منازل موسیٰ جو کتاب میں ثبت ہیں وے مقامات ہیں جہاں اُنھوں نے چند روز قیام کیا ہی بیچ کے منازل و مدت قیام کا کچھ ذکر نہیں۔

וַיָּתֻרוּ אֶת־הָאָרֶץ מִמִּדְבַּר־צִן עַד־
רְחֹב לְבֹא חֲמָת׃ وَیّاتُروٗ اٗت ہاآرِص مِمّدبر صِن عَدرِحوب لبوٗ حماث (ترجمہ) پھر تو جستجو کی اُس ملک کے دشت صِن سے رحوب تک بجانب حماۃ۔ چین گزیٹیر میں لکھا ہی کہ یہ مقام فلسطین کے دکھن طرف ہی۔ نقشہ میں اندومیا سی ہی دکھن ہی۔ طول و عرض مرقومہ بالا سے بھی ایسا ہی پیدا ہے۔ قاموس میں اس نام کے دو مقام لکھے ہیں ایک یہی اور دوسرا کوفہ کے پاس یہ دونوں مقام سرحد شام پر واقع ہیں اور رحوب سے ارض کنعان کی شمالی حد پر کوہ لبنان کے پاس واقع ہی اور وہیں حماۃ بھی۔ الغرض جو سین مرسلہ نے ملک شام کو جنوب سے شمال تک بالکل دیکھا۔ اس کے بعد ۲۲ و ۲۳ و ۲۴ آیت کا خلاصہ یہ ہی کہ وے جاسوس دکن کو لوٹے اور حبرون تک آئے جو ۳۱ درجہ ۳۲ دقیقہ عرض ۳۵ درجہ دقیقہ طول پر واقع ہے اور وہاں اِشکول ندی تک پہنچے۔ جہاں سے خوشۂ انگور و

Marfat.com

انار وانجیر توڑ لئے عرض اشکول ۳۱ درجہ ۴۰ دقیقہ طول ۳۴ درجہ ۳۲ دقیقہ ہے۔

וַיָּשֻׁבוּ מִתּוּר הָאָרֶץ מִקֵּץ אַרְבָּעִים
יוֹם׃ וַיֵּלְכוּ וַיָּבֹאוּ אֶל־מֹשֶׁה וְאֶל־אַהֲרֹן
וְאֶל־כָּל־עֲדַת בְּנֵי־יִשְׂרָאֵל אֶל־מִדְבַּר
פָּארָן קָדֵשָׁה׃

وَیَّاشُبُو مِتُّور ہاآرِص مِقِّیص آرْبَاعِیم یُوم : وَیِّیلْخُو وَیَّابُوءُ اِل مُوشِہ وِاِل اَہرُون وِاِل اَہرُون وِاِل کُل عَدَث بِنِی یِسرائیل مدبر پاران قادیشا (ترجمہ) تب لوٹے جاسوس ملک سے چالیس دن کے عرصہ میں یعنی چلے و پہونچے۔ موسیٰ و ہارون کل جماعت بنی اسرائیل کی پاس دشت فاران میں جو مقدس ہی بیان گزشتہ سے معلوم ہوا کہ جاسوس دشت فاران سے روانہ ہوئے تھے پھر وہیں لوٹ کر آئے اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ وے جنوبی حد شام سے شمالی حد تک جاکے لوٹے تو حبرون بلکہ نہر اشکول پر جو بیت المقدس سے سمت دکھن ہے پہونچے اور بعد فراغ جاسوسی چالیس دن میں دشت فاران میں پہونچے اس سے پیدا ہی کہ فاران جنوبی حد شام سے قریب چار سو کوس کے ہی۔ اسی قدر مسافت مکہ معظمہ سے تا سرحد جنوبی شام ہی کیونکہ مکہ ۲۱ درجہ ۴۰ دقیقہ عرض پر واقع ہی اور نہر اشکول ۳۱ درجہ ۴۰ دقیقہ عرض پر تو فاصلہ درمیانی ۱۰ درجہ ہوا اور ایک درجہ ۶۹ میل ہوتا ہی بحساب میل انگریزی۔ اس حساب سے فاصلہ درمیانی ۳۴۵ کوس ہوا۔ جسے آدمی متوسط ۴۰ دن میں بسہولت طے کرسکتا ہی اور دوسرا فاران جس کا عرض ۳۱ درجہ ۱۵ دقیقہ ہی اور طول ۳۵ درجہ ہی نہر اشکول سے قریب ہی مراد ہو نہیں سکتا اور اگر کہیں کہ یہ مدت جاسوسی کا بیان ہی یعنی چالیس دن میں جاسوسی سے فراغت ہوئی جیسا شِلُومُو یَرحی کہتا ہی تو یہ صحیح نہیں کیونکہ اسی تفسیر میں لکھا ہی کہ ملک شام شمالاً جنوباً چار سو کوس ہی متوسط آدمی دن بھر میں دس کوس چلتا ہی اس حساب سے چالیس دن میں تو صرف پہنچیں گے جنوب سے

Marfat.com

شمال تک اور ایاباً ذہاباً ۸۰ دن ہوتے ہیں لہذا بیان ہی کہ نہر اشکول سے فاران تک
چالیس دن میں پہونچے مقصود ہمارا یہ ہی کہ وہ فاران دوسرا ہی جو فلسطین سے دکھن قریب
شام واقع ہی وہ مراد نہیں ہو سکتا۔ لہذا وہی فاران مراد ہی جو مسکن حضرت اسمٰعیل کا تھا یعنی
مکہ معظمہ۔ واضح ہو کہ ولایت روم جسے اب ایشائی روم خواہ ترکستان کہتے ہیں وہ قطعہ زمین
ہی جس کے پورب ایران اور پچھم بحر فرنگ جسے انگریز میڈی ٹری نین سی کہتے ہیں واقع
ہی اور اوتر بحر اسود اور دکھن علاقہ عرب ہی یہ ملک ۳۰ درجہ عرض سے ۴۲ درجہ تک اور
۲۶ درجہ طول سے ۴۸ درجہ تک آباد ہی پس عرض اس کا ۱۲ درجہ ہی اور طول ۲۲ درجہ تو
حساب سے یہ ملک پورب پچھم ۴۲۵ کوس ہوا اور اوتر دکھن ۲۴۰ کوس بحساب جغرافیہ
اہل عرب اسی سرزمین میں حضرت آدم پیدا ہوئے، اسی ملک کو خدا نے جنت سے تعبیر
کیا ہی دجلہ، فرات و جیحان و سیحان دریائیں اسی ملک میں جاری ہیں جو حسب بیان توارت
سیرابی جنت کے لئے جاری ہوئیں دجلہ و فرات مشہور ہیں جیحان شام کو روم سے جدا کرتا ہی
اس کا عبری نام گیحون ہی چونکہ توارت میں اُس کا بہنا سرزمین کوش میں بیان ہوا ہے اور
کوش نام ہی حام کے بیٹے کا جس کی اولاد سے حبشہ و زنگ وغیرہ بلاد سودان آباد ہے۔
اس لئے اس دریا کی تعین میں یہود کو اختلاف ہی کوئی بات قرینہ کی کہتے نہیں جسے نقل کریں
لیکن ضرور ہی کہ یہ دریا وہیں ہو جہاں دجلہ و فرات ہو۔ پس گنگا خواہ نیل کو کہنا جیسا بعض
مصنفین گمان کرتے ہیں بعید القیاس ہی باقی رہا یہ سخن کہ اُس کی نسبت توارت میں لکھا ہی کہ
وہ سرزمین کوش میں جاری ہی تو کوش سے مراد یہاں سرزمین روم ہی کیونکہ کوش کے اصلی معنی
حسن و جمال و راست کرداری کے ہیں چنانچہ صفورا حضرت موسیٰ کی بی بی کو توارت میں
האשה הכשית اشّا کوشیت یعنی کوشی عورت لکھا ہی اونقلوس نے
کوشی کا ترجمہ שפירתא : شپیرتا بمعنی خوب صورت عورت لکھا ہے
شلومو یرچی نے بھی یہی معنی لکھا ہے اور یہ بھی لکھا ہی کہ ہر یانی خوبصورت ہوتے تھے

Marfat.com

اس میں شبہ نہیں کہ شعیب حام کی اولاد میں نہ تھے بلکہ وے اہل مدین بن قطورہ کی اولاد میں تھے بس یہاں بھی ارض کوش سے مراد ارض روم ہی کہ وہاں کے لوگ خوب صورت و خوش سیرت ہوتے تھے اور دریائے سیحان بھی اُسی ملک میں جاری ہی عبرانی میں اُسے پیشون کہتے ہیں شلومو یرچی نے لکھا ہی کہ اُس سے مقصود دریاے نیل ہی یہ صحیح نہیں کہ نیل کو عبرانی میں שִׁחוֹר : شیحُور کہتے ہیں[۱] زیادہ بحث کا یہ مقام نہیں

---

[۱] صحیح مسلم میں ایک حدیث ابوہریرہ سے مروی ہی کہ پیغمبر خدا نے فرمایا ہی سیحان وجیحان والفرات والنیل من انھار الجنۃ" (ترجمہ) سیحان وجیحان' فرات ونیل جنت کی ندیاں ہیں امام نووی نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہی کہ جیحان وسیحان ندیاں جو حدیث ہذا میں مذکور ہیں بلاد ارمن میں ہیں۔ جیحان مصیصہ کی ندی ہی اور سیحان اُذنہ کی ندی ہی یہ دونوں بڑی ندیاں ہیں اُن میں جیحان بڑی ہے یہی ٹھیک ہی۔ انتہیٰ۔ واضح ہو کہ مصیصہ کو قاموس میں لکھا ہی بلد بالشام چونکہ یہ ندی فاصل ہی روم و شام میں اور ہے مصیصہ علاقہ شام دریاے جیحان کے کنارہ تو کچھ تعارض نہیں ہی اور اُذنہ علاقہ روم میں ہی سیحان جو اُس سے بڑھ کے گزرتا ہی۔ جوہری نے اپنی صحاح میں لکھا ہی کہ جیحان شام کا دریا ہی جس پر نووی معترض ہیں کہ وہ ندی ارمن میں ہی۔ یہ اعتراض صحیح نہیں ایک کنارہ روم میں ہے اور ایک شام میں۔ ہاں ارمن میں بھی گزرتا ہے اور حازمی نے لکھا ہی کہ جیحان ندی مصیصہ کے مابین ہے۔ نہایۃ الغریب میں لکھا ہی کہ سیحان وجیحان دو ندیاں عواصم میں ہیں مصیصہ اور طرسوس کے پاس طرسوس بوزن حلزون ۵۸ درجہ طول ۳۷ درجہ عرض پر ملک ارمن میں واقع ہے۔ طرسوس انطاکیہ سے قریب ہی جس کا طول ۶۰ درجہ ۵۵ دقیقہ اور عرض ۳۷ درجہ ۵۰ دقیقہ ہی۔ اس لئے ابن زہیر نے اُسے ملک روم سے شمار کیا ہے حدود ملک تبدل ہوا کرتے ہیں۔ قاضی عیاض نے لکھا ہی کہ یہ چاروں ندیاں بلاد اسلام میں جاری ہیں۔ نیل تو مصر میں ہے اور فرات عراق میں اور سیحان و جیحان جسے جیحون و سیحون کہتے ہیں خراسان میں ہیں یہ بالکل ناتحقیق ہے۔ واضح ہو کہ اس حدیث میں نیل انہار جنت میں شمار ہوئی۔ میرے نزدیک نیل سے مراد یہاں نیل مصر نہیں ہے بلکہ مراد اس سے دجلہ ہی جو انہار جنت سے ہی دجلہ کو کلدی میں دغلہ کہتے ہیں اور ارمنی میں بھی اور پہلوی میں تغیرا اور ژندی تغیر سس اُسی سے یونانی طغرسس منقول ہی عبرانی نام اس کا حِدقِل ہی حاءِ حطی اس کے اوّل میں زائد ہی تو اصل دغلہ ٹھیرا۔ یہ مادہ عبرانی میں قلیل الاستعمال ہی لیکن عربی میں بمعنی خضاب ہے چونکہ دجلہ کے پانی میں کسی قدر رنگت ہی اس لئے اس کا نام حدقل ہوا۔ اسی مناسبت سے اُس کا ترجمہ کلدی میں دغلہ ہوا اور عربی میں دجلہ کیونکہ دجیل قطران کو کہتے ہیں جس کا رنگ نیلا ہوتا ہی۔ چونکہ دجلہ کے پانی میں کسی قدر ازرقت ہی اس لئے اُس کا نام دجلہ ہوا اور اسی معنی سے اس حدیث میں اس کا نام ہوا نیل عربی میں عظلم کو کہتے ہیں وہ ایک گھاس ہی جس سے رنگ کرتے ہیں (نیل سے مراد یہاں دجلہ ہی۔ الغرض حدیث دال ہی کہ ملک شام جنت ہی جو مسکن آدم تھا ۱۲

Marfat.com

اب ہم اصل مطلب کی طرف رجوع کرتے ہیں یہ ملک جس کا عرض و طول اوپر بیان ہوا ہے چند حصوں میں منقسم ہے۔ ایک حصہ وہ ہے جو دجلہ سے پورب واقع ہے۔ اس حصہ کو یونانی میں آسریا کہتے ہیں عبرانی نام اس کا اشور ہے اسی میں شہر نینوی جو موصل سے متصل ہے بڑا شہر کسی زمانہ میں دار السلطنت تھا۔ اسی حصہ میں نہر خابور جاری ہے۔ اس کے شمالی حصہ میں کردستان واقع ہے جہاں کوہ ارراط یعنی جودی پہاڑ ہے جہاں نوحؑ کی کشتی ٹھہری تھی اس کے جنوبی حصہ میں بغداد وغیرہ شہریں واقع ہیں جو اب عراق عرب کہلاتے ہیں اسی حصہ میں شہر بابل جو نمرود کا دار السلطنت تھا واقع ہے دوسرا حصہ وہ ہے جو دجلہ و فرات کے بیچ میں ہے اُسے یونانی میں میسوپوٹمیا کہتے ہیں اسی حصہ میں نہر خابور جو راس العین سے نکلی ہے جاری ہے اور دریائے فرات میں گرتی ہے اس کو عبرانی میں خابور دگبار کہتے ہیں۔ راس العین ۶۴ درجہ ۳ دقیقہ طول ۳۶ درجہ ۵۰ دقیقہ عرض زمین مستوی پر واقع ہے وہاں سے بہت چشمے نکلے ہیں کہ ان سے مل کر نہر خابور ہے یہ پہلا شہر ہے دیار ربیعہ کا جانب دیار مضر اور حرّان سے دو دن راہ پر ہے۔ حرّان جسے عبرانی میں حاران کہتے ہیں دیار مضر کا نامی شہر ہے ۶۳ درجہ ۳ دقیقہ طول ۳۶ درجہ ۵۰ دقیقہ عرض پر آباد ہے اس میں صابئین کے معابد بکثرت تھے اسی کی نواح میں سروج جس کا طول ۶۲ درجہ ۴۰ دقیقہ و عرض ۳۶ درجہ ۵۰ دقیقہ آباد ہے۔ حرّان سے یک روزہ راہ پر جس میں باغات بکثرت ہیں دار الریاست دیار مضر کا رقّہ تھا جس کا طول ۶۳ درجہ ۱۵ دقیقہ و عرض ۳۶ درجہ ۳ دقیقہ الغرض میسوپوٹمیا میں دیار ربیعہ و دیار مضر جس کے شہروں سے سروج رہا حرّان رقّہ راس العین ماردین میافارقین قرقیسیا نصیبین سنجار موصل تکریت وغیرہ ہیں مشہور خطے ہیں۔ تیسرا حصہ جو دریائے فرات سے پچھم ہے ملک شام ہے اس کی حد شرقی فرات ہے اور غربی بحر فرنگ و دریائے جیحان اور حد جنوبی ملک عرب اور شمالی طارس پہاڑ یہ حصہ شمالاً جنوباً ۳۰ درجہ سے ۳۷ درجہ دقیقہ تک چلا گیا ہے پس شمالاً جنوباً یہ حصہ یعنی ملک شام ۲۹۰ کوس ہوا۔ اس حساب سے

Marfat.com

بھی مدت جاسوسی شمالاً جنوباً ۴۰ دن نہیں ہوسکتی۔ اُنس جلیل میں لکھا ہے کہ ملک شام کے پانچ
حصہ ہیں اول فلسطین (یہ جنوبی حصہ ہے) یہ نہایت سیر حاصل ہے یہ بجانب مصر عریش سے
شروع ہوتا ہے اُس کے قریب ہے غَزّہ جسے عبرانی میں عزّہ بعین مہملہ کہتے ہیں اُس کا طول
۵۶ درجہ ۲ دقیقہ ہے اور عرض ۳۲ درجہ ۳ دقیقہ اُس میں قبر ہاشم بن عبد مناف کی ہے
وہیں تولد امام شافع ہے اُس کے متصل رَمْلہ جس کا طول ۵۶ درجہ ۵۰ دقیقہ ہے اور
عرض ۳۲ درجہ ۲ دقیقہ عَسقلان جسے عبری میں اشقلون کہتے ہیں طول اس کا ۵۶ درجہ
۳۰ دقیقہ اور عرض ۳۲ درجہ ۱۵ دقیقہ ہے۔ یہ غزّہ سے تین فرسخ ہے اور رَملہ سے نو کوس
یافا جسے عبری میں یافو کہتے ہیں طول اُس کا ۵۶ درجہ ۴۰ دقیقہ اور عرض ۳۲ درجہ
۲۰ دقیقہ ہے قیساریہ اُس کا طول ۵۵ درجہ ۲۰ دقیقہ اور عرض ۳۲ درجہ ۵۰ دقیقہ ہے جبرون
۵۶ درجہ ۳۰ دقیقہ طول اور ۳۱ درجہ ۳۵ دقیقہ عرض پر واقع ہے اس میں قبر ابراہیم
علیہ السلام کی ہے اسے اَلخلیل بھی کہتے ہیں بیت المقدس ۵۶ درجہ ۳۰ دقیقہ طول و
۳۱ درجہ ۵۰ دقیقہ عرض پر واقع ہے نابُلس ۵۷ درجہ ۳۰ دقیقہ طول و ۳۲ درجہ ۲ دقیقہ
عرض پر واقع ہے اَریحا جسے عبرانی میں ہریحو کہتے ہیں ۳۱ درجہ ۵۱ دقیقہ عرض پر واقع
ہے۔ انس جلیل میں عرض فلسطین یافا سے اَریحا تک دو دن کی راہ لکھی ہے اور طول چار
دن سے کچھ زیادہ۔ شام دویم حوران جس کا بڑا شہر طبریہ ہے اُس کا طول ۵۸ درجہ
۵۵ دقیقہ اور عرض ۳۲ درجہ ہے اسی حصّہ میں شہر بُصریٰ واقع ہے جس کا طول ۶۰ درجہ
۳ دقیقہ ہے اور عرض ۳۲ درجہ ۵۵ دقیقہ۔ یہ دمشق سے چار منزل ہے۔ شام سوم غوطہ ہے
جس کا بڑا شہر دمشق ہے ۶۰ درجہ ۳ دقیقہ طول و ۳۳ درجہ ۳۰ دقیقہ عرض پر واقع ہے۔
شام چہارم حِمص اور اُس کے مضافات ہیں۔ حِمص شہر کا طول ۶۱ درجہ ۳ دقیقہ ہے اور
عرض ۳۴ درجہ ۲۰ دقیقہ۔ شام پنجم قِنسرین اس کا بڑا شہر حلب ہے جس کا طول ۶۲ درجہ
۲ دقیقہ ہے اور عرض ۳۵ درجہ ۵۰ دقیقہ۔ اُسی انس جلیل میں لکھا ہے کہ شام کی حد جنوبی

Marfat.com

ارض حجاز ہے۔ ایلہ سرحد پر واقع ہے کہ وہ بیت المقدس سے ۸ منزل ہے
اور حد شمالی بیت المقدس سے ۲۰ دن کی راہ۔ اس حساب سے شام شمالاً
جنوباً ۲۸ دن کی راہ ہوا۔ جب بھی چالیس دن مدت جاسوسی نہیں ٹھہرتی۔ اب یہاں ایک گفتگو
اور ہے کہ سیر جواسیس میدان صن سے تا رحوب جسے عربی میں رحبہ کہتے ہیں توراۃ میں لکھی ہے
عرض صن ۳۰ درجہ ۵۳ دقیقہ ہے اور عرض رحوب یعنی رحبہ ۳۴ درجہ ۵۹ دقیقہ ہے تو فاصلہ
درمیانی ۴ درجہ ۶ دقیقہ ہوتا ہے جسے آدمی ۱۵ دن میں قطع کر سکتا ہے اگر بخط مستقیم چلے تو
ایاباً و ذہاباً ۳۰ دن ہوئے لیکن جاسوسی رواروی میں ہوتی نہیں ضرور کچھ نہ کچھ کہیں زیادہ
بھی ٹھہرتا ہے۔ علاوہ بریں وے جواسیس براہ حبردن نہر اشکول لوٹے تھے جس میں پھر ہے
تو چالیس دن کی مدت جاسوسی کے لئے کفایت نہیں کرتی پس یہ مدت جاسوسی کا بیان نہیں ہے
یہاں ایک گفتگو اور ہے کہ فاران کے معنی نور و تجلی ہیں تو جبل فاران سے مقصود جبل النور ہوگا
اور ہے جبل النور حرا کا نام جو مکہ سے متصل ہے وہیں آنحضرت نے گوشہ نشینی کی تھی اور وہیں سے
آغاز نبوت ہوا پس یہ کلام بڑی شدت سے شریعت کوہ فاران سے یعنی جبل حرا سے جاری
ہوگی پورا ہوا۔ اب ہم یہاں موسیٰ کی کتاب کا پہلا باب ذکر کرتے ہیں۔

אֵלֶּה הַדְּבָרִים אֲשֶׁר דִּבֶּר מֹשֶׁה אֶל-כָּ
ל-יִשְׂרָאֵל בְּעֵבֶר הַיַּרְדֵּן בַּמִּדְבָּר בָּעֲרָ
בָה מוֹל סוּף בֵּין-פָּארָן וּבֵין-תֹּפֶל
וְלָבָן וַחֲצֵרֹת וְדִי זָהָב׃

اِلِہ ہَدْ بارِیم اَشِیر دِبِّر موشِہ اَل کُل یسرائیل بعیبر ہَیَردین بَمِد بار باعَرابا مُول سُوف
بین پاران وبین توفل ولابان وحَصِروث وِدِی زاہاب۔ لغات سمندر کی نالی کو
عربی میں خلیج اور انگریزی میں گلف کہتے ہیں یَرْدین جسے عربی میں اُرْدن کہتے ہیں نام ہے
ایک ندی کا جو بحرہ زغر میں گرتا ہے اس دریا کی پچھم ارض کنعان ہے اور پورب ارض گلعاد

جسے اب بلقاء کہتے ہیں قریات لوط بھی اسی مین داخل ہین - سوف عبرانی مین خلیج کو کہتے ہین
اور عرابا اوس زمین کو جولائق زراعت نہ ہو - نوفل ربی یوحنان نے لکھا ہی کہ مین نے خوب
جانچا اس نام کا کوئی گانوں نہ ملا - اونقلوس نے بھی اس کا ترجمہ کسی گانوں سے نہیں کیا بلکہ
اُسکے معنی لغوی بیان کیا - الغرض اگلے مفسرین اسے نام کسی قریہ کا نہیں ٹھہراتے میرے
نزدیک یہ ایک پہاڑ کا نام ہی مکہ کے پہاڑوں سے جسے عربی میں طفیل کہتے ہین چونکہ یہ عرب کا
پہاڑ ہی اس لئے عبری مفسرین کو معلوم نہ ہوا - لابان بھی کسی مقام مجہول کا نام ہی حصیروث
وہی مقام ہی جہان مریم کو برص ہو گیا تھا بے نزاہاد وہ مقام ہی جہان بنی اسرائیل نے
گوسالہ بنایا تھا وہ طور پہاڑ کے پاس تھا (ترجمہ) یہ وہ باتیں ہیں جسے موسیٰ نے جملہ بنی اسرائیل
سے اردن اس پار بحر احمر کے سامنے پاران طفیل ولابان و حصیروث و دی زاہات مین
بیان کیا یہ بہ نسبت اُن کتابوں کے ہی جو پہلے لکھی گئیں - پانچویں کتاب سرزمین موآب مین
مقصود یہ ہی کہ یہ چار کتاب ملک عرب میں ثبت ہوئیں کچھ پاران یعنی مکہ معظمہ میں کچھ کوہ سینا
کے پاس کچھ حصیروث وغیرہ مقامات میں نازل ہوئیں کیونکہ بحر احمر کے سامنے یہ مقامات
واقع ہیں گرنیس میں سوف کا ترجمہ اریبیین کلف یعنی خلیج عرب لکھا ہی - خلیج عرب بحر احمر ہی
بلکہ جہان سے بحر احمر دو شاخ ہوا ہی وہان سے جنوبی حصہ اُس کا مراد ہی جس کے سامنے
ملک حجاز ہی کیونکہ اُن دونوں شاخ میں سے شرقی کو بحر ایلہ کہتے ہیں اور غربی کو بحر قلزم
اب یہان سے ظاہر ہوتا ہی کہ باران ملک حجاز میں بحر احمر کے سامنے ہی پاران کا ذکر طفیل
کے ساتھ جو مکہ کا پہاڑ ہی اُس کا موید ہی אַחַד עָשָׂר יוֹם מֵחֹרֵב
דֶּרֶךְ הַר־שֵׂעִיר עַד קָדֵשׁ בַּרְנֵעַ׃
(ترجمہ) گیارہ دن کی راہ ہی حوریب (کوہ طور) سے قادیش برنیع تک کوہ سعیر (جبل شراہ)
کی راہ سے یہان ہم کو قادیش برنیع کی تحقیق ضرور ہی کہ وہ حوریب یعنی کوہ طور سے براہ
جبل شراہ گیارہ دن کی راہ ہو - اس لئے ہم اولاً بحر احمر کا حال جو جغرافیہ مین مذکور ہی

Marfat.com

دیکھتے ہیں تقویم البلدان میں لکھا ہی بحر احمر یہ سمندر ایک موضع سے جس کا نام قلزم ہی شروع
ہوتا ہی۔ یہ موضع شمالی کنارہ پر جس کا طول ۵۴ درجہ اور عرض ۲۸ درجہ و ثلث ہی واقع
ہی شاید یہ مقام اب سویس کہلاتا ہی یا سمندر میں غرق ہوگیا کیونکہ سویس کا درجہ جو اب
نقشوں میں درج ہی اس سے کچھ متفاوت ہی۔ یہ سمندر قلزم سے دکھن کو جاتا ہی کچھ پورب
جھکتا ہوا قصیر تک جہاں طول ۵۹ درجہ و عرض ۲۶ درجہ ہی پھر وہاں سے دکھن جاتا ہی
پچھم جھکتا ہوا عیذاب تک جہاں طول ۵۵ درجہ اور عرض ۲۱ درجہ ہی پھر سیدھے جنوب کو
جاتا ہی سواکن تک جو ایک قصبہ ہی سودان کا جہاں طول ۵۸ درجہ اور عرض ۱۷ ہی
پھر وہاں سے جنوب کو جاتا ہی جزیرہ دہلک میں اور یہ اُس کی ساحل غربی سے قریب ہی
جہاں طول ۶۱ درجہ اور عرض ۱۴ درجہ ہی۔ پھر ساحل حبشہ تک بڑھجاتا ہی اور مندب
پہاڑ سے مل جاتا ہی جو کہ انتہاے قلزم ہی جانب جنوب جہاں بحر احمر بحر ہند سے ملا ہی
وہاں دونوں جانب پہاڑ واقع ہونے سے سمندر بہت تنگ ہوگیا ہی یہاں تک کہ اُس
پار کا آدمی اُس کنارہ کے آدمی کو دیکھتا ہی۔ اس مقام کا نام باب المندب ہی۔ مندب کے
پہاڑ سودان کے میدان میں واقع ہیں اور عدن کے پہاڑ سے دوسری جانب سے مل گیا ہے
عدن باب المندب سے دکھن پورب کے کون پر ہی جانب شرقی قلزم بحر عدن سے شمال کو جاتا ہے
جس عدن کا طول ۶۶ درجہ اور عرض ۱۱ درجہ ہی۔ یہاں تک کہ یمن پر مرور کرتا ہوا حلی تک
پہنچتا ہی جس کا طول ۶۷ درجہ اور عرض ۱۹ درجہ ہی اور یہ آخر حد شمالی یمن ہی پھر وہاں سے
شمال کو جاتا ہی جدہ تک جہاں طول ۶۶ درجہ اور عرض ۲۱ درجہ ہی پھر شمال کو مغرب جھکتا ہوا
جحفہ تک جاتا ہی جو میقات اہل مصر ہی جہاں طول ۶۵ درجہ اور عرض ۲۲ درجہ ہی۔ پھر شمال کو
مغرب جھکتا ہوا ساحل ینبع تک پہنچتا ہی جہاں طول ۶۴ درجہ اور عرض ۲۶ درجہ ہے
پھر پچھم اوتر کی کون پر جاتا ہے۔ یہاں تک کہ مدین سے متجاوز ہوکے ایلہ سے مل جاتا ہی
جہاں طول ۵۵ درجہ ۴۴ دقیقہ اور عرض ۲۸ درجہ ۵۰ دقیقہ ہی پھر دکھن کو مڑتا ہی طور کی طرف

Marfat.com

جو قلزم کی دونوں شاخ کی بیچ میں ہے واضح ہو کہ قلزم دو دو ہارہ ہو کر شمال کو ہی ہے ایک شاخ پچھم ہو گئی اور ایک پورب اُن کو عربی میں ذراع خواہ لسان کہتے ہیں پس لسان شرقی کے سرے پر ایلہ ہے اور لسان غربی کی سرے پر قلزم اور اب سویس ہے اور دونوں لسان کے بیچ میں جو میدان ہے اُس میں طور پہاڑ ہے پس طور اور میدان حجاز کی بیچ میں سمندر ہے بحر قلزم جب قصیر سے متجاوز ہوتی ہے تو پھیلتی ہے پورب دکھن کو یہاں تک کہ وسعت ۶۰ میل ہو جاتی ہے اُس قطعہ وسیع کو بر کہ غزندل کہتے ہیں واضح ہو کہ جو علاقہ درمیان دو لسان قلزم کی واقع ہے اسے عربی میں تاران کہتے ہیں جیسا قاموس میں لکھا ہے اسی میں کوہ طور واقع ہے جس کے جنوبی حصہ کو عبرانی میں حوریب کہتے ہیں اور اس کا عرض ۲۸ درجہ ۳۴ دقیقہ ہے اور شمالی حصہ کو سینا جس کا عرض ۲۰ درجہ ۳۵ دقیقہ ہے کوہ سعیر جسے جبل شراہ کہتے ہیں ۳۰ درجہ ۵۵ دقیقہ اُس کا عرض ہے۔ دشت فاران کا عرض ۲۹ درجہ ۳۳ دقیقہ لکھا ہے۔ قادیش برنیع کا عرض ۳۰ درجہ ۵۴ دقیقہ مرقوم ہے یہ سب طول و عرض ایک نقشہ مطبوعہ لندن سے جو ۱۸۵۶ء میں چھپا ہے میں نے لکھا ہے اس حساب سے حوریب سے فاصلہ تا فاران ۴۴ کوس کا ہے اور سینا سے فاران تک ۳۷ کوس اور کوہ سعیر سے فاران تک ۳۴ کوس کا اور فاران سے قادیش برنیع تک ۴۳ کوس تو حوریب سے قادیش برنیع تک ۸۵ کوس ہوا جسے انسان ۸ دن میں طے کر سکتا ہے۔ بلکہ ۶ دن میں۔ لہذا آیت میں جو قادیش برنیع مذکور ہے جس کی مسافت کوہ طور سے گیارہ (۱۱) دن لکھے ہے ہو نہیں سکتا اور نہ وہاں حضرت موسیٰؑ تشریف لے گئے۔ دشت فاران جہاں بتاتے ہیں وہ سرحد فلسطین پر واقع ہے وہاں سے حملہ آسان تھا لیکن بنی عیص نے جانے نہ دیا بہ مجبوری حملہ بنی اسرائیل نے ملک مواب سے کیا اور مدین کی راہ سے عبور کر کے عوج بن عوق سے لڑی تھی اور پھر ملک مواب کی راہ سے حملہ کنعان پر کیا بلکہ اہل مدین سے بھی لڑائی ہوئی اور مدین آہن فاران کی راہ میں نہیں پڑتا جو سرحد فلسطین پر واقع ہے اگر روانگی کوہ طور سے ہو

Marfat.com

مسٹر جی سیلمان ایرجی نے جو اس آیت کی تفسیر کی ہی خلاصہ اُس کا یہ ہی کہ حوریب یعنی کوہ طور سے
تا قادیش برنیع گیارہ دن کی راہ تھی اُسے تم نے ببرکت نور الٰہی تین دن میں طے کی لیکن
حساب جو اُس کا لکھا گیا ہی وہ صحیح نہیں لکھا ہی کہ ۲۰ ماہ ایّار کو بنی اسرائیل نے حوریب سے
کوچ کیا کیونکہ اُن کی روانگی کسی مقام توراۃ میں دوسری سال خروج کی دوسرے
مہینے کی ۲۰ تاریخ بیان ہوئی ہی اور سیوان کی ۲۹ تاریخ کو جو اسیس ملک شام کو روانہ
ہوئے (تو یہ جملہ چالیس دن ہوئے) اس میں سے ۳۰ دن منہا ہونا چاہیئے کیونکہ بنی اسرائیل
ایک ماہ قبروت میں مقیم رہے کیونکہ لکھا ہی کہ ایک ماہ انھوں نے گوشت کھایا اور گوشت
اُن کو قبروت میں ملا تھا اور سات دن مریم کی وجہ سے حصروت میں مقیم رہے یہ سات دن
بھی منہا ہونا چاہیئے۔ پس جملہ ایام منہا شدہ ۳۷ ہوئے پس ۳۷ نکال ڈالنے سے چالیس سے
۳ باقی رہے کہ وہی ایام قطع مسافت ہیں حوریب سے قادیش برنیع تک انتہیٰ: اس میں
نقص یہ ہی کہ ایّار بنی اسرائیل کی سال کا دوسرا مہینا نہیں ہی ماہ ہائے یہود تشری،
حشوان، کسلیو، طیبت، شباط، ادار، نیسان، ایار، سیوان، تموز، آب، ایلول
دوسرے یہ امر غیر ثابت ہی کہ بنی اسرائیل جس روز قادیش میں پہونچے اُس کی صبح کو
جو اسیس روانہ کیا۔ علاوہ بریں یہ امر ضرور نہیں کہ اُنھوں نے جو ایک مہینہ گوشت کھایا
تو قبروت میں ٹھیر کے کھایا؛ جائز ہی کہ راہ چلنے میں بھی کھاتے ہوں؛ پس قادیش بُرنیع
سے مقصود مکہ معظمہ ہی اسی وجہ سے انقلوس نے قادیش برنیع کے ترجمہ میں רקם
רקם גיא رِیقام گیّا لکھا ہی رِیقام کے معنی ہیں خالی اور گیّا معنی وادی یعنی
وادی غیر ذی زرع جو حضرت ابراہیم نے مکہ معظمہ کی نسبت فرمایا تھا مکہ معظمہ کا عرض
۲۱ درجہ ۴۰ دقیقہ ہی اور عرض حوریب ۲۸ درجہ ۲۴ دقیقہ تو فاصلہ درمیانی ۶ درجہ
۴۵ دقیقہ ہوا جو حساب سے ۲۲۸ کوس ہوتا ہی جسے آدمی بسہولت ۲۴ دن میں قطع کر سکتا ہے
اور حضرت موسیٰ رات دن برابر چلتے تھے۔ اس لئے دن کو ابر سایہ کئے رہتا اور رات کو

Marfat.com

قدرتی نور رہنما ہوتا تھا۔اس لیے حضرت موسیٰ نے مسافت سیناسے قادیش تک ۱۱ دن کی بیان کیا۔ابن خلدوں نے لکھا ہی کہ بحر قلزم کی پورب ملک یمن ہی۔ پھر حجاز پھر مدین اور ایلہ اور اُس کے اخیر میں پاران ہی اور اسی کتاب میں لکھا ہی کہ قلزم سویس کے پاس ختم ہوجاتا ہی بعد سویس کے فاران اور بعد اُس کے طور بعد اُس کے ایلہ ایسا ہی عربی جغرافیہ میں مرقوم ہی۔ الغرض تحقیقات سے ثابت ہوتا ہی کہ فاران سرحد شام پر فلسطین سے دکھن ایک میدان کا نام ہی لیکن وہ کوئی مشہور مقام نہیں ہی نہ وہاں کی کوئی یادگار ہی یہود کے بیانات سے اُس کی نمود ہی توراۃ کے بیانات سے نکلتا ہی کہ حضرت موسیٰ وہاں تشریف نہیں لے گئے اور مکہ کے میدان کو بھی توراۃ میں فاران لکھا ہی جیسا اوپر بیان ہوا یہ ایک مقام مشہور ہی جہاں مسجد آدم علیہ السلام واقع ہی۔ وہاں دور دراز سے لوگ زیارت کے لئے جاتے تھے۔سام بن نوح کا وہ مسکن تھا۔ملک عرب اُنھیں کے حصہ میں تھا اُن کی اولاد سے اُس کا معمور ہونا اس پر دلیل بین ہی۔حضرت ابراہیم کے آباء اوّلاً وہیں رہتے تھے۔پھر نمرود کی ملازمت سے عراق میں دریائے فرات کے شرقی جانب جا بسے فافہم: اب ہم یہاں خطبہ موسیٰ بالاستعاب ذکر کرتے ہیں جس سے حضرت موسیٰ نے جملہ بنی اسرائیل کے سامنے ارض مواب میں جسے اب بلقاء کہتے ہیں پڑھا تھا۔اُس کا ذکر موسیٰ کی پانچویں کتاب کے پہلے باب سے شروع ہوا مقصود اُس سے خدا کی مہربانیوں کا بیان ہی جو بنی اسرائیل کے ساتھ ہوئیں اور اُس کے وعدہ کا سچا ہونا اور قوم کے ضعف ایمان پر سرزنش تاکہ وے قوی دل ہوکے شام پر حملہ کریں اور اُس قطعہ زمین کو اجنبی حاکم سے جو نہایت سنگ دل و سخت بت پرست تھے نکال لیں خطبہ یہ ہی:

موجود ہمارے معبود نے حوریب میں یوں فرمایا۔ تمھارا قیام اس پہاڑ میں بہت ہوا پھرو اور کوچ کرکے اُموری کے پہاڑ کی طرف جاؤ بلکہ اُس کی سب بستی کی طرف خواہ میدان میں ہو جبل ہو یا سہل خشکی ہو یا تری یعنی ملک کنعان میں دریائے

Marfat.com

فرات تک جاؤ دیکھو تمھارے سامنے رکھدی ہم نے یہ سرزمین جاؤ اُس پر قبضہ کرو جس کی
نسبت خدا نے تمھارے آبا ابراہیم و اسحٰق و یعقوب سے وعدہ کیا کہ تھاری اولاد کو دینگے
اُس وقت میں نے تم سے کہا کہ میں تنہا تمھارا بوجھ اُٹھا نہیں سکتا۔ خدا نے ہم کو بڑھایا۔ اب
تم مثل نجوم سما کے ہو۔ خدا تم کو اور بڑھائے اور برکت دے میں تنہا کیونکر اُٹھاؤں تمھاری
تکلیف تمھارا بوجھ، تمھارا جھگڑا انتخاب کرو مردانِ دانشمند و فہیم و واقف کار اپنے قبائل
سے کہ ہم اُن کو سردار مقرر کریں تب تم نے جواب دیا کہ یہ انتظام بہتر ہے۔ تب ہم نے تمھارے
قبائل سے دانشمند و واقفکار اشخاص انتخاب کر کے سردار مقرر کیا۔ ہزار پر سو پر پچاس پر
اور دس پر اور کوتوال پھر اُن کو حکم دیا کہ دیانت و امانت سے انجام دو۔ رشوت نہ لینا۔
بلا رو رعایت فیصلہ کرنا۔ ہاں جو امر دشوار ہو اُسے میرے سامنے پیش کرنا تو میں تم کو خدا کا حکم
سُنا دوں گا۔ اُس وقت تم کو شرائع سے آگاہ کر دیا۔ تب کوچ کیا ہم نے حوریب سے اور
طے کیا اُس کل بڑی بھیانک میدان کو جسے تم نے دیکھا کوہ اموری کی راہ سے جیسا خدا نے
فرمایا تھا اور پہنچے قادیش برنیع تک اُس وقت ہم نے تم سے کہا کہ تم لوگ کوہ اموری پر
گزرے جسے خدا تم کو دے گا۔ دیکھو خدا تمھارے معبود نے اس ملک کو تمھارے سامنے
کر دیا اُس پر چڑھائی کر کے قبضہ کرو جیسا خدا نے تم کو حکم دیا کچھ خوف و خطر مت کرو تب
تم لوگوں نے ہمارے پاس آکر بیان کیا کہ روانہ کریں کچھ لوگ کہ اُس ملک کو دیکھ آئیں
اور راہ کو جدھر سے چڑھائی کریں اور شہروں کو جہاں جائیں گے یہ بات ہم کو پسند ہوئی
تب ہم نے بارہ آدمی تم میں سے منتخب کر کے روانہ کیا تو وے پھرے اور روانہ ہوئے
پہاڑ کی طرف اور پہنچے نہر اشکول تک (یہ بیت المقدس کے جنوب ہے) اور جاسوسی
کیا اور لے لیا اپنے ہاتھ میں وہاں کے میوے اور ہمارے پاس لائے اور وہاں کی
مخبری کی اور کہا کہ ملک خوب ہے لیکن تم چڑھائی پر آمادہ نہ ہوئے اور خدا کو ناراض کیا
اور اپنے خیموں میں خدا کی شکایت کرنے لگے اور کہنے لگے کہ بدخواہی سے خدا ہم کو

Marfat.com

ملک مصر سے نکال لایا ہم کو قوم اموری کے حوالہ کرنے کو یہ نظر ہماری تباہی کے کہاں ہم چڑھیں۔ ہمارے بھائیوں نے ہمیں بددل کر دیا یہ کہکے کہ وہ قوم بڑی اور قوی ہے ہم سے بڑی بڑی شہریں جس کی شہر پناہ آسمان تک ہے وہاں بڑی گراں ڈیل طویل الاعناق اشخاص دیکھے ہم نے۔ تب ہم نے تم سے کہا کہ کچھ خوف و خطر مت کرو۔ اُن سے خدا تمہاری طرف سے لڑے گا جیسا تم نے مصر میں دیکھ لیا ہے اور بیابان میں مشاہدہ کر چکے ہو کہ تم کو لڑکے کی طرح یہاں اُٹھا لایا باوجود ان مشاہدات کے تم خدا پر ایمان نہیں رکھتے کہ رات کو تمہارے سامنے آگ جلتی تھی۔ راہ دکھانے کو اور دن کو ابر سایہ کرنے کو (واضح ہو کہ ملک حجاز میں اب تک بخوف سموم دن کو راہ نہیں چلتے رات ہی کو چلتے ہیں۔ اس لئے بنی اسرائیل کو راہ دکھلانے کے لئے رات کو روشنی آگے آگے چلتی تھی اور دن کو ابر سایہ کئے رہتا تھا اس سے سمجھا گیا کہ رات دن چلتے تھے) تب خدا تمہاری بات سن کے غضب ناک ہوا اور قسم کھائی کہ اس خراب دور کے اشخاص اُس عمدہ زمین کو نہ دیکھیں گے سوائے کالیب بن یفنہ کے اور اُس کے پیروان کے جو خدا کے ساتھ پورے اُترے۔ تمہاری وجہ سے ہم کو بھی خدا نے کہا کہ تو بھی وہاں نہ پہنچے گا۔ یوشع بن نون جو تیرے سامنے کھڑا ہے وہ وہاں جائے گا۔ اُسی کو قوی کر کہ وہی بنی اسرائیل کو راہ چلائے گا۔ تمہاری اولاد جو اُس وقت نیک و بد نہیں سمجھتی وہ وہاں جائے گی اُنھیں کو ہم دینگے وے ہی اُس پر قبضہ کرے گی تم لوگ لوٹو یہاں سے کرو بحر احمر کی راہ سے تب تم لوگوں نے جواب دیا کہ ہم سے خطا ہوئی ہم چڑھائی کریں گے اور موافق حکم خدا کے لڑیں گے پھر تو ہر شخص نے اپنا حربہ سنبھالا اور آمادۂ چڑھائی ہوا۔ تب خدا نے مجھ سے کہا کہ چڑھائی نہ کرو اور نہ لڑو کہ میں معین نہیں ہوں اپنے دشمنوں کے ہاتھ سے تباہ مت ہو تب ہم نے کہدیا۔ مگر تم نے نہ مانا اور خدا کو ناراض کیا اور اپنے غرور سے پہاڑ پر چڑھ گئے۔ تب نکلے اموری جو پہاڑ میں رہتے تھے تمہارے مقابلہ کو اور تمہارا تعاقب کیا جیسا بھڑ کرتی ہے اور

Marfat.com

تم کو قتل کیا سعیر میں (یعنی جبل شراہ میں) حُرما تک تب تم لوگ لوٹے اور خدا کے سامنے گریہ و زاری کیا۔ لیکن خدا نے کچھ التفات نہ کیا تب تم پھرے قادیش میں بہت دنوں پھر تم لوٹے اور چلے گئے بیابان کو بحر احمر کی راہ بموجب فرمان الٰہی اور گھیرے رہے کوہ شراہ بہت دنوں تب خدا نے مجھ سے کہا کہ تم کو اس پہاڑ کو گھیرے بہت دن ہوئے شمال کی طرف رخ کرو اور قوم کو یہ حکم دو کہ تم لوگ اپنے بھائی بنی عیص کے حدود میں گزرو گے جو کوہ سعیر (یعنی جبل شراہ) میں بسے ہیں اور تم سے ڈرتے ہیں احتیاط کرو اُن سے جدال نہ کرنا اُن کی سرزمین سے تم کو ایک قدم بھر نہ دیں گے کیونکہ ہم نے بنی عیص کو کوہ سعیر میراث دی ہے ہاں اُن سے دام دے کر خریدنا اور کھانا بلکہ پانی بھی مول لے کے پینا۔ خدا تیرے معبود نے تیری جملہ مکاسب میں برکت دی وہ جانتا ہے تیرا قطع کرنا اس بڑے بیابان کو چالیس برس ہوئے خدا تیرا معبود تیرے ساتھ ہے کسی چیز کی کمی نہ ہوئی۔ تب گزرے ہم اپنے بنی عیص کے حدود سے جو سعیر میں مسکن گزیں ہیں براہ خشک زمین ایلہ اور عصیون ہو کے پھر متوجہ ہوئے بیابان مُوآب سے گزرنے کو (مُوآب نام ہے قوم کا جو لوط کی اولاد میں ہیں اُس ملک کو بھی مُوآب کہتے ہیں اور اب اُسے بلقا کہتے ہیں اُس میں ایک قطعہ تھا جسے کرک کہتے ہیں اُس وقت وہاں کا بادشاہ بالاق تھا شاید اُسی کے نام سے بلقا مشہور ہوا اس میں ایک چھوٹا گاؤں ہے جسے عبری میں صُعَر اور عربی میں زُغَر کہتے ہیں۔ اس گاؤں میں حضرت لوطؑ نے پناہ لی تھی جب فرشتوں نے اُن کو بھگایا اسی نام سے وہ بحیرہ جس میں نہر اردن جسے نہر شریعت کہتے ہیں گرتا ہے بحیرہ زُغَر مشہور ہوا یہ علاقہ اس بحیرہ سے پورب طرف ہے اور دریائے ارنون سے اور ترجس کا طول ۵۸ درجہ ۲۰ دقیقہ ہے اور عرض ۳۲ درجہ ۵۰ دقیقہ اور وسط بحیرہ کا طول ۵۹ درجہ اور عرض ۳۱ درجہ ہے) خدا نے مجھ سے کہا کہ بنی قوم لوط پر حملہ نہ کرنا وہ دیار ہم نے اُس کی اولاد کو دیا ہے تم کو نہ دینگی۔ اب تم مستعد ہو اور نہر زارد کو اُتر جاؤ تب ہم لوگ نہر زارد اُتر گئے (یہ نہر وسط مواب یعنی بلقا میں ہے اسی کے کنارہ پر صُعَر یعنی زُغَر ہے) وہ ایام جو قادیش برنیع سے روانگی کے وقت سے تا عبور نہر زارد گزرے ۳۸ برس تھے اس وقت تک جملہ اشرار ختم ہو چکے تھے تب مجھ سے خدا نے کہا کہ تو اب حدود مُوآب سے

Marfat.com

گزر جائے گا اور بنی عمون کے حدود کے مقابل ہوگا۔ اُن سے جدال مت کرنا وہ خطہ اُن کی میراث ہے
تم کو نہ ملے گا۔ تم مستعد ہوکے کوچ کرو اور دریائے ارنون سے عبور کرو (یہ ندی ۵۸ درجہ ۲۰ دقیقہ
طول و ۳۲ درجہ ۵۰ دقیقہ عرض پر واقع ہے۔ موآب اموریوں کی سرحد یہی ندی ہے اس ندی کے جنوب ملک
موآب ہے اور اوتر ملک اموری) دیکھ ہم نے رئیس حشبون سیحون اموری کو تیرے قبضہ میں دیدیا
اُس سے لڑو۔ اب تمھارا رعب جملہ اقوام کے قلوب پر جمادیں گے۔ تب ہم نے بیابان مذکور سے
سیحون رئیس حشبون کے پاس قاصد بھیجکر یہ کہلا بھیجا کہ ہم لوگ تمھاری ملک سے گزریں گے
سیدھی راہ چلے جائیں گے کسی طرح ضرر نہ پہنچائیں گے۔ لیکن سیحون نے قبول نہ کیا اور قتال
کے لئے نکلا اور شکست کھائی پھر تو قتل عام جاری ہوا اور بنی اسرائیل نے اُس تمامی ملک کو
تباہ کیا اور لوٹ لیا اور قبضہ کرلیا (حشبون جسے عربی میں حبان کہتے ہیں ایک قطعہ ہے ملک شام کا دریائے
ارنون سے شمال جانب دریائے اردن تک چلا گیا ہے۔ بحیرۂ زُغر سے پورب طرف اُس کا دارالسلطنت
اُس وقت حشبون تھا دریائے ارنون کے کنارہ عرُوعیر شہر ہے جسے عربی میں عرایر کہتے ہیں۔ دیبون ایک قریہ کا
نام ہے جسے عربی میں دوبان کہتے ہیں یہ موضع صور سے قریب ہے) پھر متوجہ ہوئے اور باشان کی
راہ لی تو نکلا عوغ رئیس باشان لڑنے کے لئے مقام ادرعی میں (باشان جسے عربی میں بثینہ
کہتے ہیں وہ قطعہ شام ہے جو بصریٰ سے شمال و حوران سے پچھم ہے۔ یہ ریاست بہت سیر حاصل ہے بہت ندیاں
اس میں جاری ہیں دمشق سے جنوب ہے اس کے شہروں میں گولان ہے جسے عربی میں جولان کہتے ہیں اور
افیق جسے عربی میں فیق کہتے ہیں اس کا ایک صوبہ ارگوب تھا جس میں ساٹھ شہر آباد تھے اور یہی شہر دریاکنارہ
آباد تھا عربی میں اُسے اذرعات کہتے ہیں اس میں ایک بت خانہ تھا جس کا نام عشتورت تھا اُس میں زہرہ
کی پرستش ہوتی تھی یہ سب عوغ کی ریاست میں تھا جسے عربی میں عوج بن عوق کہتے ہیں) پھر خدا نے
مجھ سے کہا۔ اُس سے مت ڈر اُسے میں نے تیری حوالہ کیا اور اُس کی تمام قوم کو اور
اُس کی تمام ریاست۔ اُس کے ساتھ ویسا ہی کرنا جیسا سیحون کے ساتھ کیا چنانچہ خدا نے
ویسا ہی کیا اور ہم نے قتل عام جاری کیا اُن خاندان کا کوئی نہ بچا اُن کے کل شہروں کو

Marfat.com

پر قبضہ کرلیا علاقہ ارگوب میں ساٹھ شہر یہ سب شہریں مُسوّر تھے جن کے گرد شہر پناہیں بہت اونچی تھیں سوائے دیہات کے اُس وقت لے لیا ہم نے دو بادشاہ اموری کے پاس سے وہ ملک دریائے اردن کے پورب ارنون دریا سے کوہ حرمون تک (حرمون پہاڑ ایک جانب لبنان کہلاتا ہی اور ایک جانب حرمون۔ الغرض ارنون دریا سے کوہ لبنان تک حضرت موسیٰ کے وقت میں فتح ہوگیا) انتھیٰ یہاں یہ امر لائق لحاظ کے ہی کہ حضرت موسیٰ کو طور پر حکم جہاد ہوا۔ اس ہدایت سے کہ دریائے اردن کے پورب طرف جو دو ریاست قوم اموری کی ہی اُس پر حملہ کرکے اُس ملک کو لے لو۔ وہاں شریعت جاری کرو کیونکہ وعدہ تھا کہ اُس ملک کو مع قوم کے تمھیں دیا ہم نے۔ قوم کے دینے کے معنی یہی ہیں کہ وہ تمھاری مطیع ہو جائے گی اور شریعت کی نسبت حکم تھا کہ اپنی قوم اور غیر قوم کا فیصلہ ایک نہج پر کرنا یعنی سب کے لئے ایک شریعت ہی۔ یہ ریاست ارض حجاز کی شمالی حد پر واقع ہی ایلہ و مدین وارض تیمار کے قریب ہی یہ علاقہ کوہ طور سے شمال مشرق ہی۔ ایلہ ہو کے سیدھی راہ ہی اور فاران جسے یہود بتاتے ہیں وہ کوہ طور سے شمال مغرب ہے بیچ میں ریاست بنی عیص پڑتی ہی وہ فلسطین کے حد جنوبی ہی بیت المقدس و جبرون مسکن حضرت ابراہیم اُس میدان سے قریب ہی وہاں سے حملہ شام پر بہت آسان تھا مگر بنی عیص نے راہ نہ دی۔ اگرچہ کچھ علاقہ اُن کی ریاست کا جو دار السلطنت سے دور و اوجاڑ تھا اوس دوسری راہ میں بھی پڑا پس حکم تو تھا کہ تم دریائے اردن کے پورب جانب ریاست اموری پر حملہ کرو۔ ایسی حالت میں اُن کو میدان پاران میں جانے کی ضرورت نہ تھی اور وہ راہ میں پڑتا تھا۔ لیکن حضرت موسیٰ کا پاران میں جانا اور وہاں سے جاسوس روانہ کرنا ثابت ہو چکا ہے اس لئے ضرور ہی کہ وہ پاران دوسرا ہو۔ دوسرا پاران وہی ہی جہاں مسکن حضرت اسمٰعیل کا تھا دیکھو اس خطبہ میں بھی بیان ہی کہ ہم لوگ کوہ طور سے کوچ کرکے کوہ اموری کی راہ سے اس بڑے بھیانک میدان کو قطع کیا اور دوسری جگہ لکھا ہی کہ باران میں ٹھہرے اس سے نکلتا ہی کہ کوہ اموری کی راہ سے پاران گئے کوہ اموری اُس پاران کی راہ میں نہیں ہی

Marfat.com

جو سرحد شام پر واقع ہی وہاں ارض حجاز کی راہ میں کوہ اموری پڑ سکتا ہی پس ثابت ہوتا ہی
کہ کوہ اموری کی راہ سے پاران حجازی یعنی مکہ معظمہ میں پہنچ کے وہاں قیام کیا اس کی وجہ
یہی ہی کہ بنی اسمٰعیل اُن کے بنی اعمام سے تھے اُن سے امداد کی توقع تھی علاوہ بریں مکہ معظمہ
حرم تھا وہ جائے امن تھی وہی دیکھ کے حضرت موسیٰ نے قاتل شبہ عمد کے لئے حرم کی شہریں
مقرر کئے۔ علاوہ بریں جب حضرت موسیٰ نے کوہ فاران سے جاسوس روانہ کئے تو اُن کو حکم دیا
کہ جنوب شام سے جاسوسی کرنا چنانچہ ان لوگوں نے میدان صین سے جو متصل دوسرے فاران
کے جنوب شام میں ہی جاسوسی کی اور کل لشکریان موسیٰ وہیں فاران میں ٹھہرے رہے۔
تو اگر موسیٰ اُسی فاران میں تھے جو جنوب شام میں ہی اور وہیں سے جواسیس روانہ کئے تو یہ کہنا
کہ تم جنوب شام سے جاسوسی کرنا فضول ہو جائے گا۔ اس سے نکلتا ہی کہ جواسیس مکہ معظمہ سے
روانہ ہوئے اُن کو ہدایت ہوئی کہ تم جنوب شام سے جاسوسی کرنا۔ علاوہ بریں جاسوس
شام لوٹ کے فاران میں آئے اور اُن کے بیان سے قوم بددل ہو کر حملہ سے منکر ہوئی کہ اُن کے
انکار سے ناراضی خدا کی ظاہر ہوئی جس سے وے پشیمان ہو کے حملہ آور ہوئی اور شکست کھائی تب
موسیٰ کو حکم ہوا کہ تم بحر احمر کی راہ سے لوٹو چنانچہ وے جب لوٹے تو بحر احمر کی راہ سے ایلہ
ہو کے جبل شراہ تک پھونچی اب خیال کرنا چاہیئے کہ اگر وے لوگ اُس فاران میں تھے جو
سرحد فلسطین پر ہی تو وہاں کوہ شراہ تک پھونچنے میں ایلہ نہ پڑے گا بلکہ پہلے کوہ شراہ ہی پڑے گا
تب ایلہ اس لئے وے لوگ مکہ معظمہ میں تھی اور وہاں کوہ اموری کی راہ سے گئے تھے اور
لوٹنے میں یثرب و مدین و ایلہ ہو کے جبل شراہ میں پھونچے پھر وہاں سے میدان مواب میں
ہو کے ارنون اوتر کے حملہ کیا فتدبر: اب ہم معنی آیت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں واضح ہو کہ
حضرت موسیٰ نے یہ بتایا کہ خدا ظاہر ہوا کوہ سینا میں یعنی آغاز نبوت موسیٰ وہیں سے ہوا۔
موسیٰ علیہ السلام کو شریعت یعنی پوری حکمت عملی جس میں تہذیب الاخلاق و تدبیر منزل و
سیاست مدن ہی عنایت ہوئی پھر چمکے گا کوہ سعیر سے۔ مراد اس سے بعثت حضرت عیسیٰ کی ہی کہ

Marfat.com

اُن کو صرف تہذیب الاخلاق ملا تھا پھر شدت سے متجلی ہوگا۔ فاران یعنی مکہ میں مقصود اس سے ہمارے پیغمبر ہیں یعنی اُن کو بھی شریعت یعنی پوری حکمت عملی ملے گی الیوم اکملت لکم دینکم۔ پاک لڑائی سے مقصود جہاد ہے کہ صحابہ فقط اجراء دین کے لئے لڑتے تھے اُس کے دہنے ہاتھ میں آگ ہوگی مراد اس سے تلوار ہے اُن کے پاس شریعت ہوگی یہ ظاہر ہے اس کی تائید میں ۵۰ زبور کو لکھتے ہیں אֵל ایل اس نام سے حضرت داؤد نے بھی آپ کو بیان کیا ہے ۵۰ زبور میں لکھا ہے מִזְמוֹר לְאָסָף אֵל אֱלֹהִים יְה

וָה דִּבֶּר וַיִּקְרָא אָרֶץ מִמִּזְרַח שֶׁמֶשׁ עַד־

מְבֹאוֹ׃ מִצִּיּוֹן מִכְלַל־יֹפִי אֱלֹהִים הוֹפִיעַ׃

יָבֹא אֱלֹהֵינוּ וְאַל־יֶחֱרַשׁ אֵשׁ־לְפָנָיו תֹּאכֵל

וּסְבִיבָיו נִשְׂעֲרָה מְאֹד׃ יִקְרָא אֶל־הַ

שָּׁמַיִם מֵעָל וְאֶל־הָאָרֶץ לָדִין עַמּוֹ׃

אִסְפוּ־לִי חֲסִידָי כֹּרְתֵי בְרִיתִי עֲלֵי־

זָבַח׃ וַיַּגִּידוּ שָׁמַיִם צִדְקוֹ כִּי־אֱלֹהִ

ים שֹׁפֵט הוּא סֶלָה׃

مِزمورِ لِآسافِ ایل اِلوہیم یُہوا دِبّیر وَیِقرا آرِص مِمِزرح شمش عَد مِبوٗ: مِصّیون مِخلَل یُوفی اِلوہیم ہُوفیعَ یابوا اِلوہینو وِال یَحرَش ایش لِفانا و تُوخَل وسبیبا و نِسعَرا مِود: یِقرا اِل ہشامائم مِعال وِال ہا آرِص لادین عَمّوٗ: اِسفو لِی حسیدا دکورتی بِریتی علی زِبح وَیگیدو شامائم صِدقو کی اِلوہیم شوفیط ہوسلا: لغات ہزمور معنی بھجن زبور قرآن آساف گورنر عامل جو تحصیل مال کرے خواہ ناظم و کلکٹر دوسرے معنی ہیں شاعر نامی خواہ ادیب فصیح بلیغ خواہ نبی خطیب پر بھی اس کا اطلاق آیا ہے ایل قوی اِلوہیم حاکم و نام خدا بمعنی معبود یہوا ذات بمعنی وجود و موجود دِبّیر معنی کہا یِقرا کہیں گے اِرص معنی زمین مزراح معنی

Marfat.com

مشرق شمس سورج عَدَ معنی تا تک ہو غروب صیون کوہ بیت المقدس اس کا مادّہ
צָיָה صَایہ ہے جس کے معنی ہیں خشک ہونا۔ فعل اس کا غیر مستعمل ہے اس سے چند
الفاظ مشتق ہیں צִיָּה صیّہ جس کے معنی ہیں خشکی جب ارض کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے
אֶרֶץ צִיָּה ارضِ صیّہ اُس کے معنی ریگستان خواہ او سرزمین ہوتے ہیں
بیشتر مقصود عربستان ہوتا ہے צָיוֹן صَایوٗن ریگستان צִיּוֹן صیّون
معنی اس کے مقام ریگستانی خواہ خشک پہاڑ۔ عربی صہوہ اور نیز صیّون مشتق ہے צוה
صاوہ سے اُس کے معنی ہیں ستون خصوصاً جو نشان کے لئے قائم ہو جیسے میں מִצִּיּוֹן
מִכְלַל יֹפִי مخلل یوفی کامل الجلال הוֹפִיעַ ہوفیع اُس کا
مادّہ יָפַע یَفَع ہے جس کے معنی ہیں نور چمکنا یہ اُس کا متعدی ہے بیشتر بمعنی تجلّی
آتا ہے יָבֹא یابو معنی آئے گا אֱלֹהֵינוּ اِلوہ معبود ملک قاضی و
سلطان יֶחֱרַשׁ یحرش مادّہ اس کا حرش بمعنی گنگ ہونا چپ ہونا
נִשְׂעֲרָה نَسعَرا مادّہ اس کا سَعَر ہے معنی تھرتھرانا کانپنا (ترجمہ) یہ بھجن ہے
بڑے گویا قوی بادشاہ کے حق میں خدا نے کہا ہے وہ تسلّط کرے گا تمام روے زمین پر
خشک پہاڑ سے کامل الجلال بادشاہ جاگ جگائے گا آئے گا۔ ہمارا بادشاہ اور چپ نہ رہے گا
اُس کے سامنے آگ جلادے گی اُس کے گرداگرد بڑا زلزلہ پڑ جائے گا۔ پکارے گا اونچی
آسمان کی طرف اور زمین کی طرف اپنے قوم کے انصاف کے لئے جمع ہو ہمارے واسطے
دیندار لوگ جن سے معاہدہ قربان ہے کرا اطلاع دیں گے۔ آسمان اُس کا صدق کہ وہ عادل
بادشاہ ہے۔ تفسیر: بڑے گویا سے مقصود آنحضرت ہیں۔ قرآن کی فصاحت معجزہ ہے
اس لئے داوٗد نے آپ کو بلفظ اساف بیان کیا۔ آپ نے فرمایا ہے انا افصح العرب و
العجم۔ عرب کی فصاحت تو ظاہر ہے آپ سوائے عربی زبان کے دوسری زبان جانتے
نہ تھے۔ پھر افصح العجم ہونے کی کچھ معنی نہیں جز اس کے کہ خدا نے میرا یہ لقب عجمی زبان یعنی

Marfat.com

عبرانی میں دیا ہی علاوہ بریں آساف سے نبی بھی مقصود ہوتا ہی اور آپ نبی بھی تھے۔ علاوہ بریں آپ فرماں روا تھے جن پاس غنائم و اموال زکوٰۃ جمع ہوتے تھے تو آپ گورنر و تحصیلدار بھی تھے علاوہ بریں آپ پاس قبائل و اقوام کا اجتماع بھی تھا۔ اس معنی سے بھی آپ آساف تھے رَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ان معانی کے لحاظ سے داؤد نے آپ کو بزبان وحی آساف فرمایا یہ موافق ہی حضرت یعقوب کے کلام کے جو گزرا کہ اُس کے پاس قوموں کا جماوڑا ہوگا آساف کے معنی حاشر ہیں جو آپ کے اسما سے ہی۔ حدیث صحیح میں آیا ہی کہ میں حاشر ہوں یعنی آساف۔ پھر داود نے آپ کو ایل یعنی قوی فرمایا جو آپ کے اسماء سے ہی اور خود ہاجر کے خواب سے نکلتا ہی اور حضرت اشعیا نے آپ کا یہ نام بیان کیا ہی پھر داؤد نے آپ کو الوہیم یعنی بادشاہ فرمایا اور جو تمام روئے زمین پر تسلط کرے گا۔ یہ تو نسبت آنحضرت کے ظاہر ہی۔ دوسری آیت میں بیان ہی کہ خشک پہاڑ سے وہ کامل الجلال بادشاہ ظاہر ہوگا۔ خشک پہاڑ سے مراد مکہ کا پہاڑ ہی کیونکہ اکثر مقامات میں عربستان کو ایسے لفظوں سے بیان کیا ہی۔ قرآن میں بھی اُس کا ترجمہ وادی غیر ذی زرع ہی۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا تھا ہوفییع مہرپاران یعنی کوہ فاران سے بشدت متجلی ہوگا۔ یہاں بھی وہی لفظ ہوفییع وارد ہی ہاں وہاں لفظ کوہ فاران ہی یہاں خشک پہاڑ جسے بلفظ صیّون بیان کیا ہی اُسی کا ترجمہ ہم نے خشک پہاڑ کیا ہی اس لفظ پر یہود و نصاریٰ اُلجھیں گے کہ صیّون بیت المقدس کے پہاڑ کو کہتے ہیں بلاشبہ بیت المقدس کے پہاڑ کا یہ نام ہی لیکن یہاں مقصود نہیں ہی عجب نہیں کہ یہاں لفظ صایون رہا ہو یہود نے عمداً خواہ خطاءً صیّون بنا دیا ہو۔ کیونکہ عبرانی میں دونوں کی کتابت یکساں ہی حرکات لگانے سے تفرقہ ہوتا ہی اور قدیم زمانہ میں حرکات لگائی نہیں جاتی تھی تعجب نہیں کہ حرکات لگانے میں صایون کا صیّون کر دیا ہو۔ اس کے بعد ہے کہ ہمارا بادشاہ ہوفییع جب آئیگا تو وہ چپ نہ رہے گا بلکہ اُس کے سامنے آگ کفار کو جلائے گی یعنی وہ

Marfat.com

جہاد کرے گا کفار کو لڑائی سے فی النار کرے گا۔ چنانچہ یہ سب کچھ ہوا اُس کے بعد ہی کہ اُس کے گرداگرد زلزلہ پڑ جائے گا چنانچہ فارس و شام و افریقہ تمام زلزلہ تھا علاوہ بریں فارس میں آپ کی پیدائش کے وقت میں زلزلہ عظیم آیا تھا اس کے بعد خطاب ہے بنی اسرائیل کی طرف جن پر قربان فرض تھا کہ تم مجتمع ہو یعنی اُس بادشاہ کے آنے کے وقت میں کہ آسمان اُس کے صدق کی گواہی دیں گے یعنی مبادی عالیہ سے ایسا کلام فائض ہوگا جو معجز ہوگا فَاْتُوا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ اور نیز معجزہ شق القمر و ردّ شمس آسمانی شہادت ہے اُس کے صدق و عدالت پر اس کے بعد کی آیات میں زجر و توبیخ و وعظ و نصیحت ہے بنی اسرائیل کو۔ گیارہ زبور مصدّر ہے لفظ آساف سے اگر موقع ہوگا تو اُن کی تفسیر کی جائے گی[1]۔ اس آیت کی تفسیر میں جو ربی سلمان یرجی نے لکھا ہے وہ ہم لکھدیتے ہیں۔

یعنی آیت تورات

---

[1] واضح ہو کہ קָרָא قارا یقرا اس مادہ کے اصل معنی ہیں چلانا ڈپٹنا تڑپنا چنگھاڑنا تسلط کرنا اور نیز اس کے معنی ہیں پکارنا' بلانا' منادی کرنا' کہنا یہ مادہ عربی میں بھی مستعمل ہے پڑھنے کے معنی میں یعنی قرأۃ قاف و راء مہملہ و ہمزہ حروف اصلی ہیں اب ہم اس زبور کا ترجمہ دوسری طور سے کرتے ہیں۔ یہ زبور حاشر کے بارہ میں ہے۔ قوی حاکم جسے خدا نے کہا اور زمین مشرق سے مغرب تک کھیلے گا یوں کہیں کہ وہ زمین کو مشرق سے مغرب تک دعوت کرے گا یعنی ایک ارض کو اسلام کی طرف بلائے گا۔ حضرت موسیٰ نے اپنے تسبیح میں بلسان وحی آپ کو قوی کہا اور حاکم بھی اس واسطے حضرت داؤد اپنی اس زبور میں فرماتے ہیں کہ اُس حاشر کو خدا نے قوی حاکم کہا بھی ہے اور تمام روئے زمین بھی بعد ظہور کہے گی یا یوں کہیں کہ خدا نے جسے قوی حاکم کہا ہے وہ تمام روئے زمین پر دعوت اسلام کرے گا۔ دعوت اسلام و اطاعت کی تھی ایسی عام دعوت کسی پیغمبر کی نہ تھی۔ اس کے بعد بیان زبور یہ ہے خشک پہاڑ سے کامل الجلال حاکم متجلی ہوگا واضح ہو کہ کامل الجلال ترجمہ ہے مِخْلَلْ یوفی کا یہ مرکب ہے دو لفظوں سے ایک مخلل جس کے معنی ہیں کامل دوسرے لفظ یوفی ہے اس کے معنی ہیں جمال و جلال و مطلق خوبی۔ اس لئے مخلل یوفی کے معنی ہوئے کامل الجلال و کامل الجمال و کامل المحمدۃ (بقیہ بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

מסיני בא יצא לקראתם כשבאו להת־
יצב בתחתית ההר כחתן היוצא להקבי־
ל פני כלה שנאמר לקראת האלהים
למדנו שיצא כנגדם: וזרח משעיר למו.
שפתח לבני עשו שיקבלו את התורה
ולא רצו: הופיע מהר פארן· שהלך
שם ופתח לבני ישמעאל שיקבלו־
ה ולא רצו: ואתה מרבבות
קדש ועמו מקצת רבבות מלאכי
קדש ולא כלם ולא רובם ולא כד־
רך בשר ודם שמראה כל כבוד
עשרו ותפארתו ביום חפתו:
אשדת שנתנה להם מתוך האש:

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ)

← چونکہ عبرانی زبان میں صیغۂ اسم تفضیل نہیں ہوتا تو اُسے لفظ کامل بڑھا کے بیان کرتے ہیں جیسے اشد عداوۃً اشد استخراجًا تو مخلل یوفی کے معنی ہوئے اجل واجمل واحمد پس مخلل یوفی یہاں کنایہ احمد سے ہی ہے تو معنی آیت ہوئے کہ خشک پہاڑ سے احمد جو عالم ہی متجلی ہوگا اور اگر صیون سے مراد بیت المقدس ہی تو آنحضرت لیلۃ الاسراء میں وہاں تشریف لے گئے تھے ورنہ یہ خبر ہی غلط ہوجائیگی کیونکہ بیت المقدس سے کوئی ایسا حاکم بعد داؤد کے نہیں متجلی ہوا اور آگے کا بیان واضح ہی بجز آنحضرت کے کسی پر منطبق نہیں اور خدا مقصود ہو نہیں سکتا قال اللہ تعالیٰ اولم تاتھم بینۃ ما فی الصحف الاولیٰ (ترجمہ) کیا اُن کے پاس اگلی کتابوں کی دلیل نہیں پہونچی ۱۲

Marfat.com

(ترجمہ) سیناسے آیا یعنی اُن کے ملنے کو نکلا جب وے زیر کوہ کھڑے ہوئے تھے جیسے دولہ نکلے دُلھن لینے کے لئے چنانچہ کہا ہے خدا کے ملنے کے لئے اس سے ظاہر ہوا کہ نکلا اُن کے سامنے: چمکا سعیر سے یعنی کھولا (شریعت کو) بنی عیص کے سامنے تاکہ وے شریعت قبول کریں مگر قبول نہیں کیا: شدت سے چمکا کوہ فاران سے یعنی گیا وہاں اور کھولا بنی اسمٰعیل کے سامنے کہ قبول کریں مگر اُنھوں نے قبول نہیں کیا تب آیا بنی اسرائیل کے پاس پاک ملائکہ کی جدال کے ساتھ جو سراسر حلال تھے شریعت کی آگ سے مقصود یہ ہے کہ شریعت اُن کو آگ میں سے ملی تھی یہ معنی ایسے ہیں جس کا نہ سر ہے نہ پاؤں۔ کہتا ہے کہ اللہ سیناسے نکلا جیسے دولہ آتا ہے دُلھن کے ملنے کے لئے معلوم ہوا کہ توارات اُن کو مل گئی اب کہتا ہے کہ بنی عیص کے سامنے شریعت پیش کی گئی اور انھوں نے قبول نہیں کیا۔ اوّلاً تو اس کا ثبوت نہیں دوم یہ فقرہ اوّل کی مخالف ہے جب شریعت بنی اسرائیل کو مل گئی تھی تو بنی عیص کے سامنے پیش کرنا فضول تھا۔ علاوہ اس کے یہ مخالف ہے کہ حضرت اسحٰق کی دعا جو انھوں نے بنی عیص کے حق میں کی تھی کہ تو اپنے بھائی کی اطاعت میں رہے گا یعنی اُن کی شریعت پر چلے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ایسا ہی سمجھو کہ بنی اسمٰعیل کے سامنے شریعت پیش ہوئی یہ محض بے اصل ہے مگر اس قدر فائدہ ہے کہ ہو فیع می ہر فاران سے הופיע מהר פארן یعنی چمکا فاران کے پہاڑ سے مقصود اس سے بنی اسمٰعیل ہیں اور اس مفسر کی رائے میں بھی فاران ملک حجاز ہے یہی تحریف معنوی ہے یحرفون الکلم عن مواضعہ کا مصداق یہود ہیں بعد اس کے یہ آیت ہے

אף חבב עמים כל קדשיו בידך והם תכו לרגלך ישא מדברתיך -

اَف حُبیب عمّیم کُلّ قدوشاو بیادخا وِہیم تکو لرغلیخاں یسّا مدّبّروتیخا: (ترجمہ) مگر دوستدار اقوام (یعنی اُس کے ہاتھ میں تلوار تو ہوگی مگر سب قوموں کے ساتھ محبت رکھے گا یعنی بڑا رحم دل ہوگا۔ آپ رحمۃ للعالمین تھے جو کوئی شخص آپ کے اخلاق سے واقف ہوگا تو وہ یقین

Marfat.com

کرے گا חֹבֵב עַמִּים جو بحیثیت عظیم یعنی صاحب الاقوام آپ کی شان ہے)
اُس کے مقدس لوگ تیرے ہاتھ میں ہونگے (یہ صحابہ کی شان میں ہے یعنی اُس کے مقدس لوگ یعنی صحابہ خدا کے ہاتھ میں ہونگے یعنی ہمیشہ اُس کی اطاعت اور ذوق شوق میں رہینگی یہاں تک کہ جان و مال کو اُس کی راہ میں نثار کرنا اُن کا شعار ہوگا) اور مارے جائیں گے تیرے سامنے (یعنی تیری راہ میں شہید ہونگے ایسا کسی پیغمبر کے وقت میں نہ تھا) تیرے کلام سے وے امامت پائیں گے خواہ یوں کہیں کہ تیرے کلام لادے رہیں گے (یعنی چونکہ تیرے کلام پر ایمان لائیں گے اس لئے وے امامت وخلافت کے مرتبہ کو پہونچیں گے) ربی سلیمان ابن اسحاق نے اس مقام پر لکھا۔

כָּל קְדוֹשָׁיו בְּיָדֶךָ · כָּל צַדִּיקֵיהֶם וְטוֹבֵיהֶם דָּבְקוּ בָּךְ וְלֹא מָשׁוּ מֵאַחֲרֶיךָ וְאַתָּה שׁוֹמְרָם:

(ترجمہ) اُن کے سب صدیق اور اچھے تجھ سے لپٹے رہیں گے اور تیرے پیچھے سے نہ ہٹیں گے اور تو اُن کی صیانت کرے گا۔ וְהֵם תֻּכּוּ לְרַגְלֶךָ וְהֵם מִתְמַצְּעִים וּמִתְכַּנְּסִים לְתַחַת צִלֶּךָ:

(ترجمہ) وے مارے جائیں گے تیرے پاؤں تلے وے سر پر آرا اور مجتمع ہونگے تیرے سایہ تلے יִשָּׂא מִדַּבְּרֹתֶיךָ: מְקַבְּלִין מִגְּזֵרוֹתֶיךָ וְדָתוֹתֶיךָ בְּשִׂמְחָה:

(ترجمہ) وے قبول کریں گے تیری شریعت بخوشی اِس مفسر کی کلام سے ہم کو کسی قدر مدد ملتی ہے اس لئے ہم نے نقل کردیا یہ پیشین گوئی بہت صاف ہے سواے ہمارے پیغمبر کے اور کسی کے ساتھ منطبق نہیں اس کو خوب سمجھو: حبقوق نبی نے اسی خبر کو واضح کر کے بیان کیا۔
اس کو ہم آیت آیت جدا لکھتے ہیں باب ۳ آیت ۳ אֱלוֹהַּ מִתֵּימָן

Marfat.com

אֱלוֹהַּ מִתֵּימָן יָבוֹא וְקָדוֹשׁ מֵהַר־פָּארָן סֶלָה כִּסָּה שָׁמַיִם
הוֹדוֹ וּתְהִלָּתוֹ מָלְאָה הָאָרֶץ׃

اِلُوْہ مِتِّیْمَان یابُوْ وقادُوش مِہَر پَارَان سَلا کِسّا شَامَیْم ہُوْدُوْ وتْہلّاتُوْ مالْیا ہا آرِض (ترجمہ) خداوند جنوب خواہ یمن سے آئے گا اور مقدس کوہ فاران سے اُس کا جمال آسمان کو چھپائے گا اُس کے جلال سے زمین بھر جائے گی اس سے ظاہر ہے کہ ملک عرب سے کوئی ذی شان صاحب حکم نمود ہوگا سوائے ان پیغمبر کے کوئی ملک عرب میں ایسا پیدا نہیں ہوا اگر مصداق اس کا ہمارے پیغمبر نہ ہوں تو یہ خبر ہی غلط ہو جائے گی תֵּימָן تیمان جنوب کو کہتے ہیں اس میں شبہہ نہیں کہ مکہ شام سے جنوب ہے اور تیمان ملک یمن کو بھی کہتے ہیں کہ کسی زمانہ میں وہاں حکمت بہت تھی الحکمۃ یمانیۃ کو لحاظ کرو اور کتب مقدسہ میں بھی وہاں کی حکمت کا بیان ہے تیمان کا لفظ جو اس نبی نے استعمال کیا ہے شاید اس وجہ سے ہو کہ علاقہ حجاز کسی زمانہ میں یمن میں داخل تھا اور سلطنت یمن سے بڑی کوئی سلطنت عرب میں نہ تھی وہاں کے لوگ عالی ہمت ذی شوکت صاحب علم و حکمت ہوتے تھے بلقیس ملکہ یمن تھی فقط حکمت کے ذوق میں حضرت سلیمانؑ کی خدمت میں گئی لشکر اسلام جو شام کو روانہ ہوا تھا اُس میں یمنی بہت تھے: آیت ۴: וְנֹגַהּ כָּאוֹר תִּהְיֶה
קַרְנַיִם מִיָּדוֹ לוֹ וְשָׁם חֶבְיוֹן עֻזֹּה׃

وِنُوْغَہ کا اُور تِہِیِ قَرنَیْم مِیادُو لُوْ وِشَام حِبیُوْن عِزّو ۔ لغات نُوغہ شعلہ و کرن چمک آگ کی ہو یا چاند سورج خواہ تلوار کی خواہ جلال ربانی کی قرنیم بجلی اور اُس کی چمک اور سورج پر بھی اطلاق ہوتا ہے حِبیُون ۔ اختفاء ۔ پوشیدہ ہونا چھپا لینا بالاپوش پردہ و ستر חֶבְיוֹן اور نور و صبح و نہار קַרְנַיִם قرنیم بمعنی قرنین دو سینگہ و بجلی שָׁם یہ ماضی ہے שָׁמַם شمم کا اُس مادّہ کے معنی ہیں ویران ہونا و کرنا و متحیر ہونا و کرنا و نیست و نابود کرنا و مٹا دینا ۔

Marfat.com

(ترجمہ) روشنی صبح کی سی ہوگی اُس کے ہاتھ میں بجلی ہوگی اُس کی قوت پردہ اُٹھا دے گی
وَقرنیم میادو لو کے یہ معنی بھی ہیں کہ اُس کے دونوں ہاتھ میں اُس کے سینگھ ہوں گے
یعنی وہ ذوالقرنین ہوگا۔ ذوالقرنین کے معنی ہیں بہت قوی سکندر کو اسی معنی سے ذوالقرنین
کہتے ہیں اور فقرۂ اخیر کے یہ معنی بھی ہیں کہ اُس کی باطنی قوت متحیر کردے گی۔ اس فقرہ کی
یہ معنی بھی ہیں کہ پردہ عزت ربانی وہاں ہوگا جب عزوی ضمیر خدا کی طرف پھرے اور شام
کے معنی ہوں وہاں جیسا متعارف ہے وہاں سے مقصود دشت فاران ہے مقصود یہ ہے
اُس کا نور شدید ہوگا اُس کے ہاتھ میں برق یعنی تلوار ہوگی شدت نور سے مقصود یہ ہے کہ
اُس کی شریعت کامل ہوگی اور تھوڑے عرصہ میں پھیل جائے گی اور ہمیشہ قائم رہے گی اور
برق سے مراد تلوار ہے یعنی وہ جہاد کرے گا اور اپنی قوت پھیلائے گا: آیت ۵: לְפָנָיו

יֵלֶךְ דָּבֶר וְיֵצֵא רֶשֶׁף לְרַגְלָיו

׃ لغات דֶּבֶר دبیر موت רֶשֶׁף شعلہ برق

(ترجمہ) اُس کے سامنے موت چلے گی اور نکلے گی برق اُس کے قدموں سے یہ اشارہ
ہے جہاد کی طرف: آیت ۶: עָמַד וַיְמֹדֶד אֶרֶץ רָאָה

וַיַּתֵּר גּוֹיִם וַיִּתְפֹּצְצוּ הַרְרֵי־עַד שַׁחוּ
גִּבְעוֹת עוֹלָם הֲלִיכוֹת עוֹלָם לוֹ׃

عامد و یمودد ارص رائہ و یتّر گوییم و یتپوصصو ہرری عد شحو گبعوث عولام ہلیچوث
عولام لو لغات וַיַּתֵּר یتّر اس کا مادہ נָתַר نتر ہے اُس کے معنی
ہیں آزادی یتّر متعدی ہے دوسری معنی ہیں تپی جھاڑنا مجازاً پریشان و منتشر
کردینا וַיִּתְפֹּצְצוּ یتپوصصو مادہ اس کا פָּצַץ پوص ہے
چورچور ہونا ٹوٹ جانا הַרְרֵי־עַד ہرری عد مستحکم پہاڑ خواہ بلند
یہ لفظ مرکب ہے دو لفظوں سے اول ہر جس کے معنی پہاڑ ہیں دوسرا عد جس کے

Marfat.com

معنی ہیں مستحکم خواہ بلند שחו شحوٗ مادہ اس کا שחח شحہ
جس کے معنی ہیں خسف یعنی دھنس جانا اور جھک جانا גבעות گبعا پہاڑی
עולם عولام قدیم دایمی הליכות ہلیخا راہ وطریق۔ (ترجمہ) قائم ہوا
اور زمین کو ناپ ڈالتا کا اور قبائل کو آزاد کیا خواہ پریشان کیا اور ٹوٹ جائیں گے
بڑے پہاڑ اور قدیم پہاڑیاں جھک جائیں گی۔ خسف ہونگے ابدی راہ اُس کی ہوگی
خواہ قدیم راہ اُس کی ہوگی روئے زمین کی پیمائش سے مقصود یہ ہے کہ اُس کی حکومت
خوب پھیلے گی قبائل کی آزادی سے مراد یہ ہے کہ وے بت پرستی چھوڑ کے شیطان کے
پھندے سے آزاد ہونگے۔ ויתר تیر کے دو معنی ہیں پریشان کرے گا قبائل کو
دوسرے معنی ہیں آزاد کر دے گا دونوں بات ظاہر ہوئی۔ پہلے قبائل عرب پریشان ہوئے
مسلمان ہو کے پھر آزاد ہوئے۔ بڑے پہاڑوں کے ٹوٹنے سے مقصود یہ ہے کہ بڑی
بڑی سلطنت جیسی کسریٰ و قیصر برباد ہوں گی اور پہاڑی سے مراد چھوٹی ریاست
ہیں جیسا عہد اسلام میں ہوا۔ قدیم راہ سے مقصود دین ابراہیمی ہے چنانچہ پیغمبر خدا نے
فرمایا ہے کہ یہ شریعت ابراہیمی ہے اور شریعت ہذا ابدی بھی ہے کہ تا قیام دنیا منسوخ نہ ہوگی
جو احکام خدا چند روز کے لیئے دیتا ہے وہ باختلاف ادوار منسوخ ہو جاتے ہیں نسخ کے
معنی مدت کا پورا ہونا ہے مثلاً کسی نے دو دن کے لیئے مزدور لگائے تو جب دو دن
گزر گئے تو یہی نسخ ہے پوری بحث اس کا ہم یہاں کرنا مناسب نہیں سمجھتے واضح ہو کہ یہ پیغمبر
اُس مقدس کی قوت بیان کرتا ہے جو جبل فاران سے نمود ہوگا کہ قائم ہوتی ہے زمین ناپ
ڈالے گا یعنی اُس کی شریعت بہت جلد زمین میں پھیلے گی اور جس طرف دیکھے گا قبائل کے
قبائل مسلمان ہو کے آزاد ہو جائیں گے یعنی عقوبت آخرۃ نار و قتل و بہت سے صح قال
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَصَمُوْا مِنِّیْ اَمْوَالَهُمْ وَدِمَاءَهُمْ اور پہاڑوں کے ٹوٹنے
سے یہ بھی مقصود ہے کہ بڑے سنگ دل راہ راست پر آئیں گے اور پہاڑیوں کے

Marfat.com

جھکنے سے یہ بھی مراد ہی کہ کفار سرکش مطیع اسلام ہو کے رکوع و سجود کریں گے یہ سب آنحضرت کے وقت میں ہوا: ؎

یک نظر دیدم ترا دیوانہ و مجنوں شدم

بیت:

جان سے ہو گئے بدن خالی ٭ جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا

آیت: תַּחַת אָוֶן רָאִיתִי אָהֳלֵי כוּשָׁן יִרְגְּזוּן יְרִיעוֹת אֶרֶץ מִדְיָן׃

تحت آوِن رائیتی اہلی کوشان یرگزون یریعوت ارص مدیان اوّلاً ہم کو تین لفظوں کی تحقیق ضرور ہی۔ اول און آوِن اصل معنی اس کے ہیں بیہودگی اور لغو و بیہودہ پر اطلاق اس کا بت پر بیشتر ہوتا ہی چنانچہ بت خانہ کو عموماً בית און بیث آوِن کہتے ہیں اور ایک بت خانہ کا نام آوِن تھا قریب دمشق کے دوم כושן کوشن: کوش و مصرائیم بن نوح کے بیٹوں میں سے تھے پیدائش باب ۱۰ آیت ۷ و ۸: چنانچہ مصرائیم سے جو قطعہ آباد ہوا مصر کہلاتا ہے اور کوش کی اولاد سے حبش و زنگبار وغیرہ معمور ہی اکثر اطلاق کوش کا حبش و بربر و زنگبار وغیرہ پر آتا ہی جہاں کے باشندہ سیہ فام ہوتے ہیں اور اس قوم پر بھی بولا جاتا ہی اور کوش نام ایک عربی قوم کا ہی جو سینا پہاڑ کے گرد بستی تھی پھر پھیل کر مدینہ منورہ تک پہونچی شعیب پیغمبر اسی قوم سے تھے۔ چنانچہ مریم نے حضرت موسیٰ پر طعن کیا تھا کہ انھوں نے کوشی عورت سے شادی کی ہی چنانچہ مدینہ منورہ جسے یثرب کہتے ہیں آباد کردہ شعیب نبی ہی ان کا نام توریت میں یثرو ہی انھیں کے نام سے یہ شہر مشہور ہوا واو یا تحتانی سے بدل گیا ہی کوئی مقام ملک شام میں بھی اس نام سے نامزد تھا۔ כושן کوشان اُس کا منسوب ہی جیسے کوشی מדין مدیان وہی مدین ہی جہاں شعیب

Marfat.com

بنی کا مسکن تھا قوم کوشن کو بھی مدیان کہتے ہیں یہ قوم حضرت ابراہیم کی اولاد میں سے ہے شعیب بھی اُس قوم سے تھے یہ قوم سینا پہاڑ سے مدینہ منورہ تک آباد تھی پیدائش باب ۲۵ آیت ۲ کو لحاظ کرو۔ اب ہم آیت کا ترجمہ لکھتے ہیں۔ آوِن کی نواح میں دیکھا میں نے خیمے اہل مدین کے اور ملک مدین کے خیموں کے چوب حرکت کریں گے یہ قوم ہمیشہ بنی اسرائیل کی اطاعت میں رہی مگر دور اسلام میں ائمہ اسلام کے ساتھ شام پر حکومت کرتے تھے۔ امیر معاویہ کا بلکہ جملہ بنی امیہ کا دار السلطنت دمشق تھا اور انصار چونکہ شعیب کے اولاد میں تھے تو وے اہل مدین سے بالضرور تھے اس لئے یہ نبی خبر دیتا ہے کہ اس دور میں اہل مدین آون یعنی ریاست دمشق پر محیط ہونگے چنانچہ بنی اُمیہ کے دور میں یہ بات پوری ہوئی۔ اس کے بعد کی آیات کی تفسیر ہم نہیں لکھتے کیونکہ اس رسالہ میں ہم کو صحف انبیا سے بحث نہیں ہے بطور تائید اخبار اوّل بعض بعض مقام کو لکھدیا ہے[1]۔ اب[15] ایک خبر اور ہم لکھتے ہیں جو اوپر کی دونوں پیشین گوئی سے

---

۱۵ اس خبر کو ہم جمع کر دیتے ہیں کہ اُس کو لوگ خیال کریں حبقوق نبی شام میں رہتے تھے ملک عرب اُس سے جنوب ہے خلیفہ دکھن سے آئیگا یعنی مقدس کوہ فاران سے روشنی صبح کی سی ہوگی وہ بہت قوی ہوگا اُس کی باطنی قوت حیرت انگیز ہوگی۔ موت اُس کے آگے چلے گی اور برق اُس کے قدموں لگے گی قائم ہوتے ہی ملک پر احاطہ کرلے گا نظر ڈالے گا اور مقابل کو پریشان کر دے گا بڑے بڑے پہاڑ ٹوٹ جائیں گے اور قدیم پہاڑیاں سرنگوں ہونگی اُس کا مسلک ابدی ہوگا۔ دمشق کے نواح میں اہل مدین کے خیمے دیکھا میں نے طناب اہل مدین حرکت کرینگے۔ واضح ہو کہ قبائل عرب خیموں میں رہتے تھے جو لوگ اس خبر کو بطمح انصاف دیکھیں گے تو سوائے آنحضرتؐ کے دوسرے پر نہ مطابقت کرینگے اخیر فقرہ کا مطلب یہ ہے کہ اہل مدین اُس مقدس کے مقابلہ سے بھاگ کے دمشق میں پناہ لیں گے اس سے ہمارے پیغمبر کا ایک نشان اور بتایا کہ اُس سے مدین میں لڑائی ہوگی چنانچہ آنحضرت خود وہاں لڑنے کو تشریف لے گئے تھے غزوۂ تبوک آخر غزوات ہے تبوک مدین سے ملا ہوا ہے وہ علاقہ مدین میں ہے۔ ۹ھ ہجری میں یہ غزوہ ہوا تھا تیس ہزار ۳۰۰۰۰ آدمی آپکے لشکر میں تھے حضرت موسیٰ سے بھی اس علاقہ میں جنگ ہوئی تھی۔ یہاں اب کلام عام کرتے ہیں انشاء اللہ اس نبی کی کتاب کی تفسیر کسی موقع میں کریں گے

Marfat.com

تعلق رکھتی ہے وہ ہوشیع نبی کی ۱۲ باب کی ۱۵ آیت ہے مگر چونکہ اوپر کے بیانات سے اُس کی
توضیح ہوتی ہے اس لئے ہم یہاں کل باب کو ذکر کرتے ہیں یہ نبی بنی افرائیم بن یوسف کی
نسبت خبریں دیتا ہے کیونکہ بت پرستی بنی اسرائیل میں یاربعام بن نباط کے وقت سے شروع
ہوئی جو افرائمی تھا۔ آیت ׃ כְּדַבֵּר אֶפְרַיִם רְתֵת נָשָׂא
הוּא בְּיִשְׂרָאֵל וַיֶּאְשַׁם בַּבַּעַל וַיָּ-
מֹת׃

کِدَبیر افرائیم رِتیت ناسا ہو بیسرائیل وَیّاشم بَبعل وَیّاموث لغات:
رتیث خشوع ۔ (ترجمہ) افراہم اپنے کلام خشوع آمیز سے امام بنی اسرائیل ہوگیا اور
جب بوجہ بت کے آثم یعنی گناہگار ہوگیا تو تباہ ہوا مطلب یہ ہے کہ بنی افرائیم اپنی خوش گفتاری
سے درجہ امامت کو پہونچے اور بت پرستی سے مردود ہوئے یعنی یوشع بن نون حضرت
موسٰی کی خدمت وصدق و امانت سے خلیفۂ خدا ہوئے بنی اسرائیل میں پھر یاربعام
بن نباط افرائمی کے وقت میں جب بت پرستی کرنے لگے تو مردود ہوئے۔

וְעַתָּה יוֹסִפוּ לַחֲטֹא וַיַּעֲשׂוּ לָהֶם
מַסֵּכָה מִכַּסְפָּם כִּתְבוּנָם עֲצַבִּים מַעֲ
שֵׂה חָרָשִׁים כֻּלֹּה לָהֶם הֵם אֹמְרִים זֹבְחֵי
אָדָם עֲגָלִים יִשָּׁקוּן׃

وِعَتّا یوسیفو لحطو وَیَّعسو لاہم مَسیّخا مکّسّام کِتبونام عَصَبیم مَعَسہ حاراشیم کُلّہ لاہم
ہیم اُومریم زُوبحی آدام عغالیم یشّاقون (ترجمہ) اب اُس پر اُنھوں نے اور
خطا بڑھایا کہ بنایا اپنے لئے بُت ڈھلی چاندی کی موافق اسی خیال کی چوبی دیوتائیں
بالکل کاریگروں کی صنعت اُن کو دی۔ کہتے ہیں کہ آدمی کی قربانی کرنے والے آسمان جو مینگے
یعنی اُن کو جنت ملے گی اور مراتب عالیہ کو پہونچیں گے۔ بُت پرستوں کا یہ قدیم خیال ہے کہ

Marfat.com

آدمی کی قربانی سے دیوتا بہت رضامند ہوتے ہیں جس کی توراۃ میں سخت ممانعت ہے ملک شام مصر و عرب میں تو اُس کا بڑا رواج تھا ہندوستان میں بھی اس کا نشان ملتا ہے۔ راون کو کہتے ہیں کہ مہادیو کے مندر میں اپنے سر کو کاٹ کے چڑھاتا تھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ بڑا راجا ہوگیا۔ ستی ہونا بھی اسی قسم کی بات تھی۔ ہندو لاشوں کو اسی خیال سے جلاتے ہیں کہ اوسی اگن دیوتا کو جس سے ردحانیت نار مقصود ہے میت کی نجات کے لئے چڑھاتے ہیں اُس پر یہ بھی مستزاد ہوتا ہے کہ اُس کی خاک کو یا نیم سوختہ نعش کو گنگا میں بہاتے ہیں تاکہ پانی کا موکل بھی رضامند ہو کے معین رہے۔ قدیم زمانہ میں ملک روس میں بھی ایسا رواج تھا بُت پرستوں میں اب بھی ہے اُس ملک میں جوالامکھی کی طرح بڑے بڑے کنڈ آگ کے ہیں جس میں قدرتی آتش ہمیشہ افروختہ رہتی ہے اگر اُسے دوزخ کہیں تو بے جا نہیں اُسی میں مردہ کو ڈال دیتے ہیں اور جو بت پرست مردوں کو دفن کرتے ہیں وے یہ سمجھتے ہیں کہ اجزا ارضی اُس میں زیادہ ہوتے ہیں تو موکل ارض کو زیادہ استحقاق ہے مگر فارس و مصر کے لوگ بوجہ شرکت اربع عناصر اور نیز اس وجہ سے کہ زندگی اُس کی ہوا سے ہے نعش کو ہوا میں رکھتے ہیں۔ للناس فیما یعشقون مذاھب۔ چونکہ اولاد کو بہت عزیز رکھتے ہیں اس لئے جو بڑے حریص جنت تھے وے اولاد چڑھانے لگے پھر بعض فرق جو بیٹے کو بہت عزیز رکھتے ہیں اُس کی قربانی کی ہمت نہ ہوئی تو لڑکیوں کو کم قدر خیال کرکے بتوں پر قربانی کرنے لگے پھر تو اُس قوم میں لڑکی کے مارنے کا رواج ہوگیا وَاِذَا الْمَوْءُدَةُ سُئِلَتْ بِاَیِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ۔ ہندوستان میں بھی چند قوم دختر کشی کرتی تھی اب دولت انگلشیہ کی توجہ سے یہ رسم بد موقوف ہوئی قلوب بنی اسرائیل مصریوں کی صحبت سے مائل اصنام پرستی بھی اس لئے حضرت موسیٰ اُن کو ایسے مقامات میں لئے پھرے جہاں نہ بت تھے نہ بت پرست تاکہ اُن کے خیال سے مذاق بت پرستی محو ہو جائے تاہم جب موقع پاتے تھے تو کوتاہی نہیں کرتے تھے۔ قصہ گوسالہ و اجل غور کو خیال کرو اس لئے حضرت موسیٰ نے

Marfat.com

چالیس برس جنگل و بیابان میں رہنا اختیار کیا یہاں تک کہ وے بڈھے جن کے دل میں خیال بت پرستی راسخ تھا مر گئے جب نئے دور کے لوگ رہ گئے جن کے قلوب ایسی آلائشوں سے پاک تھے ملک شام پر حملہ کیا کیونکہ اُس ملک میں بت خانے بہت تھے اُس کا کرد فر دیکھ کے حملہ میں سستی ہوتی اور حصول مقصود میں نقص واقع ہوتا۔ سبحان اللہ ہمارے پیغمبر کی برکت انفاس ایسی تھی کہ اُسی وقت میں آپ کے توابع احکام شرائع پر ایسا محکم و مضبوط تھے کہ سرمو تجاوز نہیں کرتے تھے بت پرستی کا کیا ذکر تھا ہزارہا بت جو خانہ کعبہ میں رکھے تھے جسے وے اپنا دین و ایمان سمجھتے تھے توڑے گئے۔ آپ کے توابع جہاں جہاں گئے بتوں کو خوب نیست و نابود کیا ہندوستان میں جہاں بت شکنوں کا قدم کبھی نہیں گیا تھا کیسے کیسے بت خانے برباد ہوئے۔ ہندوستان کی تواریخ عہدِ اسلام کی دیکھو۔ حضرت موسیٰ کے وقت میں خدا پرستی ملک شام و کچھ حصہ عرب سے متجاوز نہ ہوئی تھی سو بھی صاف طور سے نہیں بلکہ خود بنی اسرائیل ہی مبتلائے بت پرستی ہو گئے جس کے بیان سے صحف انبیا مالا مال ہیں حضرت عیسیٰ کے وقت میں تو کل بارہ ۱۲ آدمی ایمان لائے تھے اُن کے بعد گو مذہب عیسوی یورپ میں پھیلا لیکن بت پرستی محو نہ ہوئی صلیب اور حضرت عیسیٰ و مریم کی تصاویر گرجوں میں رکھی رہتی تھیں اور اب تک رکھی رہتی ہیں جسے وہ سجدہ و سلام کیا کرتے تھے اور کیا کرتے ہیں۔ علاوہ بریں اُن کا تو مذہب ہی تثلیث ہے اگر اُس کو ایک شاخ بت پرستی کی قرار دیں تو بعید نہیں عیسائیوں میں خدا پرست خالص طور پر کم ہیں وہ کلام حضرت موسیٰ کا کہ شریعت شروع ہوئی کوہ سینا سے اور جگمگائی سعیر سے اور بہت شدت سے چمکی کوہ فاران سے نہایت سچی بات ہے یعنی آغاز خدا پرستی حضرت موسیٰ کے وقت سے ہوا حضرت عیسیٰ کے وقت میں کسی قدر مدد ملی مگر محمدؐ کے وقت میں اکمل طور پر جاری ہوئی:

پیدائش باب ۱۲ کی ۳ آیت میں حضرت ابراہیم کی شان میں لکھا ہے ונברכו בך כל משפחת האדמה:

Marfat.com

بنر خو بنجا خل ہشیحوث ہا ارا ما (ترجمہ) تجھ سے برکت پائے گی کل اقوام روئے زمین مقصود اس کا یہی ہی کہ تیرے سبب سے تمام روے زمین پر خدا پرستی پھیلے گی اب بہ نظرِ انصاف دیکھو کہ زمانہ حضرت ابراہیم سے تا زمان حضرت عیسیٰ یہ وعدہ پورا نہ ہوا ہمارے پیغمبر کے وجود با جود سے اس کا تکملہ ہوا۔ عام دنیا میں اخلاق حمیدہ اور سیر پسندیدہ پھیل گئے ظلمت جہل و ضلالت دور ہوئی۔ ہنود و عیسائی وغیرہ مذاہب نے اکثر امور مسلمانوں سے اخذ کئے گو وے اُسے بہ تبعیت اسلام نہیں کہتے۔ اس میں شبہہ نہیں کہ خدا پرستی حضرت عیسیٰ نے بھی پھیلایا لیکن بوجہ مسئلہ تثلیث خدا پرست اُن میں کم تھے اگر ہم اس کی تفصیل لکھیں تو کتابت بڑھ جائے گی الغرض یوشع بن نون کی وفات کے بعد کچھ کچھ شایبہ پرستی بنی اسرائیل میں تھا مگر بار بلعام بن نباط کے زمانہ میں توبت و بت خانے اس قوم نے تیار کر لئے جس پر انبیا کی زبان سے وعید تھی: לָכֵן יִהְיוּ כַּעֲנַן־בֹּקֶר וְכַטַּל מַשְׁכִּים הֹלֵךְ כְּמֹץ יְסֹעֵר מִגֹּרֶן וּכְעָשָׁן מֵאֲרֻבָּה: —— لاخین ہیو کعنن بوقر وخطل مشکیم ہو لیخ کموص لیسوعیر مگورن وخعاشان میا ربا (ترجمہ) لیکن ہو جائیں گی ظلمت فجر کی طرح اور اور شبنم صبح کی طرح مٹ جائے گی جس طرح بھوسہ خرمن سے اُڑتا ہی اور دھواں روزن سے یعنی وے بت جن کی وے اس قدر عظمت و پرستش کرتے ہیں سب اُڑ پڑ جائیں گے۔ یہ بات پیغمبر کے وقت میں پوری ہوئی کہ بت خانے توڑے گئے بت پرست راہ راست پر آئے۔ مساجد اسلام کی بنا پڑی ایک خدا کی عبادت میں لوگ مشغول ہوئے گو عزرا کے وقت میں بنی اسرائیل نے بت پرستی چھوڑ دی لیکن اقوام اصنام پرست میں بت پرستی و کواکب و ملائکہ کی پرستش قائم رہی علاقہ بحرین میں صابی مذہب بہت جاری تھا ملک فارس و افغانستان و توران میں آتش پرستی کا زور تھا و سرزمین ہند بتوں سے مالا مال تھی مصر و تمام افریقہ میں اوثان کا ہجوم تھا دور اسلام میں یہ سب نیست و نابود ہوئے وعلی ہذا القیاس۔

Marfat.com

یورپ میں بھی روشنی اسلام کی دور بنی اُمیّہ اور خلفاء عباسیہ میں منبسط ہوئی: וְאָנֹכִי
יְהוָה אֱלֹהֶיךָ מֵאֶרֶץ מִצְרָיִם וֵאלֹ
הִים זוּלָתִי לֹא תֵדָע וּמוֹשִׁיעַ אַיִן בִּ
לְתִּי׃

وِ آنُخی یہوَدا اِلُوہیخا مارِصْ مصرائیم وِ اِلُوہیم زولاتی لو تیدع ومُوشیع این بلتی:

(ترجمہ) اور میں معبود تمھارا ہوں مصر سے حاکم میرے سوا کسی کو مت سمجھ میرے سوا کوئی نجات دہندہ نہیں ہے: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قبل زمان موسیٰ بنی اسرائیل میں خدا پرستی نہ تھی مصریوں کی صحبت نے اُنھیں تباہ کیا تھا ورنہ زمانہ حضرت ابراہیم سے تازمان یوسف علیہ السلام اُن کی خدا پرستی یقینی ہے۔ ہاں جس طرح اولاد حضرت اسمٰعیل کچھ دنوں بعد بگڑ گئی اُسی طرح اولاد اسحاق بھی بعد مرور ایام خراب ہوگئی حضرت موسیٰ و محمدؐ سے اصلاح اُن کی بلکہ عالم کی ہوئی: ؎

یارب صل وسلم دائما ابدا علی نبیك خیر الخلق كلهم

אֲנִי יְדַעְתִּיךָ בַּמִּדְבָּר בְּאֶרֶץ תַּלְ
אֻבוֹת׃ ———— اِنی یدعتیخا بمدبار بارِصْ تلئو بُوث

(ترجمہ) میں نے تجھے بیابان میں پہچانا یعنی خشک زمین میں یعنی ملک عرب میں مقصود یہ ہے کہ تمھاری حرکات ناشائستہ تو ملک عرب ہی میں ظاہر ہوگئی تھی کہ باوجود نزول رحمت و برکات کہ من و سلویٰ کھانے کو دیا اور پانی پتھر سے نکالا گیا اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت کی گئی اور کس قدر آیات معجزات برابر العین تم نے مشاہدہ کیا۔ موسیٰ اور ہارون سا سرپرست موجود کوئی دقیقہ نافرمانی و سنگدلی و تذبذب و بے ایمانی کا اُٹھا نہیں رکھا تب ہم نے تم کو حکومت ملک شام اپنے وعدہ بموجب عنایت کی כְּמַרְעִיתָם
וַיִּשְׂבָּעוּ שָׂבְעוּ וַיָּרָם לִבָּם עַל־כֵּן

Marfat.com

כְּמַרְעִיתָם ——— وַיִּשְׂבָּעוּ ... : کمرعیتام وِیسبا عوسابعو ویّا رُم
لبّام عل کین شِخا حونی : (ترجمہ) جب موٹے و سیر ہوئے تو اُن کا دل بڑھ گیا اس لئے ہم کو
بھول گئے یعنی جب ایسا ملک سیر حاصل اُن کو مل گیا تو چرب اُن پر چھا گیا شکرگزاری تو
کیا کرتے غلبۂ شہوت و غضب و استیلای ہوا و ہوس سے کفران و عصیان پر کمر باندھی

וָאֱהִי לָהֶם כְּמוֹ שָׁחַל כְּנָמֵר עַל־
דֶּרֶךְ אַשּׁוּר : ——— وااِہِی لاہِم کمُو شاحل کنا میر عل دِرِخ
اَشور شاحل عبرانی میں شیر کو کہتے ہیں خصوصاً سیاہ شیر جو عراق میں یعنی دجلہ کی پورب جانب
ہوتا ہے۔ نامیر عربی نمر یعنی چیتا اَشور اصل معنی اس کے ہیں قدم دِرِخ اشور
وہ راہ جو چلنے سے بنتی ہے ہندی پگ ڈنڈی اور نیز اَشورؔ نام ہے اُس حصہ ترکستان کا
جو دجلہ سے پورب ایران تک آباد ہے اور شمالی حد اُس کی ارمن ہے اور کبھی اُس میں علاقہ
کلدانیان بھی داخل رہتا ہے جہاں دارالسلطنت بخت نصر اکثر حصہ اس کا اب عراق کہلاتا ہے
پس معنی آیت یہ ہوئے کہ ہم تمھارے لئے شیر و چیتا ہونگے عراق کی راہ میں یعنی اہل عراق سے
تم کو تباہ کریں گے چنانچہ سخریب بخت نصر کے وقت میں یہ خرابیاں پیش آئیں (ترجمہ) لو ہوں گے
ہم اُن کے لیے شیر کی طرح جیسا چیتا دشوار گزار راہ پر یعنی جب ایسا کفران و عصیان اُن سے
صادر ہوا تو اب ہمارا غضب اُن پر نازل ہوگا۔ حضرت آدم کو بھی سرزمین سیر حاصل ملی تھی ایک نافرمانی
سے کہ وہ خطائی الاجتہاد تھی وادی غیر ذی زرع میں جو وہ سرزمین مکہ معظمہ کی تھی پہنچائی
گئی تو بنی اسرائیل پر جو ہزارہا معاصی کے مرتکب ہوتے تھے کیوں نہ غضب نازل ہو

אֶפְגְּשֵׁם כְּדֹב שַׁכּוּל וְאֶקְרַע סְגוֹר
לִבָּם וְאֹכְלֵם שָׁם כְּלָבִיא חַיַּת הַשָּׂדֶה
תְּבַקְּעֵם :
اَفگشیم کدوب شکول و اِقرع سِغور لبّام و اُخلیم شام کلابی حیّت ہسّادِہ تبقیم

Marfat.com

(ترجمہ) غضب ناک ریچھ کی طرح اُن کو جا لیں گے ہم اور پھاڑ ڈالیں گے اُن کا دل اور
کھا جائیں گے اُن کو شیر کی طرح جنگلی سباع اُن کو پھاڑ ڈالیں گے שַׁכּוּל
شکول اُس کو کہتے ہیں جس کا بچہ مر گیا ہو۔ ایسی حالت میں جانور بڑے غضب میں ہوتے
ہیں خصوصاً ریچھ چنانچہ بنی اسرائیل پر ہر قسم کے غضب نازل ہوئے خشک سالی قحط و وبا
وغیرہ پھر اطراف و جوانب کے سلاطین کے حملے שִׁחֶתְךָ יִשְׂרָאֵל
כִּי־בִי בְעֶזְרֶךָ׃ ———— شیختخا یسرائیل
کی بی بعزرخا۔ (ترجمہ) اے اسرائیل تجھکو تباہ کیا اُس نے جو بخلاف ہماری تیرا مددگار
ہے یعنی شیطان مقصود یہ ہے کہ اے بنی اسرائیل تجھکو شیطان نے تباہ کیا جو خلاف مرضی
الٰہی ساعی ہو وہی شیطان ہے כִּי کی اس لفظ کے معنی عربی الذی کے
آئے ہیں اور بار موحدہ کے معنی برخلاف آئے ہیں اور בְעֶזְרֶךָ عزر معنی مددگار
اور بار موحدہ جو اُس پر داخل ہے زائد ہے۔ ایک معنی اس آیت کے یہ بھی ہوتے ہیں کہ
اے بنی اسرائیل تو نے اپنے کو خراب کیا کہ بعوض ہماری اپنا مددگار دوسرا ٹھہرایا۔
لفظ ٹھہرایا محذوف ہے אֱהִי מַלְכְּךָ אֵפוֹא וְיוֹשִׁיעֲךָ
בְּכָל־עָרֶיךָ וְשֹׁפְטֶיךָ אֲשֶׁר אָמַרְתָּ תְּנָה־
לִּי מֶלֶךְ וְשָׂרִים׃
اِہی مَلکخا اَیفو دِیوشیعخا بخل عاریخا وشو فطیخا اَشر آمرتا تنا لی ملخ وساریم
אֱהִי اِہی یہ لفظ استفہام کے لئے ہے جیسے אֵי זֶה اِی و אַיֵּה
آیہ عربی میں بھی آیّ وَ اَیَّۃً استفہام کے لئے آتا ہے البتہ اہی قلیل الاستعمال ہے
אֵפוֹא ایفو معنی اب۔ (ترجمہ) اب تیرا سلطان کہاں ہے جو تجھکو بچائے
تیرے شہروں میں اور کہاں تیرے قضاۃ جن کے لئے تو نے کہا دے مجھکو بادشاہ و سردار
אֶתֶּן־לְךָ מֶלֶךְ בְּאַפִּי וְאֶקַּח בְּעֶבְרָתִי׃

Marfat.com

اِتّن لِخا مَلِخ بَاپّی واقح بعبرانی (ترجمہ) دیں گے ہم تجھے بادشاہ غضب سے
پھر غضب سے لے لیں گے צְרוּר עֲוֹן אֶפְרָיִם צְפוּנָה
חַטָּאתוֹ׃ صارُور عوُن اِفرایم صفونا حطاّتو (ترجمہ) افرائیم
کی گناہ تھیلی میں ہے اور اُس کی خطائیں چھپائی ہیں چونکہ بناء بت پرستی اور اُس کا
شیوع یاربعام بن نباط افرائیمی سے تھا اس لئے اُس کے گناہ کی عظمت بیان ہوئی۔

חֶבְלֵי יוֹלֵדָה יָבֹאוּ לוֹ הוּא- בֵן לֹא חָכָם- כִּי- עֵת לֹא- יַעֲמֹד בְּמִשְׁבַּר בָּנִים׃

حِبلی یولیدا یا بوٗ لوٗ ہو بین لو حاخام کی عیت لو یعموٗد بمشبر بانیم חֶבֶל
حِبِل معنی درد خصوصاً دردزہ وبمعنی رسّی عربی حبل وزنجیر خصوصاً پیمائش کی رسّی و
جریب وبمعنی حصہ وقطعہ وبمعنی کمند وپھندا وجال מִשְׁבָּר مِشبّر معنی
فم رحم מִשְׁבָּר مشبار معنی موج لہر עֵת عیت معنی وقت و زمانہ
عموماً وقت مناسب وموقع وخوشی۔ (ترجمہ) اُس کو وجع الولادت (یعنی دردزہ)
ہوگا وہ نادان لڑکا ہے کیونکہ خوشی رحم کے مُنھ پر نہیں ہوتی یعنی لڑکا ہونے ہی سے
خوشی نہیں ہوتی تاوقتیکہ وہ لائق وسعید نہ ہو۔ خلاصہ آیات یہ ہے کہ بوجہ کثرت معاصی و
خطایا بنی افراہیم انواع عذاب ومصائب میں گرفتار ہونگے چنانچہ یہ سب کچھ ہوا بخت نصر و
طیطوس کے وقت میں انتہا یہ ہوا کہ سلطنت بنی اسرائیل بالکل زائل اور بیت المقدس
خراب ہوا۔ بہت بنی اسرائیل اسیر ہوئے تمام ملکوں میں تتر بتر ہوگئے نہ وہ شان رہی
نہ شوکت، کبر ونخوت کا دھواں دماغ سے نکل گیا מִיַּד שְׁאוֹל אֶפְדֵּם

מִמָּוֶת אֶגְאָלֵם אֱהִי דְבָרֶיךָ מָוֶת אֱהִי קָטָבְךָ שְׁאוֹל נֹחַם יִסָּתֵר מֵעֵינָי׃

Marfat.com

مِیَدشُول اَقدیم مِمَاوِث اِغنایلم اِہی دِبَاریخَا مادِث اِہی قاطا بخاشُول نُوخم یسَاتیر میعیانے: דבר دُوبر معنی چراگاہ קטב قاطاب معنی مقطع بشُول قبر و جہنم קטב قاطاب کا مادّہ قطب ہے بمعنی کٹنا مادث معنی موت اقدیم کا مادہ פדה فدا ہے اُس کے معنی ہیں پہنچانا אהי اِہی یہاں بمنزلہ یہی کے ہے جس کے معنی ہیں ہوگا۔(ترجمہ) قبر سے اُن کو چھوڑا دیں گے ہم موت سے اُن کو بچائیں گے اب چراگاہ اُن کی موت ہوگی اور آخرت اُن کی جہنم رحم ہماری آنکھ سے چھپ جائے گا یعنی بعد ان خرابیوں کی اُن کو ہم سخت قید و مصائب شدیدہ سے نجات دیں گے چنانچہ بخت نصر کے زمانہ میں بڑے بڑے مصائب ان لوگوں نے جھیلے پھر برکت انفاس عزرا و دانیل نبی کے جب توبہ کیا اور قلوب راجع الی اللہ ہوئے تو قید شدیدہ سے آزاد ہوئے اور پھر بیت المقدس آباد ہوا لیکن جب بار ثانی برباد ہوا تو پھر نہ آباد ہوا۔ اگرچہ کچھ سرداری اُن کے پاس رہ گئی تھی اور شریعت ہنوز قائم تھی اور الہام و رویائے صادقہ اور کشف و تصوف اُن میں باقی تھا لیکن بعد بعثت ہمارے پیغمبر کے یہ سب جاتا رہا۔ اس آیت میں یہی بیان ہے کہ ہم تم کو اُن شدائد سے بچا تو لیں گے لیکن بالآخر ہمارا رحم تم سے جاتا رہے گا اور تمہارے لئے فنا و ذلت ہوگی یعنی شریعت جاریہ تم میں اُٹھا دی جائے گی اور فیضان جو مبادی عالیہ سے تم پر نازل ہوتا ہے وہ بند ہوجائے گا اور پھر تم پر رحم نہ ہوگا جیسا پہلے بعد بخت نصر کے ہوا تھا پھر یہ کب ہوگا اس کو اگلی آیت میں بیان کیا ہے כי הוא בין אחים יפריא יבוא קדים רוח יהוה ממדבר עלה ויבוש מקורו ויחרב מעינו הוא ישסה אוצר כל כלי חמדה:

کی ہو بین اَحیم یَفرِی یَابُو قادیم رُووح یہوا مِمدّبار عولہ ویبوش مقورو ویحرب

معیانو ہویشہ اوصر کل کلی حمدہ۔ لغات כִּי کی جب הוּא ہووہ جو
בֵּין بین عربی بین یعنی درمیان אַחִים احیم برادران יַפְרִיא
یفری خلیفہ خواہ رسول ہوگا۔ یہ لفظ פָּרָא پرا سے نکلا ہی جس کے
معنی خلیفہ اور رسول کے ہیں جیسا گزرا یہ صیغہ مستقبل ہی تفعیل سے یعنی فرآدام ہوگا יָ
בוֹא یا لوائیگا קָדִים قادیم پورے ہوا کو کہتے ہیں اور کبھو اُس کے
معنی مبشر آتے ہیں جو یہاں مقصود ہی רוּחַ رُوح اُس کے معنی ہیں ہوا اور
روح מִדְבָּר مدبار کے معنی میدان و بیابان کبھی کبھی اُس سے مراد ملک عرب
ہوتا ہی جو بالکل ریگستان ہی עֹלֶה عولہ آئے گا וְיֵבוֹשׁ
ییبوش سکھاوے گا מְקוֹרוֹ مقور ینبع چشمہ וְיֶחֱרַב یحرب ویران
کردے گا מַעְיָנוֹ میعان چشمہ יִשְׁסֶה یشسہ لوٹ لیگا הוּא אוֹצַר
اُوصر خزانہ כָּל כְּלִי חֶמְדָּה کلی حمدہ۔ جواہرات کو کہتے ہیں حمدہ کا
مادہ חָמַד حامد ہی جس کے اصل معنی ستایش کے ہیں پھر نفاست و زعنت
חָמוּד حامُود کے معنی ہیں محمود מַחְמָד محماد معنی محمد وستودہ
حمدہ بھی مرادف محمود و محمد ہی (ترجمہ) جب وہ کہ اپنے بھائیوں میں فرآدام (یعنی
رسول) ہوگا جس کے پہلی روح اللہ آئے گا بیابان سے (یعنی ملک عرب سے) چڑھ آئے گا تو
سوکھا دے گا اُس کے چشموں کو اور ویران کردے گا اُس کے عیون کو (یعنی افرائیم کے
چشموں کو) وہ لوٹے گا جواہرات کے خزانہ کو مقصود یہ ہی کہ ایسی بربادی بنی اسرائیل
کی جس کے بعد اُن پر رحم نہ ہوگا جب ہوگا کہ وہ شخص آئے گا جو اپنے بھائیوں میں فرآدام
ہوگا یہ اشارہ ہی اُس کی طرف جو حضرت اسمٰعیل کی شان میں بیان ہوا کہ وہ فرآدام
ہوگا اور بھائیوں کا لفظ جو اس مقام پر وارد ہی اُس سے اشارہ ہی اُس خبر کی طرف جو موسیٰ نے
دی تھی کہ تمھارے بھائیوں میں سے موسیٰ کا سا نبی قائم کروں گا اُس نبی کا ایک نشان

Marfat.com

یہاں یہ بھی بیان ہوا کہ اُس کے پہلے روح اللہ آئے گا جو لقب ہی حضرت عیسیٰؑ کا اور اگر روح اللہ سے مراد روح القدس اور جبرئیلؑ ہوں تو بھی کچھ بعید نہیں مقصود یہ ہوگا کہ کمال تباہی بنی اسرائیل کی کہ اُن سے سلطنت و شریعت دونوں لے لی جائے اُس وقت ہوگی جب وہ فخر آدام جو موسیٰ کا سا نبی ہوگا عربستان سے ظاہر ہو اور اُس پر نزول روح القدس ہو۔ ایک نشان اُس نبی کا یہ بھی لکھا ہی کہ وہ کل خزائن جواہرات لوٹ لیگا ظاہر ہی کہ خزائن کل بادشاہوں کے جو مدت ہاے دراز سے مجتمع تھے مسلمانوں کے قبضہ میں آئے۔ اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا نہ ایسا حضرت عیسیٰ کے وقت میں ہوا اور نہ بخت نصر وغیرہ کے اور مقصود خزانہ جواہرات سے شرائع و احکام الٰہی و قوت قدسیہ و الہامات ربانی کہ یہ سب پیغمبر اور اُن کے توابع میں تھی اور اب بھی کسی قدر ہے۔ الغرض مراد یہ ہی کہ شریعت بنی اسرائیل اُس کی طرف منتقل ہوجائے گی چنانچہ ایسا ہوا اور اگر لفظ حمدہ کو ہو کا بدل کہیں تو معنی آیت یہ ہونگے کہ یہ تباہی جب ہوگی کہ وہ جو اپنے بھائیوں میں فخر آدام ہوگا جس کے پہلے روح اللہ آئے گا۔ عربستان سے چڑھ آئے وہ سب ظروف کے خزانوں کو لے لے گا یعنی حمدہ یعنی اُس کا نام حمدہ ہوگا جو مرادف محمد ہے یعنی جملہ علوم اولین و آخرین اُس کو دیا جائے گا اُس کا نام محمدؐ ہی۔ حمدہ کی کتابت عبرانی میں اس طرح ہوتی ہی کہ اُس کے اخیر میں ہا مختفی لکھی جاتی ہے لیکن اگر اُس کے اخیر میں الف ہو ہا مختفی کی جگہ اس طرح حمدا تو وہ مقلوب احمد ہوگا اس قسم کے الف کلدی الفاظ میں بیشتر ہوتے ہیں اس نبی کے زمانہ میں کلدی الفاظ و محاورات مخلوط ہوگئے تھے اور وہ زبان تو اُس ملک میں شائع تھی כלי کلی کے معنی ظرف ہیں مراد نقوش منطبعہ

نذانم آں گلِ خنداں چہ رنگ و بو دارد ٭ کہ مرغ ہر چمنے گفتگوے او دارد

اس صحیفہ کی ۹ باب ۳ آیت سے ۷ تک ہم ذکر کرتے ہیں اس مقام میں یہود خیبر بنی قریظہ و بنی نضیر وغیرہ جو ملک عرب میں رہتے تھے مقصود ہیں گو اور یہود کی نسبت بھی

Marfat.com

کچھ بیان ہے לֹא יֵשְׁבוּ בְּאֶרֶץ יְהוָה וְשָׁב אֶפְרַיִם
מִצְרַיִם וּבְאַשּׁוּר טָמֵא יֹאכֵלוּ
: ——— لو یشبو بارص یہوا وشاب افرایم مصرایم وباشور
طامی یوخلو (ترجمہ) قیام نہ کریں گی خدا کی زمین پر (یعنی زمین مقدس کنعان میں) بلکہ
لوٹ جائیں گے بنی افراہیم مصر اور ملک اشور (یعنی عراق میں) حرام کھائیں گے یہ نبی خبر دیتا ہے
کہ بنی اسرائیل ملک شام میں نہ رہ سکیں گے بلکہ وے مصر بھاگ جائیں گے جہاں سے
موسیٰ کے وقت میں دقت سے آئے تھے اور بابل کے قیدخانہ میں حرام چیزیں کھائیں گے
اور یہ ہی مراد ہے کہ وے شریعت پر قائم نہ رہیں گے مصریوں کی تبعیت سے بت پرستی
کریں گے اور دیگر اصنام پرستوں کی خلط سے حرام وحلال میں امتیاز نہ کریں گے مثلاً
بتوں پر جو چیزیں چڑھائی جاتی ہیں لقمہ چرب وشیریں دیکھکر تناول کرینگے چنانچہ بخت نصر کے
وقت میں یہ سب کچھ واقع ہوا לֹא־יִסְּכוּ לַיהוָה יַיִן וְלֹא
יֶעֶרְבוּ־לוֹ זִבְחֵיהֶם כְּלֶחֶם אוֹנִים לָ
הֶם כָּל־אֹכְלָיו יִטַּמָּאוּ כִּי־לַחְמָם לְ
נַפְשָׁם לֹא יָבוֹא בֵּית יְהוָה׃
لو یسخو لیہوا یین ولو یعرخو لو زبحیہم کلحم اونیم لاہم کل اوخلاو یطماو کی لحمام لنفشام لو یا
بوبیث یہوا נסך مصدر נֶסֶךְ: اصل معنی اس کے ہیں ٹپکانا خصوصاً
جو بتوں پر شراب وغیرہ ٹپکاتے ہیں پھر لینا ولیپ کرنا اور ڈھالنا יַיִן یین بمعنی
خمر وشراب اس کا مادہ יין یون ہے اگرچہ وہ غیر مستعمل ہے لیکن اہل لغت اس کے
معنی جوش کرنا تجویز کرتے ہیں۔ اس سے دو لفظ نکلے ہیں ایک יָוֵן یاوین
بمعنی گارہ جس میں فی الجملہ خمیر ہوتا ہے۔ دوسری یین اس میں بھی جوش وخمیر ہوتا ہے
בֵּית הַיַּיִן بیث ہییّاین شراب خانہ یہ ویسا ہی اشتقاق ہے کہ הַיַּיִן

Marfat.com

حیمر بمعنی خمر مشتق ہے חֶמֶר حامر سے جس کے معنی جوش و اختمار کے ہیں
اور חֹמֶר حومر بمعنی گارہ بھی اسی سے مشتق ہے اور کلدی زبان میں شراب کو
حمرا חַמְרָא کہتے ہیں ان سب زبانوں میں یہ الفاظ مطلق شراب کو کہتے ہیں.
انگور کی ہو یا اور چیز کی ہو (ترجمہ) نہ ٹپکائیں گے خدا کے واسطے شراب اور نہ مرتب
کریں گے اُس کے لئے قربانی اُن کی روٹی نجس ہے جو اُسے کھائے گا نجس ہوگا۔ اُن کی
روٹیاں اُنھیں کے لئے ہیں خدا کے گھر میں نہیں پہنچتیں۔ بت پرستوں کا دستور ہے کہ اپنے
دیوتاؤں کو شراب چڑھاتے ہیں یعنی مقام معین پر بہا دیتے ہیں۔ یہود بھی شبہ اس کی
کشمش کا نقیع بہاتے ہیں اور اُس کو قدوش و شراب طہور کہتے ہیں اُس کو بہت متبرک
سمجھتے ہیں کسی قدر خدا کے نام پر گرا دیتے ہیں اور باقی تھوڑا تھوڑا سب تبرکاً پی جاتے ہیں
یہ آیت خفگی کی ہے مطلب واضح ہے מַה־תַּעֲשׂוּ לְיוֹם מוֹעֵד
וּלְיוֹם חַג־יְהוָה : ماتعسو لیوم موعید ولیوم
حغ یہوا (ترجمہ) تم کیا کرو گے عید خواہ وعدہ کے دن اور خدا کے حج کے دن
مقصود یہ ہے کہ افعال تو تمھارے ایسے ہیں اور قلوب بالکل خدا کی طرف سے پھرے ہیں
تو وعدہ کے دن یعنی زمانہ بخت نصر میں تم سے کیا ہو سکے گا اور خدا کے حج کے دن سے
مراد حج زمانہ پیغمبر خدا یعنی ان ایام میں تم سے کچھ نہ بن آئے گا قتل و نہب جو کچھ مقدر ہے
ہوگا۔ تدابیر تمھاری بالکل بے کار ہو جائیں گی כִּי־הִנֵּה הָלְכוּ מִ
שֹּׁד מִצְרַיִם תְּקַבְּצֵם מֹף תְּקַבְּרֵם מַחְמַ
ד לְכַסְפָּם קִמּוֹשׂ יִירָשֵׁם חוֹחַ בְּ
אָהֳלֵיהֶם کہ ہنہ ہالخو امشود مصرایم تقبصیم موف تقبریم محمد لخسپام
قموشییراشیم حوح باہولیم : لغات کہ ہنہ ہاں ہالخو چلی جائینگے שֹׁד
ہلاکت و مصیبت מֹף موف معنی تنوف جو ایک مقام ہے نطے کے دونول

Marfat.com

پہاڑوں میں اور ایک دوسرے مقام کا بھی نام ہی دریائے نیل کے کنارے پر محمد معنی ستودہ
כסף کیسف روپیہ קימוש قیموش خاردار درخت
חוח حوح خار (ترجمہ) ہاں وے ظلم سے پریشان ہو جائیں گے مصری
اُن کو مجتمع کریں گے۔ موف میں وے لوگ گرینگے (یعنی مقامات مختلف میں اُن کا قیام ہوگا)
محمد اُن کا مال خاردار درختوں کو اُس کا مالک کرے گا (خاردار درخت سے مقصود اہل فوج ہیں
چنانچہ مال اہل فوج میں تقسیم ہوتا تھا۔ عربستان میں سمرہ اور ببول بہت ہوتا ہی کھجور کے درخت بھی
کانٹے سے خالی نہیں ہوتے اس واسطے عرب اُس سے مقصود ہیں۔ جن کو اموال بنی قریظہ و بنی نضیر و خیبر
تقسیم ہوا تھا اور پیغمبر نے خود اُسے بانٹا تھا) اُن کے مکانات میں کانٹا ہوگا (مقصود معاملہ بنی نضیر
ہی کہ یہود بنی نضیر نے اپنے مکانات کو خود اُجاڑا تھا پھر اُن میں کانٹا رکھا گیا واضح ہو کہ جب سلطنت
بنی اسرائیل برباد ہوئی تو وے مقامات مختلف میں جس کو جہاں آرام ملا جا رہے کچھ لوگ مصر گئے کچھ بابل کچھ
عربستان و ہندوستان میں پیغمبر کے زمانہ میں۔ جو کچھ معاملہ بنی قریظہ و بنی نضیر و یہود خیبر کے ساتھ ہوا وہ مشہور
ہی۔ بطحے کے پہاڑوں میں جو کچھ یہود تھے نکالے گئے۔ کچھ قتل ہوئے اُن کا مال و اسباب لشکریوں پر تقسیم ہوا
ویرانے کی وجہ سے اُن کے مکانات میں خاردار درخت جم گئے۔ انہیں معاملات کی حکایت یہ نبی کرتا ہی جو
اُس پر مکاشفہ میں ظاہر ہوا۔ اس کا قرآن میں بھی ذکر ہی هُوَ الَّذِي أَخْرَجَ الَّذِينَ كَفَرُوا
مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ ۚ مَا ظَنَنْتُمْ أَنْ يَخْرُجُوا وَ
ظَنُّوا أَنَّهُمْ مَانِعَتُهُمْ حُصُونُهُمْ مِنَ اللَّهِ فَأَتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ حَيْثُ
لَمْ يَحْتَسِبُوا وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ يخربون بيوتهم بايديهم و
ايدى المومنين فاعتبروا يا اولى الابصار۔ یہ آیت قرآنی اس پیشین گوئی
کی طرف اشارہ کرتی ہی اور یاد دلاتی ہی کہ یہود و نصاریٰ سمجھیں کہ وہ خراب واقع ہوئی چنانچہ
اخیر میں کہدیا کہ فاعتبروا یا اولی الابصار۔ یہاں آیت صحیفہ میں لفظ محمد واقع ہی جو مرادف
محمود و حمید و محمد ہی کیا عجب ہی کہ اصل میں محمد رہا ہو اعراب پیچھے سے لگایا گیا ہی اُس وقت میں اعراب

Marfat.com

نہ تھا اس سے یہود کو انکار نہیں ہی باوجود ہوشیع نبی نے محمد کو عبری طور بوجہ مترادف واتحاد معنوی کے محمد بیان کیا کیونکہ قلوب انبیا پر بشیتر معانی فائض ہوتے ہیں اس قدر حرکت لائق اعتبار نہیں فتدبروا)

בָּאוּ יְמֵי הַפְּקֻדָּה בָּאוּ יְמֵי הַשִּׁלֻּם
יֵדְעוּ יִשְׂרָאֵל אֱוִיל הַנָּבִיא מְשֻׁ
גָּע אִישׁ הָרוּחַ עַל־רֹב עֲוֹנְךָ וְרַבָּה מַ
שְׂטֵמָה׃ —— بائویمی ہپقودہ بائویمی ہشلوم بیدعو یسرائیل اول ہنابی مشگاع ایش ہاروح عل روب عونیخا ورباستیما (ترجمہ) آپہنچا زمانہ سزا۔ آپہنچا زمانہ اسلام سمجھیں گے بنی اسرائیل احمق ہی وہ نبی جھوٹھا ہی صاحب قوت قدسیہ بوفور عواتب و کثرت عداوت : زمانہ سزا سے مقصود زمانہ بخت نصر وغیرہ سلاطین کفار ہی جس کے وقت میں یہود کو نہایت پریشانی ہوئی قتل ونہب کی انتہا نہیں بیت المقدس منہدم کیا گیا کتابیں جلائی ولوٹی گئیں۔ نفوس اسیر ہوئیں שָׁלֵם شلم کے معنی اسلام ہیں یعنی سلامتی وامن مسلمانوں کے زمانہ میں یہود سے کچھ پرخاش نہ تھا جب تک وے خود سبقت نہ کریں یہود خود بت پرستوں کے ساتھ مل کر لڑتے تھے یہود سے یہ نہایت عجب تھا اور وے اپنی خباثت وعداوت سے پیغمبر صادق وموعود کو احمق وجھوٹا کہتے تھے اس کی آیت مرقومہ میں حکایت ہی مقصود یہ ہی کہ یہود اپنی خباثت وعداوت سے اُس نبی یعنی محمد سابق الذکر کو جو صاحب قوت قدسیہ ہوگا احمق وجھوٹا سمجھیں گے جیسا کہ واقع ہوا ہی: ایش ہاروح אִישׁ הָרוּחַ ایش ہاروح : ایش عبری میں مرد کو کہتے ہیں اور روح روح کو ترجمہ لفظی مرد روح عبری میں عام محاورہ ہی کہ ایش بمنزلہ عربی ذو کے مستعمل ہوتا ہی جیسے فارسی میں مرد میدان شجاع کو مرد زراعت کسان وفزارع کو کہتے ہیں اسی طرح عبری میں ایش ہا ادامہ مزارع کو אִישׁ הָאֱלֹהִים ایش ہاالوہیم مرد خدا کو کہتے ہیں اس لئے

Marfat.com

ایش ہارووح یعنی روح ہونگے یعنی صاحب قوت قدسیہ ہوالمراد: ایک تبیح یعنی ہجن حضرت موسٰی نے اپنے مرنے سے کچھ پیشتر کہی ہے اُس کو ہم یہاں نقل کرتے ہیں הַאֲזִינוּ הַשָּׁמַיִם וַאֲדַבֵּרָה וְתִשְׁמַע הָאָרֶץ אִמְרֵי־פִי ۔ ہازینو ہشامائیم وادبیرا و تشمع ہا ارص امری فی۔

لغات הַאֲזִינוּ ہازینو۔ مادّہ اس کا אזן اُدزن ہے جس کے معنی کان جیسے عربی میں اُذن הֶאֱזִין معنی کان دھرنا یعنی خوب غور سے سننا عربی میں بھی اَذِن اس معنی میں مستعمل ہے جیسے اصغا הַאֲזִינוּ ہازینو صیغہ امر ہے معنی کان دھرو یعنی خوب غور سے سنو۔ שָׁמַיִם شامائیم سماء آسمان ہا ہوز جو اُس کے اول میں ہے حرف ندا ہے וַאֲדַבֵּרָה اُدبیرا مادہ اُس کا דבר دابرہ ہے اس کے معنی ہیں کلام فعل اس کے مجرد کا اس معنی میں مستعمل نہیں ہے پیعیل جو بمنزلہ باب تفعیل ہے بمعنی تکلم کثیر الاستعمال ہے یہاں اُس کا صیغہ متکلم واقع ہے תִשְׁמַע تشمع صیغہ امر غائب ہے שָׁמַע שָׁמַע שָׁמַע سے سننے کی معنی ہیں مثل عربی سمع یسمع کے אֶרֶץ آرص زمین عربی ارض אִמְרֵי امری بات گفتگو פִי پی عربی فی یعنی موتھ (ترجمہ) اے آسمانو غور سے سنو جو میں کہتا ہوں اور اے زمین سن میری موتھ کی بات مقصود و استشہاد یہ ہے کہ تم لوگ سن رکھو کہ میں تبلیغ وحی میں قصور نہیں کرتا ہوں کیونکہ خزانہ وحی نفوس منطبعہ فلکی ہوتی ہیں اس کی تفسیر جو ربی سلیمان برجی نے کی ہے مضمون اس کا یہ ہے کہ اسے آسمان و زمین تم گواہ رہو کہ میں نے بنی اسرائیل سے یوں کہا ہے اُن کو گواہ کرنے کی وجہ یہ تھی کہ موسٰی نے خیال کیا کہ میں بشر ہوں کل مرجاؤں گا تو اگر بنی اسرائیل انکار کریں کہ ہم نے یہ بات نہیں سُنی تو یہ گواہی دیں گے کہ وے قائم رہیں گے اور نیز اگر بنی اسرائیل خلاف نہ کریں تو یہ گواہ اُن کی موافقت کریں گے کہ پانی وقت پر برسے گا اشجار پھولیں گے

Marfat.com

پھلیں گے پیداوار ارض میں کمی واقع نہ ہوگی اور اگر خلاف واقع ہو تو یہ امور سب بند ہو جائیں انتہی: اور نیز آسمان سے مقصود علماء کبار وعرفاء نامدار ہیں اور زمین سے عامۃ الناس جن کی طرف خطاب تھا کہ تم لوگ بتوجہ تمام میری بات سنو اور اُس کو یاد رکھو درحقیقت یہ کلام جبرئیل ہی جو انبیاء کے پاس پیام لاتے ہیں اور ان کو تعلیم کرتے ہیں علمه شدید القوی کو خیال کرد جبرئیل نے جو کچھ حضرت موسیٰ سے کہا۔ اُسے وے اعادہ کرتے ہیں پس جبریل نے بعد پوری ہونے توریت قریب زمانہ وفات حضرت موسیٰ کے یہ خبر دی ہی۔ علماء بنی اسرائیل اور عامۃ المومنین کی طرف خطاب کرکے کہ یہ یعنی جو آیات مابعد میں مصرح ہی کسی زمانہ میں واقع ہوگا

لہ میرے نزدیک اس کی وجہ یہ ہی کہ שָׁמַיִם شامیم عبرانی میں آسمان کو بھی کہتے ہیں اور اور عالم ارواح کو بھی جو مبادی عالیہ ہیں جیسے فیضان انوار قلوب پر ہوتا ہی کہ وہی منشاء مکاشفات ہی پس مقصود یہ ہی کہ اگر اس تسبیح پر عمل ہو تو فیضان مبادی عالیہ سے ہوا کرے بوقت مناسب ورنہ بند ہوجائے۔ چنانچہ یہ معاملہ بنی اسرائیل کے ساتھ بارہا ہوا کیا۔ بعد نزول قرآن وبعثت پیغمبر خدا وکفران یہود فیضان اُس قوم سے سلب ہوگیا تھا۔ ایک سر ہی اُسے ہم لکھے دیتے ہیں کہ اس آیت میں مدت قیام احکام تورات یعنی شریعت موسیٰ علیہ السلام بیان ہوئی ہی۔ تقریر اُس کی یہ ہی کہ مفردات آیت حسب کتاب عبرانی یہ ہیں:۔

ہ ا ذ ی ن و ہ ش م ی م و ا د ب ر ہ + و ت ش م ع ہ ا ر ص ا م ر ی ف ی جس کا مجموعہ بحساب جمل ۲۱۴۵ ہوتا ہی کہ یہی مدت قیام شریعت موسوی ہی بعد انقضاے مدت ہذا زمانہ نسخ تورات ہی واجراے احکام قرآن شریعت موسیٰ کے بعد کوئی شریعت جاری نہ ہوئی حضرت عیسیٰ نے بھی تورات کو منسوخ نہیں کیا۔ انبیاء سابقین کو یقین تھا کہ احکام تورات کسی زمانہ میں منسوخ ہوجائیں گے۔ جابجا اُن کے صحف میں اس کی طرف اشارہ ہی۔ اس لئے حضرت عیسیٰ برابر کہتے تھے کہ میں تورات کو منسوخ کرنے والا نہیں ہوں یعنی وہ دوسرا شخص ہی۔ اب ہم کو یہ بیان کرنا ہی کہ ۲۱۴۵ سال کے گزرجانے پر زمانہ نفاذ احکام قرآن کیونکر ہوا بیان اُس کا یہ ہی کہ ۲۷۶ ہبوطی میں حضرت موسیٰ کا انتقال ہوا۔ اُسی سال میں (بقیہ نوٹ بر صفحہ ۱۱۴)

Marfat.com

יַעֲרֹף כַּמָּטָר לִקְחִי תִּזַּל כַּטַּל
אִמְרָתִי ׃ یَعرُوف کَمّا طار لقحی ٭ تزّل کطّل اِمرا تی -

لغات יַעֲרֹף یعرُوف اس کا مادّہ عرف עָרַף ہے اُس کے معنی ہیں ٹپکنا یہاں صیغہ مستقبل واقع ہے מָטָר مَاطَار مَطر کاف اُس کی پہلی تشبیہی ہے לֶקַח لقح وعظ و نصح و حکمت و دانش و ہدی תִּזַּל تزّل اس کا مادّہ نزل ہے بمعنی نزول טַל طَل معنی طَل یعنی شبنم הַ אִמְרָה اِمرہ کلام (ترجمہ) ٹپکیں گے مینھ کی طرح ہمارے وعظ خواہ ہدایت اور اُترے گا مثل شبنم ہمارا کلام - ربّی سلیمان یرچی نے لکھا ہے کہ جس طرح مطر و باد لواقح سے خضراوات بڑھتے ہیں اور مکمل ہوتے ہیں اُسی طرح شریعت سے قلوب زندہ و قوی ہوتے ہیں یہ خبر بہ نسبت قرآن کے ہے یہاں خبر بصیغہ مستقبل ہے جس سے

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۱۳) نزول تسبیح ہوا ہے اُس وقت تک احکام تورات بالکلیہ نافذ نہ تھے کیونکہ ایسا نفاذ موقوف تھا ملک شام پر بالکلیہ تسلط پر گو اُس وقت تورات تام النزول تھا لیکن تام النفاذ نہ تھا حضرت موسیٰ کی وفات کے ۱۲۰ برس بعد جب ملک شام پر بالکلیہ بنی اسرائیل کا قبضہ ہوگیا تورات پوری طور سے نافذ ہوگیا اُس وقت سے مدت قیام تورات محسوب ہونا چاہیئے پس اتمام نفاذ توریت سن ۲۸۹۸ ہبوطی میں ہوا - سنہ مذکور سے سال معراج تک ۲۱۴۵ سال پورے ہوتے ہیں جس میں نبوت آنحضرتؐ کی کامل و مکمل ہوگئی معراج بقول زہری جو اصح الاقوال ہے ہجرت سے ۸ برس پہلے ہوا یعنی نبوت سے پانچ برس بعد کہ وہ سن ۵۱۰۳ ہبوطی تھا - پس ۵۱۰۳ ہبوطی سے ۲۸۹۸ ہبوطی کو طرح دینے سے ۲۲۰۵ حاصل ہوتا ہے کہ اس قدر سنین تورات کے کامل النفاذ ہونے سے تا زمان معراج گزرے تھے چونکہ سن ہبوطی قمری ہے جو یہود میں اب تک مستعمل ہے اُس کو سال شمسی کی طرف تحویل کرنے سے ۲۱۴۵ سال شمسی حاصل ہوتے ہیں جو یہاں مراد ہے شمسی و قمری کی تحویل میں اگر دو ایک ماہ کا تفاوت بھی ہو تو مضائقہ نہیں - فقط

Marfat.com

تو معلوم ہوتا ہے کہ کوئی کلام مقدس نازل ہونے والا ہے تورات اُس سے مقصود نہیں ہے کیونکہ وہ پوری ہو چکی تھی۔ نبیح کے معنی وعظ و حکمت و ہدیٰ ہیں جن کا جامع قرآن ہے اُس میں تہذیب الاخلاق و تدبیر منزل و سیاست مدن پوری حکمت عملی و معارف حقائق جن سے تہذیب قوۃ نظری ہو سب کچھ موجود ہے اور تیت جوامع الکلم اُس کی شان ہے اُدْعُ اِلیٰ سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ سے مقصود یہی ہے کہ مطابق قرآن کے ہدایت و نصیحت کی جائے اِنَّ ھٰذَا الْقُرْآنَ یھدی و ذالک الکتاب لاریب فیه فیه ھدی یا ایھا الناس قد جاءتکم موعظۃ من ربکم وشفاء لما فی الصدور وھدی ورحمۃ للمومنین وغیرہ آیات اس پیشین گوئی کو یاد دلاتی ہے وہ کلام یہاں پانی و شبنم سے تشبیہ دیا گیا ہے جس سے چند باتیں مقصود ہیں۔ اولاً نزول اُس کا بار بار جس پر لفظ تنزیل گواہ ہے۔ دوم وہ کلام فصیح ہوگا۔ کلام فصیح کی تشبیہ پانی سے متعارف ہے۔ قرآن کی فصاحت اس درجہ میں ہے کہ معجزہ ہے فاتوا بسورۃ من مثله اُس کا شاہد ہے۔ سوم وہ کلام مثل پانی کے ہمیشہ قائم رہے گا یعنی منسوخ نہ ہوگا۔ یہ حال ہے قرآن کا۔ چہارم اُس کلام پاک سے قلوب زندہ ہونگے جس طرح پانی سے زمین زندہ ہوتی ہے۔ صحیح مسلم میں ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا نے مثل ما بعثنی اللہ عز وجل به من الھدی والعلم کمثل غیث ربی سلمان یرجی نے اس کی یوں تفسیر کی ہے کہ اے آسمان و زمین تم شاہد رہنا میں تمھارے سامنے کہہ رہا ہوں شریعت جو ہم نے بنی اسرائیل کو دی ہے ہمیشہ پانی و شبنم کی طرح زندہ رہے گی یہ معنی بہت بے جوڑ ہیں تورات اُس وقت تک

Marfat.com

پوری ہو چکی تھی وہ تحت میں حال واستقبال کے نہیں ہوسکتی اور اگر مضامین تسبیح کو کہیں تو
اُس میں جز خبر آئندہ کی کوئی ہدایت و غلط نہیں۔ یہود کا یہ عقیدہ ہے کہ شریعت جو خدا سے
ملے اُسے دائمی ہونا چاہیئے نسخ نہیں ہوسکتی ورنہ واجب تعالیٰ شانہ کا علم ناقص ہو جائے گا
اس لئے شریعت موسوی مؤیّد ہے مگر یہ عقیدہ توارت کے خلاف ہے۔ حضرت نوحؑ کے زمانہ میں
جملہ حیوانات مباح کئے گئے اور قبل اس کے بعض حلال اور بعض حرام تھے چنانچہ حضرت
نوحؑ نے سات سات جوڑا جانوران حلال کا اور ایک ایک جوڑا جانوران حرام کا کشتی میں
رکھا تھا اس سے تغیر احکام شرعی بہ تبدل ادوار ثابت ہے جس کی تصریح توارت میں موجود ہے
توارت کے بیان سے ظاہر ہے کہ سارہ حضرت ابراہیمؑ کی بی مات بہن تھیں پھر حضرت موسیٰؑ
کے وقت میں ایسا تزوج حرام ہو گیا۔ حضرت یعقوبؑ نے لیا اور راحیل کے ساتھ جو حقیقی
بہنیں تھیں نکاح کیا تھا مگر موسیٰؑ کے وقت میں ممانعت ہوئی۔ نسخ کے معنی ہیں مدت کا
پورا ہونا چونکہ وہ حکم اُتنے ہی دن کے واسطے دیا گیا تھا بعد تکملہ مدت حکم کے اُٹھ جانے سے
کوئی قباحت جیسا یہود خیال کرتے ہیں لازم نہیں آتی اس کی پوری بحث ہمارے یہاں
کتب اصول فقہ میں ہر قوم ومسطور ہے۔ ہم نے بھی رسالہ کتاب الصلوٰۃ میں اس کا ذکر
بطور مناسب کردیا ہے: כִּשְׂעִירִם עֲלֵי־דֶשֶׁא +
וְכִרְבִיבִים עֲלֵי־עֵשֶׂב:
کسعیریم علی دِشا ، وِخِرْبِیم عَلِی عِسِبْ : لغات שְׂעִירִם سعیر جمع اُس کی
سعیریم ہے باد لواقح اونقلوس نے اُس کے ترجمہ میں רוּחַ מִטְרָא
رُوحِ مطرا لکھا ہے یعنی مینھ کی ہوا ربّی سلیمان یرحی نے لکھا ہے לְשׁוֹן רוּחַ
סְעָרָה : لاشون رووح سِعارا لیکن اس کی شرح یہ کی ہے کہ وہ ہوا
جس سے گھاس سبزہ بڑھتا ہے רְבִיבִים ربیم چھوٹی بوندوں کا مینھ عربی
شئوبوب جمع شآبیب ربّی سلیمان نے اس کے معنی طیفی ماطار یعنی قطرات مطر لکھا ہے

Marfat.com

اونقلوس نے اُس کے معنی رَبیبی ملقوشا یعنی دھیما پانی لکھا ہے רביבים
دِشا۔ کا لفظ میں דשא دِشا کہتے ہیں یعنی زمین سے اوّلاً جو سبزہ خواہ روئیدگی
نمودار ہو ہمارے ملک میں اُسے ڈیبھی کہتے ہیں עשב : عیسب عربی
عُشبُ (ترجمہ) جیسے بادلواقح سبزہ وخضراوات پر اور بوندیاں نباتات پر۔
خلاصہ ان دونوں آیت کا یہ ہو کہ کبھی نہ کبھی ہمارا کلام ایسا نازل ہوگا جس سے
قلوب زندہ اور کامل ہونگے جس طرح پانی اور بادلواقح کا فیض عام ہوتا ہو
اُسی طرح اُس کلام کا سورہ فرقان میں مذکور ہو هوالذی ارسل الریح
بُشرا بین یدی رحمته وانزلنا من السماء ماءً طهورًا لنحیی به
بلدة میتا ونسقیه مما خلقنا انعاما واناسی کثیرا ولقد صرفنه
بینهم لیذکروا فابی اکثر الناس الا کفورا : ریح کے معنی ہیں ہوا
اور قوت بُشرًا معنی مبشرًا خوش خبری پہونچانے والا۔ (ترجمہ) وہی اللہ ہو جس نے
بھیجا قوتیں (یعنی خدانے ہی تم کو ہر قسم کی قوت دی یعنی طبعی وارادی وخلقی وکسبی جس میں قوت نبوت
داخل ہو) خوش خبری دیتے ہوئی اپنی رحمت سے مقصود یہ ہو کہ خدا ہی ایسی قوت انبیاء کو
دیتا ہو جس سے وے بشارت دیتے ہیں خواہ وہ نعیم آخرت کی ہو یا کسی کے پیدا ہونے کی
ہو۔ مُراد قوت سے یہاں ملائکہ ہوں تو بعید نہیں تو معنی یہ ہونگے کہ خدا ہی نے بذریعہ
ملائکہ کے خوش خبری دی تھی اُس کی کتاب کی جیسا اس تسبیح میں مذکور ہو آگے یہ ہو
پھر اُتارا ہم نے آسمان سے صاف پانی تاکہ زندہ کریں ہم زمین مردہ (یعنی غیر آباد کو)
اور پلایں اُسے جانوروں کو اور بہت آدمیوں کو اور اُن سے اُن میں صاف صاف
بیان کیا ہم نے تاکہ وے سوچیں لیکن اکثروں نے انکار ہی کیا؛ ماء طہور سے مُراد

Marfat.com

قرآن ہے جیسا کہ تسبیح موسیٰ میں اُسے مارالمطر سے تشبیہ دیا ہے۔ بلکہ مردہ سے مراد قلوب مردہ ہیں اور انعام سے مقصود طبایع کند و اشخاص متمرد ہیں اور انسان سے مقصود طبائع راست و حق پسند ہیں کیونکہ اُس کے بعد ہی لقد صرفنا بینہم لیذکروا۔ ہم نے اُسے صاف صاف بیان کیا اُن میں دھیان کریں یہ صفت قرآن کی ہوسکتی ہے نہ پانی کی پھر اُس کے بعد ذکر انکار کفار ہے یہ سب قرآن کے ساتھ چسپاں ہے پس معنی یہ ہیں کہ نازل کیا ہم نے قرآن ہدایت خلق کے لئے اور اُسے صاف صاف فصاحت بلاغت کے ساتھ بیان کیا تاکہ اُن کے دل میں بیٹھ جائے تاہم بہت لوگوں نے انکار کیا اس آیت سے خداوند کریم یاد دلاتا ہے کہ جس کلام کا وعدہ تسبیح موسیٰ میں ہوا ہے وہ یہ ہے۔ سورۂ شعراء میں قرآن کے بارہ میں نازل ہے وانہ لتنزیل رب العٰلمین: نزل بہ الروح الامین علی قلبک لتکون من المنذرین بلسان عربی مبین وانہ لفی زبر الاولین اولم یکن لھم اٰیۃً ان یعلمہ علماء بنی اسرائیل (ترجمہ) بے شک قرآن خدا کا نازل کیا ہوا ہے جسے جبرئیل نے تیرے دل پر اتارا تاکہ تو منذرین (یعنی ڈرانے والوں) میں سے ہو وہ بزبان صاف عربی ہے بے شبہہ وہ اگلوں کی کتابوں میں ہے یہ اُن کے لئے ایک نشان ہے کہ علماء بنی اسرائیل جانتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ آنحضرت زبان عبرانی جانتے نہ تھے پھر مضمون تسبیح موسیٰ جو آیات قرآنی میں مذکور ہے یا اوراحبار کا ذکر قرآن میں ہے دلیل صدق نبوت ہے اصنام پرستوں کو خیال کرنا چاہئے تھا کہ ایک شخص امی جو غیر زبان کی باتیں جسے نہیں جانتا بیان کر رہا ہے جز قوت قدسیہ کے کیونکر بیان کرتا ہے عام بنی اسرائیل آپ کے مخالف تھے احتمالات جو پیدا ہوتے ہیں بالکل ضعیف ہیں بلاشبہ یہ ایک دلیل نبوت ہے۔ الغرض تسبیح موسیٰ اور قرآن میں اس کتاب کو مارالمطر سے تعبیر کیا اور صفینا نبی نے اُسے سافا بردرا کہا ہے سافا بردرا کی معنی ہیں کلام شفاف یعنی فصیح۔ واضح ہو کہ سورۂ فرقان میں جو وارد ہے کہ وھو الذی

ارسل الریاح بشرا بین یدی رحمتہ اگر مراد رحمت سے ذات با برکات پیغمبر خدا
کی ہو کیونکہ ما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین آپ کی شان میں ہے تو بعید نہیں تو معنی
یہ ہونگے کہ جس خدا نے رات دن بنایا اُسی نے محمدؐ کے پاس جو سراسر رحمت ہیں جبرئیل کو
بھیجا۔ چنانچہ بعض قرأۃ میں ریح بلفظ مفرد ہے اُس کے بعد نزول قرآن کا ذکر ہے اس
معنی پر جو ہم نے بیان کیا آیت مابعد ولو شئنا لبعثنا فی کل قریۃ نذیراً۔
قرینہ ہے یہ تاکید مضمون گزشتہ ہے اور اگر کہیں کہ مقصود اس سے زبور و امثال سلیمان
ہے تو کتب مرقومہ قرآن کی سی جامع نہیں ہیں اور نہ اُن کا نزول قرآن کا سا ہے :

כִּי שֵׁם יהוה אֶקְרָא + הָבוּ גֹדֶל לֵאלֹהֵי
נוּ : ——— کی شیم یہوا اِقرا : ہابُو گودِل لیلوہیو لغات کی
کی حسب یہ کی زبانی ہے שֵׁם شیم معنی اسم יהוה یہووہ یہ اسم ذات
واجب الوجود کا ہے تعالیٰ شانہ جلت کبریاہ معنی اس کے ہیں موجود אֶקְרָא
اِقرا مادہ اس کا קָרָא قارہ جس کے معنی ہیں پڑھنا آیت میں صیغہ متکلم ہے
הָבוּ ہابُو معنی دو גֹדֶל گودِل عظمت אֱלוֹהַּ الوہ معنی
اس کے معبود اور حاکم کو ہی اِلوہ اِلوہیم کہتے ہیں (ترجمہ) جب میں خدا کا نام
پڑھوں گا تو تم لوگ ہمارے حاکم کی تعظیم کرنا مقصود اس سے ہمارے پیغمبر ہیں جبرئیل کہتے ہیں
کہ جب میں خدا کا نام پڑھوں گا تو جس کو بذریعہ اُس نام کے خلافت دوں تم لوگ اُس کی تعظیم
کرنا یعنی اُس پر ایمان لانا اُس کی بات ماننا جو کچھ وہ کہے اُس پر عمل کرنا یہی حاکم کی تعظیم ہے
چنانچہ جبرئیل نے جب حسب فرمان الٰہی ہمارے پیغمبر کو نبی اور خلیفہ مقرر کیا تو اُن کے پاس
آئے اور کہا اقرأ باسم ربک الذی خلق یعنی پڑھ خدا کا نام جس نے پیدا کیا ہے
یہ جو سب سے پہلے نازل ہوئی تھی اسی وقت میں آپ کا دل نور نبوت سے روشن ہوا
اسی زمانہ کا ذکر اس آیت توراۃ میں ہے اس آیت کے ایک معنی اور ہیں وہ یہ تھے کہ

Marfat.com

یہ آیت ماتقدم سے متعلق ہے یعنی نزول کلام اُس وقت ہوگا جب میں خدا کا نام پڑھوں گا یعنی نماز فرض ہوگی حضرت موسیٰ کے وقت میں نماز فرض نہ تھی فقط قربانی فرض تھی۔ نماز آنحضرت کے وقت میں فرض ہوئی چنانچہ حضرت موسیٰ نے عندالمعراج فرضیت نماز میں بہت بحث کی تھی یہ وقت نزول شریعت ثانی بیان ہوا۔ خدا کا نام پڑھنے سے مقصود فرضیت صلوٰۃ ہے[1]۔ اُس کے بعد بیان ہوا کہ جب ایسا ہو تو تم لوگ ہمارے حاکم کی تعظیم کرنا یعنی اُس پر ایمان لانا، اُس پر درود بھیجنا۔ قال اللہ تعالیٰ ان اللہ وملائکتہ یصلّون علی النبی یا یہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔ چنانچہ ہم مسلمان ہاؤ گو دِل لیلوہینو کی تعمیل کرتے ہیں ربی سلیمان نے اس کی تفسیر میں یہ لکھا ہے کہ یہ بیان موسیٰ کا ہے جب میں خدا کا نام لوں تو تم اُس نام کی تعظیم کرو چنانچہ جب کوئی یہوہ کہتا ہے تو یہود تعظیماً باروخ ہودِ باروخ شِمو پڑھتے ہیں یعنی وہ مبارک ہے اور اُس کا نام مبارک اور کہتے ہیں باروخِ شیم کبود ملخو تو پڑھتے ہیں یعنی مبارک ہے اُس کی جلال مملکت کا نام یہ معنی آیت ہو سکتے ہیں لیکن یہ کوئی امر اہم نہ تھا جس کے لئے اس قدر اہتمام کیا گیا علاوہ بریں موسیٰ نے تو یہ کہا تھا کہ جب میں خدا کا نام لوں تو تم اس کی تعظیم کرو نہ یہ کہ جب کوئی خدا کا نام لے تو تم دعا پڑھو۔ اب اس کے بعد اُس خلیفہ کا بیان ہے جس کی تعظیم کا جبرئیل حکم دیتے ہیں הצוד הבים בה
עלך פי- כל דברים שם:

---

[1] واضح ہو کہ مادّہ اقرأ کے معنی عبرانی میں پڑھنے کے بھی ہیں اور زور سے پکارنے کے بھی اور اِلوہ کے معنی قوت اور قوی بھی ہیں اس لئے اس آیت کے یہ معنی بھی ہیں کہ وقت موعود اُس وقت ہوگا جب میں خدا کا نام زور سے پکاروں یہ اشارہ ہے اذان کی طرف یعنی اُس وقت کا نشان ہے کہ جب خدا کا نام زور سے پکارا جائے اذان کا دستور دورِ اسلام سے پہلے نہ تھا اُس وقت تم ہماری قوت کی تعظیم کرنا اور قوی آپ کے اسماء سے ہے۔ فتدبر۔

ہصورتامیم پاعلو: کی خل دراخاو مشپاط: لغات צור صور صخرہ یعنی چٹان و سنگریزہ צור הנחלים صور ہنحالیم ندی کا روڑا مجازاً قوی و بانی قوم یعنی جس سے کوئی قوم قائم ہو کبھو اس کے معنی ہوتے ہیں تیز חרבות צורים حَربوت صوریم تیز تلواریں کبھی اس کے معنی صورت کے ہیں اور مجازاً مصور جو اسماء حسنیٰ سے ہے תמים تامیم تام وکامل وصواب פעל پوعَل کام وفعل דרך دِرِخ راہ משפט مشپاط عدالت وقانون وشریعت (ترجمہ) وہ بانی قوم یعنی امام وپیشوا جس کے افعال صواب ہوں گے۔ جس کی کل راہ عدالت ہوگی مقصود یہ ہے کہ وہ حاکم جس کی اطاعت کا حکم ہے وہ بانی قوم ہوگا اُس کے افعال سب صواب ہونگے یعنی وہ معصوم ہوگا۔ یہ صفت بعد موسیٰؑ کے کسی نبی میں نہیں پائی گئی کہ اُن سے کوئی قوم پیدا ہوئی ہو گو وہ معصوم تھے ہاں حضرت عیسیٰؑ میں یہ نشان ملتا ہے لیکن مابعد کے بعض نشان اُن میں نہیں پائے جاتے اس لئے وے مقصود نہیں ہوسکتے اور نیز مشپاط کے معنی شریعت وقانون ہے حضرت عیسیٰؑ کے پاس کوئی شریعت نہ تھی چونکہ اس مصرعہ کے یہ بھی معنی ہیں کہ اُس کی سب راہ شریعت ہے یعنی اُس کے افعال واقوال بموجب چلنا چاہیئے قال اللہ تعالیٰ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ (ترجمہ) اگر تم چاہتے ہو کہ خدا تم کو پیار کرے تو تم کرو جیسا میں کرتا ہوں تم کو خدا پیار کرے گا۔ ہم مسلمان سنن کی پیروی ومحافظت میں بڑی کوشش کرتے ہیں اور آپ کے افعال کو حجت سمجھتے ہیں جیسا اس فقرہ سے سمجھا جاتا ہے۔ یہود اس کو ذات واجب الوجود پر حمل کرتے ہیں لیکن چونکہ صفات مابعد خاص ہیں انسان کے ساتھ اس لئے حمل اُس کا ذات باری پر مناسب نہیں ہے אל אמונה ואין עול + צדיק וישר הוא : ایل اِمونہ واین عاوِل صَدّیق و

Marfat.com

دباتا ہو۔ لغات אֵל ایل قوت وقوی وبہادر اسمار حسنیٰ سے بھی ہو אֱמוּ
נָה امونہ مستحکم مضبوط وعظمت وحفاظت وامن ودیانت وامانت וַיְהִי
יָדָיו אֱמוּנָה ویہی یادو امونہ اس کے ہاتھ مضبوط تھے امن اور
ایمان וְאֵין این حرف نفی עָוֶל عادل ظلم צַדִּיק صدیق
معنی صدیق וְיָשָׁר הוּא یاشار راست (ترجمہ) قوی اور مضبوط ہوگا نہ ظلم
صدیق و راست وہ ہوگا۔ واضح ہو کہ پیغمبر کے ناموں میں سے قوی ہی جیسا کہ اشعیا پیغمبر کی
پیشین گوئی میں اوپر گزرا ہی کہ اُس کا نام قوی ہوگا۔ ایل گبور بیان ہوا اور یہاں
ایل امونہ حاصل دونوں کا ایک ہی۔ حضرت عیسیٰ پر تو یہ ہرگز منطبق نہیں اُن کو شجاعت و
دلیری و قوت کے ساتھ نہیں بیان کرتے۔ یہودیوں نے اپنی دانست میں اُن کو چور دلن
کے ساتھ پکڑ کے پھانسی دیا۔ حضرت داؤد و سلیمان کے ساتھ موافق ہی لیکن اوپر کا بیان
نہیں ملتا کہ اُن سے کوئی قوم نکلی ہو۔ علاوہ بریں یہ وہی شخص ہی جسے اشعیا نے مع دیگر
نشانات ایل گبور لکھا ہی۔ معلوم ہوا کہ تا زمانہ اشعیا ایل امونہ ہوا نہ تھا جس کی توضیح
وے ایل گبور سے کرتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہاں داؤد و سلیمان نہیں ہو سکتے کیونکہ وے
اشعیا نبی سے بہت پہلے تھے اس لئے اس سے مقصود ہمارے پیغمبر ہیں واضح ہو کہ ایل کے
معنی سردار و امام کے آئے ہیں۔ کہتے ہیں ایل گوئیم یعنی سردار اقوام تو ایل امونہ کے
یہ معنی ہونگے کہ ایسا سردار جس کی سرداری و امامت کے لوگ دل سے تصدیق کریں گے
آپ امام المومنین بلاشک تھے اور ایمان ہی کی آپ دعوت کرتے تھے اس وجہ سے بھی
آپ ایل امونہ تھے علاوہ بریں امونہ کے معنی امین بھی ہیں جو آپ کے اسمار میں سے ہی
واضح ہو کہ بیت اول اور اس بیت کے ملانے سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ کسی رسول کی خبر دیتا
ہی کیونکہ صور کے معنی ہیں جس سے کوئی قوم پیدا ہو یعنی شارع کہ وہی رسول ہوتا ہے۔
الغرض صور سے مقصود رسول ہی۔ اُس رسول کی چند صفات ان دونوں بیتوں میں مذکور ہیں

Marfat.com

اول تمامیم یا عادل یعنی کامل الافعال انبیا کی افعال اُن کی شریعت ہوتی ہی مراد یہ ہی کہ وہ رسول جس کی شریعت پوری ہوگی اور اُس کا دین کامل ہوگا چنانچہ الیوم اکملت لکم دینکم اُس کے مطابق ہی۔ دوم اُس کی کل راہ عدالت ہوگی اُسی حزقیل نبی نے ۲۱ باب ۳۲ آیت میں بیان کیا ہی عَد بُوا اشِر لو هَمِّشپاط اشر لوهمِشپاط یعنی جس کے لئے عدالت ہی جیسے حضرت یعقوب نے شیلو سے بیان کیا تھا جس کا بیان اوپر ہوچکا ہی۔ سوم ایل یعنی بہادر جیسا اشعیا نے بیان کیا ہی جو گزرا۔ چہارم اِموُنہ یعنی امین پنجم ... این عادل یعنی ظالم و جابر نہ ہوگا جس کا نتیجہ صفوح و کریم ہی ششم صدیق و ہفتم صالح اشعیا نے اُس کی صفت سرداری بھی بیان کیا ہی یعنی وہ سردار ہوگا چنانچہ سورہ تکویر میں اکثر یہ صفات مذکور ہیں انه لقول رسول کریم ذی قوة عند ذی العرش مکین مطاع ثم امین שִׁחֲתוּ לוֹ לֹא בָּנָיו מוּמָם דּוֹר עִקֵּשׁ וּפְתַלְתֹּל : شیحیت لو لوبانا و مومام : دُور عقیش و فلتول - لغات שִׁחֵת شیحت یہ ماضی کا صیغہ ہی مادہ שָׁחַת شیحت ہی جس کے معنی ہیں برباد کرنا تباہ کرنا ڈھا دینا لیکن جب کہیں שִׁחֵת דַּרְכּוֹ شاحت درکو اپنی راہ بگاڑا تو معنی ہوتے ہیں گمراہ ہوا۔ و علی ہذا القیاس שִׁחֵת נַפְשׁוֹ شاحت نفشو اپنی جان کو بگاڑا یعنی گمراہ ہوا۔ לוֹ لو اپنی کو לֹא لو حرف نفی ہی حرف نفی کے بعد ایک ضمیر محذوف ہی اُس کے حذف پر اتفاق ہی اور بدون اُس کے معنی بھی نہیں بنتے מוּמָם مومام عیبی מוּם موم معنی عیب و ننگ דּוֹר دور معنی دور עִקֵּשׁ عقیش کج عربی عقاش פְּתַלְתֹּל پتلتول ناہموار (ترجمہ) اپنے کو برباد کیا نہ اُن کو اُس کے عیبی لڑکی دور کج و ناہموار نے اونقلوس نے اُس کا ترجمہ

Marfat.com

لکھا ہے חבילו להון לא ליה בניא די פלחו
לטעותא דרא דעקימו עובדיהון
ואשתניאו : حَبِّلُو لِیھُون لا لِیہ بَنیّا دِی فلاخو لِطیعو
تاوارا دِی اَشتینوُ عوبادوحی واشتانیو (ترجمہ) تباہ کیا اپنے کو نہ اُس کو لڑکے جنھوں نے
طغیان کیا وہ دور جنھوں نے اپنی خدمت بدل دی اور گمراہ خواہ مغضوب ہوئے۔" میرے
نزدیک ترجمہ اُس کا عمدہ یہ ہے کہ گمراہ ہوئے خداپرست نہیں بلکہ اُن کی تنگ دور کج و
ناراست خداپرست قوم خدا کا بیٹا کہلاتی تھی۔ اسی محاورہ بموجب بنی اسرائیل کو خدا نے
اپنا بیٹا کہا ہے اور وے خدا کے بیٹے کہلاتے تھے یہاں بھی اُس کے غیبی بیٹے سے مراد خدا
کے بیٹے یعنی بنی اسرائیل ہیں ضمیر خدا کی طرف پھرتی ہے پس مقصود یہ ہے کہ بنی اسرائیل نے
خود اپنے کو تباہ کیا اُس ایل امونہ کی مخالفت سے لیکن وے جو کج و ناراست ہیں یعنی وے
یہود جو مسلمان ہوگئے وے ہر قسم کی آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے۔ ہاں وے
یہود جو کج و ناراست تھے وے بمخالفت اُس جناب کے جو اس تسبیح کے برخلاف تھے
برباد و تباہ ہوئے۔ یہود بنی قریظہ و بنی نضیر و یہود خیبر کے حالات کو دیکھو پھر صحابہ کے
وقت میں بھی یہود عیسائیوں کے ساتھ مل کر مسلمانوں سے لڑے تھے اُس وجہ سے
مبتلائے بلا ہوئے اگر ایسا نہ کرتے تو وے برباد نہ ہوتے بربادی اُن کی بموجب اس
خبر کے ضروری تھی۔ یہ اُن کی کجی طبیعت سے ناشی ہوا۔ ورنہ خداپرستی کے معنی یہ ہیں کہ
جب جیسا حکم دے اُسے اُٹھائے ؎ جیدھر پھیرے وہ ابرو اودھر نماز کرنا
چونکہ یہ مخالفت مرضی الٰہی کے خلاف تھی اس لئے جبرئیل کہتے ہیں הל יהוה
תגמלו זאת • עם נבל ולא חכם ۔
حَلیھوا تِگملو زوث : عَم نابال ولُو حاخام : لغات۔ ہا، ہوز حرف تعجب ہے הליהוה
תגמלו تگملو مادہ اس کا גמל کامل ہی بدلا دینا זאת ؟

Marfat.com

زوت یہ עַם عَم قوم נָבָל نابال = احمق فاجر کافر نجس וְלֹא لو حرف نفی חָכָם حاخام = دانشمند حکیم (ترجمہ) واہ تم خدا کو یہ بدلا دیتے ہو۔ اے قوم کافر نادان - یہ حکایت ہے ہمارے پیغمبر کے زمانے کی کہ یہود نے انکار کیا تو جبرئیل تعجب سے کہتے ہیں کہ جس خدا نے تمہارے ساتھ بے حد احسان کئے اُس کا حکم تم نہیں مانتے باوجودیکہ اُس کی اطاعت کا حکم پہلے سے دیا گیا اس بیہودہ عذر سے کہ ہم وہی شریعت سابقہ پر چلیں گے یہ کوئی اطاعت نہیں ہے۔ چونکہ انکار پیغمبر تورات کے حکم کے بھی خلاف تھا جیسا اس بھجن میں ہے۔ بڑے اہتمام سے حضرت موسیٰ نے بیان کیا اس لئے ان کو کافر کہا۔ الغرض کفر یہود خود اس مقام سے پیدا ہے جس نے اس پیغمبر آخر الزمان کی اطاعت قبول کی وہ بالکل پاک وصاف ہو گیا۔ ورنہ نجاست کفر سے ملوث ہو کے ذلّت ومسکنت میں رہا هل جزاء الاحسان الا الاحسان تفسیر رشی میں اس مقام پر یہ لکھا ہے: עם נבל ששכחו את העשוי להם : عم نابال ششاخوات ہعاسوی لاہم - قوم نادان جو بھول گئی جو اُن کے ساتھ کیا گیا یہ تو ظاہر ہے کہ یہود سلوکات ربّانی کو بھول نہیں گئے تھے ہاں اس بھجن و قرآن کے مضمون کو بلاشبہہ بھول گئے جو کچھ موسیٰ نے اس کا مطلب بیان کیا تھا وہ اُن کو یاد نہ رہا۔ دوسرے معنی اپنے دل سے تراش کر کہنے لگے اور نیز بھول جانے سے یہ مقصود ہے کہ وے یہ خیال نہیں کرتے کہ اُن کے ساتھ جو احسان خدا کی جانب سے ہوا وہ کیوں ہوا کیا خصوصیت تھی اُس کو اختیار ہے جس قوم کو چاہے بڑھائے جس کو چاہے گھٹائے جو حکم چاہے جاری کرے جسے چاہے منسوخ کر دے ذلك فضل الله يوتيه من يشاء ולא חכם להבין את הנולדות שיש בידו להיטיב ולהרע ولو حاخام لہابین اِث ہنّولادوث شیّش

Marfat.com

بیا و لِصطِیب و لھاریع نادان حوادث کی امتیاز نہیں کہ نیک و بد کرنے کا اختیار اُسی کو ہے اونقلوس نے اس مقام میں یہ ترجمہ کیا ہے: הא קדם יי אתון גמלין
דא עמא דקבילו אוריתא ולא
חכימו : افسوس ہے تم خدا کے سامنے ایسا کرتے ہو۔ ایسی قوم کہ تورات پر ایمان لائی اور سمجھتی نہیں۔ یہ مترجم یہود کی طرف حمق و نادانی کی نسبت کرتا ہے:
הלא־הוא אביך קנך הוא עשך
ויכננך : ہلو ہو آبیخا قانیخا : ہو عاسخا ویخوننیخا۔ (ترجمہ) کیا وہ تیرا مالک و خریدار نہیں ہے۔ اُس نے تجھکو بنایا ہے اور مہذب کیا ہے خلق کل شی فھدیٰ اس کی تفسیر جو رشی نے کی ہے اُسے ہم نقل کر دیتے ہیں הלא הוא אביך קנך
קנך שקנאך : کیا وہ تیرا مالک خریدار نہیں ہے جس نے تجھے خریدا ہے۔ דבר אחר שקננך בקן הסלעים
ובארץ חזקה : (ترجمہ) دوسری بات تجھکو پتھروں کے گھونسلوں میں ٹھہرایا اور قوی ملک میں: הוא עשך אומה באומות :
(ترجمہ) اُس نے تجھے امتوں میں ایک امت بنایا۔ مقصود یہ ہے کہ جس نے تم کو ایک اُمت بنایا وہ دوسری اُمت بھی قائم کرسکتا ہے ויכוננך כן מכם
כהנים מכם נביאים ומכם מלכים שה
כל תלוי בו : (ترجمہ) تم کو مہذب کیا جس سے تم میں سے ائمہ ہیں تم میں سے انبیاء اور سلاطین ہوئے۔ یہ سب اُسی کی ید قدرت میں ہے۔ זכר
ימות עולם בינו שנות דר ודר :
زِخور یموث عولام : بینو شنوث دور وا دور لغات זכר زخور مادّہ اس کا זכר زاخر ہے جس کے معنی ہیں یاد کرنا عربی ذکر ־ יום

Marfat.com

یوم عربی یوم יוֹם یموت اس کی جمع ہی جیسے ایام עוֹלָם عولام
بمعنی عالم בִּינוּ بینو صیغہ امر ہی مادہ اس کا בִּין بین ہی معنی اس کے
سمجھنا שְׁנוֹת شنوت جمع ہی שָׁנָה شانہ کی بمعنی سنہ یعنی سال
דֹּר دور بمعنی دور (ترجمہ) یاد کرو ایام عالم خیال کرو سنین ادوار مقصود یہ ہی
کہ تغیرات عالم تبدلات ازمنہ پر نظر ڈالو کہ کیسے کیسے تغیرات ہوا کرتے ہیں۔ رشی میں اس کی
تفسیر یہ لکھی ہی کہ ایام دنیا پر نظر ڈالو کہ اگلوں کے ساتھ اس نے کیا کیا۔ جب انھوں نے
اس کو ناراض کیا اور سنین ادوار کو خیال کرو دور انوش میں بحراوقیانوس کو ان پر الٹ دیا
اور دور طوفان کو کہ ان کو ڈوبا دیا انتہی: اس مفسر کے کلام سے نکلتا ہی کہ قبل طوفان نوح
ایک اور طوفان عظیم آیا تھا جیسا پہاڑوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ اس طوفان عظیم سے
مٹیاں جہاں جہاں مجتمع ہوگئی تھیں وہ حرارت شمس سے متحجر ہوکے صورت جبال پیدا ہوئی
طبیعت عناصر مقتضی ہی کہ زمین ہمیشہ تہ آب ہو اور موالید ثلثہ معدوم لیکن بقوت قسری جب کسی قدر
پانی مستحیل بہ ہوا ہوا تو زمین مکشوف ہوئی پھر طوفانات عظیم کی وجہ سے جمادات وجود پذیر
ہوئے اور بعد ہٹ جانے میاہ کے جو طوفان اول میں جوش زن تھی مٹی سڑ کے نباتات و
حیوانات متکون ہوئے اس وقت حضرت آدم ابوالبشر پیدا ہوئے چنانچہ توراۃ کے اول
ہی میں لکھا ہی کہ زمین توہوا و رلو ہو تھی یعنی بالکل تہ آب تھی اور ہوا پانی کو محیط تھی یہاں
ترتیب عناصر بہ لسان وحی معلوم ہوئی بعد اس کے عالم ایجاد و تکوین کی تفصیل ہے۔
قال اللہ تعالیٰ لقد خلقنا الانسان من صلصال من حمأ مسنون
اور چونکہ کشف ارض قسراً ہی اور قوت قسری دائمی نہیں ہوتی اس لئے ضرور ہی کہ جب عناصر
پھر حالت طبیعی پر ہو جائیں تو زمین تہ آب ہو جائے اور موالید ثلثہ دامن فنا میں مستور کہ وہ
ایک طرح کی قیامت ہی اس کا پورا بحث کتاب کو طولانی کرے گا۔ اس لئے قصراً دلیل ہی
بعض کہتا ہی کہ زمانہ انوش میں بحراوقیانوس کو جوش ہوا تھا اس کا ثبوت تواریخی مشکل ہی

Marfat.com

انوش حضرت آدم کے پوتے تھے تو اگر انوش سے مقصود انسان ہو تو البتہ انسان کی پیدایش کے قبل طوفان عظیم ثابت وہبرہن ہے۔ پھر یہ مفسر لکھتا ہے کہ ایک معنی اور بھی ہیں یعنی تم امور ماضیہ کو لحاظ کرتے نہیں اور ادوار کو خیال کرو کہ تم کو آئندہ کا امتیاز پیدا ہو تمھارے ساتھ بھلائی کرنے کا اور تم کو مسیح کی زمانہ میں پہونچا دینے کا اور آخرت کا۔ اس قدر تو تو یہ مفسر بھی اقرار کرتا ہے کہ مسیح کا زمانہ کوئی عمدہ زمانہ ہے جس پر توجہ ضرور ہے لیکن افسوس ہے کہ جب وہ مسیح آیا تو اُن لوگوں نے اُس کی تکذیب کی اُن میں سے یہ مفسر بھی ہے کہتے ہیں کہ وہ اب تک نہیں آیا اسی حسرت میں اُن کے ادوار منقضی ہو نگے שְׁאַל

אָבִיךָ וְיַגֵּדְךָ זְקֵנֶיךָ וְיֹאמְרוּ לָךְ

شِاَل آبِیخا ویَگّدِخا : زِقینِخا وَیوّمِرولاخ : שְׁאַל شِاَل صیغہ امر ہے مادہ اس کا שָׁאַל شاَل ہے بمعنی سوال :: אָב اب عربی مجازاً اُستاد و معلم וְיַגֵּדְךָ یگّد یہہ صیغہ مضارع ہے مادہ اس کا נָגַד ناغد ہے۔ باب تفعیل کثیر الاستعمال ہے معنی اعلام و بتانا זָקֵן زاقین معنی بڈہا و شیخ اور حاکم و دیان (ترجمہ) اپنے باپ دادا سے پوچھ وے تجھکو بتائیں گے۔ باپ دادا سے مقصود انبیاء ہیں ایسا ہی رشی میں بھی لکھا ہے یعنی کتب انبیاء ہیں دیکھو تم کو خوب امتیاز ہوگا اپنی رائے پر تکیہ مت کرو : ان دونوں بیتوں میں ایک رمز ہے اس لئے اُن کو ایک ساتھ لکھ کے بیان کرتے ہیں : زِخور یموُث عوُلم بنیو شنوث دور و دور : شِاَل آبیخا ویگّدَخا : زِقینِخا وَیوّمِرولاخ ۔ ان دونوں بیتوں میں زمانہ پیغمبر خدا کا جس کو ایل سے نامزد کیا ہے بیان ہوا ہے بیان اُس کا یہ ہے کہ یموُث عوُلم کی عدد ۶۰۲ ہے مفردات اُس کے یہ ہیں : ی م و ت ع و ل م اور شنوث دور و دور کے

ی	م	و	ت	ع	و	ل	م
۱۰	۴۰	۶	۴۰۰	۷۰	۶	۳۰	۴۰

۱۸۲ ہے مفردات اُس کے ہیں : ش ن و ت د و ر و د و ر

ش	ن	و	ت	د	و	ر	و	د	و	ر
۳۰۰	۵۰	۶	۴۰۰	۴	۶	۲۰۰	۶	۴	۶	۲۰۰

Marfat.com

مجموعہ ان دونوں کا ۱۷۸۴ ہوا اور زقنیخا و یوّمرولاخ کے عدد ۵۰۰ ہوتی ہے اور مجموعہ ان سب کا ۲۲۸۴ ہوا چونکہ ولادت آنحضرت کی سن ۵۰۶۱ ہبوطی میں ہے اور وفات حضرت موسیٰ ۲۷۷۸ ہبوطی میں تو وفات حضرت موسیٰ سے تا زمان ولادت آنحضرتؐ ۲۲۸۳ ہوتے ہیں لیکن مدت حمل سرور کائنات کو اس پر بڑھانے سے ۲۲۸۴ پورے ہو جاتے ہیں غالباً یہ تسبیح دو سہ ماہ پیشتر وفات سے ہو تو مہینوں کی بھی کمی بیشی نہ ہوگی۔ الغرض جبرئیل کا مطلب یہ ہے کہ اس وقت سے ۲۲۸۴ سال کے بعد وہ قوی رسول پیدا ہوگا۔ چنانچہ ویسا ہی ہوا تو معنی نظم مطابق اس سر کے یہ ہونگے۔ تم سوچو یموت عولم کو یعنی اُس کے عدد لو اور شنوت دور و دور کو سمجھو یعنی اُس کے عدد لو اور پوچھو اپنے اُستاد سے تجھکو بتا دے گا زقنیخا و یومرولاخ یعنی زقنیخا و یومرولاخ کے عدد اعداد ماسبق کے ملانے سے پوری مدت اُس کی حاصل ہو جائے گی واضح ہو کہ عدد کاف و خائے معجمہ کے عبرانی میں ایک ہی کیونکہ وے من حیث الکتابۃ ایک ہی شمار ہوتے ہیں وعلیٰ ہذا القیاس۔ تا ر مثناۃ فوقانی و ثا ر مثلث کے عدد ایک ہی ہوتے ہیں۔

فتدبر۔ شعر: یا رب صل وسلم دائماً ابداً ٭ علی نبیک خیر الخلق کلھم

בְּהַנְחֵל עֶלְיוֹן גּוֹיִם + בְּהַפְרִדוֹ בְּנֵי אָדָם +

بہنحیل علیون گوئیم : بہفریدو بنی آدام۔

لغات בְּהַנְחֵל بہنحیل تملیک مادہ اس کا נָחַל : نحل ہے معنی قبضہ کرنا مالک ہو جانا خصوصاً ارث یعنی ملک ضروری עֶלְיוֹן علیون اس کے چند معنی ہیں اول فوقانی ضد תַּחְתּוֹן تحتون یعنی تحتانی جیسے הַבַּיִת הַזֶּה יִהְיֶה עֶלְיוֹן ہبایث ہزّہ یہیہ علیون یعنی یہ گھر فوقانی ہوگا دویم عالی جیسے אֵל עֶלְיוֹן ایل علیون یعنی الہ المتعال גּוֹיִם گوئیم گروہ הַפְרִדוֹ ہفریدو علحدہ کرلینا بھگا دینا בְּנֵי אָדָם بنی آدام معنی بنی آدم اور سپاہی اور عوام الناس۔

Marfat.com

(ترجمہ) گروہوں کو علیا کا مالک کرنا بنی آدم کو منتخب کرلینا یعنی انبیا سے پوچھ تو دے بتائیں گے۔ قوموں کو مراتب عالیہ دینا اور بنی آدم کو منتخب کرلینا یعنی نبوت دینا یہ خدا کا کام ہے جس کو چاہتا ہے نبی کر دیتا ہے ربی سلمان یرچی کا بیان یہ ہے کہ خدا نے نافرمانوں کو اُن کا حصہ دیا اور بنی آدم کو جدا جدا کر دیا יַצֵּב גְּבֻלֹת עַמִּים לְמִסְפַּר בְּנֵי יִשְׂרָאֵל: یَصِّیب گبُولوث عمیم: لمسپار بنی اسرائیل יַצֵּב یَصِّیب مادّہ اس کا יצב یصب ہے بمعنی عربی قیام و نصب גְּבוּל گبُول بمعنی حد עַם عَم بمعنی قوم מִסְפַּר مسپار اس کا مادّہ סֵפֶר سَفر ہے اُس کے معنی ہیں شمار کرنا۔ اس لئے مسپار کے معنی ہیں شمار۔ دوسرے معنی اُس کے ہیں لکھنا۔ اُس سے سُوفیر بمعنی کاتب نکلا ہے اور سِفیر بمعنی کتاب تو مسپار کے معنی مکتوب و کتاب ہونگے۔ تیسرے معنی ہیں تفسیر و بیان (ترجمہ) قوموں کی حد بندی بہ تعداد بنی اسرائیل مقصود یہ ہے کہ وے تم کو بتائیں گے حد بندی قوموں کی یعنی اختلاف اقوام خدا کی طرف سے ہے یعنی باختلاف ادوار جو اُس نے احکام مختلف دیا اس لئے اقوام مختلف پیدا ہوگئی۔ اس طرح کہ کچھ لوگ تو حکم جدید پر چلے اور کچھ لوگ حکم سابق پر اَڑے رہے اور مصالح وقت پر نظر نہ کی بتعداد بنی اسرائیل یعنی بہت سے پس ان اختلاف پر نظر کرکے تم کو اس جدید فرقہ مسلمان کی تبعیت چاہیئے۔ بیت نمبر ۱۳ لغایت ۱۴ کے ایک معنی اور ہیں جو دو بیت گزشتہ سے زیادہ چسپاں ہیں علیون گو عم کے معنی ہیں جماعت عالیہ مراد اُس سے ملائکہ ہیں۔ ترجمہ بیت نمبر ۱۳ و ۱۴ معاً بوقت قابض کرا دینے ملائکہ کے اور بھگا دینے عوام الناس۔ خواہ جنگ جویوں کے قائم کرے گا قوموں کے حدود مطابق کتاب بنی اسرائیل کے۔ ابیات گزشتہ میں زمانہ ولادت اُس خلیفہ و رسول کا بیان ہوا تھا۔ اب زمانہ رسالت و خلافت کا بیان کہتا ہے کہ جب ملائکہ اُسے قابض و مالک کردیں گے خواہ ملک و زمین کا مالک کریں خواہ اُس قوت و بصیرت کا جو زمانہ حضرت موسیٰ

Marfat.com

ہے تا اخیر دور انبیاء بنی اسرائیل کو ہوئی تھی۔ چنانچہ جبرئیل نے آکے آنحضرت کو رسول بنایا اور چند بار ہنگامہ جنگ میں ملائکہ نے مدد دے کر فتحیاب کر کے قابض و مالک کر دیا جس کا ذکر کلام مجید میں بھی ہے تو مقصود یہ ہے کہ جب وہ خلیفہ و رسول ہوگا تو قوموں کے لئے حدود قائم کرے گا یعنی اُن کو شریعت دے گا مطابق کتاب بنی اسرائیل کے۔ کتاب بنی اسرائیل کی توریت ہے یعنی اُس کی کتاب و شریعت مثل کتاب و شریعت موسیٰ کے ہوگی بعد موسیٰ کے کسی نبی کو شریعت نہ ملی تھی آپ کی شریعت مسلمانوں پر تو نافذ ہی تھی کفار ذمی بھی اُس کے مطیع تھے۔ اس لئے کہتا ہے کہ قوموں کے لئے حدود قائم کرے گا اور عوام الناس کے بھگانے سے مقصود غلبہ ہے تو وہ غزوۂ خندق سے حاصل ہوا کہ بعد اُس کے کفار کو تاب مقاومت اسلام نہ رہی یا مراد زمانہ ہجرت ہو کہ کفار کے بھگانے سے واقع ہوئی فافہم:

اب بیت مابعد کے یہ معنی ہیں کہ اُس خلیفہ و رسول کی قوم یعنی مسلمان خدا کا حصہ ہے یعنی وہ قوم خاصان خدا سے ہیں اور یعقوب یعنی بنی اسرائیل اُس قوم کی میراث ہیں یعنی جملہ فضائل بنی اسرائیل اُس قوم کی طرف منتقل ہونگے چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کنتم خیر امۃ اخرجت للناس و علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل: כִּי חֵלֶק יְהוָה עַמּוֹ יַעֲקֹב חֶבֶל נַחֲלָתוֹ: کی حیلق یہوا عمّو: یعقوب حیبل نحلا تو۔ لغات כִּי کے حرف تنبیہ חֵלֶק حیلق حصہ تھوک یعنی کھیت کا حصہ اور خود کھیت پر بھی اطلاق آیا ہے עַם عم قوم חֶבֶל حیبل رسّی عربی حبل خصوصاً پیمائش کی رسّی اور درد خصوصاً درد زہ اور گروہ جماعت נַחֲלָה نحلا۔ میراث (ترجمہ) ہاں خدا کا تھوک خواہ کھیت اُس کی قوم ہوتی ہے (اُس کی قوم دین کہلاتی ہے جو اُس کی پرستش کرے) یعقوب اُس کے میراث کی جماعت ہے مقصود یہ ہے کہ قومیں سب اُسی سے ہیں مگر خدا پرست کو وہ دوست رکھتا ہے جیسے بنی اسرائیل کو

Marfat.com

یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم وانی فضلتکم علی العالمین

یہاں تک خطاب تھا بنی اسرائیل کی طرف بہ نظر تنبیہ و وعظ اب پھر اصل مطلب کی طرف رجوع ہے یعنی اُس ایل امونہ کو کہتا ہے اور اُس کے کچھ حالات ظاہر کرتا ہے: יִמְצָאֵהוּ בְּאֶרֶץ מִדְבָּר וּבְתֹהוּ יְלֵל יְשִׁמֹן יְסֹבְבֶנְהוּ יְבוֹנְנֵהוּ יִצְּרֶנְהוּ כְּאִישׁוֹן עֵינוֹ: یمصاہو بارص مدبار: وبتوہو یلل یشیمون یسو بینہو یبو نینہو: یصر نہو کا یشون عینو: لغات: יִמְצָאֵהוּ یمصا مادہ اس کا מָצָא ماصا ہے جس کے معنی ہیں پانا یہ صیغہ مضارع ہے فاعل اس کا ضمیر مستتر ہے جو پھرتی ہے قوم کی طرف اور ضمیر بارز جو اُس کے ساتھ ملی ہے مفعول ہے راجع ہے ایل امونہ کی طرف אֶרֶץ ارص ملک מִדְבָּר مدبار بیابان תֹהוּ توہو = ویران زمین جس میں پیدا نہ ہو יְלֵל یلل = شور و غل خصوصاً جنگلی جانوروں کا: יְשִׁמֹן یشیمون = ویران بیابان مجازاً جنگلی جانور۔ رشی میں תֹהוּ יְלֵל יְשִׁמֹן توہو یلل یشیمون کی تفسیر لکھی ہے אֶרֶץ צִיָּה שְׁמָמָה מְקוֹם יִלְלַת תַּנִּים וּבְנוֹת יַעֲנָה ارص صیا وشماما مقوم یللث تنیم و بنوث یعنا۔ زمین غیر آباد و پرتی مقام شور و غل اژدر و شتر مرغ יְסֹבְבֶנְהוּ یسو بینہو یہ صیغہ مضارع ہے جو ضمیر اُس کے ساتھ متصل ہے סָבַב یסובב סובב بمعنی طواف۔ رشی میں اس مقام پر یہ ہے יְסֹבְבֶנְהוּ שָׁם סִבְּבָם מוּקָפִים בַּעֲנָנִים וְסִבְּבָם בִּדְגָלִים לְאַרְבַּע רוּחוֹת וְסִבְּבָם בְּתַחְתִּית הָהָר

שֻׁכְּמָה: בְּמִדְבָּרָה ـــــــــــ یسوبینہو شام
سا بام و یقفام بعنا رنیم وسا بام بدغالیم لاَریع روحوب وسا بام تتحیت ہا ہار
شکافا ہو کغنیت (ترجمہ) وہاں گھومایا اُن کو بدلیوں کے ساتھ اور گھومایا اُن کو جھنڈوں
کے ساتھ چاروں جہت میں اور گھومایا اُن کو پہاڑ کے نیچے جس کو جھوکا یا چھتری کی طرح
יְבוֹנְנֵהוּ یبونینہو یہ باب پیلیل سے ہے בִּין יָבִין
بُونین یبوئین اس کے معنی ہیں گرویدن کسی چیز میں دل لگانا ایمان و تصدیق יִצְּ
רֶנְהוּ یصّرنہو مادہ اس کا נָצַר ناصر ہے جس کے معنی نگہبانی کرنا
כְּאִישׁוֹן עֵינוֹ اِیشون عینو انسان العین مردمک چشم אִישׁ
וֹן עֵינוֹ הוּא הַשָּׁחוֹר שֶׁבָּעַיִן הַמֵּאִיר
וּמֵצִיץ מִמֶּנּוּ: کاِیشون عینو ہو ہسا خور شبعائن ہمّا ہُو ریُوصی منّو
(ترجمہ) وہ سیاہ جو آنکھ میں ہے جس سے روشنی نکلتی ہے: (ترجمہ) پائے گی اُسے
(یعنی اُس ایل امونہ کو) ملک ویران غیر ذی زرع میں سباع اور وحوش کے شور و غل میں
اُس کا طواف کرینگے اُس پر ایمان لائیں گے اُس کی حفاظت کرینگے مردمکِ چشم کی طرح
یعنی اُس ایل امونہ کو ملک عرب میں پائیں گے چنانچہ اور مفسروں نے بھی ملک عرب سے
تعبیر کیا ہے کہ یہ محاورہ تورات کے موافق ہے قطع نظر اس کے کہ ملک شام و مصر و فارس
جہاں ایسے شخص کا وجود مظنون ہے سب سیر حاصل ہیں سباع و وحوش کے غل سے مقصود
یہ ہے کہ وہاں کے سکان جاہل بے ہنر ڈاکو و بے رحم ہونگے پس یہ ملک عرب اور وہاں کے
سکان کا حال ہے لہذا یہ خبر سوائے ہمارے پیغمبر کے کسی پر منطبق نہیں صحابہ جان دیتے تھے
اور آپ کا ساتھ نہیں چھوڑتے تھے ہمیشہ آپ کے گرد رہتے تھے اور بلا شبہ پتلی کی طرح
آپ کی حفاظت و نگہبانی کرتے تھے آپ کے وقت کے وقائع کو دیکھیں تو آشکارا
ہو جائے گا کہ مصداق اس بیان کا سوائے ذات با برکات حضرت محمدؐ کے کوئی نہیں ہو سکتا

Marfat.com

حضرت داؤد و سلیمان وغیرہ انبیا کو خواہ کسی بادشاہ ہفت اقلیم کو اس سے کچھ مناسبت نہیں
ربی سلمان یرحی نے جو اس مقام کی تفسیر کی ہے اُسے ہم نقل کرتے ہیں הרתם
מצא לנו נאמנים במדבר שקבלו
עליהם תורתו ומלכותו ועולו מה
שלא עשו ישמעאל ועשו
שנאמר וזרח משעיר למו הופיע
מהר פארן: (ترجمہ) اُن کو پایا اپنے لئے امین ملک بیابان ہیں کہ قبول کرلیا اُس کی شریعت و حکومت اور اُس کی تکلیف جو کہ بنی عیص و اسمٰعیل نے نہیں کیا جیسا کہ ذکور ہے کہ چمکا سعیر سے اور خوب روشن ہوا فاران کے پہاڑ سے انتہیٰ اس مفسر نے مستقبل کو ماضی سے تفسیر کی ہے جو بالکل ناجائز ہے۔ علاوہ بریں کہتا ہے کہ خدا نے بنی اسرائیل کو ملک عرب میں امین پایا جس سے جہالت اُس کی ثابت ہوتی ہے علاوہ بریں خدا نے توریت میں کہا ہے کہ میں تمہارے ساتھ ملک مصر سے ہوں تو کیا اُس وقت اُن کو امین نہیں جانتا تھا۔ علاوہ بریں ضمیر واحد کو جمع سے تعبیر کی یعنی آیت میں ہے اُس کو پائیگے اور یہ مفسر کہتا ہے اُس کو پایا اور جو آیت سند میں ذکر کرتا ہے اُس کی تفسیر ہم کرچکے ہیں اس مقام سے کوئی تعلق نہیں۔ یہی تحریف ہے واضح ہو کہ ۷ نمبر سے ۱۰ نمبر تک بنی اسرائیل کو زجر و توبیخ اور وعظ ہے اور ۱۱ نمبر سے دور تک آگے کی خبر ہے۔ ہمارے پیغمبر کی نسبت ان آیات کو ۶ گزشتہ کے ساتھ ربط ہے۔ اس ۶ و ۱۵ و ۱۶ کے مضمون پر حضرت داؤد نے زبور کی ۶۸ مزمار یعنی بھجن میں بیان کیا ہے اُس کے دوسری آیت سے ۹ تک ہم لکھدیتے ہیں کہ اُس کا مضمون اس شیر کی (شیر عبری دعا) آیات مرقومہ بالا کے قریب قریب ہے بخوف تطویل ہم پورے بھجن کی تفسیر نہیں کرتے۔ جب موقع ہوگا تو انشاء اللہ لکھدینگے قبل بیان مطلب لفظ אלהים الوہیم کی تحقیق ضرور ہے مادہ اس کا אלה

آیا ہی لیکن غیر مستعمل ہی معنی اُس کے عبادت و پرستش یہ مادہ عربی میں اس معنی میں مستعمل ہی
اسے اِلُوہ معنی אֱלוֹהַּ معبود حق ہو یا باطل مشتق ہی جیسے عربی الٰہ
کلدی میں بھی معبود کو الاہ والا ہا کہتے ہیں لیکن جب اُس پر ہا ر تعریف داخل کرتے ہیں
تو مثل عربی اللہ کے سچے معبود پر اطلاق ہوتا ہی جیسے הָאֱלוֹהַּ
ہا اِلُوہ אֱלֹהִים اِلُوہیم یہ لفظ کبھی جمع ہوتی ہی اِلُوہ کی جو مطلق
معبود کے معنی میں ہی حق ہو یا باطل، حالت توصیف و اضافت میں میم جمعیت گر جاتی ہی
صرف یائے تحتانی رہ جاتی ہی اور اُس کے قبل کا حرف سیری سے بدل جاتا ہی جیسے
אֱלֹהֵי מִצְרַיִם الوہی مصرائیم یعنی معبودان مصر אֱלֹהֵי
הַנֵּכָר اِلُوہی نِخار معبودان اجنب אֱלֹהִים חֲדָשִׁים
الوہیم حَدَاشیم - نئے نئے معبود - لیکن معنی جمعیت اُس سے بلا قرینہ مستفاد نہیں ہوتے
بلکہ جب کوئی قرینہ نہ ہو تو یہ لفظ واحد ہوتا ہی - بمعنی معبود حق - ایسے وقت میں اُس کی
صفت مفرد آتی ہی אֱלֹהִים צַדִּיק اِلُوہیم صدّیق אֱלֹהִים חַי
اِلُوہیم - حی زندہ معبود جب اُس کے پہلے ہا ر تعریف ملاتے ہیں
تو خاص ہو جاتا ہی - سچے معبود کے ساتھ جیسے יְהוָה הוּא הָאֱלֹהִים
) یہوا ہو ہا الوہیم - اللہ ہی سچا معبود ہی یہ بمنزلہ لا الٰہ الا اللہ
کی ہی اور کبھی معنی اُس کے ملائکہ کے ہوتے ہیں اور کبھی سلطان و ملک و جیسے
בְּנֵי הָאֱלֹהִים بنی الوہیم شاہزادگان مجازاً قوی - مرادف ایل اور
کبھی منصف و دیان جب یہاں تک ممہد ہوا تو اب آیات زبور نقل کرتے ہیں و من اللہ
التوفیق: مزمار ٦٨ آیت ٢: יָקוּם אֱלֹהִים יָפוּצוּ
אוֹיְבָיו וְיָנוּסוּ מְשַׂנְאָיו מִפָּנָיו׃ یاقوم اِلوہیم
یافوصو اویباو ویانوسو مسنا میانا و (ترجمہ) قائم ہوگا سلطان خواہ خلیفہ - اُس کے

Marfat.com

دشمن پریشان ہو جائیں گے بھاگ جائیں گے اُس کے اعدا اُس کے سامنے سے۔ حضرت موسیٰ نے اُس امام و خلیفہ کو ایل امونہ یعنی بہادر قوی بیان کیا تھا۔ داؤد اُسی کو الوہیم یعنی سلطان و خلیفہ کہتے ہیں الوہیم سے یہاں خدا مراد نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ قیام سے وہ منزّہ ہے اور نہ اُس کے کوئی دشمن ہے۔ سیاق کلام سے پیدا ہے کہ کوئی ذی اختیار صاحب حکومت و جبروت ہونے والا ہے جیسا کہ حضرت موسیٰ کے کلام سے نکلتا ہے اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ الوہیم سے مراد ذات باری تعالیٰ ہے اور یہ خدا ہی کی نسبت بیان ہوا ہے اور قیام سے مقصود اُس کی توجہ ہے تو معنی بیت یہ ہونگے کہ خدا متوجہ ہوگا اور اُس کے دشمن یعنی کفار و شیاطین پریشان و برباد ہونگے تو بالضرور اُس سے کوئی زمانہ مقصود ہوگا جس میں ایسا توجہ خدا کا ہو۔ زمانہ داؤد و سلیمان مراد نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ گو اُس میں غلبۂ کفار ارض اسرائیل میں نہ تھا۔ لیکن تمام ملکوں میں بت پرستی و شرک و ضلالت چھائی تھی۔ شام میں بھی بت پرستی قائم تھی بالکلیہ مٹ نہ گئی تھی۔ بعد ان دو بزرگوں کے تو بت پرستی خود بنی اسرائیل ہی میں شائع ہو گئی پند و نصائح انبیا کچھ کام نہ کرتی تھی تا زمان عزرا و دانیال یہی کیفیت رہی عزرا و دانیال کے وقت میں کچھ دن خدا پرستی بنی اسرائیل میں رہی۔ لہذا یہ ازمنہ مقصود نہیں ہو سکتے۔ حضرت عیسیٰ کے زمانہ میں کچھ بھی نہ ہوا۔ بعد مرور ایام کثیر گو دین عیسوی بہت پھیلا لیکن تثلیث کے مسئلہ سے وہ زمانہ مراد نہیں ہو سکتا۔ ہمارے پیغمبر کے زمانہ میں شرک و بت پرستی نیست و نابود ہوئی اور اصنام پرست ایسے مغلوب ہوئے کہ کبھی نہ ہوئے تھے۔ پس جو معنی ہم کہتے ہیں وہی مقصود داؤد ہے آیت ۳ כְּהִנְדֹּף עָשָׁן תִּנְדֹּף כְּהִמֵּס דּוֹנַג מִפְּנֵי־אֵשׁ יֹאבְדוּ רְשָׁעִים מִפְּנֵי אֱלֹהִים׃ کھندوف عاشان تندوف کھمیس دونغ مپنی ایش یوبدو رشاعیم مپنی الوہیم لغات הנדף

Marfat.com

کהندوف - اوڑجانا נדף עשן عاشان وخان = دھواں כהנדף
تندوف مادہ اس کا نادف بمعنی اُڑ جانا תנדף دونغ موم דונג
ایش آتش אש רשעים رشاعیم جمع ہی רשע راشع کی جس کے
معنی ہیں شریر מפני میپنی = سامنے (ترجمہ) دھوئیں کی طرح
اُڑ جائیں گے (یعنی اُس کے دشمن) جیسے موم آگ سے پگھل جاتا ہی۔ اُسی طرح اشرار
مٹ جائیں گے سلطان کے سامنے (۴ آیت) וְצַדִּיקִים יִשְׂמְחוּ
יַעַלְצוּ לִפְנֵי אֱלֹהִים וְיָשִׂישׂוּ בְשִׂמְחָה
: ——— وصدّیقیم یسمحو یعلصو لفنی الوہیم یاسیسو بسمحا
لغات ישמחו یسمحو مادہ اس کا שמח سامح ہی معنی خوشی کرنا
یہ صیغہ مضارع ہی שמחה سمحہ سرور وشادمانی یעלצו
یعلصو مادہ اس کا עלץ عالص شاد ہونا۔ یہ صیغہ مضارع ہی
ישישו یاسیسو صیغہ مضارع ہی مادّہ اس کا שוש
سوس = وجد کرنا (ترجمہ) اور صدیقین خوشی کریں گے۔ مسرور ہونگے سلطان کے
سامنے خوشی سے وجد کریں گے : یہ باتیں حضرت محمدؐ کے وقت میں پوری ہوئیں صحابہ
آپ کی صحبت میں کیسا خوش رہتے تھے۔ یہاں تک کہ جان دینے میں بھی مسرور
ہوتے تھے۔ عامر بن فہیرہ کو جب اوس کلبی نے پس پشت سے نیزہ مارا اور وہ
پار ہوگیا تو اُن کی زبان سے یہی نکلا فُزتُ واللہِ یعنی میرا مطلب ہوگیا پھر اُن کی
نعش کو ملائکہ اُٹھالے گئے وعلیٰ ہذا القیاس۔ اب میں اس کے اظہار کے لئے قصہ سریہ رجیع
کا لکھدیتا ہوں کہ جب مشرکین غزوۂ اُحد سے پھر کے مکے میں پہونچے سفیان بن خالد
ہذلی لحیانی کچھ لوگ قبیلہ عضل وقارہ کے ساتھ لے کے مکے میں قریش کے پاس بہ نظر
بہنت گیا وہاں اُس نے سُنا کہ سلافہ بنت سعد زوجہ طلحہ نے کہ اُس کے چار بیٹے اور

Marfat.com

شوہر احد میں مارے گئے تھے، یہ شہرت دی کہ جو کوئی عاصم بن ثابت کا سر لائے میں اُسے سو اونٹ بہت اچھے دوں۔ عاصم کے ہاتھ سے اُس کے دو بیٹے مارے گئے تھے اس لئے سلافہ نے یہ نذر کی تھی کہ میں عاصم کے کاسہ سر میں شراب پیوں گی کیونکہ بت پرستوں کے عقیدہ میں یہ بات تھی کہ اس عمل سے مقتول جہنم میں جاتا ہے جیسا ہنود کی عورتیں سر مقطوع پر اس غرض سے نہاتی ہیں۔ الغرض سفیان بن خالد کو سو اونٹوں کی طمع ہوئی اُس نے اپنے گھر بھر کے سات آدمی عضل و قارہ کے مدینہ میں بھیجے۔ اُنھوں نے حسب ایمائے سفیان یہ فریب کیا کہ ظاہر میں مسلمان ہو گئے اور حضور اقدس میں عرض کیا کہ ہمارے ساتھ اپنے اصحاب میں سے چند آدمی ساتھ کر دیجئے کہ ہماری قوم کو قرآن مجید سکھا دیں اور کوشش اس بات میں کی کہ عاصم کو آپ ساتھ کر دیں اور ثابت ابی الافلح عاصم کے باپ کے گھر جا ٹھہرے اور عاصم سے بہت محبت ظاہر کی اُن سے کہتے کہ اگر جناب رسول اللہ صلعم تمہیں ہمارے ساتھ کر دیں تو بہت خوب ہے۔ آخر الامر آنحضرت نے دس آدمی اُن کے ساتھ کر دیئے اور عاصم کو اُن کا سردار مقرر کیا۔ دسوں آدمی اُن ساتوں کے ساتھ روانہ ہوئے جب درمیان عسفان اور مکے کے آئے ایک نے اُن ساتوں میں سے جا کے سفیان بن خالد کو خبر دی وہ دو سو آدمی لے کر چڑھ آیا۔ عاصم مع اپنے ساتھیوں کے فدفد پر کہ ایک اونچا ٹیلا تھا چڑھ گئے۔ جب دشمن اُن کے قریب پہونچے عاصم نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ حصول شہادت کو غنیمت سمجھو اور سب لڑائی کے لئے مستعد ہوئے کفار نے کہا کہ ہم سے مقابلہ نہیں کر سکتے۔ عاصم نے کہا ہمیں مارے جانے کا ڈر نہیں۔ دین کے لئے سر دینا ہمارا کام ہے۔ کافروں نے عاصم سے کہا کہ جلدی نہ کرو اور اپنی جان مت کھو۔ آؤ ہم تمہیں امان دیں گے۔ عاصم نے کہا میں مشرک کی امان نہیں چاہتا اور میں نے سُنا ہے کہ سلافہ نے قسم کھائی ہے کہ میرے کاسہ سر میں شراب پیے۔ یا اللہ تو ہمارے حال کی خبر اپنے پیغمبر کو دے۔ سو اللہ جل جلالہ نے یہ دعا قبول کی اور اُن کے حال کی آپ کو خبر دی اور عاصم نے

Marfat.com

پہلی تیر کفار کو ماری جب تیر ختم ہو گئے نیزے سے لڑے، جب نیزہ ٹوٹ گیا تب تلوار لی اور یہاں تک لڑے کہ شہید ہوئے اور دعا کی کہ الٰہی میں نے تیرے دین کی حمایت کے لئے جان دی تو میرے بدن کو بچا کہ کفار کے ہاتھ نہ لگے۔ بعد ازاں کفار نے چاہا کہ اُن کا سر کاٹ لیں تاکہ سلافہ کے پاس لے جائیں۔ خدائے تعالیٰ نے شہد کی مکھی کا لشکر بھیجا۔ اُنھوں نے جھرمٹ باندھا۔ کسی کافر کو عاصم کی نعش کے پاس پھٹکنے نہیں دیا۔ جب رات ہوئی ایک سیلاب آیا کہ عاصم کا بدن بہا لے گیا۔ کافر خائب خاسر رہے۔ جب سلافہ کے پاس سفیان بن خالد نے آدمی بھیجا کہ سو اونٹ بھیجدے ہم نے عاصم کو قتل کیا۔ سلافہ نے کہلا بھیجا کہ میری شرط یہ تھی کہ عاصم کا سر یا عاصم کو جیتا لے آؤ سو تم نے دونوں باتوں میں سے ایک بھی نہ کی۔ میں اونٹ ہرگز نہ دوں گی۔ باقی رفقاء عاصم کا یہ حال ہوا کہ چھ شخص اور لڑ کر شہید ہوئے۔ مگر تین شخص خبیبؓ بن عدی وعبداللہؓ بن طارق وزیدؓ بن دثنہ کافروں کے سمجھانے سے اُن کے امان میں آکے پہاڑ سے اُترے کفار نے بدعہدی کر کے اُن کے ہاتھ کمان کے چلّے سے باندھے۔ عبداللہ بن طارق نے جب غدر اُن کا دیکھا چلّے سے ہاتھ کھول تلوار کھینچی اور کفار سے قتال شروع کیا۔ کافر اُن کے حملہ شیرانہ سے حیران ہو گئے اور پتھر برسا کے اُنھیں شہید کیا۔ لیکن حضرت خبیب اور زید کو کفار اسیر کر کے لے گئے۔ خبیب کو حارث بن عامر بن نوفل کی بیٹوں نے سو اونٹ دے کے مول لیا تاکہ بعوض اپنے باپ کے جسے خبیب نے قتل کیا تھا ماریں اور زید کو صفوان بن اُمیّہ نے بعوض پچاس اونٹ کے لے لیا تاکہ بعوض عتبہ اپنے باپ کے جسے زید نے قتل کیا تھا مار ڈالے۔ دونوں صاحب مکہ میں ماہ ذی قعدہ پہونچے تھے بانتظار گزر جانے اشہر حرم انھیں قید رکھا۔ صحیح بخاری میں ہے کہ خبیب نے ایک بار استرہ پاکی لینے کے لئے حارث کے ایک بیٹے سے مانگ لیا تھا اُسی حالت میں ایک لڑکا اُس کا خبیب کے پاس آیا پہونچا۔ خبیب نے اُسے اپنے زانو پر بٹھلا لیا۔ اُس کی عورت کو ڈر ہوا کہ یہ قیدی ہے کہیں

Marfat.com

میرے بیٹے کو مار نہ ڈالے ۔ خبیب نے کہا کہ مت ڈرو میں ایسا نہ کروں گا ۔ بچہ کو قتل نہ کروں گا
وہ عورت کہتی ہو کہ میں نے خبیب سے بہتر کوئی قیدی نہیں دیکھا ۔ میں نے خبیب کو حالت
قید میں انگور کھاتے دیکھا اور اُن دنوں مکے میں کوئی میوہ نہ تھا اور خبیب زنجیروں میں
قید تھے وہ انگور رزق الٰہی غیبی تھا کہ خداوند کریم نے خبیب کو بھیجا تھا (جیسے الیاس کو
کوّوں کے ذریعے سے غذا پہونچاتا تھا) بعد گزر جانے ماہہائے حرام موضع تنعیم میں کہ خارج
حرم ہو خبیب اور زید دونوں کو سولی دی ۔ خبیب نے کفار سے کہا کہ مجھے اتنی مہلت دو
کہ میں دو رکعت نماز پڑھ لوں ۔ کفار نے منظور کیا ۔ حضرت خبیب نے دو رکعت نماز ادا کی
بعد ازاں اُنھوں نے یہ شعر پڑھے ؎

وَلَسْتُ اُبَالِی حِیْنَ اُقْتَلُ مُسْلِماً — عَلٰی اَیِّ شِقٍّ کَانَ لِلّٰہِ مَصْرَعِی
وَذٰلِکَ فِی ذَاتِ الْاِلٰہِ وَاِنْ یَّشَاْء — یُبَارِکْ عَلٰی اَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعٖ

(ترجمہ) جب میں مسلمان مارا جاتا ہوں تو کچھ پروا نہیں کسی پہلو پر ہو میرا گرنا ۔ خدا کے لئے
ہو یہ میرا قتل ۔ اگر خدا چاہتا ہے برکت کرے عضو پارہ پارہ کے ٹکڑوں میں ۔ خبیب کو
دار پر چڑھایا اور قبلے سے منھ پھیر دیا ۔ خبیب نے کہا کہ کچھ مضائقہ نہیں ہو اَیْنَمَا
تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰہِ پھر خبیب سے کہا کہ اگر تم دین اسلام چھوڑ دو تو ہم تمھیں چھوڑ دیں
خبیب نے کہا کہ اگر تمام روئے زمین مجھے دیں تو بھی میں اسلام سے نہ پھروں کافروں نے
کہا کہ تمھارا جی چاہتا ہو کہ تمھارے بدلے محمدؐ کو سولی ہو اور تم اپنے گھر سلامت چلے جاؤ ۔
خبیب نے کہا کہ میرا دل ہرگز نہیں چاہتا کہ میں گھر میں ہوں اور جناب پیغمبر صلعم کے
پاؤں میں کانٹا چبھے پھر مقتولان بدر کی اولاد و اقارب چالیس آدمی نے نیزے ہر طرف
سے حضرت خبیب کو مارنا شروع کیا ۔ اُس وقت مُنھ حضرت خبیب کا قبلے کی طرف ہو گیا
اُنھوں نے کہا شکر خدا جس نے میرا مُنھ اُس قبلے کی طرف کر دیا جو اُس نے اپنے رسول
اور مسلمانوں کے لئے پسند کیا ہو اور حضرت خبیب نے کہا ۔ الٰہی یہاں سب دشمن ہیں کوئی

Marfat.com

دو حضرت نہیں تو ہی میرا سلام اپنے حبیب کو پہونچا۔ زید بن اسلم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ میں مجلس شریف میں مع جماعت اصحاب کے حاضر تھا آپ پر آثار وحی ظاہر ہوئے
بعد ازاں آپ نے فرمایا کہ خبیب کو کافروں نے قتل کیا اور یہ جبرئیل سلام مجھے پہنچاتے ہیں
پھر آپ نے فرمایا علیہ السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ پھر حضرت زید کو سولی دی انھوں نے بھی
پہلے دو رکعت نماز پڑھی اور جیسی گفتگو کفار نے حضرت خبیب سے کی تھی ویسی ہی اُن سے
بھی کی اور ویسا ہی جواب سنا۔ حضرت خبیب کی نعش کو دار پر لٹکا رکھا۔ جناب رسول اللہ نے
اصحاب سے فرمایا کہ کوئی ہے کہ خبیب کی نعش سولی پر سے اوتار لائے۔ حضرت زبیر اور
مقداد رضی اللہ عنہما نے اس کام کا اقرار کیا اور روانہ ہوئے دن کو چھپ رہتے اور
رات کو چلتے۔ یہاں تک کہ نعش کے پاس پہونچے چالیس آدمی محافظت کے لئے اطراف
دار میں سوتے تھے۔ اُنھوں نے آہستہ خبیب کو سولی پر سے اوتارا اور گھوڑے پر
رکھ کے لے چلے۔ چالیس دن اُن کے قتل سے گزرے تھے۔ بدن اُن کا ویسا ہی تھا
زخموں سے خون ٹپکتا تھا اور مشک کی خوشبو آتی تھی صبح کو قریش نے خبر پائی ستر سوار
دوڑائے جب اُن صاحبوں کے پاس پہونچے حضرت زبیر نے نعش خبیب کی زمین پر
رکھدی فوراً زمین اُسے نگل گئی۔ حضرت خبیب کو "بلیع الارض" اسی لئے کہتے ہیں
حضرت زبیر نے کفار کی طرف متوجہ ہو کے کہا کہ میں زبیر ابن العوام ہوں اور ماں
میری صفیہ بنت عبد المطلب ہے اور یہ میرے رفیق مقداد بن الاسود ہیں۔ تمہارا جی چاہے
تو لڑو اور نہیں تو پھر جاؤ۔ کفار پھر گئے۔ حضرت زبیر و مقداد نے حضور اقدس میں
جا کے حال عرض کیا۔ عکرمہ بن ابی جہل کو اسلام سے کمال نفرت تھی جب مسلمان ہوئے
تو قرآن کو پڑھتے تھے اور اُن کو وجد ہوتا تھا اور کہتے تھے۔ ھذا کلام ربی۔
صحابہ کو آنحضرت کی صحبت سے کمال سرور تھا اور عند الفتح تو مسرور ہوتے ہی تھے
مدینہ میں بھی بہت خوش ہوتے تھے۔ کمال لطف سے گاگا تے تھے و مسرت

Marfat.com

بعدالموت کا بیان میں کیا کروں - انھیں مسرتوں کو حضرت داؤد یہاں بیان کر رہے ہیں:

۵ آیت שִׁירוּ לֵאלֹהִים זַמְּרוּ שְׁמוֹ סֹלּוּ
לָרֹכֵב בָּעֲרָבוֹת בְּיָהּ שְׁמוֹ וְעִלְזוּ לְפָנָיו:

شیرو لیلوہیم زمّرو شمو سولّو لارخیب بعَرابوث بیاہ شمو واعلز ولفانا وَ שִׁיר
شیر کی معنی ہیں گیت - اس کا فعل بھی مستعمل ہے یہاں صیغہ امر ہے الوہیم کے معنی ہو چکے
لام اس کے اول میں صلہ ہے זַמְּרוּ زمّرو مادہ اس کا زمر ہے זָמַר
معنی گانا بجانا مثل عربی زمر کے סֹלּוּ سولّو مادہ اس کا סָלַל
سَلَل ہے معنی ہموار و صاف کرنا (ترجمہ) اُس سلطان کی مدح گاؤ اُس کا نام
زمزمہ کرو - سوار عرب کے لئے راہ ہموار و صاف کرو جس کا نام خدا کے نام کے ساتھ
ہوگا - اُس کے سامنے خوشی کرو עֲרָבָה . عرابا اصل معنی اس کے
میدان خشک ہیں مقصود یہاں عرب ہے اور دوسرے پر یہ خبر منطبق نہیں - رخیب بعرابوث
یعنی سوار عرب خواہ خشک میدانوں کے سوار کے لئے راہ صاف کرو - اس سے مقصود
کون ہو سکتا ہے اپنے اوپر تو داؤد کہتے نہیں - حضرت سلیمان کب ملک عرب میں گئے تھے
اور بعد اُس کے تو سلطنت بنی اسرائیل ضعیف ہو گئی اور اگر کہیں کہ خدا کو یہ کہا ہے تو
اُس کی صفت رکوب قرار دینا بے ادبی ہے - اُس کے بعد بیاہ شمو مرقوم ہے یا عبرانی میں
خدا کا نام ہے معنی یہ ہیں کہ خدا کے نام کے ساتھ اُس کا نام ہوگا - یہ ہمارے پیغمبر کا حال ہے
پانچوں وقت اذان میں خدا کے نام کے ساتھ آپ کا نام باآواز بلند پکارا جاتا ہے
لا الٰہ الا اللہ وغیرہ مقامات کو لحاظ کرو کہ خدا کے نام کے ساتھ آپ کا نام لیا جاتا
ہے یہاں ایک سر ہے בְּיָהּ שְׁמוֹ بیاہ شمو عبری میں بیاہ تین حرف سے
لکھا جاتا ہے ب ی ہ جس کا مجموعہ ۱۷ ہوتا ہے اور احمد بحساب قصیر ۱۷ ہوتا ہے
پس داؤد فرماتے ہیں کہ اُس سوار کا نام احمد ہوگا حساب قصیر کا مطلب یہ ہے کہ

Marfat.com

حساب جمل یہود میں دو طور سے کیا جاتا ہے ایک کو مسپار گادول کہتے ہیں وہ وہی ہے جو ہمارے یہاں ہے۔ دوسرے کو مسپار قاطان کہتے ہیں اُس میں دہائی کو رد کرتے ہیں یکائی کی طرف اور سیکڑے کو دہائی کی طرف وعلیٰ ہذا القیاس۔ پس بحساب مسپار قاطان یعنی بحساب قصیر احمد کے ۱۷ ہوتے ہیں۔ فتدبر؛ آیۃ ۶ :

אֲבִי יְתוֹמִים וְדַיַּן אַלְמָנוֹת אֱלֹהִים בִּמְעוֹן קָדְשׁוֹ׃ اَبی یثومیم و دَیَن الما نوث الوہیم بمعون قدشو

(ترجمہ) یتیموں کا سرپرست اور بیوہ عورتوں کا حامی ہوگا اُس کے مقام میں ملائکہ ہونگے۔ ہمارے پیغمبر اس صفت میں مشہور تھے کہ آپ خود بھی یتیم تھے اور یتیموں کی بڑی خبرگیری کرتے تھے اور بیوہ عورتوں پر کوئی ظلم نہیں کرنے پاتا تھا۔ ابو طالب نے یہ شعر آپ کی شان میں جب آپ کا سن بہت نہیں تھا کہا تھا ؎

وابیض یستسقے الغمام بوجھہ ٭ ثمال الیتامیٰ عصمۃ للاراملِ

یہ اس آیت سے نہایت انطباق رکھتا ہے فرشتوں کا آنا تو آپ کے پاس اظہر من الشمس ہے اس کا انکار ظلم ہے آیت ۷ אֱלֹהִים מוֹשִׁיב יְחִידִים בַּיְתָה מוֹצִיא אֲסִירִים בַּכּוֹשָׁרוֹת אַךְ סוֹרְרִים שָׁכְנוּ צְחִיחָה׃

اِلُوہیم موشیب یحدیم باَیثہ موصی اسیریم بکوشارث اخ سورریم شاخنو صحیحا

لغات מוֹשִׁיב موشیب اس کا مادہ יָשַׁב یاشب ہے جس کے معنی ہیں بیٹھنا وجلوس مجازاً بسنا وسکونت اس کا افعال تفعیل بھی مستعمل ہے یہاں صیغہ اسم فاعل ہے باب افعال سے معنی بٹھلانے والا יְחִידִים یحیدیم جمع ہے واحد اس کا יָחִיד یاحید ہے مادہ اس کا یحد ہے יָחַד معنی تنہا اکیلا وحید و فرید فرد خصوصاً لڑکا جسے اکلوتا کہتے ہیں و عزلت گزیں مجازاً متروک و مصیبت زدہ

Marfat.com

جن کے کوئی یار و مددگار نہ ہو بہت בַּיְתָה گھر מוֹצִיא موصی = نکالنے والا آزاد کرنے والا אֲסִירִים اسیریم جمع אֲסִיר اسیر کے معنی قیدی و اسیر בַּכּוֹשָׁרוֹת کوشارا مادہ כֹּשֶׁר کاشر سے معنی راستی بار موحدہ جو اس کے اول میں ہے بار ظرفیت یا سببیت ہے۔ اس مادہ کے دو معنی ہیں راستی چنانچہ כָּשֵׁר کاشیر کے معنی ہیں راست وصواب כָּשֵׁר הַדָּבָר לִפְנֵי הַמֶּלֶךְ کاشیر ہدّا بار لفنی ہملخ یہ بات بادشاہ کے سامنے راست وصواب ہوئی۔ دوسری معنی ہیں سرسبز ہونا اوگنا۔ تیسرے معنی ہیں انتفاع אַךְ اخ مگر لیکن סוֹרְרִים سوریم جمع ہے סוֹרֵר سوریر کے معنی شریر שָׁכְנוּ شاخنو صیغہ جمع غائب فعل ماضی مادہ שָׁכַן شاخن سے جس کے معنی ہیں سکونت צְחִיחָה صحیحا مقام گرم خشک۔

(ترجمہ) وہ سلطان بٹھلائے گا غریبوں کو جن کے نہ یار ہے نہ مددگار گھر میں اور آزاد کرے گا مقید راستی یعنی جن کی طبیعت راست ہے اور اسلام قبول کریں گے اُن کو ہر طرح کی آزادی دے گا مگر اشرار واصل جہنم ہونگے۔ اس کا ترجمہ یہ بھی ہوتا ہے کہ "بٹھلائے گا وہ بادشاہ مصیبت زدوں کو گھر میں اور قیدیوں کو بہ سبب راستی کے"۔ چونکہ اصل گھر حضرت آدمؑ کا جنت تھا بہ سبب نافرمانی کے نکالے گئے تو حضرت داؤد فرماتے ہیں کہ وہ خلیفہ موحدین کو جنت میں لوٹائے گا یا یوں کہیں کہ وہ خلیفہ کاملین کو جنت میں آباد کرے گا یعنی اُن کو اپنے ایمان تصدیق سے کامل کر کے جنت میں پہونچائے گا۔ چونکہ ارواح بحصول کمال زمرۂ ملائکہ میں داخل ہوتے ہیں کہ یہی جنت ہے۔ قال اللہ تعالیٰ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی اور حصول کمال بلا وساطت آنحضرت دشوار۔ اس لئے حضرت داؤد فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

ہندو کافرین کو اپنے نفوس قدسیہ سے مہذب کرکے زمرہ ملائکہ میں داخل کرے گا اور اسیران ہوا و ہوس کو بایصال راستی آزاد کرے گا۔ اوہام وظنوں کے پھندے سے چھڑائے گا لیکن کفار واصل جہنم ہونگے אֱלֹהִים בְּצֵאתְךָ לִפְנֵי עַמֶּךָ בְּצַעְדְּךָ בִישִׁימוֹן: אֶרֶץ רָעָשָׁה אַף שָׁמַיִם נָטְפוּ מִפְּנֵי אֱלֹהִים זֶה סִינַי מִפְּנֵי אֱלֹהִים אֱלֹהֵי יִשְׂרָאֵל: اِلُوہیم بصیتخا لفنی عمّخا بصعدخا بیشیمون اِرص راعاشا اف شامایم ناطافو مپنی الوہیم زہ سینای مپنی الوہیم الوہی لسرائیل

لغات צֵאתְךָ صیت نکلنا با موحدہ جو اس کے پہلے ہے اس کے معنی ہیں وقت צַעַד صَعَد = نرم حرکت جیسے رینگنا، حرکت دودی בִישִׁימוֹן یشیمون = ویرانہ، بیابان جیسا موسیٰ کے یشر وبجن میں بھی گزرا (ترجمہ) اے سلطان اپنی قوم کے سامنے تیرے نکلنے کے وقت ویرانہ میں تیرے رینگنے کے وقت میں زمین متزلزل ہوگی تارے ٹوٹیں گے سلطان کے سامنے جیسے یہ سینا خدا معبود اسرائیل کے سامنے موسیٰ نے اپنے یشیروبجن میں بیان کیا ہے کہ وہ امام ملک ویران میں ہوگا جیسا اوپر ہم نے بیان کیا ہے وہی یشیمون کا لفظ حضرت داؤد نے اس مزمار میں استعمال کیا ہے تاکہ طبیعت موسیٰ کے کلام کی طرف متوجہ ہو۔ یہ اشارہ ہے پیغمبر کے زمان ولادت کی طرف جب آپ رحم آمنہ سے برآمد ہوئے اُس وقت لڑکوں کی حرکت دودی ہوتی ہے پس حضرت داؤد ہمارے پیغمبر کی طرف متوجہ ہو کے محبت سے کہتے ہیں کہ اے راجا جب تو اپنی قوم کے سامنے نکلے گا یعنی پیدا ہوگا اور ویرانہ یعنی ملک عرب میں دودی حرکت کرے گا یعنی پیدا ہوگا اُس وقت زلزلہ آجائے گا اور تارے ٹوٹیں گے چنانچہ جس رات کو ہمارے پیغمبر پیدا ہوئے ایسا زلزلہ آیا کہ چودہ کنگرے ایوان کسریٰ کے گر پڑے۔ اصنام کعبہ بلکہ تمام عرب کے بت اوندھے ہو گئے آگ جو مدتہائے دراز سے فارس میں بغرض پرستش روشن تھی گل ہو گئی مصرع

Marfat.com

تزلزل در ایوانِ کسریٰ فتاد

اصل مقصود اس زلزلہ سے تغیرات ہیں چنانچہ آپ کے وجود سراپا جود سے بڑے بڑے تغیرات حادث ہوئے۔ شریعت موسوی منسوخ ہوئی تمام ملکوں میں دین اسلام پھیل گیا عرب میں بلا شام ومصر وفارس وتوران وافغانستان میں بت پرستی کا نشان نہ رہا۔ بڑی بڑی بڑی سلطنت برباد ہوئیں۔ ایسا کسی پیغمبر کے وقت میں نہیں ہوا تھا اور تاروں کے ٹوٹنے سے مقصود یہ ہو کہ نزول وحی نہایت شدت سے ہوگا پھر بعد اُس کے بند ہو جائے گا۔ اگرچہ پیغمبر کی ولادت کی شب کو تارے بھی بکثرت ٹوٹے تھے۔ عرب کے ملک کو اس وجہ سے بھی ویرانہ کہا ہو کہ وہاں بت پرستی جاری تھی و دیانت داری وخدا پرستی بعد زمان اسمٰعیل سے کبھی نہ تھی۔ یہاں ایک سر ہو جسے ذکر کرنا مناسب ہو وہ یہ ہو کہ حضرت داؤد نے اس زبور میں لفظ الوہیم اختیار کیا ہو جس کے معنی سلطان و ملک ہیں اور حضرت موسیٰ نے لفظ ایل باعث اس کا یہ ہو کہ الوہیم بحساب ابجد ۹۲ ہوتا ہو کہ وہی عدد محمدؐ کے ہیں۔ آپ بادشاہ بھی تھے اور نام آپ کا محمدؐ تھا اور عبرانی میں گو الوہیم کی کتابت بلا واو ہو لیکن اس کے مفرد میں واو ضرور ہو الوہ ثقل کی وجہ سے واو گر گیا۔ شعر

یارب صل وسلم دائما ابدا ‌ ‌ ‌ ‌ علی نبیک خیر الخلق کلھم

یہاں تک آیات اس مزمور کے جو موسیٰ کے مزمور سے متعلق تھے وہ تو ہم نے لکھدیا باقی کی تفسیر کا یہ مقام نہیں۔ اس لئے چھوڑ دیتے ہیں اور پھر موسیٰ کے کلام کی طرف متوجہ ہوتے ہیں כְּנֶשֶׁר יָעִיר קִנּוֹ + עַל־גּוֹזָלָיו יְרַחֵ
ף + יִפְרֹשׂ כְּנָפָיו : יִקָּחֵהוּ : יִשָּׂאֵהוּ עַל־
אֶבְרָתוֹ + کِنِیشِر یاعیر قِنّو ؛ عَل گوزالاوْ یرحیف : یفرُوس کِناٗ فاوْ یقّاحیہا : یِسّاٰ ایہو عَلْ ابراتوْ۔ لغات נֶשֶׁר نیشر معنی نسر یعنی گدھ יָעִיר یاعیر مادہ اس کا עוּר عور ہو بمعنی بیداری۔ یہاں صیغہ مضارع ہو

باب افعال سے معنی جگانا مجازاً ہوشیار کرنا جیسے پرند اپنے بچّوں کو ہوشیار کرتے ہیں קִנּוֹ
قِین معنی گھونسلا کبھی اس کا اطلاق بچّوں پر ہوتا ہی جب اُن میں استعداد اُڑنے کی آجائے بلکہ
بچّے کو کہتے ہیں עַל عَلْ مثل عربی علی کے معنی پر ہی גּוֹזָלָיו گوزال معنی
فرخ یعنی چھوٹا بچّہ جس کے پر پرزے ہنوز درست ہوئے ہوں יְרַחֵף یرحیف
اس کا مادہ רחף رَاحف ہی جنبش خصوصاً جنبش کرنا طیور کا اپنے بچّوں پر
יִפְרֹשׂ یفروس مادہ اس کا פרשׂ فارس ہی معنی پھیلانا
כְּנָפָיו کاناف عربی جنح یعنی بازو יִקָּחֵהוּ یقّاحیھو مادہ اس کا
לקח لاقح ہی معنی لے لینا یعنی اخذ گرفتن یہاں صیغہ مضارع ہی הו
ہو ضمیر غائب جو پھرتی ہی ایل اِموتہ کی طرف יִשָּׂאֵהוּ یسّاٗہو مادہ اس کا
נשׂא ناسا معنی اُٹھا لینا یہاں صیغہ مضارع ہی אֶבְרָתוֹ ابراسہیر۔
(ترجمہ) جیسے نسر اپنے بیٹوں کو ہوشیار کرتا اور بچوں پر جنبش کرتا ہی اسی طرح اپنے
ڈینوں کو پھیلا کے اُسے لے لے گا اور اُس کو اُٹھائے جائے گا۔ اپنے شہپر پر یہ اشارہ ہے
حالت معراج و زمان ہجرت کی طرف یعنی جس طرح نسر اپنے بچوں کو ہوشیار کرتا ہی تو ایک
درخت سے دوسرے پر اور ایک پہاڑ سے دوسرے پر لئے پھرتا ہی اُسی طرح اللہ جل شانہ
اُس پیغمبر امام کو معراج دے گا۔ پھر کفار کے غلبہ سے اُسے مدینہ منورہ میں اپنی کارسازی و
حکمت سے پہونچا دے گا۔ جب کفار نے آپ کے قتل پر متفق الراے ہو کے آپ کے مکان کو گھیر لیا
کسی طرح وہاں سے نکلنا ممکن نہ تھا تو آپ نے حسب ہدایت ربانی ایک مٹھی خاک کافروں پر
پھینکی جس سے آپ کافروں کو نظر نہ آئے اور وہاں سے نکل گئے جس کی حکایت مَا رَمَیْتَ
اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی سے کرتا ہی پھر حضرت ابوبکر صدیق کو لے کر اُس غار
ثور تار میں جا بیٹھے اور فرمایا لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا پھر سانڈنی پر سوار ہو کو بلازاد
توشہ جو اس قدر مسافت دور دست کے لئے کفایت کرے روانہ مدینے ہوئے پھر سراقہ نے

Marfat.com

تعاقب کیا وہ مع اپنے گھوڑے کے زمین میں دھنس گیا ہر طرح کی بلا سے آپ محفوظ رہ کر مدینہ منورہ میں پہونچ گئے۔ اسی وقت کی حکایت حضرت موسی بزبان جبرئیل بیان کر رہے ہیں اور شب معراج میں بھی آپ مسجد حرام سے بیت المقدس تک طرفۃ العین میں پہونچ گئے تھے جس کا آیت تورات میں بیان ہے۔ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْریٰ بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی : اس آیت تورات کو یاد دلاتا ہے فتدبروا یا اولی الابصار یہود اس آیت کو بنی اسرائیل کی شان میں کہتے ہیں کہ خدا اُن کو چالیس برس ملک عرب میں لئے پھرا پھر اُن کو ملک شام میں پہونچایا۔ لیکن اس میں یہ قباحت ہے کہ وقت نزول اس آیت کے یہ معاملات بنی اسرائیل طے ہو چکے تھے۔ وے سرحد شام تک پہونچ گئے تھے اور یہاں بیان بصیغہ مستقبل ہے۔ لہذا منطبق نہیں۔ : יְהוָה בָּדָד יַנְחֶנּוּ
וְאֵין עִמּוֹ אֵל נֵכָר —— یہوا بادد ینحنو: واین عمو ایل نخارہ

لغات בָּדָד باداد معنی تنہا جیسے لبدّ و اور بے خوف و خطر : יַנְחֶנּוּ ینحنو مادہ اس کا נָחָה ناحا ہے جس کی معنی ہیں سوق و چلانا مجازاً لے جانا پہونچانا یہاں صیغہ مضارع ہے (ترجمہ) خدا بے خوف و خطر اُسے چلائے گا اور اُس کے ساتھ اجنبی معبود نہ ہوگا۔ مقصود یہ ہے کہ اُس کی شریعت و حکم و فرمان اُس کا بلا معارض و مخالف جاری ہوگا چونکہ اب کوئی شریعت ہونے والی نہیں تو اُس کی شریعت بلا تعارض ہے اور اُس کے ساتھ اجنبی معبود نہ ہوگا یعنی اُس کے ملک میں سوائے خدا پرستی کے اور کسی کی پرستش نہ ہوگی جیسا کہ تمامی ملک عرب میں مشاہد ہے۔ رشّی میں اس کی تفسیر یہ لکھی ہے کہ خدا نے اُن کو یعنی بنی اسرائیل کو تنہا و بے خوف بیابان میں چلایا اُس کے ساتھ اجنبی معبود نہیں یعنی دوسرے معبودوں میں یہ قوت نہیں کہ اُس کا مقابلہ کریں بعد اُس کے کہتا ہے کہ اکثر علماء اس کی تفسیر آئندہ کے لئے کرتے ہیں کہ یہ آئندہ ہوگا اس کے یہ بھی معنی ہوتے ہیں کہ وہ امام تنہا خدا کی پرستش دنیا میں پھیلائے گا اُس کے توابع ہرگز کسی دوسرے کی پرستش نہ کریں گے چنانچہ مسلمانوں کا اب تک

Marfat.com

یہی خیال ہے۔ ہر جاہل نادان بھی یہی خیال رکھتا ہے: יַרְכִּבֵהוּ עַל-בָּמֳתֵי
אָרֶץ וַיֹּאכַל תְּנוּבֹת שָׂדָי:
یَرْکِبھو عَلْ بَاموتی اَرِص: وَیُّوخَل تنُوبوث شا دای۔

لغات יַרְכִּבֵהוּ یَرْکِبھو مادّہ اس کا רָכַב راخاب ہے
بمعنی رکوب یہ مضارع ہے باب افعال سے معنی اُسے چڑھاوے گا בָּמֳתֵי
بَاموتِ جمع ہے בָּמָה باماں جس کے معنی ہیں اونچی جگہ یہ شامل ہے پہاڑ وغیرہ جملہ
مقامات عالیہ کو תְּנוּבָה تنُوبا پیداوار دانہ ہو یا پھل۔ تنُوبوث جمع ہے۔
שָׂדֶה سادِہ کشت زار (ترجمہ) اللہ چڑھاوے گا اُسے دنیا کی بلندیوں پر
اور وہ ہماری کشت زار کا پیداوار بھی کھائے گا یعنی ملک شام پر بھی اُس کا قبضہ ہوگا عجب نہیں
کہ مقصود اس سے یہ ہو کہ جملہ کمالات بنی اسرائیل مثل نبوت وغیرہ وہ لے لے گا اور اگر جبرئیل کے
قول کو لحاظ کریں تو مقصود یہ ہوگا کہ صفات ملکوتی اُس میں ہوتے۔ ربّی سلیمان نے لکھا ہے کہ دنیا
کی بلندی سے مقصود ملک شام ہے کہ وہ تمام دنیا سے بلند ہے اور پیداوار کشت زار سے وہاں کے
میوے וַיֵּנִקֵהוּ דְבַשׁ מִסֶּלַע וְשֶׁמֶן מֵחַלְמִישׁ
צוּר: وَیّنیقِیھو دِبَش مِسّلَع: وَشِمِن میحَلامِیش صور

لغات וַיֵּנִקֵהוּ ینیقیھو صیغہ مضارع ہے اس کا ماضی הֵינִיק
ہینیق مادّہ יָנַק یانق سے جس کے معنی ہیں پینا۔ یہاں باب افعال ہے
معنی پلانا דְּבַשׁ دِبَش شہد اس سے عربی دبس نکلا ہے סֶלַע
سِلَع پتھر שֶׁמֶן شمن چربی روغن وتیل חַלָּמִישׁ
حَلّامِیش صور چٹان (ترجمہ) پلائے گا اُسے شہد پتھر سے اور روغن چٹان سے مضمون تو
اس کا واضح ہے کہ وے مقامات کہ خشک ہیں اُس میں پیداوار نہیں ہے وہاں سے بھی اُس کو
نفع ہوگا اور سِلَع نام ہے ایک موضع کا جو درمیان بحر الملح اور طور کے واقع ہے۔ اب اُسے

Marfat.com

وادی موسیٰ کہتے ہیں کیا عجب ہے کہ اُس کی فتوح کی طرف اشارہ ہو اور خلاٗیش صور سے اشارہ ہو دومۃ الجندل کی لڑائی کی طرف : חֶמְאַת בָּקָר וַחֲלֵב צֹאן עִם־חֵלֶב כָּרִים וְאֵילִים :

لغات חֶמְאָה حماۃ - مکھن گزنیس نے اُس کے معنی دہی اور پنیر لکھا ہے חָלָב حالاب חֲלֵב حلیب معنی حلیب یعنی دودھ חֵלֶב حلب - روغن وخلاصہ وجوہر בָּקָר باقار معنی بقرہ یعنی گائے צֹאן صُون ضان بھیڑ כָּרִים کاریم جمع ہے כַּר کر کی ہے جس کے معنی ہیں بھیڑ خصوصاً جو فربہ ہو اور اُون کو بھی کہتے ہیں مجازاً اور ڈیل کو بھی کہتے ہیں אַיִל ایل مینڈھا اس کی جمع אֵילִים ایلیم ہے - (ترجمہ) دے گا اُس کو خدا گائے کا مکھن اور بکری کا دودھ مع چرب بیش معنی واضح ہیں - لیکن مراد گائے کے مکھن سے ملک مصر ہے کہ وہاں پرستش گائے کی ہوتی تھی اور اگر ہند بھی شامل ہو تو بعید نہیں اور بھیڑ سے مقصود حبشہ و نوبہ وغیرہ ہے - رشی میں لکھا ہے کہ یہ پیشین گوئی زمان سلیمان علیہ السلام پر ہے בְּנֵי־בָשָׁן וְעַתּוּדִים עִם־חֵלֶב כִּלְיוֹת חִטָּה :

بنی باشان وعتودیم : عم حلب کلیوث حطہ لغات בְּנֵי־בָשָׁן بنی باشان کوئی قسم کی بکری ہے جو ملک تبت وتاتار میں ہوتی ہے اُس کے روئیں کا دوشالہ بنایا جاتا ہے עַתּוּד عتود - بکرا عربی عتود - חִטָּה حطہ - گندم عربی حنطہ כִּלְיוֹת חִטָּה کلیوث حطہ کوئی قسم گیہوں ہوتا ہے عمدہ (ترجمہ) دے گا اُس کو بنی باشان اور بکری ساتھ مائدہ کے مقصود اس سے ملک تبت وتاتار وہندوستان ہے - ربی سلیمان کہتا ہے کہ یہ سلیمان علیہ السلام کے وقت میں تھا کہ وے گیہوں کی روٹی کھایا کرتے تھے اونقلوس نے

Marfat.com

جو اس مقام پر ترجمہ کیا ہے مضمون اُس کا یہ ہے کہ اُن کی سلطنت بڑی ہوگی וְדַם-עֵ
נָב תִּשְׁתֶּה חָמֶר׃ וַיִּשְׁמַן יְשֻׁרוּן וַיִּבְ
עַט ۔ وِدَم عیناب تشتہ حامر؛ ویشمن یشورون ویبعط ۔

لغات דָּם دم معنی خون עֵנָב عیناب عربی عنب یعنی انگور
תִּשְׁתֶּה تشتہ پیگا חָמֶר حامر عبرانی زبان میں یہ لفظ کسی معنی میں
مستعمل نہیں چنانچہ ربی سلیمان یرچی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ یہ لفظ کسی شے کے واسطے
موضوع نہیں ہے مقصود اس سے وہ چیز ہے جس کا مزہ اچھا ہو۔ مادہ اس کا חמר
حامر ہو سکتا ہے اس مادہ کے چند معنی آئے ہیں اول جوش کھانا جیسے عربی خمرا سے
חֶמֶר حمر بمعنی شراب یعنی خمر مشتق ہے لیکن یہ لفظ کلدی میں کثیر الاستعمال ہے
عبرانی میں اس معنی میں دو جگہ بتاتے ہیں ایک یہیں جو نزاعی ہے دوسری اشعیا باب ۲۷
آیت ۲ میں آیا ہے لیکن خمر کو عبرانی میں יַיִן یاین کہتے ہیں اور کلدی میں حمرا اور
اور حمیر رشی میں تفسیر آیت ہذا میں لکھا ہے کہ حامر شراب بزبان کلدی اس سے بھی نکلتا ہے کہ
اس معنی میں یہ لفظ عبری میں مستعمل نہیں۔ دوسرے معنی اس مادہ کے سرخ ہونا مثل عربی حمرۃ کے
اسی سے חֳמַרְמַר حمرمر بمعنی احمرار نکلا ہے اس مادہ سے صرف دو اسم
عبری میں مستعمل ہے חֵמָר حیمار یہ لفظ مقامات متعددہ میں آیا ہے اس کے اصل
معنی گارہ معلوم ہوتے ہیں چنانچہ ربی سلیمان یرچی نے پیدایش باب ۱۴ آیت ۳ کی
اس فقرہ میں וְעֵמֶק הַשִּׂדִּים בֶּאֱרֹת בֶּאֱרֹת
חֵמָר׃ ——— ۔ وَعمق ہسدیم بیروث بیروث حیمار ترجمہ
(ترجمہ) اور وادی زرع میں حیمار کے چشمے تھے تفسیر جو لکھی ہے اُس سے ہم نقل
کرتے ہیں בְּאֵרוֹת הַרְבֵּה הָיוּ שָׁם שֶׁנּוֹטְ
לִים מִשָּׁם טִיט שֶׁל בִּנְיָן׃

Marfat.com

(ترجمہ) بہت چشمے وہاں تھے کہ اُٹھالے جاتے ہیں وہاں سے عمارت کے گارے کے لئے
حمار کو طیط سے بیان کیا ہی۔ عربی میں جسے ضویطہ کہتے ہیں وہ عربی میں گیلی مٹی کو کہتے ہیں
لیکن ایسا معلوم ہوتا ہی کہ وہ کوئی خاص قسم کی مٹی ہی جس کا گارہ عمدہ ہوتا ہی اُس کے چشمے
نواح بابل اور بحرالملح کے اطراف میں بہت تھے وہ قسم دلدل ہوگا یہی قدرتی گارہ دیکھ کے
شہر بابل کی بنا پڑی تھی۔ تیسرے لفظ חמר حومر ہی اس کے معنی ہیں گچ کرنا
کہگل لگانا، لیپنا۔ ربی سلیمان نے اُس کا ترجمہ טוח طوُوَح سے کیا ہے
طوُوَح کے معنی وہی ہیں جو ہم نے اوپر لکھا ہی اس کے معنی جوشش آب و موج بھی آئے ہیں
اس کے معنی ڈاسر بھی ہیں اور کوئی پیمانہ بھی ہی۔ لیکن حامر کا پتا نہیں لگتا۔ اس لئے اس
آیت کے معنی میں دقت ہی۔ یہود و نصاریٰ جو اس آیت کے معنی کہتے ہیں وہ قابل التفات
نہیں۔ الفاظ اور سیاق کلام سے مربوط نہیں اس لئے جو کچھ بادی النظر میں معلوم ہوتے ہیں
اُسے لکھدیتے ہیں حامر کے معنی یا گدھے کے ہونگے کیونکہ عبرانی میں گدھے کو حمور کہتے ہیں
مادہ دونوں کا ایک ہی ایسی صورت میں یا تو گدھا اپنی اصل پر ہوگا یا اس سے مجازاً مراد عرب
ہونگے جو جہالت وحماقت میں ضرب المثل تھے اور خون انگور سے یا مقصود اُس کا شیرہ ہوگا
یا شراب۔ پس معنی یہ ہونگے کہ شیرہ انگور گدھے پئیں گے۔ خواہ عرب جو کچھ ہو مقصود یہ ہی
کہ اس امام کے وقت میں ملک فارس پر قبضہ عربوں کا ہوجائے گا۔ چنانچہ حضرت عمرؓ کے
وقت میں یہ بات پوری ہوئی۔ مدت دراز سے اہل فارس کا قبضہ ملک عرب پر تھا چنانچہ
یمن میں ایک حاکم کسریٰ کی طرف سے رہتا تھا۔ اس پیغمبر کے وقت میں معاملہ بالعکس ہوگیا۔
فارس سے بہتر انگور روئے زمین پر نہیں اس لئے انگور سے کنایہ ملک فارس ہی۔ یا یہ معنی
ہوں گے کہ شراب اُس وقت حرام ہوگی یا حامر معنی حومر ہو جس کے معنی ہیں گارہ کیچڑ۔
معنی یہ ہونگے کہ شراب اُس وقت گارے میں پڑے گی یعنی حرام ہوگی۔ چنانچہ ایسا ہوا
شراب کے گھڑے آنحضرت کے وقت میں توڑے گئے۔ جس سے زمین بالکل شراب کا گارہ

Marfat.com

ہوگئی تھی۔ واللہ اعلم بالصواب۔ یہ ویسا ہی ہے جیسا حضرت یعقوبؑ نے کہا ہے اُوسری لُگیغن
عیرہ جس کی شرح اوپر گزری ہے۔ یہاں تک زمان پیغمبر کی خبر تھی اب یہاں سے بنی اسرائیل کے
بارہ میں ہے۔ لغات جو اس آیت سے علاقہ رکھتی ہیں ؛ וַיִּשְׁמַן یشمن چکنا ہوگا۔
صیغہ مضارع ہے مادہ שָׁמֵן شامن سے جس کے معنی ہیں چکنا ہونا فربہ ہونا
יְשֻׁרוּן یشورون یہ نام ہے حضرت یعقوب کا جیسا اسرائیل ان اسماء سے
کبھی مسمیٰ مقصود ہوتا ہے اور کبھی قوم بنی اسرائیل پہلی قوم خدا پرست جو اپنے دین پر قائم و محکم تھے
یہی ہے یہ لفظ یاشار سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں راستی و دینداری۔ اس وجہ سے بھی ان کا نام
قرآن میں عزیر آیا ہے کیونکہ عزیر کے معنی توقیف علی الدین والاحکام بھی آئے ہیں۔ یہ لفظ
چار مقام پر آیا ہے۔ ایک یہیں، دوسرے اسی کتاب کے ۳۳ باب کے ۵ آیت و ۲۶ آیت
چوتھی اشعیا نبی کی ۴۴ باب کی ۲ آیت اونقلوس نے تمام اس کا ترجمہ اسرائیل کیا ہے ؛ וַיִּבְעָט
یبعط یہ صیغہ مضارع ہے۔ مادہ اس کا בָּעַט باعط ہے بمعنی لات مارنا۔ ترک کرنا۔
(ترجمہ) جب اسرائیل فربہ ہوگا تو لات مارے گا یعنی جب ہر قسم کی ترقی پائے گا تو احکام ربانی
کو ترک کرے گا۔ انتہائے ترقی بنی اسرائیل حضرت سلیمان کے وقت میں ہوئی بعد اُن کے کبر و نخوت
وغیرہ عیوب نفسانی سے بھر گئے ظلم و جبر کی انتہا نہ تھی بت پرستی اُسی وقت سے شائع ہوئی
بت خانے تعمیر ہوئے، صنم جس کا نام آشیرا تھا قائم کیا گیا۔ کہنہ اُس کی خدمت کے لئے مامور ہوئے
اس مصرعہ کے یہ معنی بھی ہیں اگر یعقوب یعنی بنی اسرائیل فربہ ہونگے اور اُس ایل یعنی پیغمبر کو
ترک کریں گے یعنی اُس کی اطاعت چھوڑ کر کفران کریں گے۔ اب یہاں سے حال
بنی اسرائیل کا ہے جو اُن کو ہونے والا تھا שָׁמַנְתָּ עָבִיתָ כָּשִׂיתָ
וַיִּטֹּשׁ אֱלוֹהַּ עָשָׂהוּ ؛ لغات שָׁמַנְתָּ
شامنتا تو سمین ہوا یعنی فربہ עָבִיתָ عابیتا۔ مادہ اس کا עָבָה
ہونا כָּשִׂיתָ کاسیتا مادہ اس کا כָּשָׂה کاساہے

Marfat.com

معنی فربہ ہونا مجازاً کہولت וַיִּטֹּשׁ یطّوش صیغہ مضارع ہے مادّہ اس کا
נָטַשׁ ناطش معنی چھوڑ دینا۔ (ترجمہ) جب تو موٹا ہوگا تجھ پر چربی چھا جائے گا
کاہل ہو جائے گا تو اپنے معبود کو جس نے تجھے بنایا ہے چھوڑ دے گا۔ یہ تاکید ہے فقرہ اول کی
کوئی نیا مضمون نہیں ہے (וַיְנַבֵּל צוּר יְשֻׁעָתוֹ׃ יַקְנִאֻהוּ בְּזָרִים) ویینبّل صور یشوعا توٗ
یقنیوٗ ہوٗ بزاریم (ترجمہ) اور اپنے نجات دہندہ کا کفران کریں گی اور اس کو ناراض
کریں گی بدعات سے בְּתוֹעֵבֹת יַכְעִיסֻהוּ׃ יִזְבְּחוּ
לַשֵּׁדִים לֹא אֱלֹהַּ ׃ ——
بتوعبوت یخعیسوٗہو ؛ یزبحوٗ لشّیدیم لوٗ الوٗہ (ترجمہ) مجبور سے اس کو غضب میں
لائے گی۔ شیاطین کے لیے قربانی کریں گے جو عبادت کے لائق نہیں یہ سب کچھ واقع ہوا
کتب تواریخ کے معائنہ سے عیاں ہے אֱלֹהִים לֹא יְדָעוּם חֲדָ
שִׁים מִקָּרֹב בָּאוּ ׃ —— الوٗہیم لوٗ یداعوم ؛
حداشیم مقّاروٗب بایوٗ (ترجمہ) نئے نئے معبود جسے وے نہیں جانتے تھے اطراف
سے آئیں گے یعنی بت پرستی، اصنام پرستان قرب وجوار سے سیکھیں گے לֹא
שְׂעָרוּם אֲבֹתֵיכֶם׃ צוּר יְלָדְךָ תֶּ
שִׁי = —— لوٗسعاروٗم ابوٗتیخم ؛ صور یلاد خاتشی۔ لوٗ حرف نفی ہے
جیسے عربی لا سعاروم کے آخر میں میم ضمیر مفعول ہے۔ سعارو کا مادہ سعر ہے جس کے اصلی
معنی ہیں تھرتھرانا۔ پھر خشوع تشی اس کا مادّہ شایہ ہے جس کے معنی ہیں سہو۔ عبرانی
میں سہا بھی سہو کو کہتے ہیں تشی صیغہ مضارع ہے۔ رشی میں اس کی تفسیر یہ لکھی ہے
לֹא שְׂעָרוּם אֲבוֹתֵיכֶם לֹא יָרְאוּ מֵ
הֶם לֹא עָמְדָה שַׂעֲרָתָם מִפְּנֵיהֶם
דֶּרֶךְ שַׂעֲרוֹת הָאָדָם לַעֲמֹד מִפַּחַד

Marfat.com

ויש לפרש עוד ש
ערום לשון שעירים הם שד
ים לא עשו אבותיכם שעירי
ם הללו:

لوسعارُوم اَبُوتیخم۔ لویرٔوہیم لوعامدا سعروثام یہنی ہم دِرخ سعروث ہا
آدام لعموُد میحمت یراہ ویش لفاریش عود سعارُوم لاشون سعریم ہم شیدیم
لوُعاسو ابوتیخم سعیریم ہلّالو۔ (ترجمہ) یعنی نہیں ڈرتے تھے اُن سے نہیں کھڑا ہوتا تھا
اُن کا بال اُن کی وجہ سے مطابق دستور مال کے خوف کی گرمی سے۔ اس کی تفسیر یوں ہے
لیکن اس کے معنی اور بھی ہیں کہ سعاروم بمعنی سعیریم ہے بمعنی شیاطین یعنی تمہارے آبا شیاطین
کی اتباع نہیں کرتے تھے۔ (ترجمہ) اُس کے سامنے خشوع نہ کیا تمہارے آبا نے اپنے
خالق کو تو بھول جائے گا بعض علماء یہود نے اس کی تفسیر کی ہے کہ جب آبا، تمہارے نے
بھلائی کے لئے اُس کی نافرمانی کی צור ילדך תשי +
وتشکح ایل محولالخا:
ותשכח אל מחללך :
وَیَّرہوا ویناٰص۔ **لغات** תשכח تشکح اس کا مادّہ שכח
شاخح ہے بھول جانا۔ چھوڑ دینا אל ایل سردار، بید اسماء حسنیٰ
سے بھی ہے۔ جیسا اوپر گزرا מחללך محولیل آزاد کرنے والا۔ مادہ اس کا
חלל حالل ہے یہ مادّہ چند معانی میں آیا ہے اوّل زخمی ہونا اسی سے
חלל حالال بمعنی مجروح وکشتہ ونعش مستعمل ہے ולבי חלל
בקרבי میرا دل باطن میں زخمی ہے חללי חרב
کشتہ سیف חללי רעב کشتگان قحط כי ימצא
חלל באדמה جب پایا جائے کشتہ زمین پر؛ متعدی

Marfat.com

اس کا חָלַל : حلّیل زخمی کرنا مجروح کرنا، قتل کرنا مجازاً بگاڑ دینا חִ
לֵּל اُس کا عہد توڑ دیا חִלֵּל בְּרִיתוֹ میں اپنا عہد نہ توڑونگا
לֹא אֲחַלֵּל בְּרִיתִי تیرا جمال بگاڑ دیں گے וְחִ
לְּלוּ יִפְעָתֶךָ دوسرے معنی اس مادہ کے ہیں پھونکنا جیسے قرنا
سنگھا بانسوری وغیرہ اسی سے חָלִיל حالیل بمعنی قرنا ماخوذ ہے הָעָ
ם מְחַלְּלִים בַּחֲלִלִים قوم بانسوری بن جاتی تھی ۔
تیسری معنی اطلاق و تشریح یعنی مطلق العنان کر دینا۔ چھوڑ دینا، آزاد کر دینا، عام کر دینا
חִלֵּל הַכֶּרֶם عام کر دیا انگور کو یعنی جو چاہے سو کھائے جیسا
اوقاف میں ہوتا ہے מִי הָאִישׁ אֲשֶׁר נָטַע כֶּרֶם
וְלֹא חִלְּלוֹ יֵלֵךְ וְיָשֹׁב לְבֵיתוֹ
פֶּן יָמוּת בַּמִּלְחָמָה וְאִישׁ אַחֵר
יְחַלְּלֶנּוּ : (ترجمہ) جس آدمی نے انگور لگایا ہو اور اُس کو
فی سبیل اللہ نہ کیا ہو تو وہ اپنے گھر لوٹ آئے مبادا وہ جنگ میں مارا جائے اور دوسرا
فی سبیل اللہ کرے۔ شریعت موسیٰ میں یہ حکم تھا کہ جو کوئی نیا درخت لگائے تو جب تیار ہو
تو تین سال تک اُسے فی سبیل اللہ کر دے کہ جو کوئی چاہے اُس کا پھل کھائے بعد اس کے
اپنے صرف میں لائے اسی بنا پر یہ حکم ہے ایسا ہی ۲۸ باب کے ۳۰ آیت میں بھی ہے
ارمیا باب ۳۱ آیت ۵ میں بھی ایسا ہی ہے אַל תְּחַלֵּל אֶת-
בִּתְּךָ לְהַזְנוֹתָהּ : (ترجمہ) اپنی لڑکی کو بے قیدمت کر دے
زناکاری کے لئے וּבַשָּׁנָה הָרְבִיעִת יִהְיֶה כָּ
ל-פִּרְיוֹ קֹדֶשׁ הִלּוּלִים לַיהוָה :
اور چوتھی سال اُس کا کل پھل صدقہ ہوگا۔ عام خدا کے واسطے یعنی جو چاہے کھائے۔

Marfat.com

האשה זונה וחללה عورت زانیہ اور ہرجائی קד
ש הוא לכם מחלליה מות יומ
ת : (ترجمہ) وہ تمھارے لئے مخصوص العبادت ہی اُس کا عام کرنے والا
قتل ہوگا۔ سب کے بارہ میں یہ حکم ہی וקדשתי את ש
מי הגדול המחולל בגוים אשר חללת
ם בתוכם : میں اپنے بڑے نام کو جو قوموں میں
عام ہی یعنی ذلیل جس کو تم نے اُن میں عام کیا ہی پاک کردں گا یعنی عزیز و گرامی کروں گا

ויחלו מעט ממשא מלך :
آزاد ہوجائیں گے کسی قدر بادشاہ کے بار سے یعنی ظلم سے۔ اس مادّہ کے اور
بہت معنی ہیں۔ کہاں تک لکھوں תשי تِیاص صیغہ مضارع ہے
مجرو سے ماضی اس کا נשה ناص ہی معنی اُس کے ردکرنا چھوڑ دینا
ترک کرنا (ترجمہ) اور تو بھول جائے گا اپنے پیدا کرنے والے حاکم کو یہ خدا دیکھ کے
مردود کرے گا۔ ایسا ہی رشی میں بیان ہوا ہی۔ لیکن اگر مُحولیل کے معنی مارنے والے
کے ہوں تو بعید نہیں מכעס בניו ובנותיו
: ויאמר אסתירה פני מהם : אראה
מה אחריתם כי דור תהפכת ה
מה : ——— مکعس بانا وو بنوتا و ÷ وَیُومر استیرا پانا می مہم ÷
ارئی ما اَحر شیام کِی دُور تہچوخُوث ہیمّا لغات כעס :
کعس غیظ و غصہ و رنجش אחרית اَحریث۔ عاقبت انتہا۔
תהפכה تہپوُخا عکس تبدیل (ترجمہ) بنین و نبات کی رنجش سے
کہے گا کہ اپنا مونہہ اُن سے چھپالیں۔ ہم دیکھیں اُن کی عاقبت کیا ہی کہ دور معکوس ہیں

Marfat.com

وے لوگ בָּנִים לֹא אֵמֻן בָּם ׃ הֵם קִנְאוּנִי בְלֹא אֵל ׃ כִּעֲסוּנִי בְּהַבְלֵיהֶם ׃ וַאֲנִי אַקְנִיאֵם בְּלֹא עָם ׃

بانیم لو امین بام * ہیم قنئونی بلو ایل * کیعسونی بہبلیہم * وانی اقنیئم بلو ایل

(ترجمہ) ایسی لڑکی کہ اُن میں ایمان نہیں۔ اُنھوں نے مجھے آزردہ کیا۔ باطل معبود سے مجھکو رنج دیا۔ اپنے لغویات سے میں اُن کو رنج دونگا۔ مبتذل قوم سے مقصود اہی ارض کسیدیم یعنی سلطنت عراق ہے۔ مراد زمانہ بخت نصر ہے جس کا دارالسلطنت شہر بابل تھا یہی دارالسلطنت نمرود کا بھی تھا۔ بہت پُرانا شہر تھا۔ بغداد کے متصل حضرت ابراہیمؑ اور نمرود میں مخالفت مذہبی بیں پیدا ہوئی اس وجہ سے وہ حضرت ابراہیم کو بہت تکلیف دینے لگا ۳۱۸ یہاں تک کہ اُن کو آگ میں ڈال دیا بالآخر حضرت ابراہیم نے وہاں سے ہجرت کی پھر تین سو اٹھارہ آدمی کے ساتھ مقابل ہوئے اُس جنگ میں نمرود مارا گیا۔ یہ لڑائی جنگ بدر سے اشبہ ہے ابوجہل سنگدلی میں نمرود سے کم نہ تھا پھر حضرت موسیٰ کے دور میں حضرت ابراہیمؑ کی اولاد کو بڑا غلبہ ہوا۔ بالکل حصّہ سلطنت نمرود کا اُن کے قبضہ میں آگیا پھر بعد مدت دراز بخت نصر کے زمانہ میں پھر اہل بابل نے قوم بنی اسرائیل کو جو حضرت ابراہیمؑ کی اولاد میں تھے برباد کیا انواع انواع ظلم سے پیش آئے۔ پھر جب زمانہ حضرت محمد صلعم کا آیا تو حضرت ابراہیم کی اولاد نے ایسا غلبہ پایا کہ کبھی نہ ہوا تھا۔ قوم صابی بالکل نیست ونابود ہوگئی اور یہ تا قیامت باقی رہے گا۔ اس آیت میں بنی اسرائیل کا ضعیف الایمان ہونا بیان ہوا۔ فی الواقع وے ایسے تھے باوجودیکہ حضرت موسیٰ کے وقت میں کیسے کیسے معجزات و آیات دیکھے تھے لیکن چالیس دن کی مفارقت میں گوسالہ بنالیا پھر تا زمان یوشع بن نون اور کچھ دن تک بعد اُن کے اپنی شریعت پر قائم رہے۔ بعد ازاں برابر بت پرستی کرتے رہے۔ کبھی کبھی انبیاء کے افہام وتفہیم سے درست ہوجاتے تھے۔ تھوڑے دنوں

Marfat.com

بعد بدل جاتے تھے تا زمان بخت نصر ہی اولٹ پھیر لگا رہا۔ اس لئے خدا اُن کو دُور معکوس
کہتا ہی בְּגוֹי נָבָל אַכְעִיסֵם׃ כִּי־אֵשׁ
קָדְחָה בְאַפִּי וַתִּיקַד עַד־שְׁאוֹל
תַּחְתִּית וַתֹּאכַל אֶרֶץ וִיבֻ
לָהּ׃ ــــــــــ بگوی نابال اخعیسیم ؛ کی ایش قادِحا باپی ؛
و تیقد عد شئول تحتیث ؛ و توخل ارِص وِیبُولاہ (ترجمہ) کا فر قوم سے اُن کو
تنگ کریں گے (مفسرین لکھتے ہیں کہ اس سے قوم بخت نصر مقصود ہی) جب آگ بھڑکے گی میرے
مونھ سے تو مشتعل ہوگی تحت الثریٰ تک اور جلا دینگے ملک اور محاصل کو ملک سے
مراد ملک شام ہی جیسا مفسرین لکھتے ہیں וַתְּלַהֵט מוֹסְדֵי הָרִים׃
אַסְפֶּה עָלֵימוֹ רָעוֹת חִצַּי אֲכַלֶּה־
בָּם׃ מְזֵי רָעָב וּלְחֻמֵי רֶשֶׁף
וְקֶטֶב מְרִירִי וְשֶׁן־בְּהֵמוֹת אֲשַׁלַּח־
בָּם׃ وَتلَہیط مُوسدِی ہاریم ؛ اَسپہ عالیمو راعوث
حصی اکلابام مزی راعاب ولحومی رشِف و قطب مریری ؛ وِشن بہیموث
اشلّح بام۔ **لغات** וַתְּלַהֵט تلہیط مادہ اس کا לָהַט
لہط ہی معنی اس کے تشعل ہیں מוֹסָד مُوسا داساس אַסְ
פֶּה اسپہ مادہ اس کا סָפָה سافا ہی معنی ہیں محو کرنا اور
اضافہ کرنا רָעָב راعا برای زبونی רעב جیس تیر מְזֵה
مازہ خستہ۔ ربی سلیمان یرحی نے מְזֵה רָעָב میری راعاب
کی تفسیر میں שְׂעִירֵי רָעָב سعیری راعاب لکھا ہی یعنی
جن کے بدن پر بال نکل آئے ہوں یعنی بہ سبب پریشانی و تباہی کے بال بڑھ گئے ہوں

Marfat.com

وּלְחֻמֵי רֶשֶׁף : لحومی رِشف لحوم معنی غذا چنانچہ لحم روٹی کو
کہتے ہیں اور گوشت کو بھی کہتے ہیں مثل عربی لحم کے ۔ رِشف معنی شعلہ و برق וְקֶטֶב
یقیطب اس کا مادہ קֶטֶב قطب ہے جس کے معنی ہیں کانٹا ۔ قیطب کے معنی
گرچہ نہیں وبا لکھے ہیں لیکن اس کے معنی موت و عاقبت ہی ہوتے ہیں מְרִ
ירִי : مریری معنی تلخ (ترجمہ) پھر مشتعل ہوگی پہاڑوں کی جڑ اضافہ
کریں گے ہم اُن پر بُرائیاں اپنی تیر اُن پر تمام کریں گے خستگان خواہ مفلسان اور غذائے
شعلہ ہوا یعنی دھوپ جلوں کو اور عاقبت تلخ اور دندان بہائم کو اُن پر چھوڑیں گے پہاڑو
کی جڑ سے مقصود مکہ کا پہاڑ ہے کیونکہ وہ مسکن آدم ابوالبشر کا تھا اور اُس کی تشتعل سے
مقصود زمانِ بعثتِ پیغمبر آخرالزمان ہے جیسا کہ لکھا ہے הוֹפִיעַ מֵהַר
פָּארָן : فاران کے پہاڑ سے سخت تجلی ہوگی ۔ چنانچہ اوپر گزرا
اور خستگان مفلسان سے مقصود عرب ہیں کہ اُن کا ملک خشک وغیر ذی زرع ہے اور
غذائے شعلہ و دھوپ کے جلوں سے بھی مراد عرب ہیں کہ اُن کے ملک میں سموم جو مثل
شعلہ ہوتے ہیں بیشتر چلتی ہے اور دندان بہائم سے مقصود حکام ظالم ہیں مطلب یہ ہے کہ
قبل دورِ اسلام سلاطین کفار مثل بخت نصر وغیرہ کے ہاتھ سے جو کچھ اُن کی بداعمالی کی
سزائیں ہوتی ہیں وہ ہونگی پھر دور اسلام سے جو اسلام قبول کریں گے وے جملہ رنج و آلام و
ذلت و مسکنت و قتل و نہب سے محفوظ رہیں گے اور جو اتباع اسلام نہ کریں گے اُن پر
عرب اور حکام ظالم متعین ہونگے ۔ قبل دورِ اسلام جو سزائیں اُن کی ہوئیں وہ اس دنیا
کے ساتھ متعلق تھیں بوجہ اتباع ملت اُس کا اثر عاقبت پر نہ تھا اب بوجہ انکار فرمانِ
الٰہی جو بذریعہ ہمارے پیغمبر کے بھیجا گیا تلخی عاقبت بھی اضافہ ہوئی ۔

וְשֶׁן־בְּהֵמֹת אֲשַׁלַּח־בָּם עִם־חֲמַת
זֹחֲלֵי עָפָר : מִחוּץ תְּשַׁכֶּל־חֶרֶב

Marfat.com

בָּחוּר גַּם בְּתוּלָה : חֵמַת :

حُمَتْ - گرمی و سمیت זֹחֲלֵי עָפָר زُحلی عافار - حشرات الارض
מִחוּץ حوص باہر מֵחֲדָרִים حداریم - اندر תְּשַׁכֶּל
تِشَکّیل مادّہ ثکل ہی عربی ثکل - ماتم کرنا חֶרֶב حرب - تلوار אֵימָה
اِیما - خوف، ڈر בָּחוּר باحور - نوجوان گبھرو בְּתוּלָה
بِتولاَ بتول بکر (ترجمہ) ساتھ سمیت حشرات الارض کی باہر سے فنا کرے گی
تلوار اور اندر سے خوف گبھرو اور بکر کو יוֹנֵק עִם־אִישׁ
שֵׂיבָה׃ אָמַרְתִּי אַפְאֵיהֶם׃ אַשְׁ
בִּיתָה מֵאֱנוֹשׁ זִכְרָם׃ לוּלֵי כַּ
עַס אוֹיֵב אָגוּר ׃ یُونیق عِم اِیش سیبا ؛
آمَرتی اَفئیھِم ؛ اَشبِیتا مِانوش زِکرام ؛ لُولی کَعَس اُویب آگور יוֹ
נֵק یونیق - طفل شیرخوار אִישׁ שֵׂיבָה׃
سیبا ایش سیبا - مرد پیر אַפְאֵיהֶם آفای مادّہ اس کا פָּאָה
فَاآہی معنی صدمہ پہونچانا (ترجمہ) شیرخوار مع مرد پیر کہا میں نے کہ اُن کو مجروح
کردوں مٹادوں انسان سے اُن کا ذکر اگر دشمن کا غصّہ شامل نہ ہوتا פֶּן יְנַ
כְּרוּ צָרֵימוֹ׃ פֶּן־יֹאמְרוּ יָדֵנוּ רָמָה׃
پِن یِنکّرُو صارِیمُو ؛ پِن یومرُو یادِینُو راما ؛ (ترجمہ) شاید اُن کے دشمن تجاہل کریں
شاید وے کہیں ہمارے ہاتھ دراز ہیں مقصود یہ ہے کہ ہمارے دل میں تھا کہ اس قوم ناہنجار
کو مٹادیں لیکن اس خیال سے نہیں مٹایا کہ مبادا اُن کے دشمن یعنی اقوام بت پرست اور
وے خود کہیں کہ ہمارے ہاتھ دراز ہیں یعنی خدا نے جو کچھ اُن پر مہربانی کیا اُس کو وے

Marfat.com

اپنی طرف نسبت کریں اور جو کچھ خدا نے اُن کی سزا کیا اُن کے دشمن اُس کی نسبت اپنی طرف کریں

ולא יהוה פעל כל זאת = כי
גוי אבד עצות המה : ואין בהם
תבונה = לו חכמו ישכילו זאת :

وِلُوہیوا پاعل کُل زوث ؛ کی گوی اُبد عیصوت ہیّما ؛ وءین باہم تبُونا ؛ لوحاکمو یسکیلو زوث (ترجمہ) اور خدا نے یہ سب نہیں کیا ہو کیونکہ وے تو قوم نادان ہیں اور اُن میں کچھ فہم نہیں ہو یعنی بنی اسرائیل بھی احمق ہیں اگر اُن میں تمیز ہوتی تو وے سمجھتے یعنی یہ بات سمجھتے کہ جو کچھ خرابیاں اُن کو ہوئیں وے خدا کی جانب سے تھیں۔ یاداش اعمال اور جو مہربانی ہوئی وہ بھی خدا کی طرف سے ہوئی יבינו לאחרי
תם = איכה ירדף אחד אלף : ו
שנים יניסו רבבה : אם לא כי
צורם מכרם : ויהוה הסגירם :
כי לא כצורנו צורם : ואיבינו פלי
לים : כי מגפן סדם גפנם : ומשדמ
ת עמרה : ענבמו ענבי רוש : א
שכלת מררת למו : חמת תנינ
ם יינם :

یابینُو لاحرِیثام ؛ ایخا یردُف اِحاد الف ؛ وشنایم یانیسو ربابا ؛ ام لُو کی صوٗرام مخارام وِیہوا ہسگیرام ؛ کی لو کصور یتو صورام ؛ واو یبنو پلیلیم ؛ کی مگفن سدوم گفنام ؛ ومشدموث عمورا ؛ عنابیمو عینبی روش ؛ اشکلوث مروروث لامو ؛ حمث تنینیم یینام יבינו یابینو صیغہ مضارع ہو مادہ اس کا

אמן ین ہی معنی فہم وتصدیق وایمان אחריתם اَحریث معنی
انتہا۔ اخیر איכה ایخا۔ کیونکر ירדף یِردُوف صیغہ مضارع
ہی مادہ اس کا רדף رَدَف ہی بمعنی تعاقب אחד احاد معنی واحد
אלף اِلف معنی ہزار שנים شِنایم معنی اثنین دو
יניסו یانیسو صیغہ مضارع ہی۔ مادہ اس کا נוס نوس ہی بمعنی فرار
یہاں باب تفعیل سے ہی جو بمنزلہ افعال کی ہی רבבה رِبابا معنی دس ہزار
اور کبھی عدد کثیر کے لئے آتا ہی צורם صوُر کے معنی اوپر گزرے ہیں מכרם
مَاخر صیغہ ماضی ہی بمعنی بیع یعنی بیچنا خواہ خریدنا הסגירם ہِسگیر مادہ اس کا
סגר سغر ہی معنی بند کرنا قبضہ میں کر دینا פלילים پلیل۔ گناہگار
سزایاب ראש رُوش۔ تلخ درخت אשכלות اِشکول۔ خوشہ
جھونپا מררת مارور معنی تلخ חמת حمت۔ سم کف תנינים
تنّین۔ اژدر יין یین۔ شراب (ترجمہ) سمجھتی اپنی عاقبت (یعنی اگر
اُن کی تمیز ہوتی تو اپنی انتہا سمجھتی کہ اب یہ دَور ختم ہوگیا۔ اب دورحال کی جو خدا کی جانب سے ہی تبعیت کرنا چاہیئے
اور پیغمبر آخر الزمان جس کا اب دَور ہی اُس پر ایمان لانا واجب ہی نشانات نبوت جیسا موسیٰ میں تھے ویسے ہی اس
شخص موعود میں بھی ہیں پھر اُس کے نشان کو بیان کیا) کیونکر ایک تعاقب کرتا ہی ہزار کا اور دو بھگا دیتے
ہیں لاکھوں کو اگر اُن کے معبود نے اُن کو نہیں خرید لیا ہی تو ایسا کیوں ہی (یہ خدا بنی اسرائیل کو
جتاتا ہی کہ جیسے زمانہ قضاۃ میں بعض بعض لڑائیوں میں بنی اسرائیل نے تھوڑے آدمیوں سے تائید ربانی افواج
کثیرہ کفار پر فتح پائی اُس طرح اس رسول اور اُس کے خلفاء کے وقت میں مشاہد ہی یہ بلا تائید ایزدی عام طور
پر ہو نہیں سکتا کہ من فئة قلیلة غلبت فئة کثیرة ۔ غزوہ بدر میں ۳۱۳ تعداد مسلمانوں کی تھی اور
کفار ہزار سے اوپر تاہم کفار کو شکست فاش ہوئی۔ غزوہ مؤتہ میں تین ہزار لشکر اسلام تھا اور لشکر کفار لاکھ سے زیادہ
بتائید ربانی کفار نے شکست پائی۔ اس لڑائی میں آپ نے زید بن حارثہ کو سردار مقرر فرما کر یہ حکم دیا تھا کہ اگر

Marfat.com

یہ مارے جائیں تو جعفر بن ابی طالب سردار ہوں اور یہ بھی وے مارے جائیں تو عبداللہ بن رواحہ سردار ہوں بعد ازاں
مسلمان مشورہ کسی کو سردار کریں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ جب یہ تینوں سردار مارے گئے تو مسلمانوں نے خالد بن ولید کو
سردار کیا اور اُن کے ہاتھ سے فتح ہوئی۔ اس کی تفصیل کہاں تک لکھوں کتب تواریخ میں موجود ہے دیکھ لو۔ پس
بنی اسرائیل کو سوچنا تھا کہ ہمارا ہی معبود ان کے ساتھ ہے تو اُس کے احکام بدل وجان قبول کرنا تھا شریعت کے بدلنے
سے وہ ذات پاک نہیں بدلتی) اور خدا نے ان کو حوالہ کیا ہے (یعنی بنی اسرائیل یہ خیال نہیں کرتے کہ اُن کو جو
ایمان نہیں رکھتے اُن کے حوالہ کر دیا ہے۔ بلا تائید ربانی ایسی فتح ناممکن تھی) کیونکہ ہمارے معبود سے اُن کے
معبود نہیں ہیں اور ہمارے دشمن ہم پر حکومت رکھتے ہیں (یعنی بنی اسرائیل یہ خیال نہیں کرتے کہ ہمارے
دشمن یعنی بت پرست وغیرہ ہم پر حکومت رکھتے ہیں اس میں شبہ نہیں کہ بنی اسرائیل دوسری قوموں کے ساتھ مل کر
مسلمانوں سے لڑتے تھے حالانکہ مسلمان خدا پرست تھے یہ سب اُن کی حماقت کا بیان ہے) کیونکہ سدوم کے بیل سے
اُن کے بیل ہیں اور عمورا کی کھیت سے (یعنی قوم لوط کی طرح وے برباد ہونے والی ہیں اس لئے وے
مسلمانوں سے عناد و مخالفت رکھتے ہیں اور جو کچھ خدا اُن کو سمجھا رہا ہے نہیں سمجھتی اُس وقت بنی اسرائیل میں لواطت
بہت جاری تھی بلکہ اب تک ہے۔ سدوم و عمورا لوط کی شہروں کا نام ہے جو برباد ہوئے اور پھر آباد ہوئے) اُن کے
انگور بکائن ہیں جس کے خوشے تلخ ہوتے ہیں اُن کی شراب کفِ مار ہے حֲמַת

תַּנִּינִם יֵינָם וְרֹאשׁ פְּתָנִים אַכְזָר׃ הֲלֹא־הוּא כָּמֻס
עִמָּדִי חָתֻם בְּאוֹצְרֹתָי׃ לִי
נָקָם וְשִׁלֵּם לְעֵת תָּמוּט רַגְלָם כִּי קָ
רוֹב יוֹם אֵידָם וְחָשׁ עֲתִדֹת לָמוֹ׃
כִּי־יָדִין יְהוָה עַמּוֹ וְעַל־עֲ
בָדָיו יִתְנֶחָם כִּי יִרְאֶה כִּי־אָזְ
לַת יָד

وِرُوش پاتیم اَخزار ٭ ہلوہو کاموس عِمّادی ٭ حاتوم
بأوصروتای ٭ لی ناقام وِشلّیم ٭ لِعیث تاموط رَغلام ٭ کی قاروب یوم ایدام

Marfat.com

وپاداش عَتیدوت لامو ، کی یادین یہوا عمو ، ؤعل عبادا و یتنحم ، کی یری کی ازلت یاد
פתנים پِتنِین اژدر אכזר اَخزار معنی سنگدل بے رحم بہادر دلیر
زہردار כמוס کامُوس مادّہ اس کا כמס کمس ہے معنی رکھ چھوڑنا
ودیعت חתום حاتُوم محزون באצרתי اَوصار۔ مخزن خزانہ
נקם ناقام۔ جزا سزا שלם شَلّیم۔ جزا و بدلا תמו
ט تاموط مادّہ اس کا מוט موط مضارع ימוט یاموط معنی
لغزش۔ کترا جانا רגלם رِیغل۔ رجل پاؤں איד اید آفت مصیبت و
بلا و با חש حاش مادّہ اس کا חוש حُوش ہے اس کے اصلی
معنی ہیں تعجیل۔ جلدی کرنا۔ جوش قلبی و وجد עתדת عَتیدوت اس کے
معنی ہیں جو آئندہ ہونے والا ہو اور جزا יתנחם یتنحم مادّہ اس کا
נחם نحم ہے جس کے معنی ہیں افسوس کرنا پچتانا اور کبھی معنی اس کے ہوتے ہیں
بدلا دینا אזלת اَزلتْ اس کا مادّہ אזל اَزل ہے جس کے
معنی ہیں کاٹنا مثل عربی عزل کے اور کنارہ ہوجانا، کترانا، کم ہوجانا، زائل ہونا יד
ید۔ ہاتھ، قوت אפס اِفس معنی عدم بدون نہیں کنارہ انتہا עצור
عاصُور بند و محبوس و محزون مجازاً مال صامت עזוב غازوب معنی متروک
چھٹا ہوا و مال ناطق (ترجمہ) اُن کا جام خونخوار اژدر کی کھوپڑی۔ کیا وہ ہمارے
خزانہ میں مخزون نہیں ہے ہم کو اختیار سزا و عفو ہے۔ جب اُن کے پاؤں بیکار ہو جائیں گے
کہ قریب ہے اُن کی جزا کا دن اور مستعجل ہے اُن کا پاداش جو اُن کو ہونے والا ہے جب انصاف
کرے گا خدا اپنی قوم کا یعنی جب اپنے بندوں کو جزا دے گا۔ جب دیکھے گا کہ زوال قوت ہے۔
تفسیر اور خونخوار اژدر کی کھوپڑی اُن کا جام ہو گا (یہاں تک بیان اُن کے افعال کا ہے یعنی افعال
بنی اسرائیل بالکل قبیح ہونگے صداقت اور راستی سے بعید اس لئے اُن کو حق بات نظر نہ آئے گی۔ اب

Marfat.com

یہاں سے تمہید ہے بیان قیامت و روز جزا کی) کیا وہ ہمارے پاس محفوظ نہیں ہے ہمارے خزانہ میں مخزون ہے
(افعال عباد نیک ہوں یا بد ہوں محفوظ رہتے ہیں روز جزا کے واسطے چنانچہ قرآن میں بصراحت تمام جا بجا مذکور ہے
ان علیکم لحافظین کراما کاتبین ...... وما ادریک ما سجین .....
کتاب مرقوم) ہم کو ہی جزا دینا اور مکافات (یعنی ہم مطابق اعمال کے جزا دینگے) اس
مقام پر رشی میں لکھا ہے מבעשׁית ם כוךם קנזים
ך שׁ מרים לבקי : (ترجمہ) ان کے سب کام ہمارے
پاس مخزون و محفوظ ہیں اس وقت کے لئے کہ اُن کے پاؤں بے کار ہو جائیں گے (پاؤں سے
مقصود قوت عملی ہے یعنی اُن کے اعمال مخزون رہیں گے اُن کی موت تک) کیونکہ اُن کے فنا کے ایام قریب
ہیں اُن کو جو ہونے والا ہے مستعجل ہے یعنی جب اللہ اپنی قوم کا انصاف کرے گا اور اپنے
بندوں کی طرف التفات کرے گا جب دیکھے گا ہر شخص انقطاع قوت مقصود یوم دین ہے
جس دن کسی کا کچھ بس نہ چلے گا۔ یوم لا یملک نفس لنفس شیئاً = ואפ
ס עצור ועזוב ואמר אי אלה
ימו : צור חסיו בו : אשר חלב זב
חימו יאכלו ישתו יין נסיכם יקומו ו
יעזרכם : وِاَفِس عاصور وعازوب ۞ وِآمَر اَیِ اِلوہیمو ۞ صور حاسا
یو بو ۞ اَشِر حِلیب زِباحیمو یوخِیلو ۞ یِشتو یین نسخام یاقومو ویعزرو خیم ۞
(ترجمہ) اور جس دن نہ محبوس نہ مطروح (یعنی جس دن نہ کچھ قوت ہوگی اور نہ کوئی قسم مال خواہ
محبوس ہو خواہ متروک یعنی روز جزا) تب خدا کہے گا کہاں ہیں اُن کے معبود وہ چٹان جہاں پناہ
لیتے تھے جو اُن کی قربانی کی چربی کھاتے تھے اُن کا چڑھایا شراب پیتے تھے کھڑے ہوں
اُن کی مدد کریں لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار ךיבזך :
כם סתהדדי לאתח כי זנ : זה לה

Marfat.com

הּ: וְאֵין אֱלֹהִים עִמָּדִי: אֲנִי אָ
מִית וַאֲחַיֶּה מָחַצְתִּי וַאֲנִי אֶרְפָּ
א וְאֵין מִיָּדִי מַצִּיל:

یہی علیم استرا ۔ رئو عتاکی انی انی ہو ۔ واین الوہیم عمادی ۔ انی آمیث واحیّ ۔ ماحصتی وانی ارپہ ۔ واین میادی مقیل ۔ (ترجمہ) وے سب (یعنی معبودانِ باطل) چھپ جائیں گے اب دیکھو کہ میں میں ہوں اور کوئی میرا شریک نہیں ہے میں ہی مارتا ہوں میں ہی جلاتا ہوں میں ہی زخمی کرتا ہوں میں ہی اچھا کرتا ہوں میرے ہاتھ سے کوئی بچانے والا نہیں ۔ اس کے بعد چند آیتیں اور ہیں اُن میں دار الجزا کے ثواب وعقاب کا بیان ہے چونکہ بنی اسرائیل تناسخ کے قائل ہیں تو وے سمجھتے ہیں کہ ثواب وعقاب ایک وقت موعود پر اسی دنیا میں ہوگا اور وہ مسیح کے آنے پر ہوگا اور ہنوز وہ مسیح آیا نہیں ہے اور حضرت عیسیٰ کو کہتے ہیں کہ وے جھوٹ دعویٰ کرتے تھے اب تک اُن کو اُس مسیح کا انتظار ہے یہ انتظار اُن کا قیامت میں جائے گا (ترجمہ) تسبیح موسیٰ یکجا : بغور سنو آسمانو! جو میں کہتا ہوں ۔ سن لے زمین میرا کلام ۔ مینھ کی طرح ٹپکے گی میری وعظ ۔ شبنم کی طرح نازل ہونگے میرے احکام ۔ جیسے باد لواقح سبزہ پر ۔ اور بوندیاں نباتات پر ۔ جب میں خدا کا نام پڑھوں گا ۔ تو تم ہمارے حاکم کی تعظیم کرنا ۔ وہ امام جس کے افعال صواب ہونگے ۔ جس کی کل راہ شریعت ہوگی ۔ قوی مضبوط ہوگا نہ ظالم صدیق وراست وہ ہوگا ۔ گمراہ ہوئے خدا پرست نہیں بلکہ اُن کے ننگ ۔ دور کج وناراست واہ تم خدا کو یہ بدلا دیتے ہو ۔ اے قوم نجس و نادان ۔ قوم نجس جو بھول گئی ۔ اُس کو جو اُن کے ساتھ کیا گیا ۔ کیا وہ تیرا خریدار نہیں ہے ۔ اُسی نے تجھکو بنایا ہے اور مہذب کیا ہے ۔ یاد کرو ایام عالم ۔ خیال کرو سنین ادوار کو اپنے باپ دادا سے پوچھو وے بتائیں گے ۔ اپنے شیوخ سے کہ وے کہیں گے تجھ سے ۔ بوقت قابض کرادینے ملائکہ کے ۔ اور

Marfat.com

بھگا دینے عوام الناس کے ۔ قائم کرے گا قوموں کے حدود مطابق کتاب بنی اسرائیل کی
دیکھو اُس کی قوم خدا کا حصہ ہے ۔ اور بنی اسرائیل اُس کی میراث ہیں ۔ پائے گی اُسے ملک ویران
غیر ذی زرع ہیں ۔ سباع و وحوش کے شور وغل ہیں ۔ اُس کا طواف کریں گے اُس پر ایمان
لائیں گے ۔ اُس کی حفاظت کریں گے پتلی کی طرح ۔ جیسے نسر اپنے پٹھوں کو ہوشیار کرتا ہے
اور اپنے بچوں پر جنبش کرتا ہے ۔ اُسی طرح اپنے شہپر کو پھیلا کے اُسے لے لے گا ۔ اُسے
اپنے شہپر پر لے جائے گا ۔ خدا بے خوف و خطر اُسے چلائے گا ۔ اُس کے ساتھ معبود باطل
نہ ہوگا ۔ خدا چڑھائے گا اُسے دنیا کی بلندیوں پر ۔ اور وہ ہماری کشت زار کا پیداوار کھائیگا
اور پلائے گا اُسے شہد پتھر سے ۔ اور روغن چٹان سے ۔ دے گا خدا اُسے گائے کا مکھن ۔
اور بکری کا دودھ مع چربِ میش ۔ اور دے گا اُسے خدا بنی باشان اور بکرا ۔ ساتھ
مائدہ کے ۔ اور شراب گارہ میں پڑے گا ۔ مگر بنی اسرائیل فربہ ہونگے اور کفران کرینگے ۔
جب تو موٹا ہوگا اور چرب چھا جائے گا ۔ تو اپنے معبود کو جس نے تجھے بنایا ہے چھوڑ دے گا ۔
اپنے پیشوا نجات دہندہ کی تحقیر کریں گے ۔ اُس کو ناراض کریں گے بدعات سے فجور سے
اُس کو غضب میں لائیں گے ۔ شیاطین کے لئے قربانی کریں گے ۔ نئے معبود جسے وے
نہیں جانتے تھے ۔ اطراف سے آئیں گے ۔ اُن کے سامنے خشوع نہ کیا تمہارے آبا نے
اپنے خالق کو تو بھول جائے گا ۔ اور تو بھول جائے گا اپنے پیدا کرنے والے کو ۔ یہ دیکھ کے
خدا تجھے مردود کرے گا ۔ لڑکے بالوں کی رنجش سے کہے گا ۔ کہ اپنا منھ چھپا لیں ہم
اُن سے دیکھیں اُن کی عاقبت کیا ہے ۔ کہ وہ معکوس ہیں وے لوگ ۔ ایسے لڑکے
جن میں ایمان نہیں ہے ۔ اُنھوں نے مجھے آزردہ کیا لغو معبود سے ۔ رنج دیا اپنے
لغویات سے میں اُن کو رنج دوں گا مبتذل قوم سے ۔ قوم ناپاک سے اُن کو تنگ
کریں گے ہم ۔ جب آگ بھڑکے گی میرے منھ سے ۔ تو مشتعل ہوگی تحت الثریٰ تک
اور جلا دے گی ملک اور محاصل کو ۔ پھر مشتعل ہونگی پہاڑوں کی جڑ ۔ اضافہ کرینگے ہم

Marfat.com

اُن پر بُرائیاں ۔ اپنے تیر اُن پر تمام کریں گے ۔ مفلسان اور دھوپ کے جلے ۔ اور عاقبت تلخ ۔
اور دندان بہائم ۔ ساتھ سمیت حشرات الارض کے ۔ باہر سے فنا کرے گی تلوار ۔ اور اندر سے
خوف ۔ جوان اور چھوکری کو ۔ شیرخوار کو مع مرد پیر کی ۔ ہم نے خیال کیا تھا کہ ان کو مجروح
کردیں ۔ مٹا دیں انسان سے اُن کا ذکر ۔ اگر دشمن کا غصہ شامل نہ ہوتا ۔ شاید اُن کے
دشمن تجاہل کریں ۔ شاید کہیں کہ ہماری قوت بلند ہے ۔ خدا نے یہ سب نہیں کیا ہے ۔ کیونکہ وے
قوم ناداں ہیں ۔ اُن کو فہم نہیں ہے ۔ اگر اُن کو تمیز ہوتی تو یہ سب سمجھتے ۔ سمجھتے اپنی
عاقبت ۔ کیونکہ ایک تعاقب کرتا ہے ہزار کا ۔ اور دو بھگا دیتا ہے لاکھوں کو ۔ اگر اُن کے معبود نے
اُن کو نہیں خریدا ہے ۔ اور خدا نے اُن کو نہیں بند کیا ہے ۔ کہ ہمارے معبود سے اُن کے معبود نہیں ۔
اور ہمارے دشمن ہم پر حاکم ہیں ۔ کیونکہ سدوم کے بیل سے اُن کے بیل ہیں اور عمورا کے کھیت ۔
ان کے انگور بگائیں ۔ اُن کے خوشے تلخ ہیں ۔ اُن کی شراب زہر مار ہے اور اُن کا جام اژدر کی
کھوپڑی ۔ کیا وہ ہمارے پاس مخزون نہیں ۔ ہمارے خزانہ میں مختوم نہیں ۔ ہمارے اختیار میں جزا ہے
جب اُن کے پاؤں بے کار ہو جائیں گے کیونکہ اُن کے جزا کے دن قریب ہیں ۔ اور مستعجل
ہے اُن کا پاداش ۔ جب انصاف کرے گا خدا اپنی قوم کا ۔ یعنی جب اپنے بندوں کو جزا
دے گا ۔ جب دیکھے گا زوال قوت ہے اور نہ مال صامت ہے نہ ناطق ۔ تو کہے گا کہ اُن کے
معبود کہاں ہیں ۔ اور اُن کے معبود جہاں پناہ لیتے تھے ۔ جو اُن کی قربانی چربی کھاتے
تھے ۔ اُن کی شراب پیتے تھے ۔ بھلا کھڑے ہو کے اُن کی مدد کریں ۔ وے چھپ جائیں گے ۔
اب دیکھو کہ میں میں ہوں ۔ میرے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہیں ۔ ہم مارتے ہیں اور ہم
جلاتے ہیں ۔ میں ہی زخمی کرتا ہوں میں ہی اچھا کرتا ہوں ۔ میرے ہاتھ سے کوئی بچانے والا نہیں ۔

اب دو ایک مزمار داؤد علیہ السلام کے جو تسبیح موسیٰ علیہ السلام کو یاد دلاتے ہیں لکھتے ہیں
چونکہ اس میں لفظ شیر سے بیان ہے اس لئے پہلے اس کی تحقیق کرتے ہیں שיר
اہل لغت اس کے معنی گانا اور گیت کہتے ہیں لیکن محاورات کتب مقدسہ اور اُن کے

Marfat.com

استعمالات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ بیشتر اطلاق اس کا ایسی نظم پر ہوتا ہی جو بذریعہ روح القدس کے حاصل ہوں اُس میں اکثر حمد وثناے باری تعالیٰ عزاسمہ ہوتا ہی اور کبھی اخبار بالغیب بھی اُس میں شامل و درج ہوتا ہی۔ روح القدس سے مراد وہ حالت ہی جو انبیا پر بوقت نزول وحی طاری ہوتی ہی۔ عبرانی میں اُس حالت کو رووح کہتے ہیں۔ شوقطم باب ۱۴ آیت ۶ کو دیکھو اور اُسی باب کے ۱۹ آیت کو معائنہ کرو شموئیل باب ۱۰ آیت ۱۰ و ۱۶ باب کے ۱۴ لایق مشاہدہ ہی وعلیٰ ہذاالقیاس۔ مقامات کثیرہ میں آیا ہی انجیل میں بھی لکھا ہی کہ قبل رفع حضرت عیسیٰ کے اور بعد الرفع نزول روح القدس حواریوں پر ہوا تھا جس سے اُنھیں مختلف زبانوں میں گفتگو کرنے کی طاقت آئی تھی وہ ایک حالت تھی جو اُن پر طاری ہوئی تھی ہمارے پیغمبر پر بھی طاری ہوتی تھی۔ حضرت عائشہ ام المومنین رضؓ سے روایت ہی کہ حارث ابن ہشام نے رسول اللہ صلعم سے پوچھا کہ وحی آپ پر کیونکر آتی ہی تو آپ نے فرمایا۔ احیاناً یاتینی مثل صلصلۃ الجرس وھو اشدہٗ علیّ فیفصم عنی وقد وعیت عنہ ما قال واحیاناً یتمثل بی الملک رجلا فیکلمنی فاعی ما یقول قالت عایشۃ ولقد رئیتہٗ ینزل علیہ الوحی فی الیوم الشدید البرد فیفصم عنہ وان جبینہ لیتفصد عرقاً یعنی کبھی آتی ہی میرے پاس جھانجھ کی جھنکار کی طرح اور وہ مجھ پر نہایت سخت ہوتی ہی وہ مجھکو متغیر کردیتی ہی اور یاد کرلیا میں نے جو اُس نے کہا اور کبھی فرشتہ بشکل انسان آتا اور مجھ سے گفتگو کرتا تو جو کچھ وہ کہتا میں یاد کرلیتا ہوں حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ میں نے پیغمبر خدا کو دیکھا وقت نزول وحی کے کہ ایام سرمائے سخت میں وحی متغیر کردیتی تھی کہ جبین مبارک سے پسینہ ٹپکتا تھا۔ اس حدیث میں صرف ایک قسم کی وحی کا بیان ہی جو بذریعہ صوت کے اعلام ہوتا ہی خواہ فرشتہ بشکل انسان آکے کہدے یا صرف آواز آئے کہنے والا معلوم نہ ہو۔ اجلیٰ اقسام وحی وہی ہی جو بذریعہ ملک ہو اور دوسری قسم اُس سے رتبہ میں کچھ کم ہی احکام آلہی متعلق بحکمت عملی بیشتر انہیں طریقوں سے پہونچے

Marfat.com

ہیں حضرت موسیٰ کو پہلے کوہ سینا پر آواز آئی تھی۔ پھر عشر کلمات بھی اسی طریقہ سے ملے تھے اور ملک کا بار بار آنا اور احکام الٰہی کا پہونچانا بخوبی ثابت ہے حضرت عائشہؓ سے روایت ہے

اول ما بدئ به رسول الله صلی الله علیه وسلم من الوحی الرویا الصالحة فی النوم فکان لایری رویا الاجاءت مثل فلق الصبح ثم حبب الیه الخلاء فکان یخلو بغار حراء فیتحنث فیه وهو التعبد اللیالی ذوات العدد قبل ان ینزع الی اهله ویتزود لذلك ثم یرجع الی خدیجة فیتزود لمثلها حتی جاء الحق وهو فی حراء فجاءه الملك فقال اقرأ فقلت ما انا بقاری قال فاخذنی فغطنی حتی بلغ منی الجهد ثم ارسلنی فقال اقرأ فقلت ما انا بقاری فاخذنی فغطنی الثانية حتی بلغ منی الجهد ثم ارسلنی فقال اقرأ فقلت ما انا بقاری قال فاخذنی فغطنی الثالثة ثم ارسلنی فقال اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِی خَلَقَ ـ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ـ اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ فرجع بها رسول الله صلعم یرجف فواده فدخل علی خدیجة بنت خویلد وقال زملونی زملونی فزملوه حتی ذهب عنه الروع فقال لخدیجة واخبرها الخبر لقد خشیت علی نفسی فقال خدیجة کلا والله ما یخزیك الله ابدا انك لتصل الرحم وتحمل الکل وتکسب المعدوم وتقری الضیف وتعین علی نوائب الحق فانطلقت به خدیجة حتی اتت به ورقه بن نوفل بن اسد بن عبد العزی ابن عم خدیجة وکان امرءا تنصر فی الجاهلیة وکان یکتب الکتب العبرانی فیکتب من الانجیل بالعبرانية ماشاء الله ان یکتب وکان شیخا کبیرا قد عمی فقالت له خدیجة یا ابن عم اسمع من ابن اخیك فقال ورقه یا ابن اخی ماذا تری۔ فاخبره رسول الله صلعم خبر ما رای فقال له ورقة هذا الناموس الذی نزل الله علی موسی

Marfat.com

یا لیتنی فیھا جذع یا لیتنی اکون حیًّا اذ یخرجك قومك فقال رسول اللہ
صلعم او مخرجی ھم قال نعم لم یات رجل قطّ بمثل ما جئت به الا عودی
وان یدرکنی یومك انصرك نصراً موزراً ثم لم ینشب ورقة ان توفی
وفتر الوحی۔ اور بعض روایت میں ہو حمی الوحی و تتابع (ترجمہ) آغاز وحی
رسول اللہ صلعم سچا خواب تھا جو خواب آپ دیکھتے فوراً واقع ہوتا۔ پھر آپ کو تنہائی محبوب
ہوئی تو آپ غار حرا میں تنہا جا بیٹھے اور راتوں کو اُس غار میں عبادت کرتے اس لئے کھانا
اپنے ساتھ لے جایا کرتے۔ پھر خدیجہؓ کے پاس آتے اور اسی قدر کھانا لے جاتے یہاں تک کہ
قوت وحی اُٹھانے کی ہوگئی پھر آپ پاس وہیں فرشتہ آیا اور کہا کہ پڑھ۔ آپ نے کہا
میں پڑھا نہیں ہوں تو اُس نے گود میں لے کر خوب دبایا ایسا ہی تین مرتبہ کیا پھر کہا اِقْرَأْ بِاسْمِ
رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ
یعنی پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا آدمی کو خون بستہ سے پڑھ اور تیرا رب
بڑا مہربان ہی) پھر تو لوٹے رسول اللہ اور ان کا دل دھڑکتا تھا۔ پھر پہونچے خدیجہؓ بنت
خویلد کے پاس اور کہا مجھے اوڑھا دو مجھے اوڑھا دو تو اوڑھا دیا۔ یہاں تک کہ خوف
دل سے جاتا رہا تو خدیجہ سے ماجرا بیان کیا اور کہا کہ میں اپنی جان پر ڈرا تو خدیجہؓ نے کہا
اہ خدا تجھے کبھی رسوا نہ کرے گا تو تو یگانوں سے سلوک کرتا ہی اور مہمان کی خدمت کرتا ہی
اور مصیبت کے وقت مدد کرتا ہی اور حاصل کرتا ہی جو کسی کو نہ ملے اور سب کا بوجھ اُٹھاتا ہی۔ پھر خدیجہ
آپ کو لے چلیں یہاں تک کہ لے گئیں آپ کو ورقہ بن نوفل اپنے چچیرے بھائی پاس جو نصرانی
ہوگئے تھے اور کتب عبرانی لکھا کرتے تھے۔ چنانچہ انجیل کو عبرانی میں لکھتے تھے اور وے
بہت بوڑھے ہوگئے تھے۔ آنکھوں سے معذور تھے۔ پھر خدیجہؓ نے کہا۔ اپنے بھائی کی بات
سنو۔ تب ورقہ نے کہا اے بھیا کیا دیکھا۔ تب رسول اللہ نے سب بیان کیا تو ورقہ نے
کہا کہ یہ وہی فرشتہ ہی جو موسیٰ پاس آیا تھا۔ کاش میں جوان ہوتا۔ کاش میں اُس وقت

Marfat.com

زندہ رہتا جب تجھے تیری قوم نکالے گی۔ تب رسول اللہ نے کہا کیا وے مجھے نکالیں گے
ورقہ نے کہا۔ تیری ایسے شخص کے لوگ ہمیشہ دشمن رہے اگر مجھکو وہ زمانہ ملتا تو میں تیری
مدد کرتا۔ بعدازیں ورقہ کا انتقال ہوگیا پھر تو وحی کی جھڑ لگی۔ قسطلانی نے فترا الوحی کے معنی
یہ لکھے ہیں کہ وحی ٹھیر گئی لیکن میرے نزدیک یہ معنی صحیح نہیں کیونکہ حمی الوحی وتتابع
کے خلاف ہی جو دوسری روایت میں وارد ہی۔ فترا السحاب بولتے ہیں اور بعض روایات
میں ہی کہ پھر تو وحی گرم ہوئی اور اس کا تار بندھا۔ احادیث متقدمہ سے تین قسم وحی ثابت ہی
رویا صوت بلاظہور قائل اور بذریعہ ملک۔ ان سب طرق سے پیغمبر پاس وحی آتی تھی۔
قال اللہ تعالیٰ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآءِ
حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ (ترجمہ) بشر سے
خدا گفتگو نہیں کرتا مگر بذریعہ وحی کے یا پردہ سے یا بھیجتا ہی کوئی قاصد تو وہ پیام پہونچاتا ہی
اُس کی اجازت سے جو وہ چاہتا ہی۔ وحی سے مقصود وہی ہی جسے حضرت عائشہؓ رویا سے
بیان کرتی ہیں اور وراء حجاب سے مقصود صوت ہی جس کا قائل معلوم نہ ہو اور قسم سوم ظاہر
ہی۔ اس سے بھی تین ہی قسم وحی ثابت ہی۔ اس حدیث میں چند بات قابل لحاظ کے ہی اولاً یہ کہ
ورقہ بن نوفل نے کہا کہ قوم تجھے نکال دے گی یہ بات اُن کو کہاں سے معلوم ہوئی بظاہر
معلوم ہوتا ہی کہ موسیٰؑ کے شیر کی اُس آیت سے جس میں بیان ہوا ہی کہ نسر کی طرح اُسے
اپنے جناح پر لادے جائے گا جس کا بیان اوپر ہو چکا ہی۔ دوسرے یہ کہ پھر وحی کی جھڑ لگی
یہ مطابق اُس کے ہی جو اوائل شیر میں مرقوم ہی جس کا بیان اوپر ہو چکا ہی۔ عبادہ ابن صامت سے
روایت ہی۔ كان النبي صلعم اذا انزل عليه الوحي كرب لذلك وتربد
وجهه پیغمبر خدا پر جب وحی نازل ہوتی بے چین ہوتے اور آپ کا چہرہ متغیر ہو جاتا۔
تحقیق المقام یہ ہی کہ وحی درحقیقت اعلام ربانی ہی اور یقین اُس کا ویسا ہوتا ہی جیسا
امور طبیعیہ کا۔ اس لئے امورات طبعیہ پر بھی اس کا اطلاق آیا ہی جیسے اَوْحٰى رَبُّكَ

Marfat.com

اِلَی النَّحۡلِ پس وحی جو انبیا علیہم السلام پر آتی ہے وہ دو طور سے ہوتی ہے بذریعہ صوت اور بلاصوت۔ اوّل میں کبھی ملک بشکل انسان آکر کہہ جاتا ہے اور کبھی صرف آواز آتی ہے قائل معلوم نہیں ہوتا اور دوسری صورت میں صرف مضامین قلوب انبیا پر فائض ہوتے ہیں جیسے وے اپنے الفاظ سے بیان کرتے ہیں اور کبھی خواب میں ہوتا ہے اور کبھی یقظہ و بیداری میں۔ ان دونوں صورتوں کو حضرت عائشہؓ نے بلفظ رؤیا تعبیر کیا ہے۔ یہ قسم ثانی جملہ انبیا پر نازل ہوتی ہے چنانچہ صحف اشعیاء و ارمیا و حزقیل و ہوشیع و حبقوق و زکریا و صفنیا وغیرہ اسی طریق سے لکھے گئے ہیں۔ وقت نزول وحی انبیا پر روحانیت غالب ہوتی ہے اور جسمانیت مضمحل ہوجاتی ہے۔ اس لئے بڑا تغیر پیدا ہوتا ہے چونکہ اُن کے مزاج میں بڑی قوت ہوتی ہے اس لئے جو کچھ اعلام ہوتا ہے اُسے محفوظ رکھتے ہیں اُس میں غلطی نہیں واقع ہوتی۔ اس لئے وے معصوم ہوتے ہیں خطا فی الوحی سے وے بالکل محفوظ ہیں اس طریق ثانی کو عبرانی میں חזון حزون کہتے ہیں۔ اُس کا پرتو صلحا و زہاد کو بھی ہوتا ہے جسے الہام کہا کرتے ہیں چونکہ اُس کی روشنی کم ہوتی ہے وہ مفید یقین نہیں ہوتا اور شائبہ خطا سے خالی نہیں ہوتا۔ اس لئے اُس سے تمسک جائز نہیں جب اس قدر ممہد ہوا تو کہتے ہیں کہ شیر غالباً بذریعہ وحی کے ملتی ہے چنانچہ کل زبور ایسی ہی ہے وعلیٰ ہذا القیاس۔ شیر موسیٰ و شیر سلیمانؑ علیہم السلام وغیرہ۔ اُس میں بیشتر تسبیح و تحمید باری عز اسمہ ہوتی ہے اور کبھی کبھی اُس میں اخبار بالغیب بھی شامل رہتا ہے شیر ہی کو عربی میں قرآن کہتے ہیں پس قرآن بالکل شیر ہے چونکہ شیر میں اوامر نواہی متعلق بحکمت عملی خصوصاً تدبیر منزل و سیاست مدن نہیں ہوتی تھی اور قرآن میں یہ بھی ہے اس لئے حضرت داؤدؑ نے اُسے شیر حاداش یعنی نئے شیر سے تعبیر کیا ہے اور اس وجہ سے بھی کہ وہ زبان عربی میں ہے بخلاف زمانہ سابق کے کہ وہ زبان عبرانی میں ہوتی تھی۔ جب یہاں تک لکھ چکے تو اب ہم یہاں ۹۶ زبور کو نقل کرتے ہیں۔ שִׁירוּ לַיהוָה שִׁיר חָדָשׁ
שִׁירוּ לַיהוָה כָּל הָאָרֶץ׃

Marfat.com

شیرو لیہوا شیر حاداش شیرو لیہوا خل ہا آرص - **لغات** שִׁירוּ شیرو
سبحوا یعنی بھجو שִׁיר شیر یعنی حمد חָדָשׁ حاداش معنی جدید
הָאָרֶץ آرص - ارض (ترجمہ) بھجو اللہ کو نئے بھجن سے **سبحوا اللہ**
تسبیحا جدیدا مقصود یہ ہے کہ اللہ کو نئے بھجن یعنی قرآن شریف سے بھجو۔ یہ
خبر ہے نسبت قرآن کے اُسی کی قرأت نماز مقرر ہوگی تمام دنیا کے واسطے فَاقْرَءُوْا
مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ اگر یہ خبر نسبت قرآن کے نہ ہو تو پھر حاداش کی قید فضول
ہو جائے گی نئی تسبیح جیسا قرآن پر منطبق ہے ویسا کسی کتاب پر نہیں انجیل میں تو تسبیح مطلق
نہیں صرف چند مواعظ ہیں اگر تسابیح سلیمان کو کہیں تو مضامین زبور سے متقارب ہیں اور
زبان بھی وہی ہے اور قرآن کا تسبیح جدید ہونا اظہر من الشمس ہے۔ واضح ہو کہ حضرت موسیٰؑ کے
وقت میں نماز فرض نہ تھی تورات سے فرضیت صرف قربانی کی ثابت ہوتی ہے احکام تورات
تا بعثت ہمارے پیغمبر کے بدستور قائم رہے تورات میں اُس پر بڑھانے خواہ گھٹانے کی سخت
ممانعت ہے۔ اصل نماز حمد باری تعالیٰ ہے۔ پس یہ حکم کہ کل روئے زمین تسبیح کریں اس سے مقصود
اجرا نہیں ہے اور نہ فرضیت صلوٰۃ مقصود ہے نہیں تو حضرت داؤد اپنے وقت میں جاری کرتے
بلکہ یہ حکایت ہے کسی زمانۂ آئندہ کی چنانچہ قرآن کا پڑھنا آنحضرتؐ کے وقت میں فرض ہوا۔ قرآن
ترجمہ شیر ہے۔ قرآن علم نہیں ہے اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا کو لحاظ کرو یعنی عربی بھجن
قال اللہ تعالیٰ لَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ مثانی کے معنی
گیت ہیں خصوصاً ٹیپ جسے بار بار گاتے ہیں معنی آیت یہ ہیں کہ دیا ہم نے تجھے سات آیت
کی ٹیپ اور بڑے بھجن چونکہ سورۂ فاتحہ کو نماز میں بار بار پڑھتے ہیں تو اُسے سبع مثانی سے
تعبیر کیا۔ الغرض اس آیت میں اشارہ ہے فرضیت صلوٰۃ کی طرف جو قبل زمانہ ہمارے پیغمبر کے
نہ تھی שִׁירוּ לַיהוָה בָּרְכוּ שְׁמוֹ בַּ
שְּׂרוּ מִיּוֹם־לְיוֹם יְשׁוּעָתוֹ׃

Marfat.com

شِیرو لِہوُا بارخو شمُو بسرّو مِیّوم لِیُوم یشُوعاتُو لغات ב ר ך

بارِخُو مادّہ اس کا ב ר ך بارُخ ہے جس کے معنی ہیں برکت دینا

مبارک ہونا، عظمت بیان کرنا۔ نماز کرنا ב ש ר بَسّرِو۔ بشارت دو

ישועה یشوعا۔ محفوظ ونجات و مدد وحفاظت ورحمت و فتح۔

(ترجمہ) خدا کی تسبیح کرو اُس کے نام کی عظمت بیان کرو۔ روزانہ اُس کی رحمت

خواہ اعانت کی بشارت دو۔ یہ اشارہ ہے اذان کی طرف کہ اُس میں روزانہ

خدا کے نام کی عظمت اور بشارت، فلاح ونجات بیان ہوتی ہے۔ سورہ فاتحہ جو

اصل نماز ہے اُس میں سات صفت باری تعالیٰ کی مذکور ہیں۔ ربوبیّت جو سراسر

عظمت ورحمت وملک عبادت واعانت ہدایت انعام جسے مسلمان روزانہ پڑھتے

ہیں۔ ابوسعید ابن المعلی سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

رَبِّ الْعٰلَمِیْن ھی سبع المثانی والقرآن العظیم الذی اوتیتہ یہ حدیث

مروی ہے بخاری وابن ماجہ وسنن ابو داؤد ونسائی میں چونکہ یشوعا کے معنی محفوظ ومعصوم بھی

ہوتے ہیں اس لئے اس آیت کے یہ معنی بھی ہوتے ہیں خدا کی تسبیح کرو، اُس کے نام کی

عظمت بیان کرو اور اُس کے معصوم کی بشارت روزانہ بیان کرو۔ انبیا علیہم السّلام

معصوم ہوتے ہیں مراد ذات سرور موجودات ہے مسلمان پانچ وقت تشہد میں لا الٰہ الا اللّٰہ

محمد رسول اللّٰہ پڑھتے ہیں لا الٰہ الا اللّٰہ جس کا مضمون یہ ہے کہ سوائے ذات

باری تعالیٰ کے کوئی موجود حقیقی نہیں جملہ اشیا اُسی ذات کے پرتو اور اُسی سے

موجود ہیں۔ کمال عظمت باری عز اسمہ پر دلالت کرتا ہے محمد رسول اللّٰہ بشارت ہے

Marfat.com

اُس کے معصوم کی جس کی طرف حضرت داؤد اشارہ فرماتے ہیں סַפְּרוּ בַגּוֹ
יִם כְּבוֹדוֹ בְּכָל־הָעַמִּים נִפְלְאוֹ
תָיו׃ شپّرو بگو یم کبوُدوِ بِکُل ہاعَمّیم نفلئوتاو - (ترجمہ)

" بیان کرو قبائل میں اُس کا جلال سب قوموں میں اُس کی عظمت" یہ آیت
گزشتہ کی تاکید و توضیح ہی اس آیت کے واضح معنی یہ ہیں کہ اقوام بت پرست میں
ظاہر کرو اُس کی عظمت یعنی اُس معصوم کے عظمت کی شہادت دو اور جملہ اقوام میں
اُس کے معجزات بیان کرو قرآن کی ہر آیت معجزہ ہی جب یشوعا کے معنی معصوم
ہوں تو یہ معنی اُس سے متعلق ہونگے כִּי גָדוֹל יְהוָה וּמְ
הֻלָּל מְאֹד נוֹרָא הוּא עַל־כָּל־
כָּל־אֱלֹהִים׃ כִּי כָּל־אֱלֹהֵי הָעַ
מִּים אֱלִילִים וַיהוָה שָׁמַיִ
ם עָשָׂה׃ הוֹד וְהָדָר לְפָנָיו עֹז
וְתִפְאֶרֶת בְּמִקְדָּשׁוֹ׃ הָבוּ
לַיהוָה כְּבוֹד שְׁמוֹ שְׂאוּ מִנְחָה
וּבֹאוּ לְחַצְרוֹתָיו׃

کی گادول یہوا ومہلال مئود نورا ہو عَل کل الوہیم کی کل الوہی ہاعَمّیم الیلیم
ویہوا اشامائیم عاسا ہود وہادار لفاناو عوز وتفئیرت بمقداشو ہابو لیہوا کبود
شمو سئو منحہ وبو لحصروتاو **لغات** גָדוֹל گادول- بڑا

Marfat.com

מְהֻלָּל مہلاّل ستودہ محمود محمد מְחֻמַּד ہیوُد قوت و قوی נוֹרָא نورا - ذوالجلال اور ذی شوکت אֱלֹהִים الوہیم معبود حکام אֱלִילִים الیل - لغو و باطل מִנְחָה منحا - نذرانہ پیشکش عربی منح کہتے ہیں (ترجمہ) کہ بڑا ہی اللہ اور محمد قوی (یعنی بیان کرو قبائل میں اُس کا جلال سب قوموں میں اُس کی عظمت کر اللہ بڑا ہی اور محمد قوی ہی چنانچہ اذان میں اللہ اکبر پانچوں وقت پڑھا جاتا ہی۔ اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمد رسول اللہ سے عظمت باری تعالیٰ اور عظمت اُس کے رسول کی مصرح ہی) کیونکہ وہ ذوالجلال ہی سب معبودوں سے (یہ اُس وقت ہوگا کہ یہ متعلق اللہ کے ساتھ ہو اور اگر محمد کے ساتھ ہو تو معنی یہ ہونگے کہ وہ سب رسولوں سے ذی شوکت و پرشکوہ ہوگا چہ بنظر کثرت اتباع و چہ بنظر جہاد و قتال کیونکہ الوہیم کے معنی معبود بھی ہیں اور حکام و افسر بھی ہیں چنانچہ حضرت موسیٰ کو الوہیم کہا ہی حکام سے مقصود شارع و رسول ہی جس کے احکام عین احکام الٰہی ہوتے ہیں) کیونکہ سب معبود اقوام لغو ہیں اور خدانے آسمان بنایا ہی ہاں اشہد ان لا الہ الا اللہ سے اشارہ ہی دوسرے معبودوں کی لغویت کی طرف جس کے سامنے جمال بھی ہی اور جلال بھی جس کے پاک گھر میں کبریا و تفاخر ہی۔ لاؤ خدا کے واسطے اے قبائل اقوام (یعنی ایمان و تسلیم) لاؤ اُس کے واسطے عزت و قوت (یعنی اُس کو معزز جانو اور قوی) یہ اشارہ ہی جو اذان میں کہا جاتا ہی قوم سے کہ تم نماز کے لئے حاضر ہو حیعل الصلوٰۃ کے مضمون کو لحاظ کرو۔ پس حضرت داؤد اُسی کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ اے قبائل خدا کے واسطے ایمان و تصدیق لاؤ یعنی نماز کے لئے حاضر ہو یہ مطابق اُس کے ہی جو حضرت موسیٰ کی تسبیح میں گزرا כִּי שֵׁם יְהוָה אֶקְרָא הָבוּ גֹדֶל לֵאלֹהֵינוּ׃ (ترجمہ) جب میں خدا کا نام پکاروں تو تم لوگ ہمارے معبود کے لئے عظمت لاؤ یعنی نماز کے لئے آمادہ ہو خدا کے نام کی تعظیم کرو نذرانہ لاؤ اُس کے احاطہ میں یہ اشارہ ہی اُس کی طرف جو مکہ معظمہ میں اب تک تمام دنیا سے نذرانہ جاتا ہی הִשְׁתַּחֲווּ לַיהוָה

Marfat.com

הִשְׁתַּחֲווּ לַיהוָה בְּהַדְרַת־קֹדֶשׁ חִילוּ מִפָּנָיו
כָּל־הָאָרֶץ׃ ہشتحوُ ولیہوا بہدرت قودِش حیلو مپانا کل ہاآرِص (ترجمہ) سجدہ کرو خدا کو مساجد میں (اب یہ تصریح ہے ہیکل الصلوٰۃ کی) طواف کرو اُس کے سامنے تمام روے زمین یہ اشارہ ہے حج کی طرف تمام دنیا کے لوگ مکہ معظمہ میں حج کے لئے جاتے ہیں۔ اس دھوم دھام سے حج نہیں ہوتا تھا۔ الغرض یہ اشارہ ہے صلوٰۃ ذات السجود و حج کی طرف فرضیت ایسی نماز کی آگے نہ تھی آنحضرت کے وقت میں ہوئی اور حج بھی اس طرح فرض نہ تھا۔ بیت المقدس میں بنی اسرائیل صرف قربانی کے لئے جمع ہوتے تھے اگرچہ نماز ذات الرکوع و سجود حضرت ابراہیم کے وقت میں تھی چنانچہ موسیٰ کی دوسری کتاب کے پانچویں باب سے معلوم ہوتا ہے لیکن موسیٰ کے وقت میں نہ رہی

אִמְרוּ בַגּוֹיִם יְהוָה מָלָךְ אַף־תִּכּוֹן
תֵּבֵל בַּל־תִּמּוֹט יָדִין עַמִּים
בְּמֵישָׁרִים׃ יִשְׂמְחוּ הַשָּׁמַיִם וְ
תָגֵל הָאָרֶץ יִרְעַם הַיָּם וּמְלֹ
אוֹ׃ יַעֲלֹז שָׂדַי וְכָל־אֲשֶׁר־בּוֹ
אָז יְרַנְּנוּ כָּל־עֲצֵי־יָעַר׃ לִפְנֵי יְהוָה
כִּי בָא כִּי בָא לִשְׁפֹּט הָאָרֶץ יִשְׁ
פֹּט־תֵּבֵל בְּצֶדֶק וְעַמִּים בֶּאֱ
מוּנָתוֹ׃ امرو بگویم ہیوّا مالخ اَف تکون تبیل بل تموط یادِین عمیم بمیشاریم ییشمحو ہشامایم وتاغیل ہاآرص یرعم ہیام ومِلاو یعلو زسادی وکل اشر بو از یرننو کل عصی یعر لفنی یہوا کی با کی با لشپوط ہاآرص یشپوط تبیل بصدق وعمیم بامونا تو

لغات גּוֹי گوی = اُمت گروہ עַמִּים

مَالَخ = حکمران ہوا، بادشاہ ہوا תִּכּוֹן تکوّن مادہ اس کا כּוּן کُون ہے یہ باب انفعال سے ہے معنی آمادہ ہونا و راست و درست ہونا۔ یہاں صیغہ مضارع ہے תֵּבֵל تیبل = کرہ ارض בַּל־תִּמּוֹט بل تموط = متزلزل ہوگی יָדִין یادین = انصاف کرے گا עַמִּים בְּמֵישָׁרִים بمیشارِم = راستی תָּגֵל تاغیل مادہ اس کا גִּיל گیل ہے جس کے معنی ہیں چکر کھانا۔

(ترجمہ) کہدو قوموں سے کہ خدا سلطان ہوا تو زمین آمادہ ہوجائے بلکہ متزلزل ہو انصاف کرے گا قوموں کی راستی کے ساتھ مسرور ہوں آسمان اور چکر کھائے زمین اور متموج ہوں سمندر اور بھرپور ہوجائے اور خوش ہو بستان اور جو کچھ اُس میں ہے، تب مترنم ہونگے جنگل کے درخت خدا کے سامنے کہ آیا ہاں آیا زمین کے انصاف کے لئے، انصاف کرے گا کرۂ ارض کا مطابق صداقت کے اور قوموں کا مطابق اُن کے ایمان کے یہ بیان قیامت ہے۔ چونکہ وجود پیغمبر آیات قرب قیامت سے ہے۔ اس لئے حضرت داؤد بعد بیان بعثت شریف ذکر قیامت کرتے ہیں لمن الملك اليوم اس کے یہ معنی صاف ہیں کہ اقوام بت پرست سے کہدو کہ خدا مالک ہوگا (یعنی اُسی کا حکم اور اُسی کی شریعت بموجب انتظام ہوگا) تب زمین منتظم ہوگی لغزش نہ کرے گی، قوموں پر حکومت کرے گا عدالت سے خوش ہونگے آسمان اور مسرور ہوگی زمین، وجد کریں گے سمندر اور کامل ہونگے ہمارا خط اور جو کچھ اُس میں ہو شادمانی کریں گے جب کل جنگلی درخت مترنم ہونگے۔ مقصود یہ ہے کہ اجراے شریعت ربانی اور انتظام ملک حسب احکام الٰہی و امن و امان و مسرت زمین و آسمان و خلاصی بنی اسرائیل بت پرستوں کے ظلم سے جب ہوگا کہ جنگلی درخت مترنم ہونگے یعنی جہال عرب یہ حصول شرائع و ادب قرآن پڑھیں گے اور نیز یہ اشارہ ہے کہ جب جنگل کے درخت تصدیق رسالت کریں گے چنانچہ اشجار و احجار نے آپ کے رسالت کی تصدیق کی: ۱۴۹ زبور:

הַלְלוּיָהּ שִׁירוּ לַיהוָה שִׁיר חָדָשׁ

הַלְלוּ יָהּ שִׁירוּ לַיהוָה שִׁיר חָדָשׁ תְּהִלָּתוֹ בִּקְהַל חֲסִידִי
ם : ——— ہللویاہ شیرو لیہوا شیر حاداش تہلاتو

بقہل حسیدیم (ترجمہ) خدا کی حمد کرو اُس کو نئے بھجن سے بھجو یعنی اُس کی
نماز زہاد کی جماعت میں : ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ شیر حاداش سے مقصود قرآن ہے
وہی لفظ یہاں بھی واقع ہے اُس کی تصریح یہاں اور بھی ہے کہ وہ جماعت زہاد میں نماز مقرر ہوگی
فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ کو لحاظ کرو یہاں لفظ חֲסִידִים
جسیدیم آیا ہے جس کے معنی ہیں رحماء یہ شان صحابہ ہے رحماء بینھم کو خیال کرو
جسیدیم کے معنی ہیں زہاد یعنی جو خدا ہی سے اپنا تعلق رکھیں واضح ہو کہ حضرت
موسیٰؑ کے وقت میں بڑی عبادت قربانی تھی عام طور پر نماز نہ تھی کچھ دعا
بضرورت پڑھتے تھے اب اس دور میں نماز ہی عبادت مقرر ہوئی اس لئے
داؤد کہتے ہیں کہ وہ شیر حاداش نماز مقرر ہوگی۔ יִשְׂמַח יִשְׂרָאֵל
בְּעֹשָׂיו בְּנֵי צִיּוֹן יָגִילוּ
בְמַלְכָּם یسمح یسرائیل بعوسادِ بنی صیون یاغیل بملکا (ترجمہ) خوش ہونگے
بنی اسرائیل اپنے خالق سے اور سکان بیت المقدس وجد کریں گے اپنے سلطان پر اس سے
معلوم ہوتا ہے کہ حضرت داؤد خبر دیتے ہیں کسی بادشاہ کی جو بنی اسرائیل کا معاون ہوگا یعنی
دین خدا پرستی کو قوت دے گا اور بت پرستوں کے ہاتھ سے اس قوم کو بچائے گا چونکہ وہ
خدا کی جانب سے ہوگا۔ اس لئے خدا سے خوش ہونے کو یعنی اُس کی شکر گزاری کو بیان
کرتے ہیں בְּנֵי צִיּוֹן اور بنی صیون سے مراد عرب ہو سکتے ہیں کیونکہ

Marfat.com

خشک زمین کو بھی کہتے ہیں جیسا اوپر گزرا: יְהַלְלוּ שְׁמוֹ בְמָחוֹל
בְּתֹף וְכִנּוֹר יְזַמְּרוּ־לוֹ׃
یِہلِلو شِمو بِما حولِ بتوف دِ خِنور یِزمَّرو لو (ترجمہ) اُس کے نام کی ستائش کرو
بانسوری سے دف و ستار سے اُس کے بھجن کرو مقصود فقط اظہار سرور و وجد ہے ایسے
خالق وایسے بادشاہ پر اس میں ایک سر ہی یہللو کے معنی ہیں محمد کو یہ صیغہ مضارع ہی لیکن
اُس سے اسم مفعول مراد ہو سکتا ہی تو معنی یہ ہوئے کہ اس بادشاہ کا نام محمد ہوگا כִּי־
רוֹצֶה יְהוָה בְּעַמּוֹ יְפָאֵר עֲנָוִים בִּ
ישׁוּעָה׃ کی رُوصہ یہوا بِعمّو یِفا ار عنادیم بیشوعا (ترجمہ) جب رضامند
ہوگا خدا اپنی قوم سے تو فخر دے گا مساکین کو نجات دینے کا: مقصود یہ ہی کہ جب خدا بنی اسرائیل سے
اُن کی نجات کے لئے رضامند ہوگا تو یہ فخر غریب قوم کو عنایت کرے گا۔ غریب قوم سے مقصود
عرب ہیں کہ اُن کے ملک میں نہ پانی کا آرام، نہ کھانے کا، نہ علم ہی نہ دانش، نہ ہنر ہی نہ دستکاری
علاوہ بریں قریش جو اولاد اسمٰعیل سے ہیں۔ حضرت ابراہیم نے اُن کے مورث اعلیٰ یعنی حضرت
اسمٰعیل کو نکال دیا تھا۔ ملک شام سے جہاں سے خود حضرت آدام نکالے گئے تھے اور اُسی
ملک بے آب و دانہ میں بطور سزا پھینکے گئے اور حضرت اسمٰعیل کا نکالا جانا بوجہ سارہ کے تھا
تو اب خدا نے بنی سارہ کی نجات کے لئے بنی ہاجرہ کو تجویز و مامور کیا جو لوگ اُس بادشاہ کے
مطیع ہوئے جس کا ذکر اس آیت میں ہی اُن کو نجات دینا و آخرت میں نصیب ہوئی بت پرستوں
کی دست برد سے محفوظ ہوگئے اور اشقیا خائب و خاسر رہے יַעְלְזוּ חֲסִי
דִים בְּכָבוֹד יְרַנְּנוּ עַל־מִשְׁכְּבוֹ
תָם׃ یعلِزو حِسیدیم بِکابود یِرنّنو عَل مِشکبوتام (ترجمہ) خوش ہونگے
زہاد عزت سے ترنم کریں گے اپنے بستر پر: רוֹמְמוֹת אֵל בִּגְרוֹ
נָם וְחֶרֶב פִּיפִיּוֹת בְּיָדָם׃

Marfat.com

רוֹמְמוֹת **لغات** رُومموت ایل بِغرونام وحرِب پیپیوت بیادام
رِومموت جمع ہے رومما کی רוֹמֵמָה جس کا مادّہ רָמַם رامَم ہے
بمعنی بلند ہونا رومیما بلند و بلندی مجازاً عزت کنایہ ہوتا ہے وحی اور کلام اللہ سے בִּגְרוֹנָם
رگرُون خلق (ترجمہ) خدا کا کلام اُن کے خلق میں ہوگا اور دو دھاری تلوار اُن کے
ہاتھ میں یہ نشان ہے اُس غریب قوم کا جس کو خدا حق پرستی پر مامور کرے گا کہ خدا کا کلام اُن کی
گردن میں ہوگا اور دو دھاری تلوار ہاتھ میں احکام الٰہی جاری کرنے کے لئے جو سراسر عدالت و
حکمت ہوگی یہ سوائے زمانہ اسلام کے کبھی نہیں ہوا احکام ربانی کے اجرا کے لئے کسی نبی کے
وقت میں تیغ رانی نہیں ہوئی یہ تو نہایت واضح ہے לַעֲשׂוֹת נְקָ
מָה בַּגּוֹיִם תּוֹכֵחֹת בַּלְאֻמִּי
ם : لعسوت نقاما بگوئیم توخیحوت بلامیم (ترجمہ) اقوام کی سزا دینے
کے لئے اصلاح امم کے واسطے یعنی تلوار اُن کے ہاتھ میں ہوگی کہ اقوام بت پرست کی اصلاح
کریں اُن کو سزا دینے کی לֶאְסֹר מַלְכֵיהֶם
בְּזִקִּים וְנִכְבְּדֵיהֶם בְּכַבְלֵי
בַרְזֶל : لِاسور ملکیھم بزقیم ونخبدیھم بکبلی برزل **لغات** אָסַ
ר اسور = اسیر کرنا זִקִּים زِقیم جمع ہے זֵק زِق کے معنی
زنجیر כֶּבֶל کبل معنی قید بیڑی (ترجمہ) اُن کے سلاطین کو زنجیروں
میں اسیر کرنے کے لئے اور اُن کے سرداروں کو لوہے کی بیڑیوں میں לַעֲשׂוֹ
ת בָּהֶם מִשְׁפָּט כָּתוּב הָדָר
הוּא לְכָל חֲסִידָיו הַלְלוּ יָהּ :
لعسوت باہم مشپاط کاتوب ہادار ہو لِکل حسیداو ہللویاہ (ترجمہ) اُن میں شریعت
مکتوب جاری کرنے کے لئے وہ زینت ہے جملہ زہاد کے لئے خدا کی حمد کرو : اشعیا کا ۴۲ باب

Marfat.com

اس کے مناسب ہی اس لیئے ہم لکھتے ہیں اُن کا دستور ہی کہ کبھی کسی پر پیشین گوئی کرتے ہیں اور کبھی کسی پر کچھ ترتیب نہیں ہی۔ بیت المقدس اور بنی اسرائیل سے بیشتر ان کا کلام تعلق رکھتا ہی

הֵן עַבְדִּי אֶתְמָךְ־בּוֹ בְּחִירִי רָצְתָה נַפְשִׁי נָתַתִּי רוּחִי עָלָיו מִשְׁפָּט לַגּוֹיִם יוֹצִיא: ہین عَبدی اِتمخ بو بحیری راصثا نفشی ناتتی روحی عالائو مشپاط لگوئیم یوصی: **لغات** הֵן ہن یہ حرف تنبیہ ہے بمنزلہ عربی ہا کے مثل فارسی ہیں עֶבֶד عَیبد بمعنی عبد بندہ غلام אֶתְמָךְ اِتمخ اس کا مادہ תָּמַךְ تمخ ہی بمعنی اُٹھاکے کھڑا کرنا בְּחִירִי بحیر مصطفےٰ منتخب (ترجمہ) دیکھو اپنے بندہ کو اُٹھا کھڑا کروں گا اپنے مصطفےٰ سے میری جان رضامند ہوئی اُس کو وحی دونگا یں۔ شریعت قوموں کے لئے نکالے گا اس سے معلوم ہوتا ہی کہ کوئی پیغمبر صاحبِ احکام ہونے والا ہی جس کی یہ خبر ہی کیونکہ شریعت نکالنا دوسرے کا کام نہیں بعد موسیٰؑ کے کوئی رسول سوائے ہمارے پیغمبر کے دوسرا نہیں ہوا اُس پیغمبر کو خدا عبدی کرکے کہتا ہی یہ کلمہ نہایت پیار کا ہی عبودیت کے مراتب علماء نے بہت کچھ شرح و بسط کے ساتھ لکھے ہیں ہم کو اعادہ کی ضرورت نہیں ؟ اشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ مطابق اس پیشین گوئی کے ہی رسول تو منتخب ہوتا ہی

לֹא יִצְעַק וְלֹא יִשָּׂא וְלֹא־יַשְׁמִיעַ בַּחוּץ קוֹלוֹ: لو یصعق ولو یسّا ولو یشمیع بحوص قولو: **لغات** יִצְעַק مادہ اس کا צָעַק صعق ہی اس کے معنی ہیں چلّانا شور کرنا: יִשָּׂא یسّا اُٹھانا تکبیر کرنا (ترجمہ) نہ چلّائے گا اور نہ اپنی آواز بلند کرے گا اور نہ باہر سنائے گا۔ مقصود یہ ہی کہ وہ پیغمبر نہایت نرم دل ہوگا اور اُس کی آواز بہت نرم ہوگی چنانچہ سب بات ہمارے پیغمبر میں تھی لو کنت فظا غلیظ القلب בַּחוּץ

Marfat.com

קנה רצוץ לא ישבור ופשתה כהה לא יכבנה
לאמת יוציא משפט׃ ס

قَانِہ رَاصُوص لُو یِشْبُور وُ فِشْتَہ کیہا لُو یخبنہ لِامِتْ یُوصی مِشْپاط:

شکستہ بیل کو نہ توڑے گا اور دھوندلی بتی کو گل نہ کرے گا۔ تصدیق شریعت جاری کرے گا مقصود یہ ہے کہ مظلوموں کو نہ ستائے گا وہ بڑا عادل ہوگا۔ اس سے یہ بھی مراد ہے کہ بیت المقدس کو خراب نہ کرے گا بلکہ محفوظ رکھے گا شکستہ بیل سے مقصود بیت المقدس ہے چنانچہ اب مسلمان اُس مسجد میں نماز کے لئے جاتے ہیں اور دھوندلی بتی سے مقصود توراۃ ہے یعنی اُس کے احکام بالکلیہ نہ زائل کرے گا۔ לא יכהה ולא ירוץ עד ישים בארץ משפט ולתורתו איים ייחלו׃ لُو یِخِہ وِلُو یَارُوص عَد یَاسِیم بَا آرِص مِشْپاط وُلْتُورَاتُو اِیِیم یحِیلو (ترجمہ) نہ مضمحل ہوگا نہ دوڑے گا جب تک کہ نہ قائم کرے گا ملک میں دین یعنی جب تک اُس کی شریعت اہل بر نہ قبول کریں مقصود یہ ہے کہ وہ پیغمبر جب تک دین کو پورا نہ کرے گا اور اُس کی شریعت ملک میں جاری نہ ہوے گی اس دنیا سے رحلت نہ کرے گا۔ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ کو وسورہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ کو لحاظ کرو

כה אמר האל יהוה בורא השמים ונוטיהם רקע הארץ וצאצאיה נתן נשמה לעם עליה ורוח להלכים בה
کُوا مَر ہا اِیل یہوا بُورِی ہَشَّامَایِم وِنُوطیہم رُوقَع ہا ارص

Marfat.com

وِصِئطاءِ ہا نوٹیتِن لِشا مالاعام عالیہا وِرُوَح لہولخیم باہ (ترجمہ) یوں کہا اُس قوی خدا نے جس نے آسمانوں کو بنایا اور اُن کو کھڑا کیا جس نے زمین کو پھیلایا اور اُس کے موالید کو جس نے اُس کے رہنے والوں کو جان دیا اور روح اُس میں چلنے والوں کو:

הָאֵל יְהוָה בּוֹרֵא הַשָּׁמַיִם וְנוֹטֵיהֶם
רֹקַע הָאָרֶץ וְצֶאֱצָאֶיהָ נֹתֵן נְשָׁמָה לָעָם
עָלֶיהָ וְרוּחַ לַהֹלְכִים בָּהּ: אֲנִי יְהוָה קְרָאתִיךָ
בְצֶדֶק וְאַחְזֵק בְּיָדֶךָ וְאֶצָּרְךָ וְאֶתֶּנְךָ
לִבְרִית עָם לְאוֹר גּוֹיִם: לִפְקֹחַ עֵינַיִם עִוְרוֹת
לְהוֹצִיא מִמַּסְגֵּר אַסִּיר מִבֵּית כֶּלֶא
יֹשְׁבֵי חֹשֶׁךְ: אֲנִי יְהוָה הוּא
שְׁמִי וּכְבוֹדִי לְאַחֵר לֹא אֶתֵּן וּתְהִלָּתִי
לַפְּסִילִים: הָרִאשֹׁנוֹת הִנֵּה בָאוּ וַחֲדָשׁוֹת
אֲנִי מַגִּיד בְּטֶרֶם תִּצְמַחְנָה אַשְׁמִיעַ אֶתְכֶם

اَنی یہوا قِراتیخا بصدق وِاَخزیق بیادِخا وِاِصّرخا وِاتنخا لبریت عام لاور گویم لفقوح عِینایم عیویروث لہوصی ممسگیر اَسیر مبیث کلی یوشبی ہوشخ :: اَنی یہوا ہوشمی وخبودی لاخیر لواتین وثہلاتی پسّلیم + ہارِشو نوث ہِنّہ باءو وحداشوث اَنی مگید بطیرم تصمحنا اشمیع اِتخم (ترجمہ) میں خدا ہوں بولایا تجھے صداقت سے اور تیرا ہاتھ پکڑا (یعنی پابند کیا یا مسیح بنایا) اور تیری حفاظت کی اور دیا تجھکو شریعت قوموں کی روشنی (نور اَو ہدیٰ) اندھوں کی آنکھ کھولنے کو مجلس سے قیدیوں کے نکالنے کو قید خانہ سے اندھیری کے رہنے والوں کو، میں خدا ہوں وہی میرا نام ہی اپنا جلال میں اجانب کو نہ دوں گا اور اپنی خوبی (یعنی کمال) کو:

مقصود یہ ہی کہ جب شریعت دوں گا تو ابراہیم کی اولاد کو دوں گا۔ نہ بت پرستوں کو کیونکہ کہا ہی זֶרַע אַבְרָהָם אֹהֲבִי: ابراہیم کی اولاد

Marfat.com

مجھے پیاری ہے: سارہ سے ہو خواہ ہاجرہ سے: امورات ماضیہ تو ہو چکیں اور حوادث کی خبریں تم کو دیتا ہوں قبل اس کے کہ وجود پذیر ہوں۔ اب خبر دیتا ہے اس اخبار میں بڑا اہتمام کیا ہے: שִׁירוּ לַיהוָה שִׁיר חָדָשׁ תְּהִלָּתוֹ מִקְצֵה הָאָרֶץ יוֹרְדֵי הַיָּם וּמְלֹאוֹ אִיִּים וְיֹשְׁבֵיהֶם: יִשְׂאוּ מִדְבָּר וְעָרָיו חֲצֵרִים תֵּשֵׁב קֵדָר יָרֹנּוּ יֹשְׁבֵי סֶלַע מֵרֹאשׁ הָרִים יִצְוָחוּ: יָשִׂימוּ לַיהוָה כָּבוֹד וּתְהִלָּתוֹ בָּאִיִּים יַגִּידוּ: יְהוָה כַּגִּבּוֹר יֵצֵא כְּאִישׁ מִלְחָמוֹת יָעִיר קִנְאָה יָרִיעַ אַף־יַצְרִיחַ עַל־אֹיְבָיו יִתְגַּבָּר:

شِیرو لِیہوا شیر حاداش تِہلاَّ تو مِقصہ ہا آرِص یورِدی ہیّام وُملو اِیّم وِیوشبیہم یِسئو مِدبار وعارَا و حَصیریم تیشیب قیدار یارد نو یوشبی سلع مِروش ہاریم یِصوا حو یاسیمو لِیہوا کابود وتہلاَّ تو بااِیّیم یگید و یہوا بگبور یصی کاییش ملحاما یاعیر قِنا یارِیَع اَف یَصرِیح عَل اُویا و یتگبَّر۔

لغات

יָם یام۔ بحر، سمندر۔ מְלֹא ملو احتی۔ کوئی چیز پر ہو۔ אִי اِی خشکی و جزیرہ۔ יִשְׂאוּ یسئو صیغہ مضارع ہے مادہ اس کا נָשָׂא ناسا ہے جس کے معنی ہیں بلند کرنا، لادنا، اٹھانا مجازاً سرداری کرنا اسی سے ناسی بمعنی سردار نکلا ہے۔ מִדְבָּר مدبار بمعنی ریگستان۔ עָרָיו عارا بمعنی قریے، گاؤں۔ חָצֵר حاصیر۔ حصار و شہر پناہ خصوصاً دیوار

Marfat.com

احاطہ بیت المقدس جیسے حطیم و حرم יצוחו یصوا حو اس کا مادہ צוח صوح ہے جس کے معنی ہیں شور مچانا خصوصاً خوشی سے יצריח یصرح مادّہ اس کا צרח صرح ہے معنی کڑکنا، ڈپٹنا (ترجمہ) اے سکّانِ بحر و بر و باشندگانِ جزائر خدا کو نئی تسبیح سے تسبیح کرو۔ سرداری کریں گے ریگستان اور اُس کی بستیاں بیت المقدس میں بیٹھیں گے بنی قیدار سکانِ سنگ لاخ زمزمہ کریں گے پہاڑ کی چوٹی سے شور مچائیں گے۔ خدا کی زکوٰۃ ادا کریں گے یا اُس کی عظمت قائم کریں گے اور اُس کی ستائش کے جزائر میں اعلان کریں گے۔ خدا مثل بہادر کے نکلے گا۔ سپاہی کی طرح غضب ناک ہوگا بگل دے گا بلکہ کڑکے گا، اپنے دشمنوں پر غلبہ کرے گا۔ **تفسیر** خدا کو نئے بھجن سے بھجو یعنی اُس کی حمد کرو۔ انتہائے ارض سے سکانِ بحر و بر (اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ نئے بھجن سے مقصود قرآن ہے۔ مقصود یہ ہے کہ قرآن سے تمام روئے زمین کے لوگ پڑھیں یہی مقرر ہوگا) سرداری کریں گے میدان اور اُس کی بستیاں حرم میں بیٹھے گا۔ قیدار زمزمہ سنج ہوں گے کوہستانی پہاڑ کی چوٹیوں سے شور مچائیں گے میدان سے مقصود میدان عرب ہے وادی غیر ذی زرع سے جو مشہور ہے کتب قدیمہ میں بھی جا بجا اُسی ارض ثلمبو بوشا یعنی وادی غیر ذی زرع سے بیان کیا ہے:

חצרים תשב קדר قیدار نام ہے حضرت اسمٰعیلؑ کے بیٹے کا جس کی اولاد میں ہمارے پیغمبر ہیں חצרים حصیریم حرم بیت المقدس کو کہتے ہیں یہ خبر نسبت ہمارے پیغمبر کے نہایت واضح ہے محتاج بسط و تطویل نہیں خدا کی عظمت قائم کریں گے اور اُس کی پرستش دنیا کو بتائے گی (یعنی بنی قیدار خدا پرستی دنیا میں قائم کریں گے) خدا مثل پہلوان کے نکلے گا مرد سپاہی کی طرح غضب مشتعل کرے گا، کڑکے گا اور ڈپٹے گا اپنے دشمن پر جبر کرے گا۔ یہ سب اشارہ ہے

Marfat.com

جماد کی طرف: החשיתי מעולם אחריש
אתאפק כיולדה אפעה אשם
ואשאף יחד : ہَحیشیتی مُعولام
اَحَرِیش اِتاَّیاق کیوّلیدا اِفعِہ اِشوم و اِشاَف یاحَد : החשיתי
ہَحیشیتی مادہ اس کا חשה حشہ ہے جس کے معنی ہیں سکوت و قرار و
استراحت یہاں صیغہ ماضی ہے ابواب تعدیہ سے אחריש اَحَرِیش
اس مادہ کے معنی بہت ہیں یہاں سکوت اختیار کرنا چپ چاپ رہنا אפ
עה اِفعِہ مادہ اس کا פעה فعہ ہے جس کے معنی ہیں چلانا א
שם اِشوم مادہ اس کا شامم ہے שמם معنی ویران کر دینا۔
(ترجمہ) میں نے ابتداء سے اُن کو آرام و قرار دیا۔ چپ چاپ رہوں گا۔ ضبط
کروں گا زچہ کی طرح چلاؤں گا۔ یکبارگی ویران و تباہ کردوں گا۔ مطلب واضح ہے
بدکرداروں کی طرف خصوصاً بت پرست: אחריב הרים וגבעות
וכל עשבם אוביש ושמתי
נהרות לאיים ואגמים אוביש :
והולכתי עורים בדרך
לא ידעו בנתיבות לא ידעו
אדריכם אשים מחשך
לפניהם לאור ומעקשים ל
מישור אלה הדברים עשיתם ולא
עזבתים : נסגו אחור יבשו
בשת הבטחים בפסל האמרים

Marfat.com

[illegible]

اَحَریب ہاریم وُگبیعُوث وِخلَ عسبام اُوبیش وِسَمتّی نہارُوث لاَئیّیم وَاَغمیم اُوبیش + وِہُولختی عوریم بِدرِخ لویادَاعو بِنیتیبُوث لوہا دِعُوا اَدرِیخیم آسیم مخشاخ لفنیہم لاَئُور وُمَعقشیم لمیشور ایلہ ہدبّاریم عَسیثیم وِلوعزبتیم + نَاسوغوا آحور یبوشُو بوشِث ہبوطِحیم بپّاسِل ہاُومریم لمسّکا اتّم الوہینو : חרב

اَحَریب مادّہ اس کا חרב حرَب ہے ویران ہونا یہاں ابواب تعدیہ سے ہے הר ہار معنی پہاڑ נתיב نیتیب آمدوشد سے جو راہ بن جائے נהר ناہار معنی نہر אי ای معنی خشکی אגם اَغم معنی تالاب עִוֵּר عوّیر معنی اندھا מעקש مَعقاش کجی מישור میشور معنی راستی נסג ناسوغ مادہ اس کا נסג نسغ ہے بمعنی مڑجانا (ترجمہ) ویران کردیں گے ہم پہاڑوں کو اور پگ ڈنڈیوں کو اور اُن کی گھاسوں کو سوکھا دیں گے اور ندیوں کو اور تالابوں کو خشک کردیں گے اور اندھوں کو ایسی راہ پر چلائیں گے جسے وے جانتے نہ تھے اور ایسی پگ ڈنڈی پر جس سے وے واقف نہ تھے چلائیں گے اور بعوض ظلمت اُن کے سامنے نور کریں گے اور کجی کی راستی یہی باتیں ہم کریں گے اور اُن کو نہ چھوڑیں گے پیچھے مڑیں گے یعنی بہت شرمندہ ہونگے بتوں پر بھروسا رکھنے والے وے لوگ جو بت کو معبود کہتے ہیں پہاڑوں سے مقصود بت پرست ہیں اور پگ ڈنڈی سے مراد اُن کا دین ہے۔ غایت کلام یہ ہے کہ بت پرستوں کو برباد کریں گے اور اُن کے دین کو برباد کرکے اُن کو راہ راست پہ چلائیں گے۔ چنانچہ یہ سب کچھ پیغمبر خدا اور اصحاب کے وقت میں واقع ہوا۔ کیسے کیسے

Marfat.com

بت خانے توڑے گئے اور کیسی کیسی سخت قوم بت پرست ایمان لائی۔ بہت عیسائی جو مثل بت پرست تھے سب راہ راست پر آئے۔ خدا پرستی دنیا میں شائع ہوئی۔ یہ سب واضح ہی حاجت بسط وشرح نہیں حضرت موسیٰ کے وقت میں بھی شیوع خدا پرستی ہوا لیکن نہ اس قدر فتدبر۔ ممکن ہی کہ پہاڑ و پگ ڈنڈی سے مراد جبل وسہل ہو مقصود یہ ہی کہ اُس زمانہ میں بلاد کوہستان وسہول میں کچھ طاقت نہ رہے گی وعلی ہذا القیاس جزائر و باشندگان بحر میں اور ممکن ہی کہ پہاڑ سے مراد بڑی ریاست ہوں اور پگ ڈنڈی سے چھوٹی اور ممکن ہی کہ انہار سے مقصود بڑی اوثان ہوں اور تالاب سے چھوٹی جو بہت مروج نہ ہوں اور یہ سب آنحضرت کے وقت میں برباد ہوئے اور ممکن ہی کہ اندھوں سے مراد بنی قیدار ہوں جو محض نافہم وجاہل تھے پر خدا کہتا ہی ہم اُن کو چھوڑیں گے نہیں یعنی اُن کی شریعت منسوخ نہ ہوگی הַחֵרְשִׁים שְׁמָעוּ וְהַעִוְרִים הַבִּיטוּ לִרְאוֹת׃ ہحیرشیم شماعو وہاعوریم ہبیطو لرئوث:

(ترجمہ) بہروں نے سُنا اور اندھوں نے دیکھا مقصود بہیرے سے وہ ہی جس نے حکمت و دانش کی بات نہیں سنی اور اندھے سے مراد وہ ہی جو ایسی باتیں نہ پڑھے ہو یعنی اُمّی محض جیسا آگے خود مصرح ہی: מִי עִוֵּר כִּי אִם־עַבְדִּי וְחֵרֵשׁ כְּמַלְאָכִי אֶשְׁלָח מִי עִוֵּר כִּמְשֻׁלָּם וְעִוֵּר כְּעֶבֶד יְהוָה׃ می عوّیر کی اِم عَبدی وِحیرش کِملاخی اِشلاح می عوّ کمشلام وِعوّیر کعیبد یہوا:

(ترجمہ) کون اندھا ہی سوائے ہمارے غلام کے کون بہرا ہی سوائے ہمارے بھیجے ہوئے پیغمبر کے کون اندھا ہی مسلمان کا سا اور کون اندھا ہی خدا کی بندگی کی طرح۔ اوپر کی آیت میں وعدہ تھا کہ بہرے سنیں گے اور اندھے دیکھیں گے یعنی فیضان الٰہی اندھے اور بہرے پر نازل پر ہوگا یعنی امی محض پر اب اس آیت میں اُس امی کی تصریح ہی کہ اندھے سے

Marfat.com

مقصود مسلمان ہے اور جس کا خطاب عبد اللہ ہوگا مقصود یہ ہے کہ فیضان الٰہی نازل ہوگا امی محض پر جو مسلمان اور رسول اللہ و عبد اللہ ہوگا امی آپ کا ہونا تو ظاہر ہے כִּמְשֻׁלָּם مشلام کے معنی مسلمان اور کامل آپ کامل ہی تھے اور مسلمان بھی جبرئیل نے مسلمان کے یہی معنی بیان کیا ہے کہ جو نماز پڑھے روزہ رکھے حج کرے زکوٰۃ دے اور پیغمبر کی رسالت کا اقرار کرے یہ سب کچھ آپ میں تھا اور رسول تو بدون کمال کے ہوتا نہیں اور عبد اللہ تو آپ کا خطاب ہی ہے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ کو لحاظ کرو۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ قیدار بیت المقدس پر قبضہ کرے گا یعنی اُس کی اولاد میں کوئی ایسا ہوگا جو بیت المقدس کو لے لے گا۔ بت پرستوں کو راہ راست پر لائے گا۔ خدا پرستی دنیا میں پھیلائے گا وہ خدا کا رسول ہوگا اور وہ امی ہوگا وہ عبد اللہ لقب پائے گا اور مسلمان بلکہ اُس کے اتباع بھی مسلمان کہلائیں گے۔ اَلنَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَہٗ مَکْتُوْبًا عِنْدَھُمْ فِی التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ سے خدا اسی مقام کو یاد دلاتا ہے:

רָאוֹת רַבּוֹת וְלֹא תִשְׁמֹר פָּקוֹחַ אָזְנַיִם וְלֹא יִשְׁמָע:

رَاْث رَبّوْث وِلو تشمور پاقوح اُزنایم وِلو یشماع (ترجمہ) بہت بینا آنکھیں لحاظ نہ کریں گی کھلے کان نہ سنیں گے یہ اشارہ ہے بنی اسرائیل کی طرف کہ باوجود واقفیت وتمیز کے اُس اُمی پر ایمان نہ لائیں گے۔ اکثر یہود کہتے تھے بلکہ اب تک کہتے ہیں کہ ہاں محمد نبی تو تھے لیکن بنی اسمٰعیل کے لئے نہ ہمارے لئے ہمارے پاس تو شریعت عطیہ ربّانی موجود ہے۔ یہ ایک حیلہ مے نوشی کے لئے ہے کیونکہ شراب اُس دَور میں حرام ہوئی علاوہ بریں روزہ ایک مہینے کا فرض ہوا جو محنت شاقہ ہے۔ نماز پنجگانہ اُس پر مستزاد ہے۔ حضرت موسیٰ کے وقت میں کوئی نماز مقرر نہ تھی۔ علاوہ بریں بہت سے احکام اُن کی عادت جاریہ و مالوفہ کے خلاف ہیں

Marfat.com

جو باعث عصیان و کفران ہیں יְהוָה חָפֵץ לְמַעַן צִדְקוֹ
יַגְדִּיל תּוֹרָה וְיַאְדִּיר: یہوا حافیض لمعن صدقو یغدیل تورا ویادیر: (ترجمہ) خدا رغبت کرے گا (یعنی اُس آمی کی) بہ سبب اُس کے صدق کے وہ شریعت کو عظمت و قوت دے گا پیغمبر کو قبل نبوت کے بھی لوگ سچا سمجھتے تھے یہ یقین تھا کہ آپ کذب کے نزدیک نہیں یہاں تک کہ آپ کو لوگ محمد امین کہتے تھے اور آپ کو مستجاب الدعوات بھی سمجھتے تھے چنانچہ عتبہ کے حق میں آپ نے فرمایا تھا اَللّٰھم سلّط علیہ کلبا من کلابك تو جب وہ ابولہب کے ساتھ مع قافلہ قریش ملک شام میں بطور تجارت گیا تھا تو ابولہب نے اُس کی حفاظت میں بڑا اہتمام کیا تھا اور کہتا تھا کہ مجھکو اس لڑکے کی نسبت محمدؐ کی دعا کا بہت خوف ہے چنانچہ باوجود احتیاط تمام اُسے شیر نے توڑ ڈالا **شعر**

یارب صل وسلّم دائما ابدا ❊ علی نبیك خیر الخلق کلھم

اس میں شبہ نہیں کہ زمانہ اسلام میں شریعت کو نہایت عظمت و قوت ہوئی اصول حکمار ایسے بے کار ہوئے کہ کبھی نہ تھے، نجوم کی قدر بالکلیہ جاتی رہی۔ رمل و کہانت کو کوئی پوچھتا ہی نہیں۔ دیوتا بت پرستوں کی نظر میں بھی ذلیل ہو گئے۔ سحر و جادو برائے نام رہ گیا۔ حضرت موسیٰؑ نے ان سب امور کے مٹانے میں بہت کوشش کی لیکن اُن کے اتباع کی نالائقی و عیش طلبی سے خوب اتمام اُن سخت احکاموں کا نہ ہوا۔

וְהוּא עַם־בָּזוּז וְשָׁסוּי הָפֵחַ
בַּחוּרִים כֻּלָּם וּבְבָתֵּי כְלָאִים הָחְבָּאוּ
הָיוּ לָבַז וְאֵין מַצִּיל מְשִׁסָּה
וְאֵין־אֹמֵר הָשַׁב: وہوعم بازوز وشاسوی ہا
فیح بخوریم کلام وباقی کلائیم ہحبائو ہایو لابز واین مصیل مشسا واین اومیر

Marfat.com

ہاشَب : בָּזוּז بازُوز اس کا مادّہ בָּזַז بزز ہے بمعنی لوٹ لینا شکار کرنا یہاں صیغہ اسم مفعول ہے שָׁסוּי شاسوی مادّہ اس کا שָׁסָה شَسَا ہے بمعنی لوٹنا یہ خطاب ہے قیدار کی طرف (ترجمہ) وہ قوم لوٹی ماری جائے گی شکار کرے گا وہ بندۂ خدا سب جوانوں کو اور حرم میں چھپیں گے تا ہم لٹ جائیں گے اور کوئی لوٹ بچانے والا نہ ہوگا בְּבָתֵּי כְלָאִים باتِی کلایم کے معنی ہم حرم کہتے ہیں بَاتِی جمع ہے بیتْ کی جس کے معنی ہیں گھر اور کلایم کلا ہے کلاء سے جس کے معنی ہیں روکنا و بند کرنا باتِی کلایم کا ترجمہ لفظی روکاؤ و منع کا گھر مقصود حرم ہے جہاں خوں ریزی وغیرہ ممنوع ہے: בֵּית הַכֶּלֶא : بیت ہکلأ قیدخانہ کو کہتے ہیں وہ لفظ اور ہے اور یہ اور یہ خبر ہے فتح مکہ کی جیسا کہ قرآن میں فتح کی خبر دی گئی اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا فتح مبین سے یہی مقصود ہے کہ جس کو ہم اشعیا پیغمبر کے ذریعہ سے واضح کر چکے ہیں۔ اب ہم یہاں قصّہ فتح مکہ لکھدیتے ہیں تاکہ لوگ اس خبر سے منطبق کرلیں۔ حدیبیہ میں جب آنحضرت صلعم سے اور قریش سے صلح ہوئی تو من جملہ شرائط صلح یہ امر قرار پایا تھا کہ آنحضرت کے حُلفا یعنی ہم عہدوں سے قریش نہ لڑیں نہ اُن کے مخالفوں کی مدد کریں اور ایسا ہی آنحضرت بھی قریش کے حلفا کے ساتھ کریں وہاں دو قبیلہ تھے خزاعہ اور بنی بکر۔ خزاعہ حلیف یعنی ہم عہد پیغمبر خدا تھے اور بنی بکر کو عہد تھا قریش کے ساتھ اب اتفاق یہ ہوا کہ دونوں قبیلہ میں جنگ ہوئی زیادتی بنی بکر کی تھی بنی بکر نے شبخوں مارا اور بیس۲۰ آدمی خزاعہ کے مارے گئے قریش نے خفیہ ان کی مدد کی بلکہ عکرمہ بن ابوجہل وغیرہ بعض سردار خود بھی مونھ چھپا کر گئے۔ آنحضرت صلعم کو اُسی وقت بذریعہ وحی کے معلوم ہوگیا۔ خزاعہ کے راجز یعنی کڑخیت نے اُسی وقت رات میں آپ کو پکارا اور استغاثہ کیا۔ خدائے تعالیٰ نے آپ کو وہ آواز پہنچا دی اُس وقت آپ نانہ میں حضرت میمونہ کے حجرہ میں وضو کر رہے تھے سنتے ہی آپ نے فرمایا لبیک لبیک لبیک

Marfat.com

یعنی میں پہنچا۔ حضرت میمونہ نے لبیک سُن کے پوچھا کہ کس کے جواب میں آپ فرماتے ہیں آپ نے فرمایا راجز خزاعہ مجھے پکار رہا ہے مجھ سے فریاد کرتا ہے کہ بنو بکر ہم پر شبخوں لائے اور قریش نے اُن کی مدد کی پھر آپ نے صبح کو ماجرائے شب حضرت عائشہ سے بیان کیا حضرت عائشہ نے کہا۔ یا رسول اللہ کیا آپ گمان کرتے ہیں کہ قریش عہد شکنی پر جسارت کریں گے تلوار نے تو اُنھیں تباہ کر رکھا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اُنھوں نے عہد توڑا اب خدا کا ایک حکم اُن میں ظاہر ہوگا (غالباً حکم سے مقصود یہی حکم ہوگا جسے اشعیا بیان کر رہے ہیں) پھر تین دن کے بعد عمرو بن سالم خزاعی نے حضور اقدس میں پہنچکر روبرو اصحاب کے سب حال نظم میں عرض کیا بعد وقوع اس قصہ کے قریش کو ڈر ہوا کہ اگر آنحضرت کو خبر ہوگئی تو بے شک فوج کشی کریں گے۔ اس لئے ابوسفیان کو حضور اقدس میں بھیجا کہ حال دریافت کر آئے اور مدت صلح کچھ اور زیادہ کرلائے۔ ابوسفیان مدینہ گیا۔ پہلے ام حبیبہ جو اُس کی بیٹی اور ازواج مطہرات میں تھیں اُن کے پاس گیا۔ جناب رسول اللہ کے بچھونے پر بیٹھنا چاہا ام حبیبہ نے بچھونے کو لپیٹ دیا۔ ابوسفیان نے کہا مجھے بچھونے پر بیٹھنے نہیں دیتی ام حبیبہ نے کہا کہ تم مشرک ہو یہ بوریا حضرت سید الطاہرین کے جلوس کا ہے نجاست شرک ہے۔ ابوسفیان نے کہا مجھ سے الگ ہونے کے بعد تیری خو بدل گئی ہے۔ ام حبیبہ نے کہا کہ خدائے تعالیٰ نے مجھے اسلام نصیب کیا ہے اے باپ تو سردار قوم ہے اور دعوی عقل رکھتا ہے مسلمان نہیں ہو جاتا۔ پتھروں کو پوجتا ہے۔ ابوسفیان نے کہا۔ تعجب ہے تو نے میری بے حرمتی کی مجھ سے کہتی ہے کہ دین آبا چھوڑ دوں اور ناخوش ہو کے اُٹھ آیا اور حضور اقدس میں آکے تجدید عہد کے لئے گفتگو کی آپ نے کچھ جواب نہ دیا۔ بعد ازیں حضرت ابوبکر سے جاکر اپنا مطلب کہا حضرت ابوبکر نے عذر کیا اور کہا میں آپ سے گفتگو نہیں کرسکتا اور حضرت عمر نے اور حضرت فاطمہ نے بھی ایسا ہی جواب دیا۔ مگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مزاج میں ظرافت تھی جب ابوسفیان نے بہت مبالغہ کیا کہ کچھ تدبیر بتاؤ حضرت علی نے کہا کہ تم مسجد شریف میں آپکے

Marfat.com

سامنے کھڑے ہو کے پکار کے کہدو کہ میں نے قریش کو امان دی محمد میری امان کو نہ توڑیں گے تم بڑھے آدمی سردار قریش ہو۔ اس طرح کہدو۔ ابو سفیان نے کہا کہ اگر میں ایسا کروں تو مفید ہوگا۔ حضرت علیؓ نے کہا کہ یہ میں نہیں جانتا جو بات میرے خیال میں آئی سو میں نے کہدی ابو سفیان نے ویسا ہی کیا مسجد شریف میں جاکر اسی طرح کہدیا۔ بعد ازاں روانہ مکہ ہوئے وہاں پہونچ کے قریش سے سب حال بیان کیا۔ سبھوں نے بہت نفریں کی اور کہا کہ نہ تو خبر صلح لایا کہ اطمینان ہوتا اور نہ خبر جنگ کہ تیاری کرتے علیؓ نے تجھ سے ٹھٹھا کیا اور تو نہ سمجھا ویسا ہی کر گزرا۔ ہند زوجہ ابو سفیان نے کہ بہت زبان دراز تھی ابو سفیان کو بہت لعنت ملامت کی۔ آنحضرت صلعم نے تیاری لشکرکشی کی مکہ پر کی اور خبریں بند کردیں کہ قریش کو آپ کے عزم کی خبر نہ ہو۔ اچانک اُن کے سر پر جا پہونچیں۔ حاطب ابن ابی بلتعہ نے قریش کو ایک خط لکھا اور آپ کے عزم کی اطلاع دی اور ایک عورت کو وہ خط دیا کہ چپکے سے لے کے مکہ روانہ ہوئے۔ اللہ تعالی نے اس حال سے آپ کو مطلع کیا۔ آپ نے حضرت علی اور زبیر اور مقداد رضی اللہ عنہم کو بلا کے فرمایا کہ جھپٹ کے مکے کی راہ پر روضہ خاخ تک جاؤ وہاں ایک عورت مع خط کے جاتی ہے اُسے لاؤ۔ تینوں صاحب گھوڑا دوڑاتے روضہ خاخ تک کہ ایک جگہ مکے کی راہ میں ہے پہونچے۔ وہاں ایک عورت ملی۔ تلاشی میں اُس کے پاس کوئی خط نہ ملا۔ حضرت علی نے تلوار نکال لی اُس عورت کو دھمکایا اور کہا کہ پیغمبر نے جھوٹ خبر دی ہے؟ خط تیرے پاس بے شک ہے اگر تو مجھے نہ دیگی تو میں تجھے ننگا کروں گا۔ تب اُس نے اپنے جوڑے سے خط نکال کے دیا۔ حضور اقدس میں لائے۔ اُس خط میں بنام سرداران قریش لکھا تھا کہ جناب رسول اللہ صلعم مع لشکر جرار تم پر آتے ہیں اگر وے تنہا بھی تم پر قصد کریں تو خدائے تعالی اُن کو تم پر غالب کرے تم اپنی فکر کرو۔ آپ نے حاطب کو بلا کے حال پوچھا۔ اُنھوں نے اقرار کیا اور کہا کہ میں نے یہ کام براہ ارتداد نہیں کیا بلکہ وجہ اس کی یہ ہے کہ اور سب مہاجرین کے مکہ میں ایسی قرابت ہے جس کی

Marfat.com

جہت سے اُن کے اقارب قریش اُن کے عیال واطفال کی محافظت کریں گے اور میں قریشی نہیں ہوں کہ وے میرے عیال واطفال کی حفاظت کریں اور یہ میں جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو فتح دے گا۔ میرے اس لکھنے سے کچھ ضرر نہ ہوگا۔ آپ نے فرمایا سچ کہتا ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا اجازت ہو تو اس منافق کی گردن ماردوں۔ آپ نے فرمایا کہ اے عمر یہ اہل بدر سے ہے۔ تم نہیں جانتے ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کے ساتھ توجہ خاص فرمائی ہے۔ انھیں کہا ہے اِعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَکُمْ یعنی تم جو چاہو سو کرو میں نے تمھیں بخش دیا۔ یہ سنکر حضرت عمر پر رقت طاری ہوئی۔ آپ نے حاطب کو رخصت کردیا۔ آپ نے مع لشکر مہاجرین وانصار و دیگر قبائل عرب کوچ فرمایا بارہ ہزار آدمی لشکر ظفر پیکر میں تھے اور کوچ بہ کوچ روانہ ہوئے۔ راہ میں حضرت عباس ملے کہ ہجرت کئے ہوئے آتے تھے جناب رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ عباس کی ہجرت آخری ہے جیسے میری نبوت آخری ہے اور حضرت عباس سے آپ نے فرمایا کہ اسباب مدینہ کو روانہ کرو اور تم ساتھ چلو۔ جب قریب مکہ پہونچے منزل مَرّالظہران میں آپ نے ارشاد فرمایا۔ رات میں ہر شخص اپنے خیمے کے آگے آگ روشن کرے۔ عرب کا یہی دستور تھا۔ حضرت عباس نے خیال کیا کہ اگر یکبارگی یہ لشکر مکہ پر پہونچ جائے گا تو قریش سب تباہ ہو جائیں گے۔ لشکر سے نکل کے جانب مکہ روانہ ہوئے کہ اگر کوئی مل جائے تو اُس کی زبانی قریش کو کہلا بھیجیں کہ اپنے بچاؤ کی کچھ صورت کرلیں۔ آنحضرت صلعم رحیم ہیں اگر بہ تضرع و نیازمندی پیش آئیں گے تو آپ رحم فرمائیں گے ادھر سے ابوسفیان اور حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقا اس طرف آتے تھے مکے کے لوگوں نے دریافت حال کے لئے بھیجا تھا۔ آنحضرت کے لشکر کشی کا اُن کو خوف تھا مگر کچھ حال معلوم نہ تھا۔ جب پشتہ مَرّالظہران پر چڑھے آگ کی روشنی دیکھ کے متحیر ہوئے۔ آپس میں گفتگو کرنے لگے۔ بدیل نے کہا قبیلہ خزاعہ کی آگ ہے۔ ابوسفیان نے کہا اُن کی جماعت اتنی نہیں ہے کہ اتنی آگ اُن کے لشکر کی ہو۔ حضرت عباس وہاں پہونچے اور اُن کی باتیں سنیں

Marfat.com

ابوسفیان کی آواز پہچان کے اُس کو پکارا اور اُس نے پہچانا اور حال پوچھا حضرت عباس نے حال کہا۔ بلکہ اُسے اپنے لشکر میں لے گئے۔ ابوسفیان کو حضرت عمر نے دیکھ کر چاہا کہ اُسے قتل کریں۔ حضرت عباس نے کہا کہ میں نے امان دی ہے۔ حضرت عمر جھپٹے کہ حضور اقدس سے اجازت قتل ابوسفیان لے لیں۔ حضرت عباس ابوسفیان کو لے کے پہلے پہونچے حضرت عمرؓ نے حضور میں پہونچ کے عرض کیا کہ یہ دشمن خدا ابوسفیان بے ایمان بے امان آتا ہے حکم ہو تو اُس کی گردن ماروں حضرت عباس نے کہا۔ میں نے امان دی ہے۔ حضرت عباس اور حضرت عمر میں اس باب میں گفتگو ہونے لگی۔ آپ نے دونوں کو روک دیا اور حضرت عباس سے کہا کہ ابوسفیان کو اپنے خیمہ میں رکھو۔ صبح کو لے آئیو۔ صبح کو حضرت عباس ابوسفیان کو حضور اقدس میں لے گئے آپ باخلاق پیش آئے اور فرمایا کہ افسوس ہے ابوسفیان۔ اب تک تو نہیں اعتقاد کرتا کہ سوائے خدا کے اور کوئی لائق پرستش کے نہیں۔ ابوسفیان نے کہا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان۔ آپ بڑے رحیم و کریم ہیں باوصف میری ایسی عداوت کے ایسی مہربانی فرماتے ہیں۔ واقعی سوائے خدا کے اور کوئی نہیں ہے نہیں تو ہماری مدد کرتا۔ آپ نے فرمایا کیا ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ تو میری پیغمبری کی تصدیق کرے۔ ابوسفیان نے تامل کیا۔ حضرت عباس نے کہا۔ اب تامل کا وقت نہیں ایمان لاؤ نہیں تو عمر آکے ابھی سر کاٹ لے گا۔ ابوسفیان نے کہا۔ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ واشہد ان محمداً رسول اللہ۔ بعد ازیں ابوسفیان آپ سے رخصت ہو کے روانہ ہوا۔ حضرت عباس نے عرض کیا کہ مجھے خوف ہے کہ کہیں ابوسفیان مکہ میں جا کے مرتد نہ ہو جائے۔ آپ اُسے جانے نہ دیجئے اور سب لشکر اُسے دکھایا جائے کہ ہیبت اسلام اُس کے دل میں سما جائے۔ آپ نے فرمایا۔ بہتر ہے۔ ابوسفیان کو ٹھیرالو اور سارے لشکر اُسے دکھاؤ۔ حضرت عباس نے ابوسفیان کو بلایا اُسے لے کے ایسی جگہ جا بیٹھے جہاں سے سب لشکر کا مرور ہو ابوسفیان کے سامنے رسالے سواروں کے اور غول پیدلوں کے الگ الگ اپنے اپنے

Marfat.com

امیروں کے ساتھ نکلنے لگے۔ ابوسفیان کی آنکھیں کھل گئیں۔ حضرت عباس سے کہنے لگا کہ تمھارا بھتیجا بڑا بادشاہ ہوگیا۔ یہ تیمے نگر تا چہ شاہی گرفت۔ حضرت عباس نے کہا پیغمبری ہے کہ بادشاہی۔ غرض کہ ابوسفیان نے سب لشکر دیکھا حضرت عباس نے بوقت اسلام ابوسفیان حضور اقدس میں عرض کیا تھا کہ ابوسفیان اپنی نمود اور ظہور سرداری کو بہت دوست رکھتا ہے۔ اُس کے لئے کوئی بات ایسی ارشاد ہو جائے جس میں اُس کا فخر ہو۔ آپ نے فرمایا من دخل دار ابی سفیان فھو امن یعنی جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو اُس کو امان ہے اور آپ نے فرمایا جو مسجد حرام میں داخل ہو اُسے امان ہے جو ہتھیار ڈال دے اُسے امان ہے اور جو دروازہ بند کرلے اُسے امان ہے۔ بعدازیں موکب ہمایوں داخل مکہ ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ جب تک کوئی لڑائی تم سے نہ کرے قتال نہ کرو۔ ایک جانب سے عکرمہ بن ابی جہل اور صفوان بن اُمیہ کچھ جماعت لے کر مقابل ہوئے اُس جانب سے لشکر حضرت خالد بن ولید کا تھا۔ اُنھوں نے اُن سے قتال کیا۔ لڑائی سخت ہوئی۔ مسلمانوں نے مارتے مارتے قریب دروازہ حرم تک کافروں کو پہونچایا۔ چوبیں کفار بنی بکر کے اور چار ہذیل کے مارے گئے اور دو مسلمان شہید ہوئے۔ ایک مسلمان عکرمہ کے ہاتھ سے شہید ہوا آپ یہ خبر سُنکر متبسم ہوئے۔ اصحاب کو تعجب ہوا آپ نے وجہ تبسم ارشاد فرمائی کہ قاتل و مقتول کو دیکھا کہ ساتھ بہشت میں چلے جاتے ہیں۔ اس سے سامعین کو اور تعجب زیادہ ہوا کیونکہ عکرمہ کافر تھا اُس کا اسلام دشوار جانتے تھے مگر آپ کی پیشین گوئی کے مطابق وہ مسلمان ہوگیا:

ابن عباس سے روایت ہے کہ جب آنحضرت صلعم مکے میں داخل ہوئے۔ حضور اقدس میں استغاثہ ہوا کہ خالد اہل مکہ کو قتل کئے ڈالتے ہیں۔ آپ نے ایک آدمی بھیجا کہ خالد سے کہدے ادفع عنھم السیف یعنی تلوار قریش سے اُٹھالو اُس نے جا کے کہا ضع فیھم السیف یعنی تلوار قریش میں رکھو خالد رضی اللہ عنہ نے اور بھی قتل میں گرمی

Marfat.com

کی یہاں تک کہ ستّر آدمی قتل ہوئے۔ آپ نے خالد پر عتاب کیا اور سبب نافرمانی پوچھا
خالد نے عرض کیا۔ مجھے حکم ممانعت نہیں بلکہ قتل کا حکم پہونچا تھا۔ آپ نے حکم لے جانے والے
سے پوچھا۔ اُس نے کہا کہ راہ میں ایک شخص مہیب سر آسمان پر پانوں زمین میں مجھے ملا
اور اُس کے ہاتھ میں ایک حربہ تھا اُس نے مجھ سے کہا تو یوں کہدے ضع فیھم السیف
یعنی قریش پر شمشیر زنی کرو نہیں تو میں تجھے اس حربہ سے قتل کروں گا۔ مجھ پر ایسا رعب
غالب ہوا کہ سوا اس بات کے کچھ کہہ نہ سکا۔ معلوم ہوا کہ وہ شخص مہیب فرشتہ تھا اور
منظور جناب ایزدی یہ تھا کہ ستّر آدمی مقتولان احد کے برابر قتل ہوں اس لئے کہ جناب
رسول اللہ صلعم نے بروز اُحد جب کہ حضرت حمزہؓ آپ کے چچا شہید ہوئے تھے کہا تھا کہ
میں اگر قریش پر قابو پاؤں گا ستّر آدمی اُن میں قتل کروں گا۔ سو خدائے تعالیٰ نے آپ کی
بات پوری کردی۔ دخول مکہ کے وقت میں بنظر تواضع آپ نے سر مبارک بہت جھکا دیا
یہاں تک کہ کجاوے سے ریش مبارک لگ گئی۔ بدیں خیال کہ کس طرح یہاں سے نکلنے کا
اتفاق ہوا تھا اور کس شوکت و عظمت کے ساتھ رب العزۃ نے داخل کیا۔ مکہ میں پہونچ کے
آپ نے ام ہانی بنت ابی طالب کے گھر میں جا کے غسل کیا اور آٹھ رکعتیں چاشت کی
نماز پڑھیں۔ ام ہانی نے عرض کیا کہ میرا بھائی علی فلانے کو قتل کیا چاہتا ہے اور میں نے
اُسے امان دی ہے وہ حضرت ام ہانی کے شوہر کے اقارب سے تھا۔ آپ نے فرمایا جسے
تم نے امان دی اُسے میں نے بھی امان دی۔ بڑے بڑے سردار قریش شہر کے شہر چھوڑ کے
بھاگ گئے اور جو حاضر ہوئے اُن کا قصور معاف ہوا۔ اُن سے آپ نے پوچھا کہ تمھارا
مجھ سے کیا گمان ہے۔ میں تمھارے ساتھ کیا کروں گا اُنھوں نے کہا کہ ہم کہتے ہیں کہ آپ
برادر کریم ہیں ہمارے مالک ہوئے ہیں ہم پر رحم فرمائیں گے۔ آپ نے فرمایا کہ میں تمھارے
حق میں وہ کہتا ہوں جو یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا۔ لَا تَثْرِیْبَ
علیکم الیوم یغفر اللہ لکم وھو ارحم الراحمین ۔ آج تم کو کچھ ملامت نہیں

Marfat.com

اللہ تم کو بخشے جو سب رحم کرنے والوں سے بڑھکر رحیم ہی۔ گرد خانہ کعبہ کے مشرکین نے تین سو ساٹھ بُت رکھے تھے اور پاؤں اُن کے سیسے سے جما دیئے تھے۔ آنحضرت صلعم جس وقت وہاں تشریف لے گئے ایک لکڑی آپ کے ہاتھ میں تھی آپ یہ آیت پڑھتے تھے جَاءَ الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا: یعنی آیا حق اور مٹا باطل بے شک باطل مٹنے والا ہی۔ اور لکڑی سے آپ بتوں کی طرف اشارہ کرتے تھے سو جس کے مُنھ کی طرف آپ اشارہ کرتے تھے وہ بت چت گر پڑتا تھا اور جس کی پشت کی طرف اشارہ فرماتے تھے وہ اوندھا گرتا تھا اس طرح سب بت اوکھڑ اوکھڑ کے گر پڑے اور تصویریں جو دیوار کعبہ پر کھینچی تھیں اُس کو آپ نے زمزم سے پانی منگوا کے دُھلوا ڈالا۔ اُن میں حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل کی صورتیں جو تھیں اُن کے ہاتھوں میں تیر قمار کی بنا دی تھی آپ نے فرمایا کہ مشرکین خوب جانتے ہیں کہ ان دونوں پیغمبر نے یہ کام کبھی نہیں کیا براہ شرارت اُن کے ہاتھ میں تیر قمار کی صورت بنا دی تھی۔ گیارہ مرد اور چھ عورتوں کا خون آپ نے ہدر فرمایا تھا یعنی جہاں پاؤ مار ڈالو۔ مرد تو یہ ہیں: عکرمہ بن ابی جہل صفوان بن اُمیہ وحشی قاتل حمزہ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح۔ کعب بن زہیر۔ ہبار بن اسود۔ عبداللہ بن زبعری عبدالعزیٰ بن خطل مقیس بن ضبابہ۔ حارث بن طلاطلہ، حویرث بن نقید یہ چار پچھلے قتل ہوئے باقی سب مسلمان ہوئے اور عورتیں ایک ہند زوجہ ابی سفیان۔ دوسری قرینا۔ تیسری قرنبہ چوتھی ارنب پانچویں سارہ چھٹی ام سعد یہ چار پچھلی قتل ہوئیں۔ عبدالعزیٰ بن خطل آکر کعبے کے پردوں سے لپٹ گیا۔ لوگوں نے حضور اقدس میں یہ حال عرض کیا آپ نے فرمایا وہیں مار ڈالو۔ چنانچہ قتل کر ڈالا۔ اللہ جل جلالہ نے اُس دن حرم میں اجازت قتل کی آپ کو دی تھی۔ لہذا آپ نے وہیں قتل کرنے کا حکم دیا۔ پہلے مدینہ میں آ کے مسلمان ہو گیا تھا آپ نے اس کا نام عبداللہ رکھا تھا۔ پہلے عبدالعزیٰ تھا۔ آپ نے ایک قبیلہ کی زکوٰۃ لینے کو اُس کو بھیجا تھا۔ اُس سفر میں اُس نے اپنے خدمتگار کو کہ کھانا پکانے میں اُس نے دیر کی تھی

Marfat.com

مار ڈالا۔ پھر اس ڈر سے کہ آنحضرت صلعم قصاص میں اُسے قتل کریں گے۔ مدینہ کو نہ گیا اور زکوٰۃ کا مال لے کے مرتد ہو کے مکے چلا گیا۔ اس لئے آپ نے اُس کا خون ہدر کیا تھا کہ مارا گیا۔ یوں ہی حضرت سلیمان نے یوات کو بیت المقدس کے اندر جہاں خون کرنا جائز نہ تھا قتل کروایا۔ ملاخیم اول باب دوم ۲۸ سے ۳۴ تک دیکھو مقیس بن ضبابہ کا یہ جرم تھا کہ اُس کے بھائی ہشام کو ایک انصاری نے مشرک جان کے قتل کیا تھا۔ آنحضرت نے دیت دلوادی مقیس نے بعد لینے دیت کے انصاری کو قتل کیا اور مرتد ہو کے بھاگ گیا۔ روز فتح اور مشرکین کے ساتھ مکہ میں ایک گوشے میں شراب پی رہا تھا نمیلہ بن عبد اللہ لیثی کو خبر ہوئی اُنھوں نے اُسے قتل کیا۔ حارث بن طلاطلہ بھی آنحضرت صلعم کو ایذائیں دیتا تھا۔ حضرت علی نے اُسے قتل کیا۔ حویرث بن نقید کو بھی حضرت علی نے قتل کیا۔ گھر میں بیٹھ رہا تھا حضرت علی اُس کے دروازہ پر اُس کی تلاش میں گئے۔ گھر میں سے کہا کہ جنگل کو گیا ہے حضرت علی وہاں سے چلے آئے۔ تب وہ گھر سے نکلا۔ حضرت علی کو مل گیا۔ اُنھوں نے قتل کیا۔ وہ شاعر تھا آنحضرت صلعم کی ہجو کیا کرتا تھا۔ عکرمہ بن ابی جہل کا یہ حال ہوا کہ وہ مکے سے بھاگ گیا۔ ام حمیل اُس کی زوجہ مسلمان ہوگئی اور اُس نے حضور اقدس میں عرض کیا کہ عکرمہ کو امان ملے۔ آپ نے عکرمہ کو امان دی۔ تب ام حمیل نے عکرمہ سے جا کر کہ وہ جہاز پر چڑھ کے ارادہ بھاگ جانے کا رکھتا تھا حال بیان کیا۔ اُس نے بڑا تعجب کیا کیونکہ بنظر اپنی ایسی عداوت کے جو بدرجۂ اتم تھی امان کو محال سمجھتا تھا۔ اُس نے کہا کہ میں آپ کو ایسی ایذائیں دیتا رہا اُس پر بھی امان دی۔ ام حمیل نے کہا کہ آپ ایسے کریم و رحیم ہیں کہ تعریف نہیں ہو سکتی عکرمہ ام حمیل کے ساتھ ہو لیا۔ حضور اقدس میں آکر براہ تعجب عرض کیا کہ یہ عورت کہتی ہے کہ آپ نے مجھے امان دی۔ آپ نے فرمایا کہ سچ کہتی ہے۔ عکرمہ نے کہا کہ اتنا حلم سوائے پیغمبر کے دوسرے سے نہیں ہو سکتا۔ پھر اُسی وقت مسلمان ہو گیا پھر تو حضرت عکرمہ بڑے مقبول ہوئے۔ لکھا ہے کہ قرآن دیکھ کے اُنھیں وجد ہوتا تھا جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بارہ لشکر اپنی ابتدائی خلافت میں واسطے

Marfat.com

دفع فتنۂ مرتدین اور قتال کفار کے مامور کیا۔ اُن میں ایک لشکر کے سردار عکرمہ بھی تھے اور اُسی عہد میں جنگ اجنادین میں شہید ہوئے صفوان بن امیہ کو آپ نے مہلت دی یہاں تک کہ غزوہ حنین واقع ہوا اُس کے لئے آپ نے کچھ زرہیں صفوان سے بطور عاریت لیں اور بعد فتح حنین کے کہ غنیمت بہت اہل اسلام کے ہاتھ آئی تھی اور ایک پہاڑ سارا غنیمت کے بھیڑوں اور بکریوں، دنبوں سے بھرا ہوا تھا صفوان بن امیہ نے دیکھ کے تعجب کیا اور کہا کس قدر مویشی ہیں آپ نے فرمایا کہ یہ سب کے سب میں نے تمھیں دیں اُسی وقت صفوان مسلمان ہوگئے۔ اور کہا اس قدر سخاوت سوائے نبی کے دوسرے سے نہیں ہوسکتی۔ وحشی کا حال یہ ہوا کہ اُس نے مہلت لی تھی جب یہ آیت نازل ہوئی قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ : تو کہہ اے بندو جنھوں نے ظلم کیا اپنی جان پر خدا کی رحمت سے نا اُمید مت ہو۔ بے شک اللہ بخشتا ہے سب گناہ وہی ہے بڑا بخشنے والا نہایت مہربان) تب مسلمان ہوا۔ حالت اسلام میں اُس کے ہاتھ سے یہ بہت اچھا کام ہوا کہ مسیلمہ کذاب کو جس نے جھوٹا دعویٰ پیغمبری کا کیا تھا عہد ابوبکر صدیق میں مار ڈالا۔ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کا قصور یہ تھا کہ وہ کاتب وحی تھا کبھی آخر آیات میں اس جنس کے کلمات میں جیسے وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ۔ یا إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ۔ اُس نے تغیر و تبدل کی اور کبھی قبل اس کے کہ آپ فرمائیں اس جنس کا کلمہ اُس کی زبان سے نکل جاتا اور فرماتے یہی لکھ لو۔ اُس نے لوگوں سے کہنا شروع کیا کہ محمد کو خبر نہیں ہوتی میں جو چاہتا ہوں لکھدیتا ہوں اور مجھ پر بھی وحی آتی ہے اور مرتد ہو کے بھاگ گیا وہ حضرت عثمان کا رضاعی بھائی تھا حضرت عثمان اُسے اپنے ساتھ حضور اقدس میں لائے اور بمبالغہ تمام اُس کی سفارش کی کہ قصور اُس کا معاف ہوا اور اسلام اُس کا قبول۔ حضرت عثمان کے عہد میں افریقہ انہیں عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کے ہاتھ پر فتح ہوا۔ وے حاکم مصر تھے اور

Marfat.com

بعد شہادت حضرت عثمان کے خون مسلمان سے بچنے کی نظر سے کسی طرف شریک نہ ہوئے کعب بن زہیر کا یہ قصور تھا کہ اُس نے آنحضرت صلعم کی ہجو کی تھی اور حضرت ابوبکر صدیق کے پہلے آنحضرت صلعم کی خبر سن کے اپنے بھائی کو واسطے دریافت حال کے بھیجا تھا وہ آکے بہ سبب اگلی شناسائی کے حضرت ابوبکر صدیق سے ملا اور اُن کی ہدایت سے حضور اقدس میں حاضر ہوکر مسلمان ہوگیا۔ کعب بن زہیر کو یہ بات ناگوار ہوئی کہ بلا مشورہ میرے کیوں مسلمان ہوا اور کچھ اشعار لکھ بھیجے اُس میں ایک بیت یہ ہے شعر ؎

سَقَاكَ ابو بكر بكاسٍ رديّة فَأَنهلكَ المأمور منها وعلّكا

پلایا تجھے ابوبکر نے بُرا پیالہ: پھر تو سیراب کیا تجھے مامور نے اُس سے اور دوبارہ دیا۔ مامور اُس شخص کو کہتے ہیں جسے جن سے رابطہ ہو۔ جس کو ہمارے ملک میں اوجھا کہتے ہیں یہ کنایہ کیا تھا آنحضرت صلعم سے اور ہجویں بھی اُس نے کہی تھیں۔ اس لئے خون اُس کا آنحضرت نے ہدر کیا تھا۔ بعد فتح مکہ کے ہاتھ نہ آیا۔ جب آپ مدینہ میں رونق افروز ہوئے بقصد مدینہ روانہ ہوا دن کو چھپ رہتا رات کو چلتا۔ آپ مسجد شریف میں تشریف رکھتے تھے یکبارگی مسجد کے دروازہ پر اونٹنی بٹھا کر اُس نے کہا میں کعب بن زہیر ہوں اشہد ان لا الٰہ الا اللہ واشہد ان محمد رسول اللہ اور حضور میں حاضر ہوکر قصیدہ بانت سعاد جو نعت میں لکھا تھا سنایا۔ آپ خوش ہوئے۔ ردائے مبارک صلہ میں عنایت فرمائی قصیدہ کے اس شعر میں ؎

اِن الرّسول لسيف يستضاءُ بهٖ ٭ مهند من سيوف الهند مسلول

آپ نے اصلاح فرمائی لسیف کی جگہ لنور کردیا اور سیوف الہند کی جگہ سیوف اللہ اور آپ نے کعب سے پوچھا کہ یہ شعر تیرا ہی ہے: ؎

سقاك ابو بكر بكاس رديّة ٭ فانهلك المامور منها وعلكا

اُس نے براہ ذہانت دو حرف اُس شعر میں ایسے بدل دیئے جس سے وہ شعر ہجو کا

Marfat.com

نہ رہا بلکہ مدح کا ہوگیا۔کہا میں نے رد یہ دال سے نہیں کہا ہے بلکہ واو سے کہا ہے یعنی خوشگوار اور ماموں نہیں کہا ہے ماموں کہا ہے یعنی وہ شخص کہ امانت دار ہیں خدا کی وحی ہیں۔آپ کعب کی حاضر جوابی اور جودت ذہن سے بہت راضی ہوئے۔منقول ہے کہ حضرت معاویہ اپنے ایام خلافت میں دس ہزار دینار کعب کو ردائے مبارک کی قیمت کی دیتے تھے۔انھوں نے نہ بیچی اور کہا تبرک آنحضرت کا میں ہرگز نہ بیچوں گا۔بعد وفات اُن کی اولاد سے امیر معاویہ نے بیس ہزار کو ردائے مبارک خرید لی۔ ہبار بن اسود کا یہ جرم تھا کہ جب بی بی زینب صاحبزادی کو اُن کے شوہر ابو العاص نے بموجب وعدہ کے مکے سے مدینہ کو ہودج میں بٹھا کے ساتھ ابو رافع اور مسلمہ بن اسلم کے کہ بحکم آنحضرت صلعم لینے کو اُن کے گئے تھے روانہ کیا۔ہبار نے چند اوباش قریش کے ساتھ راہ میں پہنچ کے ایک نیزہ بی بی زینب کو مارا۔وہ ایک پتھر پر گر پڑیں اور حمل اُن کا ساقط ہوا اور وہ بیمار ہو کے اُس صدمہ سے مر گئیں۔اس لئے آپ نے اُس کا خون ہدر کیا تھا۔ایام فتح میں مکہ میں نہ ملا۔بعد مراجعت مدینہ آپ ایک دن اصحاب میں بیٹھے تھے کہ یکبارگی ہبار نے آکے چلا کے کہا کہ میں مقر باسلام آیا ہوں اور مسلمان ہوگیا اور آپ نے قصور معاف کیا۔ہند عورت تو میں ہو کے حضور میں آئی اور مسلمان ہو کے عرض کیا کہ میرا حال یہ تھا کہ سب سے زیادہ آپ کو دشمن رکھتی تھی۔اب میں سب سے زیادہ آپ کو دوست رکھتی ہوں۔آپ نے فرمایا اور بھی محبت زیادہ ہو جائے گی پھر ہند نے گھر جا کے جتنے بت تھے توڑ ڈالے اور کہا کہ میں تمھارے فریب میں تھی اور حضور اقدس میں دو بکری کے بچے بطور ہدیہ بھیجے اور عذر کہلا بھیجا کہ میرے پاس بکریاں کم ہیں آپ نے اُس کی بکریوں کے لئے دعائے برکت کی۔بکریاں اُس کی بہت زیادہ ہو گئیں۔ہند کہتی تھیں کہ یہ برکت جناب رسول اللہ صلعم کی ہے۔قرناً مسلمان ہوئی باقی سب ماری گئیں۔ایام رونق افروزی مکہ میں آپ نے ایک دن کعبہ معظمہ کے اندر داخل ہونے کا قصد کیا۔عثمان بن طلحہ سے کنجی طلب کی وہ لے آئے۔آپ کعبہ میں داخل ہوئے

Marfat.com

حضرت عباس نے درخواست کی کہ سقایہ حاجیوں کا مجھ سے متعلق ہے کنجی بھی عنایت ہو۔ حضرت علی نے بھی کنجی کی درخواست کی۔ خدائے تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰی اَھْلِھَا ۔ خدائے تعالیٰ حکم کرتا ہے کہ ادا کرو امانتیں امانت والوں کو آپ نے کنجی عثمان کو دے دی اور فرمایا لو ہمیشہ کے لئے نہ لے گا تم سے کوئی مگر ظالم مطابق اس پیشین گوئی کے کنجی خانہ کعبہ کی خاندان عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ میں اب تک چلی آتی ہے۔ عثمانؓ کے اولاد نہ تھی اُنھوں نے کنجی اپنے بھائی شیبہ کو بوقت وفات دی شیبہ کی اولاد میں وہ کنجی رہی۔ لہذا صاحب مفتاح شیبی کہلاتا ہے اور آپ نے عثمان کو اُس وقت وہ قصہ یاد دلایا کہ قبل ہجرت آپ نے ایک مرتبہ عثمان سے کعبہ کے کھولنے کو کہا تھا۔ اُس نے نہ مانا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ ایک دن یہ کنجی میرے ہاتھ میں ہوگی جسے چاہوں گا دوں گا۔ عثمان نے کہا کہ اُس دن قریش بہت ذلیل ہوجائیں گے جو ایسی بات ہوگی آپ نے فرمایا نہیں بلکہ قریش کو اُس دن بڑی عزت ہوگی سو مطابق اس پیشین گوئی کے واقع ہوا غزوات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ قریش پیغمبر کے زمانہ میں کس قدر لوٹے مارے گئے اور ہر قسم کی ذلت و نکبت اُن کو نصیب ہوئی۔ اصنام جن کو وہ معبود سمجھتے تھے توڑے گئے اسیر ہوئے۔ فدیہ دینے میں کیا کیا دقت اُٹھائی ان وجوہ سے اشعیا پیغمبر نے قیدار کو قوم منبروز و مسلوب کہا اور اس وجہ سے بھی وے منبروز و مسلوب تھے کہ حضرت اسمٰعیل مع ہاجر کے نکالے گئے تھے۔ پھر بعد حضرت اسمٰعیل کے فیضانِ الٰہی بند ہوگیا۔ برکات ابراہیمی چھین لی گئی۔ بت پرستوں کا غلبہ ہوگیا۔ ہمیشہ کفار کی اطاعت میں رہے۔ پھر پیغمبر کے زمانہ سے حسب وعدہ الٰہی ایسی عزت ہوئی کہ کبھی کسی کو نہ ہوئی۔ یہ معنی جب ہونگے کہ ضمیر قیدار کی طرف راجع ہو اور اگر بندہ خدا کی طرف پھری تو معنی یہ ہونگے کہ وہ بندۂ خدا جس کو اُس کی قوم لوٹے گی۔ جوانوں کو شکار کرے گا۔ کہیں وے چھین اُس کے ہاتھ سے نجات نہ پائیں گے تو اشارہ زمانہ ہجرت و فتوح دونوں کی طرف ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

Marfat.com

מי בכם יאזין זאת יקשב וישמע

לאחור: می باخم یازین زوث یقشیب ویشمع لآحور :

(ترجمہ) تم سے کون ہے جو اُس پر کان رکھے متوجہ ہوکے قبول کرے۔ خبر آیندہ یہ کلام حضرتِ اشعیا کا بطور کشف ہے یعنی بنی اسرائیل اس بات کو جب اُس کا وقت آئے گا تسلیم نہ کریں گے۔

מי נתן למשסה יעקב וישראל

לבזזים הלוא יהוה זו חטאנו

לו ולא אבו בדרכיו הלוך ול

א שמעו בתורתו: וישפך

עליו חמה אפו ועזוז מלחמה ו

תלהטהו מסביב ולא ידע ות

בער בו ולא ישים על לב:

می ناتن لمشیسا یعقوب وِیسرائیل لبوزِزیم ہلو یہوا زو حاطانو لو ولو آبو بِدراخا وہالوخ ولو شامعو بتوراثو: ییشپوخ عالا وحیما اپو وعزوز ملحاما وتلہیطہو مسابیب ولو یاداع وتبعر بو ولو یاسیم عل لیب: (ترجمہ) یعقوب کو کس نے تباہ کیا اور اسرائیل کو کس نے لٹوایا۔ جز خدا کے کہ اُس کی خطا کی پھر اُس کی راہ پر چلنا نہ اختیار کریں گے اور اُس کا دین نہ قبول کریں گے تو اُن پر اپنے غضب کی گرمی بہلائے گا اور سخت لڑائی کی کہ ہر طرف سے شعلہ زن ہوگی لیکن نہ سمجھے گا اور اُس کو جلائے گی لیکن نہ خیال کرے گا مقصود یہ ہے کہ بنی اسرائیل نے اگلی خطاؤں پر تو سزا پایا اور پاتے جاتے ہیں۔ اب اُس

Marfat.com

بندہ کی نافرمانی کریں گے اور اُس کی شریعت قبول نہ کریں گے تو وہ غضب کرے گا اور اُن کے ساتھ بجنگ پیش آئے گا اور سخت لڑائی ہوگی اُس لڑائی میں وے خاک سیاہ تباہ ہوجائیں گے تاہم اُن کے خیال میں اُس کی صداقت نہ آئے گی۔ بنی نضیر کی لڑائی میں مسلمانوں نے درختانِ خرما کاٹ ڈالے تھے اور آگ بھی لگائی تھی: مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِيْنَ

وھان علی سراۃ بنی لوی حریق بالبویرۃ مستطیر : حضرت اشعیا کا باب ۴۳ جو اس مقام کے مناسب ہے لکھدیتے ہیں۔ ועתה כה־א

מר יהוה בראך יעקב ויצרך
ישראל אל־תירא כי גאלתיך
קראתי בשמך לי־אתה: כי־תע
בר במים אתך אני ובנהרות
לא ישטפוך כי־תלך במו־אש ל
א תכוה ולהבה לא תבער־בך:
כי אני יהוה אלהיך קדוש ישר
אל מושיעך נתתי כפרך מצרי
ם כוש וסבא ———
תחתיך: מאשר יקרת בעיני נכ

Marfat.com

בַּדְתָּ וַאֲנִי ——
אֲהַבְתִּיךָ וְאֶתֵּן אָדָם תַּחְתֶּיךָ וּלְאֻ
מִּים תַּחַת נַפְשֶׁךָ: אַל תִּירָא כִּי אִ
תְּךָ אָנִי מִמִּזְרָח אָבִיא זַרְעֶךָ וּמִ
מַּעֲרָב אֲקַבְּצֶךָּ: אֹמַר לַצָּפוֹן תֵּנִי־
וּלְתֵימָן אַל תִּכְלָאִי הָבִיאִי בָנַי מֵרָ
חוֹק וּבְנוֹתַי מִקְצֵה הָאָרֶץ: כֹּל הַ
נִּקְרָא בִשְׁמִי וְלִכְבוֹדִי בְּרָאתִיו יְ
צַרְתִּיו אַף עֲשִׂיתִיו: הוֹצִיא עַם—
עִוֵּר וְעֵינַיִם יֵשׁ וְחֵרְשִׁים וְאָזְנַ
יִם לָמוֹ: כָּל הַגּוֹיִם נִקְבְּצוּ יַחְדָּו
וְיֵאָסְפוּ לְאֻמִּים מִי בָהֶם יַגִּיד
זֹאת וְרִאשֹׁנוֹת יַשְׁמִיעֻנוּ יִתְּנוּ
עֵדֵיהֶם וְיִצְדָּקוּ וְיִשְׁמְעוּ וְיֹאמְ
רוּ אֱמֶת: אַתֶּם עֵדַי נְאֻם יְהוָה
וְעַבְדִּי אֲשֶׁר בָּחָרְתִּי לְמַעַן תֵּדְ

Marfat.com

ער ——————

וְתַאֲמִינוּ לִי וְתָבִינוּ כִּי־אֲנִי
הוּא לְפָנַי לֹא־נוֹצַר אֵל
וְאַחֲרַי לֹא־יִהְיֶה :

وِعتّا كو اَمر يهوا بورئخا يعقوب ويوصرخا يسرائيل ال تيرا كي گالتيخا قراتي بشمخا لي
اَتّا + كي تعبور بمّا يم اتّخا آني وبنهاروت لو يشطفوخا كي تيليخ بمو ايش لو تكّاوِه ولها
بالو بنعر باخ + كي اني يهوا الوهيخا قدوش يسرائيل موشيعخا ناتتي كفرخا مصرايم
كوش وسبا تحتيخا: ميا شر يا قرتا بعيناي نخبدتا واني اهبتيخا واتين آدام تحتيخا
ولاميّم تحت نفشخا: ال تيرا كي اتّخا آني ممزراح ابي زرعخا ممعراب اقبصكّا:
اومر لصّافون تني ولتيمان ال تخلاي هابيئي باناي مراحوق وبنوتاي مقصه
آرص + كول هنقرا بشمي ولكبودي براتيو يصرتيو اف عسيتيو + هوصي عم عوير ولو
عينايم يش وحيرشيم وازنايم لامو: كول هگوييم نقبصو يحدا ويا سفو لاميّم مي باهم
يگّيد زوت وريشونوت يشميعونو يتنو عيديهم ويصداقو وشمعو ويومرو امت:
اتّم عيداي نام يهوا وعبدي اشر باحرتي لمعن تيدعو وتاامينو لي وتابينو كي
اني هو لفاناي لو نوصرال واحراي لو يهيه : וְעַתָּה عتّه معنى اب כֹּה
كو معنى يوں אָמַר امر معنى كها בֹּרַאֲךָ بورى معنى بارى וְיֹצֶרְךָ

Marfat.com

یُوصیر معنی کمہار گڑھنا بنانا اس کے مادہ کے معنی ہیں مادہ יָצַר یاصر ہی مجازاً
معنی خلق גָּאַל گئل معنی چھوڑا لینا آدمی خواہ اور جائداد کو روپیہ دے کر
یا اور طور سے دوسرے معنی دعوی کرنا بدلا چاہنا גֹּאֵל הַדָּם
گوئیل ہدام۔ خون کا بدلا لینے والا שָׁטַף شطف۔ بہا لے جانا۔
כָּוָה کاوہ معنی جلانا یہاں باب لزوم سے ہے לֶהָבָה
لہابا معنی لہب و شعلہ בָּעַר باعر معنی جلانا پھونکنا כֹּפֶר
کوفر معنی قریہ گاؤں وراں و مسرود کفارہ جو یہاں مقصود ہے (ترجمہ) اے یعقوب
تیرے خالق نے' اے اسرائیل تیرے پیدا کرنے والے نے اب یوں فرمایا کہ مت ڈر
کیونکہ میں نے تجھے چھوڑا لیا اور تجھکو اپنا خاص کر لیا اگر تو پانی میں جائے گا میں تیرے
ساتھ ہوں اور اگر تو دریا میں جائے گا تجھے بہا نہ لے جائے گا' اگر تو آگ میں جائے گا
تو داغ نہ لگے گا نہ شعلہ تجھے جلائے گا کہ میں موجود تیرا معبود ہوں قدوس اسرائیل
تیرا نجات دہندہ مصریوں کو تیرا فدیہ کیا ہم نے اور اہل مدین اور سبا تیرے تحت میں ہیں
ہماری نظر میں موقر ہونے سے عزت پائی تو نے اور میں نے تجھے تیار کیا تو بنی آدم کو
تیرے ماتحت کیا اور اقوام کو تیری جان کا فدیہ تو ڈر مت تیرے ساتھ میں ہوں مشرق سے
تیری نسل کو لاؤں گا اور مغرب سے تجھے اکٹھا کروں گا۔ شمال سے کہوں گا کہ دے اور
جنوب سے کہ مت مٹا لا میرے لڑکوں کو مسافت دور دست سے میری لڑکیوں کو
انتہائے ارض سے جملہ موجودات کو اپنے نام سے اور اپنی عظمت کے لئے پیدا کیا میں نے
نکالیں گے ہم توم اندھی جن کے آنکھ ہے اور بہرے جن کے کان ہے جملہ اقوام مجتمع ہونگے
اور قبائل اکٹھے ہونگے اُن میں ایسا نہ ہوگا جو اس کی خبر دے اور گزشتہ کو سنائے
اور اُن کی گواہی دے کہ دے سچے ہو جائیں اور سُن کے کہیں سچ ہے تم لوگ البتہ
ہمارے گواہ ہو۔ خدا کا فرمان ہے ہمارا وہ بندہ ہے جسے ہم نے منتخب کیا ہے تاکہ تم سمجھو اور

Marfat.com

ایمان لاؤ ہم پر اور سمجھو کہ میں ہی ہوں ہمارے سامنے کوئی قوی نہیں اور نہ ہمارے پیچھے ہوگا۔ تفسیر۔اب خدا تیرے باری نے اے یعقوب تیرے مصور نے، اے اسرائیل یوں کہا کہ مت ڈر میں نے تجھے لے لیا۔ تجھے اپنے لئے نام زد کیا اگر تو پانی میں جائے گا میں تیرے ساتھ ہوں گا۔ اگر تو دریا میں ہوگا تو تجھے بہا نہ لے جائے گا اگر تو آگ میں جائے گا تو داغ نہ لگے گا اور شعلہ تجھے نہ جلائے گا۔ میں تیرا خدا تیرا معبود ہوں قدوس۔ اسرائیل تیرا کفّارہ کیا مصر کو و مدین اور سبا کو تیری تحت میں کیا ہم نے یہ حکایت حضرت موسیٰ کے وقت کی۔ وے لوگ سمندر پایاب اتر گئے اور سموم عرب نے جو مثل شعلہ تھی کچھ اثر نہ کیا۔ مصری مغلوب ہوئے کہ بنی اسرائیل ان کے پھندے سے چھٹے اور بالآخر ڈوب کے کفارہ ہوئے اور کوش یعنی اہل مدین بھی مغلوب مقہور ہوئے۔ علی ہذا القیاس۔ اہل سبا چونکہ تو ہماری نظر میں موقّر ہوا تو مغرور ہوا اور میں نے تیرے ساتھ محبت رکھی کہ بنی آدم کو تیری ماتحت کیا اور امم کثیر کو زیر فرمان تو مت ڈر مشرق سے تیری اولاد کو لاؤں گا اور مغرب سے تجھے اکٹھا کروں گا شمال سے کہوں گا دے دے اور جنوب سے کہ مت مٹا میرے لڑکوں کو مسافت بعیدہ سے حاضر کر اور میری لڑکیوں کو انتہائے ارض سے یہ وعدۂ الٰہی حضرت عزرا کے وقت میں پورا ہوا کہ یہودان منتشر و پریشان بیت المقدس میں جمع و آباد ہوئے جو کچھ ہمارے نام پر کہا گیا اسے ہم پیدا کریں گے اسے ہم تیار کریں گے اسے ہم کریں گے پہلے خدا نے فضائل وانعام بنی اسرائیل بیان کیا بعد اس کے جو کچھ فصل گزشتہ میں بیان ہوا اس کی ایجاد و تکوین کی تاکید کرتا ہے کہ وہ سب بالضرور وجود پذیر ہوگا۔ فصل گزشتہ میں قیدار کی اولاد سے ایک پیغمبر کا ہونا اور اس کے ہاتھ سے تباہی بت پرستاں و شیوع حق پرستی کا بیان ہے۔ اس لئے یہاں کہتا ہے کہ اسے ہم پیدا کریں گے تیار کریں گے اور تباہی اور شیوع کی نسبت کہتا ہے کہ کریں گے شروع فصل میں جو لفظ اب واقع ہے اس سے عیاں ہے کہ

Marfat.com

یہ فصل گزشتہ کے بیانات سے متعلق ہے۔ نکالے گا ہمارا جلال قوم اندھی جس کی آنکھیں ہونگی اور بہرے جن کے کان ہوں گے۔ مقصود یہ ہے کہ قوم جاہل کو اپنا فیض دیں گے یعنی اُس سے نبی قائم کریں گے اور یہ معنی ہیں کہ ایسی قوم نکالیں گے کہ باوجود آنکھ کے اندھی ہوگی امور دنیا سے وعلی ہذا القیاس۔ باوجود کان کے بہرے ہونگے یہ شان تھی صحابہ کی، باوجود کمال بینائی قلب کے کہ صاحب قوت قدسیہ تھے امور دنیا میں اندھے تھے احکام ربانی کو بلا پس و پیش اُٹھا لیتے تھے خدا کی راہ میں بڑے شوق سے سر کٹاتے تھے حضرت عمر کا قصہ یا ساریۃ الجبل الجبل مشہور ہے اگر صحابہ کے ایسے امورات کو لکھوں تو ایک دفتر ہو جائے۔ الغرض مقصود یہ ہے کہ ایسی قوم پیدا کروں گا کہ سوائے ہماری بات کے نہ دیکھے گی نہ سنیں گی۔ حضرت موسیٰ کے اتباع ایسے نہ تھے حضرت موسیٰ چالیس ۴۰ دن کا وعدہ کرکے پہاڑ میں گئے تھے ایک دن کا فرق پڑا سو وہ بھی حساب کی غلطی تھی باوجود حضرت ہارون کے سمجھانے کے مرتد ہو گئے۔ گوسالہ پرستی کرنے لگے واضح ہو کہ دو آیات گزشتہ میں ہم نے ماضی کو مستقبل سے ترجمہ کیا ہے سو ایسا ہوتا ہے کہ مستقبل ضرور الوجود کو بلفظ ماضی وحی بھیجتے ہیں اور اگر ماضی مقصود ہو تو مہمل ہو جائے۔ ظاہر معنی اس آیت کے یہ ہیں کہ اُس رسول کو جس کی بعثت کا ذکر فصل سابق اور آیت گزشتہ میں ہے قوم جاہل یعنی قریش نکال دے گی۔ اندھی بہری قوم سے مقصود جاہل قوم ہے یہ اشارہ ہے واقعہ ہجرت کی طرف چنانچہ ورقہ بن نوفل نے کہا تھا کل قومیں اکٹھی ہوں گی اور امم کثیرہ مجتمع اُن میں کوئی ایسا نہیں کہ اس کی اطلاع دے اور اگلی خبریں سنائے اور اُن کو شواہد دے کہ تصدیق کریں اور سُن کے کہیں کہ سچ ہے اللہ کا فرمان ہے کہ تم ہمارے اور ہمارے بندہ کے شاہد ہو جسے ہم نے منتخب کیا۔ اس نظر سے کہ تم سمجھو اور ہم پر ایمان لاؤ اور سمجھو کہ میں ہی ہوں میرے سوائے کوئی معبود نہیں مقصود یہ ہے کہ اقوام اصنام پرست کو پہلے سے اُس بندہ رسول کی کچھ خبر نہیں دی گئی تم میں پہلے سے

Marfat.com

سلسلۂ نبوت جاری تھا انبیار بکثرت تم ہیں مبعوث ہوئے۔ تم اُن کے نشانات جانتے ہو اور پہلے سے خبر بھی اُس کے بعثت کی دی جاتی ہو تم خود بھی اُس پر ایمان لانا اور دوسری قوموں کو شہادت دینا۔ واضح ہو کہ تسبیح موسیٰ میں ذکر ہو کہ ایک باغی قوم ہوگا اُس کی نافرمانی کی بڑی مذمت ہوئی ہو۔ پھر اُس تسبیح کے بعد اُسی باب میں یعنی حضرت موسیٰ کی پانچویں کتاب کے ۳۲ باب میں یہ لکھا کہ موسیٰ نے اس تسبیح کے رموز کو مع یوشع بن نون کے قوم کو سنا دیا اور ایصال وحی متعلق احکام ختم کر دیا اور قوم سے کہا کہ تم لوگ اپنا دل لگاؤ ان سب باتوں میں جس کے لئے میں آج تم کو گواہ کرتا ہوں کہ تم اپنی اولاد اس تسبیح پر عمل کرنے کی وصیت کرنا کہ وہ فضول باتیں نہیں ہیں انتہیٰ: اب ہم کہتے ہیں کہ تسبیح موسیٰ میں جس باغی قوم کا ذکر ہو اُسی کی یہ نبی تصریح کرتا ہو اور موسیٰ نے قوم کو گواہ کیا تھا یہ نبی یاد دلاتا ہو کہ تم لوگ گواہ ہو اور تسبیح مذکور کے اول ہی میں خدا نے آسمان و زمین کو گواہ قرار دیا ہو۔ سورۂ آل عمران میں مذکور ہو اِذْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ بِمَآ اٰتَیْتُکُمْ مِّنْ کِتٰبٍ وَّحِکْمَۃٍ ثُمَّ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَکُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِہٖ وَلَتَنْصُرُنَّہٗ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰی ذٰلِکُمْ اِصْرِیْ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْھَدُوْا وَاَنَا مَعَکُمْ مِّنَ الشّٰھِدِیْنَ فَمَنْ تَوَلّٰی بَعْدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفٰسِقُوْنَ (ترجمہ) یاد کرو جب لیا اللہ نے عہد پیغمبروں کا کہ جب دوں میں تم کو کتاب و حکمت یعنی آئے تمھارے پاس رسول موافق تمھاری کتاب کے تو تم اُس پر ایمان لانا ضرور اُس کی مدد کرنا خدا نے کہا تم نے اقرار کیا اور تم نے اُس پر عہد کیا تو اُنھوں نے کہا۔ ہم نے اقرار کیا تو خدا نے کہا گواہ رہو اور میں بھی تمھارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں پھر جو کوئی بعد اُس کے پھر جائے تو وہ فاسق ہو) بیان اس کا یہ ہو کہ موسیٰ کی پانچویں کتاب کے ۱۸ باب میں وعدہ تھا کہ اب شریعت رعد و برق کے ذریعہ سے نہ دی جائے گی بلکہ نبی تمھارے بھائیوں میں سے ہوگا جو کچھ وہ حکم دے اُس کی

Marfat.com

تعمیل کرنا اور جو کوئی اُس کا حکم نہ مانے گا میں اُس سے سمجھ لوں گا۔ پھر اُسی کتاب کے ۳۲ باب میں ایک تسبیح مذکور ہے جس کا بیان اوپر ہوچکا ہے اُس میں ایک شخص کی خبر ہے کہ وہ بانی قوم آئے گا اُس کی مخالفت کی بڑی مذمت مذکور ہے اُس تسبیح کے تسلیم کی بڑی تاکید ہے اور اُسی پر آسمان و زمین کو شاہد کیا اور اُس میں یہ بھی ہدایت ہے کہ ہر دور کے لوگ اپنی اولاد کو دربارۂ تعمیل مضمون تسبیح وصیت کرتے رہیں الغرض بنی اسرائیل سے خدا نے عہد لیا تھا کہ جب وہ صاحب شریعت آئے تو تم اُس کی مخالفت مت کرنا اُس پر ایمان لانا لیکن جب وہ آیا تو بنی اسرائیل نے اُس کی تکذیب کی۔ اس لئے قرآن کی آیات مذکورہ بالا سے اُس عہد کو یاد دلاتا ہے۔ قرآن کی عبارت بھی اس مقام پر پیچیدہ ہے لَمَا کی تین قرأت ہیں ایک لَمَا جو مشہور ہے دوسری قرأت لِمَا بکسر لام اور مَا کو اس قرأت میں مصدریہ کہتے ہیں اور تیسری قرأت لَمَّا ہے اسی کو ہم نے اختیار کیا ہے۔ دوسری پیچیدگی ثم سے پیدا ہوتی ہے سو ثم یہاں ترتیب ومہلت کے لئے نہیں ہے بلکہ بہتر ہے کہ جملہ مابعد ثم کو جملہ ماقبل کا بیان کریں اب لائق بحث یہ سخن ہے کہ جو اقرار شہادت و ایمان بنی اسرائیل سے لیا گیا تھا اُسے میثاق النبیین سے کیوں خدا نے تعبیر کیا بعض مفسرین نبیئین کے معنی بنی اسرائیل کہتے ہیں اور ممکن ہے کہ کہیں کہ وہ اقرار بذریعہ حضرت موسیٰ و یوشع بن نون کے لیا گیا تھا اس واسطے اُسے میثاق النبیین سے تعبیر کیا اور اگر موسیٰ کی پانچویں کتاب کے ۱۸ باب کو ضم کریں کہ وہ اقرار حضرت ہارون کی زندگی میں ہوا تھا تو زیادہ تر مناسب ہوگا کیونکہ اقرار اتباع ہمارے پیغمبر کا لیا گیا تھا ایک مرتبہ وہ تھا جس کا ذکر ۱۸ باب مذکور میں ہے۔ پھر وہی اقرار بعد اختتام تسبیح موسیٰ کے لیا گیا۔ اس لئے بشمول حضرت ہارون یہاں میثاق النبیئین سے بیان ہوا۔ فافہم:

עָדַי מִבַּלְ וְאֵין יְהוָה נְבִי הַ
שְׁעָתִי וְהוּ תַּהֲהַ הַנְּבִי : שִׁיטָע מִן

Marfat.com

וְהִשְׁמַעְתִּי וְאֵין בָּכֶם זָר וְאַתֶּ
ם עֵדַי נְאֻם יְהוָה וַאֲנִי אֵל : גַּם
מִיּוֹם אֲנִי הוּא וְאֵין מִיָּדִי מַצִּי
ל אֶפְעַל וּמִי יְשִׁיבֶנָּה :

آنُوخِی آنوخی یہوا واین مِبّلعَادی موشیعّ + آنوخی ہگّدتی وِ ہوشعتی دِہشمعتی
دِاین باخم زَارو آتّم عَبدی نَاُم یہوَا واَنِی ایل + گَم میُوم اَنِی ہوَ واین میّادی
مَصِّیل اِفعَل ومِی یشِینّا : (ترجمہ) میں ہی خدا ہوں میرے سوا کوئی نجات
دینے والا نہیں میں نے تمھیں اطلاع دی (یعنی نیک بد سے بزبان موسیٰ علیہ السلام) اور
تم کو نجات دی (یعنی اکثر مصائب سے) اور تم کو سنایا (یعنی تسبیح موسیٰ جو ایک قسم کا عہد تھا) اور
تم میں کوئی اجنب نہیں (یعنی سب رسالت و وحی و ملائکہ سے واقف ہیں) خدا کا فرمان ہے کہ تم
شاہد ہو اور میں معبود میں ہمیشہ سے یکساں ہوں اور میرے ہاتھ سے کوئی بچانے والا
نہیں جو میں کرتا ہوں اُس کو کوئی رد نہیں کرسکتا) اِنَّ اللہَ یَفعَلُ مَا یَشَاءُ وَ
یَحکُمُ مَا یُرِیدُ۔ כֹּה אָמַר יְהוָה גֹּאַלְ
כֶם קְדוֹשׁ יִשְׂרָאֵל לְמַעַנְכֶם
שִׁלַּחְתִּי בָבֶלָה וְהוֹרַדְתִּי בָרִיחִים כֻּלָּם וְכַ
שְׂדִּים בָּאֳנִיּוֹת רִנָּתָם :

کُوامر یہوَا گوا لخم قدوش لسرائیل لمعنم شلحتی بابیلاوِ ہوردتی بارحیم
کُلّام وِ خسدیم باُونیوت رِنّاتام لغات בְּרִיחַ بارِیح معنی آزاد
و خونخوار کہتے ہیں בָּרִיחַ בְּרִיחַ ناحاش بارِیح۔ مارِ خونخوار
(ترجمہ) یوں کہا خداوند قدوس اسرائیل تم کو لے لینے والے نے تمہاری جہت سے

Marfat.com

بھیجا ہم نے اہل بابل کو اور اُتارا ہم نے خونخواروں کو اور کسدیم کو مراکب شادمانی
کے ساتھ: אני יהוה קדושכם ב
ורא ישראל מלככם انی یہوا قدوشخم بوری یسرائیل
ملکخم (ترجمہ) میں خدا تمہارا قدوس ہوں اسرائیل تمہارے بادشاہ کا پیدا کرنے والا

כה אמר יהוה —
הנותן בים דרך ובמים עזים
נתיבה: —
המוציא רכב וסוס חיל ועזוז
יחדו ישכבו בל יקומו דעכו כ
פשתה כבו: אל תזכרו ראשנ
ות וקדמניות אל תתבננו: הנ
ני — עשה חדשה עתה תצ
מח הלוא תדעוה אף אשים במד
בר דרך בישמון נהרות: תכבדני
חית השדה תנים ובנות יענה כי
נתתי במדבר מים נהרות בישימ
ון להשקות עמי בחירי: עם זו יצרתי
לי תהלתי יספרו:

Marfat.com

کواُمر یہوا ہنوتین بیّام درِخ وُبماِیم عزّیم نتیبا ہموصی رخب وِسوس
حیل وِعزّوز یحدا اوشکبو بل یاقومو داعبو کپشتہ کبو + ال تزکرو ریشونوث
وِ قدمونیوث ال تتبونو + ہیننی عوسہ حداشا عتا تصمح ہلو تیدا عوہا اف
بمدبار درِخ بیشیمون نہاروث + تخبدنی حیّث ہسادہ تنیم وبنوث یعنا
کی ناتتی بمدبار مایم نہاروث بیشیمون لہشقوث عمّی بحیری عم زو یاصرتی
لی تہلاتی یسپرو : עַזִּים عزّیم جمع ہے مفرد اس کا עַז

عزّ ہے بمعنی مضبوط و مستحکم و قوی یہ صفت ہوتی ہے قوم کی اور ہوا کی اور پانی کی
اور بمعنی سنگدل اور ظالم بھی آتا ہے اور بمعنی قوت بھی آیا ہے עִזּוּז
عزّوز بمعنی قوی و سپاہی דָּעֲכוּ داعخو مادہ اس کا דעך:
دعخ ہے بمعنی گل ہوجانا جیسے چراغ כַּפִּשְׁתָּה پشتہ سن خواہ سن
کی بتی כָּבוּ کابو مادہ اس کا כָּבָה کابہ ہے جس کے معنی ہیں
گل ہوجانا תִצְמָח تسمح مادہ اس کا צָמַח سمح ہے جس کے
معنی ہیں اوگنا اور حادث ہونا אַף اف معنی نیز ایضاً بھی (ترجمہ) یوں کہا
خدانے جو سمندر میں سڑک نکالتا ہے اور دھاری میں راہ جو سواری اور گھوڑا اور لشکر
اور پہلوان معاً نکالے گا۔ سو جائے گی بلکہ کھڑی ہوکے بجھ جائے گی بتی کی طرح یہ خبر
ہے زمانہ بخت نصر وغیرہ ظلمہ کی اگلی باتوں کو یاد مت کرو گزشتہ کا خیال نہ کرو اب
نئی بات کرنے والے ہیں وہ بات اب شروع ہوگی۔ کیا تم اسے نہیں جانتے یعنی پہلے
ہی خبر دی گئی بے شک قائم کریں گے ہم بیابان میں سڑک وادی غیر ذی زرع
میں نہریں۔ اب یہاں سے خدا اپنا اصل مطلب بیان کرتا ہے کہ اگلی شرائع و احکام کا

Marfat.com

تم خیال مت کرو۔ اب ہم نئی بات کرنے والے ہیں یعنی نئی شریعت جاری کریں گے تم لوگ اُسے جانتے ہو جیسا ہم نے موسیٰ کی کتاب میں خبر دی ہے اب اُس کا آغاز ہوگا۔ بعد ازیں اس کی توضیح کرتا ہے کہ بیابان میں ہم راہ نکالیں گے اور وادی غیر ذرع میں انہار جاری کریں گے یعنی ملک عرب میں ایسا کچھ موسیٰ کی تسبیح میں مذکور ہے نہر جاری کرنے سے مقصود نزول وحی ہے اور سڑک سے شریعت اور زبیدہ کی نہر سے ظاہر آیت بھی پوری ہوئی۔ ہماری تعظیم کریں گے جنگلی جانور اژدر، شتر مرغ جب بیابان میں نہر کا پانی دیں گے۔ ہم اور وادی غیر ذی زرع میں اپنی مقبول قوم کے سیراب کرنے کو جنگلی جانور و اژدر و شتر مرغ سے مقصود عرب ہیں کیونکہ نہایت جاہل قوم تھی یعنی ملک عرب میں نزول وحی ہوگا تو بڑی بڑی جاہل قوم ہماری تعظیم کریں گی۔ قوم مقبول بھی مسلمان ہیں بنی اسرائیل اس سے مقصود ہو نہیں سکتی ان میں نبوت قدیم الایام سے جاری اور نہریں بھی مثل فرات و دجلہ وغیرہ کے بہتی تھیں یہ پیشین گوئی بہت واضح ہے۔
جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا اس قوم کو ہم نے اپنے لئے بنایا ہماری حمد کو خوب بیان کریں گے۔ مسلمانوں کی نمازیں پنجگانہ حمد باری بیان ہوتی ہے۔ سورۂ فاتحہ پڑھی جاتی ہے۔ اس کے بعد ۲۷ آیت تک بنی اسرائیل کی نافرمانی اور خلوص سے عبادت نہ کرنے کا بیان ہے۔ بعد شکایت و حکایت کے ۲۸ آیت میں اپنا غضب اور نتیجہ بد اعمالی کا بیان ہے: וַאֲחַלֵּל שָׂרֵי קֹדֶשׁ וְאֶתְּנָה לַחֵרֶם יַעֲקֹב וְיִשְׂרָאֵל לְגִדּוּפִים׃
وَاَحَلِّیل سارِی قودِش وَاِتْنا لَحیرِم یعقوب ویسرائیل لِغدُوفیم (ترجمہ) ناپاک سرداروں کو چھوڑ دیں گے ہم اور یعقوب کو لٹا دیں گے اور اسرائیل کو مقطوع کر دیں گے یعنی فیضان جو اُن پر نازل ہوتا ہے بند کر دیں گے اور مقطوع کر دینے سے

Marfat.com

مقصود یہی ہے کہ نبوت اُن میں سے جاتی رہے گی۔ چنانچہ یہ سب کچھ ہوا۔ یہ آیت مطابق ہے جو اس صحیفہ کی دوسرے باب میں ثبت ہے

והיה באחרית הימים נכון יהיה הר בית יהוה בראש ההרים ונשא מגבעות ונהרו אליו כל הגוים:

وِہایا باحرِیث ہَیّامیم ناخون یہیہ ہَر بیث یہوا بِروش ہہاریم ونِسّا مِگّبا عوث وِناہروا الاو کل ہگوییم : (ترجمہ) ان ایام کی انتہا میں بیت اللہ کا قائم ہوگا اور سب ٹیکروں سے اونچا ہوگا وہاں قربانی کریں گے جملہ اقوام۔ انتہائے ایام سے مقصود وہ ایام ہیں جب شریعت موسوی منسوخ ہوگی در زمانہ بعثت سید المرسلین ہر دور کے مناسب شریعت جاری کی جاتی ہے پھر جب وہ دور بمرور ایام منقضی ہو جاتا ہے تو وہ شریعت منسوخ ہو جاتی ہے اُتنے ہی دن کے واسطے دی گئی تھی اگر بالفرض وہ دور عود کرے تو وہی شریعت واجب التعمیل ہوگی تو مقصود آیت یہ ہے کہ جب شریعت موسوی کا وقت منقضی ہو جائے گا اور دوسری شریعت کا وقت آئے گا تو قربانی و حج کے لئے بیت اللہ کا پہاڑ قائم ہوگا اور وہاں جملہ اقوام قربانی کریں گے۔ بیت اللہ کے پہاڑ سے مراد مکہ معظمہ کا پہاڑ ہے۔ بیت المقدس کا پہاڑ مقصود ہو نہیں سکتا۔ کیونکہ وہاں تو قربانی مدت دراز سے ہوتی تھی۔ اشعیا کے زمانہ میں تو وہ قائم ہی تھا۔ یہ خبر ہمارے پیغمبر کے وقت میں پوری ہوئی کہ وہاں جملہ اقوام حج و قربانی کرتی ہیں۔ بیت المقدس میں صرف بنی اسرائیل قربانی کرتے تھے:

והלכו עמים רבים ואמרו לכו ונעלה אל הר יהוה אל בית אלהי יעקב וירנו מדרכיו ונלכה בארחתיו כי

Marfat.com

מציון תצא תורה ודבר יהוה
מירושלם: وہالخو عمیّم ربّیم وآمرو لخو ونعله ال ہر یہوا ال
بیت الوہی یعقوب ویورینو مدّراخاو ونیلخا باورحوتاو کی مصیّون تیصی تورا
ودبر یہوا میروشالم (ترجمہ) اور جائیں گی بہت قومیں اور کہیں گی چلو چلیں
خدا کے پہاڑ کی طرف یعقوب کے معبود خدا کے گھر اور بتاؤ ہم کو اُس کی راہ کہ جائیں گے
ہم اُس کی روشنیوں میں کیونکہ صیہون سے نکل جائیگی شریعت اور خدا کا کلام (یعنی
وحی) اور شلم سے یعقوب کا معبود وہی ہستی پاک واجب الوجود تعالیٰ شانہ ہی اور
اُسی کی پرستش مکہ معظمہ میں بھی زمان بعثت سید المرسلین سے جاری ہوئی۔ آیت میں اہتمام
مکہ معظمہ جانے کا بیان ہوا ہی علت اُس کی یہ مذکور ہی۔ شریعت بیت المقدس سے
نکل جائے گی اور وحی بنی اسرائیل سے منقطع معنی آیت واضح ہیں: ושפט
בין הגוים והוכיח לעמים רבים
וכתתו חרבותם לאתים וח
ניתותיהם למזמרות לא ישא גוי
חרב ולא ילמדו עוד מלחמה:
وشاخط بین ہگوّیم وہوخیح لعمیّم ربّیم وختتو حربوتام لاِتیم وحنیتوتیہم
لمزمیروث لو یسّا گوی ال گوی حرب ولو یلمدو عود ملحاما (ترجمہ)
حکومت کرے گا قبائل پر اور ہدایت کرے گا اقوام کثیرہ کو کہ توڑ ڈالیں گے اپنی تلوارو
کو اور نیزوں کو مزامیر بنائیں گے۔ ایک قبیلہ دوسرے پر تلوار نہ اُٹھائیں گے اور
پھر فتنہ نہ سنیں گے۔ مقصود یہ ہی کہ اُس پاک مقام میں نہایت امن ہوگا خدا کی
شریعت وہاں جاری رہے گی چنانچہ قبل زمانہ سید المرسلین ملک عرب میں قبائل میں
جنگ و جدل ہمیشہ ہوا کرتی تھی وہ بالکل موقوف ہوئی۔ اب بھی موقوف ہی الا شاذ و نادر

Marfat.com

یہ نہیں مقصود ہے کہ تمام دنیا میں ایسا ہو جائے گا بلکہ یہ فقط ملک عرب کو کہتا ہے جہاں قربانی کا ذکر ہے مسلمانوں میں باخود ہا خوں ریزی نہایت مستکرہ تھی چنانچہ حضرت عثمان نے اپنا مرنا قبول کیا اور مسلمانوں میں خوں ریزی نہیں ہونے دی پس جب تمامی ملک عرب مسلمان ہو گیا تو وہ قتال وجدال جو پہلے ہوتا تھا بند ہو گیا۔ خدا کا حکومت کرنا اُس کی شریعت کا جاری ہونا ہے: בית יעקב לכו ונלכה באור יהוה : بیث یعقوب لخو ونیلخا باور یہوا (ترجمہ) اے خاندانِ یعقوب خدا کے نور میں چلو جیسا ہم چلتے ہیں یعنی خدا کے احکام پر بہ تصدیق و ایمان عمل کرو۔ یہ حکایت ہے دعاۃ اسلام کی کلام کی چنانچہ اہل اسلام ایسا ہی اہل کتاب بھی کہتے ہیں اُسی وقت کی حکایت اشعیا کی زبان سے ہو رہی ہے۔

قال اللہ تعالیٰ یٰاَھْلَ الْکِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰی کَلِمَۃٍ سَوَاءٍۭ بَیْنَنَا وَ بَیْنَکُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰہَ وَلَا نُشْرِکَ بِہٖ شَیْئًا وَّلَا یَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْھَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ

پیغمبر خدا نے ہرقل کو لکھا تھا: قال اللہ تعالیٰ وَکَذٰلِکَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ جَعَلْنٰہُ نُوْرًا نَّھْدِیْ بِہٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا (ترجمہ) یوں ہی بھیجا ہم نے تیرے پاس روح عالم امر سے (یعنی جو جسم و جسمانی نہیں) تو نہیں جانتا تھا کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا ہے لیکن کیا ہم نے کتاب کو نور جس سے راہ دکھاتے ہیں ہم جسے چاہتے ہیں۔ یہ وہی نور ہے جس میں چلنے کو اشعیا کہہ رہے ہیں: כי נטשתה עמך בית יעקב : کی ناطشتا عمخا بیث یعقوب: (ترجمہ) کیونکہ پریشان کر دیا تو نے اپنی قوم کو اے خاندان یعقوب۔ یہ فقرہ آیت گزشتہ سے

Marfat.com

بہ متعلق ہی لیکن یہود مابعد سے ملاتے ہیں مقصود یہ ہی کہ جب تم میں ضلالت و گمرہی پھیل گئی
تو تمھارے لیے خیر یہی ہی کہ تم شریعت جدیدہ کو بدل و جان قبول کرو کִּי מָלְ

אוּ מִקֶּדֶם וְעֹנְנִים כַּפְּלִשְׁתִּים וּבְ
יַלְדֵי נָכְרִים יַשְׂפִּיקוּ׃ וַתִּמָּלֵא אַרְצוֹ
כֶּסֶף וְזָהָב וְאֵין קֵצֶה לְאֹצְרֹתָיו
וַתִּמָּלֵא אַרְצוֹ סוּסִים וְאֵין קֵצֶה לְ
מַרְכְּבֹתָיו׃ וַתִּמָּלֵא אַרְצוֹ
אֱלִילִים לְמַעֲשֵׂה יָדָיו יִשְׁ
תַּחֲווּ לַאֲשֶׁר עָשׂוּ אֶצְבְּעֹתָיו׃ וַיִּשַּׁח אָדָ
ם וַיִּשְׁפַּל אִישׁ וְאַל תִּשָּׂא לָהֶם׃
בּוֹא בַצּוּר וְהִטָּמֵן בֶּעָפָר מִפְּנֵי פַּ
חַד יְהוָה וּמֵהֲדַר גְּאֹנוֹ׃ עֵינֵי גַּבְהוּת
אָדָם שָׁפֵל וְשַׁח רוּם אֲנָשִׁים
וְנִשְׂגַּב יְהוָה לְבַדּוֹ הַהוּ
א׃

کی مالئو مقیدم و عونیم کپلشتیم و بیلدی نخریم یشپیقو ؛ و تمالی ارصو
کسف و زاہاب و این قصہ لاوصروثا و و تمالی ارصو سوسیم و این قصہ
لمرکبوثا ؛ و تمالی ارصو الیلیم لمعسہ یادا او یشتہو و لاشر عاسو اصبعوثاو +
و یشح آدام و یشپل ایش و ال تسا لاہم + بو بصور و ہطامن بعافار
مپنی پحد یہوا و مہدر گئونو ؛ عینی گبہوث آدام شافیل و شح روم

Marfat.com

اَنَاشِیم وِنِسگَبُ یِہُوَ البُدُّ وُ ہِیُّوم تہو: **لغات** בְּנֵי کی زمانی یعنی
جب קֶדֶם قِدِم اصل معنی اس کے ہیں پورب مشرق پھر اطلاق اُس کا
ایک حصہ عرب پر ہوا جو پورب طرف ہی اور فلسطین سے بھی شرقی ہے وہاں مسکن حضرت
ابراہیم کے آبا کا تھا حرّانؔ اُس کے شہروں میں سے ہی رِبقاؔ حضرت اسحٰق کی بی بی کا
میکا وہیں تھا جسے حضرت ابراہیم نے حفظ نسب کے لئے اپنے خاندان سے کنعان میں
منگاکر حضرت اسحٰق سے مزدوج وکدخدا کیا۔ پھر جب ربقا کو حضرت یعقوب کی ہلاکت کا
خوف ہوا تو اُن کو اپنے بھائی کے پاس روانہ کیا ملک قِدِم میں جیسا تورات سے
بیانات سے واضح ہی یہاں کے لوگوں کا مذہب صابئی تھا جو ارواح کواکب وملائکہ
کی پرستش کرتے اور اُن کے نام پر اصنام رکھتے تھے وسحر وکہانت وغیرہ اعمال اُن کا
شعار تھا۔ زمانۂ اسلام میں وے نیست ونابود ہوئے۔ ثابت ابن قرہ بھی اولاً یہی مذہب
رکھتا تھا۔ قوم کی سرزنش سے دامن اسلام میں پناہ لیا۔ خلفائے عباسیہ کے دور میں بغداد
میں رہتا تھا ریاضی ونجوم میں اس کو یدطولیٰ تھا رمل میں کمال مشّاقی رکھتا تھا زحل کو
اس سے بڑی مناسبت وخلّت تھی اکثر مصائب میں اس کا معین رہتا تھا۔ عُوص شہر
جہاں حضرت ایوب کا مسکن تھا اسی حصہ میں واقع تھا اس کی سرحد شام وعراق تک تھی
وہاں کے سکّان בְּנֵי קֶדֶם بِنِی قِدِم یعنی بنی قدم کہلاتے تھے اور
کبھی קֶדֶם قِدِم سے بنی قدم مراد ہوتے ہیں جیسا اسی آیت میں עֹנְנִים
عُونِنِیم مادہ اس کا עֹנֵן عانن ہی یہ صیغہ اسم فاعل ہی مجرد اس کا مستعمل
نہیں ہی باب پعیل پیدائش باب ۹ آیت ۱۴ میں آیا ہی اصل معنی اس کے چھپانا پھر
بدل جانا اسی سے עָנָן عَانَان بمعنی ابر آیا ہی جیسا عربی عنان باب پوعیل سے
بھی آیا ہی עוֹנֵן : עוֹנֵן ، יְעוֹנֵן ماضی عُونِین مضارع یعُونِین اسم
فاعل معونین اصل מְעוֹנֵן معنی دجل وتلبیس وبمعنی نظربندی کثیر الاستعمال

چنانچہ اکثر علمار یہود اس کی یہی تفسیر کرتے ہیں سوائے ربی عقیبا کے کہ وہ مُعونِین معنی
מעוננים منجم کہتا ہے پس عُونِین معنی منجم خواہ نظربندی جیسا קסם
قُوسِیم بمعنی فال گو خواہ رمّال کے ہیں چونکہ اعمال ارباب تنجیم وغیرہ ظنی قابل وثوق
نہیں اس لئے انبیار اُس کی طرف متوجہ ہونے کو منع کرتے ہیں حضرت موسیٰ نے اس
بارہ میں بہت مبالغہ کیا ہے دِباریم باب ۱۸ آیت ۱۰ و ۱۴ کو دیکھو ישפיקו
یَسپیقو مادہ اس کا ספק سَفق ہی بمعنی ہاتھ مارنا معاہدہ کرنا ישח
یَشَح ادیل بت ישח یشحّ مادہ اس کا שחח شحّ ہے بمعنی
خم ہونا رکوع צור صُور اسمار حسنی سے ہے بمعنی قوی اور جس سے کوئی قوم
نکلے یعنی خلیفہ ورسول جیسا شیر موسیٰ میں گزرا (ترجمہ) جب بھر جائیں بنی قدم اور
منجمین سے اہل فلسطین کی طرح اور اجانب سے معاہدہ کریں اور بھر جائے اُن کا ملک
بے حد چاندی سونے سے اور بے حد گھوڑوں سے اور مملو ہو جائے اُس کا ملک صنام سے
اپنے ہاتھ کی مصنوعات کو سجدہ کریں جنھیں اُن کی اُنگلیوں نے طیار کیا ہو اور جھکیں آدمی
اور پست ہوں انسان اس طرح کہ اُن کی فریاد رسی نہ جائے تو نہایت خاکساری سے
جا رسول کے پاس خدا کے خوف اور اُس کے جلال کی شوکت سے کہ نخوت سے آنکھیں
نیچی ہونگی اور بلند پست ہونگے اُس دن تنہا خدا کا حکم جاری ہوگا۔ مقصود یہ ہے کہ جب
بنی اسرائیل میں خصائل بنی قدم یعنی سحر وکہانت وغیرہ وتنجیمین بھر جائیں اور وے
اجانب سے ہم عہد ہوں اور اُن کو انواع اقسام کی ترقی حاصل ہو اور پھر اُن کو
ذلّت ومسکنت نصیب ہو تو اُن کی فلاح اسی میں ہے کہ وے بڑی خاکساری کے ساتھ
رسول وقت کے پاس حاضر ہوں جب بڑے بڑے جبّار ومتمرد پست ہوں اور فرمانِ الٰہی
بموجب عمل درآمد ہو یہ خبر دی گئی ہے بنی اسرائیل کے واقعات کی اور اُن کے نجات
کی صورت بتائی گئی یعنی وے انتہائی ضلالت کو پہونچیں گے سحر وکہانت، فال گوئی

Marfat.com

رمل و تنجیم کے معتقد ہونگے اور بت پرستی اور عظمت روحانیات اُن کے دلوں میں متمکن ہوگی اور بت پرستوں سے ہم عہد ہونگے۔ چنانچہ منسّی بن حزقیا کے وقت سے اس کی بڑی ترقی ہوئی اور خزائن واموال وعساکر و مراکب فراہم ہونگے پھر ذلت و مسکنت بدرجۂ اتم اُن کو حاصل ہوگی جیسا بخت نصر و طیطوس کے وقت میں اُن کو نصیب ہوئی پہلے مدت دراز تک یہ حال رہا کہ بنی اسرائیل بارتکاب اصنام پرستی وغیرہ معاصی مقہور و مغضوب ہوتی لیکن توبہ و گریہ و زاری سے سب اُن کے گناہ معاف ہوجاتے اور خدا اُن کا معین رہتا لیکن بعد خرابی بیت المقدس بار ثانی باوجود توبہ و گریہ وزاری خضوع و الحاح بسیار اُن کی نہ توبہ قبول ہوتی نہ اُن کی دعا مقبول وہ حالت اُن کی اب تک ہے اب اس پیغمبر کے ذریعہ سے بنی اسرائیل کو یہ خبر دی گئی ہے کہ جب تمھاری یہ حالت ہوجائے تو تمھاری نجات کی کوئی صورت نہیں جز اس کے کہ تم رسول وقت کی جس کا ذکر موسیٰ کی شیر میں ہے عجز و خشوع کے ساتھ اطاعت کرو۔ اب اُس کے بعد اُس رسول کا بیان ہے:۔

נִשָּׂא וְשָׁפֵל: וְעַל כָּל־אַרְזֵי הַלְּבָנ
וֹן הָרָמִים וְהַנִּשָּׂאִים וְעַל־כָּל־אַלּוֹנֵי
הַבָּשָׁן: וְעַל כָּל־הֶהָרִים הָרָמִים וְעַ
ל כָּל־הַגְּבָעוֹת הַנִּשָּׂאוֹת: וְעַל כָּל־מִגְדָּל גָּ
בֹהַּ וְעַל־כָּל־חוֹמָה בְצוּרָה: וְעַל כָּ
ל־אֳנִיּוֹת תַּרְשִׁישׁ וְעַל כָּל־שְׂכִיּוֹת
הַחֶמְדָּה: וְשַׁח גַּבְהוּת הָאָדָם וְשָׁפֵל
רוּם אֲנָשִׁים וְנִשְׂגַּב יְהוָה לְבַדּוֹ בַּיּוֹם
הַהוּא: וְהָאֱלִילִים כָּלִיל יַחֲלֹף: ו

Marfat.com

בָאוּ בִּמְעָרוֹת צֻרִים וּבִמְחִלּוֹ
ת עָפָר מִפְּנֵי פַּחַד יְהוָה וּמֵהֲדַר
גְּאוֹנוֹ בְּקוּמוֹ לַעֲרֹץ הָאָרֶץ : בַּיּ
וֹם הַהוּא יַשְׁלִיךְ הָאָדָם אֵת אֱ
לִילֵי כַסְפּוֹ וְאֵת אֱלִילֵי זְהָב
וֹ אֲשֶׁר עָשׂוּ־לוֹ לְהִשְׁתַּחֲוֹת לַחְ
פֹּר־פֵּרוֹת וְלָעֲטַלֵּפִים :

کی یوم لیہوا صباؤت عل کل گیا وارام وعل کل نسا وشافیل + وعل کل
ارزی ہلبانون ہاراہیم وہنساہیم وعل کل الونی ہباشان + وعل کل
ہہاریم ہاراہیم وعل ہگباعوث ہنساؤث + وعل مغدال گابوہ وعل
کل حوما بصورا + وعل کل انیوث ترشیش وعل شخیوث ہحماہ + وشح گبہوث
ہاآدام وشافیل روم اناشیم ونسگب یہوا لبدو بیوم ہہو: وہا الیلیم کالیل
یحلوف وباؤ بمعاروث صوریم ومحلوث عافار مپنی پحد یہوا ومیہدر گئونو
بقومو لعروص ہاآرص + بیوم ہہوم یشلخ ہاآدام اث الیلی کسپوث واث
الیلی زہابو اشر عاسو لو لہشتحوث لحپور پیروث ولاعطلپیم: - آیۃ

נשא نسا بلند   רם رام بلند   גאה گئی بلند
שפל شافیل پست   ארז ایرز عربی ارز بمعنی صنوبر

Marfat.com

یہ درخت نہایت خوبصورت اور اُس کی لکڑی بہت عمدہ و مضبوط ہوتی ہے לְבָ
נוֹן لبانون یہ سلسلۂ پہاڑ کا نام ہے جو ملک کنعان کے شمالی حصے میں واقع ہے
جس کے دامن میں صور و صیدا کی آبادی تھی جسے عبری میں صور بواو مجہول و
صیدون کہتے ہیں شہر صیدا ۳۳ درجہ ۲۸ دقیقہ ۲۴ ثانیہ طول اور ۲۲ درجہ ۴۰ دقیقہ
عرض پر اقلیم سوم میں ہے یہ شہرین قدیم زمانہ میں دارالسلطنت تھے وہاں کے لوگ بڑے
دولت مند تھے۔ اس پہاڑ کی دو اونچی چوٹیاں ہیں غربی کو بالخصوص لبانون کہتے ہیں
عربی میں لُبنَان اور شرقی کو جو بیشتر برف سے چھپی رہتی ہے کلدی میں טוּר
תַּלְגָא طورثلغا یعنی جبل الثلج کہتے ہیں اسی کو اہل فرنگ انٹی لبنانس
کہتے ہیں اس پہاڑ کی جانب جنوب کوہ חֶרְמוֹן حرمون یعنی جبل الشیخ
واقع ہے ان سب حصص کو یونانی میں فینیشیا کہتے ہیں اس پہاڑ میں صنوبر بہت ہوتا ہے
چنانچہ حضرت داؤد کے زمانہ میں وہاں کے حاکم نے اس کی لکڑی بیت المقدس کی
بنا میں کام میں لانے کو بھیجی تھی۔ پھر حضرت سلیمان کے وقت میں حیرام کے راجہ نے
بہت لکڑیاں اس کی ارسال کیں جو بیت المقدس کی تعمیر میں صرف ہوئیں אֵ
לוֹן اَلّون یہ قسم درخت ہے جس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے عربی بلوط
בָּשָׁן باشان یہ جنوبی حصہ ارض کنعان کا ہے کوہ حرمون یعنی جبل الشیخ سے
جانب جنوب۔ اسی لئے جبل الشیخ کو کوہ باشان کہتے تھے اس کی حد کسی زمانہ میں
بحرین تک تھی۔ عوج بن عوق یہاں کا بادشاہ تھا۔ اس کو عربی میں بثنیہ بوزن صعینہ کہتے
ہیں۔ اَلّون کے درخت اس علاقہ میں بہت ہوتے ہیں הַר גִּבְעָה گیعا پہاڑ
اور پہاڑی بلاد אֳנִיָּה اُونیا۔ کشتی جہاز תַּרְשִׁישׁ
ترشیش فرنگستان خصوصاً اسپانیہ שְׂכִיָּה سِخیا۔ صورت
חֶמְדָּה حمدا مطبوع مرغوب חָלַף حلف مٹ جانا

Marfat.com

عارض معنی ڈرانا (ترجمہ) کہ خدا کا حکم جاری ہوگا ہر بلند وپست پر اور ہر صنوبران لبنان پر جو بلند ومرتفع ہیں اور الون ثینہ پر اور ہر اونچے پہاڑ پر اور جبال شامخات پر اور منارات عالیہ پر اور محیط شہر پناہوں پر اور مراکب فرنگ پر اور ہر صور محمودہ پر: اور پست ہوجائے تعلّی انسان کی اور تکبر آدمیوں کا خدا ہی کا حکم جاری رہے گا۔ اصنام بالکلیہ مٹ جائیں گے خدا کے خوف اور اُس صور یعنی رسول کے جلال کی عظمت سے مغارات اور خاک میں جائیں گے جب وہ رسول دنیا کی تنبیہ کو مستعد ہوگا اُس زمانہ میں پھینک دے گا۔ آدمی چاندی سونے کے بتوں کو جسے سجدہ کرنے کے لئے تیار کیا تھا ناموس اور چمگادڑ کو بظاہر تو بیان یہ ہے کہ اُس وقت جب حکم خدا کا ہر بلند و پست پر ہوگا مگر دقت نظر سے معلوم ہوتا ہے کہ مقصود اس سے معجزات اُس رسول کے ہیں کیونکہ معجزہ فی الواقع فعل خدا کا ہوتا ہے جو انبیاء کے ہاتھ سے ظاہر ہوتا ہے اسی واسطے اُسے معجزہ کہتے ہیں کہ قوت بشری ایسے افعال کے اصدار سے عاجز ہوتی ہے۔ دیکھو حضرت ابراہیم ایسے آتش کدہ سے صحیح وسالم نکل آئے اور اُس میں پھرتے رہے طبیعت نار کو معطل کردیا یہ فعل خاص خدا کا ہے یَا نَارُ کُونِی بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِیمَ علی ہذا القیاس حضرت موسیٰ نے سمندر کو پھاڑ کر راہ بنا دیا یہ ہرگز کسی انسان کا کام نہیں ایسے افعال بضرورت ظاہر کئے جاتے ہیں ظاہر مطلب آیت مراد ہو نہیں سکتا کیونکہ خدا کا حکم پست وبلند پر ہر وقت میں ہے تو مقصود آیت یہ ہے کہ اُس رسول کا حکم پست وبلند سب پر ہوگا۔ پست سے مراد زمین ہے اور بلند سے افلاک وکواکب یعنی ہیولیٰ عناصر وافلاک اُس کے اختیار میں ہوگا۔ اس لئے اُس کا حکم عناصر پر بھی ہوگا اور کواکب پر بھی یہ ایک نشان ہمارے پیغمبر کا اشعیا کی زبانی بیان کیا گیا چنانچہ یہ نشان آپ میں پایا جاتا تھا حکم آپ کا عناصر وموالید ثلٰثہ وکواکب سب پر ظاہر ہوا اُس کو باختصار ہم بیان ذکر کرتے ہیں۔ آپ کے حکم سے زمین سراقہ بن مالک کے گھوڑے کو اُس کے

Marfat.com

شکم تک نکل گئی اور وہ زمین سخت تھی اور پھر آپ ہی کے حکم سے اُسے چھوڑ دیا۔ حضرت ابوبکر جو آپ کے ساتھ تھے سراقہ کو دیکھکر ڈرے تھے۔ آپ نے فرمایا لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا کیا اطمینان کا یہ کلام ہے ایسا ہی حضرت موسیٰ نے فرمایا تھا۔ جب قوم نے کہا۔ اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ یہ فعل شبیہ ہے حضرت موسیٰ کے فعل کی کہ اُن کے ایما سے قارون زمین میں خسف ہوگیا وہ مرتد ہوکر حضرت موسیٰ سے باغی ہوگیا تھا۔ موسیٰ کی چوتھی کتاب کے ۱۶ باب میں اُس کا قصہ مذکور ہے حضرت نے سراقہ کو اُس کے عجز و الحاح سے چھوڑ دیا۔ سبب اس کا یہ تھا کہ وہ مرتد نہ تھا اور نیز اُس میں مصلحت یہ تھی کہ سراقہ نے عہد کیا تھا کہ قوم جو متعاقب ہے چلی آتی ہے اُسے ہم لوٹا دیں گے چنانچہ اُس نے ایسا ہی کیا۔ ایک نصرانی مسلمان ہوکے پیغمبر کی خدمت میں رہتا تھا اور کتابت اُسی کے متعلق تھی پھر وہ مرتد ہوکے مشرکین سے جا ملا پیغمبر نے فرمایا زمین اُسے قبول نہ کرے گی۔ چنانچہ بار بار اُسے گاڑا لیکن زمین نے قبول نہیں کیا وہ باہر پڑا رہتا تھا پس زمین نے پیغمبر کے حکم کی اطاعت کی اور اُس کی لاش کو قبول نہیں کیا۔ اس سے زمین کا مطیع ہونا ثابت ہے۔ صحیحین میں انس ابن مالک سے روایت ہے کہ ایک سال پیغمبر خدا کے زمانے میں قحط پڑا آپ بروز جمعہ خطبہ کر رہے تھے کہ ایک شخص نے شکایت امساک باران کی اور دعائے مطر کے لئے التماس کیا۔ آپ نے دعا کی اُس وقت بدلی کا ٹکڑا بھی نہ تھا۔ مگر بادل اُٹھا۔ آپ منبر سے اُترے بھی نہ تھے کہ مینھ برسنے لگا وہ مینھ دوسرے جمعہ تک رہا۔ لوگ مینھ سے تنگ ہو رہے تھے کھل جانے کی درخواست کی آپ نے دعا کی مینھ کھل گیا۔ اس سے حکومت ہوا پر ظاہر ہے کہ آپ کے مرضی کے مطابق اُس نے سحاب مجتمع کرکے مینھ گرایا۔ انتھی ایسا چند بار ہوا ہے۔ انس فرماتے ہیں کہ آپ مقام زوراء میں جو ایک مکان ہے مدینہ میں تھے۔ آپ نے ہاتھ برتن میں رکھدیا۔ آپ کی اُنگلیوں سے پانی جاری ہوا جسے تین سو آدمیوں نے

Marfat.com

وضو کیا ایسا ہی عبداللہ ابن مسعود بھی بیان کرتے ہیں کسی سفر میں ہوا متخیل ہما، ہوئی
آپ کے حکم سے ہوا پانی ہو جاتی تھی جیسا کتب فلسفہ میں ثابت کیا گیا ہے: صحیحین میں
جابر سے روایت ہے کہ لوگ معرکۂ حدیبیہ میں پیاسے ہوئے اور آپ سے عرض کیا کہ پانی
اسی قدر ہے جو آپ کے رکوہ میں ہے رکوہ ایک ظرف ہوتا ہے پانی رکھنے کا آپ نے ہاتھ
اُس میں رکھدیا۔ پانی آپ کی اُنگلیوں سے جاری ہوا تو لوگوں نے پیا اور وضو کیا جابر نے
بیان کیا کہ پندرہ سو آدمی تھے۔ ایسا ہی برّا ابن عازب بھی روایت کرتے ہیں۔ واضح ہو
کہ ہیولیٰ عناصر اربع کا ایک ہے۔ اب ہم کچھ تصرفات مرکبات عنصریہ کے لکھتے ہیں۔ جابر سے
روایت ہے کہ میں رسول خدا کے ساتھ ایک وادی وسیع میں تھا۔ آپ قضائے حاجت کے لئے
تشریف لے گئے وہاں سوائے دو درختوں کے کچھ جنگل وجھاڑی کا نشان نہ تھا۔ آپ
ایک درخت کے پاس تشریف لے گئے اور اُس کی ڈال پکڑ کے کہا چل میرے ساتھ
تو وہ چلا یہاں تک کہ آپ دوسرے درخت کے پاس آئے اور اُس سے فرمایا کہ
میری اطاعت کر۔ وہ بھی اُسی طرح چلا۔ پھر دونوں کے منصف فاصلہ پر آپ نے فرمایا
دونوں مل جاؤ تو وے مل گئے۔ بعد اس کے آپ وہاں سے پھرے اور دونوں
درخت متفرق ہو کے اپنی اپنی جگہ پر قائم ہو گئے۔ عبداللہ ابن عباس سے روایت
ہے کہ ایک دیہاتی آیا اور پیغمبر خدا سے کہا کہ ہم کیونکر سمجھیں کہ تم رسول ہو آپ نے فرمایا کہ
اگر میں اس کھجور کے خوشہ کو بلاؤں اور وہ میری رسالت کی تصدیق کرے تو تم تصدیق
کروگے۔ پھر آپ نے اُس خوشہ کو بلایا تو وہ خوشہ آپ کے پاس اُتر آیا۔ بعد ازاں آپ نے
فرمایا لوٹ جا وہ لوٹ گیا۔ تب وہ اعرابی مسلمان ہو گیا۔ عبداللہ ابن عمر سے روایت ہے
کہ رسول خدا کسی سفر میں تھے ایک دیہاتی آپ کے پاس آیا آپ نے فرمایا تو میری
رسالت کی تصدیق کرتا ہے اُس نے کہا آپ کے دعوے کی کون تصدیق کرتا ہے۔ آپ نے
ایک درخت کی طرف اشارہ کیا۔ وہ زمین پھاڑتا ہوا آپ پاس آیا اور تصدیق رسالت

Marfat.com

کی تین مرتبہ پھر لوٹ گیا۔ جب اس قسم کے معجزات آنحضرت سے بہت دیکھے گئے تو کفار نے
کہا کہ ان سے کوئی معجزۂ عظیم طلب کرنا چاہیئے۔ تجویز کی کہ افلاک ہیں تصرف دشوار رہے
وہ ایک حالت پر رہتے ہیں قابل خرق والتیام نہیں اُن کا تصرف اس کرہ پر بہت ہو
نہ بالعکس تب اُنھوں نے معجزہ شق القمر طلب کیا۔ عجب نہیں کہ سائلین میں یہودی رہے ہوں
اور بموجب اس آیت کے امتحان کیا ہو تب آپ کے حکم سے انشقاق قمر واقع ہوا۔ یہ فعل
آپ کا مشابہ ہے اُس کے جو حضرت یوشع بن نون نے کیا تھا کہ شمس دائرہ نصف النہار پر
چار پہر قائم رہا۔ دیکھو صحیفہ یوشع بن نون باب ۱۰ آیت ۱۳ וַיַּעֲמֹד
הַשֶּׁמֶשׁ בַּחֲצִי הַשָּׁמַיִם וְלֹא אָץ לָבוֹא כְּיוֹם תָּמִים׃
وَیَعمُود ہشّمِش بحصِی ہشّامَایِم وِلوآص لابُوکیوم تامیم : (ترجمہ) ٹھیرا رہا سورج
نصف سماء پر اور جنبش نہ کیا غروب کے لیے قریب دن بھر کے اس معجزہ کی روایت صحیحین
میں بھی ہے بہت صحابہ اس کو بیان کرتے ہیں یوئیل نبی نے کہا ہے کہ قریب قیامت کے
انشقاق قمر واقع ہوگا ہم اُس کو ذکر کرتے ہیں یوئیل باب ۳ آیت ۴ הַשֶּׁמֶשׁ
יֵהָפֵךְ לְחֹשֶׁךְ וְהַיָּרֵחַ לְדָם לִפְנֵי בּוֹא יוֹם יְהוָה הַגָּדוֹל וְהַנּוֹרָא׃
ہَشمِش یہافیخ لحوشِخ وِہیّاریحؔ لِدام لفنی بُویُوم یہوا ہگّاؔ
دُول وہنّورا **لغات** שֶׁמֶשׁ شمِش ۔ شمس، سورج ח
חֹשֶׁךְ حوشخ ۔ ظلمت יָרֵחַ یاریحؔ ۔ قمر דָּם دام یہ لفظ
بمعنی خون کثیر الاستعمال مثل عربی دم کے ہے لیکن بعض محاورات میں اطلاق اس کا
مقتول پر بھی آیا ہے بخوف تطویل سند درج نہیں کرتے اور بمعنی منقطع و منشق ۔
(ترجمہ) سورج ہو جائے گا تیرہ اور قمر منشق خدا کی بڑے اور بھیانک دن کے

Marfat.com

آنے سے پہلے پس مقصود یہ ہے کہ قریب قیامت کے شمس مظلم ہو جائے گا اور قمر شق اس کی حکایت کلام مجید میں بھی ہے۔ قال اللہ تعالیٰ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ سیاق کلام سے ظاہر و آشکار ہے وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ یہ آیت صاف بتاتی ہے کہ یہ پیغمبر کے معجزہ کا بیان ہے کیونکہ بعد آپ کے کوئی پیغمبر نہیں ہوگا جو یہ معجزہ دکھائے پس حمل کرنا اس کو خبر آئندہ پر تعسف ہے: واضح ہو کہ یوئیل نبی نے خبر دی تھی کہ قریب قیامت کے سورج تاریک ہو جائے گا اور قمر شق ہو جائے گا یہ مقصود نہیں ہے کہ دونوں امر ایک ہی وقت میں ہوگا۔ انشقاق قمر تو آپ کے وقت میں ہوا اور آپ کی پیدائش بھی اشراط ساعت سے ہے کیونکہ وحی منقطع ہو گئی اس لئے خدا یاد دلاتا ہے اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ترمذی میں روایت ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا نے بُعثت فی نفس الساعۃ صحیحین میں انس سے روایت ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا نے بعثت انا والساعۃ کھاتین ہاتین سے اشارہ کیا وسطیٰ وسبابہ کی طرف جیسا ترمذی کی روایت میں تصریح ہے مقصود یہ ہے کہ جس طرح وسطیٰ وسبابہ معاً پیدا ہوتی ہیں اسی طرح میں اور ساعت فافہم: اس معجزہ پر مدت سے ملاحدہ اعتراض کرتے چلے آئے ہیں۔ پہلے زمانہ میں یہ اعتراض مشہور تھا کہ اگر قمر پھٹا ہوتا تو تمام دنیا کے لوگ دیکھتے اور نہیں تو اکثر بلاد میں خبر ہوتی کہیں کی تاریخ میں اس کا ذکر نہیں جواب اس کا ظاہر و مشہور ہے کہ یہ معجزہ اوائل شب میں نہیں واقع ہوا۔ غالباً اواخر شب میں ہوا جب لوگ سوئے ہوئے تھے اس لئے اس کا شہرہ نہیں ہوا اور ایسی سوانح کو ارباب تنجیم و اہل رصد قلم بند کرتے ہیں نہ عام مورخین۔ ایسے لوگوں کی نظر اس پر نہ پڑے تو درج تواریخ کیونکر ہو۔ علاوہ بریں یہ معاملہ دیر تک رہا نہیں جن لوگوں نے یہ معجزہ طلب کیا تھا ان لوگوں نے بخوبی دیکھ لیا پھر قمر بدستور ہو گیا اتنی دیر تک رہا نہیں جس پر ارباب تنجیم اعتماد کر کے درج کتاب کرتے بلکہ اپنی خطائے نظر پر حمل کیا اس قسم کے واقعات کوئی بھی

Marfat.com

بطور واقعات تاریخی نہیں لکھے گئے جیسے ٹھیر جانا شمس کا نصف النہار پر حضرت یوشع کے
وقت میں واقع ہوا لیکن کسی تاریخ میں درج نہیں قلزم کا پھٹ جانا تو سوانحہ عظیمہ سے تھا
اور اہل مصر صاحب قلم تھے تاہم یہ واقعہ مصریوں کی کتاب میں مذکور نہیں کیفیت یہ ہی کہ
جو لکھتے ہیں اُن کا لکھنا محمول ہوتا ہی طرف داری پر اور معاندین لکھتے نہیں اب ہم اصل
حقیقت اس شق قمر کی لکھتے ہیں کہ صحیح مسلم میں انس ابن مالک سے روایت ہی کہ انشقاق قمر
دو مرتبہ ہوا یہ بات صحیح معلوم ہوتی ہی پہلے مقام منا میں یہ معجزہ دکھایا گیا پھر کفار نے یہ
خیال کر کے کہ قمر زمین سے بہت قریب ہی کسی دوسرے کوکب کو آپ شق کریں تو آپ نے
اقمار زحل میں سے ایک قمر کو چار ٹکڑے کر دیا کہ اب تک وہ چاروں ٹکڑے بدستور موجود ہیں
اُس وقت سائلین کو ایسا حدید البصر کر دیا کہ اقمار زحل کو جو بلا اعانت منظار نظر نہیں آتے
دیکھا۔ سبحان اللہ کیسی وہ ذات بابرکات تھی کہ اب تک جس کا معجزہ قائم و موجود ہی جس کا
جی چاہے باعانت دوربین دیکھ لے۔ شعر ؎

یا رب صل وسلم دائما ابدا ✿ علی نبیك خیر الخلق کلهم

ہمارے زمانہ میں اہل فرنگ اور اُن کے متبع شق القمر پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اگر ایسا
ہوتا تو قیامت آجاتی۔ کیونکہ نظام عالم اجسام جذب و انجذاب پر ہی اگر قمر شق ہوجاتا تو بفقدان
جذب یہ نظام درہم برہم ہوجاتا یہ اعتراض مغالطہ ہی ناواقفین کو دھوکہ دینے کے واسطے
تراشا گیا اولاً تو نظام عالم جذب و انجذاب پر نہیں ہی دلائل جذب بالکل بودی ہیں ہرگز
مفید نہیں اگر بالفرض ایسا ہو بھی تو شق ہونے سے جذب کیوں باطل ہوجاتا۔ بسیط کے جزو
کل کی طبیعت ایک ہوتی ہی اگر جذب اُس کی طبیعت میں ہی تو اُس کے ہر جز میں ہوگا نظام
نہ بگڑے گا۔ دیکھو زمین برابر شق ہوتی ہی اور جذب باطل نہیں ہوتا مقناطیس کو کئی ٹکڑے
کر ڈالتے ہیں تاہم جذب نہیں جاتا۔ ایسے اعتراضات واہیہ قابل التفات نہیں اہل فرنگ تو
زمین کو بھی سیارات سے سمجھتے ہیں اور اُس کی حرکت کے قائل ہیں اور قمر کو اُس کے توابع سے

Marfat.com

شمار کرتے ہیں باوجودیکہ اُس کا انشقاق ہمیشہ دیکھتے ہیں تاہم ایسے اعتراضات پیش کرتے ہیں باعث اس کا قصور نظر ہی مسلمانوں کے نزدیک جملہ اجسام مرکب اجزاء لایتجزیٰ سے ہیں۔ دی مقراطیس حکیم جس کو فن کیمیا میں یدطولیٰ تھا وہ بھی ایسا ہی کہتا تھا۔ حکماء ہند کا بھی یہی مذہب ہے۔ میں نے ایک کتاب فن کیمیا میں ترجمہ انگریزی دیکھی تھی اُس میں قمر اور بعض کوکب کی ترکیب ایسی ہی لکھی تھی۔ ایسی صورت میں امکان انشقاق قمر و جملہ کواکب و اجسام میں کچھ شبہ نہیں اور افلاطون و اکثر اہل اشراق کے نزدیک جسم بسیط قابل الانفکاک والقسمۃ ہے۔ ایسی صورت میں بھی انشقاق مستحیل نہیں ارسطو اور مشائین کی رائے بموجب بھی استحالہ انشقاق قمر معلوم نہیں ہوتا اور جب انشقاق ممکن ہے تو دست قدرت واجب الوجود تعالیٰ شانہ وجلت برہانہ اُس سے قاصر نہیں ہو سکتا اور معجزہ درحقیقت فعل حکیم مطلق ہوتا ہے اگر اس کے استحالہ پر کوئی دلیل ہو تو معاندین پیش کریں میں نے ایک کتاب اہل فرنگ میں دیکھا تھا اُس میں لکھا تھا کہ فلاں سنہ میں ایک کوکب ذوذنب پھٹ گیا تھا۔ حالانکہ وے لوگ ایسے کواکب کو موادِ ارضیہ سے شمار نہیں کرتے اور اُس کی ضخامت قمر سے بہت زیادہ تھی باوجود اس کے اعتراض شق قمر پر عجب ہے اس کی انتہا یہی ہے کہ جس کو ہم نہیں دیکھتے نہیں مانتے جیسا بعض فلاسفہ کہتے ہیں جو محسوس نہیں موجود نہیں۔ واضح ہو کہ امکان انشقاق قمر پر اہل ملت اعتراض نہیں کر سکتے اُن کے اصول کے خلاف نہیں جب وہ واجب تعالیٰ کو فاعل مختار وبالارادہ کہتے ہیں اور حکماء جو ترکیب اجسام جواہر فرد سے ثابت کرتے ہیں محال نہیں کہہ سکتے اور اہل اشراق جن کے نزدیک اجسام حقیقت واحدہ ہیں اختلاف اُن میں صرف خواص واعراض سے ہے وہ بھی کچھ نہیں کہہ سکتے۔ صرف ارسطو کے مذہب سے اعتراض ہو سکتا ہے اگر امتناع خرق والتیام کواکب ثابت ہو سو وہ ثابت نہیں ہاں یہ بحث کہ ایسا ہوا یا نہیں کر سکتے ہیں واضح ہو کہ انشقاق قمر ایک مشہور معجزہ آنحضرت کا ہے اس میں بعض اہل اسلام کو بھی اختلاف ہے وے لوگ اس آیت کو جو قرآن میں واقع ہے

Marfat.com

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ: تاویل کرتے ہیں کہ یہاں ماضی مستقبل کی جگہ واقع ہی کیونکہ عرب کبھی مستقبل ضروری الوجود کو ماضی سے تعبیر کرتے ہیں کہتے ہیں کہ انشقاق قمر قریب قیامت ہوگا. قسطلانی میں لکھا ہی کہ قائل اس کا عثمان ابن عطار ہی اگرچہ قرأت وقد انشق القمر اس کی منافی ہی باعث اس کا خیالات فلسفی ہیں بعض فلاسفہ سوائے مرکبات عنصریہ کے کسی کو لائق فنا نہیں سمجھتے اور ایسے ہیں کہ کسی موجود کو قابل عدم نہیں جانتے دلائل اس گروہ کے بالکل ناتمام ہیں اپنے خیالات و موہومات سے کہتے ہیں۔ اعتراض ناقابل التفات ہی اب ہم یہاں اُن احادیث کو نقل کرتے ہیں جن میں انشقاق قمر مصرح ہی۔ صحیح مسلم میں عبداللہ ابن مسعود سے روایت ہی کہ ہم لوگ رسول اللہ کے ساتھ منیٰ میں تھے کہ چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے ایک ٹکڑا پہاڑ کے ادھر ہو گیا اور دوسرا اُس کے پاس تو فرمایا رسول اللہ صلعم نے دیکھو صحیح بخاری میں بھی عبداللہ ابن مسعود سے ایسی ہی روایت ہی اُس میں بیان منیٰ نہیں ہی فقط اسی قدر ہی کہ ہم لوگ پیغمبر کے ساتھ تھے کہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔ پیغمبر نے فرمایا دیکھو دیکھو اس حدیث سے انشقاق قمر ضرور ثابت ہوتا ہی مگر یہ نہیں ثابت ہوتا کہ از خود ہوا یا بطور معجزہ اور ایسا ہی بیان عبداللہ ابن عمر کا بھی ہی دوسری روایت صحیحین میں عبداللہ ابن عباس سے ہی اُس میں اسی قدر ہی کہ پیغمبر کے زمانہ میں چاند پھٹ گیا۔ صحیح بخاری میں انس سے روایت ہی کہ اہل مکہ نے رسول اللہ سے معجزہ طلب کیا تو دکھلایا اُن کو انشقاق قمر صحیح مسلم میں ایسی ہی روایت ہی لیکن ایک روایت میں اس قدر زیادہ ہی کہ دکھایا اُن کو انشقاق قمر دو مرتبہ۔ عبداللہ ابن مسعود کا بیان ہی کہ شق القمر منیٰ میں واقع ہوا اور انس کا ظاہر بیان یہ ہی کہ مکہ میں ہوا اس سے یہی نکلتا ہی کہ شق قمر دو مرتبہ ہوا واللہ اعلم۔ صحیح مسلم مطبوعہ جو میرے پاس ہی اُس میں لفظ مرتین موجود ہی اب ہم ایک معجزہ پیغمبر آخر الزمان کا اور لکھتے ہیں کہ خیبر کی لڑائی میں آنحضرت جناب امیر کے زانو پر سر رکھ کے سو گئے۔ یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو گیا اور نماز عصر جناب

Marfat.com

علی مرتضیٰ کی قضا ہو گئی جب آپ بیدار ہوئے اس کا تذکرہ جناب اقدس میں کیا آپ نے اشارہ کیا شمس لوٹ آیا اور جناب علی مرتضیٰ نے نماز عصر ادا کی معجزہ ردشمس متعدد طرق سے ثابت ہے یہ معجزہ بمقام خیبر اس غرض سے ظاہر کیا گیا کہ وہ مقام مسکن یہود تھا اور یہود قائل تھے کہ شمس حضرت یوشع بن نون کے حکم سے ٹھیر گیا تھا تاکہ اس کو دیکھ کے انھیں معجزہ حضرت یوشعؑ یاد آجائے اور سمجھیں کہ الٰہ ابراہیم واسحٰق اس پیغمبر کے ساتھ بھی ہے لیکن شقاوت و بدبختی نے اکثروں کو ایمان سے روکا خسر الدنیا والآخرۃ ہوئے اور ایک وجہ اس کی اور بھی ہے اسے ہم لکھتے ہیں وہ یہ ہے کہ حضرت یوشع بن نون نے خبر دی تھی کہ سورج ٹھیر جائے گا اور چاند پھٹ جائے گا تو یہ معجزہ وہاں ظاہر کیا گیا کہ یہود کلام یوشع کو لحاظ کریں وہاں کی عبارت پیچیدہ ہے اس لئے ہم اسے نقل کرتے ہیں کتاب یوشع باب ۱۰ آیت ۱۲ و ۱۳

ויאמר לעיני ישראל שמש
בגבעון דום וירח בעמק אי-
לון: וידם השמש וירח עמד עד-
יקם גוי איביו הלא היא כתובה
על-ספר הישר: ויעמד השמש
בחצי השמים ולא אץ לבוא
כיום תמים:

وَیُّومر لعینی یسرائیل شمش بغبعون دوم ویارِحْ بعیمق ایالون ∴

Marfat.com

وَیِدّوُ وَم مِشْمِش وَیّار حّ عَامدعَدیُقوم گواوُیبا وحَلّوہی کثوّبا عَل سفرہیّات شارُوَ
یَعَمو وُمشمِش بجَعی ہشّامایم وِلُوآص لابوکبوم تامیم : لغات [illegible]

سلہ واضح ہو کہ یہ دو معجزے یعنی انشقاق قمرو ردِ شمس بہت بڑے ظاہر ہوئے جو بغرض اثبات نبوت پیش ہوئے امکان شق قمر میں کچھ شبہ نہیں جسمیت اُس کے امکان انشقاق پر دلالت کرتی ہے کیونکہ ہر جسم قابل قسمت ہوتا ہے اس کے استحالہ پر کوئی دلیل نہیں اور معاندین کی طرف سے یہ اعتراض تھا۔ استحالہ خرق والتیام اگر ثابت بھی ہو تو فلک الافلاک سے تجاوز نہ کرے گا۔ بعد ثبوت امکان انشقاق قمر بحث اس قدر ہے کہ ایسا ہوا یا نہیں ایسے واقعات صرف اخبار ثابت ہوتے ہیں اگر حد تواتر کو پہونچیں تو مفید یقین ہوتے ہیں جیسے اخبار مکہ و کلکتہ وغیرہ۔ اگر کوئی شخص منکر تواتر ہو تو محمول بسخافت ہوگا۔ مثلاً اگر کوئی شخص انکار کرے کہ جوالا مکھی سے شعلہ نہیں نکلتا ہم نے دیکھا نہیں تو اُسے واقفان باولا بتائیں گے۔ اگر کوئی شخص انکار کرے کہ کوکب ذوذنب نہیں نکلا حالانکہ ہزارہا آدمیوں نے اُسے دیکھا ہے تو بجز حماقت و تعصب کے اُسے کیا کہہ سکتے ہیں۔ انشقاق قمر حد تواتر کو پہونچا ہے۔ پہلے یوشع بن نون نے خبر دی کہ قمر شق ہو جائے گا۔ پھر موئیل نبی نے بیان کیا کہ قمر قبل قیامت کے شق ہوگا۔ گویا یہ علامت قیامت سے شمار ہوا۔ جب ان انبیا کی سیکڑوں باتیں مطابق واقع کے ہوئیں تو اس خبر کو بھی کہو نہ کہو واقع ہونا ضرور ہے۔ چنانچہ یہود و نصاریٰ کو اعتقاد ہے کہ قریب قیامت کے ایسا ہوگا مسلمان کہتے ہیں کہ آنحضرتؐ کے وقت میں آپ کے اشارہ سے قمر شق ہوگیا اس کو وہ تواتر سے ثابت کرتے ہیں اس واقعہ کی صداقت پر ایک دلیل لطیف ہے کہ بعد معائنہ انشقاق قمر کچھ لوگوں نے تصدیق رسالت کی اور مسلمان ہوگئے۔ بہتوں نے کہا کہ یہ سحر سے دکھایا گیا۔ اس سے ظاہر ہے کہ اگر یہ واقعہ ہوا نہ ہوتا تو کفار سحر پر محمول نہ کرتے۔ واقعہ یوں ہوا کہ ایام حج میں کفار رات کو جمع تھے اُن میں ابوجہل بھی ایک یہودی کے ساتھ تھا۔ آنحضرت دعوی نبوت سب کو سمجھاتے تھے سب نے معجزہ طلب کیا۔ آپ نے فرمایا جو کچھ کہو وہ تامل میں ہوئے کہ کیا کہیں اُس یہودی نے کہا کہ ان سے انشقاق قمر کی درخواست کرو۔ ابوجہل نے کہا کہ تم چاند کو دو ٹکڑے کردو آپ نے سبابہ سے اشارہ کیا چاند دو ٹکڑے ہوگیا۔ آپ نے فرمایا دیکھو دیکھو یہودی فی الفور مسلمان ہوگیا۔ ابوجہل اور متبع کہنے لگے یہ سحر سے دکھایا ہے اس کا سحر بہت قوی ہے اسی کی حکایت قرآن مجید میں ہے اقتربت الساعۃ وانشق القمر۔ وان یروا آیۃ یعرضوا ویقولوا سحر مستمر۔ وکذبوا واتبعوا اھوا ئھم وکل امر مستقر۔ (ترجمہ) قیامت قریب ہوئی کہ چاند پھٹ گیا۔ اگر کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں بھاری جادو ہے جھٹلایا اور اپنی خواہش کے پیچھے لگے حالانکہ ہر بات قرار پا چکی ہے۔ یعنی ان کے جھٹلانے سے کچھ ہوگا نہیں خدا کے نزدیک ثبوت تیرے قرار پا چکے ہیں۔ اسی طرف اشارہ ہے جو سورۂ حجر میں واقع ہے ولو فتحنا علیھم

(بقیہ نوٹ بر صفحہ آیندہ)

Marfat.com

شمش شمس בְּגִבְעוֹן گبعون یہ ایک مقام کا نام ہے ملک شام میں وہاں بنی اسرائیل سے اور کنعانیوں سے حضرت یوشع کے وقت میں جنگ عظیم ہوئی تھی اس کا نام عربی میں حیت ہے בְּעֵמֶק אַיָּלוֹן عیمق ایالون یہ بھی ایک مقام کا نام ہے ملک شام میں דּוֹם دوم یہ صیغہ امر ہے مادہ اس کا דָּמַם دامم ہے جس کے معنی ہیں توقف ٹھیر جانا וַיִּדֹּם ویدم יִדֹּם یدوم یہ صیغہ مضارع ہے مادہ دامم سے جس کے معنی اوپر بیان ہو چکے ہیں واو جو اس پر داخل ہے وہ وصل ہے مثل عربی کما کے یعنی جیسا یہ واو نیز والیضاً کے معنی میں بیشتر آتا ہے مثل عبری כְּמוֹ کم کے بخوف تطویل اسناد پیش نہیں کرتے گرنیں دیکھو عامد اس مادہ עָמַד کی اصل معنی قیام کے ہیں لیکن کبھی اس کے معنی کسر و ٹوٹ جانے کے بھی آتے ہیں اس وقت یہ قلب מָעַד کا ہوتا ہے جس کے معنی کسر کے متعارف ہیں حزقیل کی ۲۹ باب کی، آیت میں واقع ہے וְהַעֲמַדְתָּ לָהֶם כָּל מָתְנָיִם : توڑ دیا تونے اُن کے لئے کمروں کو چنانچہ یہاں بھی قلب ماعد ہے بمعنی کسر יִקֹּם یقوم صیغہ مضارع ہے مادہ نقم سے جس کے معنی ہیں سزا دینا (ترجمہ) کہا یوشع نے بنی اسرائیل کے سامنے شمس مقام گبعون یعنی حیت میں ٹھیر جا اور قمر وادی ایالون میں جیسا ٹھیر جائے گا سورج اور ٹوٹ جائے گا چاند یہاں تک کہ سزا دے قوم اپنے دشمن کو کیا یہ لوح محفوظ پر نہیں لکھا ہے

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) بابا من السماء فظلوا فیہ یعرجون - لقالوا انما سکرت ابصارنا بل نحن قوم مسحورون - ولقد جعلنا فی السماء بروجا و زینّٰها للناظرین - و حفظنٰها من کل شیطان رجیم (ترجمہ) اگر کھول دیتے ہم اُن پر آسمان کا دروازہ اور وہ دن بھر اس میں چڑھتے تو بھی کہتے کہ ہماری نظربندہ گئی ہے جادو ہے۔ حالانکہ آسمان میں بروج ہم نے بنائے ہیں جو دیکھنے سے بھلے معلوم ہوتے ہیں اور اُسے ہر شیطان سے محفوظ رکھا ہے - مطلب یہ ہے کہ شق القمر تو بہت دیر تک نہ تھا اگر ہم آسمان میں دروازہ کھول دیتے اور دن بھر اُس میں سیر کرتے جب بھی وہ اُسے سحر پر محمول کرتے حالانکہ آسمان کو ہم نے ہر شیطان سے محفوظ کیا ہے اُس پر اثر سحر کا نہیں ہو سکتا اور چونکہ حرکت شمس کی ارادی ہے تو زیادہ مجال گفتگو نہیں فافہم ۱۲

Marfat.com

تب ٹھیر گیا سورج نصف سما پر اور جنبش نہ کیا غروب کے لئے قریب دن بھر کے مقام گبعون
یعنی جیت میں لڑائی ہو رہی تھی جہاں آفتاب پرستی بڑی زور شور سے ہوتی تھی اور
اُس کی حوالی میں قمر پرستی۔ تو حضرت یوشع نے شمس سے فرمایا کہ ٹھیر جا اور قمر کو بھی ایسا ہی
اشارہ کیا چنانچہ وہ ٹھیر گیا جس کی حکایت اخیر آیت میں ہے اور بیچ میں بطور جملہ معترضہ کے
یہ بیان ہے کہ جیسا شمس ٹھیر جائے گا اور قمر ٹوٹ جائے گا پس یہ پیشین گوئی تھی کہ کسی زمانہ میں
ایسا ہوگا۔ اس خبر کے پورے ہونے کے واسطے یہ معجزہ وہاں دکھایا گیا کہ یہود اُس کو لحاظ
کر کے آپ کی رسالت کی تصدیق کریں اور عذاب دنیا اور آخرت سے نجات پائیں۔ یہود
اس کے معنی یہ کہتے ہیں کہ ۱۲ آیت میں بیان ہے کہ یوشع نے شمس و قمر سے کہا کہ ٹھیر جاؤ اور
۱۳ آیت میں اُن کے ٹھیر جانے کا بیان ہے یعنی وہ حسب ایماے یوشع ٹھیر گئے تا جنگ نہتی
اگرچہ یہ معنی ظاہر ہیں لیکن قباحت یہ ہے کہ آیت میں تکرار لازم آتی ہے کیونکہ بعد ہی اُس کے
مذکور ہے کہ سورج نصف آسمان پر ٹھیر گیا بعد اُس کے ۱۴ آیت میں یہ لکھا ہے کہ اُس دن کا سا
کوئی دن مستجاب الدعوات نہ پہلے تھا نہ پیچھے۔ جب خدا بنی اسرائیل کی طرف سے لڑا
اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ ایسا قتل نہ پہلے کبھی ہوا نہ بعد کو فتدبروا یا اولی الابصار
اس مقام میں لفظ نہ جو واقع ہے اُس سے ثابت ہے کہ جنگ خیبر یہود کے قصور سے
واقع ہوئی کیونکہ وہ اپنی خباثت سے بت پرستوں کو مسلمانوں کی اہلاک کے لئے چڑھا لائے گئے
تھے غزوۂ خندق کے بانی یہود تھے حالانکہ اُن کو یہ مفسدہ پردازی مناسب نہ تھی۔ بت پرستوں
کی موافقت بمقابلہ موحدین سراسر بے جا تھی فقط

اب کچھ بیان معجزہ و سحر باختصار یہاں مناسب ہے اس لئے لکھتے ہیں وباللہ التوفیق
معجزہ عبرانی میں اس کو مُوفیت מופת کہتے ہیں اور اُسے اوث بھی
کہتے ہیں جیسا عربی میں آیت ان دونوں لفظوں کے لغوی معنی نشان ہیں دونوں زبانوں
میں اس کے معنی گزشتہ میں لکھے ہیں کہ وہ نشان ہوتا ہے تصدیق رسالت کا ایسا ہی

ربی اسحٰق نے شموث یعنی موسیٰ کی دوسری کتاب کے ۴ باب کی تفسیر میں لکھا ہے ایسا ہی خود توراۃ کے بیان سے بھی نکلتا ہے اسی کتاب کے ۴ باب میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ نے جناب باری میں التماس کیا کہ وہ لوگ مجھ پر ایمان نہ لائیں گے کہیں گے کہ خدا تجھ پر متجلی نہیں ہوا خدا نے کہا کہ تیرے ہاتھ میں جو عصا ہے اُسے پھینک دے۔ اُنھوں نے جو پھینکا تو وہ اژدر ہوگیا پھر حکم کیا کہ دُم پکڑ لے۔ جب دُم پکڑ لی تو وہ پھر سونٹا ہوگیا۔ پھر کہا اپنا ہاتھ جیب میں لے جاؤ اور نکال۔ جب ایسا کیا تو وہ بَرّاق ہوگیا۔ پھر جب دوبارہ ایسا کیا تو وہ ہاتھ بدستور ہوگیا۔ تب خدا نے کہا کہ اگر وہ پہلی آیت پر ایمان نہ لائیں تو دوسری آیت دکھانا۔ اس کلام سے ظاہر ہے کہ نشان جو انبیاء کو تصدیق نبوت کے واسطے ملتا ہے وہی آیت ہے اُسی کو معجزہ بھی کہتے ہیں[1]۔ لیکن اتنی سے حقیقت معجزہ کی منکشف نہیں ہوتی کہ وہ کیا چیز ہے اور

---

[1] قال اللہ تعالیٰ. رسولاً الی بنی اسرائیل وانی قد جئتکم بآیۃ من ربکم انی اخلق لکم من الطین کھیئۃ الطیر فانفخ فیہ فیکون طیرًا باذن اللہ وابری الاکمہ والابرص واحی الموتیٰ باذن اللہ وانبئکم بما تاکلون وما تدخرون فی بیوتکم ان فی ذلک لآیۃ لکم ان کنتم مومنین (ترجمہ) کہے گا (یعنی مسیح) میں بنی اسرائیل کے پاس رسول بھیجا گیا ہوں بے شک میں لایا ہوں تمہارے پاس خدا کی طرف سے نشان۔ ہاں میں بناتا ہوں تمہارے سامنے چڑیے کی صورت اور اُس میں پھونکتا ہوں وہ خدا کے حکم سے چڑیا بن جائے گا اور اچھا کردوں مادرزاد اندھے کو اور کوڑھی کو اور زندہ کردوں مردے کو بحکم خدا اور بتادوں تمھیں جو تم کھاتے ہو اور جو اپنے گھر میں رکھ چھوڑا ہو۔ ضرور اُس میں تمہارے لئے حجت ہے۔ اگر سمجھو۔ انتہیٰ - اس سے ظاہر ہے کہ خرق عادت جو اثبات نبوت کے لئے پیش کی جائے وہی آیت ہے۔ قال اللہ تعالیٰ قالوا مہما تاتنا بہ من آیۃ لتسحرنا بہا فما نحن لک بمومنین ۝ فارسلنا علیہم الطوفان والجراد والقمل والضفادع والدم آیات مفصلات فاستکبروا وکانوا قوماً مجرمین ۝ (ترجمہ) اُن لوگوں نے کہا جو نشانی تو ہمارے سامنے لایا کہ ہم پہ جادو کرے ہم تجھکو ماننے والے نہیں پھر تو بھیجا ہم نے اُن پر طوفان اور ملخ اور جوں اور مینڈک جدی جدی نشانیاں تو بھی سرکشی کی اُنھوں نے وہ تو قوم مجرم تھی) یہاں بھی اطلاق آیت کا خوارق پر ہوا ہے جس سے مقصود اثبات رسالت تھا۔

(بقیہ نوٹ برصفحۂ آئندہ)

Marfat.com

سحر میں اُس میں کیا فرق ہے۔ خلاصہ کلام امام نووی صاحب کا یہ ہے کہ معجزہ اُس خرق عادت کو کہتے ہیں جس کا سا خلق سے نہ ہو سکے اور بغرض تصدیق رسالت ظاہر کیا جائے فقط۔ خرق عادت اُس فعل کو کہتے ہیں جس کی قوت طبیعت انسانی میں نہ ہو۔[1] پس ایسے افعال اگر احیاناً کسی آدمی سے ظاہر ہوتے ہیں خواہ بذریعہ سحر کے ہوں یا بطور معجزہ تو دیکھنے والے تعجب کرتے ہیں اور اُس آدمی کو معزز جانتے ہیں پس سحر و معجزہ میں التباس ہے۔ سحر کے معنی لغت میں دو لکھے ہیں ایک خدع و فریب دوسرے جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو چنانچہ بیضاوی میں بھی لکھا ہے مالطف مأخذہ سببہ یعنی جس کا سبب مخفی ہو اور اصطلاح میں اُس خرق عادت کو کہتے ہیں جو بواسطہ کسی قول یا فعل کے صادر ہوں یہ چند طور پر ہوتا ہے کبھی

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) قال اللہ تعالیٰ۔ لقد آتینا موسیٰ تسع آیات بینات فسئل بنی اسرائیل اذ جاءھم فقال لہ فرعون انی لاظنک یا موسیٰ مسحوراً (ترجمہ) ہاں دیا ہم نے موسیٰ کو نو نشانیاں ثابت کرنے والیں تو پوچھ تو بنی اسرائیل سے جب آیا اُن کے پاس موسیٰ اور فرعون نے اُس سے کہا کہ اے موسیٰ ہم تجھے جادوگر سمجھتے ہیں۔ فقط ہر چونکہ قرآن کا سا کوئی بنا نہیں سکتا چہ بنظر فصاحت کلام چہ بنظر تعلیمات حقہ، چہ بنظر اخبار بالغیب، چہ بنظر عجائب یا تیرات۔ لہٰذا وہ معجزہ ہے قال اللہ تعالیٰ۔ لئن اجتمعت الانس والجن علی ان یاتو بمثل ھذا القرآن لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضھم لبعض ظھیرا (ترجمہ) اگر اکٹھے ہوں آدمی اور جن قرآن کا سا بنانے کے لئے تو اس کا سا نہ بنا سکیں گے گو اُن میں سے بعض بعض کے مددگار ہوں۔ پھر فرمایا ان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فاتو بسورۃ من مثلہ (ترجمہ) اگر تم کو کچھ شک ہو اُس میں جسے ہم نے اپنے بندہ پر اتارا ہے تو اُس کی ایک سورۃ کا سا تو بنا دو۔ اشاعرہ نے معجزہ کی تعریف میں لکھا ہے۔ جس سے اظہار صدق رسالت مقصود ہو مواقف میں معجزہ کی سات شرطیں لکھی ہیں اکثر فضول ہیں ہاں یہ شرط کہ اُسے خارق عادت ہونا چاہیئے ضرور ہے قرآن میں جابجا معجزہ کو بینہ سے تعبیر کیا ہے گو بینہ کے معنی عام ہیں مثلاً تعلیمات حقہ بلا الکتاب بینہ ہو سکتے ہیں نہ معجزہ۔

[1] شرح مقاصد میں خوارق عادات کے تعریف میں لکھا ہے امور جو فی نفسہ ممکن ہوں اور من حیث العادۃ محال یعنی اُن کے وقوع کی عادت نہ ہو ۱۲

بواسطہ اصوات ہوتا ہے جیسا عزائم و منتر سے اگر اپنے شرائط کے ساتھ پڑھے جائیں وجود پذیر ہوتا ہے اور کبھی بواسطہ نقوش وطلسم کے عزائم کا رواج سریانیوں میں بہت تھا اور نقوش کا مصریوں میں اور یونان وہند میں دونوں کا۔ ایسے افعال کبھی بمعاونت نقوش کواکب اور ملائکہ ملاء اعلیٰ کے صادر ہوتے ہیں اُسے علوی کہتے ہیں اور کبھی استعانت اجنہ اور نقوش عنصریہ سے مطلوب ہوتی ہے اُس کو سفلی کہتے ہیں۔ پھر سحر دو قسم ہوتا ہے کبھی تصرف فی الخیال کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں جو اشیاء دکھائی جاتی ہیں وہ واقع میں نہیں ہوتیں لیکن انسان کو نظر آتی ہیں اس کو اس زمانہ میں نظر بندی کہتے ہیں یہ کثیرالوقوع ہے دوسرا قسم سحر یہ ہے کہ وہ خرق عادت واقع میں ہوتی ہیں جو کچھ ہو لیکن بلا اعانت ووساطت کسی قول یا فعل کے نہیں حادث ہوتے بخلاف معجزہ کے وہ بلا اعانت وترکیب کے ہوتا ہے علاوہ بریں سحر سے بیشتر وہی امور واقع ہوتے ہیں جو ہوا کرتے ہیں چونکہ انسان میں اُس کی اصدار کی قوت نہیں ہوتی اس لئے وہ خارق عادت ہوتے ہیں ورنہ بنظر حدوث و قوع وہ اجنبی اجنبی نہیں ہوتے جیسے تمریض وازالہ مرض کہ بذریعہ عزائم وخواہ نقوش سحر بیمار کر دیتے ہیں یا صحیح کرتے ہیں پس چونکہ انسان میں اس کی قوت نہیں تو یہ اس نظر سے خرق عادت ہے۔ مگر صحت و مرض خواص حیوانات ہے ہمیشہ مشاہدہ ہے وعلی ہذا القیاس اہلاک وتالیف تبغیض جس کی حکایت قرآن میں بھی ہے فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ اور سانپوں کو جو سنپیرے اپنے بس میں کرتے ہیں وہ بھی تصرف فی الخیال ہے یہ بھی اسی قسم کی بات ہے کیونکہ حیوانات دوسرے طریق سے انسان کے اختیار میں ہو جاتے ہیں ہاں ایسے امور جو کبھی اس عالم کون وفساد میں نہیں ہوتے وہ بذریعہ سحر کے پیدا نہیں ہو اور اگر ہوتے ہیں تو واقع میں نہیں ہوتے بطور نظر بندی کے مشاہد ہو جاتے ہیں چنانچہ ایک گروہ منکر سحر ہیں کہتے ہیں کہ اشیاء جو سحر سے دکھائے جاتے ہیں وہ نفس الامر میں نہیں ہوتیں مقصود اُن کا یہی ہے اور جو امور کہ ہوا کرتے ہیں جیسے تمریض وغیرہ وہ اُن کے

Marfat.com

نزدیک خارق عادت نہیں مگر چونکہ قرآن میں اُس پر اطلاق آگیا ہے جیسا گزرا تو ہم لوگوں کو چارہ
نہیں ہے ہم اُسے سحر جانتے ہیں اور بنظر قصور قوت بشری وہ خارق عادت کہے جاتے ہیں اور
معجزہ ایسے امور ہوتے ہیں جو اس عالم کون و فساد میں کبھی کسی طرح نہیں ہوتے حتی کہ نیچری
اُسے محال سمجھیں گے دیکھو عصا کا اژدر ہو جانا یا سمندر کا پھٹ کر بارہ رستے ہو جانا یا سورج کا
ٹھیر جانا یا انگلیوں سے اتنا پانی جاری ہونا جس سے پندرہ سو آدمی اپنی رفع حاجت کریں یا
چاند کا شق ہو جانا یا مردہ کا زندہ ہونا۔ یہ امور ایسے ہیں کہ کبھی واقع نہیں ہوتے اور
نہ اُن کے وقوع کے لئے کوئی تدبیر ہے جز حکم الٰہی کے یہ امور واقع نہیں ہو سکتے یہ محال
عادی ہیں علاوہ بریں معجزہ ایسا خرق عادت ہوتا ہے جو کسی دوسرے سے ہو نہیں سکتا یعنی وہ
کسی دوسرے سے نہ پہلے ہوا ہوتا نہ بعد اُس کے ہوتا۔ جیسا یوشع بن نون کی ۱۰ باب کے
۱۴ آیت میں مذکور ہوا محی الدین عربی نے فتوحات مکی میں لکھا ہے کہ معجزہ جو کسی نبی سے ظاہر
ہوتا ہے وہ نہ پہلے ہوا ہوتا نہ بعد کو کبھی ہوتا۔ لیکن میرے نزدیک اُس نبی سے چند بار ہو سکتا ہے
دوسرے سے نہیں جیسا حضرت موسیٰ نے عصا کو بارہا اژدر بنایا لیکن دوسرے کسی نے
ایسا نہیں کیا علی ہذا القیاس۔ تکثیر میاہ و طعام آنحضرت صلعم سے چند بار ہوا اور سحر میں ایسا
نہیں ہوتا جو ایک ساحر کرتا ہے ویسا دوسرے بھی کر سکتے ہیں اُس میں تعلیم و تعلم ہوتا ہے اب
معجزہ و سحر میں کسی طرح التباس نہ رہا۔ فرعون سے یہی غلطی ہوئی کہ اُس نے معجزہ کو سحر سمجھا
اور جب سحرہ موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں عاجز رہے تو اُس نے یہ تصور کیا کہ یہ ان سب میں
بڑے ہیں اور گمان سازش کا بھی ہوا۔ حضرت موسیٰ اور فرعون کا قصہ جو سورہ طٰہٰ میں مذکور
ہے اُسے لکھدیتے ہیں کہ سحر کا اطلاق نظر بندی پر بھی آیا ہے کہ وہ دراصل فریب ہوتا ہے اور نیز
ایک معجزہ ایک پیغمبر سے بار بار ہوتا ہے اور انبیا کے مقابل میں وہ بے کار ہو جاتا ہے۔
قال اللہ تعالیٰ۔ وَهَلْ أَتٰكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ إِذْ رَأٰ نَارًا فَقَالَ لِأَهْلِهِ
امْكُثُوْٓا إِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى النَّارِ

Marfat.com

هُدًى فَلَمَّآ اَتٰهَا نُوْدِیَ یٰمُوْسٰی اِنِّیْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْكَ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی ○ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا یُوْحٰی ○ اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ۔ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِیَةٌ اَكَادُ اُخْفِیْهَا لِتُجْزٰی كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰی فَلَا یَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا یُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰی وَمَا تِلْكَ بِیَمِیْنِكَ یٰمُوْسٰی قَالَ هِیَ عَصَایَ اَتَوَكَّؤُا عَلَیْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰی غَنَمِیْ وَلِیَ فِیْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰی۔ قَالَ اَلْقِهَا یٰمُوْسٰی فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِیَ حَیَّةٌ تَسْعٰی قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِیْدُهَا سِیْرَتَهَا الْاُوْلٰی وَاضْمُمْ یَدَكَ اِلٰی جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ اٰیَةً اُخْرٰی لِنُرِیَكَ مِنْ اٰیٰتِنَا الْكُبْرٰی اِذْهَبْ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی : (ترجمہ) موسیٰ کی بات تو تو نے سنی ہے جب اُس نے آگ دیکھکر اپنے گھر والوں سے کہا ٹھہرو میں نے دیکھی ہے شاید ایک چنگاری مل جائے یا کچھ پتا راہ کا ملے پھر جب وہاں پہونچا آواز آئی اے موسیٰ میں تیرا مالک ہوں اپنے پاؤں سے جوتیاں اُتار ڈال تو ہے پاک میدان طویٰ میں سو تو میرا پیام سن میں اللہ ہوں میرے سوا سچّا معبود نہیں تو میری عبادت کر میری یاد کے لئے نماز قائم کر قیامت آئے گی اُسے مخفی رکھتا ہوں۔ جزاے اعمال کے لئے سو کہیں روک نہ دے تجھے اُس سے وہ جس کو اُس کا یقین نہیں ہے اور اپنی اُمنگ میں رہتا ہے کہ تو ٹپکا جائے۔ تیرے داہنے ہاتھ میں یہ کیا ہے اے موسیٰ۔ کہا یہ میرا سونٹا ہے اُس سے میں ٹیکتا ہوں اور پتّے جھاڑتا ہوں اپنی بکریوں کے لئے اور اس میں کئی کام ہیں۔ کہا اُسے ڈال دے اے موسیٰ پھر جب ڈالدیا تو وہ سانپ ہو کے دوڑنے لگا اور کہا پکڑ لے اُس سے ڈر مت وہ بدستور

Marfat.com

ہو جائے گا اور اپنا ہاتھ پہلو سے ملا کے براق نکال کے دوسری آیت دکھا کر دکھائیں تجھکو بڑی
نشانیاں۔ جا فرعون کے پاس کہ اس نے سر اٹھایا۔ قال اللہ تعالیٰ وَلَقَدْ اَرَیْنٰهُ
اٰیٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰی قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ
یٰمُوْسٰی فَلَنَاْتِیَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَیْنَنَا وَبَیْنَكَ مَوْعِدًا
لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًی قَالَ مَوْعِدُكُمْ یَوْمُ الزِّیْنَةِ
وَاَنْ یُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًی ۝ فَتَوَلّٰی فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَیْدَهٗ ثُمَّ اَتٰی۔ قَالَ
لَهُمْ مُّوْسٰی وَیْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا فَیُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ
وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰی فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَیْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰی
قَالُوْٓا اِنَّ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ یُرِیْدٰنِ اَنْ یُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا
وَیَذْهَبَا بِطَرِیْقَتِكُمُ الْمُثْلٰی فَاَجْمِعُوْا كَیْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا وَقَدْ
اَفْلَحَ الْیَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰی قَالُوْا یٰمُوْسٰٓی اِمَّآ اَنْ تُلْقِیَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ
مَنْ اَلْقٰی قَالَ بَلْ اَلْقُوْا فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِیُّهُمْ یُخَیَّلُ اِلَیْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ
اَنَّهَا تَسْعٰی فَاَوْجَسَ فِیْ نَفْسِهٖ خِیْفَةً مُّوْسٰی قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ
اَنْتَ الْاَعْلٰی وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا
كَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا
بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰی۔ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ اِنَّهٗ
لَكَبِیْرُكُمُ الَّذِیْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ (ترجمہ) جب دکھا دیں ہم نے

Marfat.com

اُس کو اپنی سب نشانیاں تو اُس نے جھٹلایا اور انکار کیا۔ بولا کیا تو آیا ہے بزور جادو ہم کو ہمارے ملک سے نکالنے کے لئے اے موسیٰ سو ہم تجھ پر لیا ہی جادو کریں گے۔ ٹھہرا ہمارے اور اپنے بیچ میں کوئی وقت جس سے نہ ہم تجاوز کریں نہ تو کسی صاف میدان میں۔ کہا وعدہ تمہارا جشن کا دن ہے کہ جمع کئے جائیں لوگ دن چڑھے تب لوٹا فرعون اور اپنے معتمد کو اکٹھا کر کے آیا۔ موسیٰ نے اُن سے کہا بُرا ہو تمہارا جھوٹ نہ بولو اللہ پر کہ کھپا دے تم کو عذاب سے اور نامراد رہا جس نے جھوٹ باندھا تب جھگڑے وہ اپنے معاملہ میں مشورہ چھپا کر بولے یہ دونوں جادوگر ہیں چاہتے ہیں کہ بزور سحر تم کو تمہارے ملک سے نکال دیں اور تمہاری بھلی راہ اُٹھا دیں تو جمع کرو اپنے مدبر اور آؤ قطار باندھکر پھر تو جیت گیا جو غالب رہا۔ بولے وہ یا تو ڈال دے نہیں تو ہمیں پہلے ڈال دیں۔ موسیٰ نے کہا تمہیں پہلے ڈالو پھر تو اُن کی رسیاں اور سونٹے بزور سحر دوڑتے متخیل ہوئے جس سے موسیٰ کے دل میں خوف ہوا ہم نے کہا مت ڈرو تو ہی غالب رہے گا۔ ڈال دے جو تیرے داہنے ہاتھ میں ہے کہ نگل جائے اُن کی بناوٹ کو اُن کی بناوٹ فریب ہے نظربند کا نظربند کو فلاح نہیں عندالمقابلہ۔ پھر تو نظربند سب اوندھے ہو گئے اور بولے موسیٰ اور ہارون کے معبود پر ایمان لائے ہم۔ وہ بولا تم لوگ بلا اجازت ہمارے ایمان لائے وہ تمہارا بزرگ ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے) سورۂ شعرا میں بھی اس کا ذکر ہے اور تورات میں بھی اس کا ذکر ہے اور تورات میں بھی ایسا ہی کچھ مذکور ہے اب ہم کو کچھ اور لکھنا ضرور ہے جس سے فرق معجزہ وکرامت سحر میں بخوبی ہو جائے وعلیہ التوکل وبہ الاعتصام۔ انسان فقط بدن کا نام نہیں ہے بلکہ گوشت پوست سے علیحدہ ایک چیز اور ہے نہ وہ جسم ہے نہ جسمانی کمیت و مقدار سے وہ بالکل منزہ ہے زمان و مکان سے پاک و مبرا نہ کاٹنے سے کٹے نہ جلانے سے جلے۔ حرکت و سکون سے دُور وہ عجب ایک جوہر لطیف و سراسر نور ہے دانشمندوں نے اُسے بدلائل ثابت کیا ہے اس کو فنون حکمت میں نفس ناطقہ کہتے ہیں اُسی کو عرف میں روح سے تعبیر کرتے ہیں ہندی میں جان کہتے ہیں۔ قال اللہ تعالیٰ یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ (ترجمہ) تجھ سے لوگ روح کو پوچھتے ہیں بیان کر روح عالم

Marfat.com

امر سے ہی یعنی جو نہ جسم ہو نہ جسمانی مجردات کو امر کہتے ہیں اور عالم اجسام کو خلق قال اللہ تعالیٰ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ خدا ہی کا خلق ہو اور خدا ہی کا امر مدرک بالذات وہی ہے فرح وغم وانقباض وانبساط وشہوت وغضب اسی کی شان ہو بعض اشیاء کو وہ خود ادراک کرتی ہو بعض کو بواسطہ آلات جسمانی۔ وہ درحقیقت ملک ہو ہاں اپنے استکمال میں محتاج بدن ہو بخلاف ملک کے خدا ہی اُسے ملک کے ساتھ ملا دیتا ہو یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ۔ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَالرُّوْحُ یہیں سے حافظ کہتا ہو

شعر

من ملک بودم وفردوس بریں جایم بود ؛ آدم آورد دریں دیر خراب آبادم

اس جوہر لطیف کی دو خاصیت ہیں جس سے وہ تمامی اجسام سے ممتاز ہو اور یہی اُس کی بزرگی کا باعث ہو۔ ایک علم دویم قدرت یہ دونوں صفتیں ملائکہ کی ہیں اگرچہ روح من حیث الذات ملک ہو لیکن من حیث الصفات دونوں میں بڑا فرق ہو ملائکہ کے جملہ کمالات فطری ہیں اُن کو حاجت اکتساب نہیں بخلاف ارواح کے کہ قبل تعلق بالبدن اُن کو دونوں صفتوں سے خالی سمجھنا چاہیئے ہاں علم حضوری سے خالی نہیں ہوتیں۔ پھر جب بدن سے تعلق ہوتا ہو تو بذریعہ قوائے مدرکہ ومحرکہ اُس کی دونوں صفتیں قوی ہوتی جاتی ہیں پھر اگر جسمانیت اُس پر غالب ہوئی اور لذائذ جسمانی میں پھنس گئی تو یہ دونوں صفتیں ایک درجہ کو پہونچ کے رہ جاتی ہیں اُن کی ترقی نہیں ہوتی اور اپنے کمال کو نہیں پہونچتیں اور اگر ملکیت غالب ہوئی اور خواص جسمانی مضمحل تو یہ دونوں صفتیں رفتہ رفتہ کمال کو پہونچ جاتی ہیں اور سعادت سرمدی نصیب۔ اول حال میں یہ جان کم زور وناتوان رہتی ہو جو کچھ کرتی ہے بواسطہ آلات جسمانی کے کرتی ہو لیکن جب اپنے عیوب نفسانی یعنی حرص وحسد وکبر وغیرہ سے جو مثل زنگ کے ہیں کَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ مَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ پاک کرتا ہو تو علم وقدرت دونوں

Marfat.com

کمال کو پہونچتی ہیں یہاں تک کہ جو عوام کو خواب میں نظر آتا ہے وہ اُس کو یقظہ میں دکھائی دیتا ہے جو کسی کو بتانے سے معلوم ہوتا ہے وہ اُن کو خود منکشف ہوتا ہے جیسا اُس کو اپنے جسم میں تصرف کا اختیار ہے دوسرے اجسام میں بھی بلا وساطت کسی آلہ و ذریعہ کے تاثیر کرتی ہے یہی اُس کی فلاح و نجات ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا (وفلا ینجو) ... اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ کو لحاظ کرو۔ الغرض تجربہ و قیاس سے روح کا تصرف بدن میں بخوبی ثابت ہے کہ وہی اُس کی مدبّر ہے دیکھو وہ اُس کو موافق اپنے ارادہ کی حرکت دیتی ہے اور غصہ سے تمام بدن گرم ہو جاتا ہے وعلیٰ ہذا القیاس جملہ حرکات ارادیہ کا منشا، وہی ہے پھر جب تزکیہ سے پاک وصاف ہو جاتی ہے تو وہ دوسرے اجسام میں بھی تاثیر کرتی ہے مثلاً اگر شیر پر ہیبت ڈالے تو وہ مطیع و رام ہو جاتا ہے۔ سعدی اپنی آنکھ کی دیکھی حکایت کرتے ہیں: ؎

یکے دیدم از عرصۂ رودبار کہ پیش آمدم بر پلنگے سوار

اور اگر کسی بیمار کی طرف توجہ کرے تو وہ اچھا ہو جائے اور اگر صحیح کی طرف ہمت باندھے تو بیمار ہو جائے اگر کسی شخص کو چاہے کہ ہمارے پاس آئے تو اُس کا دل اُسے کشاں کشاں اُس تک پہونچائے یہ سب تجربہ سے معلوم ہوتا ہے حضرت عیسیٰ نے فرمایا ہے کہ اگر تم خدا کی اطاعت کروگے تو کوہ و ہامون تمھارے مطیع ہونگے وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا اسی کی طرف اشارہ ہے۔ الغرض جب روح مرتاض اپنے مجاہدہ سے متحلّٰی بفضائل و متخلّٰی عن الرذائل ہو کے کمال کو پہونچ جاتی ہے تو اُس کی قوت بہت بڑھ جاتی ہے کہ اُس سے ایسے افعال صادر ہوتے ہیں جو قوت جسمانی سے باہر ہوں اس قوت کی استعداد جملہ نفوس میں ہے کفر و اسلام کو اس میں چنداں مداخلت نہیں انبیاء و اولیاء، و حکماء و سادہ و سنت و قسیس و رہبان سب کو جو اُس کی روش اختیار کرتے ہیں کچھ نہ کچھ ہوتی ہے اُس کی مراتب شدت و ضعف کے بہت ہیں۔ البتہ فاسق کو یہ قوت نہیں ہوسکتی یہ قوت انبیاء کو

Marfat.com

نہایت درجہ کی ہوتی ہے ویسی کسی کو نہیں ہوتی۔ اس لئے اُن کا تصرف بہت زیادہ ہوتا
ہے اور یہ قوت اُن کو بلا اکتساب حاصل ہوتی ہے اور دوسروں کو با کتساب۔ پس جو خوارق
کہ اس قوت سے صادر ہوں تو اگر انتہائی قوت سے اُن کا حدوث ہو تو وہ معجزہ ہے اور نہیں تو
کرامت ہے یہی وجہ ہے کہ ایتان معجزہ سے بشر عاجز رہتا ہے ہاں کرامت سے عجز نہیں ہوتا یہی
وجہ ہے کہ امام الحرمین اور ابو سعد متولی کہتے ہیں کہ کرامت فاسق سے ظاہر نہیں ہوتی لیکن ایسے
خوارق پر اطلاق سحر کا نہیں ہوتا۔ صاحب ارشاد القاصد اس کو سحر میں داخل کرتا ہے
اصطلاح میں کچھ مناقشہ نہیں لیکن محاورہ و استعمال سے کچھ مدد نہیں ملتی امام غزالی بھی منشاء
معجزہ و کرامت و سحر کا اسی قوت کو ٹھہراتے ہیں لیکن محاورہ قرآن و احادیث اس کے برخلاف
ہے اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ وَسَحَرُوْا اَعْيُنَ
النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَاءُوْا بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ وغیرہ مقامات کو لحاظ کرو غالب
اطلاق سحر کا نظر بندی ہی پر ہوتا ہے اور چونکہ یہ فریب ہے تو حرام بھی ہے۔ خدا بھی اس کی
مذمت میں کہتا ہے لَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى: اس کو عبرانی میں حشوف کہتے ہیں ایسے
ساحروں کو قتل کا حکم دیا تھا حضرت موسیٰ نے بحکم تورات سحر حرام کہا ہے حضرت سلیمان کے
زمانہ سے سحر بنی اسرائیل میں شروع ہوا۔ سحر ہی کے ذوق میں روحانیات کی پرستش
بنی اسرائیل میں رواج پائی۔ تکمیل سحر کے لئے اجنہ کی پرستش بھی کرتے ہیں قال اللہ تعالیٰ
اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ تم اور جن کی تم پرستش کرتے ہو
جہنم میں جائیں گے۔ مقصود وہی شیاطین ہیں کہ وہی ایسی تعلیم کرتے تھے۔ لہذا عابد و معبود
دونوں مستحق نار ہوئے سحر کی وجہ سے انسان خدا پرستی سے باز رہتا ہے اور اپنے کمال سے
محروم اس لئے تورات میں اس کی سخت ممانعت ہے۔ حزقیل کے پاس وحی آئی کہ تم بنی اسرائیل
کے حال کو ملاحظہ کرو اُنھوں نے مراقبہ میں دیکھا تو چالیس یہود خاص بیت المقدس میں
شمس کو سجدہ میں پڑے ہیں یہ سب سحر کی بدولت تھا پس وہ اقسام سحر جن میں شائبہ

Marfat.com

کفر با فریب ہو حرام ہوگا اُس کی مذمت قرآن میں آئی ہے قال اللہ تعالیٰ وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيقٌ مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللَّهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ كَأَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ؛ وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُو الشَّيَاطِينُ عَلَىٰ مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَٰكِنَّ الشَّيَاطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ حَتَّىٰ يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ وَمَا هُم بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ (ترجمہ) جب اُن کے پاس کوئی رسول خدا کا مصدق توراۃ آیا تو بہتیرے اہل کتاب نے کتاب اللہ کو اپنے پیچھے پھینکا گویا نہیں جانتے اور پیچھے لگے اُس کے جسے پڑھتے شیاطین بعہد سلیمان۔ سلیمان نے تو کفران نہ کیا لیکن شیاطین نے کفر پھیلایا۔ لوگوں کو سحر سکھا کے اور پیچھے لگے اُس کے جو دو فرشتے ہاروت ماروت پر بابل میں نازل ہوا وہ نہیں سکھاتے کسی کو جب تک نہ کہہ لیں کہ ہم لوگ امتحان میں ہیں تو کافر مت ہو پھر تو سیکھتے ہیں ایسی چیز جس سے مرد عورت میں جدائی ڈالتے ہیں۔ لیکن وہ ضرر نہیں پہونچا سکتے بے حکم خدا کے۔ سیکھتے ہیں جو اُنھیں مضر نہ نافع۔ یہود کو معلوم ہو چکا ہے کہ جس نے اُسے خریدا وہ آخرت میں بے نصیب ہی معجزہ و سحر میں ایک بڑا فرق یہ ہے کہ تاثیر سحر قطعی نہیں ہے کبھی اُس سے اثر ہوتا ہے کبھی نہیں کیونکہ وہ اقوال و افعال مثلاً اصوات ونقوش جن کو ذریعہ خوارق کرتے ہیں علت تام نہیں ہیں۔ یہ تجربہ سے بخوبی ثابت ہے خدا بھی اشارہ کرتا ہے وَمَا هُم بِضَارِّينَ بِهِ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ مسلمانوں کے مذہب میں علت فاعلی سوائے ذات واجب الوجود کے کچھ نہیں مقصود یہ ہے کہ باوجود انبیاء بنی اسرائیل کو روحانیات کی پرتش وسحر وجادو سے

Marfat.com

بموجب حکم تورات ممانعت کرتے تھے لیکن وہ اُس پر کچھ التفات نہ کرتے تھے صحف انبیار ایسے مواعظ سے مالامال ہیں ہاں وہ سحر سازی کی دھن میں رہتے تھے کبھی اجنّہ سے سیکھتے تھے اور کبھی ہاروت ماروت سے۔ ہرچند ہاروت و ماروت اُس کے نہ سیکھنے کی ہدایت کرتے تھے مگر وہ سیکھتے تھے۔ پھر خدا کہتا ہی کہ باوجود اس کے کہ تعلم سحر اُن کو مضر تھا کیونکہ کمال نفس انسانی سے محروم رہتے تھے تاہم وہ مانتے نہ تھے۔ حالانکہ تورات کے ذریعہ سے وہ جانتے تھے کہ سحرہ حسن عاقبت سے محروم ہیں اس سے ظاہر ہی کہ جس سحر میں استمداد شیاطین سے ہو وہ قطعاً ممنوع ہی جیسے نظربندی اور جس سحر میں روحانیات سے مدد ملتی ہی اگر اُس میں شایبہ کفر ہو تو وہ بھی ویسا ہی ہی کیونکہ فلا تکفر ہدایت مَلَک ہی اور وعید جو آخر آیت میں ہی وہ بھی راجع اُسی طرف ہی پیغمبر نے بھی سحر کو سبع موبقات سے شمار کیا ہی اس سے بھی مقصود وہی سحر ہوگا جو ناجائز ہی یعنی جس کی ممانعت قرآن خواہ حدیث سے ثابت ہو مطلق سحر کی ممانعت ثابت نہیں ہی رقی کو آپ نے جائز رکھا ہی جو اقسام سحر سے ہی۔ انبیار پر باقتضائے بشریت کبھی سحر اثر کرتا ہی آنحضرت پر سحر کی تاثیر کی حدیث مروی ہی لیکن اُس کا علاج وہ خود کر لیتے ہیں لیکن دل و دماغ محفوظ رہتا ہی یہ تاثیر ویسی ہی جیسی ادویہ میں ہوتی ہی۔ حضرت ایوبؑ پر جو تباہی آئی وہ اثر سحر کا تھا۔ بالآخر اُنھوں نے اپنا علاج کر لیا۔ ایوبؑ کی کتاب کو بغور دیکھو۔ امام فخرالدین رازی نے مباحث مشرقیہ میں اس بارہ میں جو لکھا ہی اُسے بجنسہ نقل کرتے ہیں۔ واضح ہو کہ احوال عجیب و غریب جو اس دنیا میں حادث و پیدا ہوتے ہیں دو حال سے خالی نہیں اُن کے اسباب یا تصورات نفسانی ہونگے یا امور جسمانی۔ اگر حدوث غرائب صرف تصورات جسمانی سے ہو تو دو حال سے خالی نہیں یا اُن عجائب و غرائب سے مقصود صلاح خلق ہدایت راہ راست ہوگی یا نہیں۔ صورت اول معجزہ ہی اور ثانی سحر۔ اور اگر حدوث غرائب اسباب جسمانی سے ہوں تو دو حال سے خالی نہیں یا اُن کا حدوث قوائے ارضی و سماوی کی تمزیج سے ہوگا یا اُن کا

حدوث بسبب اُن خواص غریبہ کے ہوگا جو اجسام عنصریہ میں موجود ہوں۔ اوّل طلسمات ہیں اور ثانی نیرنجات انتہٰی۔ بلاشبہ یہ بیان بہت قریب تحقیق ہو لیکن بعض باتیں ناپسندیدہ ہیں فرق معجزہ وسحر میں اعتباری رہ جاتا ہو عقلار خود امتیاز کرلیں گے[1]۔ اس کا بیان بہت طولانی ہو ہم کو فقط معجزہ کا لکھنا مقصود تھا اس لئے زبان کو روکتے ہیں اور اصل مطلب کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اس آیت میں تو اُس رسول کے معجزہ کا بیان ہو اس کے بعد لکھا ہو کہ اُس کا حکم صنوبرانِ لبنان پر ہوگا یعنی حصہ شمالی کنعان اُس کے قبضہ میں ہوگا۔ جہاں صنوبر بکثرت ہوتا ہے اور اَلَون بُٹنہ سے حصہ جنوبی اُس کا جس کی حد علاقہ بحرین تک تھی وہاں یہ درخت بکثرت ہوتا ہے اور اونچے اونچے پہاڑوں سے کوہستانی بلاد مقصود ہیں اور منارات عالیہ سے ملک مصر

---

[1] چونکہ حکمار کے نزدیک معجزہ وکرامت میں کچھ ایسا فرق نہیں لہٰذا وہ معجزہ کی جہاں تین قسمیں لکھتے ہیں اُس سے مراد عام ہوتا ہو معجزہ ہو یا کرامت اُس کے اسباب مختلف ہوتے ہیں۔ قسم اول۔ ترک وہ روکنا ہو قوت معتاد کا ایک مدت تک یعنی اُسے اپنے کام سے معطل کردینا بسبب اس کا انجذاب نفس ہو عالم قدس کی طرف اور تحلیل مادہ بدن سے بے پروا ہو جانا یعنی جو نفوس کدورات بشری سے پاک ہوتے ہیں خواہ بصفائی فطری ہوں جیسے انبیار کو ہوتی ہو خواہ بہ تصفیہ مجاہدہ ریاضت جیسا اولیاء وارباب اشراق کو۔ جب وہ عالم قدس کی طرف منجذب ہوجاتے ہیں تو وہ ایسی حالت میں محتاج بدن نہیں رہتے اور مواد بدن کو تحلیل نہیں کرتا۔ دیکھو اکثر امراض میں جب نفس مقاومت ودفع مرض میں مشغول رہتا ہو تو تحلیل مواد بدن کو نہیں کرتا۔ اور مریض اصلا لاغر نہیں ہوتا اور کچھ نہیں کھاتا۔ کیونکہ جب اجزار محمودہ بدن تحلیل نہیں ہوتے تو ضرورت بدل مایتحلل بھی نہیں ہوتی۔ اگر اُس کا نصف صحت میں روکے تو مریض مرجاے۔ جب طبعی حالت میں یہ حال ہو تو دلی نفوس جو سلسلہ ملار اعلیٰ میں منتظم ہیں اُن میں کہاں گفتگو کرسکیں۔ کیونکہ اُن کو لذات روحانی جو انوار قدسیہ سے حاصل ہوتے ہیں قائم مقام غذا ہوجاتے ہیں۔ قال اللہ تعالےٰ بل احیاء عند ربھم یرزقون۔ آنحضرت نے فرمایا ہو۔ ابیت عند ربی یطعمنی و یسقینی۔ اس کے شواہد بہت ہیں۔ حضرت ابوبکر سات روز تک کھانا نہیں کھاتے تھے حالانکہ وہ اکثر جہاد میں رہتے تھے و ازواج ستر[ہ] رکھتے تھے۔ ضعف اصلا نہیں ہوتا تھا۔ فافہم۔ قسم دوم قول۔ جیسے اخبار بالغیب بسبب اس کا انجذاب نفس ہو ملائکہ سماوی کی طرف اور مس میں اُن کے صور کا انتقاش۔ قسم سوم فعل یعنی ایسا کام کردینا جو دوسروں سے نہ ہوسکے۔ قرآن معجزہ قولی وفعلی دونوں ہو۔ فتدبر

Marfat.com

جہاں کے منارے مشہور ہیں اور محیط شہر پناہوں سے ملک فارس جس کی حد تا سرحد ہندوستان
تھی۔ مراکب فرنگ سے مقصود ملک یورپ ہی اور صور محمود ہ سے مقصود ترکستان و گرجستان ہی
چنانچہ اس سب ملکوں پر مسلمانوں کا قبضہ بخوبی ہوا اس کے بعد لکھا ہی کہ کبر و نخوت آدمیوں کا
زائل ہوگا یعنی اُس رسول کے فیض صحبت سے آدمی نفس امّارہ کے پھندے سے چھٹے گا۔
چنانچہ قصہ مشہور ہی کہ جناب علی مرتضیٰ نے ایک کافر کو پٹک کر اُس کے سینہ پر سوار تھے
سر کاٹنے کو اُس نے آپ پر تھوکا۔ آپ نے اُسے چھوڑ دیا کہ اب قتل خالص خدا کے واسطے
نہ ہوگا اور صحابہ کی شان میں کہاں تک لکھوں۔ اور نیز یہ بھی مقصود ہی کہ بڑے بڑے سرکش
زیر فرمان ہو جائیں گے بعد اس کے بت پرستی مٹانے کا ذکر ہی۔ یہ سب کچھ واقع ہوا حضرت
عیسیٰؑ پر یہ منطبق نہیں۔ میخانبی کے ۴ باب کی ۸ آیت تک بجنسہ وہی ہی جو اشعیا کے ۲ باب
کی ۲ آیت سے ۴ تک ہی کسی قدر تفاوت ہی۔ اس لیے اس کو ہم نقل کرتے ہیں واضح ہو کہ
بنی اسرائیل ہمیشہ سحر و جادو کے پیچھے رہے اُس کی طمع میں کواکب و روحانیات کی پرستش
کرتے تھے سحرہ بالکل محیط تھے۔ سلاطین اُن کے قبضہ میں تھے اپنے کو نبی کہتے کہلاتے تھے
خدا پرستی کی طرف اصلاً توجہ نہ تھی وہ سحرہ کچھ خبر آئندہ بھی بتا دیتے تھے اور اپنے شعبدہ
اور نیرنجات سے یہود کو اپنے دام میں لاکر چپٹ گئے تھے بالکل اعمال اُن کے خلاف مرضی الٰہی
جو توراۃ میں مصرح ہی ہوا کرتے تھے بظاہر تو وہ پیروان توراۃ سے تھے لیکن باطن میں
بالکل اُنھیں سحرہ کے مطیع رہتے تھے۔ اور نصوص توراۃ کو اپنے مطلب کے موافق تاویل
کرتے تھے اور فسق و فجور میں رات دن منغمس رہتے تھے۔ خدا پرست اُن میں بہت کم تھے
اس کے بیان سے تمامی صحف انبیاء بھرے ہیں۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہی کہ دو بادشاہ اسرائیلی کو
جنگ پیش تھی اُن میں سے ایک نے دوسرے سے کہا کہ اس شہر میں کوئی نبی ہی معلوم ہوا کہ
اس شہر میں پانسو نبی ہیں۔ یہ درحقیقت کہنہ تھے اپنے کو نبی کہتے تھے اور غلطی نظر سے عوام و
خواص بھی ایسا ہی کہتے تھے۔ بادشاہ نے اُن کو بلا کے پوچھا کہ اس لڑائی میں ہم کو فتح

Marfat.com

نصیب ہو گی یا شکست ہو گی۔ سب نے بالاتفاق کہا کہ آپ لڑیں فتح ہو گی۔ تب اُس بادشاہ نے کہا کہ اب کوئی نبی اور نہیں معلوم ہوا کہ ایک اور نبی ہے وہ بُلایا گیا عندالاستفسار اُس نے کہا کہ شکست ہو گی۔ تب وہ پانسو بگڑے کہ مکاشفہ پانسو کا بمقابلہ ایک شخص کے رد ہو جائے گا۔ اُس نے کہا کہ میں وہی کہتا ہوں جو خدا نے بتایا ہے۔ بالآخر بادشاہ نے کثرت رائے پر عمل کیا اور لڑنے گیا اور جنگ میں اُس کی شکست ہوئی۔ یہود کو علوم حکمت مثل فلسفہ و نجوم و رمل وغیرہ میں ید طولیٰ تھا۔ اگرچہ علماء اسلام نے فلسفہ و نجوم وغیرہ کی جڑ کھود ڈالی تاہم یہ مادہ اُن میں بھی کسی نہ کسی پیرایہ میں اپنا رنگ دکھاتا ہے۔ علاء الدین خلجی کے زمانہ میں ایک پنڈت کو جس کا نام راگھو تھا۔ نیرنجات میں بڑا دخل تھا۔ راجہ رتن سین جس کی رانی پدماوت تھی اُس کا بڑا معتقد تھا اُس کی بات بہت مانتا تھا۔ اس واسطے قریب دو سو پنڈت کے جو اُس شہر میں تھے سب اُس کے دشمن تھے۔ ایک مرتبہ راجہ نے سب پنڈتوں سے پوچھا کہ آج چاند نظر آئے گا یا نہیں چونکہ اُس روز دوج بہت کم تھی تو سب نے کہا کہ چاند نظر نہ آئے گا۔ لیکن راگھو جی نے اپنی نفسانیت سے کہا کہ چاند نظر آئے گا۔ جب شام کو سب چاند دیکھنے کو جمع ہوئے تو چاند بڑا سا نظر آیا اور سب پنڈت راجہ کے حضور میں جھوٹے ہو گئے۔ پنڈتوں نے کہا کہ یہ چاند فی الواقع چاند نہیں ہے۔ یہ راگھو جی کا کرشمہ ہے آپ اور مقامات سے دریافت کریں۔ بعد دریافت کے معلوم ہوا کہ چاند کہیں نظر نہ آیا۔ پنڈتوں کو موقع ہاتھ آیا راجہ کے دل کو راگھو کی طرف سے ایسا پھیرا کہ اُس نے نکال دیا۔ تب وہ شہر دہلی میں گیا اور اپنے شعبدہ وغیرہ سے اپنی عزت یہاں تک بڑھائی کہ علاء الدین خلجی کا ندیم ہو گیا۔ کسی روز موقع پا کر اُس راگھو نے راجہ رتن سین کی رانی پدماوت کی تعریف ایسی کی کہ علاء الدین نے فریفتہ ہو کر راجہ کو گرفتار کر کے دہلی میں قید کیا اور رانی کی گرفتاری کی فکر میں تھا کہ رتن سین کی بیٹی نے پدماوت کے حیلہ سے کئی سو راجپوت مسلح ڈولوں میں سوار کر دہلی روانہ کیا۔ وہ سب راجہ کو قید سے نکال لے گئے۔ علاء الدین کے لشکر نے اُن کا تعاقب کیا۔ بالآخر راجہ بہت زخمی ہو کر مر گیا

Marfat.com

اور رانیاں سب ستی ہوگئیں۔ علاءالدین خائب و خاسر رہا۔ یہ فعل بد اُسی سحر کی بدولت صادر ہوا۔ ہمارے زمانہ میں اگرچہ بدولت انگلشیہ جوان لغویات سے دُور ہیں ان سب امور کی کساد بازاری ہے تاہم پھونک جھاڑ، نقش و تعویذ والے معزز و ممتاز رہتے ہیں گو وہ کیسے ہی ہوں۔ اب تک یہود کے دماغ میں وہ دہواں بھرا ہے پیغمبر خدا پر بھی ایک یہودی نے سحر کیا تھا پس میکا کے تیسرے باب میں بنی اسرائیل کی طرف خطاب ہے کہ سنو اے سرداران یعقوب و قضات اسرائیل تم شریعت کو پیش نظر رکھو، اے اشرار ظلمہ جنھوں نے ہماری قوم کو تباہ کیا تم خدا کے سامنے فریاد کروگے اور کچھ شنوائی نہ ہوگی اُن سے اپنا موہنھ چھپالے گا۔ جیسا اُنھوں نے اُسے اپنے کردار سے ناراض کیا۔ اُن نبیوں کی نسبت جنھوں نے بنی اسرائیل کو گمراہ و خراب کیا۔ یوں فرمایا کہ مکاشفہ تم پر تیرہ و تار ہوجائے گا اور سحر سے تم پر ظلمت چھائے گی۔ اُن نبیوں پر سورج اولٹ پڑے گا (یعنی جن کی وہ پرستش کرتے ہیں) اور دن اُن پر تیرہ ہوجائے گا۔ اہل کشف شرمندہ ہونگے اور سحرہ برباد ہونگے۔ تب ہم روح اللہ کو قوت و جبروت و صداقت سے بھر دیں گے کہ یعقوب کو اُس کے گناہ اور اسرائیل کو اُس کی خطا سے اطلاع دے (روح اللہ سے مقصود حضرت عیسیٰ ہیں کہ وہ بنی اسرائیل کو اخلاق حسنہ بتاتے تھے کہ تم دل کا ختنہ کرو یعنی عیوب نفسانی سے اُسے پاک کرو۔ لیکن اُن کے مواعظ اُن سحرہ کے دل پر کب اثر کرتے اور قوم کو کب وہ راہ راست پر آنے دیتے تھے) سن رکھئے اے سرداران یعقوب اے قضات بنی اسرائیل شریعت کے مہین جنھوں نے ہر راست کو کج کیا۔ راست سے مراد کلام الٰہی ہے اس مقام پر یہ الفاظ واقع ہیں ואת כל הישרה יעקשו اث کل ہشیار یعقیشو۔ کلام مجید میں بھی اس کے مطابق يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهِ وارد ہے اُن کی بے ایمانی سے تحریف لفظی کچھ نہ تھی بیت المقدس کو جفا اور اورشلم کو بدکاری سے بھر دیا اُن کے سردار بر شوت فیصلہ کرتے ہیں اور ائمہ باجرت ہدایت کرتے ہیں اُن کے انبیاء روپیہ لے کے سحر کرتے ہیں معہذا

Marfat.com

یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم میں خدا نہیں ہے، ہمارا بُرا نہ ہوگا لیکن تمہارے سبب سے بیت المقدس ویران ہوگا اور اورشلم برباد۔ مقصود یہ ہے کہ خدائے عزوجل بنی اسرائیل سے اور اُن سحرہ سے جو اُن کے سردار پیشوا بنے تھے اور اپنے کو نبی کہتے تھے اور سلاطین سے ہمیشہ کہتے تھے کہ تم پر کوئی بادشاہ فتح نہ پائے گا۔ کہتا ہے کہ ایسا وقت آئے گا کہ تم خدا کے سامنے چلاؤ گے اور کچھ شنوائی نہ ہوگی اور جو نبی بنے ہیں شرمندہ ہونگے۔ چنانچہ بخت نصر کے وقت میں سب کچھ ہوا۔ اگرچہ عزرا و دانیال کے وقت میں کچھ سنبھل گئے تھے لیکن پھر وہی کردار ہو گئے تو حضرت مسیح تشریف لائے اور اُن کو وعظ و نصیحت کرتے رہے اُس کی حکایت بھی بیان ہے۔ اُس کے بعد پھر بیت المقدس کی بربادی کی خبر دی ہے۔ چنانچہ خراب بھی ہوا۔ اب اس کے بعد ۲ باب میں اس زمانہ کے بعد کی خبر دیتا ہے اُسے ہم نقل کرتے ہیں۔

וְהָיָה בְּאַחֲרִית הַיָּמִים יִהְיֶה
הַר בֵּית־יְהוָה נָכוֹן בְּרֹאשׁ הֶהָרִי
ם וְנִשָּׂא מִגְּבָעוֹת וְנָהֲרוּ אֵלָיו
כָּל־הַגּוֹיִם׃

وِہایا با حَرِیث ہَیَّا مِیم یِہیِہ ہَر بِیث یہوا ناخون بِروش ہِہاریم وِنِسّا ہُو مِگّبا عُوث وِناھرُو عالاوْ کُلّ ہگّوئیم (ترجمہ) ان ایام کے بعد بیت اللہ کا پہاڑ سب پہاڑوں سے معزز ہوگا اُس پر اقوام قربانی کریں گے یعنی بعد زمانہ مسیح کے جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ بیت اللہ یعنی مکہ معظمہ کا پہاڑ معزز یعنی قبلۂ اقوام ہوگا۔ جہاں اقوام مختلفہ قربانی کریں گے۔ چنانچہ آنحضرت کے وقت میں ایسا ہوا۔ یہود بیت اللہ کے پہاڑ سے بیت المقدس کا پہاڑ سمجھتے ہیں حالانکہ وہ اُس وقت بھی قبلہ تھا اور نہ اُس پر اب تک اقوام مختلفہ قربانی کرتیں اور مسجد مکہ معظمہ پر اطلاق بیت اللہ بعید نہیں اس کو تو یہود بھی تسلیم کریں گے کہ یہ مسجد حضرت اسمٰعیل کے وقت میں بنی تھی اور مسجد بیت المقدس حضرت داؤد

Marfat.com

کے وقت میں تو اس کا بیت اللہ ہونا مقدم ہے۔

וְהָלְכוּ גּוֹיִם רַבִּים וְאָמְרוּ לְכוּ
וְנַעֲלֶה אֶל־הַר־יְהוָה וְאֶל־בֵּית אֱ
לֹהֵי יַעֲקֹב וְיוֹרֵנוּ מִדְּרָכָיו וְנֵלְ
כָה בְּאֹרְחֹתָיו כִּי מִצִּיּוֹן תֵּצֵא תוֹ
רָה וּדְבַר־יְהוָה מִירוּשָׁלִָם׃

وَہَالخُو گویم رَبّیم وِآمرُو لخُو اِل ہر ہوا و اِل بیث اِلوہی یعقُوب دِیُورینُو
مِدرا خاو ونیلخا باور حوثاو کی مصیون تیصی تورا و دبر ہوا میرو شالایم

(ترجمہ) اور چلیں گی بہت قومیں اور کہیں گی چلو چڑھ چلیں خدا کے پہاڑ پر یعنی سچے معبود کے گھر اور کہیں گے بتاوئے ہمیں اُس کی راہ کہ ہم اُس کی راہ پر چلیں کہ صہیون سے نکل جائیگی شریعت اور کلام الٰہی اورشلم سے) اس میں نسخ تورات کی خبر ہے۔ اس مقام میں یعقوب کے معبود کا لفظ واقع ہے جس کا ترجمہ ہم نے سچا معبود کیا ہے کیونکہ وہ سچے معبود کی پرستش کرتے تھے۔

וְשָׁפַט בֵּין עַמִּים רַבִּים וְהוֹכִ
יחַ לְגוֹיִם עֲצֻמִים עַד־רָחוֹק וְכִתְּתוּ
חַרְבֹתֵיהֶם לְאִתִּים וַחֲנִיתֹתֵיהֶ
ם לְמַזְמֵרוֹת לֹא־יִשְׂאוּ גוֹי אֶל־גּוֹי
חֶרֶב וְלֹא־יִלְמְדוּן עוֹד מִלְחָמָה׃

وِشافط بین عمیم ربیم وِہوخیح لغویم عصومیم عد راحوق وِختتو حربوتیم لاتیم
وحنیثو تیہم لمزمیروث لو یسو گوی اِل گوی حرب ولو یلمدُو عود ملحامہ۔

(ترجمہ) اور اقوام کثیرہ میں شریعت پھیلائے گا اور بڑے بڑے گروہ پر وعظ کرے گا دور تک وہ اپنے ہتھیار کو توڑ ڈالیں گے اور نیزوں کو بےکار کر دیں گے۔ ایک قبیلہ

Marfat.com

دوسرے پر تلوار نہ اٹھائے گا اور پھر قتال نہ سیکھیں گے۔ واضح ہو کہ خدا خود تو شریعت
پھیلاتا نہیں اور نہ خود وعظ کرتا۔ بالضرور کسی پیغمبر کے ذریعہ سے کرے گا۔ یہ خبر ایک پیغمبر کی
نسبت ہے جس کے وقت میں توراۃ منسوخ ہوگی اور شریعت جدید جاری ہوگی اور قربانی بیت اللہ
میں اقوام کثیرہ کریں گی اور امن و تعدیل شائع ہوگی۔ یہ سب کچھ ہمارے پیغمبر کے وقت میں ہوا۔

וְיָשְׁבוּ אִישׁ תַּחַת גַּפְנוֹ וְתַחַת
תְּאֵנָתוֹ וְאֵין מַחֲרִיד כִּי פִי יְה
וָה צְבָאוֹת דִּבֵּר׃

وِیَاشبوُ اِیش تحَت گفنوُ وِتحَت تِئیناتوُ وِاین مَحرِید کی پِی یہوُاصبا یوُت دِبّیر
(ترجمہ) اور ہر شخص اپنے انگور اور اپنے انجیر کے نیچے بے خوف و خطر بیٹھے گا۔ یہ خدا کے
منھ کی بات ہے۔ بخاری میں عدی ابن حاتم سے روایت ہے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ تو دیکھے گا
کہ ایک عورت حیرہ سے ہودج میں بیٹھکر آئے گی اور کعبہ کا طواف کرے گی سوائے خدا کے
کسی سے نہ ڈرے گی۔ پھر عدی کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا حیرہ ایک موضع ہے کوفہ کے پاس کہ
وہاں تک اُس وقت تک مسلمانوں کا قبضہ نہ تھا مقصود پیغمبر کا یہی تھا کہ دور اسلام میں بڑا
امن ہوگا۔ چنانچہ ہوا جیسا میخا نبی نے خبر دی تھی شعر ؎

یارب صل وسلم دائماً ابداً　　　علی نبیك خیر الخلق کلھم

כִּי כָּל־הָעַמִּים יֵלְכוּ אִישׁ בְּשֵׁ
ם אֱלֹהָיו וַאֲנַחְנוּ נֵלֵךְ בְּשֵׁם־יְה
וָה אֱלֹהֵינוּ לְעוֹלָם וָעֶד׃

کِی کُل ہاعمیم یِلخو اِیش بِشیم اِلوہاؤ واَنخنو نیلیخ بِشیم یہوا اِلوہینو لِعولام واعِد
کیونکہ سب قومیں چلیں گی اپنے معبود کے نام پر اور ہم لوگ چلیں گے اللہ کے نام پر جو ہمارا
قدیم معبود ہے۔ مقصود یہ ہے کہ اُس زمانہ میں ہر شخص اپنے معبود کی پرستش کرے گا اور

Marfat.com

ہم لوگ اُس ہستی پاک کی پرستش کریں گے جو ہمارا معبود قدیم ہی۔ حضرت موسیٰ کے زمانہ میں
اقوام بت پرست باشندہ ارض اسرائیل کو امان نہ تھی قتل ہوتے تھے اور اُن کے مال واسباب
جلائے جاتے تھے۔ اب ہمارے پیغمبر کے زمانہ میں اصنام پرست جزیہ دے کے بے خوف
ہوجاتے ہیں بلکہ اُن کے مال واسباب وجان ومذہب کی نگرانی اسلام کے ذمہ ہوجاتی۔
وعلیٰ ھذا القیاس۔ یہود ونصاریٰ باداے جزیہ امن میں ہوجاتے ہیں۔ یہاں
اُس کی حکایت واطلاع ہی کہ تابعان وحی خداے لم یزل ولایزال کی پرستش کریں گے
اور دیگر فرق اپنے اپنے معبود کی بلا تعرض عبادت کریں گے ביום הה
וא נאם יהוה אספה הצלעה וה
נדחה אקבצה ואשר הרעתי:
ושמתי את הצלעה לשארית והנה
לאה לגוי עצום ומלך יהוה בהר
ציון מעתה ועד עולם:

بَیُّوم ھَھُوم ہِیوا اُوسِفَا ہصُّولیعا وَ ہنّدّا حا اَقَبِّصَہ وَاَشر ہرعوتی: وسمتی ات
ہصُّولیعا لِشیریث وِ ہنّداحا لِغوی عاصُوم وَمالخ ہُوا بہر صیّون معّتا وعد
عُولام (ترجمہ) فرمان الٰہی یوں ہی کہ اُس زمانہ میں مجتمع کریں گے ہم منتشر کو اور
گم راہ کو اکٹھا کریں گے اور جسے ہم نے بدحال کیا اور کریں گے ہم منتشر کو یادگار اور خانہ بدوش کو
بڑے گروہ اور حکومت کرے گا اللہ اُن پر کوہ صہیون پر ہمیشہ۔ منتشر سے مراد بنی اسرائیل ہیں
اور گم راہ سے عرب وغیرہ کفار اور بدحال سے فلسطین وکنعان والے بت پرست جو بہ غضب
الٰہی خراب وخستہ ہوئے تھے مقصود یہ ہی کہ اقوام مختلفہ کو سلسلۂ اسلام میں لاکر ایک کردینگے
بنی اسرائیل قلیل رہ جائیں گے اور خانہ بدوش یعنی عرب کو بڑی قوم بناؤں گا اور
بیت المقدس ہمیشہ اسلام کے قبضہ میں رہے گا اور وہاں حکم الٰہی یعنی قرآن جاری ہو

Marfat.com

نافذ رہے گا یہ سب کچھ آنحضرت کے زمانہ میں ہوا صہیون بیت المقدس کے پہاڑ کا نام ہے۔
حضرت اشعیا نے بھی لکھا ہے کہ پھر بیت المقدس میں نامختون کا دخل نہ ہوگا جسے ہم کسی موقع پر
لکھیں گے انشاء اللہ تعالیٰ וְאַתָּה מִגְדַּל־עֵדֶר עֹפֶל
בַּת־צִיּוֹן עָדֶיךָ תֵּאתֶה וּבָאָה
הַמֶּמְשָׁלָה הָרִאשֹׁנָה מַמְלֶכֶת
לְבַת־יְרוּשָׁלִָם׃

وَاَتَّا مِغدل عِیدِر عُوفل بَث صِیّون عادِیخا تیتِی وُبَاءَا ہَمِمشالا ہارِیشُونا مَملِخِث لبث
یرُوشالایم מִגְדַּל مِغدال معنی منارہ و برج مِغدالِ ایل نام ایک گاؤں کا
ہے نفتالی کی حدود میں مِغدُل گاد بھی نام ہے ایک قریہ کا מִגְדַּל־עֵדֶר
مِغدُل عِیدِر ترجمہ لفظی منارہ گلہ یہ ایک مقام کا نام ہے بیت اللحم کے پاس עֹפֶל
عُوفل اس کے معنی ہیں پہاڑی ٹیکرہ اور ایک پہاڑی کا نام ہے قریب صہیون کے جانب
شرقی בַּת־צִיּוֹן بَث صِیّون سے مراد نور الٰہی ہوتا ہے۔ (ترجمہ) اے
منارہ گلہ نور الٰہی کے پہاڑ تیری جماعت آئے گی اور پہلی حکومت یعنی سلطنت اورشلیم قائم
ہوگی یہ خطاب ہے بیت المقدس کی طرف کہ تیری جماعت یعنی اہل اسلام آئیں گے اور
حکومت اول جو داؤد کے وقت میں تھی خالص سحر و کفر واجنہ و روحانیات کی پرستش سے
قائم ہوگی ایسی سلطنت جو سراسر عدالت مطابق حکم الٰہی کے ہو بعد حضرت سلیمان کے کبھی قائم
نہیں ہوئی جز دور اسلام کے۔ سلاطین بنی اسرائیل اور اُن کی جماعت کے حالات سے جو واقف
ہوگا بخوبی سمجھے گا کہ خبر دور اسلام کے سوائے کسی دور پر منطبق نہیں صحف انبیاء مثل
اشعیا ارمیا وغیرہ و کتب تواریخ کو دیکھو کہ یہود ہمیشہ مثل ہنود وغیرہ کفار کے روحانیات
کی پرستش میں رہے۔ وہ کب جماعت نور الٰہی ہو سکتے ہیں۔ اس آیت میں نور الٰہی کی طرف
خطاب ہے کہ تیری جماعت آئے گی مسلمان خالص خدائے لایزال کی پرستش کرتے ہیں سوائے

Marfat.com

اُس کے کسی کو لائق عبادت نہیں جانتے لا الٰہ الا اللہ اُن کا ورد زبان ہے حسب ہدایت افضل الاذکار لا الٰہ الا اللہ ہر رگ و پے سے اُن کے یہی صدا و بیان ہے۔ فتدبر

עַתָּה לָמָּה תָרִיעִי רֵעַ הֲמֶלֶךְ
אֵין־בָּךְ אִם יוֹעֲצֵךְ אָבַד כִּי הֶחֱ
זִיקֵךְ חִיל כַּיּוֹלֵדָה׃

عتّا لاما تاریعی راع ہمّیلخ این باخ اِم یوعصیخ آبدہ ہحِزیقیخ حیل کیّولیدہ :

(ترجمہ) اب تو کیوں نالہ کرتی ہے تیری بادشاہ نہیں مدبر سے خالی ہے جو اس قدر بے چین ہے یہ ہی خطاب ہے اُسی نور کی طرف جس کی طرف پہلے اشارہ ہوا تھا ۔

חוּלִי וָגֹחִי בַּת־צִיּוֹן כַּיּוֹלֵדָה כִּי עַ
תָּה תֵצְאִי מִקִּרְיָה וְשָׁכַנְתְּ בַּשָּׂ
דֶה וּבָאת עַד־בָּבֶל שָׁם תִּנָּצֵ
לִי שָׁם יִגְאָלֵךְ יְהוָה מִכַּף אֹ
יְבָיִךְ׃

حولی و نوحی بت صیون کیولیدا کی عتا تیصی مقریا وشاخنت بسادہ وبات عد بابل شام تناصلی شام یغئالیخ یہوا مکف اویبایخ (ترجمہ) وجد کر اور قرار پکڑ اے نور بیت المقدس زچہ کی طرح کہ اب تو نکلے گا گانوں سے اور بیٹھے گا میدان میں اور بابل تک پہونچے گا وہیں تو آزاد ہوگا۔ وہیں تجھے خدا تیرے دشمنوں کے پنجہ سے چھڑائے گا۔ بیت المقدس ایک آباد جگہ ہے اُس کے اطراف میں دور تک آبادی ہے اور ملک سیر حاصل اور کعبہ وادی غیر ذی زرع میں ہے اب خدا اُس نور کو جو بیت المقدس میں تھا پیغمبر کے زمانہ کی بشارت دیتا ہے اور کہتا ہے کہ تو وجد کر کہ اب تیرا مقام کعبہ میں ہوگا۔ وہاں تو اپنے دشمن یعنی شیاطین کے ہاتھ سے چھوٹے گا یعنی وہاں اُس دور میں خالص

Marfat.com

خدا کی پرستش ہوگی نہ سحر ہوگا نہ نجوم نہ شمس کی تعظیم ہوگی نہ قمر کی۔ بابل تک پہونچنے سے
اشارہ ہے سلطنت بنی عباس کی طرف اور نیز اس وجہ سے کہ وہ جگہ مقام سحر سازی تھا ہمارے
پیغمبر کے زمانہ میں ان امور کا خوب قلع وقمع ہوا جس سے خدا کو کمال نفرت ہے اور
بنی اسرائیل اس کے پھندے میں ועתה נאספו ע
ליך גוים רבים האמרים תחנף ו
תחז בציון עינינו : והמה לא-ידעו
מחשבות יהוה ולא הבינו עצתו כי
קבצם כעמיר גרנה : קומי ודושי
בת-ציון כי-קרנך אשים ברזל ופר
סתיך אשים נחושה והדקות ע
מים רבים והחרמתי ליהוה בצעם
וחילם לאדון כל-הארץ :

وِعَتَّا نَاسفو عَلَایخ گویم رَبِّیم ہا اُمرِیم تِحنَاف وِتحز بصیّون عینینو وِہیمّا لو یادعو
مَحشبوت یہوا وِلو ہبینو عصاتو کی قِبّصام کِعامیر گورنا قومی وادوشی بت صیّون
کی قرنیخ آسیم برزل وپرسوتایخ آسیم نحوشا وہدقوتی عمیم ربّیم وہحرمتی یہوا
بصعام وحیلام لادون کل ہاآرص תחנף تحنف مادہ اس کا חנף
حانف ہے جس کے معنی ہیں کفر کرنا חנף حونف معنی کفر חנף
حانیف کافر תחז تیحز اس کا مادہ חזה خازا ہے بمعنی تکنا۔
עמיר عامیر۔ گٹھا۔ پولا۔ גרנה گورنا۔ خرمن۔ کھلیان קרן
قرن سینگھ פרסה پرسا۔ معنی ٹاپ הדקות

Marfat.com

ہر قُوتی اس کا ... مادہ دَقَّ ہی بمعنی کوٹنا۔ چور چور کرنا ...
بصح معنی منافع وظلم منافع ناواجب (ترجمہ) اور اب مجتمع ہونگے تجھ پر اقوام کثیرہ
جو کہیں گے خراب ہو گی (یعنی بیت المقدس) اور ہماری آنکھیں صیہون (یعنی بیت المقدس) کو
تکیں گے اور وہ خدا کی مشیئت کو نہیں جانتے اور اُس کی تجویز کو نہیں سمجھتے کہ اُن کو خرمن کے
بوجھ کی طرح اکٹھا کر دیا ہو۔ اُٹھ اے نور بیت المقدس اور پامال کر کہ تیرے سینگھ کو لوہا
کروں گا اور تیری ٹاپ کو تانبا۔ بہت قوموں کو لاغر کر دوں گا اور فی سبیل اللہ کر دوں گا
اُن کی لوٹ اور اُن کے لشکر کو تمام دنیا کے مالک کے لئے یہ خبر سلطان صلاح الدین کے
زمانہ کے فتنہ کی ہی جس میں تیس [۳۰] لاکھ عیسائی جمع ہو کر چاہتے تھے کہ بیت المقدس کو مسلمانوں
سے چھین لیں۔ مسلمانوں پر جہاد قائم کئے تھے اور ترک بہت تھوڑے تھے لیکن خدا کی عنایت
سے جیسا اس میں خبر دی گئی ہی سب پامال ہوئے اُس وقت سے آج تک پھر حوصلہ
بیت المقدس پر چڑھائی کا نہوا۔ ...

עַתָּה תִּתְגֹּדְדִי בַת־גְּדוּד מָצוֹר שָׂם עָלֵינוּ בַּשֵּׁבֶט יַכּוּ עַל־הַלְּחִי אֵת שֹׁפֵט יִשְׂרָאֵל׃

عَتَّا تِتگُودِدِی بَتْ گِدُود مَاصُور سَام عالینُو بَشّبِط یکّو عَل ہَلّحِی اِت شُوفیط
یِسرائیل۔ لغات ... تِتگُودِدِی مادہ اس کا ...
گادد ہی مضارع ... یاغُود اصل معنی اس کے قطع کاٹنا۔ عربی میں جد بجد بمعنی
قطع اسی سے نکلا ہی۔ یہاں جو مذکور ہی وہ باب ہِتپاعیل سے ہی جو مثل عربی افتعال کے
ہی بمعنی کٹ جانا یا غم سے بدن پر خراش کرنا بھرنا، ہجوم کرنا ... گِدُود زخم
خراش ہرای یعنی نشان ہل ایک حصہ لشکر پلٹن قطار پرا ...
بَتْ گدُود غول خصوصاً ڈاکو چور ... مَاصُور ایذا حصار۔ برج
(ترجمہ) بالفعل غم سے اپنے چہرہ پر خراش کر کہ ڈاکوؤں نے ہم کو محصور کر لیا۔ بادشاہ

Marfat.com

اسرائیل کے موہنہ پر بنیت ماریں گے۔ یہ کلام ہے حضرت میخا کا صہیون یعنی بیت المقدس کی طرف خطاب کرکے فرماتے ہیں کہ بالفعل تو غم کر کہ بنی اسرائیل کو شیاطین نے محاصرہ کرلیا ہے کہ اصنام پرستی و ظلم و جور و سحر و کہانت میں مشغول رہتے ہیں کلام انبیاء کی طرف التفات نہیں کرنے جس کی وجہ سے اُن کی سلطنت زائل ہوگی۔ یہ خبر زمانہ بخت نصر کی ہے۔ اب ہم اس کتاب کا پانچواں باب جس میں حضرت مسیح اور ہمارے پیغمبر کی خبر ایک ساتھ دی گئی ہے نقل کرتے ہیں

וְאַתָּה בֵּית לֶחֶם אֶפְרָתָה צָעִיר לִהְיוֹ
ת בְּאַלְפֵי יְהוּדָה מִמְּךָ לִי יֵצֵא לִהְיוֹ
ת מוֹשֵׁל בְּיִשְׂרָאֵל וּמוֹצָאֹתָיו מִקֶּדֶם מִימֵי
עוֹלָם: לָכֵן יִתְּנֵם עַד-עֵת יוֹלֵדָה יָלָ
דָה וְיֶתֶר אֶחָיו יְשׁוּבוּן עַל-בְּנֵי יִשְׂרָאֵל:

وَاَتَّا بیت لِحِم اِفرَاتَا صَاعِیر لِہیُوت بَاَلفِی یہوُدا مِمَّخَا لِی یِیصِی لِہیُوت مُوشِیل بیسرائیل وُموصَا اُوتَاو مِقِّدِم مِیمِی عُولَام: لَاخِین یِتّنِم عَد عیث یُولیدا یالدا وِیثرا حاوِ یشوبون عَل بنِی یسرائیل **لغات** אֶלֶף اِلِف معنی بیل گاؤ و ہزار و قبیلہ קֶדֶם قدِم قبل و قدام و مشرق و پورب اور نام ہے ایک حصہ عرب کا جو فلسطین سے پورب واقع ہے افراتا تک پھیلتا ہے یعنی عراق جسے اب بدیہ الشام کہتے ہیں افراتا ایک مقام ہے شام میں יוֹם یوم مثل عربی یوم کے بمعنی روز آتا ہے اور کبھی بمعنی مطلق زمانہ اور کبھی بمعنی زمانہ خاص یعنی کسی واقعہ عظیم کا زمانہ جیسے یوم بدر وغیرہ עוֹלָם عُولام بمعنی مدت معہود اور دنیا و عالم و ابد (ترجمہ) اے بیت اللحم افراتا تو قبیلہ یہوہ ا میں چھوٹا ہے تجھ سے میرا خاص نکلے گا بنی اسرائیل پر حکومت کے لئے اُس کا خروج قبل عہد ابدی کے ہوگا (یعنی شریعت ابدی کے) لیکن اُن کو اُسے دے گا اُس زمانہ تک کہ

Marfat.com

جنے ایک عورت ایک لڑکا جس کے بقیہ برادران بنی اسرائیل کی طرف رجوع کریں۔

تفسیر۔ بیت لحم (عربی بیت اللحم) یہ ایک گانوں کا نام ہی اورشلیم یعنی بیت المقدس سے ۴ میل پر یہیں حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے تھے۔ اے بیت اللحم تو حلقۂ یہودا میں بہت چھوٹا ہی تجھ سے میرا خاص نکلے گا بنی اسرائیل پر حکومت کے لئے۔ اُس کا خروج قبل شریعت ابدی کے ہوگا۔ شریعت ابدی ہمارے پیغمبر کی ہی کہ کبھی منسوخ نہ ہوگی اور اب کوئی نبی نہ ہوگا اور نیز اُس کا خروج قریب قیامت کے ہوگا (خاص خدا کا پیغمبر ہوتا ہی بنی اسرائیل پر حکومت سے مقصود یہ ہے کہ اس کی اطاعت بنی اسرائیل پر واجب ہوگی چنانچہ ہزارہا یہود عیسائی ہوئے) لیکن قائم رکھے گا اُسے خدا اُس وقت تک کہ جننے والی جنے اور بقیہ بھائی اُس کے بنی اسرائیل کی طرف رجوع ہوں مقصود یہ ہی کہ حضرت عیسیٰ کی رسالت اُس وقت تک واجب التسلیم ہوگی کہ ایک لڑکا پیدا ہوگا اور اُس کے بھائی بند یہود سے اتفاق کریں گے چنانچہ قریش باتفاق یہود آنحضرت سے لڑتے تھے یہ خبر موافق اُس کے ہی کہ حضرت اشعیا نے خبر دی ہی کہ ہمارے لئے ایک لڑکا پیدا ہوگا جس کا نام ایل گبور وغیرہ ہوگا اُس کا بیان اوپر ہوچکا ہی چونکہ پیغمبر کا حکم ہی پیغمبر ہی سے منسوخ ہوتا ہی۔ اس لئے معلوم ہوا کہ وہ لڑکا پیغمبر ہوگا اُس کی رسالت سے حضرت عیسیٰ کا حکم منسوخ ہوجائے گا۔ اس میں ایک بھید : יִתְּנֵם עַד עֵת יוֹלֵדָה יָלָדָה : تِتّنیم عَد عِث یُولِدَہ یلدہ۔ تِتّنیم معنی اُنھیں قائم رکھے گا۔ عَد معنی تک عِث معنی وقت یُولِدَہ معنی زچّہ، یَلدَہ معنی جنے : عِث یُولِدَہ یَلدَہ کے عدد بحساب جمل ۴۷۵ ہوتے ہیں۔ مفردات اُس کے یہ ہیں۔

ع	ش	ی	و	ل	د	ہ	ی	ل	د	ہ
۷۰	۳۰۰	۱۰	۶	۳۰	۴	۵	۱۰	۳۰	۴	۵

مطلب یہ ہی کہ زمان قیام رسالت حضرت عیسیٰ ۴۷۵ سال چنانچہ آپ ۴۷۵ سال پر بعد رفع حضرت عیسیٰ نبی ہوئے۔ بیان اس کا یہ ہی کہ حضرت عیسیٰ ۳۳ برس اس دنیا میں رہے

Marfat.com

اور سنہ جو مروج ہی وہ حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے ہی تو رفع اُن کا سنہ ۳۴ عیسوی میں ہوا اب سنہ عیسوی ۱۸۸۸ ہوچکا ہی۔ اُس میں سے ۳۳ سال ایام زندگانی حضرت عیسیٰ کو طرح دینے سے ۱۸۵۵ سال باقی رہتے ہیں کہ اس قدر زمانہ رفع سے گزرا اور سال ہجری ۱۳۰۵ گزر چکا ہی چونکہ سال شمسی قمری سے بڑا ہوتا ہی تو تحویل سے ۱۳۰۵ سے ۱۲۶۸ سال شمسی حاصل ہوگا۔ اب اس کو ۱۸۵۵ سے طرح دینے سے ۵۸۷ حاصل ہوتا ہی پھر اُس میں سے ۱۳ سال زمانۂ بنوت قبل ہجرت کو طرح دینے سے ۵۷۴ سال شمسی حاصل ہوتے ہیں کہ اس قدر زمانہ آغاز بنوت ہمارے پیغمبر تک رفع حضرت عیسیٰؑ سے گزرا تھا جو یہاں مقصود ہے۔

וְעָמַד וְרָעָה בְּעֹז יְהוָה בִּגְאוֹן
שֵׁם יְהוָה אֱלֹהָיו וְיָשָׁבוּ כִּי־עַתָּה יִגְדַּל
עַד־אַפְסֵי־אָרֶץ׃

وِعامَد وِراعا بِعوز یهوا بِغؤن شِیم یهوا اِلوهاو ویاشابو کی عتا یِغدل عدا افسی آرِص یاشب یہاں اس کے معنی ہیں سلاطین کا تخت پر جلوس کرنا (ترجمہ) پر تو کھڑا ہوگا اور چوپانی کرے گا خدا کی قوت سے اُس کے معبود اللہ کے نام سے تخت نشین ہونگے کہ اب وہ قوت پکڑے گا۔ انتہائے ارض تک یہ سب بیان ہی لڑکی کا اور اُس کی اُمت کا کہ وہ آسمانی قوت سے سلطنت کریں گے וְהָיָה זֶה שָׁלוֹם אַשּׁוּר כִּי
־יָבוֹא בְאַרְצֵנוּ וְכִי יִדְרֹךְ בְּאַרְ
מְנֹתֵינוּ וַהֲקֵמֹנוּ עָלָיו שִׁבְעָה
רֹעִים וּשְׁמֹנָה נְסִיכֵי אָדָם׃ וְרָעוּ אֶת־אֶ
רֶץ אַשּׁוּר בַּחֶרֶב וְאֶת־אֶרֶץ נִמְרֹד
בִּפְתָחֶיהָ וְהִצִּיל מֵאַשּׁוּר כִּי־יָבוֹא
בְאַרְצֵנוּ וְכִי יִדְרֹךְ בִּגְבוּלֵנוּ׃

Marfat.com

وِہَایَازِہ شَالُوم اَشُّورکِی یَابُوبَا رْصِینُو وِخِی بدْرُوح بَارْمِینُو ثِینُو وہِقمِینُوعَالاَ وَشبعَارُوعِیم وَشمُونَا نِیسِیخِی آدام : وِرَاعُوات اِرِصْ اَشُّور بِحَرب وِاثْ ارِصْ نمرُود بِفِتْاَحِیھَا وِہِصِیل مِاشُّور کِی یَابُور بَارْصِینُو وِخِی یدْرُوح بِغبُولِیتُو ؛

لغات [Hebrew] شَالُوم معنی سلام وصحت تندرستی پورا بھرپور محفوظ سلامت ساکن قرار گیر دوست موافق امن وخیریت ودوستی ومیل ہے [Hebrew] اَشُّور اس کا مادہ [Hebrew] ہے اَشَر ہے جس کے معنی ہیں راستی اس لئے اَشُّور کے معنی ہیں راست وخدا پرست اور نیز اشور نام ہے ایک خطہ کا ملک شام میں ہے [Hebrew] اَرْمُون - قلعہ وقصر - (ترجمہ) اور یہ ہوگا سالم وراست (یعنی کامل) کہ آئے گا ہمارے مقام میں اور راہ نکالے گا ہمارے قصروں میں ہم قائم کریں گے اُس پر سات چرواہے اور آٹھ خلفاء [Hebrew] نِیسخ امام وخلیفہ کو کہتے ہیں مقصود یہ ہے کہ وہ لڑکا کامل وصدّیق ہوگا جو شان ہے انبیاء کی اور ہم اُس کی حفاظت کے لئے سات محافظ یعنی سبعہ سیارہ کو اُس کا نگہبان مقرر کریں گے قال اللہ تعالیٰ وَاللہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاس چنانچہ جب کفار نے بقصد قتل آپ کا مکان گھیر لیا اُس وقت آپ گھر سے نکلے اور ایک مٹھی خاک کفار کی طرف پھینکی اور پڑھا فَاَغْشَیْنَاھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْن کفار کی آنکھوں پر پردہ پڑ گیا۔ آپ نظر نہ آئے۔ اندھا کر دینا یہ کرشمہ زحل کا تھا جنگ بدر میں کفار کے سر کٹتے جاتے تھے اور قاتل معلوم نہیں ہوتا تھا۔ یہ مریخ کی نگہبانی تھی مشکوٰۃ شریف میں روایت ہے کہ ایک صحابی ایک کافر کے پیچھے بقصد قتل جاتے تھے انھوں نے آواز سنی اقدم یاحیزوم یعنی بڑھ اے حیزوم اور ایک کوڑے مارنے کی آواز سنی پھر اس کافر کو اپنے سامنے مرا پایا ناک اُس کی پھٹ گئی تھی کوڑے کے اثر سے۔ حضور اقدس میں اس بات کا ذکر ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ وہ فرشتہ آسمان سوم کا تھا۔ فلک مریخ زحل کی جانب سے

Marfat.com

تیسرا آسمان ہے جب آپ پر ایک یہودی نے سحر کیا تھا تو دو شخص آپ پاس آئے ایک نے دوسرے سے پوچھا کہ ان کو کیا ہوا ہے اس نے جواب دیا کہ فلانے یہودی نے سحر کیا ہے یہ روحانیت شمس و قمر تھی۔ سبعہ سیارہ کو چرواہے کے لفظ سے اس واسطے بیان کیا کہ اُس حکیم علی الاطلاق نے ان کو مدبر اس کرہ کا مقرر کیا جس کی تفصیل ہے کتب نجوم مملو ہے اور آٹھ خلیفہ سے مقصود حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت زبیر، حضرت ابو عبیدہ ہیں۔ یہ صحابہ بڑے جان نثار و محافظ رسول اللہ صلعم کے تھے ان کے فضائل کتب احادیث میں مروی ہیں یہاں بسط کی ضرورت نہیں ہمارے مقام و قصر پر آنے سے مقصود قصۂ معراج ہے کہ آنحضرت نے جبروت و لاہوت کی سیر کی بلکہ آپ کے فیضان سے متبعین کو بھی اُس کا شائبہ ہوتا ہے۔ وہ للکاریں گے تلوار سے ارض اشور پر (یعنی اُس پر قبضہ کرینگے) اور ارض نمرود کو پھر جب فراغت کریں گے تو آئیں گے ہماری حد میں۔ مقصود یہ ہے کہ اہل اسلام کے قبضہ میں تمام ملک شام آجائے گا چنانچہ غزوۂ خندق میں ایک پتھر نہیں ٹوٹتا تھا صحابہ نے شکایت کی کہ وہ پتھر نہیں ٹوٹتا۔ آپ تشریف لے گئے ایک کلہاڑی اُس پر ماری اور فرمایا کہ الحمد للہ خدا نے ملک شام مجھکو دیا۔ پھر دوسری کلہاڑی ماری اور فرمایا للہ الحمد کہ مجھکو ملک فارس بھی عطا ہوا۔ بعد ازاں تیسری کلہاڑی ماری اور فرمایا کہ سبحان اللہ مجھکو یمن بھی عنایت ہوا۔ پھر وہ پتھر چور چور ہو گیا۔ چنانچہ یہ سب قبضہ اسلام میں آگیا

וְהָיָה שְׁאֵרִית יַעֲקֹב בְּקֶ
רֶב עַמִּים רַבִּים כְּטַל מֵאֵת יְהוָה כִּרְ
בִיבִים עֲלֵי־עֵשֶׂב אֲשֶׁר לֹא־יְקַוֶּה
לְאִישׁ וְלֹא יְיַחֵל לִבְנֵי אָדָם׃ וְהָיָה שְׁ
אֵרִית יַעֲקֹב בַּגּוֹיִם בְּקֶרֶב עַמִּים רַבִּ
ים־רַבִּים כְּאַרְיֵה בְּבַהֲמוֹת יַעַ

Marfat.com

כְּכְפִיר בְּעֶדְרֵי צֹאן אֲשֶׁר אִם עָ
בַר וְרָמַס וְטָרַף וְאֵין מַצִּיל: תָּרֹם
יָדְךָ עַל-צָרֶיךָ וְכָל-אֹיְבֶיךָ יִכָּ
רֵתוּ:

وِہایا شئیریث یعقوب بقرب عمیم رَبیم کطل یایث یہوا کربیبم علی عسب
اشرلو یقوہ لائیش ولو یحیل لبنی آدام ؛ وِہایا شئیریث یعقوب بگوییم بقرب عمیم
رَبیم کاریہ ببہموث یعر کخفیر بعدری صون اشرام عابر ورامس وطارف
وطارف این مصّیل ، تارُوم یادخا عل صاریخا وخل اویبخا ریثو ؛

(ترجمہ) اور ہونگے بقیہ یعقوب قوموں میں قبائل کثیرہ میں ربّانی شبنم کی طرح جیسے
بوندیاں گھاس پر کہ وہ امید نہ رکھیں گے آدمی سے اور بنی آدم سے اُن کی چشم داشت
نہ ہوگی اور وہ ہونگے جیسے شیر جنگلی بہائم میں جیسے بھیڑیا بھیڑ کے گلوں میں اگر وہ لڑے
روندلے و پامال کرے تو کوئی بچا نہ سکے گا۔ اپنا ہاتھ اپنے دشمنوں پر اُٹھا کہ تیرے سب
اعدا مٹ جائیں گے بقیہ بنی اسرائیل سے مراد وہ ہیں جو ایمان دار شیاطین کے پھندے
میں نہ تھے سحر و جادو و عقائد فاسدہ سے و بدعات مخترعہ سے پاک تھے یہ وہ لوگ تھے
جنھوں نے اسلام قبول کیا اور یہ سمجھا کہ خدا کا حکم جس عنوان و زبان میں ہو قبول کرنا چاہیے
اُن کی شان میں جو لکھا ہے وہ پورا ہوا : וְהָיָה בַיּוֹם הַהוּא נְאֻ
ם-יְהוָה וְהִכְרַתִּי סוּסֶיךָ מִקִּרְבֶּךָ וְהַאֲבַ
דְתִּי כָּל מִבְצָרֶיךָ: וְהִכְרַתִּי כְשָׁפִים מִ
יָּדֶךָ וּמְעוֹנְנִים לֹא יִהְיוּ לָךְ: וְהִכְרַתִּי
פְסִילֶיךָ וּמַצֵּבוֹתֶיךָ מִקִּרְבֶּךָ וְלֹא

Marfat.com

תשתחוה עוד למעשה ידיך: ונ
תשתי אשיריך מקרבך והשמד
תי עריך:

وِہَایَا بَیّوم ھَھُونَاُم یہوا وِھِکرَتِّی عَارِی اَرْصِیخَا وِہَارَستی کُل مِبصَارِیخَا وِہکرتی

کِشّافِیم مِیّادِخَا وُمعُونِنیم لوَیہیوُلاخ وِھِکرَتی پِسیلخَا وُمَصّیوُتیخَا مقّربیخا وِلُوا

تِشْتَحوِہ عوُد لِمعَسِہ یَادِخَا وِنَاتَشتی اَشِیرِیخَا مقّربیخَا وِاشمَدتی عاریخا :-

(ترجمہ) اور اس ایام میں حسب فرمان الٰہی یہ ہوگا کہ قطع کریں گے تیرے گھوڑوں کو اور مٹا دینگے تیری کاری اور منہدم کریں گے تیرے شہروں کو اور توڑ دیں گے تیرے قلعہ اور کاٹ دینگے سحرہ کو تیرے ہاتھ سے اور فال گو تجھ میں نہ رہیں گے اور توڑ دیں گے تیرے بتوں کو اور تیرے سیتوڑ کو پھر تو اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے کو سجدہ نہ کرے گا اور اور تیرے اَشیرا کو توڑ تاڑ دیں گے اور تیرے شہروں کو برباد کر دیں گے אשירה اَشیرا نام بت ہے واضح ہو کہ بنی اسرائیل سحر و جادو میں بہت اشتغال رکھتے تھے اور اس کی طمع میں تصاویر بناتے تھے اور اس پر کچھ پڑھتے تھے اور اس کی تعظیم کرتے تھے وہ سب پیغمبر کے زمانہ سے مٹا یعنی اس کی تاثیر بہت کم ہو گئی جیسا ظاہر ہے

یارب صل وسلم دائما ابداً ❊ علی نبیک خیر الخلق کلھم

اب ہم صفینا بنی کے تیسرے باب کو لکھدیتے ہیں اس کو بنظر انصاف دیکھو :

הוי מראה ונגאלה העיר היונה:

ہُوی مُورِئَا وِنِغئَالا ہاغیر ھیُّونا **لغات** הוי ہُوی کلمہ تاسف ہے מראה مُورِآ - خطرناک ہولناک ונגאלה نِغئَالا - نجس ناپاک העיר عیر - شہر היונה یوَنَا - کبوتر - محبوب کو اس زمانہ میں

Marfat.com

کبوتر سے تعبیر کرتے تھے (ترجمہ) افسوس ہو اے شہر محبوب، خطرناک و نجس ہو۔ یہ گفتگو ہے بہ نسبت اورشلیم کے جو بہ سبب نور الٰہی کے نہایت محبوب و پیارا تھا لیکن اس زمانہ میں بوجہ کفر و عصیان کے نجس و ہولناک ہو گیا تھا: [illegible]

[illegible]

[illegible]

وِلُوشَا مِعَا بِقُول لُو لاقِحَا مُوسَار بِیہوا لُو بَاطِحَا ال الُوهِیهَا لُو قَارِیبَا۔

(ترجمہ) بات نہ مانی ادب قبول نہ کیا خدا پر تکیہ نہ کیا اپنے معبود کے پاس نہ گئے اُسی شہر کو کہتا ہے جس کی نسبت اوپر افسوس کیا ہے اب وجہ افسوس کی بیان کرتا ہے۔

[illegible]

[illegible]

سَارِیهَا بِقِرَبَاه اَرَایُوث شُوَاغِیم شُوفِطِیهَا زِئبِی عِرِب لُو گارِمُو لَبُوقِر:

لغات [illegible] شُوئِیج تڑپتا ہوا جیسے شیر (ترجمہ) اُس کے سرداران تڑپتے شیر ہیں بھوکے بھیڑیئے ہیں یعنی ظالم و خونخوار ہیں: [illegible]

[illegible]

[illegible]

نِبِیهَا پُوحِزِیم اَنِشِّی بُوغدُوث کُوهِینِهَا حِلِّلُو قُودِش حَامِسُو تورا:

لغات [illegible] نابی نبی [illegible] پوحیز بمعنی خبیث [illegible] [illegible] اَنِشِّی بُوغدُوث مکار [illegible] حَامِسُو اس کا مادّہ [illegible] حمس ہے اس کے معنی پھاڑ ڈالنا ہے اور معنی بھی ہیں لیکن یہاں یہی مقصود ہے (ترجمہ) اُس کے انبیاء خبیث و مکار ہیں اُس کے ائمہ نے پاک کو نجس کیا توارت کو بگاڑ دیا۔ انبیاء سے مقصود سحرہ ہیں جو اپنے کو نبی کہتے تھے اور قوم بھی

Marfat.com

اُن کی نبوت کو تسلیم کرتی تھی۔ اس میں انبیاء اور ائمہ بنی اسرائیل کی اور خود قوم کی شکایت ہی کہ کفر و ضلالت سے بھر گئی تھی اور بیت المقدس کو فسق و فجور سے نجس کر دیا تھا اور توراۃ کی بھی تحریف کرتی تھی۔ اُن کے دل میں ایمان نہ تھا۔ ایماندار بہت تھوڑے تھے اُن کی کوئی سنتا نہ تھا۔ تحریف معنوی میں تو کچھ شبہ نہیں عجب نہیں کہ کچھ تحریف لفظی ہوئی ہو جیسا חָ
מְסוּ תּוֹרָה حَامِسُو تورا کا لفظ دلالت کرتا ہی مثل اس آیت کے حزقیل نبی کے ۲۲ باب میں یہی مذکور ہی כֹּהֲנֶיהָ חָמְסוּ תוֹרָתִי اُس کے کاہنوں نے ہماری شریعت کو بگاڑ دیا۔ شریعت بھی توراۃ تھی اشعیا کے ۲۴ باب میں لکھا ہی וְהָאָרֶץ חָנְפָה תַּחַת יֹשְׁבֶיהָ כִּי־
עָבְרוּ תוֹרֹת חָלְפוּ חֹק הֵפֵרוּ בְּרִית
עוֹלָם : وِہَا آرِص حَانِفَا تَحَث یوشبیہا کی عَابِرُو تورُوث حالفُو حُوق حیفرُو بریث عولام: (ترجمہ) زمین نجس ہوئی اپنے مکان سے جنھوں نے شرائع کو چھوڑ دیا حکم الٰہی کو بدل دیا۔ عہد قدیم کو کاٹ دیا یہاں لفظ חָ
לְפוּ حَالفُو وارد ہی جس کے معنی ہیں بدل دیا۔ اقل درجہ ہی کہ معنی بدل دیا جیسا کہ عبداللہ ابن عباس یحرفون الکلم عن مواضعہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔ ای یتاولونہ یعنی اُس کی تاویل کرتے ہیں لیکن اُن فساق سے جو جھوٹا دعوی نبوت کرتے تھے اور روحانیات کی پرستش بدل و جان کرتے تھے اور سحر و جادو اُن کا شعار تھا اور کتب مقدسہ بسبب سیادت و امامت اُن کے قبضہ میں رہتی تھیں۔ تحریف لفظی بھی بعید نہیں اِن تحریفات کا قبل زمانہ حضرت مسیح کے بڑا موقع تھا۔ بعد قیام دین مسیحی یہود کی قوت بہت سلب ہو گئی تھی۔ ضرورت تحریف کم پڑی یہاں بحث تحریف نہیں ہی جو ہم بسط کریں۔ اب حضرت صفنیا کے کلام کی طرف رجوع کرتے ہیں : בָּ אֱלֹהֶיהָ לֹא
קָרֵבָה : שָׂרֶיהָ בְקִרְבָּהּ

Marfat.com

מִשְׁפָּטוֹ יִתֵּן לָאוֹר לֹא נֶעְדָּר וְלֹא־
יוֹדֵעַ עַוָּל בֹּשֶׁת׃

یہوا صدّیق بقرباہ لو یعسہ عولا ببوّقر ببوّقر مشپاطو یتّن لاءور لو نعدر ولو یدیع عوّال بوشت: **لغات** עַוְלָה عولا ظلم עַוָּל عوّال ظالم בֹּקֶר بوقر صبح اور زمانہ بعثت کسی پیغمبر کا נֶעְדָּר یعدر از ابواب لازم سے مثل انفعال معنی باقی رہنا یح جانا شکر ترتیب دنیا (ترجمہ) سچا خدا اُن کے بیچ میں ہے وہ بُرا نہیں کرتا وقتاً فوقتاً دیتا ہے شریعت روشنی کے لئے کچھ باقی نہیں رہتا (یعنی سب کچھ بتا دیتا ہے) لیکن شریر کو شرم نہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک شریعت ہمیشہ نہیں رہتی وقتاً فوقتاً بدلا کرتی ہے یہی مذہب یہود کے خلاف ہے؛ הִכְרַתִּי
גוֹיִם נָשַׁמּוּ פִּנּוֹתָם הֶחֱרַבְתִּי חוּצוֹתָם
מִבְּלִי עוֹבֵר נִצְדּוּ עָרֵיהֶם מִבְּלִי־
אִישׁ מֵאֵין יוֹשֵׁב׃

ہِکرتی گوییم ناشمّو پنّوتام ہحِربتی حوصوتام مبلی عوبر نصدّو عاریہم مبلی ایش مایِن یوشیب **لغات** פִּנָּה پنّا فصیل נִצְדּוּ نصدّو اس کا مادّہ צָדָה نصد ہے ویران کرنا۔ (ترجمہ) محو کریں گے قوموں کو ویران ہو جائیں گی اُن کی فصیل اُجاڑ دیں گے اُن کے نواح کو بدون آیند و روند ویران ہو جائینگے شہریں بلا انسان و باشندہ ہو جائیں گے) اس کے بیان سے واضح ہے کہ کوئی زمانہ ایسا آئے گا جس میں اقوام منقطع ہو یعنی اپنے دین و اصول کو چھوڑ کے دوسرے لباس میں ہو جائیں گے

אָמַרְתִּי אַךְ־תִּירְאִי אוֹתִי תִּקְחִי מוּסָר וְלֹא־יִכָּרֵ
ת מְעוֹנָהּ כֹּל אֲשֶׁר־פָּקַדְתִּי עָלֶיהָ אָ
כֵן הִשְׁכִּימוּ הִשְׁחִיתוּ כֹּל עֲלִילוֹתָם׃

Marfat.com

آمَرْتِی اَخ تیرِئی اُوتِی تِقحِی مُوسار وِلو یکّاریت معُوناہ کُل اَشرپاقدتی عالیہا
آخین ہشکیمو ہشحیتو کُل عَلیلُوتام **لغات** אַךְ اَخ فقط صرف
אָכֵן آخین لیکن הִשְׁכִּימוּ ہشکیمو۔ روانہ کیا صبح کو اُٹھے
הִשְׁחִיתוּ ہشحیتو۔ بُرے کام کئے (ترجمہ) میں نے کہا صرف مجھ سے
ڈرو اَدب سیکھو مبادا برباد ہو جاؤ اپنی معصیت سے جب پر ہم نے توجہ کی۔ لیکن صبح
ہوتے ہی بدکرداری میں مشغول ہوئے پس بموجب اس فرمان کے وہ مستحق عذاب ہوئے
عذاب دنیا ہو یا آخرت۔ چنانچہ ایسا ہوا کہ یہود نہایت مرتبہ میں ذلیل وخوار و پریشان
برباد ہوئے) اب اُس کے بعد اُن کے نجات کی صورت بتاتا ہے کہ اُس کے سوائے کوئی
صورتِ نجات نہیں اگر اُس پر عمل کریں تو فلاح دنیا و آخرت حاصل ہو؛ לָכֵן חַ
כּוּ־לִי נְאֻם יְהוָה לְיוֹם קוּמִי לְעַד כִּי
מִשְׁפָּטִי לֶאֱסֹף גּוֹיִם לְקָבְצִי מַמְ
לָכוֹת לִשְׁפֹּךְ עֲלֵיהֶם זַעְמִי כֹּל חֲרֹ
ון אַפִּי כִּי בְּאֵשׁ קִנְאָתִי תֵּאָכֵל
כָּל-הָאָרֶץ:
لاَخین حَکّو لی نام یہوا لیوم قومی لعد کی مشپطی لاسوف گویم لقبصی ممَلاخوت
لشپوخ علیہم زعمی کُل حرون اَپّی کی باِیش قناتی تاخیل کُل ہا ارص؛
(ترجمہ) لیکن ہماری طرف رجوع کرو۔ جب ہم ہمیشہ کے لئے قائم ہوں) یعنی جب ہماری
شریعت ابدی قائم ہو قوموں کے جمع کرنے کو سلطنتوں کے اکٹھا کرنے کو اُن پر غضب ڈالنے کو
کہ ہمارے غضب کی آگ سے تمام دنیا جل جائے گی مقصود یہ ہے کہ جب ہم شریعت ابدی جاری
کریں اور اقوام مختلفہ کو بذریعہ اسلام ایک کریں اور بڑے بڑے بادشاہوں کو توڑتاڑ کے
ایک کریں اس وقت تم اُس شریعت کو تسلیم کرو ہمارے غضب سے ڈرو کہ اُس سے

Marfat.com

بروز قیامت تمام دنیا جل جائے گی۔ اگر تم ایمان لاؤ گے تو فلاح دنیا و آخرت کو فائز ہو گے
شریعت ابدی شریعت محمدی ہے۔ آپ نے فرمایا تھا کہ لا نبی بعدی چنانچہ آج تک
کسی نے جھوٹا دعوی بھی نبوت کا نہ کیا۔ یہ خبر زمانہ اسلام کے سوا اور کسی زمانہ سے منطبق نہیں
فقد بروا یا اولی الابصار۔ اب اس کے بعد اُس زمانہ کا ایک نشان اور بتاتا ہے۔

כִּי אָז אֶהְפֹּךְ אֶל-עַמִּים שָׂפָה בְרוּרָה לִקְרֹא כֻלָּם בְּשֵׁם יְהוָה לְעָבְדוֹ שְׁכֶם אֶחָד:

کی آز اھپوخ ال عمیم سافا برورا لقرو کلام بشیم یہوا لعبدو شخم احاد
لغات אָז آز تب אֶהְפֹּךְ ہافخ اس مادہ کے معنی متعارف ہیں
اولٹ دینا لیکن اس کے معنی کبھی اوپر پھینکنا یا نیچے گرانا بطور ضدین کے بھی آئے ہیں
سفر القضات باب ۱۰ آیت ۱۳ دیکھو (ترجمہ) جبکہ نازل کریں گے ہم قوموں کے
پاس کلام فصیح ہر ایک کے نماز پڑھنے کے لئے اُس کو بجماعت عبادت کے لئے یہ مطابق اس کے
ہے جو حضرت موسیٰ کے بشیر میں گزرا کہ ہمارا کلام مثل مینہ کے نازل ہوگا۔ مقصود یہ ہے کہ جب ہم
کلام فصیح عبادت جماعت کے لئے نازل کریں اُس وقت اگر تم خدا کی طرف رجوع کرو گے
تو تم کو فلاح دنیا و آخرت حاصل ہوگی۔ چنانچہ جو یہود مسلمان ہوئے وہ مصداق آیت ہوئے
کلام فصیح سے مراد قرآن ہے اُس سے فصیح کوئی نہیں یہاں تک کہ معجزہ ہے: שָׂפָה בְרוּרָה
سافا برورا کلام فصیح کو کہتے ہیں اور جماعت کی نماز جیسا اہل اسلام
میں ہے کبھی نہ تھی تورات میں نماز پڑھنے کا طریق بتایا نہ گیا۔ اُس وقت میں قربانی ہی ہتم بالشان
تھی اور انجیل میں کچھ نماز کا ذکر نہیں اُس میں صرف اخلاق کی باتیں ہیں اور نہ انجیل نماز میں
پڑھی جاتی۔ مسلمانوں کے نزدیک تو قرآن ہی پڑھنا نماز ہے جیسا اس آیت میں مذکور ہے
فاقرؤا ما تیسر من القرآن اول انقطاع اقوام بیان ہوا۔ پھر اُن کا اکٹھا ہونا

Marfat.com

یہ دونوں ہو نہیں سکتا جز اس کے کہ اقوام اپنا دین و مذہب چھوڑ کے ایک مذہب اختیار کریں۔ اس کا وقت نزول کلام فصیح بیان ہوا اس لئے جز زمانہ پیغمبر خدا کسی زمانہ پر منطبق نہیں۔ انجیل اگرچہ کلام ربانی ہے لیکن نماز میں اس کے پڑھنے کا حکم نہیں اور نہ وہ کلام فصیح ہے[۱]

מֵעֵבֶר לְנַהֲרֵי כוּשׁ עֲתָרַי בַּת־פּוּצַי
יוֹבִלוּן מִנְחָתִי׃

مِعِیبر لِنَہری کُوش عَتارَی بَت پُوصی یُوبِلُون مِنحَاتِی **لغات** עֲתָרַי
عَتارَ: خدا پرست (ترجمہ) دریاے نیل کے پرے سے ہمارے عباد و زہاد میرے لئے ہدیہ لائیں گے) ایام حج میں دیکھو کہاں کہاں سے ہدایا اور قربانی آتی ہے۔ בַּיּוֹם
הַהוּא לֹא תֵבוֹשִׁי מִכֹּל עֲלִילֹתַיִךְ
אֲשֶׁר פָּשַׁעַתְּ בִּי כִּי־אָז אָסִיר מִקִּרְבֵּךְ
עַלִּיזֵי גַּאֲוָתֵךְ וְלֹא־תוֹסִפִי לְגָבְ
הָה עוֹד בְּהַר קָדְשִׁי׃ וְהִשְׁאַרְתִּי בְ
קִרְבֵּךְ עַם עָנִי וָדָל וְחָסוּ בְּשֵׁם יְהוָה׃
שְׁאֵרִית יִשְׂרָאֵל לֹא־יַעֲשׂוּ עַוְלָה וְלֹ
א־יְדַבְּרוּ כָזָב וְלֹא־יִמָּצֵא בְּפִיהֶם
לְשׁוֹן תַּרְמִית כִּי־הֵמָּה יִרְעוּ וְרָבְצוּ וְאֵין
מַחֲרִיד׃

---

[۱] שָׂפָה בְרוּרָה شافہ پرورا شریعت و احکام الٰہی کو بھی کہتے ہیں اس لئے اس آیت کے معنی بھی ہوتے ہیں کہ تب بدل دیں گے ہم شریعت تا نزول قرآن شریعت موسوی جاری تھی ۱۲

Marfat.com

بَیُّوم ھھولو تیبوشی مکل علیلو تایح اشر یاشعت بی کی از اسیر مقر بیح علیزی گاو تیخ ولولو سیفی لغبھا عوو بھر قدشتی : وھشارتی بقربح عم عالی ودال حاسو بشیم یہوا شارت یسرائیل لو یعسو عولا ولو یدبرو کازاب ولو یماصی بفیھم لاشون ترمیت کی حیمایر عوو ر العوداین محرید : لغات תֵבוֹשִׁי علیزمت עַלִּיזֵי

גַּאֲוָתֵךְ گاداکبر و نخوت גָּבְהָה گبها تعلی חָסוּ جاسو

مادّہ اس کا חָסָה ہے جس کے معنی ہیں توکل תַּרְמִית

ترمت - فریب، تلبیس (ترجمہ) اُس زمانہ میں تو شرمسار نہ ہوگی (یہ خطاب ہے بیت المقدس کی طرف) اپنی بدکرداریوں سے جو تونے نافرمانی کی کیونکہ اُس وقت نکال دیں گے ہم تجھ سے مستان کبر کو اور پھر تجھ میں تعلی نہ ہوگی ہمارے پاک پہاڑ پر اور رہ جائے گی تجھ میں قوم مسکین اور شکستہ جو خدا کے نام پر توکل کریں گے باقی ماندہ اسرائیل شرارت نہ کریں گے اور نہ جھوٹ بولیں گے اور اُن کے مُنھ میں سخن تلبیس نہ ہوگا۔ وہ چرھیں گے یعنی ترقی کریں گے اور بیٹھیں گے بلا تردد - مقصود یہ ہے کہ زمانہ اسلام میں جب بیت المقدس مسلمانوں کے قبضہ میں آئے گا اور یہود ایمان لائیں گے تو معاصی اُن کے معاف ہونگے جیسا اسلام سے خطایائے سابقہ محو ہوجاتے ہیں تو بیت المقدس کو شرمساری نہ ہوگی اُس وقت میں بیت المقدس میں کبر و نخوت کا اثر نہ ہوگا اُس میں قوم مسکین و شکستہ یعنی عرب قیام کریں گے جو خدا کے نام پر تکیہ کریں گے نہ سحر و جادو و نجوم و رمل پر اور باقی ماندہ اسرائیل یعنی جو قرآن پر ایمان لائیں گے شرارت نہ کریں گے اور جھوٹ نہ بولیں گے دجل و تلبیس سے محفوظ ہوں گے تو وہ لوگ بلا کھٹکے و تردد زندگانی بسر کریں گے۔ רָנִּי בַּת צִיּוֹן הָרִיעוּ יִשְׂרָאֵל

שִׂמְחִי וְעָלְזִי בְּכָל לֵב בַּ

ת יְרוּשָׁלָ‍ִם : הֵסִיר יְהוָה מִשְׁפָּטַיִךְ

Marfat.com

רָנִּי בַּת צִיּוֹן הָרִיעוּ יִשְׂרָאֵל שִׂמְחִי וְעָלְזִי בְּכָל לֵב בַּת יְרוּשָׁלָיִם: הֵסִיר יְהוָה מִשְׁפָּטַיִךְ פִּנָּה אֹיְבֵךְ מֶלֶךְ יִשְׂרָאֵל יְהוָה בְּקִרְבֵּךְ לֹא תִירְאִי רָע עוֹד:

رُنِّی بَتْ صِیُّوْن ہَارِیعُو یِسرائیل سِمْحی وعلزی بِکُل لیب بَتْ یرُوشَالَیِم ہیسیر یِہوَا مِشپاطَیِخ پِنَّا اُوبِیخ مِلِخ یِسرائیل یہوا بِقِربیخ لو تِیرِی راع عود :

لغات پِنَّا ۔نکال دے گا (ترجمہ) اے صہیون خوش ہو اے اسرائیل قربانیوں کو اے نور اورشلیم تمام دل سے وجد کر کہ خدا نے تیری تیری شریعت منسوخ کی تیرے دشمن کو نکال دیا سلطان اسرائیل اللہ تیرے بیچ میں ہے پھر برائی تو نہ دیکھے گی ۔ یہ بشارت ہے خیر القرون قرنی کی کہ اس وقت میں شریعت موسوی جو سخت تھی منسوخ ہوئی خصوصاً جو یہود نے اجتہادات وہمیہ سے اُس شریعت کو خراب کر رکھا تھا۔ نزول قرآن سے جو شریعت بیضا ہے وہ اُٹھ گیا اور وہ راہ راست سب کے لیے نکالی گئی دیکھو توراۃ میں حکم ہے کہ زابحتا و آخلتا یعنی ذبح کرو اور کھاؤ۔ اب فقہائے یہود کہتے ہیں کہ چھری ایسی تیز ہو کہ اگر اُس کی دھار پر ناخن چلائیں تو کہیں نہ رُکے ایسی ایسی شرائط ذبح بڑھائیں کہ اب ذابح کم ٹھیرتے ہیں یہاں تک کہ بعض کہتے ہیں کہ چھری بارہ اُنگل کی ہو توراۃ میں لکھا ہے کہ بکری کے بچے کو اُس کی ماں کے دودھ میں نہ پکاؤ۔ اب یہود کہتے ہیں کہ گوشت کو گھی میں پکا کے کھانا حرام ہے ۔کیونکہ گھی اُسی دودھ سے نکلتا ہے کہ وہ اس کا ایک جز ہوتا ہے ۔چونکہ یہ حکم تین مقام میں آیا ہے تو کہتے ہیں کہ گوشت تین قسم ہوتا ہے۔ بہیمہ وحش وطیر اس لیئے ہر سہ اقسام لحم کو گھی میں پکانا درست نہیں یہ عجب بات ہے دودھ میں تین جز ہوتے ہیں ۔ دہنیت، مائیت، جبنیت تو اب چاہیئے کہ پانی میں پکانا بھی ناجائز ہو۔ علاوہ بریں آس میں تو بکری کے دودھ میں پکانا منع تھا تو اُسی کے گھی میں پکانا نادرست ہوتا حالانکہ مقصود آیت سے یہ ہے کہ تم لوگ مثل اقوام بت پرست کے ٹوٹکا

Marfat.com

مت کرو۔ وہ لوگ افزائش حبوب و اثمار کے لئے بکری کے بچہ کو اُس کی ماں کے دودھ میں پکا کے کھیتوں پر رکھتے تھے اس قسم کے وہمیات بے حد ہیں۔ کہاں تک لکھوں۔ دشمن کے نکال دینے سے مقصود یہ ہے کہ شیاطین جن کے پھندے میں یہود پڑ کے روحانیات کی پرستش بغرض تکمیل سحر کیا کرتے ہیں وہ سب نکالے جائیں گے۔ بیت المقدس ان نجاسات سے پاک ہوگا اور اب قتل و خوں ریزی بنی اسرائیل کی نہ ہوگی چنانچہ دور اسلام میں اُن کا قتل و نہب لوٹ مار بند ہوا۔ בַּיּוֹם הַהוּא יֵאָמֵר לִירוּשָׁלִַם אַל תִּירָאִי צִיּוֹן אַל יִרְפּוּ יָדָיִךְ׃ بیوم ہہوا یامیر لیروشالایم اَل تیرئی صیوّن اَل یرپو یاداییخ (ترجمہ) اُس ایام میں اورشلیم کے حق میں کہا جائے گا کہ مت ڈر اے صیہون تیرے ہاتھیں بستہ نہ ہونگے: יְהוָה אֱלֹהַיִךְ בְּקִרְבֵּךְ גִּבּוֹר יוֹשִׁיעַ יָשִׂישׂ עָלַיִךְ בְּשִׂמְחָה יַחֲרִישׁ בְּאַהֲבָתוֹ יָגִיל עָלַיִךְ בְּרִנָּה׃ یہوا الوہاییخ بقربیخ گبّور یوشیع یاسیس عالاییخ بسمحا یحریش باحباتو یاغیل عالاییخ برنّا۔ **لغات** גִּבּוֹר گبّور اس کے معنی متعارف شجاع بہادر ہیں اور کبھی جبار کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ مجازاً مٹانے والا یعنی ماحی۔ یہ پیغمبر کے اسما سے ہے جیسا کہ اشعیا نے بیان کیا اور اوپر گزرا۔ پس گبور وہی ماحی ہے יָשִׂישׂ یاسیس اس کا مادہ שׂוּשׂ سوس ہے جس کے معنی ہیں سرور و وجد יָגִיל یگیل یعنی طواف خوشی سے دَور کرنا (ترجمہ) خدا تیرا معبود تیرے بیچ میں ہوگا (یعنی تجھ پر توجہ کرے گا) ماحی تجھے اخلاص کرے گا۔ وجد کرے گا تجھ پر خوشی سے اُس کی محبت میں بیخود رہے گا۔ طواف کرے گا تجھ پر مسرت سے شب معراج میں آپ بیت المقدس میں تشریف

Marfat.com

لے گئے تھے وہ کمال مسرت کا مقام تھا۔ قال اللہ تعالیٰ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی ۔ پس آپ کا بیت المقدس تک جانا شب معراج میں منصوص ہے اُسی کی خبر یہاں دی گئی ہے۔ آپ چونکہ مثل موسیٰ کے تھے اس لئے بطور متعارف بیت المقدس میں تشریف نہ لے گئے بلکہ جس طرح حضرت موسیٰ نے سرحد شام تک پہونچ کے انتقال کیا اُسی طرح آپ بھی سرحد شام میں فوج بھیجنے کی تیاری میں تھے کہ آپ نے اس دنیا سے رحلت فرمائی اِنا للہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت اشعیا کے ۵۲ باب میں بھی ایسی ہی بشارت مذکور ہے اُس کا لکھنا مناسب ہے۔ واضح ہو کہ ہر دین کے ساتھ کوئی نہ کوئی کوکب متعلق ہوتا ہے کہ وہ اُس کا حامی ہوتا ہے۔ بت پرستی کے ساتھ تعلق قمر کو ہے اور یہود کے دین کو تعلق زحل سے ہے۔ چنانچہ شب معراج میں آنحضرت نے موسیٰ علیہ السلام کو فلک ہفتم میں پایا اور ملت نصاریٰ متعلق بشمس ہے اور دین اسلام کو تعلق زہرہ سے ہے۔ اہل اشراق کے نزدیک ہر چیز کے ساتھ ایک ملک رہتا ہے جو مدبر اُس کا ہوتا ہے نفوس کواکب بھی ملائکہ ہیں۔ ارباب تنجیم و اہل اشراق کا مذہب اس مقام پر ایک ہے اور مشائین بھی کواکب کو متحرک بالارادہ کہتے ہیں اس لئے اُن کے نزدیک بھی اُن کی ملکیت ثابت ہے چونکہ زحل کی تاثیر اہل ارض کے منافی ہوتی ہے اس لئے اُس کو لوگ منحوس جانتے ہیں ثابت ابن قرہ جو اولاً صابی مذہب رکھتا تھا اور اُس کو فنون حکمیہ میں کمال تبحر تھا اُس کو زحل سے آشنائی تھی۔ ایک مرتبہ خلیفۂ بغداد نے اُس کی گرفتاری کے لئے فوج متعین کی قبل پہونچنے لشکر کے زحل نے اُسے آگاہ کیا اور کہا کہ فرار کرو۔ چنانچہ وہ بھاگ گیا اور خلیفۂ وقت سے جان اپنی بچائی واللہ اعلم بالصواب پس جہاں جہاں صحف انبیاء میں لفظ בַּת צִיּוֹן بث صیون واقع ہے یعنی بنت صہیون اُس سے مقصود روحانیت زحل ہے کہ وہی حامی دین یہود ہے اور کہیں בַּת יְרוּשָׁלִַם بث یروشالائم یعنی بنت اورشلیم بھی واقع ہے مقصود وہی ہے

Marfat.com

جب اس قدر ممہد ہوا تو لکھتے ہیں (اشعیا باب ۵۲) עוּרִי עוּרִי לִבְשִׁי
עֻזֵּךְ צִיּוֹן לִבְשִׁי בִּגְדֵי תִפְאַרְתֵּךְ
יְרוּשָׁלַםִ עִיר הַקֹּדֶשׁ כִּי לֹא
יוֹסִיף יָבֹא־בָךְ עוֹד עָרֵל
וְטָמֵא׃ عوری عوری لبشی عزخ صیئون لبشی بغدی
تفاریح یروشالایم عیر ہقودش کی لو یوسیف یابو باخ عود عاریل وطامی
(ترجمہ) بیدار ہو بیدار ہو۔ پہن اپنا جلال اے صہیون پہن اپنے جمال کے کپڑے اے اورشلیم پاک شہر اب تجھ میں نامختون اور نجس نہ آئے گا خبر ہی نسبت بیت المقدس کی کہ یہ مسجد پھر آباد ہوگی اور اُس میں نماز پڑھی جائے گی اور جلال و جمال یزدان پاک وہاں نازل ہوگا اور پھر اُس پر قبضہ نامختون و ناپاک کا نہ ہوگا نامختون سے جملہ اقوام بت پرست و نصاریٰ مقصود ہیں جن کا ختنہ نہیں ہوتا اور نجس سے مقصود یہود ہیں جن کی طرف جا بجا صحف انبیاء میں نجاست کی نسبت ہوئی ہے حزقیل کی باب ۲۲ کے ۴ آیت دیکھو یہ نسبت بوجہ اُن کی کفران و اصنام پرستی و سحر سازی و فسق و قتل و خونریزی و فریب و دغابازی سے واقع ہوئی۔ مقصود یہ ہے کہ خوش ہوا ے بیت المقدس کہ اب تجھ پر کسی قوم بت پرست اور یہود و نصاریٰ کا قبضہ نہ ہوگا چنانچہ جب سے اہل اسلام کے قبضہ میں آیا پھر کسی قوم کا قبضہ اُس پر نہ ہوا مسلمانوں کی طہارت ظاہر و باطن میں کچھ شبہ نہیں اُن کا مذہب ہر قسم کے اوہام و شکوک سے پاک ہے اجنہ و روحانیات کے کچھ بھی عظمت نہیں جادو سحر سے مبرا ہیں۔ قال اللہ تعالیٰ ھُوَ الَّذِیْ بعث فی الامیین رسولاً منھم یتلوا علیھم اٰیتہٖ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین (ترجمہ) وہی ہے جس نے بھیجا ان پڑھوں میں رسول اُن میں سے جو پڑھتا ہے اُن پر اُس کی آیتیں اور پاکیزہ کرتا ہے اُن کو اور سکھاتا ہے

Marfat.com

آنھیں کتاب وحکمت اگرچہ وہ پہلے بڑی گمراہی میں تھے۔ مقصود یہ ہی کہ وہ رسول بھی اَن پڑھ ہی۔ اگرچہ اُس کو علم اولین وآخرین سب کچھ دیا گیا تھا وعلمناہ من لدنا علما یعنی اُس کو جملہ علوم بلااکتساب حاصل ہیں کہ یہی شان انبیا ہی اور نیز اُس میں اشارہ ہی حضرت موسیٰ کی پانچویں کتاب کے ۱۸ باب کی طرف کہ اُس میں وعدہ تھا کہ تم میں سے تمھارے بھائیوں میں سے موسیٰ کا سا نبی بھیجوں گا پس اس آیت میں خدا یاد دلاتا ہے کہ وہ وعدہ ہم نے پورا کیا یتلوا علیھم ایٰتہ سے یاد دلاتا ہی۔ اُس وعدہ کو جو سِفر موسیٰ میں گزرا کہ ہمارا کلام مینھ کی طرح نازل ہوگا اور پاکیزہ کرتا ہی آنھیں یعنی عیوب نفسانی سے پاک کرکے فضائل انسانی اُن میں بھر کر اُن کو ستھرا بناتا ہی اور کتاب سے مقصود عالم مثال ہی جس میں تمامی کلیات عالم موجود ہیں اُس کی تعلیم سے مقصود وہاں کی سیر ہے۔ کلی سے مطلب ہمارا کلی منطقی نہیں بلکہ اصل اُس کی جو اس عالم میں موجود اور یہ عالم اُس کا پرتو ہی۔ بیان اُس کا بہت طولانی ہی اور یہی انسان کی دانش وکمال ہی کہ اُس عالم کی سیر کرے۔ وقبل بعثت پیغمبر کے تمام دنیا ضلالت میں تھی اصنام پرستوں کی ضلالت تو ظاہر ہی اور یہود کی ضلالت سے صحف انبیا ربہ ریز اور نصاریٰ کی تثلیث اُن کی گواہ ہی۔ پیغمبر نے فرمایا ہی المومن لاینجس اور مسلمان مختون بھی ہوتے ہیں بخلاف نصاریٰ کے کہ اُن کے یہاں ختنہ نہیں فاعتبروا یا اولی الابصار۔ ۲ آیت میں اس کی تاکید ہے * [Hebrew text]

ہِتنَعرِی مِعَافَار قُومِی شِبِی یرُوشَالایِم ھِتپَتحِی مُوسرِی صَوَّاریخ شِبیَّا بَتْ صِیُّون (ترجمہ) بدن جھاڑکے خاک سے اُٹھ اے اور شلیم توڑ ماری پھول دی اپنی گردن کے طوق اے بیت المقدس ویران [Hebrew text]

Marfat.com

אָמַר יְהוָה חִנָּם נִמְכַּרְתֶּם וְלֹא בְ
כֶסֶף תִּגָּאֵלוּ:

کی کو آمر یہوا حنّام نمکرتم ولو بخسف تگا ئیل : (ترجمہ) خدانے یوں فرمایا کہ تم لوگ مفت فروخت ہوئے روپیہ سے آزاد نہ ہوگے)۔ یہ حکایت بخت نصر کے زمانہ کی ہے جب بنی اسرائیل اسیر ہوگئے اُس کی غلامی میں تھے تو وہ مفت فروخت ہوئے اور اُن کی آزادی روپیہ سے ممکن نہ تھی کیونکہ اُن کی غلامی کی وجہ کفران و معصیت تھی تو آزادی کی صورت توبہ و ایمان سے نظر آتی وہی خدا یہاں ہدایت کر رہا ہے۔ پھر کہتا ہے :

כִּי כֹה אָמַר אֲדֹנָי יְהוִה מִצְרַיִם
יָרַד עַמִּי בָרִאשֹׁנָה לָגוּר שָׁם וְאַשּׁוּר
בְּאֶפֶס עֲשָׁקוֹ: וְעַתָּה מַה-לִּי פֹה
נְאֻם-יְהוָה כִּי-לֻקַּח עַמִּי חִנָּם-
מֹשְׁלָיו יְהֵילִילוּ נְאֻם יְהוָה וְתָמִיד
כָּל הַיּוֹם שְׁמִי מִנֹּאָץ: לָכֵן יֵדַע
עַמִּי שְׁמִי לָכֵן בַּיּוֹם הַהוּא כִּי-אֲ
נִי הוּא הַמְדַבֵּר הִנֵּנִי:

کی کو آمرہ ادنای یہوا مصرایم یارد عمّی باریشونا لاغور شام واشّور باقس عشاقو وعتّا مالی پہ نام یہوا کے لقح عمّی حنّام مشالاؤ یہیلیلو نام یہوا وتامید کُل ھیوم شمی منوّاص : لاخین یدع عمّی شمی لاخین بیوم ھھوا کی انی ہو ھمدبیرّ ھیننی (ترجمہ) خدا ہمارے مالک نے یوں فرمایا ہے کہ ہماری قوم اولاً مصر میں اُتری وہاں اقامت کے لیے پھر عراق میں انتہائی ظلم سے اب ہمارا کیا ہے جب ہماری قوم مفت ماخوذ ہوئی اُس کے حکام بہائم صفت تڑپنے لگے

Marfat.com

اُن دنوں ہمیشہ ہمارا نام متروک رہے گا لیکن ہماری قوم سمجھے گی ہمارا نام اُس دن کہ میں
وہی ہوں جو اس وقت گفتگو کر رہا ہوں حضرت اشعیا بموجب وحی کے کہہ رہے ہیں کہ اولاً
بنی اسرائیل ملک مصر میں آ اترے کہ وہاں اقامت گزیں ہوں یعنی زمان حضرت یعقوبؑ میں کہ
چارسو برس تک مصریوں کی غلامی میں رہے پھر جب حضرت موسیٰؑ کے وقت میں وہاں سے بدقت تمام
نکل کر ارض کنعان میں پہونچے پھر انتہائی ظلم سے قید بابل میں پھنسے اور آزاد ہوئے بزمان
عزرا و دانیال لیکن پھر وہی کردار اختیار کرکے ماخوذ ہوئے تو اب ہمارا بیان کیا ہے - جب
ہماری قوم مفت یعنی بوجہ کفران و معصیت کے ماخوذ ہوئی اُس وقت اُس کے حکام یعنی نصاریٰ
بہائم صفت تڑپتے ہیں اور ہمارا نام بالکل متروک ہے یہاں تک سرگزشت بنی اسرائیل کی
تازمان ہمارے پیغمبر کے جو ضروری الوقوع تھے بیان کرکے رجوع کیا زمان پیغمبر کی طرف
اور کہتا ہے کہ ہماری قوم ہمارا نام اُس وقت سمجھے گی یعنی بزمان پیغمبر آخرالزمان جب سے
بیت المقدس پر قبضہ نامختون ونجس کا نہ ہوگا کہ میں وہی ہوں جو اس وقت اشعیا سے گفتگو
کر رہا ہوں مقصود یہ ہے کہ اس پیغمبر کے وقت میں بلحاظ معجزات و آیات بینات و تعلیمات حقہ بنی اسرائیل
کو سمجھنا چاہیے کہ اس پیغمبر کے ساتھ میں ہی ہوں یہ وہم اُن کو نہ خراب کرے کہ بنی اسمٰعیل میں
نبی نہیں ہو سکتا۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

מַה-נָּאווּ עַל הֶהָרִים רַגְלֵי מְבַשֵּׂר
מַשְׁמִיעַ שָׁלוֹם מְבַשֵּׂר טוֹב מַשְׁמִיעַ
יְשׁוּעָה אֹמֵר לְצִיּוֹן מָלַךְ אֱלֹהָיִךְ:

مانا یُوعَل ہِہاریم رِغلی مِبَسّر مَشْمِیع شالوم مِبَسِّر طوب مَشْمِیع یِشوعا اومیر
لِصِیّون مالخ الوہایخ (ترجمہ) کیا ہی جم گئے پہاڑوں پر قدم بشیر کے سلام سنانے والے
کے بشیر فلاح مخبر بہ نجات کے جو کوہ بیت المقدس سے کہے گا کہ حکومت تیری معبود کی ہوئی
بشیر لقب ہے ہمارے پیغمبر کا کیونکہ آپ بشارت جنت کی دیتے تھے۔ ایمان داروں کو اور

Marfat.com

عذاب آخرت سے ڈراتے تھے ما انا الّا بشیر وّنذیر: اب خدا کہتا ہی کہ اس بشیر کے پاؤں پہاڑوں پر کیسے جم گئے یعنی اُس کی شریعت کبھی منسوخ نہ ہوگی اور نہ اُس کی حکومت بیت المقدس سے جائے گی جیسا اوپر اُس کا بیان ہو چکا ہی سلام سُنانے سے مقصود یہ ہی کہ اب انسان کے بعد الموت سالم رہنے کی تدبیر بتاتے تھے۔ من آمن باللہ والیوم الاٰخر فلا خوف علیھم ولا ھم یحزنون علاوہ برین اذان میں پانچ وقت حی علی الفلاح لوگوں کو سنایا جاتا ہی۔ علاوہ برین مسلمانوں میں السّلام علیک کہنا سنت ہی۔ ان سب باتوں کی طرف سلام سنانے سے اشارہ کرتا ہی ایسا ہی ناحوم نبی کی کتاب میں مذکور ہی اُسے ہم اس کے بعد تائیداً لکھیں گے انشاء اللہ تعالیٰ

קוֹל צֹפַיִךְ נָשְׂאוּ קוֹל יַחְדָּו יְרַנֵּנוּ כִּי עַיִן בְּעַיִן יִרְאוּ בְּשׁוּב יְהוָה צִיּוֹן׃

قوٗل صوٗفیخ ناسوٗ قوٗل یحدا و یرننوٗ کی عین بعین یرؤ بشوٗب یہوا صیوٗن۔ صوٗفِہ اصل میں یہ لفظ اُس پر بولا جاتا ہی جو منارہ پر بیٹھا رہے اس غرض سے کہ حوادث کی خبر دے لیکن اطلاق اس کا نبی پر ہوتا ہی کیونکہ وہ بھی غیب کی خبر دیتا ہی۔ (ترجمہ) کلام تیرے نبی کا اُٹھالیں گے اور ایک زبان ترنم کرینگی جب بالمشافہہ رجعت الٰہی بیت المقدس کی طرف دیکھیں گے) یہ حال صحابہ و جماعت مسلمین کا بیان ہوا ہی کہ وہ لوگ کلام موسیٰ کا اُٹھالیں گے یعنی اُس کی تصدیق کریں گے اور اُس کے اکثر احکام پر عمل ہوگا جیسے خدا پرستی اور جادو سحر سے اجتناب۔ نجوم و تطیر و رمل و قیافہ و فال گوئی، اوہام باطلہ سے احتراز و حلال و حرام میں امتیاز طہارت و پاکی و حج و زکوٰۃ و صوم و صلوٰۃ و قربانی و ذبح و ختنہ وغیرہ توراۃ و قرآن کے احکام بہت ملتے ہیں البتہ بعض بعض احکام منسوخ ہوئے ہیں ایک زبان ترنم کرنے سے مقصود نماز جماعت ہی یعنی وہ لوگ جماعت

Marfat.com

کی نماز پڑھیں گے جماعت کی نماز کا یہ طور کبھی نہ تھا۔ اور خدا کی رجعت بیت المقدس کی طرف اس سے مقصود واقعہ معراج ہے جب آنحضرت بیت المقدس میں تشریف لے گئے تھے۔ بیت المقدس تک تشریف لے جانا آپ کا منصوص ہے۔

واقعۂ معراج

اب ہم کو یہاں کچھ واقعۂ معراج لکھنا ضرور ہے۔ معراج کے اصل معنی ہیں سلّم و نردبان و سیڑھی و عروج۔ لیکن مقصود معراج انبیاء سے انتہائی کمال انسانی ہے۔ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ روح انسانی میں دو وصف ہیں۔ ادراک و تصرف۔ اس میں جملہ ارواح متساوی ہیں۔ چنانچہ آنحضرت نے فرمایا ہے وانا بشر مثلکم یعنی نفس الادراک و تصرف میں تم لوگ میرے شریک ہو لیکن ارواح ان دونوں وصفوں میں بحسب شدت و ضعف متفاوت ہیں۔ ارواح انبیاء ان دونوں صفت میں درجۂ اعلیٰ میں ہوتی ہیں کہ کسی بشر کی روح اُس درجہ کو نہیں پہونچتی پس انبیاء کا منتہائے کمال کہ جو اُن کے لئے ممکن ہے پہونچنا یہی معراج ہے لیکن بمجرد نبوت یہ درجہ اُن کو حاصل نہیں ہوتا جب اُس درجہ کو پہونچتے ہیں تو اُن کی نبوت تام و مکمل ہو جاتی ہے۔ عالم ملکوت اُن پر آشکارا ہو جاتا ہے۔ قال اللہ تعالیٰ۔ وَكَذٰلِكَ نُرِيٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یہ اُن کو بعد المعراج حاصل ہوا۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔ آنحضرت کو فرمایا لنریہ من آیاتنا اور تصرف سے بڑے بڑے معجزات ظاہر ہوتے ہیں اور پانی اور ہوا پر چلنے کی قوت غیر انبیاء کو بھی حاصل ہوتی ہے گو اُس درجہ کی نہ ہو۔ اس کے امکان میں تو کوئی شبہ نہیں۔ استحالہ کی کوئی وجہ نہیں۔ حضرت الیاس سے جب ملکہ ایزبل نے کہا کہ کل میں تم کو قتل کروں گی۔ وہ وہاں سے جا کر ایک مقام پر سو رہے۔ فرشتہ نے آکر جگایا اور روٹیاں اور پانی دیا کہ کھاؤ پھر وہ کھا پی کے سو رہے پھر فرشتہ نے آکر جگایا اور روٹیاں اور پانی دیا کہ کھاؤ اور پیو تم کو مسافت بعید قطع کرنا ہے اُس کی تاثیر سے وہ

Marfat.com

چالیس دن رات کی راہ طے کرکے کوہ طور پر پہونچے یہ اُن کی معراج تھی - یہ قصہ سلاطین اول باب ۱۹ میں بھی مذکور ہے - حضرت الیاس میں یہ قوت بہت شدید تھی جہاں چاہتے تھے فوراً پہونچ جاتے تھے جیسا سیاق کلام کتاب مذکور سے سمجھا جاتا ہے - جب راجہ داہیر بمقابلہ محمد ابن قاسم مارا گیا تو برہمنوں نے اُس کی نعش کو چھپا دیا اور مشہور کیا کہ راجہ لنکا گیا ہے وہاں سے فوج جرار لے کر آئے گا جب اس کو بہت دن گزرے تو راجہ داہیر کا بیٹا بہت تنگ ہو کر وہاں ایک جوگن رہتی تھی اُس کے پاس گیا اور راجہ داہیر کا حال پوچھا کہ وہ لنکا میں ہے یا نہیں جوگن نے کہا کہ اس کا جواب کل دوں گی - صبح کو میرے پاس آنا - جب صبح کو وہ اُس جوگن کے پاس گیا تو اُس نے ایک تازہ ٹہنی ایک درخت کی جو خاص سرندیپ میں ہوتا ہے نکالی اور کہا کہ میں رات بھر میں تمام لنکا گھوم آئی وہاں راجہ نہیں ہے - یہ شاخ میرے تصدیق کی گواہ ہے اب دیکھو کہ وہ جوگن رات بھر میں سمندر طے کر کے گئی اور لنکا سے لوٹ آئی - ذوالنون مصری نے لکھا ہے کہ میں جہاز پر سوار جاتا تھا اُس جہاز میں ایک درویش بھی چڑھا تھا میرا جی بے اختیار چاہتا تھا کہ اُس سے کچھ بات کروں لیکن اُس کے رعب سے کچھ بول نہیں سکتا تھا - اتفاقاً اہل مرکب میں سے کسی کا ایک جوہر بیش قیمت گم ہوا - ناخدا نے سب کی تلاشی لینی شروع کی - یہاں تک کہ نوبت اُس درویش تک پہونچی - جب اُس سے ناخدا نے تلاشی کے لئے کہا اُس نے اپنے سب کپڑے دکھا دیئے جوہر نہ ملا بعد اُس کے درویش سمندر میں اُتر پڑا اور مثل خشکی کے روانہ ہوا - یہاں تک کہ اہل مرکب کے نظر سے غائب ہو گیا واللہ اعلم کہاں گیا - الحی مصرعہ

کہ ابدال در آب و آتش روند

ایک مرتبہ رابعہ بصری اور ایک درویش ساتھ کہیں جاتے تھے - جب ظہر کا وقت ہوا تو درویش نے وضو کر کے اپنی جانماز پانی پر بچھا کر نماز پڑھنے لگا - رابعہ بصری یہ دیکھ کر اپنا مصلّٰی ہوا پر بچھا کر نماز پڑھنے لگیں - بعد انفراغ رابعہ بصری نے کہا کہ

پانی پر چلنا خواہ ہوا پر موجب فخر نہیں پانی پر جملہ حیوانات آبی چلتے ہیں اور ہوا پر مکھی بھی چلتی ہے۔ حضرت یونس کے قصہ کو لحاظ کرو کہ مچھلی کے پیٹ میں تین دن تین رات رہے اور مچھلی کے پیٹ کی آگ نے اُن پر کچھ اثر نہ کیا۔ بالآخر مچھلی نے اُن کو اُگل دیا۔ وہاں سے نینوا تین دن کی راہ تھی حضرت یونسؑ نے اُسے دن بھر میں طے کیا۔ ان سب حکایات کی معاندین بلا وجہ اپنے قصور نظر سے تکذیب کریں گے۔ واضح ہو کہ حرکت و سکون خواص جسم سے ہے لیکن اجسام سرعت و بطوء میں متفاوت ہیں حرکت اولیٰ جس سے طلوع و غروب ہوتا ہے نہایت سریع ہے کہ جتنی مدت زمانہ میں لفظ دو حرفی یعنی سبب خفیف جیسے قل بل بسرعت تمام ادا ہوتے ہیں اُتنی دیر میں اجسام اُس حرکت سے دو ہزار میل سے زیادہ قطع کرتے ہیں حرکات کواکب کو لحاظ کرو۔ کوئی سریع ہے اور کوئی بطی۔ قمر کیسا سریع السیر ہے اور زحل بطی عناصر بھی بعض سریع ہیں بعض بطی حیوانات میں بھی بعض سریع الحرکۃ ہیں اور بعض بطی الحرکۃ پس سرعت و بطوء حرکت کی کوئی علت ہوگی وہ علت جسمیت نہیں ہوسکتی کیونکہ کبھی چھوٹا جسم حرکت سریع کرتا ہے وبالعکس منشاء اس کا بظاہر قوت و ضعف محرک ہے اور محرک حرکات ارادیہ میں نفس مجردہ ہوتی ہے جس کی قوت گھٹتی بڑھتی ہے۔ دیکھو جنین رحم میں دودی حرکت کرتا ہے۔ پھر اُس کی حرکت کسی قدر زیادہ ہوجاتی ہے پس اگر نفس ناطقہ میں وہ قوت آجاوے جو موکل ہوا میں ہے تو وہ بدن کو ہوا کی طرح حرکت دے سکے گی۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔ یہ امر محال نہیں پس ہر جسم ہر جسم کی حرکت کرسکتا ہے نا ممکن نہیں فقط۔ اگرچہ انبیاء کو اپنے استکمال میں حاجت اکتساب نہیں تاہم قطع علائق جسمانی میں کچھ کچھ تفکر کرنا پڑتا ہے قال اللہ تعالیٰ وتبتل الیہ تبتیلا یعنی اُسی کا ہو رہ۔ چنانچہ آنحضرت صلعم نے اولاً عزلت و گوشہ نشینی حرا میں اختیار کی کہ دفعۃً جبرئیل وہاں آئے اور آپ کو زور سے گود میں دبایا جس کے اثر سے تعلقات جسمانی مضمحل ہوگئے اور آپ کو اقرأ باسم ربك الذی خلق پڑھا کے نبی کردیا پھر تو وحی نازل ہونے لگی۔ پھر لیلۃ الاسراء میں آپ کی نبوت کامل و مکمل ہوگئی اور آپ اس جسم سے بہ تحریک

Marfat.com

روحانی بیت المقدس تک تشریف لے گئے جس کی حکایت سورہ بنی اسرائیل میں نازل ہی:
سُبحَانَ الَّذِی اَسریٰ بِعَبدِہٖ لَیلاً مِّنَ المسجد الحَرَام الی المسجد الاقصے
الَّذی بارکنا حولہ لنریہ من آیتنا انہ ھو السمیع البصیرہ

(ترجمہ) کیسا پاک ہی وہ جو لے گیا اپنے بندے کو ایک رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جس کے گرداگرد ہم نے برکت دی اپنی آیات دکھانے کے لئے وہی سمیع و بصیر ہی) اَلَّذِی سے مفسرین کہتے ہیں کہ مسجد اقصیٰ مراد ہی۔ میرے نزدیک اَلَّذِی سے مراد وہی عبد ہی یعنی مسجد اقصیٰ تک لے گیا اُس بندہ کو جس کو برکت دی یعنی کامل و مکمل کر دیا اپنی آیات ظاہر کرنے کے لئے اگر حول کے معنی قوت کہیں تو نہایت مناسب ہی ۲۱ درجہ ۴۰ دقیقہ عرض مکہ معظمہ ہی اور ۳۱ درجہ ۵۰ دقیقہ بیت المقدس کا عرض ہی۔ فاصلہ درمیانی ۱۰ درجہ ۱۰ دقیقہ ہی ایک درجہ ارضی ۶۶ میل دو ثلث میل ہوتا ہی پس فاصلہ درمیانی کعبہ و بیت المقدس قریب سات سو میل کے ہی جسے آپ نے چند منٹ میں طے کیا یہ آپ کے کمالات روحانی سے تھا۔ ظاہر عبارت قرآن دلالت کرتی ہی کہ آپ خود وہاں تشریف لے گئے نہ براق تھا نہ کوئی سواری یہی کمال نفس ناطقہ ہی۔ ایک مرتبہ لوگوں نے کہا کہ حضرت عیسیٰ پانی پر چلتے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر تمھارا یقین بڑھے گا تو تم ہوا پر چلو گے۔ قریش سے جب آپ نے یہ واقعہ بیان کیا تو اُنھوں نے تکذیب کے اور نشانات بیت المقدس کے پوچھنے لگے آپ نے ایک ایک نشان بیت المقدس کے بیان کئے بلکہ ایک قافلہ مکہ کا جو اثنا راہ میں تھا اُسے بھی بیان کر دیا کہ اتنی دور ہی۔ تب وہ غایت تعجب سے بولے ھذا سحر مبین جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہی صحیحین میں کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ جب جھٹلایا مجھے قریش نے تو میں کھڑا ہوا حجر میں جو ایک مقام ہی کعبہ میں پھر تو خدا نے بیت المقدس کو مجھ پر آشکار کر دیا اور میں نے اُس کے ایک ایک نشان بیان کر دی اور میں بیت المقدس کو دیکھ رہا تھا۔ یہ حدیث متفق علیہ ہی۔ چونکہ آپ تھوڑی ہی دیر کے واسطے وہاں تشریف لے گئے تھے تو احتمال تھا

Marfat.com

کہ شاید بیان آیات میں کچھ فرق واقع ہو اس لئے خدا نے بیت المقدس کو آپ کی نظروں کے سامنے کر دیا اور جملہ سوالات کفار کے آپ نے جواب دیئے۔ اس سے تکمیل ادراک ثابت ہے۔ جیسا وہاں جانے سے تکمیل تصرف کہ یہی معنی معراج ہیں چونکہ حضرت اشعیا کی معرفت اس آیت میں آنا پیغمبر کا بیت المقدس میں موعود تھا اور اُس پر ایمان لانا باعث فلاح یہود بیان ہوا تھا اس لئے خدائے عزوجل کمال شفقت سے بذریعہ اس آیت کے جو سورۂ بنی اسرائیل کے اول ہی میں واقع ہے جتاتا ہے کہ وہ وقت آگیا وہ نبی بیت المقدس میں گیا تم لوگ اُس پر ایمان لا کے فائز المرام ہو۔ اُس کے بعد ہی خدا اپنے وعدوں کو بیان کرتا ہے جو کچھ بنی اسرائیل کے ساتھ ہوا تھا۔ یہ معراج پیغمبر کو نبوت سے پندرہ مہینے پر ہوا تھا اور ایک حکایت آپ نے آسمانوں پر سیر کرنے کی فرمائی وہ ماجرا دوسرا ہے جس کی روایت صحیح مسلم و بخاری میں انس ابن مالک سے بہت بسط و تفصیل سے مذکور ہے لیکن علمائے حدیث نے دونوں کو ایک میں ملا دیا۔ یہ واقعہ ہجرت سے ایک سال پیشتر واقع ہوا۔ ۲۷ ربیع الثانی کو جیسا کہ حربی کہتا ہے اور زہری کا بیان یہ ہے کہ ہجرت سے آٹھ برس پیشتر کا یہ ماجرا ہے۔ زہری کا قول اقرب بصواب ہے کیونکہ اس اسرا میں نماز فرض ہوئی اور اُس میں اتفاق ہے کہ حضرت خدیجہؓ نے آنحضرت کے ساتھ نماز پڑھی ہے اور وفات خدیجہؓ ہجرت سے پانچ برس پیشتر ہوئی اور آنحضرت مکہ میں بعد النبوۃ تیرہ سال رہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ اسرا نبوت سے پانچ برس بعد ہوا یعنی ہجرت سے آٹھ برس پہلے۔ اسی کو نووی نے شرح مسلم میں پسند کیا اس اختلاف کا باعث یہی ہے کہ اسرا دو مرتبہ ہوا۔ اسرا بیت المقدس جو نبوت سے پندرہ ماہ بعد ہوا اسرا سموات جو نبوت سے پانچ برس بعد ہوا۔ انس ابن مالک اس حدیث کی روایت مالک بن صعصعہ اور ابو ذر سے کرتے ہیں پس اصل راوی اس کے دو صحابی جلیل القدر ہیں غالباً انس ابن مالک نے خود آنحضرت سے نہیں سنا ہے اور روایات جو بخاری و مسلم میں مذکور ہیں اُن میں کچھ کچھ اختلاف بھی ہے قدر مشترک یہ ہے کہ آپ مکہ میں

Marfat.com

تھے درمیان نوم ویقظہ کے کہ مکان کی چھت پھٹ گئی اور فرشتہ آیا اور صدر مبارک کو شق کیا اور پھر بدستور کیا اور آپ کو براق پر سوار کرکے آسمانوں پر لے گیا۔ وہاں انبیا علیہم السلام سے ملاقات ہوئی اور بہت عجائبات آپ نے مشاہدہ فرمائے۔ پھر وہاں اُمت پر پچاس وقت کی نماز فرض ہوئی۔ لیکن حضرت موسیٰ کے مشورہ سے آنحضرتؐ کی درخواست پر پانچ وقت کی رہ گئی۔ چونکہ بادی النظر میں اس جسم خاکی کا جانا افلاک پر مستبعد ہے اس لئے اہل نظر نے اس میں بحث کی ہے کہ یہ واقعہ خواب میں تھا یا بیداری میں اکثر فقہاء و محدثین اور متکلمین کہتے ہیں کہ آپ نے جسد مبارک سے آسمانوں کی سیر کی تھی اور جو کچھ دیکھا وہ اسی آنکھ سے دیکھا اور بہت لوگوں کی رائے یہ ہے کہ یہ سب خواب میں تھا چنانچہ حضرت عائشہ کا بھی یہی مذہب تھا بچند وجوہ اولاً تو بعض روایت میں ہے کہ اُس وقت میں بین النائم والیقظان تھا یعنی کچھ سوتا تھا اور کچھ جاگتا تھا۔ اس سے سمجھا جاتا ہے کہ آپ بالکل بیدار نہ تھے۔ امام نووی نے اس کا جواب دیا ہے کہ یہ حالت فرشتہ کے آنے سے پہلے تھی بعد آنے ملک کے آپ بیدار ہوئے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ سورۂ بنی اسرائیل میں وارد ہے: وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ (ترجمہ) ہم نے اُس خواب کو جو تجھے دکھایا لوگوں کے لئے فتنہ یعنی امتحان بنایا۔ یہ آیہ مکی ہے اس سے ظاہر ہے کہ یہ معراج خواب میں تھا۔ اور اُس کو دوسرے خواب پر بھلانا تکلف بے فائدہ ہے۔ انبیاء کے خواب ہم لوگوں کے سے نہیں ہوتے وہ تو نبوت کا ایک جز ہوتا ہے۔ صحیح بخاری میں عکرمہ سے روایت ہے کہ عبداللہ ابن عباس نے اس رویا کے معنی آنکھ کا دیکھنا کہا ہے جو پیغمبر خدا کو دکھایا گیا اُس رات کو جب آپ بیت المقدس میں گئے تھے۔ رویا کے معنی رویت کے کم آئے ہیں حریری وغیرہ اہل لسان کو انکار ہے کہ رویا آنکھ کے دیکھنے کا مصدر نہیں آیا ہے اُس کا مصدر رویت ہے لیکن جب عبداللہ ابن عباس رویا کے معنی رویت فرماتے ہیں تو اُن کے سامنے حریری وغیرہ کا قول معتبر ہو نہیں سکتا۔ عبداللہ ابن عباس فصحائے عرب سے تھے

Marfat.com

گو اہل لغت رویا کے معنی رویت کے نہیں لکھتے جو کچھ ہو اگر رویا کے معنی رویت کے ہوں تو بوجہ تخصیص اسراء کی آیت دلالت کرے گی کہ تا بیت المقدس آپ اس جسم سے تشریف لے گئے اور عجائبات بیت المقدس آنکھ سے مشاہدہ فرمائے۔ جیسا کہ اسریٰ بعبدہ سے بیت المقدس تک جانا اس جسم سے ثابت ہی قریش کے انکار سے بھی نکلتا ہی کہ آپ نے بیت المقدس تک جانا اس جسم سے فرمایا۔ اس لئے قریش نے انکار کیا اور نشانات بیت المقدس پوچھے۔ اگر آپ نے خواب فرمایا ہوتا تو انکار نہ ہوتا اور نہ وہ کفار کو مستبعد تھا اور نشانات بیت المقدس پوچھنا اور بیان کرنا دلالت کرتا ہی کہ آپ نے وہیں کا جانا بیان فرمایا جیسا آیات سے نکلتا ہی۔ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے

سمعت رسول اللہ صلعم یقول لما کذبنی قریش حین اسری لی الی بیت المقدس قمت فی الحجر فجلی اللہ بیت المقدس فطفقت اخبرھم عن اٰیتہ وانا انظر الیہ جابر بن عبد اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے پیغمبر کو فرماتے سنا ہی کہ جب قریش نے مجھے جھٹلایا جب میں بیت المقدس ہوچکا گیا تو کھڑا ہوا میں حجر میں تو خدا نے بیت المقدس کو ظاہر کر دیا تو میں اُس کے نشانات بیان کرنے لگا۔ اس سے بھی ظاہر ہی کہ قریش نے بیت المقدس جانے کی تکذیب کی اور اُسی کے نشانات پوچھے۔ اس سے نکلتا ہی کہ آپ نے بیت المقدس ہی جانے کا اظہار کیا تھا۔ ابو سلمہ سے روایت ہی افتتن ناس (یعنی عقیب الاسراء) فجاء ناس الی ابی بکر رضی اللہ عنہ فذکروا لہ فقال اشھد وانہ صادق فقالوا او تصدقہ انہ اتی الشام فی لیلۃ واحدۃ ثم رجع الی مکۃ قال نعم اصدقہ بابعد من ذلک اصدقہ بخبر السماء قال فسمی بذلک الصدیق (ترجمہ) فتنہ میں پڑے لوگ یعنی بعد اسراء کے تو کچھ لوگ ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور اُن سے ذکر کیا تو کہا کہ سچ مانو اُنھوں نے کہا تو تصدیق کرتا ہے کہ وہ ایک رات میں شام گیا اور مکہ لوٹا۔ کہا ہاں میں اس سے بھی مستبعد بات اُس کی

Marfat.com

مانتا ہوں اُس کی آسمانی خبر کی بھی تصدیق کرتا ہوں۔ کہا اسی سے اُس کا نام صدیق ہوا۔
اس حدیث کی روایت بیہقی و ترمذی و نسائی وغیرہ میں ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ آنحضرت نے
بیت المقدس ہی جانا قریش سے بیان فرمایا تھا اُسی کا استبعاد یہاں مذکور ہے۔ الغرض احادیث
مذکورہ سے ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت آنحضرت نے اپنا جانا بجسدہ تا بیت المقدس فرمایا تھا
جس کی تکذیب قریش نے کی اور نشانات پوچھے۔ آپ نے نشانات بیان کرکے ثابت کردیا
لیکن یہ معنی عبداللہ ابن عباس نے اپنی رائے سے کہے ہیں۔ رؤیا کو اریناک کا مفعول
کہنے میں دقت ہے معنی بلا تاویل درست نہیں ہوتے تاہم خیال کرنا چاہیئے کہ عبداللہ ابن عباس
نے رؤیا کے معنی رویت عین کے تو فرمائے لیکن نہ خاص کیا اُس رویت کے ساتھ جو
جو آپ نے اسرار بیت المقدس کی شب کو دیکھا۔ اس سے یہ بات نکلتی ہے کہ اسرار دو مرتبہ
ہوا ایک اسرار بیت المقدس جس میں آیات آپ نے آنکھ سے دیکھیں اور ایک دوسرا
اسرار جس کا ذکر سورۂ نجم میں ہے تو بالضرور اُس میں جو رویت ہوئی وہ اس آنکھ سے نہیں ہوئی
کیونکہ اس رویت کو خاص کیا اسرار بیت المقدس کے ساتھ اور یہ کہنا کہ جس رات کو آپ
بیت المقدس میں تشریف لے گئے اُسی شب کو آسمانوں پر بھی گئے، روایات صحیح مسلم و بخاری
کے خلاف ہے کیونکہ جملہ روایات میں آسمان ہی پر جانے کا بیان ہے۔ بیت المقدس میں جانے کا
کچھ ذکر نہیں ہے۔ سوائے روایات ثابت بنانی کے جو صحیح مسلم میں ہے سو اُس روایت میں
یہ بھی ہے کہ دودھ و شراب کے پیالے بیت المقدس میں آئے تھے کہ یہ جملہ روایات کے
خلاف ہے۔ جملہ روایات میں یہ ہے کہ یہ پیالے آسمان پر آئے تھے۔ اُس میں یہ بھی لکھا ہے کہ
براق ہم نے بیت المقدس کے حلقہ میں باندھ دیا تھا۔ حالانکہ اُس کے باندھنے کی ضرورت
نہ تھی جبرئیل تو ساتھ میں تھے۔ اس لیے ضرور ہے کہ اس روایت میں کسی راوی سے
خلط واقع ہوا۔ واضح ہو کہ رویت سے مقصود کبھی رویت عین ہوتی ہے اور کبھی رویت قلب
رویت عین آنکھ کا دیکھنا ہے خواہ وہ خواب میں ہو خواہ بیداری میں۔ خواب میں جو

Marfat.com

اشیاء نظر آتی ہیں وہ بذریعہ بنطاشیا کے نظر آتی ہیں۔ بنطاتیا جسے حس مشترک بھی کہتے ہیں وہ ایک قوت ہی جو حواس خمسۂ ظاہری کا کام کرتی ہی وہ خواب میں کام کرتی ہی بیداری میں بند رہتی ہی پس من حیث العمل وہ باصرہ وسامعہ ولامسہ و ذائقہ وشامہ سب کچھ ہی بہت ریاضت سے وہ قوت بہت قوی ہوجاتی ہی اور جاگنے میں بھی کام کرتی ہی اس لئے ارباب ریاضت کے نزدیک مسافات بعیدہ کی چیزیں مکشوف ہوجاتی ہیں لیکن یہ کشف مخصوص بالمحسوسات ہی اور روییت قلب متعلق بالمعقولات ہی۔ اس روایت سے انکشاف عقول ونفوس ناطقہ و تصدیق قضایا ہوتا ہی جب یہ انکشاف علم حضوری کی شبیہ ہوجائے۔ ایسی حالت میں ابن عباس کی روایت سے کچھ نفع نہ ہوگا کیونکہ ابن عباس کا مقصود یہ ہی کہ روییت قلب مراد نہیں۔ خواب سے بیداری سے کچھ بحث نہیں اس سے بطلان خواب نہیں لازم آتا۔ گو مقصود رویا عین ہو مگر وہ بھی داخل ہی جو خواب میں ہوتا ہی۔ قاضی عیاض نے لکھا ہی کہ مقصود بیداری کا دیکھنا ہی الا فتنۃ للناس کو اُس کا قرینہ بیان کیا اس بناء پر کہ خواب دیکھنے پر انکار نہیں ہوسکتا خواب میں ہر انسان امور مستبعد دیکھتا ہی اُس کا کوئی انکار نہیں کرتا۔ ہاں بیداری کے دیکھنے میں مجال انکار ہی اس لئے وہ فتنۃ للناس ہوسکتا ہی مگر چونکہ انبیاء کا خواب عوام الناس کا سا نہیں ہوتا۔ اس لئے قریش نے روییت آسمانی کا انکار کیا تو خدا کہتا ہی ماجعلنا الرویا التی اریناك الا فتنۃ للناس اس لئے حضرت ابوبکر نے کہا میں اُن کی آسمانی خبر بھی تصدیق کرتا ہوں۔ پس جب روایت ابن عباس و تقریر قاضی عیاض مفید نہ ہوئی تو رویا کے معنی جو خواب کے ہیں وہی لینا چاہیئے اور رہی یہ آیت دربارۂ معراج تو ایک واقعہ خواب ہوگا یعنی آسمانوں پر جانا۔ فتدبر چونکہ آنحضرت نے قریش سے اپنا جانا بیت المقدس بالجسم بیان کیا تھا اور کسی وقت آسمانوں پر جانا اور قریش نے دونوں کو بالجسم جانا سمجھے تھے اس لئے منکر ہوئے اسی لئے ماجعلنا الرویا نازل ہوا۔ پس رویا کے معنی عام ہیں جو خواب و بیداری دونوں کو

Marfat.com

شامل ہیں۔ تیسری دلیل یہ ہے کہ بخاری کتاب التوحید میں ایک حدیث شریک سے مروی ہے
اُس کے اخیر میں لکھا ہے واستیقظ وھو فی مسجد الحرام اور جگے تو وہ مسجد حرام میں تھے
اس سے ثابت و مبرہن ہے کہ یہ معراج خواب میں تھا اور یہ تاویل کہ بعد اسراء کے آپ ہوئے
پھر جاگے تو مسجد حرام میں تھے۔ نہایت ناپسندیدہ ہے جس پر نہ کوئی قرینہ ہے نہ کچھ ضرورت۔
سراسر بناوٹ ہے۔ ائمہ حدیث پر اگرچہ اعتراض کرتے ہیں لیکن اس لفظ پر کچھ گفتگو نہیں کرتے
اور اگرچہ اس پر اعتراض کئے گئے ہیں لیکن حدیث کو قبول کرتے ہیں البتہ اس حدیث کی وہ
باتیں جو احادیث مشہورہ کے خلاف ہیں اُس کو محمول کرتے ہیں وہم پر باقی کل حدیث کو تسلیم
کرتے ہیں اس لفظ پر کسی نے اعتراض نہیں کیا ہے لہذا یہ حدیث مثبت مرام ہے۔ علاوہ بریں جملہ
روایات سے آنحضرت کا ملاقات کرنا ارواح انبیاء سے آسمانوں پر ثابت ہے اور ظاہر ہے کہ
ادر انبیاء کی صرف روح تھی جسم تو اُن کا تھا نہیں اور ارواح سے ملاقات جسمانی ناممکن تو
بالضرور ملاقات روحانی ہوئی ہوگی تو پھر جسم کی کچھ ضرورت نہیں معلوم ہوتی اور نہ اُس پر کوئی
دلیل ہے۔ خواب سے مقصود ہمارا یہ خواب متعارف نہیں ہے بلکہ وہ ایک حالت ہوتی ہے جو انبیاء
اور اولیاء پر طاری ہوتی ہے کہ اُس وقت علائق جسمانی بالکل منقطع ہو جاتے ہیں وہ حالت
بین النوم والیقظہ ہوتی ہے نہ اُس کو خواب کہہ سکتے ہیں نہ بیداری۔ ادراک اُس وقت
بیداری سے بڑھ کے ہوتے ہیں چونکہ اُس وقت روح کو توجہ جسم کی طرف نہیں ہوتی اور
قوائے جسمانی معطل ہو جاتے ہیں۔ اس لئے شبیہ خواب ہوتی ہے۔ اس لئے اُس حالت سے
افاقہ کو بیداری سے تعبیر کرتے ہیں وہ حالت اعلیٰ درجہ کی بیداری ہے اُس کے سامنے یہ
بیداری خواب ہے۔ یہ حالت انبیاء کو نہایت شدت کے ساتھ ہوتی ہے۔ اولیاء کو بھی آپ کے
فیضان سے علی حسب المراتب کچھ نہ کچھ ہوتی ہے اُس وقت عجائب عالم ملکوت نظر آتے ہیں تو
اگر کہیں کہ معراج آپ کو بیداری میں ہوا تو بے جا نہیں اور کہیں کہ خواب میں ہوا تو بھی
غلط نہیں ہاں آپ کا تشریف لے جانا افلاک پر اس جسم خاکی کے ساتھ ثابت نہیں گو ممکن ہو

Marfat.com

معراج تو آپ کو بسا اوقات ہوتا تھا چنانچہ آپ نے فرمایا ہی لی مع اللہ وقت لا یسعنی ملک مقرب ولا نبی مرسل پہلی پہل جو ہوا تھا اُس کی آپ نے حکایت کر دی ہے۔ معراج تو آپ کے ادنیٰ کمالات سے ہے۔ الغرض آپ بیت المقدس تک اس جسم خاکی کے ساتھ تشریف لے گئے اور بہت عجائبات مشاہدہ فرمایا۔ اُسی کو لیلۃ الاسرار میں سمجھنا چاہیئے۔ پھر دوسری مرتبہ سیر افلاک وملائکہ فرمائی۔ ان دونوں واقعہ کو معراج سمجھنا چاہیئے سورۂ نجم کے سیاق سے بھی ایسا ہی مستفاد ہوتا ہے اس لئے اُس کو نقل کرنا ضرور ہے۔ عَلَّمَهُ شَدِیدُ الْقُوَىٰ ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَىٰ وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلَىٰ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّىٰ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَىٰ فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَىٰ عِندَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَىٰ عِندَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَىٰ إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَىٰ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَىٰ لَقَدْ رَأَىٰ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَىٰ

لغات۔ شدید القویٰ۔ زوردار۔ مقصود جبرئیل۔ عبرانی میں یہ گبری ایل ہے جس کے معنی ہیں خدا کا بہادر۔ ایل خدا کا نام ہے۔ اس ملک کو تعلق ہے انبیاء کے ساتھ۔ مِرَّۃ۔ استحکام متانت۔ ذُو مِرَّۃ۔ متین۔ استویٰ بمعنی استقام۔ استواء و استقامت بمعنی راستی راستی انسان کی اُس کی تہذیب قوت نظری عملی ہے جو اُس کا کمال ہے۔ افق نہایت درجہ کا کمال۔ رجل افق۔ مرد کامل۔ دنیٰ قرب مشتق ہے دنو سے تدلی بمعنی قرب یہ پائے قاب بمعنی بمقدار قوس = کمان۔ ادنیٰ بمعنی اقرب۔ فواد = دل۔ تمارون مشتق ہے مراء سے جس کے معنی ہیں مجادلہ۔ نزلہ بمعنی مرہ۔ سدرۃ = بیر کے درخت کو کہتے ہیں جیسا اُس کے پھل کو نبق کہتے ہیں۔ (ترجمہ) سکھایا اُسے جبرئیل نے جو متین ہے پھر تو مہذب ہو گیا بلکہ وہ اعلیٰ درجہ کا کامل ہوا پھر تو قریب ہوا اور نزدیک ہوا پھر تو دو کمان کی مسافت رہ گئی۔ بلکہ اُس سے بھی نزدیک پھر تو وحی بھیجی اللہ نے بندہ کے پاس جو وحی

Marfat.com

بھی کچھ غلطی نہ کی دل نے جو دیکھا تم اُس سے جھگڑتے ہو دیکھنے پر اور دیکھ لیا اُسے دوسری مرتبہ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس جس کے نزدیک جنت ہی جب چھوپ لیا تھا آنکھ گڑ گئی رہی ہاں دیکھ لیں اپنے رب کی بڑی نشانیاں) یہاں پیغمبر کی تعلیم و استکمال کا بیان ہی اور کفار کی تنبیہ بھی مقصود ہی کہ وہ آنحضرت کے کمال و مقام کو سمجھ کے اطاعت کرکے فلاح دنیا و آخرت حاصل کریں۔ کیونکہ کامل کی نافرمانی موجب خسران ہی۔ کیونکہ کفار عرب و شام خصوصاً بنی ابراہیم اور اُن کے متبعان جانتے تھے کہ آدم کی نافرمانی و عداوت سے شیطان مردود ہوا۔ نوح کی نافرمانی سے زمین ڈوب گئی ابراہیم کی نافرمانی سے نمرود اور اُس کی قوم برباد ہوئی۔ قوم لوط بھی عصیان ہی سے تہ و بالا ہوئی۔ پس خدائے عزوجل بمقتضائے رحمت و مہربانی سمجھاتا ہی کہ جس طرح آدم بہ تعلیم ربانی کامل ہوئے اُسی طرح اس امی کو جو تمھارا ساتھی ہی اور تم طفولیت سے اُس کا حال جانتے ہو اُسے جبرئیل نے جو بڑے قوی ہیں اور اُن کی تعلیم نہایت موثر ہی سکھایا ہی اُس تعلیم کے اثر سے وہ مستقیم و مستوی یعنی علائق جسمانی دور ہوکے مہذب ہوگیا۔ چنانچہ احادیث سے ثابت ہی کہ پہلے غار حرا میں جبرئیل آئے اور آنحضرت کو اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ پڑھایا پھر آکے نماز و وضو کا طریق سکھایا پھر ایک روز آپ چلے جاتے تھے ایک آواز آئی آپ نے اِدھر اُدھر دیکھا کوئی نظر نہ آیا پھر آواز آئی تو آپ نے اوپر دیکھا تو جبرئیل بڑی شان و شوکت کے ساتھ جلوہ نما ہیں اُس وقت آپ پر ایک خوف طاری ہوا۔ آپ دولت خانہ میں آکر سو رہے کہ یہ آیت نازل ہوئی یاایھا المدثر قم فانذر و ربك فکبر و ثیابك فطہر والرجز فاھجر ۔ مدثر جو چادر تانے ہو اور غافل رجز نجاست (ترجمہ) اے غافل اُٹھ اور ڈرا اور اپنے رب کی عظمت ظاہر کر اور اپنا کپڑا پاک کر اور نجاست کو چھوڑ) ڈرانے سے مقصود ہی قوت غضبی اور شہوی کو رام کرنا اور کپڑے پاک کرنے سے مقصود تزکیہ روح ہی اور نجاست سے مقصود علائق جسمانی ہیں۔ پس مقصود یہ ہی کہ مستعد ہوکے اپنے غضب اور شہوت کو رام کر اور اپنی

Marfat.com

جان کو پاک کر علائق جسمانی کو دُور کر تب خدا کی عظمت و جبروت کو مشاہدہ کر؛ وربک فکبر کے معنی یہی ہیں کہ اپنے رب کی عظمت دیکھا اور والرجز فاھجر سے ایما ہے بیت المقدس جانے کا کیونکہ رجز سے اصنام ہی ارادہ کرتے ہیں صحیح بخاری میں ہے الرجز ھی الاوثان کتاب التفسیر دیکھو: اُس وقت کعبہ بتوں سے بھرا تھا۔ پس مقصود یہ ہے کہ پاک وصاف ہو کے آپ کعبہ کو چھوڑ کے بیت المقدس تشریف لے جائیے اور آیات ربانی مشاہدہ کیجئے۔ کیونکہ اس کے بعد ہی کہ لا تمنن تستکثر یعنی تھک مت بہت سیر کر منن کے معنی ہیں سیر سے تھک جانا۔ اس لئے تستکثر سے مقصود تستکثر السیر اور منن کے دوسرے معنی یہاں موافق نہیں چونکہ انبیاء کا مادہ نہایت مستعد ہوتا ہے تو بہت جلد تکملہ ہو گیا اور آپ بیت المقدس تشریف لے گئے جس کی حکایت سورۂ بنی اسرائیل میں واقع ہے۔ الغرض آپ تدریجًا کامل ہوئے جس کی تعبیر خدا استوا سے اس سورہ میں کر رہا ہے پھر افق اعلیٰ پر ہونے سے بیان کرتا ہے کہ وہ انتہا درجہ کا کامل ہوا اور خدا سے بہت ہی قریب ہو گیا۔ یہ خلاصہ ہے دنی فتدلی فکان قاب قوسین کا واضح ہو کہ خدا منزہ ہے زمان ومکان سے تو قرب و بعد اُس کی شان سے دُور ہے اور اگر قرب سے مراد وہ تعلق ہے جو علت کو معلول کے ساتھ ہوتا ہے تو واجب تعالیٰ کو وہ قرب جملہ موجودات کے ساتھ ہے۔ اُس سے تو کوئی خالی نہیں کیونکہ واجب الوجود ہستی ہے تمام ممکنات کی اور ہستی کسی چیز کی اُس سے جدا نہیں ہوتی اسی وجہ سے کہتا ہے: ونحن اقرب الیه من حبل الورید پس مقصود قرب سے یہاں تشبہ بالملک ہے یعنی آپ میں جملہ صفات ملکی آگئیں اور بار نزول وحی کے متحمل ہوئے۔ اُس کے بعد کہتا ہے کہ جب آپ کامل مثل ملائکہ ہو گئے تو خدا نے وحی بھیجی اپنے بندہ کے پاس جو وحی بھیجی! اُس وحی کا جو خدا نے بھیجی کچھ ذکر نہیں۔ اس سے متبادر مطلق وحی ہے لیکن مقصود اس سے بیت المقدس کا جانا ہے یعنی جب وہ کامل تشبہ بالملک ہو گئے تو ہم نے اُن کو بیت المقدس جانے کا حکم بھیجا چنانچہ

Marfat.com

جانے کی تصریح سورۂ بنی اسرائیل میں وارد ہی۔ اب اُس کے بعد کہتا ہی کہ جو کچھ دیکھا یعنی
بیت المقدس میں اُس میں کچھ کذب و دروغ مغشوش نہیں تم لوگوں نے خوب جانچا اُسنے
ٹھیک ٹھیک جواب دیا پھر تعجب سے پوچھتا ہی کہ اب بھی تم اُس کے دیکھنے پر جھگڑتے ہو
یعنی جب ایک جگہ کا دیکھنا تمھاری جانچ میں صحیح و صادق ٹھیرا تو آسمانوں کا حال بھی جو وہ
کہتا ہی اُس کی تصدیق کرو یہاں تک تو بیت المقدس جانے کا اور وہاں آیات ربانی دیکھنے کا
بیان ہی۔ اسی کو لیلۃ الاسراء کہنا مناسب ہی۔ اب کہتا ہی کہ اور دیکھا اُس نے یعنی
آیات و عجائبات کو دوسری مرتبہ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس۔ اس سے ظاہر ہی کہ معراج
دو مرتبہ ہوا اصل معراج تو وہی تھا جو لیلۃ الاسراء میں ہوا۔ اُس وقت تکملہ پورا ہو چکا تھا
ایک مرتبہ اور آپ نے عجائبات سدرۃ المنتہیٰ کے پاس مشاہدہ فرمایا۔ اُس کی بھی آپنے
حکایت کی تھی۔ چنانچہ اُس کا ذکر یہاں قرآن میں بھی ہی۔ اس کو بھی اگر مجازاً معراج کہیں تو
بے جا نہیں کیونکہ یہ بھی علامات کمال سے ہی۔ اب یہاں کچھ سدرۃ المنتہیٰ کی بھی تحقیق
مناسب ہی۔ واضح ہو کہ سدرہ عربی میں بیر کے درخت کو کہتے ہیں مشہور یہ ہی کہ وہ
ساتویں آسمان پر ہی۔ لیکن شریک کی روایت سے جو صحیح بخاری میں ہی معلوم ہوتا ہی کہ
سدرہ ساتویں آسمان کے اوپر ہی جس کی شرح میں قسطلانی نے لکھا ہی کہ یہ مشہور کے
خلاف اور مسلم میں جو ثابت بنانی سے روایت ہی اُس سے بھی تجاوز سدرہ آسمان سابع
سے مستفاد ہوتا ہی وعلی ہذا القیاس روایت قتادہ سے۔ الغرض اول درجہ کی صحاح
احادیث سے ایسا ہی ثابت ہوتا ہی اور شہرہ کو کوئی وقعت نہیں جو کچھ ہو۔ آسمان پر
بیر کا درخت نہایت مستبعد ہی اور یہ جملہ شرائع کے خلاف ہی تمام عالم میں اس بیر کی
خبر نہیں اور نہ اُس کا کچھ فائدہ ہی۔ اس لئے میرے نزدیک مراد سدرہ سے فلک مشتمم ہی جس پہ
ثوابت بے حد و شمار موجود ہیں جن کو تشابہہ بتوت یعنی بیر سے ہی اور منتہیٰ اس واسطے کہا کہ
منتہائے بصر ہی اُس کے اوپر نہ کوئی کوکب ہی نہ بصر کچھ کام کرتی اور اگر حرکت اولیٰ

Marfat.com

کے لئے اُس کے اوپر مبدا ۔ نہ ماین تو وہ منتہاے عالم اجسام بھی ہی اس وقت کے فلاسفہ جو حرکت اولی کو زمین کی طرف منسوب کرتے ہیں اُن کے نزدیک فلک ہشتم کے اوپر خلار ہی احادیث میں اُس کے پھلوں کو لکھا ہی کالقلال قلال کی معنی شرّاح حدیث مٹکے کے بیان کرتے ہیں ۔ لیکن میرے نزدیک یہ جمع قلہ کی ہی یعنی اُس کے پھل مثل پہاڑ کے ہیں یعنی اُن کو حرکت نہیں ۔ لیکن حدیث میں یہ بھی آیا ہی کہ اُس کے پتّے ہاتھی کے کان کے سے ہیں ۔ اوراق سے مراد صور منازل ہیں فتدبر ۔ جب آپ بطور روحانیت فلک ہشتم پر تشریف لے گئے تو وہاں عجائبات کو بتوجہ تمام مشاہدہ کیا جس کو یہاں ماذاغ البصر وما طغیٰ سے بیان کیا ہی یہاں خدا کے دیکھنے نہ دیکھنے کا کچھ ذکر نہیں ہی واضح ہو کہ معراج میں تین مذہب معتد بہ ہیں : ایک جماعت کی رائے ہی کہ کل خواب میں تھا اور اکثروں کی رائے ہی کہ کل بالجسد تھا اور کچھ لوگ کہتے ہیں تا بیت المقدس بالجسم اور آسمان پر جانا خواب میں تھا ۔ لیکن اگر جسم سے مراد جسم مثالی ہو تو جملہ نزاع طے ہو جاتے ہیں ایسی صورت میں کل معراج جسمانی بھی ہی اور کل روحانی بھی ۔ ہاں اس جسم خاکی کا جانا آسمانوں پر بلا شبہ مستبعد ہی یہاں کچھ لکھنا مناسب ہی واضح ہو کہ تعلق روح کا اس جسم خاکی کے ساتھ صرف بغرض استکمال ہوتا ہی اگر یہ مطلوب اُس کو حاصل ہو جائے تو وہ بدن سے بے پروا ہو کے چھوڑ سکتی ہی ۔ انبیاء کو تو یہ تکملہ جلد ہو جاتا ہی لیکن بوجہ تعلیم و تکمیل نفوس انسانی ایک مدّت تک بدن کو نہیں چھوڑتے ۔ پھر جب یہ معاملہ حل نکلتا ہی تو بحکم ربانی بطرق مختلفہ چھوڑ دیتے ہیں ۔ چنانچہ حضرت موسیٰ نے جب بنی اسرائیل سرحد شام میں پہونچ گئے اور شریعت موسوی جاری ہو گئی تو بحکم الٰہی ارض لوط میں پہاڑ پر مقام گی میں بدن چھوڑ دیا اور فرشتہ نے اُن کی نعش دفن کیا ۔ موسیٰ کی پانچویں کتاب کے ۳۴ باب میں اس کا ذکر ہے ۔

וַיִּקְבֹּר אֹתוֹ בַגַּי : یقبور او توبگی ۔

(ترجمہ) دفن کیا اُس کو گی میں ۔ یہ نہیں معلوم ہوتا ہی کہ یقبور کا فاعل کون ہی

Marfat.com

سوائے خدا کے کوئی نہیں جس کی طرف ضمیر پھریں۔ بنی اسرائیل کا لفظ تو قریب ہی نہیں اور اگر ہوتا بھی تو اُس کے واسطے صیغہ جمع ہوتا اور ہی یعقوب صیغہ واحد اس لئے ضمیر خدا کی طرف پھرتی ہی۔ خدا نے خود تو دفن کیا نہ ہوگا۔ اس لئے سمجھا گیا کہ فرشتہ نے دفن کیا کیونکہ اُس کے بعد لکھا ہی کہ اُس کی قبر آج تک کسی آدمی کو معلوم نہ ہوئی حالانکہ اُن کے ساتھ چھ لاکھ آدمی تھے۔ آنحضرت کے پاس بھی جب شریعت جاری ہوگئی اور ایسے لوگ جو شریعت جاری کریں اور نفوس انسانی کا تکملہ کرائیں تیار ہولئے۔ سورۂ اذا جاء نازل ہوئی کہ آپ اب اس بدن خاکی کو چھوڑدیں تو آپ نے بطور متعارف چھوڑ دیا۔ انبیا میں بعض تو اس بدن کو بطور متعارف چھوڑتے ہیں اور بعض بطور غیر متعارف کہ نعش اُن کی خلائق کی نظر سے مخفی رہتی ہی۔ حضرت ادریس نے ایسا ہی کیا۔ ان کا نام عبرانی میں حنوخ ہی یہ حضرت آدم سے ساتویں پشت حنوخ بن بارد بن مہلل ایل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم یہ ایک بڑے جلیل القدر پیغمبر تھے یہ حضرت نوح کے پردادا تھے اُنھوں نے بہت علوم وفنون شائع کئے۔ اس لئے ان کا لقب ادریس ہوا (۳۳۰) برس دنیا میں رہے موسیٰ کی پہلی کتاب کے پانچویں باب کی (۲۴) آیت میں لکھا ہی וַיִּתְהַלֵּךְ חֲנוֹךְ אֶת־הָאֱלֹהִים וְאֵינֶנּוּ כִּי־לָקַח אֹתוֹ אֱלֹהִים׃ وَیِتْہلّخ حنوخ اِتْ ہا الوہیم و اینّو کی لاقح اوتو الوہیم (ترجمہ) ادریس فرشتوں کے ساتھ چلتا تھا اور وہ مرنے کے لائق نہ تھا کہ اُس کو اللہ نے لے لیا۔ مقصود یہ ہی کہ ادریس کا سلوک مثل ملائکہ تھا یعنی وہ مثل ملک کے ہوگیا تھا تو اُس نے بحکم خدا جسم خاکی کو چھوڑ دیا حالانکہ قوت مزاجی اور حرارت غریزی لائق زندگانی اُس میں باقی تھی ربی اسحٰق نے اُس کی تفسیر میں لکھا ہی کہ ادریس صدیقین سے تھا لیکن اُس کے خیال میں آیا کہ لوگوں کو گمراہ کرے اس لئے خدا نے اُسے قبل اجل کے مار ڈالا یہ معنی نہایت بیہودہ خلاف نص کے ہیں نص میں تو مذکور ہی کہ

Marfat.com

وہ مثل ملک ہو گیا تھا اُس پر تضلیل کا تہمت اپنے کو فضیحت کرنا ہے آپ ہی آن کو صدیقین سے
شمار کرتا ہے آپ ہی یہ تہمت بھی لگاتا ہے۔ قرآن شریف میں آپ کی شان میں وارد ہے۔
وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا وَّرَفَعْنَاهُ
مَكَانًا عَلِيًّا : یاد کر کتاب میں ادریس کو کہ وہ بہت سچا نبی تھا اور ہم نے اُس کو بڑا
درجہ دیا۔ شب معراج میں آنحضرتؐ سے اور ادریسؑ سے ملاقات ہوئی تھی۔ آنحضرت کو
فرمایا تھا۔ مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح اور ایسا ہی اور انبیاء نے بھی آپ کو
لفظ اخ سے خطاب کیا تھا۔ سوائے حضرت آدم و حضرت ابراہیم کے کہ ان صاحبوں نے
بلفظ ابن خطاب کیا تھا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ شریعت آپ کی شریعت ابراہیمی تھی اس لیے
حضرت ابراہیمؑ نے پیار سے بابن لفظ خطاب کیا اور حضرت آدمؑ نے اس وجہ سے کہ وہ
اول الانبیاء تھے اور آپ آخر الانبیاء فقط۔ سفر ہیا شار ایک کتاب ہے جو قبل زمانہ بخت نصر
کے ترتیب دی گئی اور بہت معتبر یہود میں۔ اُس میں ادریسؑ کا حال یوں لکھا ہے کہ جب
(۲۴۳) برس خلافت ادریس کو گزرے کہ اُس وقت حضرت آدم کا انتقال ہوا تھا۔ ادریس
کے دل میں عزلت و تنہائی کا شوق پیدا ہوا تو وہ تین روز خلوت میں رہتے چوتھے روز
مجمع میں بیٹھتے اور لوگوں کو تعلیم کرتے اور تہذیب اخلاق سکھاتے مدت تک یہی دستور رہا
پھر ہفتہ میں ایک بار جلوہ فرماتے، پھر ایک ماہ خلوت میں رہتے اور ایک روز مجمع میں ایک مرتبہ
آپ سال بھر خلوت سے باہر نہ آئے لوگ بہت بے چین ہوئے آپ کی بات سننے کا کمال
اشتیاق رکھتے تھے لیکن خوف سے نزدیک نہیں جاتے تھے پھر لوگ مشورہ کر کے قرب و جوار
خلوت میں مجتمع ہوئے۔ اُس وقت حضرت ادریسؑ خلوت سے برآمد ہوئے اور وعظ و نصائح و
تعلیم و تہذیب حاضرین کی جس سے لوگ نہایت محظوظ و بشاش ہوئے۔ الغرض یہی طور رہا
ایک روز آپ مجمع میں بیٹھے ہوئے وعظ و نصیحت میں مصروف تھے کہ فرشتہ نے آسمان سے
آواز دی کہ چڑھ آؤ اور آسمانی بادشاہت لو۔ اُس وقت ادریس نے مجمع عظیم جمع کیا اور

Marfat.com

کہا کہ میں آسمان سے مطلوب ہوں لیکن ابھی جانا میرا متعین نہیں ہوا ہے پھر جو کچھ تعلیم تدریس وصیت مرکوز خاطر ہوئی وہ لوگوں کو سُنا دیا۔ ایک سال تک بعد اس وحی کے یہ سب کرتے رہے بعد انقضائے مدّت ایک سال لوگ بیٹھے ہوئے وعظ و کلام حکمت سن رہے تھے نظر جو اوپر اُٹھی تو دیکھا کہ ایک گھوڑا آسمان سے اُترا آتا ہے کہ وہ بادرفتار ہے تب لوگوں نے حضرت ادریس سے یہ عرض کیا۔ اُنھوں نے فرمایا کہ میرے لینے کو آتا ہے۔ میں اب تم میں سے جاؤں گا۔ مجھ سے اب پھر ملاقات نہ ہوگی۔ تب وہ گھوڑا اوترا اور ادریسؑ کے پاس کھڑا ہوا پھر تو آپ نے پکار دیا اور سب خلائق بڑی کثرت وانبوہ کے ساتھ جمع ہوگئی اور ادریس نے سب کو توحید و خدا پرستی کی تاکید کی اور سب کو اتحاد میں کا اصرار فرمایا۔ پھر حضرت ادریس اُس گھوڑے پر سوار ہوئے اور آٹھ ہزار آدمی اُن کے پیچھے یہ سب لوگ ایک دن چلے گئے تب وہاں حضرت ادریس نے فرمایا تم لوگ پھر جاؤ مبادا مر جاؤ۔ اُس وقت بہت لوگ واپس آئے لیکن کچھ لوگ چھ روز تک چلے گئے۔ ہر روز حضرت ادریس اُن سے کہتے کہ پھر جاؤ مبادا مر جاؤ۔ لیکن وہ مانتے نہ تھے۔ چھٹے روز حضرت نے فرمایا کہ اب تم پھر جاؤ میں تو اب آسمان پر جاؤں گا اور جو میرے ساتھ رہے گا وہ مر جائے گا۔ اُس وقت جن کو پھرنا تھا وہ پھر گئے تاہم کچھ لوگ رہ گئے وہ نہیں پھرے اور کہا کہ موت ہی تجھ سے جدا کرے گی تب ساتویں دن ادریس آگ کے گھوڑے پر کہ وہی براق تھا اندھڑ کے ساتھ آسمان پر چڑھ گئے۔ اُس کے بعد سلاطین نے آدمی وہاں بھیجا جہاں سے حضرت ادریس آسمان پر چڑھے تھے کہ اُن لوگوں کی جستجو کریں وہ لوگ وہاں پہونچے تو بالکل وہ میدان برف سے بھرا تھا۔ برف کو جو کھودا تو اُس میں کل رفقائے ادریس مردہ پڑے تھے فقط۔ الغرض ادریس نے اپنے جسم کو اس طرح چھوڑا۔ واللہ اعلم بالصواب۔ قیاس یہ ہوتا ہے کہ حضرت ادریس اُس براق پر کرۂ عناصر تک گئے ہونگے وہاں اُن کے اجزاء جسمانی تحلیل ہوگئے ہونگے اور آپ جان لے کے چلے گئے ہونگے یہ معراج حضرت ادریس کا تھا کہ اُن کی

Marfat.com

روح پاک جناب قدس سے جا ملی فافہم۔ اس کی تشبیہ قصہ کیخسرو کا ہے جو گبروں کے دفاتر میں مکتوب ہے اور ہنود راما اوتار کو بتاتے ہیں کہ مع اپنے رفقا کے بیکنٹھ چلے گئے اُس کی حکایت بھی قریب قریب اس کے بیان کرتے ہیں۔ اس کے قریب قصہ الیاس پیغمبر کا ہے۔ یہ قصہ سلاطین دوئم باب دوئم میں یوں لکھا ہے کہ الیاس اور اُن کے خلیفہ الیسع مقام گلگال جو حوالی اردن میں واقع ہے چلے۔ الیاس نے الیسع سے کہا کہ تم ٹھہرو مجھکو خدا کا حکم ہے بیت اللہ جانے کا یہ ایک قدیم شہر ہے ملک شام میں۔ الیسع نے کہا میں ہرگز ساتھ نہ چھوڑوں گا۔ چنانچہ وہ دونوں وہاں گئے۔ وہاں کے پیرزادوں نے الیسع سے ملاقات کر کے کہا کہ خدا تمھارے مرشد کو تمھارے سر سے لیا چاہتا ہے۔ اُنھوں نے جواب دیا میں بھی جانتا ہوں۔ پھر الیاس نے الیسع سے کہا کہ تم یہاں ٹھہرو، مجھکو خدا نے یریحو بھیجا ہے۔ الیسع نے قسم کھائی کہ میں ساتھ نہ چھوڑوں گا۔ چنانچہ دونوں یریحو پہونچے۔ وہاں کے پیرزادوں نے بھی الیسع سے ویسا ہی کہا جو بیت اللہ کے پیرزادوں نے کہا تھا اور ویسا ہی جواب سنا۔ اب الیاس نے کہا تم ٹھہرو میں دریا پر جاؤں گا۔ اُنھوں نے کہا میں ہرگز ساتھ نہ چھوڑوں گا۔ چنانچہ وہ دونوں ساتھ چلے اُن کے ساتھ پچاس پیرزادے بھی ہو لئے اور دور سے کھڑے ہو کے تماشا دیکھنے لگے اور دونوں دریاے اردن کے کنارے جا کھڑے ہوئے۔ پھر الیاس کے اشارہ سے اردن کا پانی پھٹ گیا اور اُس میں راہ ہو گئی کہ دونوں آدمی پار اتر گئے اور دونوں باتیں کرتے چلے جاتے تھے کہ آگ کی گاڑی و گھوڑا دونوں کے بیچ میں حائل ہو گیا اور الیاس اندھڑ کے ساتھ آسمان پر چڑھ گئے اور الیسع دیکھ رہے تھے اور چیخ مارتے تھے۔ فقط اس سے بھی قیاس ہوتا ہے کہ جب الیاس کا تکملہ ہو گیا تو حسب ایماے ربانی براق آیا اور اُس پر سوار ہو کے اوپر روانہ ہوئے۔ یہاں تک کہ نظروں سے نہاں ہو گئے۔ کچھ دور کے بعد اجزاء عنصریہ اپنے اپنے مقام پر چلے گئے اور روح پاک عالم قدس کی ہو رہی۔ یہ صورت اُن کے معراج کی تھی۔ معراج جملہ انبیاء کو ہوتا ہے۔ چونکہ مزاج انبیا مزاج انسانی ہوتا ہے

Marfat.com

لیکن خواص انسانی سے جدا نہیں ہوتے لہٰذا اس جسم خاکی کا مرور کرۂ زمہریر پر اُس کے فراج کے منافی ہے وہاں زندگی دشوار ہے زندگی انسان بلکہ جملہ حیوانات خشکی بلا تنفس و ترویح قلب ناممکن بعد کرۂ زمہریر ایسی ہوا ہے جس میں کوئی جاندار زندہ نہیں رہ سکتا۔ یہاں بھی ہوا کو آلہ سے کھینچ کر دیتے ہیں کہ اُس میں جب جاندار کو ڈال دیتے ہیں مرجاتا ہے۔ لہٰذا یہ جسم خاکی اُس میں زندہ نہیں رہ سکتا۔ پھر اُس کے بعد کرۂ نار ہے جس میں قطع نظر فقدان تنفس تحلیل اجزا عنصریہ بھی ہوجائیگا۔ جب ان مہالک سے تجاوز کرکے آسمان تک پہونچے تو بموجب مذہب مشائین اُس میں خرق نہیں ہوسکتا اور اگر آسمان نہ ہو خلا ہو تو اُس میں جاندار جی نہیں سکتا۔ پھر فلک الشمس میں حرارت شمسی کا متحمل کیونکر ہوسکتا ہے۔ الغرض ایسے وجوہ سے ارباب نظر اس جسم خاکی کا آسمان پر جانا بطور متعارف مستبعد سمجھتے ہیں اور ضرورت بھی نہیں خدا ہر جگہ ہے اور قرآن سے ثابت نہیں ہوتا۔ لہٰذا معراج میں اختلاف آرا ہے۔ فتح الباری میں لکھا ہے کہ سلف نے اس میں اختلاف کیا ہے بسبب اختلاف روایات کے جمہور محدثین و فقہا اور متکلمین کا مذہب یہ ہے کہ اسرا و معراج ایک ہی رات میں واقع ہوا اس جسم سے بعد بعثت کے تمسک اُن کا اخبار صحیحہ ہیں جن سے عدول مناسب نہیں کیونکہ کوئی استحالہ نہیں جس سے تاویل کی جائے۔ ہاں روایات جو اس باب میں ہیں باہم مختلف ہیں۔ اس لئے بعض اہل علم کے نزدیک یہ سب دو مرتبہ ہوا۔ ایک مرتبہ خواب میں پھر بیداری میں اور ابو میسرہ تابعی کبیر کے نزدیک اور جو اُن کے موافق ہیں یہ سب خواب میں تھا اور کہتے ہیں یہ دو مرتبہ واقع ہوا۔ یہی مذہب مہلب شارح بخاری کا ہے اور بہت لوگوں کا اور ابو نصر بن قشیری اور ابو سعید کہتے ہیں کہ پیغمبر خدا کے کئی معراج تھے بعض نوم میں بعض یقظہ میں۔ یہی مذہب ابن عربی کا منقول ہے[1]

---

[1] غزالی نے لکھا ہے جو لوگ آپ سے اور محسوسات سے خود غائب ہوجاتے ہیں اور اپنے میں اوترتے ہیں اور خدا کی یاد میں ڈوبتے ہیں یعنی مراقبہ کرتے ہیں جیسا راہ تصوف کا آغاز ہے تو قیامت کا حال اُن کو نظر آتا ہے اس واسطے کہ اُن کی روح حیوانی اگرچہ اعتدال سے منحرف نہیں ہوجاتی لیکن سست ہوجاتی ہے اس سبب سے

(بقیہ نوٹ برصفحہ آیندہ)

Marfat.com

بعض متاخرین کہتے ہیں کہ قصّہ اسرار ایک رات کا ہے اور قصہ معراج دوسری رات کا اور بعض کا مذہب یہ ہے کہ اسرار یقظہ میں تھا اور معراج خواب میں۔ واضح ہو کہ اختلاف نوم و یقظہ معراج میں ہے اسرار میں نہیں۔ یہ سخن طولانی ہے اب اشعیا کے کلام کی طرف رجوع اولیٰ ہے

פִּצְחוּ רַנְּנוּ יַחְדָּו חָרְבוֹת יְרוּשָׁלָ͏ִם
כִּי נִחַם יְהוָה עַמּוֹ גָּאַל יְרוּשָׁלָ͏ִם׃

پصحو رننو یحدا و حر بوت یرو شلایم کی نیحم یہوا عمو گا ئل یرو سلایم (ترجمہ) دل کے گاؤ ویران اور تسلیم کہ خدا نے رحم کیا اپنی قوم پر آزاد کیا اور شلم کو قبل بعثت پیغمبر خدا

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) خوف خدا واندیشۂ عقبیٰ جب اُس میں پیدا ہوجاتا ہے تو روح حیوانی اُن کو اپنی طرف کچھ بھی مشغول نہیں رکھتے تو اُن کا حال مردہ کے حال سے قریب ہوجاتا ہے لوگوں کو مرنے کے بعد جو کچھ معلوم ہوتا ہے اُن کو یہیں کھل جاتا ہے اور جب پھر آپ میں آتے ہیں اور عالم محسوسات میں پڑتے ہیں تو بہتوں کو اُس میں سے کچھ بھی یاد نہیں رہتا لیکن اس کا کچھ اثر باقی رہ جاتا ہے۔ اگر بہشت کی حقیقت اُسے دکھائی ہے تو اُس کی خوشی وراحت اُس کے ساتھ باقی رہتی ہے اور اگر دوزخ کی حقیقت اُس کے سامنے پیش کی ہے تو اُس کی اُداسی اور خشکی اُس کے ساتھ باقی رہتی ہے اور اگر اُس میں سے کچھ یاد رہا ہو تو اُس کی خبر دیتا ہے اور گر خزانہ خیال نے اُسے کسی مثال کے ساتھ تعبیر کرلیا ہے تو ممکن ہے کہ وہ مثال اُسے خوب یاد رہے اور وہ اُس کی خبر دے۔ جب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں ہاتھ پھیلایا اور فرمایا کہ جنت کا خوشہ انگور مجھے دکھایا گیا۔ میں نے چاہا تھا کہ اُس کو اس جہان میں لاؤں۔ اے عزیز۔ گمان نہ کر کہ خوشہ انگور جنت حقیقت کی مثال تھا اُسے اس جہان میں لاسکتے بلکہ یہ محال تھا۔ اس واسطے کہ اگر ممکن ہوتا تو آنحضرت اُسے اس جہان میں لاتے اور اس امر کے محال ہونے کا سمجھنا مشکل ہے اور اس اشکال کے تلاش کی تجھے کچھ حاجت نہیں اور مدارج علمار کا فرق ایسا ہے کہ کسی کو بالکل بھی سوچ ہوتا ہے کہ بہشت کا خوشہ انگور کیا ہے اور کیسا تھا کہ آنحضرت نے دیکھا اور وں نے نہ دیکھا اور کسی کو اس امر سے بھی کہنا نصیب ہوتا ہے کہ آنحضرت نے ہاتھ ہلایا تو الفعل القلیل لا یبطل الصلوٰۃ۔ اُس امر کی تفصیل میں وہ خوب غور کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ پہلوں اور پچھلوں کا علم بھی علم ظاہری ہی جس نے یہ جانا اور اسی علم پر قناعت کی اور اسی علم کے ساتھ یعنی علم تصوف کے ساتھ نہ مشغول ہوا وہ خود بے کار ہے اور اُسے علم شرع سے انکار۔ اس بیان سے مقصود یہ ہے کہ تو یہ گمان نہ کر کہ رسول مقبول بہشت کا

(بقیہ نوٹ بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

یہود، عیسائی اور گبر اور دیگر اقوام بت پرست کے ہاتھوں میں شکنجہ تھے۔ خدا کہتا ہے کہ تم لوگ خوشی کرو کہ تمہاری آزادی کا زمانہ آیا۔ چنانچہ دور اسلام سے وہ سختیاں سب موقوف ہوئیں جو مسلمان ہوئے وہ تو عذاب دنیا و آخرت سے محفوظ ہوئے اور جو ایمان نہ لائے وہ بھی امن میں ہو گئے۔ زمانہ اسلام یہود کے لئے مقام خوشی تھا اس لئے اس کی بشارت ہے اور مل کے گانے سے یہ کنایہ ہے کہ مسلمان ہو کے نماز جماعت پڑھو۔ חשף יהוה את־

זרוע קדשו לעיני כל־הגוים וראו כל־אפסי־ארץ את ישועת אלהינו:

کی حاسف یہوا اِث زِروَّع قدشو لعینی کل ھگوئیم ورامو کل افسی ارص اِث یشوعث الوہنو: (ترجمہ) جب خدا اپنے پاک ہاتھ کو جھاڑے گا قوموں کے سامنے تو دیکھیں گی تمام دنیا ہمارے معبود کا نجات دینا۔ مضمون کلام واضح ہے:

סורו סורו צאו משם טמא אל־תגעו צאו מתוכה הברו נשאי כלי יהוה: כי לא בחפזון תצאו ובמנוסה לא תלכון כי־הלך לפניכם יהוה ומאספכם אלהי ישראל:

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) حال جبرئیل سے سن کر اس طرح تقلیداً خبر دیتے تھے جس طرح جبرئیل سے سنے ہوئے کی تو معنی سمجھتا ہے لیکن رسول اکرم نے جنت کو ملاحظہ فرمایا۔ جنت کی حقیقت اس جہان میں کوئی نہیں دیکھ سکتا۔ بلکہ آنحضرت اس عالم کو تشریف لے گئے اور اس جہان سے غائب ہو گئے یہ غائب ہونا ہی آپ کی معراج کا ایک قسم ہے۔ انتہیٰ ۔ واضح ہو کہ آنحضرت کو خوشہ انگور نماز کے اندر نظر پڑا تھا تو آپ نماز کے اندر ہی اس جہان سے غائب ہوئے۔ بدن آپ کا مسجد کے اندر ہی تھا۔ اس کو امام صاحب معراج فرماتے ہیں۔ فتدبر

بُوْر و بُوْر و صئوٗ مِشَّام طَامِی اَل تِگّاَیُو صئوٗ مِتّوٗ خَاہ حِبَّارُو نوٗسیَ کَل ہیوا کِی تُو بِہنِیّاز وُن تِیصِیئوٗ وِ بِمنُو سَہ لُو تِیلیخُون کِی عولیخ لِفنیخم یِہوا وُ مائتِفیخم اِلوُحی پِسرائیل (ترجمہ) بھاگو بھاگو۔ نکلو وہاں سے ناپاکو چھوؤ مت، اُس کے اندر سے نکل بھاگو۔ مقدس لوگوں نے اسلحہ الٰہی اُٹھایا جو گھبرائے ہوئے نہ نکلیں گے اور نہ بھاگیں گے کیونکہ خدا تمھارے مقابل میں چلے گا معبود اسرائیل تم کو پناہ کرے گا ابھی ادھر ادھر کہہ آیا ہے کہ بیت المقدس پر اب نجس و نامختون کا قبضہ نہ ہوگا۔ اب پھر کہتا ہے کہ ناپاکو بیت المقدس سے نکل بھاگو کہ اب مقدس لوگوں نے ہتھیار پکڑا ہے۔ ناپاک سے مقصود اوّل درجہ میں شیاطین و اجنہّ ہیں جن کی پرستش بیت المقدس میں مدت دراز سے ہوتی تھی۔ دوئم درجہ میں یہود و نصاریٰ ہیں۔ یہود کی نجاست اُن کی اصنام پرستی و فسق و فجور وقتل وخوں ریزی و رشوت و کذب و بہتان سے ظاہر ہے جس کی شکایت سے صحف انبیا بھرے ہیں اور نصاریٰ کی نجاست تو ظاہر ہے کہ باوجود ان امور کے حلال و حرام میں کچھ امتیاز نہیں تثلیث علانیہ اُن کا اعتقاد ہے۔ مقدس لوگ جنھوں نے سلاح سنبھالا وہ مسلمان ہیں کہ بزور جہاد و نفوس قدسیہ ان سب نجاسات سے بیت المقدس کو پاک کیا۔ پھر مسلمانوں کی شان میں ہے کہ بہت اطمینان و وقار سے نکلیں گے ہرگز نہ بھاگیں گے جہاد سے بھاگنا تو ہمارے مذہب میں سخت گناہ ہے اور شہادت ثواب عظیم مسلمانوں کو شہادت کا بڑا ذوق تھا کس لطف سے گلا کٹاتے تھے۔ اُس وقت کے حالات بچشم انصاف دیکھو قرآن میں بھی ہے فتمنوا الموت ان کنتم صادقین۔ یہ خاصّہ اہل اسلام کا تھا۔ خدا تمھارے سامنے چلے گا خطاب ہے انھیں ناپاکوں سے یعنی مسلمانوں کو خدا تمھارے مقابل میں قوت دے گا اور تم کو برباد کرے گا۔ نہ جن رہیں گے نہ جنی نہ یہود رہیں گے نہ نصاریٰ بالکلیہ مسلمانوں کا وہاں قبضہ ہو جائے گا۔ تیرہ سو برس بعد یہ خبر پوری ہوئی۔

یارب صل وسلم دائما ابدا ۞ علیٰ نبیک خیر الخلق کلھم

Marfat.com

הִנֵּה יַשְׂכִּיל עַבְדִּי יָרוּם וְנִשָּׂא וְגָבַהּ מְאֹד:

ہنّہ یسکیل عبدی یا روم ونشا وگابہ مئود (ترجمہ)

دیکھو اب میرا بندہ ہدایت کرے گا بڑی ترقی کرے گا اور بلند ہوگا بے حد۔ میرے بندہ سے مقصود ہمارے پیغمبر ہیں اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد ان محمداً عبدہٗ و رسولہ خدا یہاں بھی پیغمبر کو عبودیت سے خطاب کرتا ہے جیسا حضرت یعقوب کو جا بجا کیا ہے:

כַּאֲשֶׁר שָׁמְמוּ עָלֶיךָ רַבִּים כֵּן מִשְׁחַת מֵאִישׁ מַרְאֵהוּ וְתֹאֲרוֹ מִבְּנֵי אָדָם:

کاشر شاممو عالیخا ربیم کین مشحث مایش مرہیو وتوارو مبنی آدام

لغات مشحث اصل معنی اس کے خلافت ورسالت کے ہیں۔ اس لئے رسول وخلیفہ کو ماشیح کہتے ہیں۔ عربی مسیح لیکن اُس وقت میں دستور یہ تھا کہ خلیفہ کے سر پر ایک قسم کا تیل ملتے تھے وہ دستور اب نہ رہا (ترجمہ) جب تباہ ہونگے تیرے سبب سے بہت تو فوراً خلافت ہوگی بذریعہ ایک مرد کے جس کی صورت وشکل بنی آدم کی سی ہوگی۔ اس بیان سے کہ خلافت ایک مرد کے ذریعہ سے ہوگی جس کی صورت انسان کی سی ہوگی سمجھا گیا کہ وہ مرد آدمی زاد نہ ہوگا چنانچہ جبرئیل غار حرا میں بشکل انسان ظاہر ہوکے آپ کو خلیفہ نوع انسانی کر گئے۔ قبل آنحضرتؐ کے شاؤل یعنی طالوت کے زمانہ سے خلافت سر پر تیل ڈالنے سے ہوتی ہی چنانچہ داؤد وغیرہ سب کے سر پر روغن خلافت پڑا تھا موسیٰ کے سر پر یہ تیل نہیں پڑا تھا اُن کو بھی فرشتہ نے کوہ طور پر خلیفہ مقرر کیا یہ بھی ایک تمثیل موسیٰ ہی جو اشعیا کے باب ۱۸ میں مذکور ہی۔ واضح ہو کہ جب بنی اسرائیل عیسائیوں کے ہاتھ سے بہت تباہ ہوئے تو خداوند کریم نے حسب الوعدہ آنحضرتؐ کو خلیفہ مقرر کیا۔ چنانچہ اُس وقت سے اُن کو بہت آسائش ہوئی جو مسلمان ہوئے وہ تو فلاح دنیا وآخرت کو پہونچے:

כֵּן יַזֶּה גּוֹיִם רַבִּים עָלָיו יִקְפְּצוּ

Marfat.com

מְלָכִים פִּיהֶם כִּי אֲשֶׁר לֹא־סֻפַּר לָהֶם
רָאוּ וַאֲשֶׁר לֹא־שָׁמְעוּ הִתְבּוֹנָנוּ׃

کین یزہ گوئیم ربیم عالاو یقپصو ملاخیم پیہم کی اشر لو سپر لاہم راؤ واشر لو شامعو ہتبونانو (ترجمہ) پھر تو خوش ہونگے اُس کے سبب سے بہت قومیں بند کریں گے سلاطین اپنا موہنہ کیونکہ جو خبر اُن سے بیان نہیں کی گئی وہ دیکھیں گے اور جو سُنا نہیں سمجھیں گے یعنی معاد کی بات جسے اگلے انبیائے بیان نہیں کیا تھا۔ اُسے آنحضرت نے بہت بسط و تفصیل کے ساتھ ظاہر کیا اور قوت روحانی جو کبھی انسان کو حاصل نہ تھی وہ آپ کے انفاس قدسیہ سے حاصل ہوئی کہ جس سے سحر وجادو بالکل مٹ گیا خالص خدا کی پرستش دنیا میں پھیل ے

علیک سلام اللہ یا اکرم الوری ❖ ومن هو فی الدارین للخلق شافع

یک نظر فرما کہ مستغنی شوم ے

واضح ہو کہ اشعیا کی ۲ھ باب کے ۷ آیت میں جو کچھ مذکور ہوا وہ ناحوم کے باب دوم کی پہلی آیت میں ہر کچھ باختلاف ہے اُسے ہم لکھدیتے ہیں: הִנֵּה עַל־
הֶהָרִים רַגְלֵי מְבַשֵּׂר מַשְׁמִיעַ שָׁלוֹם
חָגִּי יְהוּדָה חַגַּיִךְ שַׁלְּמִי נְדָרָיִךְ
כִּי לֹא יוֹסִיף עוֹד לַעֲבָר־בָּךְ
בְּלִיַּעַל כֻּלֹּה נִכְרָת׃

ہنہ عل ہہاریم رغلی مبیسر مشمیع شالوم حگّی یہودا حگیخ شلّمی ندا راہخ کی لو یوسیف عود لعبور باخ بلیعل کلوہ نکرات (ترجمہ) دیکھو پہاڑوں پر ہوں گے قدوم بشیر کے جو سلامتی سنائے گا۔ حج کر اے یہودا اپنا حج اپنی نذر ادا کر کہ پھر تجھ میں بیہودہ کا گذر نہ ہوگا سب مٹ جائے گی۔ اس کے بعد کنایات بہت ہیں اُسے چھوڑ دیتے ہیں ورنہ

Marfat.com

کتاب بہت بڑھ جائے گی اب ہم یہاں اشعیا کا باب ۱۱ و ۱۲ لکھدیتے ہیں یہود اس کو
حضرت امام مہدی پر ٹھلاتے ہیں اور عیسائی حضرت مسیح پر لیکن میرے خیال میں ہمارے
پیغمبر کے بارہ میں یہ کلام ہے: ויצא חטר מגזע ישי
ונצר משרשיו יפרה ונחה עליו רוח יה
וה רוח חכמה ובינה רוח עצה וגב
ורה רוח דעת ויראת יהוה והריח
ו ביראת יהוה ולא למראה עיניו
ישפוט ולא למשמע אזניו יוכיח
ושפט בצדק דלים והוכיח במישו
ר לענוי ארץ בשבט פיו וברוח ש
פתיו ימית רשע והיה צדק אזור מתנ
יו והאמונה אזור חלציו וגר זאב
עם כבש ונמר עם גדי ירבץ ועגל
וכפיר ומריא יחדו ונער קטן נהג ב
ם ופרה ודב תרעינה יחדו ירב
צו ילדיהן ואריה כבקר יאכל תב
ן ושעשע יונק על חר פתן ועל
מאורת צפעוני גמול ידו הדה
לא ירעו ולא ישחיתו בכל הר קד
שי כי מלאה הארץ דעה את יה
וה כמים לים מכסים

Marfat.com

وِیاصا حوطِر مِگِزَع یِشای وِنیصِر مِشّارا شاو یِفرِہ وِناحا عالاو رُوح یہوا
رُوح یہوا رُوح حُخمہ وِبینا رُوح عیصا وُغبورا رُوح دَعت وِیرأت
یہوا وِہرحیو بِیرأت یہوا ولو لِمَرہی عینا وِیشپوط ولو لِمشمع ازنا ویوخیح وِشافط
بِصدِق دَلیم وِہوخیح بمیشور لِعَنوِی ارِص وِہکا اِرِص بِشیط پیو وبروح سفاتا
یامیت راشاع وِہایا صدِق اینر مِتنا وِہا اِمونہ ایزور حلاصاو : وِغار زِیب
عِم کِبس وِنامیر عِم گدِی یرباص وعیغل وخفیر ومِری یاحد وِنعرہ قاطون نوہیغ بام +
وِفاراوا دُوب ترعینا یحدا وِیربصو یلدیہن وِارِیہ کِبّاقار یوخل تبن وِشعشع یونیق
عَل حُرپاتِن وِعل میورت صِفعونی گاموِل یادو ہادا لو یا رعو ولو یشحیتو بِخل ہر
قُدشی کی مالِئا ہا آرِص دِیعہ اِت یہوا کمّایم لِیّام مخسّیم : **لغات** : וְיָצָא
یاصا نکلا یہ صیغہ ماضی ہی لیکن بوجہ واو کے جو اُس کے اول میں ہی یہاں بمعنی مستقبل ہی
חֹטֶר حُوطِر = شاخ عربی خطر גֶּזַע گِزَع = تنہ درخت خصوصاً جنگلی
عربی جذع : יִשַׁי یشای نام ہی حضرت داؤد کے باپ کا کتابت اس کی عبرانی
میں اس طرح ہی کہ اول میں یاء مثناۃ تحتانی ہی اور اُس کے بعد شین معجمہ اُس کے بعد پھر
یاء مثناۃ تحتانی۔ انھیں تین حروف سے اس لفظ کی ترکیب ہی جس کے اعداد ۳۲۰ ہوئے
اور اسی قدر اعداد قطورہ کے ہیں جو یہاں مراد ہی قطورہ نام ہی حضرت ہاجر کا قطورہ کے
اصل معنی ہیں ہدیہ و تحفہ کے چونکہ بادشاہ مصر نے ان کو تحفہ دیا تھا حضرت سارہ کو اس لئے
اُن کو قطورہ کہتے ہیں حالانکہ وہ بادشاہ مصر کی بیٹی تھیں پھر اس کے معنی قربان کے ہیں
یعنی جو چیز خدا کے لئے علٰحدہ کی جائے یہ معنی بھی اُن میں ثابت تھے کہ وہ خدا کی راہ
سیکھنے کے واسطے اپنا ماں و باپ چھوڑ کے حضرت ابراہیم کے ساتھ کی گئیں اور پھر

Marfat.com

خانہ کعبہ کی مجاورت کے لئے وہاں پہونچائی گئیں اور ישׁי : یشای کے معنی ہیں موجود اور راست נֵצֶר نصر بمعنی شاخ שָׁרָשָׁיו جڑ اصل : יִפְרֶה یغیرہ اس کا مادہ פָּרָה پارہ ہے جس کے معنی ہیں پھلنا پھل نکالنا، بڑھنا۔

נָחָה ناحہ صیغہ ماضی ہے بمعنی مستقبل بمعنی ورود نزول، اترنا רוּחַ روح اس لفظ کے معنی ہوا اور روح اور قوت وغیرہ کے آتے ہیں اور جب خدا کے لفظ سے متصل ہو רוּחַ יְהוָֹה روح یہوا خدا کی روح تو کبھی اس سے مراد ہوتی ہے روح القدس اور کبھی ایک حالت ہوتی ہے جو انبیا پر طاری ہوتی ہے وقت نزول وحی خواہ وقت مشاہدہ عالم ملکوت وجلال ربانی חָכְמָה حکمہ حکمت בִּינָה بینا فہم وفراست עֵצָה عیصا = مشورہ وشیت واجتہاد גְּבוּרָה گبورہ = جبروت דַּעַת دعت = علم יִרְאַת یراخشتہ = ڈر [illegible] حالاص = کمر [illegible] شعشع = لہو ولعب خوش ہونا חֹר حُر = کفچہ مار، بھن פֶּתֶן پثن = اژدر מְאוּרַת مئورا = سانپ کا مسکن צִפְעוֹנִי صِفعُونی = سانپ גָּמוּל گامول = سیانا بالغ הָדָה ہادا یہ مادہ قلیل الاستعمال ہے معنی سہلانا (ترجمہ) ایشای (یعنی قطورہ) کے تنہ سے ایک شاخ اُگے گی اور اُس کی جڑ سے ایک شاخ بڑھے گی نازل ہوگی اُس پر روح اللہ کی (یعنی جبرئیل و روح القدس) یعنی حالت حکمت وفراست واجتہاد وجبروت وعلم وخشیۃ خدا کی اور مست کرے گا اُس کو خدا اپنے خشوع سے نہ وہ موبنہ دیکھ کے انصاف کرے گا اور نہ سنی سنائی پر ہدایت بلکہ وہ صدق سے غریبوں کا انصاف کرے گا اور مساکین کو راستی کی طرف ہدایت کرے گا اور زمین کو زام کرے گا۔ اپنے موبنہ کے عصا سے اور اپنے ہونٹوں کی ہوا سے۔ شریر کو فنا کرے گا۔ صدق اُس کا کمر بند ہوگا اور امن اُس کا منطقہ بھیڑیا بکری کے ساتھ قیام کرے گا

Marfat.com

اور چیتا بکری کے بچے کے ساتھ بیٹھے گا اور بچھڑو و بچہ شیر ایک ساتھ اور چھوٹا لڑکا اُن کو ہانک لے جائے گا اور بچھیرو اور ریچھ ایک ساتھ چریں گے اور اُن کے بچے ایک ساتھ بیٹھیں گے اور شیر بیل کی طرح گھاس کھائے گا اور کھیلے گا شیر خوار سانپ کے بھن پر اور سانپ کے من پر سیانا ہاتھ رگڑے گا۔ ہمارے تمام پاک پہاڑوں پر بدکاری و ظلم کوئی نہ کرے گا کیونکہ تمام ملک سمجھ سے مملو ہوگا۔ خدا کو گھیرے رہیں گے جیسے پانی کو سمندر ان آیات سے ظاہر ہے کہ کسی رسول کی خبر ہے کیونکہ نزول روح القدس انبیا رہی پر ہوتا ہے اُس کی صفات سے حکمت یعنی دانش و فراست و اجتہاد و جبروت و علم و خشوع و عدالت و ہدایت جو خواص انبیار سے ہے بیان ہوا اور زمین کو رام کرے گا۔ اپنے مونھ کے عصا سے وہ بڑا فصیح البیان ہوگا کہ اُس کی فصاحت بیان سے قلوب سامعین اُس کی طرف کھنچیں گے اور اپنے ہونٹوں کی ہوا سے شریر کو فنا کرے گا یعنی جس کے حق میں جو کچھ کہدے گا وہ ہوجائے گا یہ جملہ صفات ہمارے پیغمبر میں پائے جاتے ہیں۔ قریش آپ کی بد دعا سے بہت ڈرتے تھے۔ عتبہ کے حق میں آپ نے دعا کی تھی اللھم سلط علیہ کلبا من کلا بك جب سفر میں وہ اپنے باپ ابولہب کے ساتھ گیا تو ابولہب نے اُسے بڑی حفاظت سے رکھا۔ اُس کے گرد محافظ بٹھلائے اور کہا کہ مجھے محمدؐ کی بد دعا کا ڈر ہے۔ یہ سب اہتمام کیا لیکن رات کو اُسے شیر اُٹھالے گیا۔ اور نیز یہ مقصود ہے کہ آپ کے انفاس قدسی کے اثر سے شیطان بھاگے گا۔ چنانچہ آپ نے فرمایا ہے کہ شیطان جزیرہ عرب سے نکل گیا۔ جو صحابہ کے حالات کو بچشم انصاف دیکھے گا تو یقین کرے گا کہ شیطان نے کیسا گریز کیا اور امن و عدل کے بارہ میں اُس کے وقت میں بڑا مبالغہ ہے شیر بکری ایک مقام پر رہیں گے اس سے مقصود یہ ہے کہ بڑے بڑے جبار کم زوروں پر کچھ زور نہ کرسکیں گے۔ نیز بدولت خوبی و برکت انفاس قدسیہ اُس رسول کے طبائع بھی ایسے ہوجائیں گے۔ شیر گھاس چرے گا۔ اس سے بھی مقصود یہ نہیں ہے کہ فی الواقع شیر گھاس چرے گا کیونکہ اُس کے بعد ہی

Marfat.com

لکھا ہے کہ ہمارے پاک پہاڑ پر ظلم و بدکاری نہ ہوگی اُس کی علت یہ بیان کیا کہ تمام ملک سمجھ سے بھر جائے گا اور خدا کو گھیرے رہیں گے یعنی دل و جان سے خدا پرستی کریں گے تمامی عدل و انصاف بموجب احکام الٰہی ہوگا۔ ہمارے پیغمبر کے زمانہ میں یہ سب کچھ ہوا۔ ایک بڑھیا شام سے تن تنہا حج کے لئے مکہ معظمہ آتی تھی اور کوئی متعرض نہیں ہوتا تھا۔ یہ سب خلفاء راشدین کے وقت تک تو یہ عدالت بہت شدت کے ساتھ تھی چنانچہ آپ نے فرمایا ہے خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم ایک بڑا نشان اُس رسول کا یہ لکھا ہے کہ وہ ہاجرہ کی اولاد سے ہوگا یہ نشان تو سوائے ہمارے حضرت کے کسی میں نہیں پایا جاتا۔ اب جھگڑا ہم میں اور یہود میں یہ رہ جائے گا کہ ؟ لیشا ی سے مراد قطورہ نہیں ہیں بلکہ حضرت داؤد کے باپ مقصود ہیں جیسا ظاہر عبارت دلالت کرتی ہے اور ہم کہتے ہیں کہ مراد اُس سے قطورہ ہیں کیونکہ اب رسول کوئی ہوگا نہیں تو اگر قطورہ مراد نہ ہوں تو یہ خبر غلط ہو جائے گی۔ حضرت اشعیا نے ۳ باب کے اول ہی میں خبر دی ہے کہ اورشلیم اور یہوداسے ریاست سلطنت جاتی رہے گی۔ یہ خبر حضرت مسیح تک پوری ہوگئی کہ اُن کے بعد کوئی نبی اُس خاندان میں نہیں ہوا اگرچہ یہود اُس جناب کو نبی نہیں سمجھتے اور کہتے ہیں کہ یحیٰی نبی کے بعد کوئی نبی ہماری قوم میں نہیں ہوا لیکن آثار و علامات سے اُن کی نبوت میں شبہہ نہیں تو بالضرور اب بنی اسرائیل میں کوئی نبی نہ ہوگا۔ ورنہ اشعیا کے صحیفہ کی ۳ باب کے اول آیت سے چار تک غلط ہو جائیں گی تو یہ خبر جو ۱۱ باب میں دی گئی ہے کس کی نسبت ہے اگر حضرت مسیح کی نسبت کہیں جیسا کہ عیسائی خیال کرتے ہیں تو اُن پر مطابق نہیں ہوتے کیونکہ حضرت مسیح کو سلطنت عطا نہیں ہوئی تھی اور نہ اُن کے وقت میں ایسا امن تھا جیسا اس آیت میں مذکور ہے بلکہ یہود نے آپ ہی پر ہاتھ بڑھایا تھا اور نہ وہ ایشای کے اولاد میں تھے کیونکہ باپ اُن کے تھا نہیں اور حضرت مریم کا ایشای کی اولاد میں ہونا ثابت نہیں اور آسمانی بادشاہت جیسا کہ

Marfat.com

عیسائی کہتے ہیں ایک بناوٹ تھی ہاں یہ خبر آنحضرت پر من جمیع الوجوہ منطبق ہے بجز اس کے کہ آپ یشای کی اولاد میں نہیں ہیں تو اس ایک نشان کے نہ ملنے سے یہ خبر جھوٹ ہو جائیگی اس لئے ضرور ہوا کہ یشای سے مراد قطورہ ہوں کہ یہ خبر مطابق واقع کے ہو۔ اس کے بعد کی آیت سے مطلب زیادہ تر واضح ہوتا ہے۔ וְהָיָה בַּיּוֹם הַהוּא שֹׁרֶשׁ יִשַׁי אֲשֶׁר עֹמֵד לְנֵס עַמִּים אֵלָיו גּוֹיִם יִדְרֹשׁוּ וְהָיְתָה מְנֻחָתוֹ כָּבוֹד׃

وِہَایَا بَیّوم ھَھُو شورِش یِشای اَشِر عُومید لِنیس عمیم الاو گوییم یدرشو وِہایتا مِنُو حَاتُو کابُود لغات נֵס نیس = امتحان ׃ דרש یدروش مادّہ اس کا דרש دارش ہے۔ اس کے معنی بہت ہیں لیکن مناسب مقام رجوع کرنا و اتباع ׃ ישי ایشای اس لفظ کے معنی ہم اوپر لکھ چکے ہیں ایک معنی اس کے اور ہیں یعنی ہستی کیونکہ ׃ יש یش کے معنی ہیں ہست מְנֻחָה منوحہ = مقام و مستراح כָּבוֹד کابود اس لفظ کی اصل معنی ہیں ثقل لیکن جلال و عزت و آبرو و شرف میں کثیر الاستعمال ہے (ترجمہ)

اُس ایام میں ایشای (یعنی قطورہ) کی جڑ جو امتحان اقوام کے لئے قائم ہو گی اُس کی طرف قومیں رجوع ہونگی یا اُس کی متبع ہونگی یا اُس سے کمال کو پہونچیں گی اور اُس کا مقام کابود ہوگا یعنی کعبہ۔ کابود سے کعبہ اس وجہ سے مراد ہوا کہ کابود کے معنی ہیں عزت و شرف جسے عربی میں کعب کہتے ہیں۔ کعبہ میں تار اہمیت ہے پس کعبہ و کابود دونوں بمعنی شرف ہیں اور دوسرے معنی کابود کے یہاں بتاویل درست ہوتے ہیں۔ یہاں ایک بحث اور ہے کہ ׃ ישי یِشای لفظ مہمل نہیں ہے اُس کی اصل معنی کی طرف متوجہ ہونا ضرور ہے اس کا مادّہ ׃ ישה یاشا ہے۔ یہ مادّہ قلیل الاستعمال ہے۔ اصل معنی اس کے ہیں وجود ہونا۔ چنانچہ اس سے ׃ יש یش معنی ہست

Marfat.com

وہی کثیر الاستعمال ہی عربی میں بھی ایس مقابل لیس ہی پھر اس کے معنی مبارک ہونا ہی چنانچہ
יֵשׁ یش معنی برکت آیا ہی حضرت سلیمان کی کتاب الامثال میں ہی نپیش او
ہبای یش לְהַבְבֵי יֵשׁ (ترجمہ) اپنے
دوستوں کو برکت دینے کے لئے اس صورت میں יִשַׁי یشای معنی مبارک ہونگے
حضرت داؤد کے باپ کا نام بامید برکت یہ رکھا گیا ہوگا اور اس مادّہ کے معنی ہیں سیدھا
کھڑا کرنا جسے مجازاً اعانت بھی ارادہ کرتے ہیں اس صورت میں یشای کی معنی مستقیم ہونگے
بعض اہل لغت نے اس کے معنی دولت مندبھی قرار دیئے ہیں اس مادّہ کے معنی قوّت کے
بھی ہیں جیسے תּוּשִׁיָּה توشیہ بمعنی اعانت و مدد مستعمل ہی یہ لفظ حکمت و
دانش کی معنی میں بھی آیا ہی پس یشای کے اصلی معنی ہیں مبارک اور معین و مستقیم و رئیس بھی
اس سے مراد ہو سکتا ہی پس یشای سے مراد یہاں مبارک ہی حضرت داؤد کے باپ
مراد نہیں ہیں تو معنی آیت یہ ہیں کہ نہال مبارک سے ایک شاخ بصفت مرقومۂ مابعد نکلے گی
پھر اُس کی تاکید ہی کہ اُس کی جڑ سے ایک شاخ بڑھے گی البتہ اُس مبارک نہال کی تعین میں
بحث ہی کہ مراد اُس سے کون ہی ہمارا خیال یہ ہی کہ مراد اُس سے حضرت اسمٰعیل ہیں قرینہ
اس پر یہ ہی کہ حضرت ابراہیم نے جب حضرت اسمٰعیل کے حق میں دعا کی تو خدا نے فرمایا کہ میں نے
اُسے مبارک کہا ۔ پس خدا نے حضرت اسمٰعیل کو مبارک کیا بخلاف حضرت اسحٰق کے کہ اُن کے
حق میں یہ لفظ وارد نہیں ہی لہٰذا ہم نہال مبارک سے حضرت اسمٰعیل کو سمجھتے ہیں اور لفظ
יִפְרֶה یفرہ بھی جس کے معنی ہیں بڑھیں گے ۔ موید ہی یہ لفظ وہی ہی جسے
خدا نے حضرت اسمٰعیل کے بارہ میں اختیار کی ہی جس کا بیان اوپر ہو چکا ہی خدا نے حضرت اسمٰعیل کو
کہا کہ میں نے اُسے مبارک کیا اور مثمر پس چونکہ حضرت اسمٰعیل بلسان وحی مبارک و مثمر بیان
ہوئے تھے اس لئے حضرت اشعیا نے اُن کو نہال مبارک سے تعبیر کیا اب ۱۵ آیت سے
۱۶ تک ایک نشان ہمارے پیغمبر کا اور لکھا ہی اس لئے اُس کی شرح کر دیتے ہیں :

Marfat.com

וְהֶחֱרִים יְהוָה אֵת לְשׁוֹן יַם־מִצְרַיִם וְ
הֵנִיף יָדוֹ עַל־הַנָּהָר בַּעְיָם רוּחוֹ וְ
הִכָּהוּ לְשִׁבְעָה נְחָלִים וְהִדְרִיךְ
בַּנְּעָלִים

וְהָיְתָה מְסִלָּה לִשְׁאָר עַמּוֹ אֲשֶׁר יִשָּׁ
אֵר מֵאַשּׁוּר כַּאֲשֶׁר הָיְתָה לְיִשְׂרָאֵל
בְּיוֹם עֲלֹתוֹ מֵאֶרֶץ מִצְרָיִם׃

وِهحریم یہوا اِث لشون یام مِصرایم وِہنیف یادو عل ہنّاہار بعیام روحو وِہکّا ہو لِشبعا نحالیم وِہدریخ بنّعالیم وِہاتیا مسلّا لشار عمو اشر یشایر ماشور کا شر ہاتیا لیسرائیل بیوم علوتو مِیارِص مِصرایم : **لغات** ים یام بمعنی در عربی یم لیکن بحیرہ اور بڑے دریا پر بھی اس کا اطلاق آیا ہے מצרים مِصرایم یہ نام ہے حام کی بیٹی کا اور ملک مصر کا بصیغہ تثنیہ کیونکہ شمالی مصر کو ماصور کہتے ہیں اور جنوبی کو پتروس ים מצרים یام مصرایم بحر مصر یعنی بحر قلزم اور دریای نیل کو بھی کہتے ہیں לשון ים מצרים لاشون یام مِصرایم یعنی لسان النیل دریاچہ سا وہ ہے خواہ اس وجہ سے کہ پانی اس کا نیل کا سا تھا یا اس وجہ سے کہ اسے نسبت کیا ہو مصرایم حام کی بیٹی کی طرف کہ اس کا اور اس کی اولاد کا بھی مسکن یہیں تھا בעים عیام بعرب و مجازاً قوت و طوفان מסלה مِسلّا = راہ خصوصاً جو قدوم رہرو سے پڑ جائے (ترجمہ) خشک کر دے گا خدا دریاچہ سا وہ کو اور اس ندی پر اپنا ہاتھ جھاڑے گا اپنے ہوا کے طوفان سے کہ اس کو سات نالی پر تقسیم کر کے جوتیوں سے راہ نکالے گا یعنی خشک کر دے گا تب ہو جائے گی راہ اس کی باقی ماندہ قوم کے لئے اشور سے (اس کی قوم سے مقصود وہ قوم ہے جو اس دریاچہ

Marfat.com

کے حوالی میں آباد تھے) جیسا ہو گئی راہ بنی اسرائیل کے لئے جب وہ ملک مصر سے چلے تھے مقصود یہ ہے کہ اُس رسول کے وقت میں دریاچہ ساوہ خشک ہو جائے گا کہ اُس کے حوالی کی قومیں اُس میں خشکی کی طرح چلیں گی جس سے اُس میں راہ پڑ جائے گی۔ جیسا بنی اسرائیل کے لئے دریائے اردن یوشع بن نون کے وقت میں خشک ہو گیا تھا۔ چنانچہ یہ حکایت یوشع کی کتاب میں موجود ہے۔ ہمارے پیغمبر کے پیدا ہونے کے بعد دریاچہ ساوہ خشک ہو گیا تھا بیہقی وغیرہ نے اس کا ذکر لکھا ہے یہ ایک بڑا نشان حضرت اشعیا نے ہمارے پیغمبر کا یہود کو بتایا تھا لیکن اُنھوں نے اُس پر کچھ توجہ نہ کی بلکہ لاشون یام مصرائم کو بحر قلزم کی شاخ سمجھے اور بنی اسرائیل کے لئے راہ ہو جانے سے سمجھے کہ جیسا اُن کے لئے قلزم میں راہ ہو گئی تھی یہ دھوکھا اُن کو ظاہر عبارت سے ہوا۔ حضرت عیسیٰ پر یہ اصلا انطباق نہیں رکھتے پھر اس کے بعد ۱۲ باب میں اخیر تک اُسی رسول کا ذکر ہے۔ واضح ہو کہ ساوہ نام ہے ایک شہر کا جو اقلیم چہارم میں ۳۵ درجہ عرض پر واقع ہے اس کو ملک عرب سے شمار کیا ہے وہاں ایک بحیرہ تھا مربع جس کا طول و عرض ۶ میل تھا آنحضرت کے زمانہ میں وہ قبضہ میں اہل فارس کے تھا۔ اُس کے گرد معاند یہود و نصاریٰ تھے وہ لوگ منتظر تھے کہ جب یہ بحیرہ خشک ہو جائے گا تو مسیح ہو گا جیسا اس پیشین گوئی سے مستفاد ہوتا ہے لیکن وہ یہ سمجھے تھے کہ وہ قوم بنی اسرائیل سے ہو گا۔ جب وہ رسول پیدا ہوا تو بہت لوگ جن کی طبیعت صاف تھی اور قوم بنی اسرائیل سے ہونا اُس کا لازمی نہیں سمجھے تھے ایمان لائے اور جو لوگ اپنے وہم میں پھنسے رہے خواہ عناد نے اُن کے دل کو زنگ آلود کر رکھا تھا انکار کیا عجب نہیں کہ یہ بحیرہ کھدوایا حام کے بیٹے مصرائیم کا ہو اس لئے ارمیا نے اُسے لاشون یام مصرائم سے تعبیر کیا ہے اور وجہ یہ ہے کہ اُس پر ایک مدت سے قبضہ مصریوں کا تھا اور وہ سرحد اہل فارس و اہل مصر کی تھی۔ اس لئے حضرت اشعیا نے اس نام سے بیان کیا بڑا نشان اُس کا اسی آیت میں مذکور ہے کہ وہ بحیرہ راہ ہو جائے گا اُس کے باقی ماندہ قوم کے لئے جو اُشور سے

Marfat.com

یونان اور اشور وہی مقام ہے جس میں بغداد، بابل وغیرہ واقع ہیں سوائے بحیرہ ساوہ کے
اور کوئی مصداق اس پیشین گوئی کا نہیں اور وہ آنحضرت کے وقت میں بلا شبہ خشک ہو گیا
وساء ساوۃ اَنْ غاضت بحیرتہا + وردّ واردھا بالغیظ حین ظمی
اب) ۶۶ زبور اس کے مناسب ہے اسے لکھتے ہیں לַמְנַצֵּחַ שִׁיר
מִזְמוֹר הָרִיעוּ לֵאלֹהִים כָּל־הָאָרֶץ
لمنصیح شیر مزمور ہاریعو لیلوہیم کل ہا آرض :
لَمْنَصِّیَح یہ لفظ ۵۳ زبور کے اوّل میں وارد ہے ربی داؤد قمحی ورشی وابن عزرا اسی
تمہید شیر یعنی غنا کے ٹھہراتے ہیں اس کا ترجمہ کیا گیا לְשַׁבֵּחַ :
لِشَبَاحِہ یعنی التسبیح شیر و مزمور یعنی لحن وغنا ہَارِیعُو غُل مچاؤ وجد کرو (ترجمہ)
تمام ملک حاکم کے واسطے وجد کرو۔ اس سے سمجھا جاتا ہے کہ یہ کسی حکمران کی خبر ہے آنحضرت کے
حکمراں ہونے میں تو شبہ نہیں آپ کی زندگی میں تو ہزارہا آدمی آپ کے جمال وکمال و
کلام کے عاشق زار تھے۔ اب بھی عشاق قبر پر وجد کرتے ہیں اس آیت میں ایک سِرّ ہے وہ
یہ ہے کہ الوہیم جس کا ترجمہ ہم نے حاکم کیا ہے اس کے عدد ۹۲ ہے جو عدد محمد کے ہے تو معنی یہ
ہوئے کہ تمام روئے زمین محمدؐ کے واسطے وجد کرے چونکہ الوہیم کے معنی حاکم کے ہیں
اور نیز وہ من حیث العدد ۹۲ ہوتا ہے اس لئے حضرت داؤد بعض بعض مقام میں آپ کو
الوہیم سے بیان کرتے ہیں اور اگر الوہیم کی معنی معبود ہوں جب بھی یہ آیت دورِ اسلام میں
پوری ہوئی ذوق شوق ربّانی جیسا دور اسلام میں تمام روے زمین میں پھیلا کبھی نہ تھا۔
دیکھو تمام روے زمین کے حجاج مکہ معظمہ و مدینہ منورہ میں کس اشتیاق سے جاتے ہیں
شہدا کا ذوق وشوق جو سر کٹانے میں تھا اس کا بیان ہو نہیں سکتا۔ זַמְּרוּ כְבוֹד־שְׁמוֹ שִׂימוּ כָבוֹד תְּהִלָּתוֹ :
زَمّرُو کِبود شِمو سِیمو کا بود تہلاتو گایو اس کی نام کی عزت معزز جانو

Marfat.com

اُس کی ستائش۔ مسلمان ضرور لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ سے اُس کے نام کی عزت گاتے ہیں۔ علاوہ بریں آپ کا نام سُن کے درود پڑھتے ہیں۔ مطابق اس زبور کی قرآن میں حکم ہے۔ صَلُّوا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوا تَسْلِیْمًا : אמרו לאלהים מה נורא מעשיך ברב עזך יכחשו לך איביך :

اِمرو لیلوہیم ما نورا معسیخا برُوب عزخا یخشو لخا اوبخا کہو الوہیم (یعنی محمدؐ) سے کیا ہی اچنبھے ہیں تیرے کام باوجود شدّت قوت کے تیرے دشمن تیرا انکار کریں گے یہ امر واضح ہے کہ یہ آیت خدا کی نسبت نہیں ہے כל הארץ ישתחוו לך ויזמרו לך יזמרו שמך סלה :

کُل ہا آرص یشتحو لخا ویزمرو لاخ یزمرو شمخا سلاہ۔ تمام زمین تیری تعظیم کریگی اور تیرے لئے زمزمہ کرینگے تیرا نام گا ئیگی۔ مقصود اس سے قصائد مدحیہ و کثرت درود وغیرہ ہے לכו וראו מפעלות אלהים נורא עלילה על בני אדם : لخو ورا و مفعلوت الوہیم نورا علیلہ عل بنی آدام (یعنی محمدؐ) کے کام جو عجوبہ و اچنبھا ہے بنی آدم پر یہ اشارہ آنحضرت کے معجزات و آیات کی طرف اور عمدہ تعلیمات کی طرف הפך ים ליבשה בנהר יעברו ברגל שם נשמחה בו : ہافخ یام لیباشا بناہار یعبرو برغل شام نسمحا بو۔ دریا خشک ہو جائے گا نہر میں اُتر جائیں گے پا پیادہ وہاں۔ اُس سے ہم خوش ہونگے۔ واضح ہو کہ یہ خبر ہے دریائے ساوہ کے خشک ہونے کی جو آنحضرت کی پیدائش کے وقت میں خشک ہو گیا جس کی تصریح خبر ما تقدم میں گزری قبل زمانہ اسلام اُس علاقہ پر قبضہ بت پرستوں کا تھا اور وہ بنی اسرائیل کو تکلیف دیتے تھے اور زمانہ اسلام سے

Marfat.com

امن ہوگیا اس لئے حضرت داؤد فرماتے ہیں کہ اُس سے ہم لوگ خوشی کریں گے :

מֹשֵׁל בִּגְבוּרָתוֹ עוֹלָם עֵינָיו בַּגּוֹיִם
תִּצְפֶּינָה הַסּוֹרְרִים אַל יָרִימוּ לָמוֹ סֶלָה

مُوشِیل بِغبُورا تُو عولام عینا و بگوییم تصپینا ہسّوررِیم ال یارِیمو لامُو سِلا

اپنی قوت سے تسلّط کرے گا دنیا پر اُس کی آنکھیں اقوام بت پرست کی طرف ملتفت ہونگی کفار اُس کی مدح نہ کریں گے ۔ معنی واضح ہیں اس سے سمجھا جاتا ہی کہ جو اس کی مدح نہ کرے کافر ہی اس کے بعد حمد باری ہی اب ہم اس کتاب کا ۵۴ باب لکھتے ہیں ۔

× רָנִּי עֲקָרָה לֹא יָלָדָה פִּצְחִי רִנָּה וְצַהֲלִי
לֹא חָלָה כִּי רַבִּים בְּנֵי־שׁוֹמֵמָה מִבְּנֵי
בְעוּלָה אָמַר יְהוָה : הַרְחִיבִי מְקוֹם
אָהֳלֵךְ וִירִיעוֹת מִשְׁכְּנוֹתַיִךְ יַטּוּ אַל-
תַּחְשֹׂכִי הַאֲרִיכִי מֵיתָרַיִךְ וִיתֵדֹתַיִךְ
חַזֵּקִי : כִּי יָמִין וּשְׂמֹאול תִּפְרֹצִי
וְזַרְעֵךְ גּוֹיִם יִירָשׁ וְעָרִים נְשַׁמּוֹת
יוֹשִׁיבוּ : אַל תִּירְאִי כִּי-לֹא תֵבוֹשִׁי
וְאַל-תִּכָּלְמִי כִּי-לֹא תַחְפִּירִי
כִּי בֹשֶׁת עֲלוּמַיִךְ תִּשְׁכָּחִי וְחֶרְפַּת
אַלְמְנוּתַיִךְ לֹא תִזְכְּרִי עוֹד : כִּי בֹעֲלַיִךְ
עֹשַׂיִךְ יְהוָה צְבָאוֹת שְׁמוֹ וְגֹאֲלֵךְ
קְדוֹשׁ יִשְׂרָאֵל אֱלֹהֵי כָל-הָאָרֶץ יִקָּרֵא
כִּי-כְאִשָּׁה עֲזוּבָה וַעֲצוּבַת רו

Marfat.com

יחַ קְרָאָךְ יְהוָה וְאֵשֶׁת נְעוּרִים

כִּי תִמָּאֵס אָמַר אֱלֹהָיִךְ׃ בְּרֶגַע קָ

טֹן עֲזַבְתִּיךְ וּבְרַחֲמִים גְּדֹלִים

אֲקַבְּצֵךְ׃ בְּשֶׁצֶף קֶצֶף הִסְתַּרְתִּי פָנַי רֶגַ

ע מִמֵּךְ וּבְחֶסֶד עוֹלָם רִחַמְתִּיךְ אָ

מַר גֹּאֲלֵךְ יְהוָה׃

رُنّی عَقارا لو یالدا پصحی رنّا وِصحلی لوحالا کی ربّیم بنی شومما مبّنی بعولا آمر یہوا: ہرحیبی مقوم آہولیخ ویریعوت مشکنوتایخ یطّوال تحساخی ہاریخی میتاریخ ویتیدوتاییخ حزّقی: کی یامین وسمول تفرُوصی وزرعیخ گوئیم ییراشو وعاریم نشمّوت یوشیبو + ال تیرئی کی لو تیبوشی وال تکالمی کی لو تحپیری کی بوشت علومایخ تشکاحی وحرپت المنوتاییخ لو تزکری عود + کی بوعلایخ عوسایخ یہوا صباؤت شمو گوالیخ قدوش یسرائیل الوہی خُل ہا آرص یقّاری + کی کاشا عزوبا وعوبث روح قرااخ یہوا وایشت نعوریم کی تمّااِیس آمر الوہایخ + برغع قاطون عزبتیخ وبرحمیم گدولیم اقبّصیخ + بشصف قصف ہستر تی پانای رغع ممّیخ وبحسد عولام رحمتیخ آمر گوالیخ یہوا: **لغات** רָנִּי

رُنّی اس کا مادّہ ר נ ן رنن ہے معنی اُس کے چلّانا خوشی سے ہو یا تعجب سے

רִנָּה رنّا یعنی غل خوشی سے خواہ استجاب سے צָהֳלָה

عقارا اماقر عقیم = بانجھ פִּצְחִי پصحی مادہ اس کا פָּצַח پاصح
ہے بیشتر استعمال اس کا رنا کے ساتھ ہوتا ہے دونوں مل کے اس کے معنی ہوتے ہیں
غل مچانا جیسا یہاں ہے צַהֲלִי صَہلی مادہ اس کا צָהַל صَہَل ہے
بمعنی چیخ مارنا۔ عربی صہیل اسی سے نکلا ہے שׁוֹמֵמָה شومیما = ویران
غیر آباد۔ اگر عورت پر اطلاق ہو تو مسرحہ متروکہ جس کو شوہر نے علٰحدہ کر دیا ہو
בְּעוּלָה بعولا مزوجہ منکوحہ הַרְחִיבִי ہرحیبی مادہ اس کا
רָחַב رحب بمعنی وسعت یہاں صیغہ امر ہے۔ باب افعال سے بمعنی وسیع کرنا
וִירִיעוֹת یریعا = ستون خواہ چوب خیمہ מִשְׁכְּנוֹתַיִךְ مشکان خیمہ
יַטּוּ یطّو اس کا مادہ נָטָה ناطا ہے بمعنی خیمہ کھڑا کرنا אַל
תַּחְשֹׂכִי تحسوخی مادہ اس کا חָשַׂךְ حسخ ہے بمعنی روک لینا
הַאֲרִיכִי ہاریخی = بڑھاؤ دراز کر מֵיתָרַיִךְ میتار = طناب
וִיתֵדֹתַיִךְ یتید وتد = کھونٹی כִּי יָמִין یامن = دائیں וּשְׂמֹאול
سموول = بائیں תִּפְרֹצִי تفروصی مادہ اس کا פָּרַץ پارص ہے
بمعنی توڑ دینا۔ مجازاً مغلوب کرنا כִּי לֹא תִכָּלְמִי ال تکالمی شرما کی
باتیں مت کر תַחְפִּירִי تحپری مادہ اس کا חָפַר حفر ہے
بمعنی کھودنا لیکن باب افعال میں بمعنی ندامت و شرمساری مستعمل ہے עֲלוּמַיִךְ
علوما = لڑکپن נְעוּרַיִךְ نعوریم = طفولیت רֶגַע رغع = سکون
مت בְּשֶׁצֶף شصف = جھانجھ קֶצֶף قصف = غیظ ؞

(ترجمہ) اے عقیمہ نازادہ چلا غل مچا۔ خوشی سے شور کر اے زہ ناچشیدہ کیونکہ
متروکہ کی لڑکی بڑھ جائے گی منکوحہ کے لڑکوں سے۔ خدا فرماتا ہے اپنے خیمہ کا مقام وسیع کر
کہ تیرے خیمہ کی چوب نصب ہو گی۔ روک مت دراز کر اپنی طناب اور اپنی کھونٹیاں محکم کر

Marfat.com

کیونکہ دائیں بائیں تو مغلوب کرے گی اور تیری نسل قبائل کی مالک ہوگی اور ویران شہروں کو آباد کرے گی خوف مت کر کہ خجل نہ ہوگی اور شرما کے باتیں مت کر کہ شرمندہ نہ ہوگی بلکہ لڑکپن کی شرمساری بھول جائے گی اور بیوگی کی عار پر یاد نکرے گی کیونکہ تیرا مالک بنانے والے کا نام ذوالجلال ہے اور تیرا آزاد کرنے والا قدوس اسرائیل تمام دنیا کا معبود کہلائے گا۔ جب متروکہ غمگین عورت کی طرح تجھے بلائے گا خدا۔ جب لڑکپن کی عورت ناراض کرے گی تیرا خدا فرماتا ہے تھوڑی مدت کے لئے میں نے تجھے چھوڑا تھا اور بڑی رحمت کے ساتھ تجھے اکٹھا کروں گا۔ مخلوط غصہ سے کچھ دیر تجھ سے مونھ چھپایا میں نے اور دائمی مہربانی کے ساتھ تجھ پر رحم کیا میں نے۔ تیرے آزاد کرنے والے خدا کا فرمان ہے یہ بشارت تھی خدا کی طرف سے مسجد کعبہ کو چونکہ انبیاء بلکہ عموماً خدا پرست خدا کے بیٹے کہلاتے تھے اور مسجد کعبہ میں مدت دراز سے خدا پرستی نہیں ہوتی تھی اور نہ وہاں سے کوئی پیغمبر نکلا۔ بعد حضرت اسمٰعیل کے کچھ دنوں بعد وہاں بت پرستی شائع ہوئی۔ بتوں سے وہ مسجد معمور تھی۔ کواکب پرستی موجب فلاح دنیا و آخرت سمجھتے تھے۔ ہندوستان تک کے لوگ وہاں تیرتھ درشن کے لئے جاتے تھے بخلاف بیت المقدس کے کہ وہاں برابر خدا پرستی ہوتی رہی اور انبیاء برابر ہدایت بنی اسرائیل کے لئے مبعوث ہوتے تھے۔ گو یاربعام بن نباط کے وقت سے وہاں بھی کواکب پرستی پھیل گئی تھی تاہم کچھ نہ کچھ لوگ خدا پرستی بھی کرتے تھے۔ کعبہ کی طرح بالکل بت خانہ نہیں ہوگیا تھا۔ پس چونکہ وہاں تازمان پیغمبر آخرالزمان کوئی نبی نہیں ہوا۔ اس لئے خدا اس کو عقیمہ کہتا ہے اور بشارت دیتا ہے کہ بہت خوش ہو کہ تیرے حجاج بیت المقدس کے حاجیوں سے بڑھ جائیں گے کیونکہ یہ مسجد ویران تھی اور بیت المقدس آباد۔ اس لئے متروکہ سے مراد کعبہ ہے اور منکوحہ سے بیت المقدس اور لڑکوں سے مراد حجاج ہیں۔ ظاہر ہے کہ بیت المقدس میں صرف ایک قوم کا حج ہوتا تھا اور یہاں تمام دنیا کے

Marfat.com

لوگ حج کو جاتے ہیں پس اولاد متروکہ کی بڑھ گئی منکوحہ کی اولاد سے یہ بات ہمارے پیغمبر کے وقت میں پوری ہوئی اور کعبہ کو اس وجہ سے بھی متروکہ کہا کہ وہاں ہاجر کی اولاد رہتی تھی جسے حضرت ابراہیم نے ترک کرکے وہاں پہونچا دیا تھا اور حضرت سارہ جو اپنے کو منکوحہ سمجھتی تھیں اُن کی اولاد سے بیت المقدس آباد تھا تو گویا کنایہ ہے کہ متبعان اولاد ہاجر زیادہ ہو جائیں گے متبعان اولاد سارہ سے یہ بات برا ر العین مشاہد ہے اُس کے بعد کہتا ہے کہ اپنے خیمہ کا مقام وسیع کر عرب کا دستور تھا خیموں میں رہنا خلاف بنی اسرائیل کے کہ وہ شہروں میں آباد تھے اس لئے کہتا ہے کہ اپنے مقام خیام کو وسیع کر یعنی تیرے خیمے ہفت اقلیم میں پھیلیں گے۔ چنانچہ ایسا ہوا اور بہ نسبت آگے کے اب گردا گرد حرم بڑھا بھی ہے اب اُس کے بعد کہتا ہے کہ تیرے خیمہ کی چوب نصب ہوگی یعنی تو قبلۂ عالم ہوگی۔ قال اللہ تعالیٰ فول وجھك شطر المسجد الحرام وحیث ما کنتم فولوا وجوھکم شطرہٗ وَ اِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتوا الکتاب لیعلمون انہ الحق من ربھم وما اللہ بغافل عما یعملون: (ترجمہ) تو پھیر اپنا مونھ مسجد حرام (یعنی کعبہ) کی طرف جہاں تم لوگ ہو مونھ پھیرو اُس کی طرف یقیناً اہل کتاب جانتے ہیں کہ وہ حق ہے خدا کی طرف سے خدا اُن کے کردار سے غافل نہیں) اس کے بعد کہتا ہے کہ اپنی طناب دراز کر اور کھونٹیاں محکم کر کیونکہ یمین و شمال کو تو مغلوب کرے گی اور تیری نسل قبائل کی مالک ہوگی اور ویران شہروں کو آباد کرے گی ویران شہر سے مراد بیت المقدس وغیرہ ہے جو دورِ اسلام سے آباد ہوا یعنی خدا پرستی وہاں بھی جاری ہوئی اور نجس و نامختون سب نکل گئے اُس کے بعد کہتا ہے کہ خوف مت کر شرمندہ نہ ہوگی یعنی تجھ میں شائبہ بت پرستی کبھی نہ ہوگا اور تو ہمیشہ جملہ آفات سے محفوظ رہ کر قبلہ عالم رہے گی۔ اب اُس کے بعد کہتا ہے کہ یہ کب ہوگا کہ جب لڑکپن کی عورت یعنی بیت المقدس ناراض کرے گی اور

تجھکو متروکہ غمگین عورت کی طرح خدا بلائے گا یعنی ہاجر کی طرح خدا تجھکو بلائے گا کہ حضرت ابراہیم نے بعد وفات حضرت سارہ کے اُن کو بلا لیا تھا۔ اسی طرح خدا تجھکو بعد خرابی بیت المقدس کے قبلہ مقرر کرے گا پھر کہتا ہے کہ تھوڑی دن کے لئے میں نے تجھے چھوڑا تھا اور بڑی رحمت سے تجھکو بلاؤں گا یعنی قبلہ مقرر کروں گا کیونکہ یہ حضرت آدم کے وقت سے مسجد پرستش گاہ ذوالجلال وحدہ لاشریک لہٗ کی تھی مگر کچھ دنوں سے بت خانہ ہو گئی تھی۔ بڑی رحمت سے کنایہ ہے ذات بابرکات سرور کائنات سے مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ کو خیال کرو۔ کتب احادیث میں آپ کا نام نبی الرحمۃ مرقوم ہے۔ اُس کے بعد مذکور ہے کہ دائمی رحمت سے تجھ پر رحم کیا یعنی شریعت جو تجھ سے جاری ہوگی منسوخ نہ ہوگی اور ہمیشہ وہاں حج و قربانی و خدا پرستی قائم رہے گی کفار کے ہاتھ سے مصون و محفوظ رہے گی

כי מי נח זאת לי אשר נשבעתי מעבר מי נח עוד על הארץ כן נשבעתי מקצף עליך ומגער בך: כי ההרים ימושו והגבעות תמוטינה וחסדי מאתך לא ימוש וברית שלומי לא תמוט אמר מרחמך יהוה:

کیمی نوح زوث لی اشر نشبعی میعبور می نوح عود عل ہا آرص کین نشبعی مقِصوف عالایخ ومگعار باخ + کی ھھاریم یاموشو دِہگباعوث تموطینا وِحسدِی میاتیخ لویاموش وبریت شلومی لوتاموط آمر مِرحِمیخ یہوا:

لغات: בך قصوف معنی غصب הגבעות

گِعَار = عتاب خفگی ימושו یَامُوشُ مادّہ اس کا מוש
مُوش ہے = دور ہونا۔ چھپ جانا תמוטינה تَامُوط مادّہ اس کا مُوط ہے
پھٹ جانا۔ یہ مادّہ عربی میں بھی مستعمل ہے (ترجمہ) یہ ہمارے لئے مثل طوفان نوح ہے
جس کی نسبت ہم نے قسم کھائی ہے کہ پھر دنیا میں طوفان نہ ہوگا۔ یوں ہی ہم نے کھائی ہے
تجھ پر غضب و غیظ کرنے سے پہاڑ ٹل جائیں اور جبال پھٹ جائیں ہماری رحمت تجھ سے
نہ ہٹے گی اور ہمارا عہد اسلام نہ پھٹے گا۔ یہ حکم ہے خدائے رحیم کا۔ توارات میں مذکور ہے کہ
بعد از طوفان خدا نے قسم کھائی ہے کہ میں اب دنیا کو غرق نہ کروں گا اور تھا طوفان نوح کا
آغاز زمین کوفہ سے جو ملک عرب میں ہے سرحد شام میں اُس سے عرب و شام دونوں ڈوب گئے
اور مسکن نوحؑ کا مکہ معظمہ تھا اس لئے خدا کہتا ہے کہ جس طرح میں نے قسم کھائی ہے طوفان کی جس کے
خلاف اب تک دیکھا نہیں جاتا اُسی طرح میں قسم کھاتا ہوں کہ اب غضب نہ کروں گا۔ چنانچہ
بعد بعثت آنحضرتؐ کے ایسے ہولناک حوادث دیکھے نہیں جاتے اُسی کی توثیق کے لئے پھر
کہتا ہے کہ میرے حکم کے خلاف نہیں ہوگا۔ اِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَا یَشَاءُ وَ یَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ
هُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ۔ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ : עֲנִיָּה סֹעֲרָה לֹא
נֻחָמָה הִנֵּה אָנֹכִי מַרְבִּיץ בַּפּוּךְ
אֲבָנַיִךְ וִיסַדְתִּיךְ בַּסַּפִּירִים:
عَنِیَّا سُوعَرَا لُو نُوحَامَا ہِنّے اِنوخی مَرِبیص بَپُوخ اَبَانَاتِخ وِیسَدْتِیخ بسپّیریم۔
لغات עֲנִיָּה عَنِیَّا = مسکینہ סֹעֲרָה سُوعَرَا = شکستہ
נֻחָמָה نوحَامہ = مرحومہ פּוּךְ پوخ = نگینہ סַפִּירִים
سپّیر = جوہر (ترجمہ) اے مسکینہ شکستہ نامرحومہ ہاں میں تیرے پتھروں کو
نگین کی جگہ بٹھلاؤں گا اور جواہر سے تیری بناء ڈالوں گا یہ سب خطاب ہے کعبہ کی طرف
مسکینہ و شکستہ نامرحومہ ان الفاظ سے بنظر حال حضرت ہاجر کی ہے کہ وہ بڑی بے رحمی سے

Marfat.com

اس وادی غیر ذی زرع میں پہونچائی گئیں۔ اب اس زمانہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں کی
مٹی کو لوگ مثل نگین لے جاتے ہیں، پتھر کو کون کہے، سونے چاندی جواہر کی کچھ وقعت نہیں۔
ابھی ہمارے زمانہ میں ایک نواب ہند نے ایک نردبان چاندی کا وہاں بھیجا علما نے بڑی بڑی
منت وچاپلوسی سے اُس نواب کی قبول کیا لیکن اُس طرف لگایا جس طرف عورتوں کا مقام ہے۔
اس کے بعد اس باب میں ۶ آیت اور ہیں وہ بھی اسی قسم کی ہیں۔ ۶۰ باب קוּמִי
אוֹרִי כִּי בָא אוֹרֵךְ וּכְבוֹד יְהוָה עָלַיִךְ
זָרָח: כִּי־הִנֵּה הַחֹשֶׁךְ יְכַסֶּה־
אֶרֶץ וַעֲרָפֶל לְאֻמִּים וְעָלַיִךְ יִזְרַח
יְהוָה וּכְבוֹדוֹ עָלַיִךְ יֵרָאֶה: וְהָלְכוּ
גוֹיִם לְאוֹרֵךְ וּמְלָכִים לְנֹגַהּ זַרְ
חֵךְ: שְׂאִי סָבִיב עֵינַיִךְ וּרְאִי כֻּלָּם נִ
קְבְּצוּ בָאוּ־לָךְ בָּנַיִךְ מֵרָחוֹק יָבֹאוּ
וּבְנֹתַיִךְ עַל־צַד תֵּאָמַנָה: אָז
תִּרְאִי וְנָהַרְתְּ וּפָחַד וְרָחַב לְבָבֵךְ כִּי
יֵהָפֵךְ עָלַיִךְ הֲמוֹן יָם חֵיל גּוֹיִם יָבֹ
אוּ לָךְ: שִׁפְעַת גְּמַלִּים תְּכַסֵּךְ בִּכְ
רֵי מִדְיָן וְעֵיפָה כֻּלָּם מִשְּׁבָא יָבֹאוּ
זָהָב וּלְבוֹנָה יִשָּׂאוּ וּתְהִלֹּת יְהוָה יְבַ
שֵּׂרוּ: כָּל־צֹאן קֵדָר יִקָּבְצוּ לָךְ אֵי
לֵי נְבָיוֹת יְשָׁרְתוּנֶךְ יַעֲלוּ עַל־רָצוֹן
מִזְבְּחִי וּבֵית תִּפְאַרְתִּי אֲפָאֵר: מִי

אֵלֶּה כָּעָב תְּעוּפֶינָה וְכַיּוֹנִ
ים אֶל אֲרֻבֹּתֵיהֶם: כִּי־לִי אִיִּים יְקַוּ
וּ: וָאֳנִיּוֹת תַּרְשִׁישׁ בָּרִאשֹׁנָה לְהָבִ
יא בָנַיִךְ מֵרָחוֹק כַּסְפָּם וּזְהָבָם
אִתָּם לְשֵׁם יְהוָה אֱלֹהַיִךְ וְלִקְדוֹ
שׁ יִשְׂרָאֵל כִּי פֵאֲרָךְ: וּבָנוּ בְ
נֵי נֵכָר חֹמֹתַיִךְ וּמַלְכֵיהֶם יְשָׁרְתוּנֶךְ
כִּי בְקִצְפִּי הִכִּיתִיךְ וּבִרְצוֹנִי רִ
חַמְתִּיךְ: וּפִתְּחוּ שְׁעָרַיִךְ תָּ
מִיד יוֹמָם וָלַיְלָה לֹא יִסָּגֵרוּ לְ
הָבִיא אֵלַיִךְ חֵיל גּוֹיִם וּמַלְכֵי
הֶם נְהוּגִים: כִּי־הַגּוֹי וְהַמַּמְלָ
כָה אֲשֶׁר לֹא־יַעַבְדוּךְ יֹאבֵ
דוּ וְהַגּוֹיִם חָרֹב יֶחֱרָבוּ: כְּ
בוֹד הַלְּבָנוֹן אֵלַיִךְ יָבוֹא בְּרוֹ
שׁ תִּדְהָר וּתְאַשּׁוּר יַחְדָּו לְפָ
אֵר מְקוֹם מִקְדָּשִׁי וּמְקוֹם רַגְלַי
אֲכַבֵּד: וְהָלְכוּ אֵלַיִךְ שְׁחוֹחַ בְּ
נֵי מְעַנַּיִךְ וְהִשְׁתַּחֲווּ עַל־כַּפּוֹת
רַגְלַיִךְ כָּל־מְנַאֲצָיִךְ:

Marfat.com

قومی اوری کی با اوریخ وخبود یہوا عالاییخ زارح کی ہنہ ہحوشخ یخسہ آرص
وعرافل لاُمّیم وعالاییخ یزرح یہوا وخبودو عالاییخ یرائے + وہالخو گوییم لاوریخ
وملاخیم لنوغہ زرحیخ + سئی سابیب عینائیخ ورئی کلام نقبصو باؤ لاخ بانایخ
میراحوق یابوؤ وبنوتاییخ عل صد تآمینا : آز تیرئی ونا ہرت وفاحد وراحب
لبابیخ کی یہافخ عالاییخ ہمون یام حیل گوییم یابوؤ لاخ + شفعت گملیم تخسیخ بخری
ہدیان وعیفا کلام مشبا یابوؤ زاہاب ولبونا یسّاؤ وتہلوت یہوا یبسّیرو + کل
صون قیدار یقبصو لاخ ایلی نبایوت یشارتونیخ یعلو عل راصون مزبحی وبیت
تفارتی افائیر + می ایلہ کعاب تعوفینا وخیونیم ال اربوتیہم کی لی ایّیم یقوّو
واونیوت ترشیش کاریشونا لہابی بانایخ میراحوق کسپام وزہابام اتّام لشیم
یہوا الوہاییخ ولقدوش یسرائیل کی پئاراخ + وبانو بنی نیخار حوموتاییخ وملکیہم
یشارتونیخ کی بقصپی ہکّیتیخ وبرصونی رحمتیخ + وفتحو شعاراییخ تامید یومام
ولایلا لویسّاغرو لہابی ایلائیخ حیل گوییم وملکیہم نہوغیم + کی گوی وہمملاخا
اشر لو یعبدوخ یوبیدو وہگوییم حاروب یحرابو + کبود ہلبانون ایلاییخ یابو بروش
تدہار وتاشور یحدا ولفائیر مقوم مقدّاشی ومقوم رگلی اکبید + وہالخو
الاییخ شحوح بنی معنّیخ وہشتحوو عل کپوت رگلاییخ کل مناصاییخ -

(ترجمہ) اے میرے نور مستعد ہو جا کہ تیرا نور کمال کو پہونچا اور جلال ربانی تجھ پر چمکا۔
جب کہ ظلمت دنیا کو چھپاے گی اور تاریکی امم کو۔ تب تجھ پر خدا متجلی ہوگا اور اس کی عزت

Marfat.com

و تجھ پر نظر آئے گی اور چلیں گی قومیں تیری روشنی ہیں اور سلاطین تیرے نور کی کرنوں میں ہرطرف
اپنی آنکھ اٹھا اور سب کو دیکھ سب جمع ہو کے تیرے پاس آئیں گے۔ تیرے لڑکے دور سے
آئیں گے اور تیری لڑکیاں کندھے پر لدھیں گی اس وقت تو ڈرے گی اور مستتر ہوگی
اور خشوع سے تیرا دل منشرح ہوگا جب کہ لوٹ پڑے گا تیری وجہ سے شور دریا کا قوموں کا
لشکر تیرے پاس آئے گا اونٹوں کی قطار تجھے چھپائے گی اور جوان اُٹنیاں مدین وعیفہ کی
سب سبا سے آئیں گی سونا اور لوبان لا دلائیں گی اور تسبیحات الٰہی سے خوشنو دکریں گی
سب بھیڑیاں قیدار کی تیرے پاس مجتمع ہونگی۔ بھادران نیا یوث تیری خدمت کریں گے
رضامندی سے ہمارے مذبح کی طرف چلیں گی۔ جب اپنے بیت الجلال کو ہم رونق دیں گے
یہ کون ہیں جو مثل سحاب اوڑ رہی ہیں اور کبوتروں کی طرح اُس کی جھرکھوں کی طرف۔ جب
جزائر ہمارے مشتاق ہوں گے تو مراکب فرنگستان تیرے لڑکوں کو دُور سے لائیں گے اُن کا
سونا چاندی اُن کے ساتھ ہوگا۔ تیرے معبود اللہ کے نام کے واسطے اور قدوس اسرائیل
کے لئے جس نے تجھے رونق دی اور اجابت تیرا حطیم بنائیں گے اور اُن کے سلاطین تیری
خدمت کریں گے ہم نے اپنے غصہ سے تجھے مارا تھا اور اپنی رضامندی سے رحم کیا۔ تیرے
دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے دن ورات بند نہ ہوں گے۔ تیرے قوموں کی فوج لانے کو
اور اُن کے سلاطین جلائے جائیں گے۔ کیونکہ جو قوم وسلطنت تیری خدمت نہ کریں گی
مٹ جائیں گی اور دارالحرب ویران ہونگے۔ لبنان کی دولت تیرے پاس آئے گی برش
اور ساج اور سرو معاً ہمارے پاک گھر کی تزیین کے لئے اور اپنے پاؤں کی جگہ کو عزت
دیں گے ہم اور روانہ ہوں گے تیرے پاس رکوع کرتے ہوئے تیرے پاس دوست اور
تیرے سب دشمن تیرے پاؤں پر سجدہ کریں گے ۔ یہ چودہ[۱۴] آیت مسجد کعبہ کی شان میں ہے
خبر دیتا ہی کہ جب دنیا کفر وضلالت سے بھر جائے گی اُس وقت خدا کا جلال تجھ پر نظر آئے گا
اور وہ نبی آخر الزمان پیدا ہوگا اور سلوک اقوام اُس کی شریعت پر ہوگا اور سلاطین

Marfat.com

اُس کے مطابق عمل کریں گے چنانچہ خلفاء اسلام و امراء مومنین حکم قرآنی سے سرمو تجاوز نہیں کرتے تھے منکر نص اُن کے مذہب میں کافر ہوتا ہی۔ چوتھی آیت میں حج کا بیان ہے یعنی حجاج مسافات بعیدہ سے آئیں گے لڑکے اور لڑکی سے مقصود حجاج ہیں - اب پانچویں آیت میں یہ کہتا ہی کہ تیری نورانیت و انشراح قلب جب ہو گی کہ دریا کا شور تیری سبب سے لوٹ پڑیگا - یہ اشارہ ہی دریاے بادیہ سماوہ کے جاری ہونے کی طرف کہ وہ مدت سے خشک پڑا تھا۔ آنحضرت کے پیدا ہونے سے جاری ہو گیا اور لوٹ جانے کا لفظ اس وجہ سے بھی کہا کہ اُس وقت میں بحیرہ ساوہ خشک ہو گا جس کی خبر اوپر گزری ہی تو گویا بحیرہ ساوہ کا پانی دریاے سماوہ میں لوٹ پڑا۔ جو غل پانی کا وہاں ہوتا تھا اب یہاں ہوا اُس کے بعد مضامین سب واضح ہیں - نبایوث حضرت اسمٰعیل کے بڑے بیٹے تھے۔ آٹھویں آیت میں ذکر ملائکہ کا ہی جو خانہ کعبہ کی زیارت کو مثل سحاب کے محیط تھے۔ جب آنحضرت پیدا ہوئے اور دسویں آیت میں خبر دی ہی کہ اجنبی قوم تیرے حطیم کو درست کریں گی۔ چنانچہ یہ خبر ترکوں کے وقت میں پوری ہوئی - باقی مضامین سب واضح ہیں حاجت تفسیر نہیں۔ یہ سب کچھ آنحضرت کی پیدایش سے پورا ہوا ؎

یارب وسلم دائما ابدا ؎ علیٰ نبیک خیر الخلق کلھم

اب اس کے بعد خطاب ہی بیت المقدس کی طرف جس پہاڑ پر اُس کی تعمیر ہے اُس کا نام عبرانی میں صیون اور عربی میں صہیون (ترجمہ) اے صہیون مقدس اسرائیل متروکہ مبغوضہ اور ویران ہونے کے عوض میں تجھکو جلال ابدی اور سرور سرمدی کے واسطے وضع کروں گا اور قوموں کی شیر نوشش کرے گی اور سلاطین کی چھاتی چوسیگی اور تو سمجھے گی کہ میں اللہ تیرا نجات دہندہ اور تیرا آزاد کرنے والا قوی یعقوب ہی بعوض تانبے کے سونا لاؤں گا اور بعوض لوہے کے لاؤں گا چاندی اور لکڑی کی جگہ تانبا اور بجائے پتھر آہن اور کروں گا تیرا افسر مسلمان اور تیرے حکام راست پھر سُنا نہ جائے گا تیرے ملک میں ظلم و جبر

Marfat.com

شکست تیرے خط میں اور پڑھے گی تیرے شہر پناہ مناجات اور تیرے دروازے تسبیح پھر شمس و قمر تیرا نور نہ ہوگا ہمیشہ تیرا نور اور معبود اللہ ہوگا۔ تیری رونق کے لئے۔ پھر تیرا سورج نہ آئے گا اور تیرا چاند نہ اکٹھا ہوگا کیونکہ خدا ہمیشہ تیرا نور ہوگا اور تیرے ایام حداد پوری ہوجائے گی اور تیری قوم صدیق ہوگی ہمیشہ مالک ارض رہے گی۔ ہمارے درخت کی شاخ ہمارے ہاتھ کی صنعت رونق دے گی چھوٹا ہزار کے مقابل میں ہوگا اور صغیر بھاری قوم کے برابر۔ میں اللہ ہوں اُس کے وقت پر فوراً کردوں گا۔ اب یہ بشارت ہی بیت المقدس کو جو بار بار لوٹا گیا اور وہاں کا حج و قربان موقوف ہوگیا کہ تو پھر آباد ہوگی اور جلال ابدی اُس میں جاگزیں ہوگا سونے اور چاندی سے مراد مسلمان اور تانبے لوہے سے بنی اسرائیل بہ نظر اُن کی سنگدلی کے اور عیسائی مراد نہیں ہوسکتے کیونکہ وہ بھی ایک شاخ ہیں بنی اسرائیل کی اور وہ نامختون ہوتے ہیں جن کی نسبت پہلے بیان ہوچکا ہو کہ وہ بیت المقدس سے نکالے جائیں گے اور پھر شمس و قمر تیرا نور نہ ہوگا یعنی ان کی پرستش بیت المقدس میں نہ ہوگی بلکہ خاص واجب الوجود تعالیٰ شانہ و جلت برہانہ کی عبارت یہاں ہوگی۔ کیونکہ بنی اسرائیل اُن کی پرستش کرتے تھے اور ہمارے درخت کی شاخ اور ہمارے ہاتھ کی صنعت سے مراد ہمارے پیغمبر ہیں یہ سب امور آنحضرت کے وقت میں پورے ہوئے۔ آنحضرت نے فرمایا ہو کہ مسجد اقصیٰ میں ایک نماز پچاس ہزار نماز کے برابر ہو اور نیز حدیث صحیح میں وارد ہے۔

لا تشد الرحال الا الی ثلثة مساجد المسجد الحرام و مسجد الرسول محمد و مسجد الاقصیٰ۔ ان فضائل سے مسلمان وہاں شوق سے نماز پڑھتے ہیں فتدبر۔

واضح ہو کہ ۶۰ باب میں حضرت اشعیا نے ہمارے پیغمبر و خانہ کعبہ پر پیشین گوئی کی ہو جو متبادر معنی تھے ہم نے لکھدیا۔ دقت نظر سے معلوم ہوتا ہو کہ یہ پیشین گوئی مجموعہ ہو دو چیزوں کا ایک وہ جو حضرت یعقوب نے خبر دی اور دوسری وہ جو حضرت موسیٰ نے بیان فرمایا کہ نور الٰہی شدت سے متجلی ہوگا۔ کوہ فاران سے حضرت اشعیا کے زمانہ میں ضلالت و گمرہی انتہا کو پہونچی تھی

Marfat.com

بنی اسرائیل بت پرستی کرتے تھے شمس و قمر و کواکب کی تعظیم وجادو وسحر کی دُھن میں سب
افعال ناجائز کرتے تھے۔ کفار کا غلبہ ہر طرف سے ہوتا جاتا تھا۔ اشعیا نبی سمجھاتے سمجھاتے
تھک گئے۔ اُن کے مواعظ محض لا ینفع تھے اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ شریعت موسوی کی
نسخ کا زمانہ قریب ہے تنگ ہو کے حضرت اشعیا پہلی آیت میں بطور روحانیت آنحضرت کے
نور کی طرف بڑی محبت سے خطاب کرتے ہیں۔ اے میرے نور مستعد ہو جا اب تیرا نور کامل
ہو چکا جلال ربانی تجھ پر چمکا یعنی اب تو ظاہر ہو کے خلق کو راہ راست پر لا۔ بدون تبدیل
شریعت اوہام وظنون قلوب سے دُور نہ ہوں گے۔ قرآن میں بھی خدا نے آنحضرت کو
نور کہا ہے یریدون ان یطفئوا نور اللہ بافواھھم و یابی اللہ الا ان یتم
نورہ ولو کرہ الکافرون (ترجمہ) کفار چاہتے ہیں کہ خدا کے نور کو اپنے مونھ سے
بجھا دیں خدا اُس کی مخالف ہے وہ اپنے نور کو کامل کرے گا گو کافروں پر گراں ہو۔
کفار ضرور آنحضرت کے قتل کی فکر میں تھے جس سے ضرورت ہجرت کی ہوئی۔ اس لئے
خدا نے فرمایا جو قلم بند ہوا چنانچہ آگے آتا ہے ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی
ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ولو کرہ المشرکون (ترجمہ) اُسی نے
اپنے رسول کو رہ نمائی و دین حق کے ساتھ بھیجا ہے تاکہ اُسے جملہ ادیان پر غالب کرے
گو مشرکوں پر جبر ہو۔ ان دونوں آیتوں کا مفاد ایک ہے۔ آپ کے اسماء سے علماء نے
نور بھی شمار کیا ہے منشاء اس استدعا کا جو حضرت اشعیا نے کیا وہی مکاشفہ ہے جسے وہ
آگے لکھتے ہیں۔ نور محمدی کی طرف اشارہ کر کے کہ جب ظلمت یعنی ضلالت دنیا کو چھپالے گی
تب تجھ پر نور الٰہی متجلی ہوگا اور جلال ربانی تجھ پر نازل ہوگا۔ یہ اُسی نور کو کہتے ہیں
کہ تیرا ظہور اُس وقت ہوگا جب تمام دنیا میں گمراہی پھیل جائے گی تبعیت وحی قلوب سے
محو ہو جائے گی اُس کے بعد کہتے ہیں کہ قبائل تیرے نور میں چلیں گے اور سلاطین تیری
کرنوں میں خلاصہ کلام یہ ہے کہ جب دنیا میں ضلالت بھر جائے گی اُس وقت ایک نور

Marfat.com

خدا کی جانب سے ظاہر ہوگا جس سے ہر خاص و عام فیض یاب ہونگے و راہ راست اختیار کریں گے۔ اُس کے بعد کہتا ہے کہ ہر طرف آنکھ اُٹھا کے دیکھ سب تیرے لئے جمع ہونگے تیرے پاس آئیں گے تیرے توابع زن و مرد مسافات بعیدہ سے حاضر ہونگے چنانچہ اب تک مقامات دور دست سے مومنین حج و زیارت قبر شریف کے لئے حاضر ہوتے ہیں لڑکے اور لڑکی سے مقصود مومنین و مومنات ہیں۔ اس کے بعد کہتا ہے مقصود آیت اس قدر ہے کہ اس نور کے واسطے تمام لوگ کیا مرد کیا عورت دُور دور سے آئیں گے اُس کے بعد کہتا ہے اُس وقت تو وجد کرے گی اور نور فشاں ہوگی اور تیرا شرح صدر ہوگا جب تیری سبب سے دریا لوٹ پڑے گا اور قبائل کا لشکر تیرے پاس آئے گا یعنی جب وہ نور کمال درجہ نبوت پر پہونچے گا دریاے ساوہ خشک جاری ہوگا اور قبائل اُس پر چڑھ آئیں گے چنانچہ آپ کے وقت میں دریاے بادیہ ساوہ جو مدت سے خشک پڑا تھا جاری ہوگیا اور غزوہ خندق میں کل کفار مدینہ پر چڑھ آئے تھے اِس آیت میں لفظ نہری ہے ונהרת کا واقع ہے جس کا مادّہ פחד پڑا ہے اس مادہ کے متعارف معنی ہیں ڈرنا لیکن وجد کے معنی میں بھی آیا ہے جیسا گرینیس میں لکھا ہے چنانچہ یہاں یہی معنی ہیں ורחב کے معنی بھی بشاشت کے ہیں جو اس کے بعد واقع ہے یہ بھی قرینہ ہے کہ یہاں وجد کے معنی ہیں قال اللہ تعالیٰ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ یعنی وعدہ جو اشعیا کی زبان سے ہوا تھا وہ پورا ہوا۔ اُس کے بعد کہتا ہے۔ اونٹوں کی قطار تجھے چھپا لے گی مدین و عیفہ کے جوان اونٹیاں ملک سبا کے سب لوگ آئیں گے سونا اور لوبان لائینگے اور خدا کی حمد سنائیں گے مقصود یہ ہے کہ تمام عرب اُس کی اطاعت کریں گے مدین اور مصر کے لوگ بھی عیفہ ایک شہر ہے مصر میں اور ملک سبا سے مقصود یمن ہے یعنی یمن کے لوگ بھی مطیع ہونگے سونا و لوبان وہاں سے آئے گا۔ چنانچہ جناب امیر نے یمن سے سونا بھیجا تھا جسے آپ نے تقسیم کر دیا اُس کے بعد کہتا ہے کل بنی قیدار و نبا لوث تیرے

Marfat.com

پاس مجتمع ہوں گے، تیری خدمت کریں گے ہمارے مذبح پر قربانی کریں گے ہم اپنے بیت الجمال کو رونق دیں گے۔ یہ سب آنحضرت کے وقت میں ہوا اس کے بعد کہتا ہے یہ کون ہیں جو ابر کی طرح اڑ رہے ہیں اور کبوتروں کی طرح اپنی کھڑکیوں میں۔ مقصود یہ ہے ملائکہ اُسے گھیرے رہیں گے۔ جب بلوائی مدینہ پر چڑھ گئے کہ حضرت عثمانؓ کو شہید کریں تو عبداللہ ابن سلام نے منع کیا کہ ایسا مت کرو۔ ملائکہ جو اس شہر پاک کو گھیرے ہیں متفرق ہوں گے۔ بلوائیوں نے کہا تو کیا بکتا ہے، اے یہودی بچہ۔ اُس کے بعد کہتا ہے جب جزائر کے لوگ ہمارے مشتاق ہوں گے تو مراکب فرنگستان تیرے توابع کو لائیں گے جن کا سونا چاندی اُن کے ساتھ ہوگا۔ خدا کے نام کے واسطے اور سچے معبود کی پیش کش کے لئے اس کے بعد کہتا ہے اجانب تیرے شہر پناہ بنائیں گے اُن کے سلاطین تیری خدمت کریں گے کیونکہ ہم نے غصہ سے تجھے صدمہ پہنچایا اور رضامندی سے رحم کیا۔ مقصود یہ ہے کہ چونکہ ہم نے ہاجر پر غصہ کرکے وادی غیر ذی زرع میں پھینکا تو رضامندی تجھ پر رحم کرکے یہ مرتبہ تجھے دیا کہ اجانب تیری شہر پناہ بنائیں گے اور سلاطین تیری خدمت کریں گے۔ اس کے بعد کہتا ہے تیرے دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے، رات دن بند نہ ہونگے تاکہ جوق جوق اقوام اور اُن کے سلاطین حاضر ہوں مقصود یہ ہے کہ تیری شریعت منسوخ نہ ہوگی ہمیشہ جوق جوق لوگ اسلام میں داخل ہوتے رہیں گے۔ اُس کے بعد کہتا ہے جو قوم و سلطنت تیری اطاعت نہ کریں گی مٹ جائیں گی، یعنی دنیا خواہ عاقبت میں۔ الغرض حضرت اشعیا کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی پیغمبر کی خبر دیتے ہیں کیونکہ کہتے ہیں کہ تیری روشنی میں لوگ چلیں گے، خدا کا نور اُس پر متجلی ہوگا۔ بیان اُن کا یہ ہے کہ ایک نور ظاہر ہوگا کہ اُس کی روشنی میں اقوام چلیں گی اور سلاطین اُس کے احکام تسلیم کریں گے اور سب اُس کے پاس جمع ہوکے آئیں گے مرد و عورت دور سے اُس پر ایمان لائیں گے۔ یہ اُس وقت ہوگا جب ایک خشک دریا جاری ہوگا۔ مدین و مصر و مین کے لوگ اُس کے پاس آئیں گے اور

Marfat.com

خدا کی حمد کریں گے اور بنی اسمٰعیل سب اُس کی خدمت کریں گے اور خدا کی مذبح پر قربانی کرینگے۔
اب ہم پوچھتے ہیں کہ بعد اشعیا کے کون پیغمبر ہوا جس کے وقت میں یہ امور واقع ہوئے۔ اگر
حضرت مسیح کو کہیں تو بنی اسمٰعیل اُن پر ایمان نہ لائے اُن کے وقت میں کوئی دریا خشک جاری
ہوا۔ ملک عرب میں دین عیسوی جاری نہ ہوا۔ ۱۴ آیت میں کہتا ہے کہ تیرے دوست رکوع
کریں گے حضرت مسیح کے دشمن اُن سے مغلوب نہ ہوئے بلکہ اُن کو پھانسی پر چڑھایا۔ بخلاف
آنحضرت کے کہ سب مشرکین عرب جو دشمن تھے مطیع و فرمان بردار ہوگئے۔ اشعیا باب ۲۱
آیت ۶ سے یہاں لکھا جاتا ہے۔ اس میں پہلے ہی متکلمین نے بحث کی ہے۔ כי כה

אמר אלי אדני לך העמד ה
מצפה אשר יראה יגיד׃ וראה ר
כב צמד פרשים רכב חמור רכב
גמל והקשיב קשב רב קשב׃ ו
יקרא אריה על־מצפה אדני א
נכי עמד תמיד יומם ועל־מש
מרתי אנכי נצב כל־הלילות׃
והנה־זה בא רכב איש צמד פרש
ים ויען ויאמר נפלה נפלה בבל ו
כל־פסילי אלהיה שבר לארץ׃
מדשתי ובן־גרני אשר שמעתי
מאת יהוה צבאות אלהי ישר
אל הגדתי לכם׃

Marfat.com

کی کو آمَر اِیلاَ اَدُنای لیخ حعمید ھَمصَیَّہ اَشر یِراَی یَگّید وِراٰ ئا رِخِب رِمِد
پَاراشیم رِخِب حَمُور رِخب گاماَل وِہِقشِب قیشِب رَب قَاشِب ۔ وَیِقرا اَرْیہ
عَلْ مِصپِہ اَدُنای آنوخی عومید تامید یومام وِعَل مِشمرتی آنوخی نِصَّاب
کُل ھَلیلوث + وِھِنِّہ زہ بَا رِخب اِیش صِمِد پاراشیم وَیّعَن وَیوّمِر نافِلاَ نافِلاَ
بابیل دِکُل پِسیلی اِلوہیہا شِبّر لا آرِص مِدُشاتی اوّبِن گرنی اَشر شَامَعتی
مایث یہوا صِبا یوث اِلوہی یسرائیل ھِگّدتی لاَخم **لغات** מצפה

מצפה : مِصَپّہ = دیدبان، جس کو اونچے مقام پر بٹھلائیں۔ اس غرض سے کہ
وہ جو کچھ دیکھے سو بتائے اور کنایہ نبی سے רכב رِخِب = راکب צמד
صِمِد = جوڑا، جفت جیسے کہیں ایک جوڑا کبوتر، ایک جوڑا جوتا פרשים
پاراش = سوار חמור حَمُور = گدھا، حمار גמל
گامال = اونٹ، جمل אריה اَرْیِہ = شیر، اسد מצפה
مصپہ = اونچا مقام اور نام ہے ایک شہر کا جو صدر مقام تھا بخت نصر کے وقت میں
وہاں عامل رہتا تھا מדשתי مِدُشاپا = مال مدوس בן
גרן بِن گورِن = محصور۔ زراعت جو کاٹ کے خرمن میں انبار ہو۔
(ترجمہ) ہم سے ہمارے مالک نے کہا جا دیدبان قائم کر کے جو دیکھے اس کی خبر دے
تو دیکھا سوار یعنی ایک جوڑ سواروں کی ایک سوار گدھے کا اور ایک اونٹ کا اور خوب
متوجہ ہوا پھر آواز دی شیر نے مقام بلند پر اے میرے مالک میں رات دن اپنی خدمت پر
کھڑا رہتا ہوں اور یہاں پہنچا سوار یعنی مرد یعنی ایک جوڑ سواروں کی تو جواب دیا خدا نے
اور کہا گر گئے گر گئے بابل اس کے جملہ بتان معبود ٹوٹ گئے۔ اے میرے پامال خرابا
جو میں نے خدا سے سنا تم کو خبر دی۔ واضح ہو کہ گدھے کے سوار سے مراد حضرت عیسیٰ ہیں

Marfat.com

اور اونٹ کی سواری سے ہمارے پیغمبر۔ یہ سواریاں ان صاحبوں کی مشہور ہیں اور شہر سے
مراد روحانیت قمری جو مربی تھی اہل بابل کی لیکن وہاں سے اُس کی درخواست نا منظور
ہو کے ویرانی بابل کا حکم صادر ہوا۔ اور حکم ہوا کہ وہاں کے بت سب توڑے جائیں گے۔
چنانچہ آنحضرت کے خلفاء کے وقت میں وقوع اس کا ہوا۔ بنو العباس کی سلطنت کا مقام
بغداد تھا جو بابل سے متصل ہے۔ اب یہ پیشین گوئی پوری ہوگئی۔ اس باب کے ۱۳ آیت سے
خبر خاص عرب کی نسبت ہے اُس کو ذکر کرتے ہیں מַשָּׂא בַּעְרָב
בַּיַּעַר בַּעְרַב תָּלִינוּ אֹרְחוֹת דְּדָנִים׃
לִקְרַאת צָמֵא הֵתָיוּ מָיִם יֹשְׁבֵי
אֶרֶץ תֵּימָא בְּלַחְמוֹ קִדְּמוּ נֹ
דֵד׃ כִּי מִפְּנֵי חֲרָבוֹת נָדָדוּ
מִפְּנֵי חֶרֶב נְטוּשָׁה וּמִפְּנֵי קֶ
שֶׁת דְּרוּכָה וּמִפְּנֵי כֹּבֶד
מִלְחָמָה׃

مَسَّا بَعَرَاب بَیَعَر بَعْرَب تَالِینُو اُرحُوت دِدَانِیم لِقرَات صَامِی ہیتَایُو مَایِم یُوشِبی
اِرِص تیمَا بِلَحمُو قِدّمُو نُودید کی مِپّنی حَرَابُوت نَادَادُو مِپّنی حِرِب نِطوُشَا وَمِپّنی
قِشِت دِرُوخَا وُمِپّنی کُوبِد مِلحَامَا۔ **لغات** בַּעְרָב مَسَّا = حادثہ
בְּיַעַר یَعَر جنگل תָּלִינוּ تالِینُو = اوترنے کی אֹרְחוֹת
اورح اصل معنی اس کے ہیں راہ اور مجازاً قافلہ דְּדָנִים دِدَان - علاقہ بحرین
اور ایک علاقہ ہے شمال عرب میں جہاں قطورہ کی اولاد آباد ہے הֵתָיוּ
ہیتَایُو گی - پہونچا יֹשְׁבֵי ساکن תֵּימָא تیما عرب میں اس کو

Marfat.com

تَیما بالفتح کہتے ہیں اور عبرانی میں بالکسر اصل معنی اس لفظ کے دونوں زبانوں میں بیابان کے ہیں اور نام ہے ایک خطّہ کا جہاں تیما بن اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد آباد ہے (ترجمہ) حادثہ عرب بیابان عرب میں اُتریں گے۔ قوافل بجرین کے تشنہ کو پانی پہونچائیں گے۔ ارض تیما کے سکان پریشان کے سامنے قوت رکھیں گے جو کہ بوجہ قتال پریشان ہوئے یعنی برہنہ تلوار اور چڑھی کمان اور سختی ہنگامہ سے یہ خبر ہے ہمارے پیغمبر کے زمانہ کی۔ واضح ہو کہ بعد فتح مکہ ۹سنہ ہجری میں وفود جا بجا سے بہت آئے اور مسلمان ہوتے گئے گو اس کے پہلے بھی قوافل دریافت حال کے لئے آئے تھے چنانچہ کسریٰ نے جب آپ کا نامہ اُس کے پاس گیا پھاڑ ڈالا اور باذان صوبہ دار یمن کو لکھا کہ وہ جو دعویٰ پیغمبری کا کرتے ہیں ملک عرب میں اُن کو پکڑ کے بھیجدو تو باذان نے دو سردار مع قافلہ کے مدینہ روانہ کیا اور آپ کو خط لکھا کہ تم ان دونوں آدمیوں کے ساتھ کسریٰ کے پاس چلے جاؤ۔ وہ دونوں جناب اقدس میں حاضر ہوئے داڑھیاں مونڈی، مونچھیں بڑی جیسا ہندوستان میں اب تک رواج ہے۔ آپ نے اُن سے پوچھا کہ تمھیں ایسی صورت بنانے کا کس نے حکم دیا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہمارے رب کسریٰ نے۔ آپ نے فرمایا کہ میرے رب نے تو مجھے یہ حکم دیا ہے کہ واڑھی رکھو اور مونچھیں کتراؤ۔ اُن دونوں شخصوں کے دل میں اگرچہ رعب آنحضرت کا چھا گیا تھا بدن اُن کا تھر تھراتا تھا ؎

ہیبتِ حق ست ایں از خلق نیست

لیکن گفتگو اُنھوں نے بے باکانہ کی اور کہا کہ تم کسریٰ کے پاس چلے چلو نہیں تو اُس کا مزاج بہت بُرا ہے وہ تمھارے ملک عرب کو تباہ کروا ڈالے گا۔ آپ نے فرمایا ٹھہرو کل آنا۔ صبح کو اُن دونوں سے کہا کہ رات شیرویہ نے پرویز کو مار ڈالا تم چلے جاؤ۔ اور وہ دسویں جمادی الاولیٰ ۷سنہ ہجری روز منگل تھا۔ وہ دونوں سردار روانہ ہو کے باذان پاس پہونچے اور حال بیان کیا۔ باذان نے کہا کہ اگر یہ بات سچ ہے تو وہ بے شک پیغمبر ہیں۔ یمن سب ملک ہے

Marfat.com

پہلے مسلمان ہوں گا۔ اُنھیں دنوں نامہ شیرویہ کا باذان پاس اس مضمون کا پہونچا کہ پرویز ظالم تھا میں نے اُسے قتل کیا اور تم کو تمہارے عہدہ پر قائم رکھا جو شخص دعوی پیغمبری کا عرب میں کرتے ہیں اُن سے کچھ تعرض نہ کرنا جب تک میرا حکم اس بارہ میں نہ پہونچے۔ وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ سچا کلام ہے۔ باذان اُسی وقت مع اپنے بیٹوں کے مسلمان ہوگیا اور سب اہل یمن و فارس جو وہاں تھے مسلمان ہوگئے۔ نجاشی بادشاہ حبشہ نے جب نامہ مبارک دیکھا تو ایمان لایا اور بہت تعظیم کے ساتھ جواب لکھا اور کچھ تحف و ہدایا آپ پاس روانہ کیے۔ اُس زمانہ میں سلاطین حبشہ نجاشی کہلاتے تھے اس نجاشی کا نام اصحمہ تھا۔ وہ پہلے مذہب نصاریٰ رکھتا تھا۔ اسی کے عہد میں مہاجران حبشہ حضرت عثمان و حضرت جعفر وغیرہ رضی اللہ عنہم مکہ سے ہجرت کر گئے تھے اور اسی نجاشی کے بروز وفات سنہ ۹ ہجری میں آپ نے مدینہ منورہ میں خبر وفات دے کر نماز جنازہ غائبانہ پڑھی تھی مقوقس بادشاہ مصر و اسکندریہ نے آپ کے نامہ کی بہت تعظیم کی اور تحف و ہدایا آپ کو بھیجا دو لونڈیاں ماریہ قبطیہ اور شیریں کو بھی تحفہ بھیجا تھا چنانچہ ماریہ آپ کی خدمت میں رہیں اور ابراہیم بن رسول اللہ اُن کے بطن سے پیدا ہوئے (حضرت ابراہیم کو بھی ہاجرہ وہیں سے ہاتھ آئیں تھیں یہ سنت ابراہیمی ادا ہوئی) ایک خچر سفید جس کا نام دلدل تھا وہیں سے آیا تھا۔ شعر

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا عَلٰی نَبِیِّکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

یوں ہی جا بجا سے قوافل بیابان عرب میں آ کے ٹھہرے تھے جس کی حکایت حضرت اشعیا کر رہے ہیں۔ اب کہتے ہیں کہ ارض تیما کے رہنے والوں نے پیاسوں کو پانی پہونچایا۔ مقصود یہ ہے کہ گمرہان بادیہ ضلالت کو ہدایت کر کے فائز المرام کیا اور پریشان کے سامنے قوت رکھا۔ اُس سے مقصود یہود ہیں جو بوجہ قتل و غارت و خونریزی اور اقوام پرست و نصاریٰ کے ظلم و تعدی سے ملک عرب میں مسکن گزین و پناہ گیر تھے اور مسیح کے انتظار میں بسر کرتے تھے اُن کے سامنے روٹیاں رکھیں لیکن اُنھوں نے اپنی شقاوت و بدبختی

Marfat.com

غلط فہمی سے اُن روٹیوں کو قبول نہ کیا اس کے بعد یہ ہے כִּי כֹה אָמַר
אֲדֹנָי אֵלָי בְּעוֹד שָׁנָה כִּשְׁנֵי
שָׂכִיר וְכָלָה כָּל־כְּבוֹד קֵדָר׃
וּשְׁאָר מִסְפַּר־קֶשֶׁת גִּבּוֹרֵי בְנֵי
קֵדָר יִמְעָטוּ כִּי יְהוָה אֱלֹהֵי
יִשְׂרָאֵל דִּבֵּר׃ لغات דִּבֵּר:

کی کو اُمَر اُدُنای ایلای بِعُود شانہ کِشْنِی سَاخیر وخالا کُل کِبُود قیدار وشیئر مِسپر قِشِیث گِبُّورِی بِنِی قیدار یِمعاطو کی یہوا اِلُوہی یِسرائیل دِبّیر **لغات**

בְּעוֹד بِعُود معنی بعد שָׁנָה شانا معنی سنہ سال שָׂכִיר
سَاخیر= مزدور מִסְפַּר مِسپار= مقدار بقدر סֵפֶר
سِفَر= نقش کرنا (ترجمہ) ہم سے ہمارے مالک نے یوں کہا کہ بعد سنین ساخیر کے کامل ہو جائے گا فخر بنی قیدار کا اور باقی ماندہ لوگ بہادران بنی قیدار کے کمان کے نقش کرنے سے کم ہو جائیں گے کیونکہ خدا معبود اسرائیل نے کہا ہے بنی قیدار سے مراد قریش ہیں اور ساخیر بحساب جمل پانسو تیس (۵۳۰) ہوتا ہے۔ عبرانی میں حروف کتابت یہ ہیں: س ک ی ر جس کا مجموعہ ۵۳۰ ہوا۔ حرف اول اس کا کتابت میں شین معجمہ ہے گو تلفظ اُس کا مہملہ ہے۔ یہود کے استعمال کے موافق ہے کتابت و تلفظ و شمار میں اور فخر بنی قیدار ہمارے پیغمبر ہیں تو مقصود یہ ہوا کہ بعد انقضاے مدت قریب پانسو تیس سال کے وہ فخر قریش کامل الجسد ہو کے پیدا ہو گا یعنی زمانہ فترہ جو درمیان دو پیغمبر کے ہوتا ہے اُس کی مقدار ۵۳۰ سال کے قریب قریب ہے۔ اس واسطے کہ وقت رفع حضرت عیسیٰ سے تا زمان نبوت آنحضرت ۵۷۰ سال گزرے تھے جیسا اوپر بیان ہوا اُس سے ۴۰ برس نبوت کے ساقط کرنے سے ۵۳۴ باقی رہتے ہیں اور رہے آیت میں ۵۳۰ کہ تفاوت

Marfat.com

باب میں قیامت کا بیان ہے جب دنیا ختم ہو جائے گی چونکہ ہمارے پیغمبر کی بعثت سے نبوت مختتم ہو گئی اس لئے آپ کا وجود ضمیمۂ قیامت شمار ہوا ہے۔ اس وجہ سے اس باب میں آپ کا بھی کچھ ذکر ہے۔ قیامت اور آپ کے زمانہ کا ذکر مخلوط ہے۔ دوسری آیت سے ۳ تک قیامت کا ذکر ہے یعنی ایک وقت ایسا آئے گا کہ تمامی جاندار جمع ہو کے فنا ہوں گے۔ اگرچہ فنا کی نسبت صرف آدمی کی طرف ہوتی ہے لیکن مقصود اُس سے کل مرکبات عنصریہ ہیں کیونکہ ادام کی اصل معنی ہیں خاکی اور ہے موالید ثلثہ میں جز و زائد خاک۔ قرآن میں بھی اِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ مذکور ہے۔ اب ۴ آیت سے بیت المقدس سے بت پرستی مٹانے کا ذکر ہے اور نظرات کواکب سحر سازی و شعبدہ بازی کے نیست و نابود کرنے کا بیان ہے کہ وہ آنحضرت کے وقت سے پورا ہوا۔ اب بیت المقدس میں اس کا نام و نشان نہیں، ۷ آیت میں کہتا ہے کہ خدا کا دن قریب ہے۔ خدا نے قربانی تیار کر لی اور اُس کی قررت پاک سے مقصود قربانی مسجد حرام ہے کہ وہاں قربانی بتوں کے لئے ہوتی تھی نہ اللہ واحد قہار کے لئے اور قرأت پاک سے مقصود قرآن ہے۔ چنانچہ اس کتاب کے ۳ باب میں بھی قرآن کو پاک کلام سے تعبیر کیا ہے۔ اُس کے بعد جہاد و جدال و قتال کا بیان ہے جو زمان اسلام میں کفار سے پیش آیا جس سے بڑے بڑے سلاطین و شیاطین جو خلائق کو بذریعہ رقی و عزائم بطمع دنیاوی ضلالت میں ڈالے تھے محو و بے کار ہوئے اور عبادت وحدہٗ لاشریک لہ صرف بنظر مفاد آخرت شائع ہوئی۔ واضح ہو کہ اہل نظر نے بحث سے یہ بات ثابت کی ہے کہ صفات واجب الوجود تعالیٰ شانہ عین ذات ہیں۔ چنانچہ اکثر فلاسفہ کا مذہب یہی ہے پس یہ خیال منتہی ہوتا ہے اس عقیدہ کی طرف کہ اُس ذات پاک میں کوئی صفت نہیں جس کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ نہ وہ مارتا نہ جلاتا نہ خوش ہوتا نہ ناراض۔ چنانچہ اکثر عقلاء ہند ایسا ہی سمجھ کے اُسے نرگن مانتے ہیں۔ گن صفت کو کہتے ہیں یعنی اُس میں کوئی صفت نہیں بعد اس کے ایک فریق اُسے مستحق عبادت باستحقاق ذاتی سمجھتے ہیں کہ گو وہ کچھ نہیں کرتا لیکن بنظر کمال ذاتی عبادت کے لائق وہی ہے اُس کے سوائے جملہ موجودات ناقص و ناقابل عبادت ہیں

Marfat.com

اُس عبادت کا خاصہ ہی سرور سرمدی و فلاح ابدی۔ اور ایک فرق اُس کی عبادت کو فضول سمجھ کر روحانیات کی پرستش کرتے ہیں کہ اصنام سے مقصود وہی ہوتے ہیں۔ عوام الناس اُس میں جملہ صفات کمال تسلیم کرتے ہیں کہ وہ قابل عبادت رہے۔ لیکن اشاعرہ نے جب دیکھا کہ صفات کو غیر ذات کہنے میں قباحت ہی اور عین ذات کہنے میں نفی صفات لازم ہوتی ہی جو صریح قرآن کے مخالف ہی اس لئے وہ کہتے ہیں کہ نہ عین ہیں نہ غیر لیکن محققین یہ کہتے ہیں کہ وہاں ذات و صفات ایک ہی وہی علم بھی ہی وہی عالم بھی وہی قدرت بھی اور قادر بھی وعلیٰ ہذا القیاس۔ اس کا بیان تو بہت ہی طولانی ہی۔ یہاں بسط و تطویل کے لائق نہیں لیکن اس قدر جاننا چاہئے کہ عام اصول بت پرستی یہی ہی کہ اُس ہستی پاک کی عبادت عبث ہی اور گو عبث بھی نہ ہو چنداں سودمند نہیں اور یہی خیال بنی اسرائیل کا بھی تھا۔ اس لئے ۱۲ آیت و ۱۳ میں اُس کی نسبت وعید ہی اور شراب نہ پینے سے یہ بھی اشارہ ہی کہ اُس وقت شراب حرام ہو جائے گی تو جو مسلمان ہو جائیں گے وہ بنظر حرمت نہ پیئیں گے اور جو مسلمان نہ ہونگے اُن سے جبراً انگور ہی چھین جائیں گے۔ ۱۴ آیت سے پھر قیامت کا ذکر ہی یعنی ایک دن ایسا ہی آئے گا جس میں ایک سخت آواز ہوگی تمام دنیا میں اندھیرا چھائے گا۔ آدمی بدحواسی سے اندھوں کی طرح چلیں گے۔ اُس دن کچھ کام نہ آئے گا، نہ سونا نہ چاندی نہ دولت نہ خزانہ پھر دنیا فنا ہو جائے گی۔ قرآن میں قیامت کا ذکر بہت ہی۔ اگلی کتابوں میں تھوڑا تھوڑا ذکر ہی جیسا اس کتاب میں حضرت موسیٰ کی کتاب میں بھی اُس کی طرف اشارہ ہی۔ تجارب و دلائل سے ثابت ہوتا ہی کہ کل عالم اجسام مرکب ہی اجزا لایتجزیٰ سے یعنی ایسے چھوٹے چھوٹے اجزا جن کی قسمت اب کسی آلہ خواہ تیزاب وغیرہ تدبیرات سے نہ ہو سکے چونکہ وہ متصل حقیقی ہی تو اس کا انفصال محال ہوگا۔ کوئی چیز اپنی ضد کے قابل نہیں ہوتی۔ ہندی میں اُسے پرمان کہتے ہیں۔ اُس کو ذرّہ کا ساٹھواں حصہ بتاتے ہیں وہ مرئی بصر نہیں بلا اعانت خردبین اور ترکیب دلالت کرتی ہی تحلیل پر اس لئے قیاس ہوتا ہی کہ عالم اجسام فنا ہو جائے، سب

Marfat.com

اجزا اُس کے الگ الگ ہوجائیں لیکن اُس کا علم کسی کو نہیں کہ وہ کب تک متصل رہتے ہیں اور کب منفصل ہوجاتے ہیں۔ قوت بشری اس کے ادراک سے قاصر ہے بلکہ اکثر قوی ملکی بھی کفایت نہیں کرتے۔ قال اللہ تعالیٰ اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ کَانَ مِیْقَاتًا (ترجمہ) یقیناً جدائی کا دن مقرر ہے یعنی ایک وقت مقرر ہے کہ تمام اجزاء عالم منحل ہوجائیں اور عالم معدوم ہوجائے پھر اُس کا نشان بتاتا ہے یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ اَبْوَابًا وَّسُیِّرَتِ الْجِبَالُ فَکَانَتْ سَرَابًا (ترجمہ) جس دن سخت آواز ہوگی تو تم لوگ جوق جوق ہوجاؤ گے اور کھل جائیں گے آسمان تو ہوجائیں گے دروازے اور پہاڑ سراب ہوکے اُڑ جائیں گے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے ایک سخت آواز ہوگی جس سے لوگ غول غول پریشان ہونگے پھر آسمان پھٹ جائیں گے اور پہاڑ مثل ریگ۔ اجزاء لایتجزی کو ریگ سے بیان کرا ہے۔ یہاں تک فقط اجسام کے فنا ہونے کا بیان ہے۔ قال اللہ تعالیٰ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا۔ یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ فَاِنَّمَا هِیَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ۔ (ترجمہ) قسم ہے ارواح اور ملائکہ کی جس دن کپنے لگے جسم و جسمانیات اُس دن قلوب تھرکیں گے اور آنکھیں خوف سے بند ہوجائیں گی پھر تو ایک ڈپٹ ہوگی جس سے دفعتاً وہ ریگ ہوجائیں گے)

راجفہ کپنے والے کو کہتے ہیں جسم ہی قابل حرکت ہیں۔ اس لئے راجفہ سے مراد اجسام ہیں اُن کے توابع وہی جسمانیات ہیں ساہرہ ریگستان کو کہتے ہیں۔ اجزاء کی تحلیل ہوجانے پر اُن کو ریگستان سے بیان کیا ہے جیسا سراب سے بیان کیا۔ قال اللہ تعالیٰ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِیْهِ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِیْهِ لِکُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ یَوْمَئِذٍ شَاْنٌ یُّغْنِیْهِ وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ضَاحِکَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ وَوُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ عَلَیْهَا غَبَرَةٌ

Marfat.com

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ (ترجمہ) پھر جب ہوگا وہ غل جس دن بھاگے گا مرد اپنے بھائی سے اور ماں باپ سے اور جورو لڑکے سے ہر شخص اُس دن اپنے حال میں پھنسا ہوگا کتنے موںھ اُس دن بحال ہنستے بشاش ہوں گے اور کتنے موںھ پر اُس دن غبار ہوگا جس سے سیاہی ٹپکے گی وہ کفار بدکار ہوں گے)۔ اس سے ثابت ہی کہ اُس دن غل یعنی آواز شدید ہوگی جس سے لوگ گھبرا جائیں گے۔ ایک کو دوسرے کی خبر نہ ہوگی۔ ہر شخص اپنے حال میں مبتلا رہے گا الا کاملین جن کو موت کا کچھ اندیشہ نہیں جو ہمیشہ مشاہدہ جمال ربانی میں مست رہتے ہیں قال اللّٰہ تعالیٰ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ (ترجمہ) جب دھوپ لپیٹی جائے اور جب تارے تیرہ ہو جائیں اور جب پہاڑ اُڑجائیں اور جب بدلیاں بے کار ہو جائیں اور جب جانور جمع کئے جائیں اور جب سمندر بھرپور کئے جائیں اور جب جانیں ساتھ کی جائیں اور جب زندہ درگور پوچھے جائیں کہ کس گناہ پر ماری گئی اور جب کتابیں پھیلائی جائیں اور جب آسمان اودھیڑے ہو جائیں اور جب دوزخ بھڑکائی جائے اور جب جنت قریب کی جائے تو سمجھیں گے ہر جان اپنا کام) یہ ایک بڑے تغیر عالم کی خبر ہی۔ جب نیرات بے نور ہو جائیں گے یعنی اُن کے اجسام خراب ہو جائیں گے اور اُن کے ساتھ جو ارواح متعلق ہیں اُن کو چھوڑ دیں گے اُن کے نور سے مقصود اُن کی جان ہی کہ وہی باعث ہی اُن کے نور ظاہری کا اور تعطیل عشار اور حشر وحوش سے مقصود بیان ہول و اضطراب ہی۔ اور بحار کی تسجیر سے مراد تخلخل ہی کہ پہلے میاہ متخلخل ہوں گے پھر منحل اور تزویج نفوس سے مقصود یہ ہی کہ کل اجسام فنا ہو جائیں گے اور ارواح جو اُن کے ساتھ متعلق ہیں اُن کو چھوڑ کے ارواح کے ساتھ ہو رہیں گے۔ جب یہ حالت ہولناک بہم پہونچے گی تو آدمی کو اپنے کردار

Marfat.com

یاد آئیں گے۔ ارواح کو تو فنا ہی نہیں وہ اپنے اعمال کو دیکھیں گی اور صحف سے مقصود یہاں نفوس منطبعہ فلکیہ ہیں اور اُن کا نشر بھی ہے کہ اجسام کو چھوڑ دیں گی اور کشط سماء تو ظاہر ہے۔ الغرض سب کا نتیجہ یہی ہے کہ جملہ اجسام نیست و نابود ہو جائیں گے فقط ارواح رہ جائنگی چنانچہ اسی بات کو سورۂ نبا کے اخیر میں بیان کیا ہے۔ يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلَائِكَةُ صَفًّا لَا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَنُ وَقَالَ صَوَابًا یعنی بعد فنائے عالم صرف ارواح و ملائکہ رہ جائیں گے اُس وقت حالت کی ادراک سے سب کو حیرت ہوگی اور کچھ بول نہ سکیں گے یعنی متحیر ہونگے الا ارواح کاملین کہ اُن کو کچھ تحیر نہ ہوگا اُس کے بعد مذکور ہے کہ إِنَّا أَنْذَرْنَاكُمْ عَذَابًا قَرِيبًا يَوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُولُ الْكَافِرُ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ تُرَابًا۔ عذاب قریب سے مقصود وہی حیرت و ہول ہے جو ارواح پر وقت فنائے عالم طاری ہوگا کہ اُس وقت تمامی اعمال اُس کے پیش نظر ہوں گے جو منشار سرور خواہ حزن کا ہوں گے۔ قال اللہ تعالیٰ فَإِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَىٰ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ مَا سَعَىٰ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِمَنْ يَرَىٰ فَأَمَّا مَنْ طَغَىٰ وَآثَرَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا فَإِنَّ الْجَحِيمَ هِيَ الْمَأْوَىٰ وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَىٰ فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَىٰ۔

(ترجمہ) پھر جب آئے گا وہ بڑا ہنگامہ جس دن یاد کرے گا آدمی اپنی کمائی اور نکالی جائیگی دوزخ دیکھنے والوں کے لئے تو جس نے نافرمانی کی اور پسند کی حیات دنیا اس کا ٹھکانا دوزخ ہوگا اور جو ڈرا اپنے رب کے مرتبہ سے اور روکا جی کو خواہش سے اُس کا گھر جنت ہوگا)۔ بڑے ہنگامہ سے مراد وہی وقت ہے جب تمامی عالم اجسام فنا ہو جائیں گے فقط ارواح رہ جائیں گی تب بوجہ تجرد کے اُن کو اپنے مکاسب نظر آئیں گے اس وقت کاملین کہ جنھوں نے غضب و شہوت کو رام کیا ہے سرور ابدی جس کا نام جنت ہے حاصل ہوگا اور جو لوگ خواہش کے پھندے میں رہے اور لذات جسمانی اُن پر غالب رہی اور حصول کمالات سے محروم رہے، اُن کو حزن و آلام سرمدی نصیب ہوگا کہ

Marfat.com

وہی دوزخ ہے قال اللہ تعالیٰ اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ وَاِذَا الْکَوَاکِبُ انْتَثَرَتْ وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ (ترجمہ) جب آسمان پھٹ جائے اور تارے جھڑ پڑیں اور سمندر بہ جائیں اور قبریں اوکھڑی جائیں تو سمجھیگی جان اپنی اعمال) واضح ہو کہ ارواح کی تین حالت ہیں۔ ایک حالت تعلق بالبدن کی ہے کہ اسی کو عرف میں زندگی کہتے ہیں قرآن میں اسی حالت کو جا بجا دنیا سے تعبیر کیا ہے کیونکہ یہ حالت حسنیں ہوتی ہے۔ لذاتِ جسمانی ادون درجہ میں ہیں لذّات روحانی سے۔ دوسری حالت مفارقت بدن کی ہے جسے موت کہتے ہیں۔ اس حالت میں جان بوجہ بے کار ہو جانے کے بدن کو چھوڑ دیتی ہے۔ لیکن تاہم اُسے کچھ نہ کچھ تعلق اجسام کے ساتھ رہ جاتا ہے خصوصاً جسم مثالی جسے اکثر اہل مجاہدہ تسلیم کرتے ہیں اور بہت حکماء اُسی کو روح سمجھتے یعنی ایک جسم لطیف اس جسم کے اندر اور ہے کہ یہ جسم اُس کا غلاف ہے وہ جسم اس کی شبیہ ہے جملہ اعضاء اُس میں ایسے ہی ہوتے ہیں دونوں میں صرف لطافت وکثافت کا فرق ہے۔ وہ جسم بعد فنا ہو جانے اس جسم کثیف کے مدت دراز تک قائم رہتا ہے کیا عجب ہے کہ یہ جسم تا قیامت باقی رہے۔ مگر چونکہ جسم ہے تو بوجہ ترکیب کے قابل فنا ہے اور اگر اس جسم کو نہ بھی مانیں تو بھی تا قیام عالم اجسام روح کو بعد المفارقت کچھ نہ کچھ تعلق اجسام سے رہتا ہے۔ ہاں جب یہ عالم اجسام بالکلیہ محو ہو جائے گا اُس وقت اُسے کچھ تعلق اجسام سے نہ رہے گا، بالکلیہ تجرد حاصل ہوگا۔ پس یہ حالت جو روح کو بعد مفارقت بدن حاصل ہوتی ہے تا قیام قیامت قبر ہے اس حالت میں جو الم ہوتا ہے وہی عذاب قبر ہے۔ تیسری حالت وہ ہے کہ روح کو کچھ تعلق اجسام سے باقی نہ رہے یہ اُس وقت ہوگا جب تمامی عالم اجسام فنا ہو جائیں۔ اس حالت میں جسم مثالی بھی فنا ہو جاتا ہے اسی حالت کو آخرت کہتے ہیں جب یہ ممہد ہوا تو کہتے ہیں کہ قبروں کا اُکھڑ جانا جو مذکور ہے اُس سے مقصود دوسری حالت کا مٹ جانا ہے۔ خواہ جسم مثالی کے فنا سے یا تمامی اجسام کے مٹ جانے سے اِس حالت میں چونکہ نفس کو نہایت تجرد ہوتا ہے تو ادراک اُس کا بہت بڑھ جاتا ہے۔ حتیٰ کہ تمامی اعمال اُسے اپنے نظر آتے ہیں فَکَشَفْنَا عَنْکَ

Marfat.com

غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ کو لحاظ کرو۔ قَالَ اللہ تعالیٰ يَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ أَحَدًا ۝ وَعُرِضُوا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا لَقَدْ جِئْتُمُونَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ (ترجمہ) جس دن اڑائیں گے ہم پہاڑوں کو اور دیکھے گا تو زمین کو خالی اور جمع کریں گے ہم اُن کو اس طرح کہ کوئی چھٹ نہ جائے اور سامنے کئے جائیں اپنے رب کے قطار قطار تو تم لوگ آؤ گے ہمارے پاس جس طرح اولاً پیدا کئے گئے)۔ اس سے ظاہر ہی کہ جب عالم اجسام فنا ہو جائیں گے تو ارواح خدا کے سامنے ہونگی۔ کیونکہ اوّل خلقت ارواح کی بلا اجسام تھی۔ یہ موافق ہی يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ کے ساتھ قَالَ اللہ تعالیٰ يَوْمَ نَطْوِى السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ **لغات**۔ طے چھپانا بولتے ہیں۔ طوی الحدیث یعنی بات چھپایا مشہور ہی لپیٹنا سجل۔ جس پر لکھا جائے جیسے کاغذ خواہ پتّا (ترجمہ) جس دن چھپائیں گے ہم آسمانوں کو جیسے طومار کتاب کو (یعنی اُسے بدو فطرت کا سا کر دیں گے) ہم اپنا وعدہ پورا کریں گے۔ چونکہ بدو فطرت اجزاء لایتجزیٰ تھے اُن کی ترکیب سے آسمان و زمین کل عالم اجسام حاصل ہوا۔ پھر جب وہ اجزاء متفرق ہو کر اجزاء لایتجزیٰ رہ جائیں گے تو آسمان بلکہ کل اجسام غائب ہو جائیں گے اس لئے خدا کہتا ہی کہ جس دن چھپا دیں گے ہم آسمان کو بہ تحلیل اجزاء بُعد مفطور خواہ خلاء ہیں جو مکان ہی جملہ اجسام مخفی ہو جانے کے جیسے حروف طومار میں چھپ جاتے ہیں پھر اس کے بعد آسی کا بیان ہی کہ جیسے وہ اجزاء متفرق ہو جائیں گے اس میں رد ہی اُن کا جو آسمان کی پرستش کرتے ہیں۔ جیسے چین میں ایک فرقہ ہی یہاں طے کے معنی لپیٹنے کے نہیں ورنہ اَلسَّمَاءُ كُشِطَتْ کے مخالف ہوگا۔ الحق اَلسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِينِهٖ۔ قَالَ اللہ تعالیٰ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ

Marfat.com

حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ
شَدِيْدٌ ۔ (ترجمہ) ڈرو تم لوگ اپنے مالک سے کہ قیامت کا زلزلہ بڑا ہولناک ہے۔ جس دن تم لوگ
اُسے دیکھو گے تو بے سُدھ ہو جاویگی ہر مرضعہ اپنے بچے سے اور ہر حاملہ کا حمل گر جائے گا اور لوگ متوالے
معلوم ہونگے حالانکہ وہ متوالے نہ ہونگے لیکن خدا کا عذاب سخت ہے) قال اللہ تعالیٰ
يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۔
(ترجمہ) جس دن کپنگے پہاڑ اور زمین اور ہو جائیں گے ایک تودہ منتشر (یعنی اُن کے
اجزاء بالو کی طرح متفرق ہو جائیں گے)۔ یوں ہی اَلسَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ ۔ قال اللہ تعالیٰ
يَوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا (ترجمہ) جس دن آسمان
خوب کپنگے اور پہاڑ اُڑینگے)۔ قال اللہ تعالیٰ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً
فَاِذَا هُمْ خَامِدُوْنَ (ترجمہ) ایک ہی چیخ میں وہ بجھ جائیں گے) ایضاً اِنْ كَانَتْ
اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ (ترجمہ)
ایک چیخ میں وہ سب ہمارے پاس حاضر ہونگے (یعنی ایک سخت آواز سے اجسام فنا ہو جائیں گے اور
ارواح جناب قدس کی طرف متوجہ ہونگی) قال اللہ تعالیٰ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ
الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ (ترجمہ) پھونکا جائے گا نرسنگھا تو وہ قبروں
سے دوڑیں گے) قبر کے معنی ہم اوپر لکھ چکے ہیں۔ پس مقصود یہ ہوگا کہ وہ حالت جو اُن کو
بعد الموت حاصل ہتی جاتی رہے گی۔ چنانچہ والصافّات میں یوں لکھا ہے۔ اِذَا مِتْنَا
وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ اَوَ اٰبَاؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ
قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ
يَنْظُرُوْنَ قَالُوْا يَا وَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ
الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ (ترجمہ) کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہڈی اور مٹی ہو جاوینگے
تب ہم اُٹھینگے۔ کیا ہمارے بزرگوار بھی۔ کہہ ہاں اور تم ذلیل ہو گے وہ تو ایک ڈپٹ ہوگی کہ وہ دفعتہً

Marfat.com

تکنے لگیں گے کہیں گے کہ افسوس یہ روز جزا ہے یہ جدائی کا دن ہے جسے تم جھٹلاتے تھے) اس میں صاف بیان ہوا کہ جب وہ سخت آواز ہوگی تو وہ فوراً تکنے لگیں گے کیونکہ اجسام تو فنا ہوجائیں گے اور بسبب کمال تجرد ادراک ارواح بڑھ جائے گا جیسا گزرا فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ کے یہی معنی ہیں اُن کے تکنے کے کہ اپنے اعمال کو دیکھیں گے، اچھے ہوں یا بُرے جو منشار سرور خواہ حزن ہونگے۔ اس لئے وہ کہیں گے کہ یہ دار الجزا ہے۔ اُس وقت ملائکہ کہیں گے کہ یہ جدائی کا دن ہے جسے تم جھٹلاتے تھے یعنی اجزا رلا یتجزیٰ کے تحلیل کا دن جس کی خبر دی جاتی تھی یہی ہے۔ کفار سمجھتے تھے کہ ہم لوگ اُسی جسم سابق کے ساتھ اُٹھیں گے اور اُسی کا انکار کرتے تھے اس لئے خدا نے اُٹھنے کے معنی کہدیا کہ وہ تکنے لگیں گے یعنی ادراک اُن کا بڑھ جائیگا چنانچہ کفار سے جا بجا اسی قسم کی بات منقول ہے اَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ (ترجمہ) کیا جب ہم مر کے مٹی ہوجائیں گے تب زندہ ہونگے ایسا لوٹنا دور ہے۔ ایضاً فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ اَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا اَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ (ترجمہ) اُن کی بات تعجب کی ہے کہ جب ہم مر کے مٹی ہوجائیں گے تب ہم از سر نو پیدا ہونگے) ایضاً۔ اَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً۔ اکثر ان کفار سے روح مجرد کے قائل نہ تھے یہ نہیں سمجھتے تھے کہ بعد موت کچھ باقی رہتا ہے جیسا بعض حکما کی رائے ہے۔ سورہ زلزلہ کا بیان صاف ہے۔ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ (ترجمہ) جب سخت بھونچال آئے گا اور زمین اپنا ثقل نکال ڈالے گی اور آدمی کہے گا کہ اسے کیا ہوا تو اُس دن اُس کا حال کُھل جائے گا (یعنی جس کی نسبت تیرے مالک نے خبر دی اُس دن لوگ جوق جوق رجوع کریں گے اپنے اعمال دیکھنے کی طرف) تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی اُسے دیکھے گا اور جس نے ذرہ بھر بدی کی ہوگی اُسے دیکھے گا)۔ اثقال

Marfat.com

سے بظاہر تو مقصود پہاڑ و اشجار وغیرہ یعنی موالید ثلثہ ہیں - یہ سب فنا ہو جائیں گے - لیکن وقت نظر سے معلوم ہوتا ہے کہ ثقل ارض اُس کی میل طبعی ہے مقصود یہ ہے کہ اُس کی طبیعت فنا ہو کے معدوم ہو جائے گی پس مقصود یہ ہے کہ جس دن زمین کو سخت جنبش ہوگی فنا ہو جائیگی تو لوگ یعنی ارواح تعجب سے کہیں گے کہ اُسے کیا ہوا تو جب ایسا تغیر ہوگا تو اُس وقت زمین کا حال کھل جائے گا کہ مطابق وحی کے فنا ہو گئی اُس وقت ارواح اپنے اعمال کی طرف متوجہ ہونگے اور اُن کو اپنے اعمال نیک ہوں یا بد نظر آئیں گے یہ گفتگو نسبت ارواح کے ہے کیونکہ اجساد تو قبل فنائے ارض فاسد ہو جائیں گے جیسا سورہ القارعہ میں مذکور ہے اَلْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ نَارٌ حَامِيَةٌ (ترجمہ) تو جانتا ہے قیامت کیا ہے جس دن ہو جائیں گے لوگ بکھرے پروانہ کے سے اور پہاڑ جیسے دھنکی روئی تو جس کی تول بھاری ہوگی وہ خوش گزران ہوگا اور جس کی تول ہلکی ہوگی اُس کا ٹھکانا دوزخ ہوگا تو جانتا ہے دوزخ کیا ہے وہ آتش سوزاں ہے - اس سے معلوم ہوا کہ جس دن اجسام فنا ہو جائیں گے اُس دن اُن کو اپنے اعمال کی قدر معلوم ہو جائے گی پھر جس کے اعمال حسنہ زیادہ ہونگے اُن کے لئے فرح و سرور ہوگا اور جن کے کم ہونگے اُن کے لئے آتش سوزاں یعنی حزن و آلام سرمدی اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ چنانچہ خدا نے فرمایا ہے وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ (ترجمہ) تو جانتا ہے دوزخ کیا ہے وہ خدا کی سوزان آگ ہے جو دلوں میں گھس جاتی ہے - اس سے ظاہر ہے کہ نار سے مقصود حزن و آلام ہے جو مطابق اعمال کے ارواح پر طاری ہونگے - قال اللہ تعالیٰ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ

Marfat.com

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (ترجمہ) جب آسمان
پھٹ جائے اور اپنے رب کا مشتاق ہو جس کے لائق ہے اور جب زمین پھیل جائے اور جو اُس میں ہے
اُسے نکال کے خالی ہو جائے اور اپنے مالک کے مشتاق ہو جس کے لائق ہے۔ مقصود یہ ہے کہ ارواح
ان اجسام کی بھی بعد فنائے اجساد مشتاق جناب قدس زیادہ تر ہونگی۔ قال اللہ تعالیٰ
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ
اَلْاَخِلَّاۗءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ يٰعِبَادِ لَاخَوْفٌ
عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا
مُسْلِمِيْنَ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ (ترجمہ)
اب تک رہتے ہیں قیامت کو کہ آن پہونچی اُن کے پاس اچانک اور اُن کو خبر نہ ہو۔ اُس دن دوستوں
میں باہم محبت نہ رہے گی مگر خدا ترس۔ اے میرے بندو آج تم کو غم و درد نہیں ہے۔ اے ہمارے
ماننے والے فرماں بردار جاؤ جنت میں تم اور تمہاری عورتیں تم بشاش کئے جاؤ گے)
يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ
اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ۔ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ
طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا
رَبِّيْ نَسْفًا فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا لَا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا
يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ
فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ
الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا (ترجمہ) جس دن پھونکے گا صور اور گھیر لائیں گے ہم گنہگاروں
کو اُس دن کرنجا تو سے اُس سائیں باتیں کریں گے کہ دنیا میں ہم لوگ دس دن رہے۔ ہم کو خوب
معلوم ہے اُن کی بات جب بولے گا اُن میں اچھی راہ والا تم لوگ صرف ایک دن رہے۔ تجھ سے پہاڑوں کو
پوچھتے ہیں تو کہدے کہ ہمارا رب اُسے بالو کر کے اُڑا دے گا اور کر چھوڑے گا اُس کا مقر برابر میدان

Marfat.com

منہ دیکھے گا تو اُس میں موٹا اور نہ ٹیلا۔ اُس دن پیچھے لگے رہیں گے پکارنے والے کے جس میں کچھ کجی نہیں اور آوازیں نرم ہوجائیں گی خدا کے ڈر سے تو تو نہ سنے گا مگر بھس بھس اُس دن کام نہ آئے گی سفارش مگر جس کو خدا نے اجازت دی اور اُس کی بات سے رضامند ہو۔۔۔۔) کر نجی آنکھ سے مقصود ضعیف البصر ہے جیسا صفینا نے کہا ہے کہ اُس روز اندھے کی طرح چلیں گے اور بیان قرآن بھی اوپر گزرا کہ تو سمجھے گا لوگوں کو متوالا۔ یہ ابتدا نفخ نہیں ہوگا۔ جب تک اجسام فنا نہ ہونگے۔ قال اللہ تعالیٰ

جَاۗءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ۝ وَجَاۗءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَاۗىِٕقٌ وَّشَهِيْدٌ ۝ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاۗءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝ يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ۝ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ۝ ان آیات کثیرہ سے اس قدر ثابت ہوتا ہے کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں ایک سخت آواز پیدا ہوگی جس سے تمامی عالم اجسام فنا ہوجائے گا۔ ارواح قائم رہیں گی اور تمام افعال اُن کے پیش نظر ہونگے قال اللہ تعالیٰ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْــــًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝

Marfat.com

بعث کے معنی ہیں جگانا بعثہ من النوم (ترجمہ) اے لوگو اگر تم کو شبہہ ہی جگانے میں تو لحاظ کرو کہ ہم نے تم کو بنایا مٹی سے پھر بوند سے پھر خون بستہ سے، پھر بوٹی سے تمام و نا تمام تا کہ ظاہر کریں تم سے اپنی قدرت اور ٹھہرائے رکھتے ہیں ہم پیٹ میں جسے چاہتے ہیں ایک مدت معین تک پھر تم کو نکالتے ہیں لڑکا پھر یہاں تک کہ پہونچو اپنے بلوغ کو کوئی تم میں سے مرجاتا ہی اور کوئی تم میں سے پہونچتا ہی پیری کو تا کہ بعد علم کے بے تمیز ہو جائے اور دیکھتا ہی تو زمین کو پڑی پھر جب گرایا ہم نے اس پہ پانی تو آباد ہوئی اور اُبھری اور اُگائیں طرح طرح کی خوشنما چیزیں یہ اس واسطے کہ اللہ سچ ہی اور وہ یقیناً مردہ کو زندہ کرتا ہی اور وہ سب چیز پر قادر ہی اور اس میں شک نہیں کہ قیامت آئے گی اور بے شک اللہ جگائے گا قبر میں پڑوں کو)۔ خدا استدلال کرتا ہی تغیرات عالم سے تغیرات بعد الموت پر اور اپنی قدرت کو جتاتا ہی حالت قبر شبیہ نوم ہی۔ اس لئے اس حالت کے زوال کو بعث و جگانے سے تعبیر کرتا ہی۔ دلائل و آیات کثیرہ سے یہ بات ثابت ہی کہ کسی وقت یہ زمین موالید ثلثہ سے خالی تھی، پھر یہ اشیا مٹی سڑ کے پیدا ہوئیں جیسا اب بھی بہت چیزیں پیدا ہوتی ہیں بہت لوگ ایسے ہیں کہ جن چیزوں کو روزمرہ دیکھتے ہیں اسی کو ممکن الوقوع سمجھتے ہیں اور جو چیزیں مدتہائے دراز پر احیاناً ہو جاتی ہیں اُسے قانون قدرت کے خلاف جانکر محال جانتے ہیں۔ یہ قصور نظر ہی اُس شئے کا فی نفسہ استحالہ و امکان دیکھنا چاہیے تجربات قاصرہ سے ایک نتیجہ عام پیدا کرتے ہیں جو قانون عقل کے خلاف ہی مثلاً دیکھتے ہیں کہ روزانہ سورج پورب سے نکلتا ہی اور پچھم میں ڈوبتا ہی تو اب پچھم سے نکلنا اُس کا محال سمجھتے ہیں باوجودیکہ زہرہ وغیرہ کواکب کے رجعت استقامت کی رصد بھی کرتے ہیں۔ ایسے اشخاص اگر آدمی کا خاک سے پیدا ہونا مستبعد سمجھیں تو بعید نہیں جیسا ہنود نے ایک قاعدہ اندرج پنڈج اوکبج استھاور کا بنا رکھا ہی بے شک اب تو ایسا ہی ہی لیکن اگر یہ کہیں کہ ایسا ہی ہمیشہ سے ہے اس کے خلاف کبھی نہیں ہوا تو یہ قیاس بے اصل ہی پھر اسی سورہ میں وارد ہی فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ

Marfat.com

الْحَمِيمُ يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالْجُلُودُ وَلَهُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِيدٍ كُلَّمَا أَرَادُوا أَنْ يَخْرُجُوا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ أُعِيدُوا فِيهَا (ترجمہ) جن لوگوں نے کفر کیا اُن کے لئے آگ کے کپڑے قطع ہیں چھوڑا جائے گا اُن کے سر پر گرم پانی جس سے پگھل جائے گا جو اُن کے بطون میں ہے اور چمڑے اُن کے لئے آہنی کوڑے ہیں جب قصد کریں گے اُس سے نکلنے کا یعنی غم سے اُس میں لوٹائے جائیں گے) یہاں خدا نے عذاب کی تفسیر غم سے کی ہے قال اللہ تعالیٰ نُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَىٰ فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتَابُ وَجِيءَ بِالنَّبِيِّينَ وَالشُّهَدَاءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (ترجمہ) جب پھونکا جائے گا قرنا تو ڈر جائینگے جو آسمان میں ہیں اور جو زمین میں ہیں مگر جس کو خدا چاہے پھر دوبارہ پھونکے گا کہ وہ دفعتاً کھڑے تکیں گے اور چمکیگی زمین خدا کے نور سے اور رکھی جائے گی کتاب اور بلائے جائیں گے انبیاء اور ملائکہ اور اُن کا ٹھیک انصاف ہوگا۔ اُن پر کچھ ظلم نہ ہوگا) اس مقام سے پیدا ہے کہ دو مرتبہ آواز شدید ہوگی۔ مرتبہ اول میں سب جاندار بدحواس ہونگے۔ دوسری مرتبہ کھڑے تکیں گے یعنی اجسام کل فنا ہو جائیں گے جان اپنے اعمال کو تکیں گے۔ ایسا ہی اوپر کی آیات دلالت کرتی ہیں۔ اُس کے بعد کہتا ہے کہ زمین خدا کے نور سے چمکے گی ظاہر ہے کہ زمین تو اُس وقت فنا ہوگی چمکے گی کہاں سے۔ لیکن زمین سے مقصود مکان ہے یعنی خلاء خواہ بُعد مقطور اور خدا کے نور سے مقصود ارواح اور ملائکہ پس مقصود یہ ہے کہ نفخہ ثانیہ میں اجسام معدوم ہو جائیں گے اور کتاب سے مقصود نفوس منطبعہ ہیں جو حامل ہیں صور حوادث کے باقی مطلب واضح ہے۔ مُردوں کو اپنے اجساد کے ساتھ اٹھنے کا یہاں کچھ ذکر نہیں ہے۔ قال اللہ تعالیٰ۔ إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا واقعہ نام ہے قیامت کا کیونکہ وہ حوادث عظیمہ سے ہے۔

Marfat.com

(ترجمہ) جب واقعہ ہو قیامت جس کے وقوع میں کچھ کذب نہیں جو اُتارے گی چڑھائے گی جب کپے گی
زمین شدت سے اور ٹکڑے ٹکڑے ہونگے پہاڑ ٹوٹ کر بھر ہو جائیں گے اُڑتی دھول) قال اللہ تعالیٰ
سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ لِّلْكَافِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ
تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ
سَنَةٍ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا يَوْمَ تَكُوْنُ
السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ وَلَا يَسْئَلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا
يُّبَصَّرُوْنَهُمْ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيْهِ وَصَاحِبَتِهٖ
وَاَخِيْهِ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ يُنْجِيْهِ كَلَّا اِنَّهَا لَظٰى
نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى وَجَمَعَ فَاَوْعٰى (ترجمہ

کسی نے پوچھا اُس عذاب کو جو کافروں کو ہونے والا ہے جس کو کوئی روکنے والا نہیں وہ عذاب خدا کی طرف سے ہے جو سیڑھی والا ہے (اُس تک لوگ بتدریج پہونچتے ہیں وہ سیڑھی عالم اجسام ہے کہ اُنھیں کے ذریعہ سے تکملۂ نفوس ہوتا ہے کہ وہی خدا تک پہونچاتا ہے۔ ہنود اکثر اہل رائے جو تناسخ کا خیال رکھتے ہیں اس عالم اجسام کو بھوساگر یعنی بحر الحیات سے تعبیر کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تا تکملہ ارواح اجسام سے تعلق رکھا کرتے ہیں۔ ایک جسم کو چھوڑتے ہیں دوسرے سے تعلق کرتے ہیں یہاں تک کہ تکملہ ہو جائے یا عالم فنا ہو جائے پس یہ عالم اجسام اُن کے خیال میں ذریعہ تکمیل ہے اس لئے وہ نردبان ہے) چڑھیں گے اُس کی طرف فرشتے اور ارواح ایک دن میں جس کا زمانہ پچاس ہزار برس ہے تو خوب صبر کر وے اُس کو بعید سمجھتے ہیں اور ہم اُس کو قریب دیکھتے ہیں جس دن ہو جائیں گے آسمان مس گداختہ اور پہاڑ روئی اور کوئی کسی کو نہ پوچھے گا۔ گنہگار چاہیں گے کہ کاش اُس دن کی سختی جو رو لڑکے بھائی کنبہ اور تمام دنیا کے فدیہ دینے سے چھٹے ہرگز نہ چھوٹیں گے وہ تو آتش سوزاں کلیجہ کھینچنے والی ہے پکارتی ہے کفار کو جنھوں نے جمع کرکے رکھ چھوڑا)۔ واضح ہو کہ ابتدائے خلقت اجسام سے تا فنا ایک دن قرار پایا ہے۔ چنانچہ فروا سے قیامت زبان زد ہے نظر و فکر سے اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ عالم اجسام فنا ہو جائیگا۔

Marfat.com

لیکن یہ کہ کب فنا ہوگا قوت بشری اس کے ادراک سے قاصر ہے۔ انبیا کو بھی یہ پوری طور پر بتایا نہ گیا تو آنحضرت نے قیامت کا ذکر بار بار فرمایا تو کفار نے سوال کیا کہ وہ زمانہ سچ ہوگا اور ہوگا تو کب ہوگا۔ یہ اوپر بیان ہوچکا ہے کہ جب تمامی عالم اجسام فنا ہوجائے گا کہ وہی قیامت ہے تو ارواح و ملائکہ تمام دل و جاں سے اس ہستی پاک کی طرف متوجہ ہونگے اس کو یہاں عروج سے بیان کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ایک دن میں جو مدت بقائے عالم اجسام ہے قیامت آئیگی اور ارواح متوجہ عالم لاہوت ہونگی اس دن کی مدت پچاس ہزار بتاتا ہے یعنی مدت قیام عالم اجسام پچاس ہزار برس ہے جیسا کہا ہے کہ کتب اللہ مقادیر الخلایق قبل ان یخلق السموات والارض بخمسین الف عام لیکن بات مبہم رہی کہ پچاس ہزار برس دنیا کے مراد ہیں یا اللہ کے دن کیونکہ اللہ کا دن یہاں کے ہزار برس کی برابر بتایا گیا ہے تو اس حساب سے عمر دنیا کی اٹھارہ ارب پچیس کروڑ (۱۸۲۵۰۰۰۰۰۰) سال ہوتی ہے۔ یہود عمر دنیا کی سات ہزار برس کہتے ہیں مگر انھیں سنین سے وقت پیدائش آدم سے زبور میں لکھا ہے کہ ایک دن خدا کا یہاں کے ہزار برس کے برابر ہوتا ہے۔[لہ] تو اگر سات ہزار برس سے خدا کی سنین مقصود ہوں تو مدت بقائے دنیا دو ارب پچپن کروڑ پچاس لاکھ برس (۲۵۵۵۰۰۰۰۰۰) ہوگی۔ پیدائش آدم جس کی نسل میں حضرت ابراہیم ہیں اور آدم کی پہلی مدت سے یہ دنیا تھی اس کے ملانے سے وہی مدت ہوگی جو ہم نے اوپر لکھا ہے لیکن ہنود گبر مدت بقائے دنیا اس سے زیادہ بتاتے ہیں واللہ اعلم بالصواب۔ بعض اشخاص کہتے ہیں کہ یہ پچاس ہزار برس مدت قطع مسافت ہے مرکز عالم سے تا کنگرہ عرش اعمال رصدیہ اور قواعد ہندسیہ سے ثابت ہے کہ محدب فلک زحل مرکز عالم سے آٹھ کروڑ ستائیس لاکھ پچیس ہزار ایک سو بائیس میل ہے از رقوم ہندیہ (۸۲۷۲۵۱۲۲) جس سے دس میل روز کے حساب سے بائیس ہزار چھ سو اکیانوے سال (۲۲۶۹۱) میں قطع کرسکتے ہیں اس کے بعد فلک ثوابت کا ثخن آج تک

لہ قال اللہ تعالی ان یوما عند ربک کالف سنة مما تعدون

کسی کو معلوم نہ ہوا نہ اُس کے دریافت کا کوئی قاعدہ ہے۔ کیا عجب ہے کہ محدب زحل سے تا محدب فلک اطلس اس قدر مسافت ہو جسے ستائیس ہزار تین سو نو سال میں قطع کریں لیکن اس کے بیان کی یہاں ضرورت نہیں سوائے دیگر جوابِ دیگر۔ اور اگر کہیں کہ مقصود یہ ہے کہ اس قدر مدت میں ملائکہ کا تکملہ ہوتا ہے تو ملائکہ سے مقصود وہ ہونگے جن کو تعلق ہے اجسام کے ساتھ۔ کیونکہ جن کو تعلق نہیں ہے اُن کا کمال فطرتی ہے۔ تو مطلب یہ ہوگا کہ اتنی مدت میں ملائکہ کامل ہو جاتے ہیں تو وہ اجسام سے تعلق قطع کریں گے۔ تو مطلب یہ ہوا کہ اتنی مدت میں ملائکہ اجسام سے قطع تعلق کرتے ہیں پس راجع ہوگا ہمارے مطلب کی طرف کیونکہ فنائے اجسام وحی و عقل دونوں سے ثابت ہے فتدبر۔ اس سورہ کے اخیر میں یہ ہے يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ يُوفِضُونَ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذَٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ (ترجمہ) جس دن نکلیں گے قبروں سے دوڑتے گویا وہ تیر تہ کو دوڑتے ہیں اُن کی آنکھیں بند ڈر سے ٹیکتی ہوئی اُن سے ذلت یہی دن ہے جس کا وعدہ تھا۔ قبروں سے اُٹھنے کے معنی تو ہم کہہ چکے ہیں کہ وہ حالت جو بعد الموت طاری تھی زائل ہو جائیگی۔ یہاں سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ قیامت بہت سرعت سے قائم ہوگی تو اس کی مدت پچاس ہزار برس خلاف ہے اجسام کا فنا ہونا اور قبروں سے اُٹھنا معاً ہوگا۔ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَتَرَى الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ سَرَابِيلُهُمْ مِنْ قَطِرَانٍ وَتَغْشَىٰ وُجُوهَهُمُ النَّارُ (ترجمہ) جس دن بدلی جائے زمین غیر ارض سے (یعنی جو زمین نہیں ہے زمین قرار پائے) اور آسمان اور نکل کھڑے ہوں لوگ اللہ واحد زبردست کے سامنے اور دیکھے گا تو اُس دن گنہگاروں کو زنجیروں میں جکڑے اور اُن کے پاجامے گندک کے اور چھوپے اُن کے مونھ کو آگ) ظاہرا یہ دلالت کرتا ہے کہ بروز قیامت بعد فنائے ارض دوسری زمین بنائی جائے گی حالانکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اُس دن جو چیز زمین نہیں ہے یعنی خلاء و بُعد مقطور زمین قرار پائے گا جس طرح زمین

Marfat.com

اکثر اشیاء کا مقر ہی اُس دن خلاء ہی مقرر ہے گا اجزا لایتجزیٰ متفرقہ کا اور ارواح
خداے ذوالجلال کے سامنے ہونگے مجرمین یعنی ناقصین بری حالت میں ہونگے ۔ لہٰذا
آیت سے مخالف اُس کے نہیں نکلتا جو اوپر گزرا اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِاٰیٰتِنَا سَوْفَ
نُصْلِیْهِمْ نَارًا کُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَیْرَهَا لِیَذُوْقُوا الْعَذَابَ (ترجمہ
جن لوگوں نے ہماری آیات کا انکار کیا عنقریب اُن کو آگ میں ڈالیں گے ہم جب اُن کا چمڑا پک جائے گا تو
بدل دیں گے ہم دوسرا چمڑا عذاب چکھنے کے لیے)۔ بظاہر یہ آیت ارباب تناسخ کے موافق ہے وہ بھی
کہتے ہیں کہ نفس ناطقہ بدون جسم کے کچھ ادراک نہیں کرسکتے۔ اس لئے اس کا حزن والم
متعلق بجسم ہے تو بدون جسم کے نہ اُس کو ثواب ہوسکتا نہ عذاب ناچار تکملہ ثواب عقاب کے لئے
اُسے دوسرا جسم ملتا ہے یہاں تک کہ اُس کی تکمیل ہو کر انوار الٰہی میں مستغرق ہو جائے اور
بوجہ قِدَم عالم کے یوں ہی ہمیشہ ہوا کرتا ہے۔ اُن کے نزدیک آدمی مرنے کے ساتھ ہی پیدا
ہو جاتا ہے اُس کو ہنود آواگون کہتے ہیں لیکن اس حالت کو ردی سمجھتے ہیں۔ عمدہ حالت
وہ ہے کہ درجۂ کمال کو پہونچ کے مشاہدۂ جمال ربانی وانوار یزدانی میں محو رہے ایسا ہی
عقیدہ چین والوں کا بھی ہے۔ یہودی بھی ایسا ہی کچھ کہتے ہیں اور اس آواگون کو اپنی
زبان میں گلگول کہتے ہیں چونکہ نفس ناطقہ کا ادراک بلا جسم ثابت ہے تو یہ بنا متزلزل
ہے۔ اس کا بیان بہت طولانی ہے جس کو ہم یہاں لکھ نہیں سکتے۔ عام مسلمانوں کا یہی خیال ہے کہ
آدمی اپنے اُسی بدن کے ساتھ اُٹھے گا جو اُس کا تھا یہ آیت اُن کے لئے دلیل ہے معنی
آیت یہ معلوم ہوتے ہیں کہ جب اُن کا ایک خیال پختہ ہو جائے گا اور بوجہ عادی ہو جانے
طبیعت کے اُس صورت عقابی کے متحمل ہو جائیں گے دوسری صورت عذاب اُن پر طاری
ہو گی۔ دیکھو آدمی جب خواب میں کوئی صورت متوحش دیکھتا ہے تو کیسا بے چین ہوتا ہے پھر
بعد انتباہ کے وہ کرب جاتا رہتا ہے لیکن بعد موت کے تو انتباہ ہی نہیں تو مدتہاے دراز تک
اُس کرب میں پڑا رہے گا جو صورت عذاب اُس کے سامنے پیش آئے گی لیکن جب عادت

Marfat.com

ہو جائے گی تو تحمل سے کرب زائل ہو گا۔ تب اُس وقت دوسری صورت طاری ہو گی جلود یہاں جمع جِلد نہیں ہے بلکہ مصدر ہے بمعنی تحمل و برداشت اس مادہ کے یہ معنی آئے ہیں یقولون لا تجلد ای لا تهلك اہنی وتجلد کہتے ہیں فرس مجلد ای لا یفزع من الضرب اور جلود کے معنی ہیں کوڑا مارنا اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ وَّاحِدٍ حاصل بالمصدر ہا مجازاً عذاب تو معنی یہ ہونگے کہ جب اُن کا عذاب پختہ ہو جائے گا تو عذاب بدل دیں گے یا یہ معنی کہیں کہ جب تحمل پختہ ہو جائے گا تو عذاب بدل دیں گے۔ اب رہا یہ کہ غیرہا کی ضمیر کس طرف پھرے گی تو وہ پھرے گی عذاب کی طرف جو جلود اول سے سمجھا جاتا ہے۔ یعنی كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ الخ غزالی نے لکھا ہے کہ مدت تک عذاب سہنے سے وہ عادی ہو جائیں گے یا اعمال قبیحہ کو بھول جائیں گے آیات جو مذکور ہوئیں اُس سے یہ بات ثابت نہ ہوئی کہ مردے اپنے بدن کے ساتھ اُٹھیں گے۔ پیدایش باب دوم کی پہلی آیت یہ ہے: וַיְכֻלּוּ הַשָּׁמַיִם וְהָאָרֶץ וְכָל־צְבָאָם: ویخلو ہشا ماہم وہا ارص وکل صبا آم **لغات**

ویخلو اس لفظ کے دو معنی ہیں تیار ہونگے اور دوسرے فنا ہونگے۔ اس کا مادہ ضدین میں مستعمل ہے۔ واو جو اُس کے اول میں ہے اگر ہیوح ہو تو یہ صیغہ مضارع بمعنی ماضی ہو جائے گا اور اگر واو استیناف ہو تو مضارع اپنے معنی میں رہے گا۔ اس بنا پر اس آیت کے دو معنی ہوتے ہیں اول تیار ہو گئے آسمان اور زمین اور جو اُن میں ہے یہی معنی دفاتر یہود میں ثبت ہیں اور اُسی بنا پر تراجم ہیں۔ دوسری معنی فنا ہو جائیں گے آسمان و زمین اور جو کچھ اُن میں ہے۔ یہ خبر دیتا ہے قیامت کی اور پہ خبر ہے اُن کے پیدائش کی یعنی وہ نہ تھے اور قدرت یزدانی سے ہوئے۔ اُس سے قیاس ہوتا ہے کہ فنا ہو جائیں۔ خبر سے اُس کی تصدیق کراتا ہے۔ اسی طرح دوسری آیت اور تیسری بھی محتمل المعنیین ہے۔ دوسری آیت کا مضمون یہ ہے کہ فنا کرے گا خدا ساتویں دن اپنی جملہ مصنوعات کو جسے اُس نے

Marfat.com

بنایا پھر معطل ہو جائے گا. خدا ساتویں دن اپنے جملہ امور سے۔ آیت سوم اور برکت دے گا اللہ ساتویں دن کو اور اُس کو مقدس کرے گا جس میں اپنے سب کاموں سے فراغت کیا۔ اور دیگر صحف انبیاء میں بھی کچھ ذکر ہی واضح ہو کہ معاد میں آراء مختلف ہیں قدماء فلاسفہ کی رائے یہ ہو کہ معاد کوئی چیز نہیں یہ عالم یوں ہی ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے گا۔ اُن کے خیال میں جس طرح نفوس و عقول بسیط ہیں اُسی طرح افلاک و کواکب و عناصر بھی مرکب نہیں اس لئے اُن کو فنا نہیں۔ قابل تغیر فقط مرکبات ہیں سو بھی انواع قابل فنا نہیں، اشخاص البتہ اِس خیال کی لوگ بہت ہیں لیکن محققین اولین و آخرین معاد کو تسلیم کرتے ہیں گو اُس کے حدود میں اختلاف کرتے ہیں واضح ہو کہ معاد میں دو چیز ہیں ایک فنائے عالم دوسری حدوث بعد الفنا۔ فرقہ اول جو فنائے عالم کو نہیں مانتا وہ حدوث بعد الفنا کیونکر تسلیم کرے گا۔ فرقہ دوم جو عالم کو حادث سمجھتے ہیں اُن میں اکثر کی رائے یہ ہو کہ بسائط کو فنا نہیں اور بعض کہتے ہیں کہ سوائے ذات واجب الوجود سب فنا ہو جائیں گے اور جو فنا کو خاص کرتے ہیں مرکبات کے ساتھ وہ معاد کو مانتے ہیں یعنی مرکبات فنا ہو جائیں گے اور ارواح کو عذاب خواہ ثواب ہوگا۔ اس کے مباحث طویل الذیل ہیں جن سے کتب فلسفہ و کلام بھرے ہیں۔ اُس کو ہم یہاں ذکر نہیں کر سکتے جس قدر متعلق بہ نصوص تھا وہ ذکر کر دیا۔ احادیث اس باب میں بہت ہیں لیکن اُس سے کوئی امر زائد نص سے مستفاد نہیں ہوتا کہیں توضیح ہو کہیں تمثیل صحیح مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہو کہ میں نے پوچھا رسول خدا سے کہ خدا کہتا ہو؛ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ تو اُس دن لوگ کہاں رہیں گے آپ نے فرمایا صراط پر منشاء سوال حضرت عائشہ یہ تھا کہ زمین تو ہوگی نہیں لوگ کس چیز پر قیام کریں گے اُس کے جواب میں آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ دوسری زمین تیار رہوگی جیسا ظاہر آیت سے متوہم ہوتا ہو بلکہ فرمایا کہ صراط۔ پر صراط راہ کو کہتے ہیں یعنی جس میں حرکت واقع ہو

Marfat.com

اور حرکت واقع ہوتی ہے خلاء میں پس مقصود جواب یہ ہوا کہ لوگ خلاء میں ہونگے۔ یہ بھی بہ نظر ظاہر تھا ورنہ ارواح تو مکانی نہیں جو حاجت قیام ہو اور حضرت عائشہ بھی یہ نہیں سمجھی تھیں کہ اس کی جگہ دوسری زمین قائم ہوگی ورنہ ایسا سوال نہ کرتیں۔ صحیح مسلم و بخاری میں ایک حدیث مروی ہے سہل ابن سعد سے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا ہے یحشر الناس یوم القیمۃ علی ارض بیضاء عفراء کقرصۃ النقی لیس فیھا علم لاحد : واضح ہو کہ نفخہ اول سے آغاز قیامت ہوگا جس کی شان میں ہے تری الناس سکاریٰ اُس وقت کے لیے آپ نے فرمایا ہے کہ لوگ ارض بیضاء میں مجتمع ہونگے ایسی زمین قطبین کے نیچے ہے کیا عجب ہے کہ لوگ گھبراہٹ میں وہاں چلے جائیں یا مراد زمین شام ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔ ایک حدیث ابن عباس سے صحیحین میں مروی کہ پیغمبر خدا نے فرمایا ہے انکم محشورون حفاۃ عراۃ غُرلاً یعنی تم لوگ جمع کیے جاؤگے ننگے بنگے نامختون۔ کیا عجب ہے کہ اس سے مقصود تجلی عن الاجساد ہو اور یہی حدیث حضرت عائشہ سے بھی مروی ہے۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے آپ سے پوچھا کہ یا حضرت مرد عورت سب ایک دوسرے کو دیکھیں گے آپ نے فرمایا یا عائشہ الامر یومئذٍ اشد من ان ینظر بعضھم الی بعض جیسا خدا نے فرمایا ہے : لکل امرئ منھم یومئذ شان یغنیہ۔ قال اللہ تعالیٰ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ (ترجمہ) ہر چیز جز ذات واجب الوجود تعالیٰ شانہ کی سب فانی ہے۔ وجہ کے معنی ذات کے آئے ہیں اس آیت سے دلیل لاتے ہیں کہ قیامت میں تمام عالم فنا ہو جائے گا فقط ذات واجب الوجود کی جو قابل عدم نہیں باقی رہے گی اس خیال سے کہ ممکنات بہ نظر اپنی ذات کے قابل عدم ہیں تو اُن کا معدوم ہو جانا محال نہیں اور مخبر صادق خبر دیتا ہے تو بالضرور فنا ہو جائیں گی واضح ہو کہ یہاں قیامت کا ذکر نہیں ہے یہ نہیں کہتا کہ جملہ ممکنات فنا ہو جائیں گی۔ یہاں اسم فاعل استقبال کے لئے نہیں ہے۔ مضمون آیت یہ ہے کہ جملہ ممکنات قابل عدم ہیں ہاں ذات واجب الوجود پر عدم نہیں آسکتا۔ اس لئے لائق پرستش وہی ہے

Marfat.com

علاوہ بریں وجہ کے معنی سردار کے ہیں بھی۔ سردار اُس کو کہتے ہیں جو صاحب رائے
اور مدبر ہو۔ یہ شان ملائکہ اور ارواح کی ہے۔ پس مضمون آیت یہ ہے کہ جملہ اشیاء فانی
ہیں سوائے ارواح اور ملائکہ کے کہ اُن کو فنا نہیں واللہ اعلم بالصواب اوپر جو
ثبت ہوا وہ معنی متبادر تھے لیکن دقّت نظر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کل باب آنحضرت کے
زمانہ کی خبر دیتا ہے۔ پہلے اس کا ترجمہ لکھیں گے تب تفسیر۔ آیتہ ۲ ہم سب کو روئے زمین سے
جمع کر دیں گے خدا کا حکم ہے۔ آیتہ ۳ جمع کریں گے آدمی کو اور بہائم کو اور طیور سما کو اور
ماہیان دریا کو اور اصنام کو مع اشرار کے تب قطع کریں گے گمراہوں کو روئے زمین سے
یہ فرمان الٰہی ہے۔ آیتہ ۴۔ تب ہاتھ بڑھائیں گے یہودیہ بلکہ جملہ سکان اورشلیم پر اور
مٹا دیں گے بقیہ بت کو اور اصنام کو مع اُن کے کہنہ کی آیت ۵ اور چھتوں پر ساجدان
کواکب اور اُن سجدہ کرنے والوں کو جو خلاف مرضی خدا کی پرستش کرتے ہیں یعنی جو
بتوں کی قسم کھاتے ہیں آیتہ ۶ اور مرتدوں کو جنھوں نے نہ خدا کی طلب کی نہ تلاش۔
آیت ۷ اپنے مالک خدا کے سامنے چون چرا مت کر اب خدا کا دن قریب ہے کیونکہ
خدا نے تیار کر لی اپنی قربانی اور اپنا کلام پاک۔ آیت ۸ خدا کی قربانی کے دن سزا
دیں گے ہم سرداروں کو اور شاہزادوں کو اور اجنبی لباس پہننے والوں کو۔
آیت ۹ اور سزا دیں گے ہم اُس روز چوکھٹ پر کودنے والوں کو جنھوں نے اپنے
مالک کے گھر کو ظلم و فریب سے بھر دیا۔ آیت ۱۰ خدا کا حکم ہے کہ اُس ایام میں باب شرقی
بیت المقدس سے بڑا غل ہو گا اور ڈپٹ باب المثنیٰ سے اور بڑی شکست پہاڑوں سے۔
آیت ۱۱ ماتم کرو مختیش کے رہنے والو کہ کل قوم کنعانی مٹ جائے گی اور تباہ ہو جائیں گے
زردار آیت ۱۲ اُس زمانہ میں تلاش کریں گے ہم اورشلیم کو چراغوں سے اور سزا دیں گے
اُن لوگوں کو جو اپنے خیال پر جمے ہیں اور کہتے ہیں کہ خدا نہ نیک کرتا نہ بد۔ آیت ۱۳ اُن کے
گروہ پامال ہونگے، اُن کے گھر ویران ہونگے گھر بنائیں گے رہنا نصیب نہ ہو گا، انگور

Marfat.com

بوئیں گے اُس کی شراب نہ پئیں گے۔ آیت ۱۴ خدا کا بڑا دن قریب ہے بہت نزدیک ہے خدا کے دن کی منادی تلخ ہوگی جہاں بہادر للکارے گا۔ آیت ۱۵ وہ دن خدا کے جلال کا ہوگا دن صف آرائی و اضطراب کا دن قتال وجدال کا دن ظلمت وتاریکی کا دن بدلی و گھٹا کا۔ آیت ۱۶ دن بوق وقرنا کا بلاد حصینہ اور اونچے حصار پر۔ آیت ۱۷ اور گمراہ کو ایسا صدمہ پہونچائیں گے کہ اندھوں کی طرح چلیں گے کیونکہ اُن نے خدا سے عصیان کی اُن کا خون کیچڑ کی طرح بہایا جائے گا اور اُن کا گوشت غلیظ کی طرح۔ **تفسیر** آیت دوم سوم دلالت کرتی ہے کہ کوئی زمانہ ایسا آئے گا جس میں تمام ملکوں کے لوگ ایک امر پر اتفاق کریں گے۔ کیونکہ آدمی سے مقصود انسان با تمیز ہیں اور بہائم سے جہلا اور طیور سے مقصود وہ ہیں جو اونچے پہاڑوں پر رہتے ہوں اور ماہیان دریا سے اہل جزائر اور اصنام سے مراد بت پرست ہیں پھر کہتا ہے کہ جب ایسا ہوگا تو گمراہوں کو یعنی بت پرستوں کو برباد کریں گے ہم۔ الغرض خلاصہ ان آیات کا یہ ہے کہ ایک وقت میں تمام ملکوں کے لوگ ایک دین پر متفق ہو کے بت پرستی کو مٹائیں گے۔ واضح ہو کہ آیت سوم میں مذکور ہے کہ ہم آدمی کو روئے زمین سے مٹادیں گے جسے لوگ سمجھتے ہیں کہ قیامت کی خبر دیتا ہے۔ لیکن آدام کا لفظ جو یہاں واقع ہے غالب استعمال اُس کا معنی آدمی و انسان میں ہے مگر کبھی کبھی بمعنی گمراہ بھی آیا ہے چنانچہ میں نے یہاں گمراہ ترجمہ کیا ہے جس سے مقصود بت پرست ہیں۔ آنحضرتؐ کے زمانہ میں قبائل مختلف عرب جو بت پرست تھے ایک دین پر متفق ہو گئے اور بحرین کے لوگ بھی مسلمان ہو گئے اور یمن وغیرہ بلاد کوہستان کے لوگ بھی مطیع اسلام ہوئے اور بت پرستی ملک عرب سے نیست و نابود ہوئی۔ حضرت یعقوب نے بھی آپ کی نسبت فرمایا تھا کہ اُس کے پاس اقوام جمع ہونگی جیسا گزرا ملک عرب میں تو آپ کی زندگی ہی میں اسلام پھیل گیا تھا۔ آپ کے بعد تو ایشیا و یورپ و افریقہ تمام ملکوں میں اسلام جاری ہو گیا ایسا اتفاق تمام قوموں کا ایک دین پر کبھی نہیں ہوا تھا نہ اس طرح بت پرستی مٹی۔ حضرت عیسی کے پیروان تو درحقیقت

Marfat.com

بت پرست ہیں تثلیث کا مسئلہ ان کو دائرۂ توحید سے باہر کرتا ہے۔ علاوہ برین حضرت مریم و حضرت عیسیٰ کی تصاویر گرجوں میں رکھتے ہیں۔ چوتھی آیت میں کہتا ہے کہ ملک شام پہ ہاتھ بڑھا کے بقیہ بت کو مٹائیں گے اور اُن کی کہنہ کو یعنی جب خوب دین جاری ہوے گا تو ہم ملک شام پر غلبہ کرکے بتوں کو مٹائیں گے۔ حضرت موسیٰ کے وقت سے وہاں کے بتوں کے مٹانے کی فکر ہوتی رہی لیکن کچھ کچھ رہ گئی تھے۔ آنحضرتؐ کے وقت میں بالکل نیست و نابود ہو گئے پانچویں آیت میں کہتا ہے کہ ساجدان کواکب یعنی صابئین وگبروں کو مٹائیں گے۔ مرضی یزدان پاک ہے۔ بتوں سے مقصود حضرت عیسیٰ و مریم ہیں۔ نصاریٰ جن کو معزز جان کے اُن کی قسم کھاتے تھے اور چھٹویں آیت میں ذکر یہود ہے کہ وہ بہ ارتداد سحر و کہانت کے فکر میں رہتے تھے خدا کی تلاش نہیں کرتے تھے۔ ساتویں آیت میں کہتا ہے اپنے مالک کے سامنے چون وچرا مت کر اُس کا حکم جس کی معرفت پہونچے تسلیم کر اب خدا کا دن قریب ہے۔ خدا کے دن سے مقصود زمانہ اجراے شریعت دائمی ہے جو شریعت قیامت تک منسوخ نہ ہوگی وہ شریعت محمدی ہے۔ اُس کے بعد کہتا ہے کہ خدا نے اپنی قربانی تیار کرلی۔ بیت المقدس کی قربانی موقوف ہوگئی اُس کے بعد سواے مکہ کے نہ کہیں حج ہوتا نہ خدا کے واسطے قربانی۔ خدا نے اپنی قربانی کہاں تیار کرلی سواے مکہ کے کہیں نشان نہیں ملتا اور کلام پاک سے مراد قرآن ہے۔ آٹھویں آیت میں کہتا ہے کہ خدا کے قربانی کے دن سزا دیں گے ہم سرداروں کو اور اجنبی لباس والوں کو یہ ایک نشان اور بتایا کہ اُس قربانی کے ایام میں سرداروں کو سزا دیں گے چنانچہ آنحضرت کے زمانہ میں جب حج و قربانی خدا کے واسطے فرض ہوئی بہت سرداران عرب سزایاب ہوئے اور بت توڑے گئے اور روحانیات اصنام ذلیل و خوار ہوئیں۔ بتوں پر قربانی کا دستور قدیم الایام سے تھا اور اب تک ہے۔ خدا کے واسطے قربانی حضرت ابراہیم کے وقت سے شائع ہوئی۔ حضرت موسیٰ کے وقت سے بڑی ترقی ہوئی لیکن صرف بنی ابراہیم میں ہوتی تھی۔ بخت نصر کے وقت میں جب بیت المقدس برباد ہوا تو یہ قربانی بند ہوگئی

Marfat.com

پھر عزرا و دانیال کے زمانہ میں بیت المقدس کی از سرنو تعمیر ہوئی اور قربانی جاری ہوئی لیکن اس وقت نہ کسی کی سزا ہوئی نہ غلبہ تھا۔ بادشاہ فارس نے تعمیر بیت المقدس اور وہاں عبادت کی اجازت دے دی تھی۔ صفنیا کے وقت میں بیت المقدس قائم تھا قربانی ہوتی تھی اس وقت خدا کا کہنا کہ اپنی قربانی ہم نے تیار کر لی دلالت کرتا ہے کہ یہ قربانی جو بیت المقدس میں ہوتی ہے خدا کی قربانی نہیں ہے کیونکہ یہود کے قلوب سحر و کہانت کی دھن میں خدائے پاک سے منحرف و کواکب و روحانیات کی طرف بہمہ وجوہ راغب تھے وہ لوگ قربانی روحانیات کے لئے کرتے تھے۔ پس خدا نے وہاں کی قربانی بند کرنا چاہا جیسا آیت بھی دلالت کرتی ہے۔ چنانچہ بخت نصر کے وقت میں بیت المقدس برباد ہوا۔ قربانی بالکلیہ مسدود ہوئی۔ پھر بالاستقلال قربانی جاری نہ ہوئی۔ عزرا و دانیال کے وقت میں باجازت شاہ فارس ذمیوں کے طور پہ جاری ہوئی پھر بند ہو گئی۔ مستقل قربانی غلبہ سے مکہ ہی میں خدا کے لئے جاری ہوئی جس کی خبر یہاں ہے یہ کلام فتح مکہ سے پورا ہوا۔ ۱۰ رمضان ۸ھ میں آپ مکہ روانہ ہوئے مکہ فتح ہو گیا۔ کچھ سرداران قریش مارے گئے۔ بت جو سیسہ سے جمائے تھے خود بخود گر پڑے۔ آپ نے فرمایا جَاءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ فقط۔ اجنبی لباس پہننے والوں سے مراد قریش و یہود ہیں جنھوں نے اپنے باپ دادا کا چلن چھوڑ کے بت پرستی میں مشغول تھے۔ ان سب کی سزا اپنے موقع پر ہوئی۔ نویں آیت میں بھی یہی لوگ مقصود ہیں جن لوگوں نے خانۂ خدا میں بت پرستی اختیار کی تھی۔ دسویں و گیارہویں آیت میں غازیان اسلام کے دھاوے کرنا بیت المقدس پہ مذکور ہے اور اقوام کنعان کا نیست و نابود ہو جانا۔ چنانچہ دور اسلام میں ایسا ہوا۔ بارہویں آیت میں کہتا ہے کہ اُس وقت اورشلیم میں بھی چراغ ہدایت روشن کریں گے۔ وہاں نماز پڑھنے کا ثواب زیادہ کریں گے اور بت پرستوں کا خیال دور کریں گے۔ تیرہویں آیت کا مضمون واضح ہے۔ چودھویں آیت میں کہتا ہے کہ خدا کا دن قریب ہے۔ خدا کے دن سے مقصود زمان بعثت پیغمبر آخر الزماں ہے کیونکہ اُس وقت

Marfat.com

شریعت موسوی منسوخ ہو گی نیا دین جاری ہو گا تو وہ گویا قیامت ہے۔ آپ کی منادی یہ ہے کہ ایک دن ایسا ہو گا جس میں عالم اجسام فنا ہو جائے گا اور اعمال کا حساب ہو گا جزائے اعمال ہر شخص پر مترتب ہو گی یہ بلاشبہ نئی بات تھی اور سب پر تلخ تھی اور نیز یہ منادی بھی کہ یا ایمان لاؤ یا جزیہ قبول کرو یا قتال کرو۔ یہ کلام چونکہ منجر بقتال یا ذلت تھا لہذا تلخ تھا اور بہادر سے مراد آنحضرت ہیں یہ نام آپ کا حضرت اشعیا نے بھی ذکر کیا ہے اس کے بعد کی آیات میں قتال و جہاد و خون ریزی کا ذکر ہے جو آنحضرت کے وقت سے بشدت تمام پھیلا۔ فقط اب دیکھنے والوں کو چاہئے کہ بانصاف دیکھیں کہ یہ بات مجموعہ کسی پیغمبر کے وقت میں پوری ہوئی جز زمانۂ اسلام فتدبر فقط۔ اب ہم حضرت دانیال کے باب ہشتم کو نقل کرتے ہیں کہ وہ ہمارے مطلب کے موافق ہے: בשנת שלוש למלכות בלאשצר המלך חזון נראה אלי אני דניאל אחרי הנראה אלי בתחלה:

ویسنت سالوس لملحوث بیلیشصار حملخ حازون نرئا الای انی دانی ابل احری ہرئا ابلای تبحلا (ترجمہ) بلشفر بادشاہ کی سلطنت کے تیسری سال میں مجھ دانیال کو بازنا خواب نظر آیا بیلیشفر سلاطین کسدیم کا اخیر بادشاہ تھا۔ ואראה בחזון ויהי בראתי ואני בשושן הבירה אשר בעילם המדינה ואראה בחזון ואני הייתי על אובל אולי:

وا ارہ بحارون وبہی بر ٔوتی وانی بسوشن ہبیرا اشر لعیلام ہمدینا وا ارہ بخارون وانی ہاییتی عل اول اولای אובל شوشن یہ ایک صوبہ کا نام ہے ملک فارس میں دجلہ کی پورب خلیج فارس سے متصل جس کے پچھم جانب ریاست کلد

دجلہ دونوں ریاستوں کے بیچ میں ہے اِس کا دارالامارت شہر سوس ہے اسی وجہ سے اس ریاست کو اہل یونان سوسینا کہتے ہیں اب یہ علاقہ اہواز سے نافرد ہے اِس میں چند شہر مشہور ہیں رام ہرمز و عسکر مکرم و لسر و حد لسنا لور و سوس و سرق وغیرہ (دیکھو قاموس) بعد طوفان نوح کے اول شہر پناہ اسی شہر میں بنایا گیا تھا اِس میں قبر دانیال پیغمبر کی بتاتے ہیں ۔حضرت دانیال یہاں بخت نصر کے وقت سے قید میں تھے جب یہ خواب دیکھا تھا עֵילָם

عیلام یہ وار ریاست فارس کا نام ہے جس کا ایک صوبہ شوشن یعنی سوس تھا عیلام سام بن نوح کے بیٹے کا نام تھا یہ ملک اُن کا مقبوضہ تھا (ترجمہ) جب میں تھا سوس ہر ایں جو ملک عیلام میں ہے تو خواب دیکھتا ہوں اور تھا میں نہر اولای پر) سوس تیرا نام ہے دارالسلطنت کا عیلام ملک کا نام ہے اولای نام ہے دریا کا וָאֶשָּׂא עֵינַי וָאֵרֶא וְהִנֵּה

אַיִל אֶחָד עֹמֵד לִפְנֵי הָאֻבָל וְלוֹ

קְרָנָיִם וְהַקְּרָנַיִם גְּבֹהוֹת וְ

הָאַחַת גְּבֹהָה מִן־הַשֵּׁנִית וְהַגְּבֹ

הָה עֹלָה בָּאַחֲרֹנָה׃

وارسا عینای واارئہ دہنہ ایل احاد عومید لفنی ہاوبال ولو قرناہم وھقرنیم گبوہوت وہااحت گبوہا من ہشنیت وہگبوہا عولا باحرونا (ترجمہ) میں نے جو آنکھ اُٹھائی تو دیکھا کہ دریا کے سامنے وہاں ایک بز کوہی کھڑی ہے اُس کے دو بڑے سینگھیں ہیں اُن میں سے بڑی ہے بجانب پشت ، اُل ہے רָאִיתִי אֶת־הָאַיִל מְ

נַגֵּחַ יָמָּה וְצָפוֹנָה וָנֶגְבָּה וְכָל־

חַיּוֹת לֹא־יַעַמְדוּ לְפָנָיו וְאֵין מַ

צִּיל מִיָּדוֹ וְעָשָׂה כִרְצֹנוֹ וְהִגְדִּיל׃

راأیتی اث ہا ایل منگیح یاما وصافونہ والغنا وکل حیوث لو یعمدو لفانا و وان مصیل

Marfat.com

ما دو وعا سا کر صو لو د ہغدل (ترجمہ) دیکھا میں نے بز کوہی کو سینگھ مارتے پچھم اوتر، دکھن اور کوئی جانور اُس کے سامنے نہیں ٹھیرتا اور نہ کوئی اُس کے ہاتھ سے بچا سکتا اور اُس نے جو چاہا سو کیا اور بہت بڑھا)

וַאֲנִי הָיִיתִי מֵבִין וְהִנֵּ
ה צְפִיר־הָעִזִּים בָּא מִן־הַמַּעֲרָב
עַל־הָאָרֶץ וְאֵין נוֹגֵעַ בָּאָרֶץ וְהַ
צָּפִיר קֶרֶן חָזוּת בֵּין עֵינָיו׃

وانی ہاسی مبن و ہنہ صفیر ہا عزیم با من ہمعراب عل پیی حل ہا ارص وابن نوعیع با ارص و ہصا فر قرن حاروث بن عنیا و (ترجمہ) میں سوچ رہا تھا کہ وہاں ایک بکرا آیا پچھم سے تمام روئے زمین پر اُسے کوئی چھو نہیں سکتا ہے اور اُس بکرے کے ایک مستحکم سینگھ بین العینین)

חָזוּת حارث مسحکم וַיָּבֹא עַד־הָאַיִל
הַקְּרָנַיִם אֲשֶׁר רָאִיתִי עֹמֵד לִפְנֵ
י הָאֻבָל וַיָּרָץ אֵלָיו בַּחֲמַת כֹּ
חוֹ׃

ویالوعد ہا ایل بعل ہقرانیم اشر راسی عومید لفنی ہا او بال و یارص ایلا و بحمت کوہو (ترجمہ) اور آیا ذو سینگھ والی بز کوہی کے پاس جسے میں نے دریا کے سامنے کھڑا دیکھا اور دوڑا اُس کی طرف جوشِ قوّت سے (یعنی بڑے زور سے)

וּרְאִיתִיו מַגִּיעַ אֵצֶל הָאַיִל
וַיִּתְמַרְמַר אֵלָיו וַיַּךְ אֶת־הָאַיִל וַ
יְשַׁבֵּר אֶת־שְׁתֵּי קְרָנָיו וְלֹא־הָיָה כֹחַ
בָּאַיִל לַעֲמֹד לְפָנָיו וַיַּשְׁלִיכֵהוּ
אַרְצָה וַיִּרְמְסֵהוּ וְלֹא־הָיָה מַצִּיל לָאַיִל מִיָּדוֹ׃

Marfat.com

ورایتیو مگیع اصل ہا ال ویتمرمر الاو ویخ اث ہا ال ویشبیر اث شتی قرانا و ولو ہایا کوح با ایل لعمود لفاناو ویشلیخیہو ارصا ویرمسیہو ولو ہایا مصیل لا ایل میادو : **لغات** וַיִּתְמַרְמַר ہتمرمر اس کا مادّہ מָרַר مارر ہے جس کے معنی ہیں بہنا ٹپکنا اُسی سے מֹר مور بمعنی قطرہ و بوند نکلا ہے اُسی سے عربی مرور نکلا اور مرمر جس کے معنی زور شور سے مینھ برسنا۔ بہ منزلہ باب افتعال کے ہیں معنی اُس کے حملہ کرنا جھپٹنا۔ اُسی سے مرمر بمعنی غضب نکلا ہے (ترجمہ) پھر اُس بکرے کو میں نے دیکھا بزکوہی کے پاس جاتے پھر حملہ کیا اُس نے بزکوہی پر اور مارا اُسے اور اُس کے دونوں سینگھ توڑ دیئے اور بزکوہی میں اُس کے مقابلہ کی صورت نہ رہی اور اُس کو اُس نے گرا دیا زمین پر اور روندڈالا۔ اُس وقت بزکوہی کو اُس کے ہاتھ سے کوئی بچانے والا نہ تھا۔ וּצְפִיר הָעִזִּים הִגְדִּיל עַד־מְאֹד וּכְעָצְמוֹ נִשְׁבְּרָה הַקֶּרֶן הַגְּדוֹלָה וַתַּעֲלֶנָה חָזוּת אַרְבַּע תַּחְתֶּיהָ לְאַרְבַּע רוּחוֹת הַשָּׁמָיִם׃

وصفیر ہا عزیم ہگدیل عد مئود وحعصمو نشبرا ہقرن ہگدولا وتعلینا حازوث اربع تحتیہا لاربع روحوث ہشامایم (ترجمہ) پھر اُس بکرے نے بڑی ترقی کی اور جب وہ بڑھ چکا تو اُس کے بڑے سینگھ ٹوٹ گئے اور اُس کی جگہ چار محکم چاروں جہت سما میں صعود کیں۔ (یعنی چار سینگھ محکم صعود کیں) וּמִן־הָאַחַת מֵהֶם יָצָא קֶרֶן־אַחַת מִצְּעִירָה וַתִּגְדַּל־יֶתֶר אֶל־הַנֶּגֶב וְאֶל־הַמִּזְרָח וְאֶל־הַצֶּבִי׃

ومن ہا احت میہم یاصا قرن احت مصعیرا وتگدل یتر ال ہنغب وال ہمزراح وال ہصبی۔ صبی اصل معنی اس کے ہیں ہرن عربی ظبی لیکن مجازاً کبھی اطلاق اس کا

Marfat.com

بیت المقدس پر ہوتا ہے צְעִירָה צעירہ اصل معنی اس کے ہیں صغیر لیکن اگر
اس سے مراد عرب ہو تو بعید نہیں کہ یہ سلطنت بہت چھوٹی تھی اور نیز یہ مسکن حضرت
ہاجر کا تھا جو حضرت ابراہیم کی بیبیوں میں چھوٹی تھیں (ترجمہ) پھر اُن میں سے ایک سے
نکلی ایک سینگ چھوٹی سی اور وہ بہت بڑھی دکھن اور پورب تا بیت المقدس) مقصود یہ ہے کہ ان
چار سینگھوں میں سے جو چھوٹے سینگ تھے اُس سے ایک سینگ نکلی جو بہت بڑھی وہ دکھن
اور پورب تا بیت المقدس پہونچی یعنی ارض اسرائیل تک וַתִּגְדַּל יֶ־
תֶר אֶל־הַנֶּגֶב וְאֶל־הַמִּזְרָח וְאֶל־הַצֶּבִי׃ וַתִּגְדַּל עַד־
צְבָא הַשָּׁמַיִם וַתַּפֵּל אַרְצָה מִן־הַצָּבָא וּמִן־הַכּוֹכָבִים וַתִּרְמְסֵ
ם׃ وتغدل عد صاہشامیم وتپل ارصاص من ہصاباومن
ہکوحابیم وترمسیم **لغات** צָבָא صبا اس کے معنی کثیر الاستعمال و
متعارف لشکر کی ہیں چنانچہ צְבוֹ صبو مصدر ہے بمعنی غزوہ و لشکر کشی اور
کبھی جب قرینہ ہو تو اس کے معنی کواکب و روحانیات جس کی پرستش کی جائے بحیثیت عباد
צְבָא הַשָּׁמַיִם صبا ہشامیم اکثر اطلاق اس کا کواکب پر ہوتا ہے اور
اس کے معنی ملائکہ ملاء اعلیٰ کے بھی ہیں (ترجمہ) پھر بڑھے وہ سینگھ ملائکہ ملاء اعلیٰ تک اور گرا دیا
روحانیات اور کواکب کو جن کی پرستش ہوتی تھی زمین پر اور اُن کو روند ڈالا) مقصود یہ ہے کہ بت پرستی
خوب مٹایا וְעַד שַׂר־הַצָּבָא הִגְדִּיל וּמִמֶּנּוּ
הוּרַם הַתָּמִיד וְהֻשְׁלַךְ מְכוֹן מִקְדָּ
שׁוֹ׃
وعد سرہصابا ہغدیل ومموہورم ہتامید وہشلخ مخون مقداشو **لغات**
הַתָּמִיד تامید اس کے اصل معنی ہیں دوام و دائما اور وظیفہ و فریضہ اور کبھی بمعنی
قربانی جو روزانہ بیت المقدس میں فرضاً ہوا کرتی تھی הַקָּרְבָּן־הַתָּמִיד

Marfat.com

سرصابا بمعنی سردار لشکر اور بمعنی علت موجودات یعنی ذات واجب الوجود تعالیٰ شانہ (ترجمہ) پھر ذات واجب الوجود تک ترقی کی اور اُس سے ترک کی گئی قربانی مفروضہ اور اُس کا مکان مقدس بیقدر ہوا وְצָבָא תִּנָּתֵן עַל־הַתָּמִיד בְּפָשַׁע וְתַשְׁלֵךְ אֱמֶת אַרְצָה וְעָשְׂתָה וְהִצְלִיחָה׃ وصابا تناتین عل هتامید بفاشع وتشلخ امت آرصا وعاشا وهصلیحا **لغات** צָבָא صابا اس کے معنی اوپر ہم لکھ آئے ہیں کہ روحانیات جن کی پرستش کی جائے اُسی کو بت کہتے ہیں صابا سے بیان کرتے ہیں اور مجازاً اُسسے وہ لوگ جو ایسی ہدایت کریں جن ہوں خواہ انس مراد ہوتے ہیں۔ یہود میں بہت جھوٹے نبی تھے جو اپنے کو نبی کہتے تھے اور نیرنجات و نجوم کے ذریعہ سے عجائبات دکھلا کے خلائق کو گرویدہ کرتے تھے اور وہ اُن کو نبی کہتے تھے اور اُن کی ہدایت کواکب و روحانیات کی پرستش کی ہوتی تھی اور تاویلات باردہ سے خلائق کے ذہن نشین کرتے تھے کہ یہ ممنوع نہیں چنانچہ یہود اس ضلالت میں بعد وفات حضرت سلیمان کے برابر مبتلا رہے۔ اس قسم کے جھوٹے انبیاء بنی اسرائیل میں بکثرت تھے بعض شہروں میں اُن کے عدد پانسو تک پہونچے تھے اور وہ سچے نبیوں کو ایذا پہونچاتے تھے פֶּשַׁע پاشع اس کے معنی فسق و خطا کے متعارف ہیں اس کے معنی کبھی کسر و شکست و ہبوط و گر جانے کے بھی ہوتے ہیں הִצְלִיחַ ہصلیح مہذب کرنا و مکمل کرنا۔ (ترجمہ) اور جھوٹے انبیاء ہمیشہ کو لوٹ جائیں گے اور نازل کریں گے وہ سینگ زمین پر صدق خواہ ایمان اور تعمیل حکم کریں گے اور مہذب کریں گے תִּנָּתֵן בְּפָשַׁע تناتین بفاشع اس کے معنی ہیں حوالہ ہونگے شکست کو یعنی لوٹ جائیں گے וְהִצְלִיחָה׃

וָאֶשְׁמְעָה אֶחָד־קָדוֹשׁ מְדַבֵּר וַיֹּאמֶר

אֶחָד קָדוֹשׁ לַפַּלְמוֹנִי הַמְדַבֵּר עַד

Marfat.com

מתי החזון התמיד והפשע שמם תת וקדש וצבא מרמס׃

واشمعا احاد قادوس مدبیر ولومرا احاد
قادوس لفلمونی ہمدبیر عد مانای ہحارون ہتامید وہفسع شومم تیث وقادوس
وصابا مرماس. (ترجمہ) پھر سنا میں نے ایک ملک کو بولتے تب کہا ایک مقدس شخص نے اُس بولنے والے
سے کب تک یہ خواب دائمی ہوگا (یعنی ضلالت کا زوال اور ہیکل اور جھوٹے انبیا کی پامالی) مقصود یہ ہی کہ
بوقت رویا گزشتہ حضرت دانیال نے ایک ملک کی آواز سنی اور اُس سے پوچھا کہ اس
خواب کی تعبیر بہ نسبت دوری ضلالت و پامالی ہیکل بیت المقدس و انبیاء کاذب کب ہوگی۔
فقط خواب کے ایک جزو کا زمانہ پوچھا کل خواب کی نسبت یہ استفسار نہ تھا۔ ایک مقدس
شخص سے مراد حضرت دانیال ہیں: ויאמר אלי עד ערב בקר אלפים ושלש מאות ונצדק קדש׃ ویومرایلای عدعرب بوقر الفیم وشلوش
میوث ونصدق قودس (ترجمہ) تب کہا مجھ سے شام سے صبح تک دو ہزار تین سو گزریں گے ۲۳۰۰
تب سچا ہوگا ملک) یہاں تک خواب ہی حضرت دانیال کا جو اُنھوں نے مشاہدہ کیا ויהי בראתי אני דניאל את החזון ואבקשה בינה והנה עמד לנגדי כמראה גבר׃ وہی برئوتی انی وانی ایل اث ہحارون
والف بیا وہنہ عومید لنعدی کمرہہ گبر (ترجمہ) اس خواب کے دیکھنے کے وقت میں دانیال
تعبیر کی فکر میں تھا کہ ناگاہ میرے سامنے ایک جوان صورت کھڑا ہوگیا) גבר گبر عبرانی میں
نوجوان کو کہتے ہیں اور אל ایل اسمار الحسنی سے ہی۔ اسی سے גבריאל گبری ایل نکلا ہی جس کا معرب جبرئیل ہی۔ اکثر یہ ملک بصورت نوجوان

Marfat.com

انبیاء کے پاس آیا تھا اس لئے اس کا نام جبرئیل ہوا یعنی مردِ خدا כְּמַרְאֵה־גָבֶר
וָאֶשְׁמַע קוֹל־אָדָם בֵּין אוּלָי וַיִּקְרָא וַיֹּאמַר
גַּבְרִיאֵל הָבֵן לְהַלָּז אֶת־הַמַּרְאֶה׃
واشمع قول ادام بین اولای ویقرا ویومر گبری ال ہابین ہلاز اث ہمرئہ
(ترجمہ) پھر سنا میں نے آواز آدمی کی اولای ندی میں کہ پکارا اور کہا کہ اے جبرئیل سمجھا دے اس کو یہ خواب یعنی جبرئیل کو حکم ہوا کہ دانیال سے خواب کی تعبیر کہدے) וַיָּבֹא אֵצֶל עָמְדִי
וּבְבֹאוֹ נִבְעַתִּי וָאֶפְּלָה עַל־פָּנָי וַיֹּאמֶר אֵלַי הָבֵן בֶּן־אָדָם כִּי לְעֶת־
קֵץ הֶחָזוֹן׃
وبالو اصل عمدی وبیوئو نبعتی واا پلا عل پانای ولومر الای ہابن بن آدام کی لعیث قص ہحارون (ترجمہ) تب آئے جبرئیل جہاں میں کھڑا تھا اُس کے آتے ہی میں ڈر گیا اور اوندھا گرا تب اُس نے مجھ سے کہا سمجھ لے آدمی زاد کہ آخر زمانہ میں یہ خواب ہوگا)۔ آخر زمانہ وہ کہلاتا ہے جب سے وحی منقطع ہوجائے۔ ہمارے پیغمبر آخر زمانہ میں تھے کہ آپ کے بعد سلسلۂ نبوت ونزول وحی ختم ہوگیا : וּבְדַבְּרוֹ עִמִּי נִרְדַּמְתִּי
עַל־פָּנַי אָרְצָה וַיִּגַּע־בִּי וַיַּעֲמִידֵנִי
עַל־עָמְדִי׃ وبد برو عمی برومتی عل پانای آرصا ویگع لی ویعمیدیی عل عمدی (ترجمہ) جب اُس نے مجھ سے خطاب کیا تو میں نے زمین پر سجدہ کیا تب اُس نے مجھ پر ہاتھ پھیر کر مجھے کھڑا کیا اپنے مقام پر) : וַיֹּאמֶר הִנְנִי מוֹדִיעֲךָ
אֵת אֲשֶׁר־יִהְיֶה בְּאַחֲרִית הַזָּעַם
כִּי לְמוֹעֵד קֵץ׃ ولومر ہینی مودلعاک اث اشر لہیہ ماحریث ہزعم کی لموعید قص (ترجمہ) اور کہا کہ اب میں تجھے بتاتا ہوں جو کچھ ہوگا انتہائے غضب میں جب اعیاد کا اختتام ہوگا)

Marfat.com

واضح ہو کہ بنی اسرائیل پر بوجہ نافرمانی اور کفران ہمیشہ غضب الٰہی ہوا کرتا تھا جس سے وہ قتل ہوتے تھے، لوٹے مارے جاتے تھے، قحط و جوع میں مبتلا ہوتے تھے لیکن ہمارے پیغمبر کی بعثت کے بعد یہ سب سزائیں موقوف ہوئیں۔ اب جو کچھ ہوگا وہ آخرت میں ہوگا۔ سزاے دنیاوی بند ہوئی کیونکہ آپ رحمۃ للعالمین تھے اس لئے جبرئیل آپ کے زمانہ کو انتہاے غضب سے تعبیر کرتے ہیں اور اُسی وقت اعیاد بنی اسرائیل کے موقوف ہوجانے کو بیان کرتے ہیں۔ گو یہود اب تک کیا کرتے ہیں لیکن اُس کے موقوفی کی خبر دی گئی ہے بس مقصود آیت یہ ہے کہ اب میں تجھے خبر دیتا ہوں جب اعیاد بنی اسرائیل موقوف ہونگی اور یہ عذاب دنیاوی جو بنی اسرائیل کو ہوا کرتا ہے جس کا منشا غضب الٰہی ہے بند ہوگا הנני מודיעך את אשר יהיה באחרית הזעם כי למועד קץ׃

הָאַיִל אֲשֶׁר־רָאִיתָ בַּעַל הַקְּרָנָיִם מַלְכֵי מָדַי וּפָרָס׃

ہا ایل اشر رائیتا بعل ہقرانیم ملکی مادای وفارس (ترجمہ) وہ بز کوہی ذات القرنین جو تو نے دیکھی (اُس سے مقصود) سلاطین میدیہ و فارس ہیں تو مطلب یہ ہوا کہ پہلے بادشاہانِ فارس کا اقبال چمکے گا کہ اکثر بلاد اُن کے قبضہ میں ہونگے اور کوئی اُن کا مقابلہ نہ کرسکے گا וְהַצָּפִיר הַשָּׂעִיר מֶלֶךְ יָוָן וְהַקֶּרֶן הַגְּדוֹלָה אֲשֶׁר בֵּין־עֵינָיו הוּא הַמֶּלֶךְ הָרִאשׁוֹן׃

ھصافیر ھصاعیر ملخ یاوان وھقرن ھگدولا اشر بین عیناو ھو ھملخ ھاریشون (ترجمہ) اور بکرا بادشاہ یونان ہے اور اُس کی بڑی سینگ سے مقصود اُن کا پہلا بادشاہ ہے (یعنی جس سے سلطنت فارس برباد ہوگی اور بہت سلاطین اُس کے زیر نگیں ہونگے) וְהַנִּשְׁבֶּרֶת וַתַּעֲמֹדְנָה אַרְבַּע תַּחְתֶּיהָ אַרְבַּע מַלְכֻיוֹת מִגּוֹי יַעֲמֹדְנָה וְלֹא בְכֹחוֹ׃

Marfat.com

وھنشبرت وتعمودنا اربع تحتیھا اربع ملخویوث مگوی یعمودنا ولو بحوحو (ترجمہ)
اور اس شکستہ کی جگہ جو چار دوسرے قائم ہوئیں وہ چار بادشاہت ہیں اقوام مختلف کے جو قائم ہوں گی
نہ اس قوت کی : וּבְאַחֲרִית מַלְכוּתָם כְּהָתֵם הַפֹּשְׁעִים יַעֲמֹד מֶלֶךְ עַז־פָּנִים וּמֵבִין חִידוֹת : وباحرت ملخوتام کہاتم ھپشاعیم یعمود ملخ عزپانیم ومبین حیدوث

لغات כְּהָתֵם ہاتیم مادہ اس کا תָּמַם تم ہے اس کے معنی مثل عربی تمام کے پورے ہونے کے ہیں :
עַז־פָּנִים عزپانیم = رعب والا مہیب - اس کے معنی کبھی سنگدل و بے حیا کے بھی آئے ہیں חִידוֹת حیدہ - اس کے معنی ہیں پہیلی اور سر
(ترجمہ) اُن سلطنت کی انتہا میں ضلالت غایت درجہ کو پہونچی قائم ہوگا - ایک بادشاہ رعب والا واقف اسرار) سیاق آیت سے ظاہر ہے کہ اس بادشاہ سے وہ چار مملکت برباد ہوں گی :

וְעָצַם כֹּחוֹ וְלֹא בְכֹחוֹ וְנִפְלָאוֹת יַשְׁחִית וְהִצְלִיחַ וְעָשָׂה וְהִשְׁחִית עֲצוּמִים וְעַם־קְדֹשִׁים :

وعاصم کوحو ولو بحوحو ونقلاءوث یشحیت وھصلیح وعاسا وھشحیت عصومیم و عم قدوشیم - کواح کے معنی ظلم کے بھی آئے ہیں (ترجمہ) اور بڑھے گی اُس کی قوت بغیر ظلم سے نہیں بلکہ معجزات سے تباہ کرے گا اور مہذب کرے گا اور تبلیغ احکام اور برباد کرے گا علماء کو اور یہود کو) اس آیت سے ظاہر ہے کہ وہ بادشاہ صاحب معجزات ہوگا اور قتال اُس کا بظلم نہ ہوگا - تباہ کرے گا نافرمان اور کفار کو اور وہ مہذب بھی کرے گا - یعنی نفوس کی تکمیل بھی اُس کا کام ہوگا اور تعمیل فرمان یعنی تبلیغ احکام الٰہی جو لازمۂ رسالت ہے اور آیت سے ظاہر ہے کہ اُس کے وقت میں یہود برباد ہونگے یعنی قتل ہونگے اور اُن کی شریعت

Marfat.com

منسوخ ہوگی کیونکہ خواب میں پامالی ہیکل اور موقوفی فرمان فرضی کا ذکر ہے: וְעַל־
שִׂכְלוֹ וְהִצְלִיחַ מִרְמָה בְּיָדוֹ וּבִלְבָבוֹ
יַגְדִּיל וּבְשַׁלְוָה יַשְׁחִית רַבִּים וְעַל־
שַׂר־שָׂרִים יַעֲמֹד וּבְאֶפֶס :
وعل سخلو وہصلیح مرما یادو وبلبا لو یغدیل وبشلوا یشحیت ربیم وعل سر ساریم یعمودُ بالفس یاد یشابیر

لغات מִרְמָה مرما فساد و فریب בְשַׁלְוָה : شلوا کفر روّت בְּאֶפֶס بالفس بدون بلا יָד

یاد اس لفظ کی اصل معنی ہاتھ کے ہیں عربی ید لیکن مجازاً قوت کے معنی میں مستعمل ہے خصوصاً قوت انسانی جو یہاں مقصود ہے (ترجمہ) اور اپنی دانش سے فساد کی اصلاح کرے گا اپنے ہاتھ اور دل سے کامل کردے گا اور بوجہ کفر کے قتل کرے گا۔ اکثروں کو اور شاہنشاہان کے مقابل ہوگا اور اُن کو بقوت قدسیہ توڑ دے گا۔ بدون انسانی قوت کے جس کا حاصل قوت قدسیہ ہے יִשָּׁבֵר :
یشابیر باب انفعال سے لازمی ہے لیکن کبھی مجرد کے معنی میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ چنانچہ حزقیل کی کتاب میں موجود ہے یہاں ایسا ہی ہے۔ **واضح ہو** کہ اس آیت میں تین صفت بیان ہوئیں: ایک اصلاح ظاہر ہے کہ آپ نے تمامی قبائل عرب کو جو ہمیشہ باہم جدال وقتال کیا کرتے تھے مطابق مضمون کل مومن اخوۃ ایک کردیا و قبیلہ انصار اوس اور خزرج میں ہمیشہ نفاق و عداوت رہتی تھی وہ سب ایک ہوگئے۔ اذکروا نعمت اللہ علیکم اذ کنتم اعداءً فالف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخواناً۔ دوسری صفت تکمیل جو آپ کی اُمت میں ہر زمانہ میں مشاہد ہے۔ تیسری صفت قتل کفار بقوت قدسیہ۔ آپ کے غزوات دیکھنے والوں پر یہ امر مخفی نہیں تاہم غزوہ بدر کو یہاں باختصار لکھدیتے ہیں۔ شرح اس غزوہ کی یہ ہے کہ حضور اقدس میں خبر پہونچی کہ ابوسفیان مع قافلہ تجارت شام سے معاودت کیا چاہتا تھا۔ آپ بنفس نفیس مع جماعت مہاجرین و انصار کہ تین سو تیرہ ۳۱۳ تھے بقصد اُس قافلہ کے نکلے۔ ابوسفیان نے خبر پاکے

Marfat.com

ضمضم غفاری کو اجیر کر کے مکہ روانہ کیا اور ابوجہل وغیرہ سرداران قریش کو کہلا بھیجا کہ اگر قافلہ کی خیر چاہیں تو مدد کے لئے آئیں اور قافلہ کو بچا لے جائیں۔ یہ خبر سن کے ابوجہل بہت طیش میں آیا اور لشکر مع سامان جنگ اس نے جمع کیا۔ سواران اسپ و شتر اور پیادے بڑے کر و فر سے روانہ ہوا اور جمیع قبائل قریش میں سے اعیان و اشراف حتی کہ عباس بن عبدالمطلب بنی ہاشم میں سے کہ ہنوز مسلمان نہ ہوئے تھے حسب قاعدہ حمیت برادری ساتھ ہوئے اگرچہ ابوسفیان نے قافلہ کو دوسری راہ سے نکال کر آدمی مکہ بھیج کر ابوجہل وغیرہ کو کہلا بھیجا تھا کہ اب حاجت مدد لانے کی نہیں، لیکن اللہ جل جلالہ کو منظور ہوا کہ سرداران کفار کو فی النار کرے اور شوکت اسلام علیٰ وجہ الکمال ظاہر کرے لہذا ابوجہل لعین نے لشکر لے جانے پر اصرار کیا اور کہا محمدؐ نے نہایت شورش کی ہے ان کی شورش کو بالکل دفع کرنا ضرور ہے۔ ابوسفیان کہ بہت اصرار کفر پر ان دنوں رکھتا تھا باآنکہ خود ممانعت کہلا بھیجی تھی مکہ میں قافلہ کو پہونچا کے خود چھپ کے ابوجہل کے شریک ہوا۔ اللہ جل جلالہ نے آپ کو وحی بھیجی کہ خدائے تعالیٰ تم کو ظفر دے گا قافلہ پر یا لشکر پر۔ آپ کے اصحاب کا یہ جی چاہتا تھا کہ قافلہ سے مقابلہ ہو اس لئے کہ لشکر جماعت کثیر با سامان و سلاح تھا اور مسلمان بے سامان تھے اور قافلہ بھی جماعت قلیلہ بے سلاح تھا لیکن اللہ تعالیٰ کو اپنی قدرت کاملہ دکھانے اور اسلام کی نصرت عظیمہ کرنی منظور تھی۔ لہذا قافلہ نکل گیا۔ لشکر سے مقابلہ کی ٹھہری۔ لشکر کفار مسلمانوں کے لشکر سے سہ چند تھا بلکہ زیادہ۔ مسلمان تین سو تیرہ ۳۱۳ تھے اور کفار ایک ہزار۔ لیکن کفار کو مسلمان دونے ہی نظر پڑے اور مسلمانوں کا رعب کافروں کے دل میں سما گیا۔ حال قبل پہونچنے لشکر کفار آنحضرت صلعم نے صحابہ سے بطور مشورہ کے لڑائی کے باب میں تذکرہ کیا۔ پہلے حضرت ابوبکر نے پھر حضرت عمر نے باتیں مناسب عرض کیں آپ بہت خوش ہوئے اور ان کے لئے دعائے خیر فرمائی حضرت مقداد نے کہا کہ ہم ایسا نہ کہیں گے جیسا بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ سے کہا تھا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا اِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ یعنی جا کے تو اور تیرا رب

لڑے ہم ہیں بیٹھے ہیں) بلکہ ہم یہ عرض کرتے ہیں کہ ہم آپ کے آگے پیچھے دائیں بائیں ہر طرف سے لڑیں گے اور جہاں تک آپ ہمیں لے جائیں گے ساتھ جائیں گے چونکہ انصار نے بوقت بعیت عقبہ یہ عہد کیا تھا کہ جو کوئی آپ پر مدینہ میں چڑھ آئے گا اُس سے لڑیں گے۔ یہ نہیں کہا تھا کہ ہم آپ کے ساتھ نکل کے لڑیں گے۔ آپ نے ایسی تقریر کی جس سے انصار سمجھے کہ آپ کو موافق اُس معاہدہ کے یہ خیال ہی کہ شاید ہم باہر مدینہ کے آپ کے شریک نہ ہونگے۔ اُنھوں نے عرض کیا کہ ہرچند ہمارا معاہدہ مرافقت کا بوقت چڑھ آنے دشمن کے مدینہ پر تھا لیکن جب ہم آپ پر ایمان لائے اور آپ کو نبی برحق جانتے ہیں، اب ہماری جان آپ کی جان پر فدا ہی آپ کہیں ہوں اگر آپ ہمیں حکم دیں تو ہم سمندر میں گھس جائیں اور کسی طرح دشمن سے لڑائی میں ہمیں عذر نہیں اور بوقت جنگ انشاء اللہ تعالیٰ آپ ہماری جاں نثاری سے راضی ہونگے صحابہ رضی اللہ عنہم کی تقریر جاں نثاری سن کے آپ بہت راضی ہوئے۔ **حال** جس جگہ لشکر اسلام رات کو مقیم ہوا وہاں زمین ریت تھی اور پاؤں جمتے نہ تھے اور پانی نہ تھا پیاس غالب ہوئی اور وضو کی حاجت تھی اس جہت سے لشکریان اسلام پریشان خاطر تھے آپ نے مینہ کے لئے دعا فرمائی۔ خوب مینہ برسا زمین جم کے سخت ہوگئی۔ پاؤں ٹھیرنے لگے اور لوگ نہالئے اور ظروف اپنے پانی سے بھر لئے بوقت مقابلہ جب آپ نے لشکر کفار اور اُن کا کروفر ملاحظہ فرمایا تو یہ آیت پڑھی سیھزم الجمع ویولون الدبر یعنی قریب ہی کہ بھاگ جائیگی یہ جماعت اور پشت پھیرے گی چنانچہ مطابق پیشین گوئی آیت موصوفہ کے ہوا۔ **حال** زمانہ سابق میں دستور تھا کہ پیشتر وقت جنگ میدان میں ایک ایک دو دو آدمی طرفین سے نکل کے لڑتے تھے سو سب سے پہلے عُتبہ اور شیبہ پسران ربیعہ اور ولید پسر عتبہ کفار کی طرف سے میدان جنگ میں آئے اِن کے مقابلہ میں پہلے تین آدمی شجاعان انصار سے نکلے۔ کفار نے کہا کہ ہم کو اپنے اخوان قریش سے مبارزت منظور ہی۔ تب حضرت علی اور حضرت حمزہ اور عبیدہ بن حارث اُن کے مقابلہ میں گئے حضرت علی مقابل شیبہ کے ہوئے اور حضرت حمزہ مقابل عتبہ کے اور اُن دونوں صاحبوں نے

Marfat.com

تو جاتے ہی اپنے مقابل کو مار لیا اور عبیدہ نے اپنے حریف کو کہ ولید تھا زخمی کیا اور آپ بھی زخمی ہوئے۔ حضرت علی نے اپنے حریف سے فارغ ہو کر ولید کو بھی قتل کیا اور تینوں صاحب مظفر و منصور لشکر اسلام میں پھر آئے عتبہ و شیبہ کے سبقت کی وجہ یہ تھی کہ بوقت روانگی لشکر یہ دونوں ہمراہی سے جی چراتے تھے اور ہرگز نہیں چاہتے تھے کہ لڑائی کے لئے جاویں اس وجہ سے کہ ایک بار عداس اُن کا غلام نصرانی جو جناب رسول اللہ صلعم کے ہاتھ پر جب آپ طائف سے پھرے تھے باغ میں مسلمان ہو گیا تھا اُنھیں اس لڑائی میں جانے سے مانع تھا اور کہتا تھا کہ ان سب لوگوں کو واسطے قتل کے خدا لئے جاتا ہے۔ اس لئے عتبہ و شیبہ اس لڑائی میں شامل ہونے سے کارہ تھے اور نفرت کی باتیں اس لڑائی و سفر سے کرتے تھے۔ ابوجہل نے تہمت نامردی کی لگائی تھی۔ **حال** مشکوٰۃ شریف میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے کہ اُنھوں نے کہا کہ میں نے بروز بدر اپنے داہنے اور بائیں طرف دو نوجوانوں کو دیکھا میں دل میں ناخوش ہوا کہ ناتجربہ کاروں کا ساتھ ہے۔ اتنے میں ایک نے اُن میں سے مجھ سے پوچھا کہ اے چچا تم ابوجہل کو پہچانتے ہو۔ میں نے کہا پہچانتا ہوں۔ تمھارا کیا مطلب ہے اُس نے کہا میں نے سنا ہے کہ وہ پیغمبر صلعم کو بُرا کہتا ہے اگر میں اُسے دیکھ پاؤں تو اُس سے جدا نہ ہوں جب تک کہ ہم دونوں میں سے ایک مر نہ لے۔ بعد اس کے دوسرے نے بھی اسی طرح پوچھا اور وہی بات بیان کی۔ وہ دونوں جوان انصاری تھے اُن کا نام معاذ تھا عفراء کے بیٹے۔ باپ اُن کے دو تھے یعنی معاذ بن عمرو و معاذ بن حارث۔ حضرت عبدالرحمن کو اُنھوں نے چچا تعظیماً کہا تھا حقیقت میں اُن کے بھتیجے نہ تھے۔ حضرت عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ میں اُن کی باتیں سُن کر خوش ہوا۔ اتنے میں ابوجہل کو گھوڑا میدان میں کُداتے دیکھا۔ میں نے اُن دونوں جوانوں سے کہا کہ یہ ہے جسے تم پوچھتے تھے یہ سُنتے ہی وہ دونوں تلواریں میان سے نکال کے باز کی طرح جھپٹے اور ابوجہل سے بھڑ گئے۔ یہاں تک کہ اُس کو گرا دیا۔ بعد فتح جب اُن دونوں نے دعویٰ قتل ابوجہل کیا، آپ نے دونوں کی تلواریں دیکھ کے فرمایا کہ تم دونوں نے قتل کیا اور سلب ابوجہل کا

Marfat.com

معاودوں کو دلایا۔ حال اللہ تعالیٰ نے لشکر اسلام کی مدد کے لئے فرشتوں کو بھیجا پہلے ایک ہزار
پھر تین ہزار بعد ازاں پانچ ہزار قرآن مجید میں مذکور ہے۔ اس سے سمجھا جاتا ہے کہ بدر میں
پہونچنے تک لشکر کفار بہت ہو گیا تھا۔ اطراف و جوانب سے کفار مثل مور و ملخ شامل ہو گئے
تھے ایک ہزار وہ تھے جو مکہ سے آئے تھے۔ حال عین گرمی ہنگامۂ جنگ میں آپ نے
ایک مٹھی خاک اور کنکریاں کافروں کے چہرہ کی طرف پھینک ماری اور فرمایا شاہت الوجوہ
یعنی برے ہوئے یہ منھ۔ وہ خاک و کنکریاں کافروں کے چہرے پر پڑیں اُس کے وہاں
پہونچتے ہی نیزے کفار کے کند ہو گئے اور تھوڑی دیر بعد وہ بھاگ گئے ایسی تاثیر نمایاں
جو پھینک مارنے مشت خاک اور کنکریوں میں ہوئی اُس کے حال میں اللہ جل جلالہ نے یہ
یہ آیت نازل فرمائی وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ یعنی نہیں پھینک مارا
تم نے جس وقت پھینک مارا لیکن اللہ نے پھینک مارا یعنی ایسی تاثیر قوی کہ ایک مشتِ
خاک اور کنکریاں نے لشکر جرار کا منھ پھیر دیا طاقت بشری سے باہر ہے۔ لہذا تاثیر تمہاری
قوت سے کہ بشری ہے نہیں ہوئی بلکہ قدرت و قوت ایزدی سے ہوئی یعنی قوت قدسیہ سے
یہ معجزہ مشابہ ہے حضرت موسیٰ کے معجزہ کے ساتھ کہ انھوں نے ایک مٹھی خاک اڑا دی تھی
اُس سے تمام مصریوں کے بدن میں جوں پڑ گئی جس سے نہایت عاجز ہو کر حضرت موسیٰ سے
التجا کی کہ اس بلا سے ہم کو بچائیے۔ اس جنگ میں ستّر آدمی بڑے بڑے سردار مثل ابوجہل
کے قتل ہوئے اور ستّر اسیر ہوئے اُن میں حضرت عباس عم رسول اللہ بھی تھے جس شخص نے
اسیر کیا تھا بہت حقیر تھا۔ آپ نے پوچھا کہ تو نے کیسے اسیر کیا اُس نے کہا کہ ایک شخص نے
جسے میں نہیں پہچانتا اسیر کر دیا۔ آپ نے فرمایا کہ وہ فرشتہ تھا۔



Marfat.com

ومرئہ ھا عرت وحیو فراشر بنامرامت ہوا واتا سنوم سحارون کی لبامیم ریمم (ترجمہ)
اور خواب شام وصبح جو بیان ہوا سچ ہے اور تو اس خواب کو چھپا جو بہت برسوں میں ہوگا) اولاً تراجم آیات
کو اکٹھا بہ ترتیب لکھتے ہیں: بلیسشر[1] بادشاہ کے سلطنت کی تیسری سال میں مجھ دانیال کو
بار ثانی خواب نظر آیا ۔ جب[2] میں تھا سوس میں جو ملک فارس میں ہے تو خواب دیکھتا ہوں اور
تھا میں نہر اولای پہ ۔ میں[3] نے جو آنکھ اٹھائی تو دیکھا کہ دریا کے سامنے وہاں ایک بزکوہی
کھڑی[4] ہے اُس کے دو بڑے سینگھیں ہیں اُن میں سے جو بڑی ہے بجانب پشت مائل ہے ۔
دیکھا میں نے بزکوہی کو سینگھ مارتے پچھم دکھن اوتر اور کوئی جانور اُس کے سامنے نہیں ٹھہرتا
اور نہ کوئی اُس کے ہاتھ سے بچا سکتا اور اُس نے جو چاہا کیا اور بہت بڑھی ۔ میں[5] سوچ رہا
تھا کہ وہاں ایک بکرا آیا پچھم سے تمام روئے زمین پر اُسے کوئی چھو نہیں سکتا اور اُس بکرے کے
ایک مستحکم سینگ ہے بین العینین ۔ اور آیا دو[6] سینگھ والی بزکوہی پاس جسے میں نے دریا کے سامنے
کھڑا دیکھا اور دوڑا اُس کی طرف جوش قوت سے ۔ پھر اُس بکرے کو میں نے دیکھا بزکوہی کے پاس
جاتے پھر حملہ کیا اُس نے بزکوہی پر اور مارا اُسے اور اُس کے دونوں سینگھ توڑ دیئے پھر تو
بزکوہی میں اُس کے مقابلہ کی طاقت نہ رہی اور اُس کو اُس نے گرا دیا زمین پر اور روند ڈالا
اُس وقت بزکوہی کو اُس کے ہاتھ سے کوئی بچانے والا نہ تھا ۔ پھر[8] اُس بکرے نے بڑی
ترقی کی اور جب وہ بڑھ چکا تو اُس[9] کے بڑے سینگھ ٹوٹ گئے اور اس کی جگہ چار محکم
چار جہت سماء میں صعود کیں ۔ پھر اُن میں سے چھوٹے سینگھ سے ایک چھوٹی سینگھ نکلی
اور وہ بہت بڑھی دکھن اور پورب اور تا[10] بیت المقدس پہونچی ۔ پھر بڑھے وہ سینگھ ملائکہ
ملاء اعلیٰ تک اور گرا دیا روحانیات اور کواکب کو جن کی پرستش ہوتی تھی زمین پر اور
اُن کو روند ڈالا ۔ پھر[11] ذات واجب الوجود تک پہونچے اور اس سے متروک ہوئی قربانی
مفروضہ اور اُس کا مکان مقدس بے قدر ہوا ۔ اور[12] چھوٹے انبیاء ہمیشہ کو لوٹ جائیں گے
اور نازل کیا اُس سینگھ نے زمین پر صدق اور تعمیل حکم کیا اور مہذب کیا ۔ پھر[13] سنا میں نے

Marfat.com

ایک ملک کو بولنے تب کہا ایک مقدس شخص نے اس متکلم سے کب تک یہ خواب دائمی
ہوگا یعنی زوال ضلالت اور پامالی ہیکل اور جھوٹے انبار کی بربادی - [14] تب کہا مجھ سے شام سے
صبح تک دو ہزار تین سو گزریں گے تب سچا ہوگا ملک - [15] اس خواب دیکھنے کے وقت میں دانیال
تعبیر کی فکر میں تھا کہ ناگاہ میرے سامنے ایک جوان صورت کھڑا ہوگیا - [16] پھر سنا میں نے
آواز آدمی کی اولائی ندی میں کہ پکار کے اُس نے کہا کہ اے جبرئیل سمجھا دے اس کو یہ
خواب - [17] تب آیا جبرئیل جہاں میں کھڑا تھا - اُس کے آتے ہی میں ڈر گیا اور اوندھا گرا -
تب اُس نے مجھ سے کہا سمجھ لے آدمی زاد کہ اخیر زمانہ میں یہ خواب ہوگا - [18] اور کہا کہ اب
میں تجھے بتاتا ہوں جو کچھ ہوگا انتہائی غضب میں جب دور ختم ہوگا - [19] اور وہ بز کوہی ذات القرنین
جو تو نے دیکھی اُس سے مقصود سلاطین فارس ہیں [20] اور بکرا بادشاہ یونان اور اُس کے
بڑے سینگ سے مراد اُن کا بادشاہ اول ہے [21] اور اس شکستہ کی جگہ جو چار دوسری قائم ہوئیں
وہ چار بادشاہت ہیں اقوام مختلف کی جو قائم ہونگی نہ اُس قوت سے - [22] اُن سلطنتوں کی
انتہا میں جب ضلالت غایت درجہ کو پہونچے گی قائم ہوگا ایک بادشاہ رعب والا واقف
اسرار اور [23] بڑھے گی اُس کی قوت لیکن ظلم سے نہیں بلکہ معجزات سے تباہ کرے گا اور مہذب
کرے گا اور تبلیغ احکام اور برباد کردے گا عظماء کو اور یہود کو اور [24] اپنی دانش سے فساد کی
اصلاح کرے گا - اپنے دل و ہاتھ سے کامل کردے گا اور بوجہ کفر کے اکثروں کو قتل کرے گا
اور شاہنشاہان کے مقابل ہوگا اور اُن کو بقوت قدسیہ توڑ دے گا اور خواب شام و صبح کا
جو بیان ہوا سچ ہے اور تو اس خواب کو چھپا جو بہت برسوں میں ہوگا - **تفسیر** اب اس
خواب و تعبیر میں خوب غور کرنا چاہیئے تواریخ کے ملانے سے معلوم ہوتا ہے کہ بعد زمانہ اس خواب کے
سلاطین فارس کو بڑی ترقی ہوئی تمام ملک فارس تا ہند و ترکستان و شام و ارمن و عرب و
مصر و اکثر بلاد افریقہ و یورپ اُن کے قبضہ میں تھا اور کوئی اُن کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا تا زمانہ
دارا یہی اقبال رہا جب سکندر یونانی کا وقت آیا تو اُس نے دارا کو مار کر تمام بلاد پر قبضہ کر لیا تو بکری سے

Marfat.com

مراد اسکندر ہی جو بادشاہ یونان تھا جب سکندر مرگیا تو فی الواقع چار سلطنت جداگانہ ہوگئیں ایک سلطنت فارس جو ہند تک پھیلی تھی۔ دوسری سلطنت ترکستان جو چین تک گئی تھی تیسری سلطنت روم جس میں شام وارمن ومصر واکثر بلاد افریقہ ویورپ داخل تھے۔ چوتھی سلطنت عرب جو بہت چھوٹی تھی جبرئیل کی تعبیر سے معلوم ہوتا ہی کہ اخیر زمانہ میں ایک بادشاہ صاحب ہیبت وجلال ایسا ہوگا جو ان سلطنتوں کو توڑ کے ایک کردے گا۔ ایسا بادشاہ بعد سکندر کے کوئی نہیں ہوا جس نے ان سلطنتوں کو توڑ کے ایک کردیا ہو۔ سو اسے ہمارے پیغمبر کے دور اسلام میں یہ سب مملکتیں ٹوٹ کے ایک ہوگئیں خلیفہ اسلام ہوا کرتا تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت میں تا زمانہ اسلام یہ سب سلطنتیں قائم ومستقل تھیں چونکہ اصل خواب میں مذکور ہی کہ سب سے چھوٹے سینگ سے ایک شاخ بصفات مذکورہ نکلے گی اور اُس چھوٹے سینگ کو جبرئیل کہتے ہیں کہ مراد اُس سے بادشاہ ہی جو اخیر زمانہ میں ہوگا اور سب سلطنتوں کو توڑ کے ایک کرے گا اور اُن چار سینگوں کو چار سلطنت بتاتے ہیں۔ اُن چار سلطنتوں میں سب سے چھوٹی بادشاہت عرب کی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ وہ بادشاہ جو اخیر میں ہوگا اور چاروں سلطنت کو ایک کریگا اور رعب والا اور واقف اسرار ہونے میں تو کچھ شبہ نہیں۔ حضرت عیسیٰ بھی واقف اسرار تھے لیکن نہ وہ ملک عرب کے تھے اور نہ اُن سے سلطنتیں ٹوٹ کے ایک ہوئیں جو کچھ جبرئیل نے بتایا ہی وہ سب صفات آپ میں تھیں۔ معجزات تو آپکے اوپر مذکور ہیں جس سے آپ نے کفر دور کیا اور سلاطین کو توڑا۔ آپکے وقت میں توراۃ منسوخ ہوئی جس سے موقوفی قربانی لازم ہوئی جیسا کہ خبر دی گئی تھی آپ کے وقت میں جہاد قائم ہوا۔ جیسا کہ قتل کفار اس میں مذکور ہی اور تہذیب تو ایسی ہوئی کہ تمام دنیا ذات بابرکات سے مہذب ہوئی۔ عیسائیوں نے بھی تہذیب آپ سے حاصل کی عیسائیوں کے قبل دور اسلام کے حالات کو بعد کے حالات سے ملانے سے اس کی تصدیق ہوجائے گی۔ ہنود وگبر کا معاملہ بھی ایسا ہی ہی۔ یہود پر بھی اثر پڑا ہی۔ وعلیٰ ہٰذا القیاس۔ جھوٹے انبیا نیست ونابود ہوئے۔ اب کہیں دعوی نبوت

Marfat.com

سنا نہیں جاتا پس جملہ امور جو خواب و تعبیر میں ذکر ہوئے سب آنحضرت میں پائے جاتے تھے۔ اور حضرت عیسیٰ پر منطبق نہیں۔ اہل بصیرت جانچ لیں گے۔ واضح ہو کہ یہ معنی جو لکھے گئے ظاہری ہیں لیکن کچھ رموز بھی یہاں ہیں۔ بیان اُس کا یہ ہے کہ خواب میں یہ دیکھا تھا کہ بکرے کے بڑے سینگ ٹوٹ کے چار شاخیں اُس کی جگہ قائم ہوئیں جس کی تعبیر جبرئیل نے چار مملکت سے کی اُس کی بعد خواب میں دیکھا کہ ایک سینگ صغیرہ سے بصفات مذکورہ نکلی اوپر بیان ہو چکا ہے کہ صغیرہ سے مقصود سب سے چھوٹی سلطنت ہے جو عرب کی بادشاہت تھی اُس سینگ کی تعبیر جبرئیل نے خلیفہ آخر الزماں کہا۔ لیکن ممکن ہے کہ صغیرہ سے مراد ہاجر ہوں کہ وہ حضرت ابراہیم کی چھوٹی بی بی تھیں اور اُن سے خدا نے وعدہ کیا تھا کہ اُن کے پیٹ سے خلیفہ پیدا ہوگا جیساکہ اوپر بیان ہوا تو اگر یہ خلیفہ آخر الزمان ہاجر کی نسل سے نہ ہو تو وعدۂ الٰہی جھوٹ ہو جائے کیونکہ حضرت اسمٰعیل سے وہ وعدہ پورا نہیں ہوا جیسا گزرا تو معنی یہ ہوں گے کہ ایک سینگ ہاجر سے بصفات مذکورہ نکلے گی جس کو جبرئیل خلیفہ آخر الزمان بتاتے ہیں تو مقصود یہ ہے کہ وہ خلیفہ آخر الزمان ہاجر کی نسل سے ہوگا چنانچہ آنحضرت خلیفہ آخر الزمان ہاجر کی نسل سے ہوئے۔ اب یہاں ضرور ہے تفسیر اُس مدت کی جو ۱۴ آیت گزشتہ میں مذکور ہے اُس میں تعداد دو ہزار تین سو لکھی ہے نہ لفظ سال ہے نہ ماہ لیکن متبادر یہی ہے کہ مراد سال ہو کیونکہ ایسی مدّت مہینوں سے بیان نہیں ہوتی۔ واضح ہو کہ یہ مدت ہے خلیفہ آخر الزمان کے وقت کی جب شریعت موسوی منسوخ ہو کے نئی شریعت جاری ہوگی اور بڑا تغیر اس عالم میں پیدا ہوگا پس شام سے مراد وفات حضرت موسیٰ ہے جب شریعت موسوی مکمل و پوری ہوئی اُس وقت حضرت موسیٰ نے اس دنیا کو چھوڑ دیا۔ چونکہ وہ زمانہ انتقال ایک جلیل القدر پیغمبر کا تھا اس لیے اُسے شام سے تعبیر کیا اور صبح سے مقصود وہ زمانہ ہے جب آنحضرت قابل و متحمل نزول وحی ہوئے اور نیز وفات حضرت موسیٰ بوقت شب تھا جس سے اُن کا مدفن کسی کو معلوم نہ ہوا۔ جیسا تورات میں مصرح ہے اور پیدائش ہمارے پیغمبر کی بوقت صبح صادق ہوئی تو مقصود یہ ہے کہ جب وفات حضرت موسیٰ سے

Marfat.com

(۲۲) دو ہزار تین سو سال گزر جائیں گے تو وہ وقت خلیفہ آخر الزمان کا ہوگا مطلوب یہ تھا کہ
اتنی ہی مدت کے لئے شریعت موسوی قائم کی گئی تھی جب وہ مدت گزر جائے گی تو شریعت ابدی
کے قیام کا وقت پہونچ جائے گا۔ حساب اُس کا یہ ہے کہ ۲۷۷۸ ہبوطی میں حضرت موسیٰ کی
وفات ہوئی اور ۴۷۹۹ ہبوطی میں حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے اور ۵۶۱۱ ہبوطی میں پیدائش
حضرت محمد پیغمبر آخر الزمان کی ہے پھر ۵۶۲۸ ہبوطی میں آپ جب بالغ ہوئے اُس وقت سن شریف
۱۷ سال کا تھا۔ آپ کا شق صدر بار ثالث ہوا۔ اس غرض سے کہ آپ کا دل بار وحی کا متحمل ہوجائے
یہی زمانہ آغاز نبوت تھا۔ اشجار و احجار سے احیانا السلام علیکم یا رسول اللہ مسموع ہوتا تھا۔
رویائے صادقہ و خوارق جو علامات نبوت سے ہیں مشاہدہ ہوتے تھے دیکھو ۲۵ برس کی عمر میں
آپ بی بی خدیجہ کا مال لے کر ملک شام میں تجارت کے لئے تشریف لے گئے تھے اس سفر میں
بہت خوارق آپ سے ظاہر ہوئے کہ انھیں علامات سے نسطورا راہب نے آپ کو پہچانا اور سمجھا
کہ فارقلیطا جس کی خبر حضرت مسیح نے دی ہے یہی ہیں اور میسرہ حضرت خدیجہ کے غلام نے اُن
خوارق کو جو سفر میں برأ العین دیکھے تھے۔ خدیجہ سے بیان کئے اور خود خدیجہ نے بھی بوقت
معاودت بالاخانہ کے غرفہ سے معاینہ کیا کہ دو فرشتے آپ پر سایہ کئے تھے کہ یہی وجہ خواہش نکاح
کی ہوئی۔ فقط۔ اسی زمانہ کو ملک نے اس رویا میں صبح سے تعبیر کی ہے اس حساب سے مدت صرحہ
رویا صحیح و درست ہوتی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب لا یخفی علیہ شئی فی الارض
ولا فی السماء وھو العلیم الخبیر۔ **ہدایت** چار مرتبہ آپ کا شق صدر بتاتے ہیں
ایک مرتبہ ایام رضاعت میں دوسری مرتبہ جب آپ دس برس کے تھے۔ تیسری مرتبہ جب آپ
سترہ سالہ تھے۔ چوتھی مرتبہ شب معراج میں۔ مرتبہ چہارم کی روایت تو صحیح مسلم و بخاری میں
بھی ہے اور مراتب باقیہ کی روایات ابو نعیم و ابن عساکر و بیہقی وغیرہ کتب احادیث میں موجود ہے۔
لیکن نظر دقیق و فکر سلیم کے نزدیک شق صدر سے مقصود شرح صدر ہے یعنی آپ کا تکملہ تدریجا
ہوا یعنی چار مرتبہ فیضان قوت ملکی و قدسی کا آپ کی روح پاک پر ہوا۔ اولاً ایام رضاعت میں

Marfat.com

جس سے آپ اُس سن کے اطفال میں ممتاز ہو گئے۔ دوسری مرتبہ جب سن شریف دہ سالہ تھا
کہ آپ کو اُس سن کے لڑکوں میں امتیاز حاصل ہوا۔ تیسری مرتبہ جب آپ بالغ ستر ہ سالہ تھے
اُس وقت آپ تمام جوانانِ روئے زمین سے ممیز اور متحمل بار وحی ہوئے کہ وحی آغاز ہوتی
تھا اور چوتھی مرتبہ شب معراج میں جب آپ انتہائے کمال انسانی کو پہونچے قرآن سے
اسی قدر مستفاد ہوتا ہے۔ الم نشرح لك صدرك ○ ووضعنا عنك وزرك
الذی انقض ظهرك ○ ورفعنا لك ذكرك ○ فان مع العسر يسرا ○
ان مع العسر يسرا ○ فاذا فرغت فانصب والى ربك فارغب ○
(ترجمہ) ہاں ہم نے تیرا سینہ کھول دیا (یعنی قوتِ ملکی تجھ پر تدریجاً فائض ہوئی جس سے تو انتہائے
کمالِ انسانی کو پہونچا) اور تجھ سے تیرا بوجھ اُتار دیا ہم نے جس نے تیری پیٹھ توڑ رکھی تھی (یعنی عیوب
نفسانی اور رزائل انسانی سے جس کے اندیشہ میں تو ہمیشہ رہا۔ تجھے پاک کر کے معصوم بنایا ہم نے) اور تیرا
ذکر بلند کیا ہم نے (یعنی تیرا ذکر ہم نے صحف انبیاء میں پہلے سے کر رکھا جس کی مدت سے دھوم تھی۔ الحق جس قدر
ذکر آپ کا ہے اُس قدر تو کیا اُس کا ہزارواں حصہ بھی کسی پیغمبر کا ذکر نہیں) (اس کے بعد تسکین کے لئے فان
مع العسر يسرا وان مع العسر يسرا کہا گیا) پھر جب تو فارغ ہوا تو محنت کر اور اپنے رب کی
طرف جی لگا (یعنی جب تو خود ہر طرح سے کامل ہو چکا تو اب دوسروں کی تکمیل میں کوشش کر، چنانچہ بعض قرأت
میں رغب آیا ہے)۔ یہاں ایک تقریر اور ہے وہ یہ ہے کہ شرح صدر سے مقصود یہ ہے کہ مراتب اربعہ
نفوس انسانی سے درجہ دوم میں تجھے پہونچایا ہم نے جس سے تجھ پر علوم حقہ کا ورود بکثرت
ہونے لگا لیکن باستعمال قوت فکریہ طبع نازک پر بمقتضائے بشریت گرانی تھی یہ بڑا بوجھ تھا
تجھ پر۔ چنانچہ آپ بیشتر خلوت گزیں رہتے اگر آپ کا شرح صدر نہ ہوتا تو خود بخود عزلت اختیار
نہ فرماتے۔ غار حرا میں کوئی عمل جز اس کے ثابت نہیں ہوتا جز تفکر جس کا سبب وہی
شرح صدر تھا۔ چنانچہ یہ خلوت وعزلت بعد شادی بی بی خدیجہ زیادہ ہو گئی اور وضعنا عنك
وزرك سے مقصود یہ ہے کہ مرتبہ عقل بالملکہ کا تجھے دیا ہم نے کہ جملہ علوم تجھ پر بسہولت فائض

Marfat.com

ہونے لگے اُس کے قبل جو دقت تھی رفع ہوئی ورفعنالک ذکرک سے مقصود یہ ہے کہ
عقل مطلق کا درجہ تجھے عطا کیا ہم نے یعنی جملہ علوم تیری آنکھوں کے سامنے ہوگئے۔ ایسی صورت
میں نفس ناطقہ شبیہ ملک ہوجاتی ہے اور ذکر اُس کا ملائکہ میں ہوتا ہے۔ یہ مرتبہ آپ کو معراج میں
حاصل ہوا۔ یہاں تک آپ کے کمالات کا بیان تھا۔ اُس کے بعد کہتا ہے کہ جب تو اپنے تکملہ سے
فارغ ہوا تو محنت کر تکمیل امت میں وعظ سے جہاد سے۔ جب جیسا موقع ہو۔ فقط۔ تو روایات
شق صدر محمول ہوں گی اسی شرح صدر پر وہ سب بیانات تمثالی ہیں فافہم ؎

ما مضیٰ فترۃ من الرسل الا بشرت قومها بك الانبیا

قریب زمانہ ولادت اکثر منجمین آپ کی پیدائش کی خبر دیتے تھے چونکہ آپ کے سبب سے
اکثر سلطنتوں کا زوال تھا اور ادیان کی بھی بربادی معلوم ہوتی تھی اس لئے اکثر اہل ملل
خصوصاً یہود و نصاریٰ جو اپنی شریعت کو ابدی سمجھتے تھے اور آیات مذکورہ کے معنی اور
طور پر خیال کرتے تھے آپ سے عداوت رکھتے تھے اور آپ کی ہلاکت کی فکر میں رہتے تھے
اُس وقت یہود و نصاریٰ میں نجوم کا رواج بہت تھا علماء یہود و نصاریٰ جو آپ سے عداوت
رکھتے تھے جن کا ذکر موالید میں ہے اسی قسم کے تھے اور جو صحف انبیاء کے ذریعہ سے آپ کی
بعثت کے منتظر تھے ہرگز آپ سے عداوت نہیں رکھتے تھے۔ بحیرا راہب جو شہر بصرے میں
رہتا تھا جس نے آنحضرتؐ کو بارہ[۱۲] برس کے سن میں ابوطالب کے ساتھ جب وہ وہاں بطور
تجارت گئے تھے دیکھ کے پہچانا اور ابوطالب سے کہا کہ اس کو یہود و نصاریٰ سے محفوظ
رکھو۔ وہ اس کے دشمن ہیں۔ مرد فہمیدہ و دیندار تھا۔ **شعر**

یارب صل وسلم دائما ابدا علی نبیك خیر الخلق کلهم

حال ولادت

سنہ ۵۰۶۱ ہبوطی مطابق سنہ ۱۳۳۰ بخت نصری موافق سنہ ۸۹۳ رومی مطابق سنہ ۵۸۱ مسیحی

Marfat.com

جس سال میں قصہ اصحابِ فیل واقع ہوا تھا بارہویں ربیع الاوّل روز دوشنبہ کو بوقت صبح صادق جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے۔ اُس وقت تمام روحانیات جن کی پرستش ہوتی تھی اور وہ خوشنود و مسرور ہوتے تھے افسردہ و پژمردہ ہوئے جیسا کہ دانیال علیہ السلام نے خبر دی ہے۔ نشان اُس کا یہ تھا کہ فارس کی آگ جو مدت ہزار سال سے روشن تھی بجھ گئی اور تمام اصنام مکہ اوندھے گر پڑے اور قصر نوشیرواں کے چودہ کنگرے گر گئے جس سے تمام ملک فارس میں ایک زلزلہ تھا اور تمام اکابر پریشان و لرزاں تھے چونکہ آپ ماحی اصنام پرستی تھے اور تھا قمر اس کا حامی۔ اس لئے قادر ذوالجلال نے آپ کو دوشنبہ کے دن جو قمر کا ہے خصوصاً صبح صادق کہ وہ گھنٹا بھی اُسی کا شمار ہوتا ہے پیدا کر کے اپنی عظمت و جبروت ظاہر کیا اور قمر آپ کے اشارہ سے شق بھی ہو گیا تاکہ عظمت قمر کی جو لوگوں کے دلوں میں متمکن ہے دور ہو کیونکہ مکہ اور اُس کے حوالی میں قمر پرستی بہت تھی اور چونکہ آپ کی پیدائش سے اجنہ و شیاطین بکمال اضطراب اطراف و جوانب مکہ معظمہ میں منتشر تھے اس لئے اُس رات کو شہب بکثرت فضائے آسمان سے قریب قریب زمین کے چھوٹتے تھے رجوماً للشیاطین

ولد الحبیب ومثلہ لا یولد — ولد الحبیب وخدہ یتورد
قالت ملائکۃ السماء باسرھم — ولد الحبیب ومثلہ لا یولد
صلوا علیہ بکورۃ وعشیۃ — الف الصلوٰۃ مع السلام وزیدٗ

نسب آپ کا یہ ہے: محمد بن عبداللہ۔ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔ یہاں تک اتفاق ہے اور قیدار سے تا آدم علیہ السلام درج تورات ہے اُس میں کچھ شبہ نہیں البتہ قیدار و عدنان کے بیچ میں تین خواہ چار پشت ہیں۔ اُن میں اختلاف ہے پشت نامہ مندرجہ تورات یہ ہے: قیدار بن اسمٰعیل بن ابراہیم بن ناحور بن سرح بن ناحور بن سروغ بن رعو بن قلع بن عیبر بن شیلح

Marfat.com

بن ارفخشد بن سام بن نوح بن لمخ بن متوشلخ بن حنوخ یعنی ادریس بن یرد بن مہلل ایل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام ابوالبشر۔ واضح ہو کہ سفر ہیا شاریں جو یہود کی معتبر تاریخ ہے قیدار کے چار بیٹے لکھے ہیں علیون و قاسم و حماد و علی۔ تو عدنان انہیں چار میں کسی کی اولاد میں ہوں گے۔

ارباب سیر کا اتفاق ہے کہ قصہ اصحاب فیل آنحضرت کی پیدائش سے چالیس دن یا پچپن دن پہلے واقع ہوا۔ آپ ہی کی برکت سے اہل مکہ اُس فتنہ سے محفوظ رہے۔ حضرت دانیال نے جو خبر دی تھی کہ بہتوں کو قتل و برباد کرے گا یہ اُس کا ضمیمہ تھا کہ اصحاب فیل اولاً تباہ و برباد ہوئے۔ قصہ اصحاب فیل یہ ہے کہ ابرہہ بادشاہ حبشہ اصحمہ نجاشی کی طرف سے یمن کا عامل و گورنر تھا۔ اُس نے ایک گرجا بنایا اس غرض سے کہ وہاں حج ہوا کرے اور حج مکہ معظمہ موقوف ہو جائے۔ مقصود اُس سے انتفاع تھا جیسا اس زمانہ میں بھی اس گروہ سے ایسا مشاہدہ ہے۔ ٹیکس کا طریقہ اس قوم میں ہمیشہ تھا اب حصول زر کی فکر انواع اقسام سے کرتے ہیں۔ جب وہ گرجا تیار ہوا تو قبیلہ کنانہ سے ایک شخص وہاں گیا اور اُس میں رات بھر رہا اور پاخانہ پھر کر بھاگ گیا اس سے ابرہہ کو بہت غضب ہوا اور مکہ پر فوج لے گیا کہ مسجد کعبہ کو گرا دے۔ ابرہہ کے فیل کا نام محمود تھا اور ایک ہتھنی بھی تھی۔ جب یہ انبوہ کثیر مکہ پہونچا تو وہاں کے لوگ مضطرب ہوئے۔ عبدالمطلب آپ کے جد امجد مع چند ہمراہیوں کے جبل ثبیر پر چڑھ کے معائنہ لشکر کا کرنے لگے۔ اُس وقت ایک نور ہلالی آپ کی آنکھوں کے سامنے منود ہوا اُس سے آپ نے تباہی لشکر ابرہہ کا تفاؤل کر کے لوگوں سے کہا کہ مطمئن رہو کہ یہ سب تباہ ہونگے۔ لشکریان ابرہہ کچھ اونٹ عبدالمطلب کے پکڑ لے گئے تھے۔ اُن کے چھوڑانے کے لئے وہ ابرہہ پاس گئے اُس نے اُن کی بڑی خاطر کی اور اپنے متصل بٹھلایا اور اُن سے کہا کہ تمہاری سفارش سے میں انہدام کعبہ سے باز آسکتا ہوں۔ اُنھوں نے فرمایا کہ اُس گھر کا مالک آپ بچالے گا۔ سبحان اللہ آپ کا ایمان کیسا راسخ تھا کہ ایسے تنگ وقت میں کچھ اضطراب نہ ہوا۔ پھر ابرہہ نے اونٹ چھوڑوا دیئے

Marfat.com

اور آپ واپس آئے۔ اب حال لشکریان ابرہہ کا سُنیئے۔ اس قدر تو منقح ہی کہ کسی آفت سماوی سے وہ سب لشکر ہلاک ہوگیا اور خانہ کعبہ محفوظ رہا مشہور یہ ہی کہ چڑیوں کا غول اُن پر آیا ہر چڑیا تین کنکر لئے تھی۔ ایک منقار میں اور دو چنگلوں میں اُن کنکروں کو لشکریان ابرہہ پر گرادیا کنکریاں جس پر پڑتی تھیں چھید ڈالتی تھیں۔ اس طرح سب لشکر برباد و تباہ ہوگیا۔ بیضاوی میں اس کے ساتھ یہ بھی لکھا ہی کہ لشکریان ابرہہ نے بعد پہونچنے مکہ کے خانہ کعبہ کے گرانے سے انکار کیا اور ہاتھی کو جو ریلا تو وہ کعبہ کی طرف نہیں جاتا تھا۔ جب یمن کی طرف یا اور کسی طرف ہانکتے تھے تو چلتا تھا۔ اسی عرصہ میں چڑیوں کا غول آیا۔ انتہیٰ۔ یہ بیان صحیح نہیں معلوم ہوتا کیونکہ جب لشکریوں نے مسجد گرانے سے انکار کیا اور فیل نے بھی اُدھر رُخ نہ کیا تو وہ بے قصور تھے اُن پر غضب نازل ہونا بلا وجہ تھا۔ طبع انصاف پسند اس کو قبول نہیں کرتی یہ لوگ طیور و کنکریوں پر استدلال سورہ ۱۱۰ ترکیف سے لاتے ہیں جیسا کہ اُس کی ظاہر عبارت سے سمجھا جاتا ہی ہر چند کہ چڑیوں کا آنا اور کنکر مار کے لشکر کو تباہ کرنا محالات سے نہیں ہی اگر ایسا ہوا ہو تو ہوا ہو لیکن قیاس صحیح یہ ہی کہ لشکر ابرہہ ایک میدان میں مقیم تھا دفعتہً ابر تیرہ و تار محیط ہوگیا اس طرح کہ اُن کو کچھ نظر نہ آتا تھا۔ پھر اوپر سے اولے بکثرت گرے جس سے وہ تمام لشکر ہلاک ہوگیا۔ یہ واقعہ قصہ حضرت لوط کے مشابہ ہی کہ جب خدائے ذوالجلال کو تباہی سدوم و عمورا قریات لوط کی منظور ہوئی تو اُس پر اولے و صاعقہ گرا کے اُسے برباد کردیا۔ عبارت تورات یہ ہی: וַיהוָה הִמְטִיר עַל־סְדֹם וְעַל־עֲמֹרָה גָּפְרִית וָאֵשׁ מֵאֵת יְהוָה מִן־הַשָּׁמָיִם׃

ویہوا همطیر عل سدوم وعل عمورا گفریث وایش (ترجمہ) خدا نے برسایا سدوم اور عمورا پر گندھک اور آتش) چونکہ صاعقہ میں اجزاے کبریتی ہوتے ہیں اس لئے اُسے گندھک آگ سے تعبیر کیا۔ یہاں صاعقہ گرنے کا بیان ہی اولے کا بیان نہیں لیکن قرآن میں اولے کا بیان ہی سورۂ ھود میں نازل ہی۔ وامطرنا علیها حجارۃ من سجّیل منضود

Marfat.com

(ترجمہ) برسایا ہم نے اُس پر پتھرا برنجمد سے (یعنی بدلی جو تہ بہ تہ بہت غلیظ تھی اُس سے پتھر قرآت لوط پر برسایا یہاں ذکر پتھر کا ہی) اب ہم کو لفظ سجیل میں بحث کرنا ضرور ہی جس کا ترجمہ ہم نے ابر سے کیا ہی۔ واضح ہو کہ لفظ سجیل کے معنی صراح میں سنگ گل لکھا ہی یعنی کنکر۔ بیضاوی میں بھی اُس کے معنی طین متحجر مرقوم ہی کہ وہی کنکر ہی قاموس میں اُسی کو حجارۃ کالمدرۃ سے تعبیر کیا ہے جس کا حاصل وہی ہی۔ ماخذ ان سب کا قول ابن عباس ہی جو صحیح بخاری میں منقول ہی قال ابن عباس من سجیل ھی سنگ گل یہ قول مشتبہ ہی کیونکہ فارسی دانی حضرت ابن عباس کی ثابت نہیں اس پر دلیل قوی یہ لاتے ہیں کہ ۲۷ پارہ کے اوّل میں یہ قصہ یوں مذکور ہے لنرسل علیہم حجارۃ من طین (ترجمہ) تاکہ چھوڑیں ہم اُن پر روڑے مٹی سے (طین متحجر) لیکن قباحت اُس میں یہ ہی کہ ایسی صورت میں لازم ہو کہ سجیل کے معنی طین ہوں کیونکہ ایک مقام پر حجارۃ من سجیل کہا اور یہاں حجارۃ من طین حالانکہ سجیل کو طین متحجر بتاتے ہیں معلوم ہوتا ہی کہ چونکہ اُن اولوں میں اجزاے ارضی بھی تھے اس وجہ سے اُسے یہاں حجارۃ من طین سے بیان کیا۔ ورنہ حجارہ تو طین سے ہوتا ہی ہی اس قید کی ضرورت نہ تھی۔ علاوہ بریں ایسی صورت میں سجیل عربی لفظ نہوگی۔ ایسے الفاظ قرآن میں سواے اسمار کے نادرالوجود ہیں۔ اب ہم کہتے ہیں کہ گو سجیل کے معنی کنکر ہوں لیکن یہاں مراد نہیں ہو سکتے کیونکہ حجارہ کے معنی ہیں پتھر تو حجارہ من سجیل مہمل ہو جائے گا اور اگر من کو بیانیہ کہیں تو بھی رکاکت سے خالی نہیں۔ واضح ہو کہ سجیل کا مادّہ سجل ہی جس کے معنی ہیں پانی بہانا۔ بولتے ہیں سجل الماء فانسجل یعنی صبّ الماء فانصب اسی سے سجول نکلا ہی کہتے ہیں عین سجول چشمہ ریزاں۔ اُسی سے اسجال نکلا ہی بمعنی پر کرنا کہتے ہیں اسجل الحوض اسی سے مشتق ہی سجل بمعنی دلو عظیم یعنی موٹ۔ اسی سے سجلار نکلا ہی بمعنی دراز پستان۔ کہتے ہیں ناقۃ سجلاء۔ پس سجیل صیغہ مبالغہ ہی صفت سحاب یا بالخصوص سحاب کے لئے یہ لفظ مشتق ہوئے جیسے سجین دفتر کے لئے۔ اسی واسطے خدا نے خود اس کی تفسیر کتاب مرقوم سے

Marfat.com

کردی تو سجیل سے مقصود ابر ہے اُس پر قرنیہ امطرنا ہی اور منضود دوسرا قرنیہ ہی کیونکہ کنکر منضود نہیں ہوتا۔ الغرض جس طرح خدا نے قوم لوط کو برباد کیا اُسی طرح بہ برکت نور محمدی لشکر ابرہہ کو پامال کیا۔ اس قصہ کو حکیم مطلق مدبر برحق نے سورۂ الم تر کیف میں بیان کیا ہی جس کی تفسیر اس مقام پر ضرور ہی۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ (ترجمہ) کیا تو نہیں جانتا جو تیرے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا۔ کیا اُن کی شورش کو نہیں مٹایا۔ قطار قطار چڑھے اُن پر بھیجے کہ جنھوں نے اُن کو اولوں سے پتھراو کرکے پیمال سا کر دیا۔ طیر جمع ہی طائر کی ابابیل جمع ہی جس کا واحد نہیں ہے سجیل کے معنی میں بحث ہو چکا ہی چڑیوں کی قطار سے مراد ملائکہ ہیں۔ واضح ہو کہ ارباب اشراق کے نزدیک ہر چیز کے ساتھ ایک ملک ہوتا ہی۔ اس لئے ابر کے ساتھ بھی ملک رہتا ہی۔ پس جہاں خدا کا حکم ہوتا ہی وہاں مینھ برساتے ہیں اولا گراتے ہیں صاعقہ نازل کرتے ہیں رعد کڑکاتے ہیں یسبح الرعد کو لحاظ کرو تسبیح بلا شعور نہیں ہوسکتی۔ یہاں ایک تقریر اور ہی کہ طیر یہاں چڑیا کے معنی میں نہیں ہی۔ بیان اُس کا یہ ہی کہ کہ مصدر کبھی بمعنی اسم فاعل مقصود ہوتا ہی اور وہ مذکر و مونث اور واحد و جمع میں یکساں مستعمل ہوتا ہی۔ رضی نے اس کی تصریح کردی ہی پس یہاں طیر مثل طیران مصدر ہی بمعنی اسم فاعل مطلوب اُس سے جمع ہی تو معنی آیت یہ ہوں گے کہ بھیجا اُن پر قطار قطار اُڑنے والے ایسی صورت میں اختیار ہی کہ اُسے ملائکہ ارادہ کریں یا سحاب۔ اب سجیل کے جو کچھ معنی ہوں حصول مطلب میں مخل نہیں۔ پس خلاصہ یہ ہی کہ لشکر ابرہہ اولوں سے پامال ہوا اور جب اولے زراعت پر گرتے ہیں تو وہ مثل عصف ماکول کے ہوجاتی ہی۔ اس واقعہ کے مشابہ جو غزوۂ خندق میں واقع ہوا کفار کو بھگانے کے لئے اللہ جل جلالہ نے سردی و ہوائے تند کو اُن پر مامور کیا جس سے خیموں کی رسیاں ٹوٹ گئیں میخیں اوکھڑ گئیں، گھوڑوں نے چھوٹ کر دند مچایا۔ بالآخر کفار ٹھہر نہ سکے خائب و خاسر پھر گئے اِس کا بیان قرآن میں بھی ہی يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

Marfat.com

عَلَيْكُمْ اِذْ جَاءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا (ترجمہ)

اے مومنو یاد رکھو خدا کا احسان جب آئیں تم پر فوجیں تو بھیجا ہم نے اُن پر ہوا اور ایسے لشکر جو تم نے نہیں دیکھے۔ اس آیت میں ملائکہ اور ہوا کی تعیناتی مذکور ہے۔ دو مہینے آپ کے حمل سے گزرے تھے کہ عبداللہ آپ کے والد کا مدینہ میں انتقال ہو گیا اُس وقت عمر شریف اُٹھارہ ۱۸ سال تھی دار النابعہ میں مدفون ہوئے۔ حضرت داؤد نے ۱۹ زبور میں آپ کو بہ لفظ یتیم بیان کیا ہے اُسے ہم یہاں ذکر کرتے ہیں

השמים מספרים כבוד-אל ומע
שה ידיו מגיד הרקיע: יום ליום
יביע אמר ולילה ללילה יחוה-
דעת: אין אמר ואין דברים בלי נ
שמע קולם: בכל הארץ יצא ק
ום ובקצה תבל מליהם לשמש ש
ם אהל בהם: והוא כחתן יצא מ
חפתו ישיש כגבור לרוץ ארח:
מקצה השמים מוצאו ותקופתו
על קצותם ואין נסתר מחמתו:
תורת יהוה תמימה משיבת נפ
ש עדות יהוה נאמנה מחכימת
פתי: פקודי יהוה ישרים משמ
חי לב מצות יהוה ברה — מאירת עי
נים: יראת יהוה טהורה עומ
דת לעד משפטי יהוה אמת צד

Marfat.com

דְקוּ יַחְדָּו׃ הַנֶּחֱמָדִים מִזָּהָב וּ
מִפַּז רָב וּמְתוּקִים מִדְּבַשׁ וְנֹפֶת
צוּפִים׃
גַּם עַבְדְּךָ נִזְהָר בָּהֶם בְּשָׁמְרָם
עֵקֶב רָב׃
שְׁגִיאוֹת מִי יָבִין מִנִּסְתָּרוֹת נַ
קֵּנִי׃
גַּם מִזֵּדִים חֲשֹׂךְ עַבְדֶּךָ אַל
יִמְשְׁלוּ בִי אָז אֵיתָם וְנִקֵּיתִי׃

ہشا ماہم مسرہم کبودایل دمعسہ مادا و مگبدہا را قبع یوم لیوم مبع او مردلا یلا للایلا
ہحوہ دعت ؛ ان او مردا بن دبا ہم بلی شماع قولام ؛ ہحل ہا آرص یا صاقوام
ولعصہ مل ملہم لشمس سام اول ماہم ؛ وہو کی تان یوصی محیا تو یا ییس کغبور لا
روص اورح ؛ مقصہ مسا ماہم موصا سو ولقوفا تو عل فصونام وان لسا منجماتو ؛
تورت موا تیما مشیبت نافس عبدوت موا نا بما نا محلمت مبی ؛ یقودی موا بشارم
مسمحی لیب مصوب موا ماما یرث عبنا ہم یراث یبوا طہورا عومیدت لاعد مشبطی ہوا
امت صاو قوسحداو ؛ ہنجما دیم مزاہاب ومپا رراب ومتوقم مدبش ونوبف صوفیم ؛
کم عبدخانز ہر باہم لشمرام عیقب راب ؛ شغیوت می ماین منسار وث نقیبی ؛

Marfat.com

گم مزید یم حاشیم عبد حال متلوبی آزایشام ونقبتی **لغات**

مسپریم یہ صیغہ اسم فاعل ہے باب تپعیل سے جو بمنزلہ عربی تفعیل کے ہے بمعنی مفسرین یعنی بیان کرنے والے مادہ اس کا سفر قلب فسر اصل معنی اس کے ہیں کندہ کرنا اور مجازاً لکھنا۔ اس لئے سوفیر کاتب کو کہتے ہیں خصوصاً کاتب سلطانی جو صاحب دفتر سلطانی ہو۔ دوسرے معنی ہیں شمار کرنا۔ جب یہ اس باب میں جاتا ہے تو اُس کے معنی تفسیر دکھد بنا بھی ہوتے ہیں اور یہ کثیرالاستعمال ہے اور کبھی بمعنی تسبیح آتا ہے کبود عظمت وجلال اور بمعنی روح بھی مستعمل ہے معسہ بمعنی کام صفت مگید صیغہ اسم فاعل باب ہفعیل یعنی افعال بمعنی اعلام واخبار راقیع۔ طبقات وبروج ایل بمعنی قوی۔ اطلاق عام اس کا خدائے ذوالجلال پر ہے۔ ہمارے پیغمبر کے اسماء سے بھی ہے جیساکہ اشعیا کی کتاب سے نقل ہوا معسہ ماداو یسنائع یعنی دستکاری (ترجمہ) [آیۃ ۲] افلاک خدا کا بیان کرتے ہیں اور اُس کے دستکاری کی خبر دیتے ہیں بروج (یعنی آسمان وبروج سے جلال وصناعی قادر مطلق تعالیٰ شانہ ظاہر ہوتی ہے جو بنظر جان اگر کواکب اور اُن کے افلاک وتدویرات اور تاثیرات وحرکات پر نظر ڈالتے ہیں تو عجائب صنعت واجب الوجود جلت کبریاءہ ظاہر ہوتی ہے اور جب اُن کے نفوس میں فکر کرتے ہیں جو مخزن صور حادثات زمانی ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ دفتر ہے ایسے سلطان کا جس کا نظیر ہی نہ ہوتا۔ وہاں تک پہونچنے سے عجائب علوم غیبی آشکار ہوتے ہیں) یس حضرت داوُد حمد باری اس عنوان سے کرتے ہیں جس کا سیاق دلالت کرتا ہے کہ کچھ آئندہ کی خبر دیں گے۔ اس آیت کی یہ معنی بھی ہیں کہ افلاک خدا کی تسبیح کرتے ہیں یعنی وہ ایسی ہستی پاک لائق حمد ہے جس کی تسبیح آسمان وبروج باوجود عظمت وشان کیا کرتے ہیں یسبح للہ ما فی السموات والارض چونکہ ایل اسماء الحسنیٰ سے ہے اس لحاظ سے ترجمہ درست ہوا اور یہ لفظ پیغمبر کے ناموں سے بھی ہے تو یہ آیت کنایۃً

Marfat.com

دلالت کرتی ہے کہ افلاک و بروج عظمت ایل یعنی خلیفہ آخر الزمان کی بیان کرتے ہیں خواہ بذریعہ اوضاع فلکی و قواعد ارباب تنجیم ہو خواہ بذریعہ نفوس منطبعہ جو وظیفہ انبیا، و ارباب اشراق ہے فافہم

لغات יוֹם یوم۔ دن لام جو دوسرے یوم پر ہے بمنزلہ عربی مِنَ و ہندی سے کے ہے اور یوم لیوم کا محاورہ روزانہ کا بھی ہے יַבִּיעַ یبیع یہ صیغہ مضارع ہے باب ہفعیل یعنی افعال سے مادہ اس کا נָבַע نبع ہے جس کے معنی ہیں فیضان جریان جوش و بیان کرنا، خبر دینا אֹמֶר اومر کلام خصوصاً وحی و معنی شئے לַיְלָה لائلا۔ لیل، رات יְחַוֶּה یحوہ مادہ اس کا חָוָה حواہی مجرد اس کا غیر مستعمل ہے باب سعیل یعنی تفعیل کثیر الاستعمال معنی اس کے بتانا سکھانا لفظ وحی اسی نکلا ہے דָּעַת دعث علم و دانش (ترجمہ آیت ۳) روزانہ خبر دیتا ہے اور ہر شب سکھاتا ہے یعنی آسمان و بروج سے ہمیشہ علوم جدیدہ حاصل ہوتے ہیں اگر آدمی کا دل اس قابل ہو اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ تغیرات یومیہ ولیلیہ سے قدرت اس قوی ذو الجلال کی ظاہر ہوتی ہے اور نیز یہ آیت کنایۃً دلالت کرتی ہے کہ وہ خلیفہ روزانہ کلام الٰہی و اخلاق حسنہ کی تعلیم کرے گا اور ہر شب دانش و علم سکھائے گا)

لغات דָּבָר دابار بمعنی شئی مثل اومر קוֹל قول بمعنی آواز و ذکر (ترجمہ آیۃ ۴) کوئی چیز ایسی نہیں جس کا ذکر نہ سنا جائے یعنی ہر چیز خدا کا ذکر کرتی ہے ان من شیئ الا یسبح بحمدہ اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ جملہ اشیا، اس رسول کی تصدیق کرتی ہیں) صحیح بخاری میں حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک دن میں بت خانے میں تھا اور مشرکین نے بت کے لئے قربانی کی بت کے پیٹ سے آئی یا جلیح امر نجیح رجل فصیح یقول لا الٰہ الا اللہ یعنی اے بھلے آدمی کام کی بات ہے جو مرد فصیح کہتا ہے لا الٰہ الا اللہ اس سے ظاہر ہے کہ جو روحانیت اس بت کے ساتھ تعلق رکھتی تھی وہی علت اس آواز کی تھی۔ صحیحین میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ ملک جبال نے آپ کو آواز دی اور سلام کیا اور اپنی اطاعت ظاہر کی اور راجنہ کی اطاعت تو خود قرآن سے ثابت ہے اِذْ صَرَفْنَا

Marfat.com

۴ سال کا پڑتا ہی۔ اس لئے قریب ۵۳۰ برس بتایا گیا یعنی بعد انقضائے ۵۳۰ سال زمانہ فترہ کے وہ پیغمبر پیدا ہوگا۔ ساخیر کے معنی ہیں مزدور اُس کے ارادہ کرنے سے کوئی معنی درست نہیں ہوتے
یہاں ایک تقریر دوسری ہی وہ یہ ہی کہ کل شانا کشی ساخیر [Hebrew] [Hebrew] سے مراد عدد ہی۔ مفردات اُس کے جو عبرانی میں لکھے جاتے ہیں یہ ہیں ش ن ہ ک ش ن ی ش ک ی ز
جس کا مجموعہ ۱۲۶۵ ہوا۔ اب مضمون آیت یہ ہوا کہ بعد بارہ سو پینسٹھ سال کے عزت و فخر قریش کامل ہوجائے گا۔ عزت و فخر قریش ہمارے پیغمبر ہیں اس لئے مقصود یہ ہوا کہ وہ پیغمبر بعد ۱۲۶۵ سال کے کامل الوجود ہوگا یعنی پیدا ہوگا' خواہ نبی کامل النبوۃ۔ اب یہاں ثبوت اس امر کا ضرور ہی کہ بعد اس قدر زمانہ کے آپ پیدا ہوئے خواہ پیغمبر کامل ہوئے۔ تواریخ کا بیان مختلف ہی لیکن جہاں تک قریب تحقیق ہی اُسے اولاً لکھتے ہیں۔ تاریخ عیسوی حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے مقرر ہوئی۔ مبدأ اس تاریخ کا یکم جنوری ہی جس وقت تحویل آفتاب کی برج جدی میں ہوئی تھی اُس وقت سے آج تک ۱۸۸۸ سال پورے ہو چکے ہیں۔ اب نواسی شروع ہی۔ یہ سال شمسی اصطلاحی ہی کیونکہ مہینے اس کے شمسی اصطلاحی ہیں۔ دوسری تاریخ رومی ہی جس کا مبدء جلوس اسکندر رومی ہی۔ واضع اس کا ارسطاطالیس ہی۔ بوقت تحویل آفتاب برج میزان میں یہ تاریخ تاریخ عیسوی سے ۳۱۲ سال پیشتر مقرر ہوئی یعنی پیدائش حضرت مسیح ۳۱۲ سنہ اسکندرانی میں ہوئی۔ الغرض ۱۲ ماہ کانون الآخر ۳۱۲ سنہ اسکندرانی کو یہ سنہ مقرر ہوا۔ تیسری تاریخ قبطی ہی یہ تاریخ بخت نصر کے جلوس سے مقرر ہوئی۔ یہ تاریخ ۴۳۶ سال پیشتر تاریخ رومی سے مقرر ہوئی یعنی ۴۳۶ سنہ قبطی روز اول جلوس اسکندر رومی ہی یہ بھی شمسی اصطلاحی ا
چوتھی تاریخ ہجری ہی یہ سنہ ہمارے پیغمبرؐ کی ہجرت سے شروع ہوا۔ یہ ۶۲۲ سنہ عیسوی سے شروع ہوا یعنی ۶۲۲ سنہ عیسوی میں آنحضرتؐ نے مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ کو بحکم ربانی ہجرت فرمائی۔
حضرت ابراہیم نے ارض کنعان میں ہجرت کی تھی جب اس قدر عہد ہوا تو کہتے ہیں کہ ۶۶۹ سنہ

Marfat.com

مطابق ۸۸۱ سنہ اسکندرانی مطابق ۱۳۱۷ سنہ قبطیہ آپ کی پیدائش ہوا اور ۶۰۹ سنہ ء مطابق ۹۲۱ سنہ من
مطابق ۱۳۵۰ سنہ ق میں آپ کو نبوت ہوئی اور ۶۲۲ سنہ ء مطابق ۹۳۴ سنہ اسکندرانی مطابق ۱۳۷۰ سنہ ق
آپ نے ہجرت فرمائی چونکہ آپ کو نبوت ۶۰۹ سنہ ء میں ہوئی اور حضرت عیسیٰ کو رفع ۳۴ سنہ میں تو
بعد نکال ڈالنے ۳۴ سال زمانہ زندگانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ۶۰۹ سے ۵۷۵ سال باقی
رہتے ہیں لیکن اگر کسور مذکرہ بخوبی جانچی جائیں تو زمانہ فترہ درمیان حضرت عیسیٰ اور ہمارے
پیغمبر کی ۵۷۴ سال باقی رہیں گے جیسا اوپر بیان ہوا۔ اور یہاں جو حضرت اشعیا نے بیان کیا
۱۲۶۵ برس بعد بالکل عزت وجلال قیدار کا مکمل ہو جائے گا۔ توضیح اس کی یہ ہے کہ ۴۵ سنہ قبطیہ
میں بار اول بیت المقدس جلایا گیا اور ستر برس بعد اُس کے یعنی ۱۱۵ سنہ ق میں دوبارہ جلایا گیا
اور ۱۳۸۰ سنہ ق میں حجۃ الوداع واقع ہوا تو حساب سے خرابی بیت المقدس بار ثانی سے جو طیطوس
کے وقت میں ہوئی تھی تا زمانہ حجۃ الوداع ۱۲۶۵ سال ہوتے ہیں اسی کو حضرت اشعیا
کہہ رہے ہیں کہ اس قدر مدت کے بعد خرابی بیت المقدس سے عزت قریش کی کامل ہو جائے گی
چنانچہ حجۃ الوداع میں جو ۱۰ سنہ ہجری میں ہوا یہ آیت نازل ہوئی بروز عرفہ اَلْیَوْمَ
اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط
اس سے ظاہر ہے کہ اس روز عزت قریش کی پوری ہو گئی۔ ایک مرتبہ آنحضرتؐ نے کنجی خانہ کعبہ
کی عثمان بن طلحہ سے اس میں داخل ہونے کی غرض سے طلب کی۔ اس نے نہیں دی آپ نے
فرمایا کہ ایک دن یہ کنجی میرے ہاتھ میں ہو گی جس کو چاہوں گا دوں گا۔ عثمان نے کہا کہ اس وقت
قریش بہت ذلیل ہو جائیں گے جو ایسی بات ہو گی۔ آپ نے فرمایا نہیں بلکہ اس دن قریش کو بڑی
عزت حاصل ہو گی۔ سو مطابق اس پیشین گوئی کے واقع ہوا کہ بعد فتح مکہ کنجی آپ نے عثمان بن طلحہ سے
مانگی انھوں نے حاضر کر دی۔ حضرت عباس نے درخواست کی کہ مفتاح مجھے عنایت ہو حضرت
علی نے بھی درخواست کی مگر خدائے تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ
اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا۔ پس آنحضرتؐ نے کنجی عثمان کو دے دی اور فرمایا

Marfat.com

لو یہ ہمیشہ کے لئے رہے گا تم سے کوئی مگر ظالم۔ مطابق اس کے کنجی خانہ کعبہ کی خاندان عثمان بن طلحہ میں اب تک چلی آتی ہے۔ عثمان کی اولاد نہ تھی کنجی انھوں نے اپنے بھائی شیبہ کو بوقت وفات دی۔ شیبہ کی اولاد میں وہ کنجی ہے۔ لہذا صاحب مفتاح شیبی کہلاتا ہے۔ وقت سپرد کرنے مفتاح کے آنحضرت نے اپنا کلام عثمان کو یاد دلا دیا تھا ؎

یارب صل وسلم دائماً ابداً ✧ علی نبیک خیر الخلق کلھم

اس کے بعد حضرت اشعیا فرماتے ہیں کہ باقی ماندہ یعنی یہودانِ بت پرست جو قتل و نہب سے بچ گئے ہیں وہ بہادرانِ قریش کی کمانوں سے کم ہو جائیں گے۔ چنانچہ یہ سب واقع ہوا خدا!

שאר شارِ کی معنی ہم نے باقی ماندہ بت پرست کے لکھا ہے۔ اس کے موافق صفنیا کے باب اول میں مذکور ہے اسے ہم لکھ دیتے ہیں۔ אסף אסף כל
מעל פני האדמה נאם־יהוה:
אסף אדם ובהמה אסף עוף־
השמים ודגי הים והמכשלו
ת את הרשעים והכרתי את הא
דם מעל פני האדמה נאם יה
וה ונטיתי ידי על־יהודה ועל־
יושבי ירושלים והכרתי מן־
המקום הזה את שאר הבעל
את שם הכמרים עם־הכהנים:
ואת־המשתוים על־הגגות
לצבא השמים ואת המשתח
וים הנשבעים ליהוה והנש

Marfat.com

בְּעִים בְּמַלְכָּם: וְהַנִּשְׁבָּ
עִים בְּמַלְכָּם: וְאֶת הַנְּסוֹגִים מֵ
אַחֲרֵי יְהוָה וַאֲשֶׁר לֹא-בִקְשׁוּ
אֶת-יְהוָה וְלֹא דְרָשֻׁהוּ: הַס מִפְּ
נֵי אֲדֹנָי יְהוָה כִּי קָרוֹב יוֹם
יְהוָה כִּין זֶבַח הִקְדִּישׁ קְרֻאָיו:
בְּיוֹם זֶבַח יְהוָה וּפָקַדְתִּי עַ
ל-הַשָּׂרִים וְעַל-בְּנֵי הַמֶּלֶךְ וְעַ
ל-כָּל-הַלֹּבְשִׁים מַלְבּוּשׁ נָכְרִי:
וּפָקַדְתִּי עַל כָּל-הַדּוֹלֵג עַל-הַמִּפְ
תָּן בַּיּוֹם הַהוּא הַמְמַלְאִים בֵּית
אֲדֹנֵיהֶם חָמָס וּמִרְמָה: וְהָיָה
בַיּוֹם הַהוּא נְאֻם יְהוָה קוֹל
צְעָקָה מִשַּׁעַר הַדָּגִים וִילָלָה מִן
הַמִּשְׁנֶה וְשֶׁבֶר גָּדוֹל מֵהַגְּבָעוֹת:
הֵילִילוּ יֹשְׁבֵי הַמַּכְתֵּשׁ כִּי נִדְמָה כָּ
ל-עַם כְּנַעַן נִכְרְתוּ כָּל-נְטִילֵי כָ
סֶף: וְהָיָה בָּעֵת הַהִיא אֲחַפֵּשׂ
אֶת-יְרוּשָׁלַיִם בַּנֵּרוֹת וּפָקַדְתִּי
עַל-הָאֲנָשִׁים הַקֹּפְאִים עַל-
שִׁמְרֵיהֶם הָאֹמְרִים בִּלְבָבָם לֹא

Marfat.com

ייטיב יהוה ולא ירע: והיה
חילם למשסה ובתיהם לשמ
מה ובנו בתים ולא ישבו ונ
טעו כרמים ולא ישתו את יי
נם: קרוב יום יהוה הגדול ק
רוב ומהר מאד קול יום יהוה מר צר
ח שם גבור: יום עברה היום
ההוא יום צרה ומצוקה יום
שאה ומשואה יום חשך ואפ
לה יום ענן וערפל: יום
שופר ותרועה על הערים הב
צרות ועל הפנות הגבהו
ת: והצרתי לאדם והלכו כע
ורים כי ליהוה חטאו ושפך דמם
והלכו כעורים כי ליהוה חטאו
ושפך דמם כעפר ולחמם כ
גללים: גם כספם גם זהבם ל
א יוכל להצילם ביום עברת י
הוה ובאש קנאתו תאכל כל
הארץ כי כלה אך נבהלה יעשה
את כל ישבי הארץ:

Marfat.com

آسوف آسیف کول معل مینی ہا ادا امر نام ہوا۔ آسیف آدام ؤ ہیما آسیف
عوف ھشام ماہم وذ دعی ھیام و ھمخنیلوث اث ہا رشا ایم و انحز ہتی اث ہا آدام
معل میتی ہا اد امہ نام ہوا + ونا طیشی یا دی عل ہو دا دعل کل یو شبی پرو
شالایم دھحز ہنتی من ھما قوم ھزہ اث ثنز ہ ضبعل اث ثیم ھکرامیم عم ھکو
ھنیم و اث ھمشتحویم عل ھگتیث بصبا ھشا ماہم و اث ھمشتحویم ھتشا علیم لیہوا
و ھقشا ایم مباکام و اث ھقسو غیم مباحری ہوا دا ثنز لو ہقشوا ث ہوا دلو دراشو
ھو ھس مینی اد نا ہی ہوا کی قارو ب یوم ہوا کی ھیجنین رح ھقدیش قرونا ر دہایا
بیوم ربح ہو و نا قدے عل ھتا ایم و عل ہنی ھملیح و عل کل ھلو بشیم ملبوس
نحری + و فا قدتی عل کل ھدو لیغ عل ھمقفا ان بیوم ھہو ھملیم بیث ادنیہم
حاماس ومرما و ہا ما بیوم ھھو نام ہوا قول صعا قار مشعرو ھقدا ایم و یلالا من ھمشنہ
و شبر کادول مہگبا عوث ھیلیلو یوشبی ھجنبش کی ہدما کل عم کنا عن نحز تو کل
نطیلی کاسف دہا یا باعیث ھی احیس اث پروشا لایم بیزوث و فا قدتی عل ہا
انا ایم ھقو قنیم عل ہم ہم نا ادہ ہیم بلبا بام لو بیطیب ہوا و لو یا رتع د کا یا حیلام
المقشا و باتیم لشما ما و با نو با تیم و لو بیشبو و نا طعو کرا ایم د لو یشتو یبنام قارو ب
یوم ہوا ھگا دول قارو ب و مہیر مبو د قول یوم ما رصو رح شام گیتو ر یوم عیرا
ھیوم ھھو یوم صارا و مصو قا یوم تنو نا و مشو نا یوم حو شنخ و ازیلا یوم عانان و
عزا زیل یوم شوفار و تزو عا عل ھعا ایم ھبصورو ث و عل ھینوث ھگبو ھوث

Marfat.com

وَھصیروتی لاآدام وِہالخو کعوریم کی لیہوا حاطاؤ وِشپّخ دَامام کعافار ولحومام
کگلّالیم گم کسپام گم زہاب لو یوخل لھصیلام بیوم عبرت یہوا وبایش قِنااتو تآ
خِل کل ہاآرص کی خالا اخ نبہالا یعسہ ات کل یوشبی ہاآرص -

لغات אָסֹף אָסֵף آسوف آسیف مادہ اس کا אסף
אסף آسَف ہے اس کے چند معنی ہیں اول ڈھیر لگانا و اکٹھا کرنا دوسرے کھینچ لینا
ملا دینا سمری مٹا دینا، برباد کرنا مارڈالنا הַמַּכְשֵׁלוֹת مخشلابت صنم
וְהִכְרַתִּי ہکرتّی - مٹائینگے ہم וְנָטִיתִי ناطیتی بڑھائیگے ہم
שְׁאָר شار بمعنی بقیہ باقی הַבַּעַל بَعَل - بت כְּרָמִים
کَرامیم مفرد اس کا כֶּרֶם کَرِم ہے - اس کے معنی ہیں انگور کی
ٹٹّی اور مطلق باغ اور آباد شہر اور بمعنی تصویر بھی آیا ہے הַנְּסוֹגִים نِسوغ پھر جانے والا
הַס ہَس اس کا مادہ חָסָה حاسا ہے جس کے معنی ہیں چپ رہنا سکوت
اختیار کرنا הַדּוֹלֵג دَولیغ اس کا مادہ דָּלַג دَلَغ ہے جس کے
معنی ہیں کودنا، اچھلنا נְטִילֵי نطیل - ادوا - حمال כֶסֶף
کیسف - چاندی - نقرہ نطیلی - کاسف کنایہ از دولت مند אֲחַפֵּשׂ
اَحَپّیش مادہ اس کا חָפַשׂ حافس ہے جس کے معنی ہیں تلاش کرنا - قوفیم
הַקֹּפְאִים مادہ اس کا קָפָא قافا ہے جس کے معنی سکڑنا جم جانا
שִׁמְרֵיהֶם شمر خیال - عِبرا עֶבְרָה غضب צָרָה
بمعنی تنگی מְצוּקָה مصوقا معنی تباہی و بربادی - شوآموت
שׁוֹאָה عام فنا - (ترجمہ) فرمانِ خدا ہے کہ فنا کردیں گے ہم سب کو
روئے زمین سے فنا کریں گے آدمی کو، بہائم کو اور فنا کریں گے طیورِ سما اور ماہیانِ دریا کو

Marfat.com

اور شیاطین کو تب منقطع کریں گے آدمی کو روئے زمین سے۔ یہ حکم خدا کا ہی پھیلائیں گے اپنا ہاتھ یہودا پر اور سکان یروشلیم پر اور مٹائیں گے اس مقام سے باقی ماندہ بت کو اور اصنام کو مع اُن کے کاہنوں کے محو کریں گے بالاخانوں میں ساجدانِ کواکب کو اور اُن سجدہ کرنے والوں کو جو خدا کی جگہ اپنے بادشاہ کی قسم کھاتے ہیں اور مرتدوں کو جنھوں نے خدا کی تلاش نہ کی اور نہ اُس کو پوچھا۔ چپ رہو اپنے مالک خدا کے سامنے کہ خدا کا دن اب قریب ہے خدا نے قربانی تیار کر لی اور اُس کی قربت کو مقدس کیا۔ خدا کی قربانی کے دن تلاش کریں گے ہم سرداروں کو شاہزادوں کو اور مبتدع اور اُس دن تلاش کریں گے ہم اُس ملازم کو جنھوں نے اپنے مالک کے گھر کو ظلم و فریب سے بھر دیا۔ خدا کا حکم ہے کہ اُس دن بڑا شور ہوگا باب الحیتان سے اور صبح مثنٰی سے شکست عظیم جبال سے چلائیں گے۔ سکان مختیش جب کہ برباد ہوں گے۔ کل قوم کنعان مٹ جائے گی، کل دولتمند اور اُس وقت ڈھونڈیں گے ہم اور شلیم کو چراغوں سے اور سمجھیں گے اُن لوگوں کو جو اپنے خیال میں جمے ہیں اور کہتے ہیں کہ خدا نہ نیک کرتا نہ بد تو ہوگی اُن کے غول شکار اور اُن کے گھر ویران، مکان بنائیں گے مگر رہنا نصیب نہ ہوگا۔ انگور لگائیں گے لیکن اُس کی شراب نہ پئیں گے خدا کا بڑا دن قریب ہے۔ بہت جلد ہوگا۔ خدا کے دن ایک ڈپٹ ہوگی جہاں بہادر ڈپٹے گا۔ وہ دن غضب کا ہوگا۔ دن سختی و تنگی کا دن، شور و غوغا کا دن، ظلمت و تاریکی کا دن، بدلی و گھٹا کا دن، بوق و قرنا کا۔ اونچے پہاڑوں پر اور بلند گنبدوں پر۔ تب آدمی کو سختی میں ڈالیں گے ہم۔ اندھوں کی طرح چلیں گے جن لوگوں نے خطا کی ہے اور اُن کا خون خاک پر بہایا جائے گا اور اُن کا گوشت غلیظ کی طرح۔ اُن کا سونا چاندی اُن کو بچا نہ سکے گا خدا کے غضب سے۔ اُس کے غضب کی آگ سے تمام روئے زمین جل جائے گی۔ جب تمام سکانِ ارض کو مٹاؤں گا۔

لغات۔ باب الحیتان بیت المقدس میں ایک دروازہ کا نام ہے وعلی ہذا القیاس۔ مشنہ جس کو ہم نے مثنٰی سے ترجمہ کیا ہے مختیش ایک مقام کا نام ہے قریب بیت المقدس کے۔ اس

Marfat.com

الیك نفرا من الجن **لغات** קַו قاو = رسا شریعت قوت نغمہ קְצֵה
قصہ = نہایت کنارہ תֵּבֵל تیبل = کرۂ ارض (ترجمہ آیت ۵) تمام دنیا میں
پھیلا ہے اُن کا نغرا ور انتہاے کرۂ ارض تک اُن کا کلام آنھیں بروج وسما میں سورج کا مقام معین الشمس
والقمر والنجوم مسخرات بامرہ) اس آیت کے معنی بھی مثل آیت گزشتہ کے ہیں کہ
اُس کی تصدیق رسالت تمام دنیا میں پھیل جائے گی اور شمس باوجود عظمت جسمانی وروحانی اپنا
مندر انھیں اشیا میں قائم کرے گا یعنی وہ بھی مطیع رسالت ہوگا۔ چنانچہ اطاعت اُس کی
معجزہ رد الشمس سے ظاہر ہے۔ یہاں تک حمد باری تعالیٰ ہے اور کنایۃً خبر ہے پیغمبر آخر الزماں کی۔
اب ۶ آیت سے خبر ہے (ترجمہ آیت ۶) اور وہ دولہ کی طرح نکلے گا اپنی خلوت سے مسرور ہوگا
مثل جوان کے قطع مسافت) کبود بمعنی جوان ہے اور نام ہے ہمارے پیغمبر کا جیسا کہ اشعیا کی کتاب سے
نقل ہوا اور کاف جو اُس کے اول میں ہے زائد ہے۔ اس آیت میں واقعہ ہجرت کی خبر ہے۔
(ترجمہ آیت ۷) انتہاے آسمان سے اُس کا خروج ہے اور انتہاے سما پر اُس کا موقف ہوگا اور کوئی
چیز اُس کی شعاع سے مخفی نہ رہے گی) یہ قصہ معراج کی خبر ہے چونکہ فرضیت صلوٰۃ شب معراج سے ہے
کہ اُسی کو آغاز شریعت سمجھنا چاہیے اس لئے اس کے بعد ذکر شریعت ہے (ترجمہ آیت ۸)
خدا کی شریعت کامل ہے تسکین دہ دل خدا کا قانون محکم ہے حکمت بخش اُمّی (ترجمہ آیت ۹) پیغمبران خدا
راستباز ہیں مسرت دہ قلوب احکام الٰہی پاک ہیں منور عیون۔ پیغمبران سے مقصود عام ہے انبیا ہوں
خواہ ملائکہ۔ **لغات** יִרְאַת یرآ اصل معنی اس کے خشیت و ڈر ہیں اور
کبھی مقصود اُس سے مشیت ہوتی ہے (ترجمہ آیت ۱۰) خشیت ربانی پاک ہے جو ہمیشہ
قائم رہے گی قوانین الٰہی سچ ہیں) یہاں خشیت ربانی سے مقصود قرآن ہے قال اللہ تعالیٰ
لو انزلنا ھذا القرآن علی جبل لرأیتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ
لغات נֶחֱמָדִים نحماد = مرغوب قیمتی זָהָב زاہاب = ذہب
سونا פָּז پاز = خالص سونا רָב راب = کثیر بہت - سردار سید

Marfat.com

בָּהֶם نزہر اقتباس עֵקֶב רָב عیقت بمعنی عاقبت، انجام انتہا اور
اور یہ نام ہی ہمارے پیغمبر کا۔ عربی عاقب کیونکہ آپ آخر الزمان پیغمبر تھے (ترجمہ آیت ۱۱
سونے سے زیادہ قیمتی اور شیریں شہد سے بڑھکر شیریں) (ترجمہ آیت ۱۲) تیرا بندہ اُن سے مقتبس ہوا
جب وہ سید عاقب کی نگرانی میں تھے (یعنی ملائکہ ملاء اعلیٰ جب عالم ارواح میں سید عاقب کے نگراں تھے
تیرا بندہ اُن سے فیضیاب ہوا (ترجمہ آیت ۱۳) مغیبات کون سمجھتا ہے مخفی گناہوں سے مجھے پاک کر)
حضرت داؤد اپنے لئے دعا مانگتے ہیں ÷ اس کے بعد ۱۴ آیت میں کہتے ہیں: گم مزیدیم
حاسخ عبدخا ال یمشلو لی از ایتام ونقیتی میپشع راب ؛ زیدیم بمعنی شیاطین۔ حاسخ بمعنی
محفوظ رہا۔ عبدخا بمعنی تیرا بندہ۔ ال یمشلو تسلط نہ ہوگا بی مجھ پر۔ آز معنی وقت
ایتام معنی یتیم۔ مادہ اس کا تیم ہے جیسے تین سے ایتان نکلا ہے۔ نقیتی = پاک ہو جاتا ہیں۔
پیشع معنی گناہ۔ راب معنی بڑی (ترجمہ آیت ۱۴) گو شیاطین سے تیرا بندہ محفوظ رہا متسلط
نہ ہوگا مجھ پر زمانہ یتیم کہ پاک ہو جاتا ہیں بڑے گناہ سے) واضح ہو کہ حضرت داؤد سے اوریا کے معاملہ
میں مخفی خطا سرزد ہوئی جس کی معافی کے لئے ۱۳ آیت میں دعا مانگی اب اس آیت میں فرماتے ہیں
کہ گو میں نے شیاطین سے بہت حفاظت کی تاہم مجھ سے مخفی گناہ کا ارتکاب ہوگیا اگر میں زمانہ
اسلام کو پاتا تو بڑے گناہ سے پاک ہو جاتا کیونکہ حضرت داؤد کو معلوم تھا کہ اسلام سے جملہ گناہ
دُھل جاتے ہیں اس لئے حسرت سے فرماتے ہیں کہ زمانہ یتیم تو مجھ پر متسلط ہوگا نہیں جو میں سخت
گناہ سے پاک ہو جاتا تو ہی مخفی گناہ سے پاک کر۔" حضرت داؤد نے اس آیت میں آپ کو بلفظ
یتیم بیان فرمایا ہے۔ ایوب کے ۴۲ باب میں بھی آپ کا ذکر بلفظ یتیم ہے اُس کا ذکر مناسب ہے۔

בַּדֶּרֶךְ עַם מְשַׁדֵּר לֹא נִכְנָה־נִי עֲתִים ?
יוֹלְעִיר לֹא־חָוֹן לִקְיוּ : וְבוֹ לֹנֹת
בְּשִׁיה עֲרֵד וְיֹלִי לַדֶּר עִוִי : הַמּ וֹנָ
יְתוֹ תְּם : נְתָהֹו לִתְבִּ לֹנִי שָׁוֹרֲלִב

מנה : יטו אביונים מדרך יח
ד חבאו עניי ארץ : הן פראים
במדבר יצאו בפעלם משחרי
לטרף ערבה לו לחם לנערים :
בשדה בלילו יקצירו וכרם רש
ע ילקשו : ערום הלינו מבלי
לבוש ואין כסות בקרה : מזרם
הרים ירטבו ומבלי מחסה חב
קו צור : יגזלו משד יתום
ועל עני יחבלו : ער
ום הלכו בלי לבוש ורע
בים נשאו עמר :
בין שורתם יצהירו יקבים דר
כו ויצמאו :
מעיר מתים ינאקו ונפש חללי
ם תשוע ואלוה לא ישים תפ
לה :
המה היו במרדי אור
לא הכירו דרכיו ולא יש
בו בנתי :

Marfat.com

۱ مدوع مشدای لوںصو عتیم دیودعا دلوحازو یامادہ ۲ گبولوت یسعو عید رگازلو دیرعو
۳ حموری یتومیم ینہاعو یحلو شوراُلمانا ۔ یطواَیونیم مدارح یحدحبا عنی ارص ۔ یین براَیم
یمدبار یاصولعا علام مسحری لطارف عرابا لولحم لنعاریم ۔ لسادہ بلیلو لقصوردو کرم
راشع بلقشو ۔ عاروم ہیلی لیویں دان کسوت لقارا ۔ مرزم ہاریم یرطایو دمبلی محسیہ
حبقوصور ۔ لعزلو مشود یا لوم دعل عانی یحبولو ۔ عاروم ہلحو بلی لیوشین درعنیم
ناسئو عومر ۔ یبن شور و ثام لصہیرو یقاہیم دارخو دمیصامو ۔ معیرمیم ینا فو دنفش حلالیم
لسولع والوہ لو باسم تفلا ۔ ہیما ہایو یمورد ی اور لو ہکیرو دراحاو دلو یاشو ۔

لغات מַדּוּעַ مدوع = معلوم ومعروف שַׁדַּי شدی اسماءالحسنیٰ سے ہے נִצְפְּנוּ نصو مادہ اس کا צָפַן صفن ہے بمعنی اخفار اور یہ باب انفعال سے ہے معنی اختفار یہاں صیغہ ماضی ہے עִתִּים عتیم جمع ہے עֵת عث کی جو بمعنی وقت ہے יֹדְעוֹ لوولع = واقف دانا יֹדְעָיו یودعی عث = منجم גְּבֻלוֹת گیول = حد یַשִּׂיגוּ یسیغو اس کا مادہ נָשַׂג نسغ ہے اس کا مجرد مستعمل نہیں ہے باب افعال کثیرالاستعمال ہے معنی اس کے تجاوز کرنا עֵדֶר عدر بمعنی گلہ גָּזְלוּ گازلو مادہ اس کا גָּזַל گازل ہے معنی جبروتعدی יַטּוּ یطو مادہ اس کا נָטָה ناطا ہے بمعنی پھیرنا۔ یہاں باب افعال سے ہے אֶבְיוֹן ابیون = مسکین و راست باز חֻבְּאוּ جبو مادہ اس کا חָבָא حابا ہے بمعنی اختفار עֲנִיֵּי عانی = مسکین و راست باز יַחַד حین = اس وقت פְּרָאִים جمع ہے פֶּרֶא پرے کی بمعنی گورخر اور چونکہ پرے آدم حضرت اسمٰعیل کی شان میں ہے اس لئے پرائم کنایۃً اولاد اسمٰعیل سے ہو سکتا ہے מְשַׁחֲרֵי مشحر ورندہ، متنرس לַטָּרֶף طرف = شکار שָׂדֶה سادہ = کشت زار

Marfat.com

בְּלִילוֹ بلیل = حاصل پیداوار : יִקְצוֹרוּ یقصورو مادہ اس کا קָצַר
قصر بمعنی حصاد ہے כֶּרֶם کرم = بستان : יְלַקֵּשׁוּ یلقشو مادہ اس کا
לָקַשׁ لقش ہے معنی چن لینا קָרָה قارا = سردی זֶרֶם
زرم = مطر، مینھ، سیل מַחְסֶה محسہ = امید : יִגְזְלוּ
یغزلو = جدا کرینگے שֹׁד شود کے معنی ہیں تندی اور جبر، ظلم יָתוֹם
یاتوم = یتیم רְעֵבִים راعیب = جوعان گرسنہ עֹמֶר عومر = بوجھ
نام وزن שׁוּרֹת شور = عربی سور، شہر پناہ : יַצְהִירוּ یصہیرو مادہ
اس کا צָהַר سہر ہے جس کے معنی ہیں چمکنا، روشن ہونا لیکن جب باب
افعال میں جاتا ہے تو اس کے معنی ہوتے ہیں تیل نکالنا، کولھو چلانا : יְקָבִים
یقب = کولھو מֵעִיר מְתִים عیر میتیم = قبور، گورستان : יִנְאָקוּ
ناقو مادہ اس کا נָאַק ناق ہے معنی چلانا، شور کرنا חֲלָלִים
حالال = زخمی، کشتہ תִּפְלָה تفلا = کافر (**ترجمہ**) معلوم ہو کہ خدا سے

اوقات پوشیدہ نہیں اور مخبین اپنی اجل نہیں جانتے ؛ حدود تجاوز کریں گے گلہ جبر کریں گے اور چرا جائینگے یتیموں کا گدھا ہانک لے جائیں گے اور بیوہ کا بیل باندھ رکھیں گے ؛ راستبازوں کو گمراہ کریں گے ایک بارگی راستباز گم ہو جائیں گے۔ اس وقت جنگلی گدھے وادی غیر ذی زرع میں خروج کریں گے اُن کی کردار پر درندے ؛ کشت زار میں اس کا پیداوار کاٹ لیں گے اور باغ بدکار چن لیں گے ؛ برہنہ سوئیں گے بلا لباس اور سردی میں چادر نہ ہوگی ؛ جبل سیل سے سر بسر ہونگے بلا فائدہ چٹان صاف کریں گے نکال دیں گے جبراً یتیم کو اور مسکین کا کپڑا باندھ لے جائیں گے ننگے نکال دیئے جائیں گے بلا لباس اور بھوکے بوجھ اُٹھائیں گے ؛ اپنے شہر پناہوں میں کولھو چلائیں گے ؛ قبور سے چلائیں گے زخمیوں کی جان پناہ مانگے گی مگر خدا کافر کو چھٹنے نہ دے گا ؛ وہ تھے مقام نور میں اس کی راہ نہ پہچانا نہ اس کی مجلس میں بیٹھے ـــ ۱۰

تفسیر: حضرت ایوب کو جو کچھ بذریعہ وحی کے معلوم ہوا اسے بیان کرتے ہیں اُس

Marfat.com

کی تمہید کرتے ہیں کہ یہ امر یقینی ہے کہ خدا سے حوادث زمانی مخفی نہیں وحی مثل اقوال ارباب نجوم
نہیں ہوتی اُن کو اپنی موت حیات کا وقت نہیں معلوم ہوتا۔ اس پر مجھے ایک قصہ ہارون رشید کا
یاد آیا کہ اُسے ایک یہودی نے بقاعدہ تنجیم کہا کہ اتنے دن آپ کی زندگی ہے اس سے اُس کو
بڑی وحشت ہوئی کاروبار سلطنت چھوڑ دیا۔ وزیر کو جب اس واقعہ کی خبر ہوئی تو اُس نے
اُس یہودی کو بلا کے ہارون رشید کے سامنے اُس سے پوچھا کہ تو کب مرے گا۔ اُس نے
جوڑ جاڑ کے چند سال بتائے۔ وزیر نے فوراً سر اُڑا دیا اور بادشاہ سے کہا کہ اُس کو
اپنے ایام زندگی تو معلوم نہ تھے دوسرے کے حق میں اُس کا کلام کب لائق تسلیم ہے۔
اُس وقت بادشاہ کا وہم دور ہوا: ؎

تو برا وجِ فلک چہ دانی چیست چون ندانی کہ در سرائے تو کیست

دوسری آیت سے پانچویں تک کا خلاصہ یہ ہے کہ جب دنیا میں ضلالت و گمراہی چھا جائیگی
اور ظلم و تعدی کا استیلا ہوگا اُس وقت گور خر یعنی بنی اسمٰعیل خروج کریں گے جو بوجہ جہالت و
کفر کے شان درندوں کی رکھیں گے قبل بعثت پیغمبر کے حال عربوں کا بہت خراب ہو گیا تھا
جدال و قتال و بدکاری و دختر کشی، قمار بازی، صنم پرستی اُن کا شعار تھا ۔ ۶ آیت میں
قوم کے ظلم و سنگدلی کا بیان ہے اور ۷ میں اُن کا افلاس و جفاکشی مذکور ہے ۔ ۸ میں
بت پرستی کا ذکر ہے ۔ ۹ میں ہمارے پیغمبر کی ہجرت کا ذکر ہے ۔ ۱۰ میں بالعموم مہاجران اسلام
کی خبر دیتا ہے کہ سختی کفار اُن کے جلاء وطنی کا سبب ہوگی ۔ ۱۱ آیت سے بیان ہے جو
کفار کو اہل اسلام سے نصیب ہوگا یعنی شراب بنائیں گے لیکن پینا میسر نہ ہوگا قتل ہونگے
اور مجروح پناہ مانگیں گے مگر خدا اُن کو جینے نہ دے گا۔ علت اُس کی کفر ہے جیسا ۱۳ آیت
میں مصرح ہے۔ نور سے مراد ہمارے پیغمبر ہیں اور قرآن ۔ الغرض یہاں آپ کا ذکر بہ لفظ
یتیم ہوا ہے فتدبر۔ چونکہ آپ کی یتیمی کا ذکر کتب قدیمہ میں تھا اور آپ کی مسکنت کا ذکر
بھی ہے جیسا ۹ آیت میں ثبت ہوا اور اُمّی ہونا علامات عامّہ نبوت سے ہے تو جب کفار نے

Marfat.com

بوجہ توقف وحی آنحضرت کو کہا اِنّ محمداودعہ ربہ وقلاہ (ترجمہ) محمد کو اُس کے مالک نے رخصت کیا اور ناپسند (یعنی نبوت جاتی رہی) ایسا ہی کچھ حضرت ایوب پر طعن ہوا تھا جب وہ مصائب شیطانی میں مبتلا ہو گئے تھے۔ تو خدا نے آپ کی تسکین کے لئے فرمایا ما ودعک ربک وما قلیٰ وللآخرۃ خیر لک من الاولیٰ ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ الم یجدک یتیما فاویٰ ووجدک ضالاً فھدیٰ ووجدک عائلاً فاغنیٰ (ترجمہ) نہ تیرے رب نے تجھے رخصت کیا اور نہ ناپسند تیرا ما بعد ما قبل سے اچھا ہو (یعنی ہمیشہ تیری حالت آئندہ حالت ماضیہ سے اچھی ہوگی۔ حضرت ایوب کی آخر کتاب میں اُن کے حق میں مرقوم ہے کہ اُن کی نہایت بدایت سے اچھی ہوئی) عنقریب تیرا مالک تجھے دے گا جس سے تو راضی ہوگا۔ تجھے یتیم پاکے پناہ دی اور اُمی پاکے ہدایت کی اور مسکین پاکے غنی کر دیا (یعنی جب یہ علامات ثلٰثہ نبوت تجھ میں پائی جاتی ہیں اور نبوت مسلوب ہوتی نہیں تو کفار کی بیہودہ اقوال کی طرف التفات مت کر جیسا ایوب نے کچھ خیال نہ کیا) اب ہم اُس مطلب کی طرف رجوع کرتے ہیں جسے چھوڑ آئے ہیں۔ جب آپ کا سن چھ سال کا ہوا تو آپ کی والدۂ شریفہ نے مدینہ سے پھرتے ہوئے موضع ابوا میں انتقال فرمایا اور وہیں مدفون ہوئیں پھر جب آپ آٹھ برس کے ہوئے حضرت عبد المطلب نے وفات پائی اور آپ کے کفالت و نگرانی کی ذمہ داری ابو طالب آپ کے عم مکرم نے کی۔ جب پچیس برس کے ہوئے تو ابو طالب نے آپ کی شادی بی بی خدیجہ سے کر دی جن سے چار لڑکیاں زینب ام کلثوم و رقیہ و فاطمہ پیدا ہوئیں۔ آپ عہد شباب میں مہذب تھے تمام امور سے جو مخالف تہذیب ہیں منزہ و مصطفےٰ تھے۔ مجالس لغو و محافل لہو میں باوجود طلب تشریف نہ لے جاتے۔ آپ کی دیانت و امانت و صداقت و متانت کا سب کو اقرار تھا۔ قریش آپ کو امین کہا کرتے تھے۔ آپ کے حالات پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اول زبور آپ ہی کی شان میں ہے۔ وھو ھذا۔

אשרי האיש אשר לא הלך:
בעצת רשעים ובדרך חטאים

ים לא עמד ובמושב לצים לא י
שב: כי אם בתורת יהוה חפ
צו ובתורתו יהגה יומם ולי
לה:
והיה כעץ שתול על-פלגי-מ
ים אשר פריו יתן בעתו ועלהו
לא-יבול וכל אשר-יעשה יצ
ליח:
לא כן הרשעים כי אם כמץ אשר
תדפנו רוח:
על-כן לא יקמו רשעים במשפט
וחטאים בעדת צדיקים:
כי יודע יהוה דרך צדיקים ודר
ך רשעים תאבד:

اشری ہا ایش اشر لو ہالخ لعصب رشاعیم و بدرخ خطاعیم لو عامد و بموشب
لصیم لو یاشب ؛ کی ام بتورث یہوا حصصو و بثوراثو یہگہ یومام والائلا دہایا کعیص
شاثول عل ملعی ماثم اشر برلو من بعتو و عالیہو لو یبول و خول اشر یعسہ یصلیح ؛
لو خین ہارشاعیم کی ام کموص اشر تدفنو روح عل کین لو یاقمو رشاعیم بمشپاط و
حطاعیم بعدث صدیقیم ؛ کی لو دیع یہوا درخ صدیقیم و درخ رشاعیم تو بد۔
(ترجمہ) مبارک ہی وہ جوان جو بدکاروں کی شوری میں نہ گیا اور عصاۃ کی راہ میں نہ ٹھیرا اور نہ ٹھٹولوں کی
مجلس میں نہ بیٹھا ؛ **تفسیر** جوان کے لفظ پر حرف عہد ذہنی داخل ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ

Marfat.com

کسی جوان مخصوص و معہود کو کہہ رہے ہیں۔ خود داؤد تو اُس سے مراد ہو نہیں سکتے کیونکہ اُن سے خطا سرزد ہوئی اس لئے عیسائی اُن کی نبوت نہیں مانتے وعلیٰ ہذا القیاس حضرت سلیمان اور اُن کے قبل کے انبیاء بہت کبیر السن تھے۔ اُن پر اطلاق شیخ کبیر کا ہوا ہے۔ ہاں عیسیٰ مراد ہو سکتے ہیں مگر آیت مابعد کسی سے نہیں ملتی ؛ "صرف خدا کی شریعت میں اُس کی دھن ہوگی اور اُس کی شریعت کو رات دن تلاوت کرے گا"؛ امم سابقہ میں قانون الٰہی وکلام ربانی کی تلاوت کا دستور نہ تھا اور نہ وہ صلوٰۃ مقرر ہوا بخلاف دور اسلام کے فاقرءوا ما تیسر من القرآن سے قرأت مفروض ہے۔ اب کچھ یہود نے نماز ترتیب دی ہے اُس میں کچھ تورات کچھ زبور شامل کر دیا ہے منصوص نہیں ہے۔ لہذا مصداق آیت سوائے ہمارے پیغمبر کے دوسرا ہو نہیں سکتا ؛ "وہ ہوگا ایسا درخت جو منصوب ہو پانی کے کنارہ جو وقت پر پھلے گا اور اُس کے اوراق پژمردہ نہ ہونگے اور جو کچھ کرے گا انجام دے گا۔ **تفسیر**: پانی سے مقصود ذات واجب الوجود ہے جو منشاء ہزار خیر ہے۔ مقصود یہ ہے کہ اُس کو ذات باری ومبدء فیاض سے ہمیشہ وقتاً فوقتاً علوم وحکم پہونچا کریں گے جس طرح درخت مذکور کو پانی سے نفع پہونچتا رہتا ہے اُس کے اوراق پژمردہ نہ ہونگے یعنی اُس کی شریعت منسوخ نہ ہوگی ؛ "بالعکس اشرار بھوسے کی طرح اُڑجائینگے"؛ **تفسیر**: اشرار سے مراد قریش وقبائل عرب ہیں جو مخالفت اسلام پر کمر چست باندھی تھی غزوات کو دیکھو کہ کفار کیسا بھوسے کی طرح اُڑگئے ؛ "کیونکہ اشرار شریعت پر قائم نہ ہونگے اور خاطی جماعت صدیقین میں" یعنی بوجہ کفر وعصیان کے اُن کی تباہی ہوگی، "کہ خدا صدیقین کے طریق کا نگہبان ہے اور اشرار کا طریق مٹ جائے گا"؛ ۔ یہود اس کے معنی دوسرے کہتے ہیں ہماری اُن کی لفظی نزاع ہوگی فافہم۔ **حال** قریش نے خانہ کعبہ جو بسبب صدمات سیل وباران وغیرہ کے بناء اُس کی ضعیف ہوگئی تھی از سرِ نو بنا کیا۔ آپس میں اُن کے نزاع اس امر کی ہوئی کہ حجر اسود کو اُس کی جگہ پر کون رکھے۔ بخیال حصول فخر وشرف ہر شخص چاہتا تھا۔ قریب تھا کہ اُن میں قتال واقع ہو۔ بالآخر یہ امر قرار پایا کہ کل صبح کو سب سے

Marfat.com

پہلے جو مسجد حرام میں آئے اُس کی حکم پر عمل کرنا چاہیئے۔ صبح کو سب سے پہلے آپ تشریف لائے۔ قریش آپ کو دیکھ کے بہت خوش ہوئے اور کہا کہ یہ امین ہیں ان کا حکم واجب التسلیم ہے۔ آپ نے بمقتضائے عقل سلیم فرمایا کہ حجر اسود کو ایک بڑی چادر میں رکھ کے یہاں سے اُٹھائیں اُس چادر کو ہر قبیلۂ قریش کا ایک آدمی تھام لے اس طرح اُٹھا کے متصل دیوار کعبہ معظمہ جہاں رکھنا منظور ہو رکھیں۔ بس اس اُٹھانے میں تو سب شریک ہو کے مثاب ہونگے بعدہٗ سب آدمی مجھے وکیل کردیں کہ میں اُسے اپنے موقع پر رکھدوں چونکہ فعل وکیل بمنزلہ فعل موکل کے ہوتا ہے تو اس طرح حجر اسود کی رکھنے کا شرف سب کو حاصل ہوجائے گا۔ قریش نے اس فیصلہ کو بدل وجان قبول و منظور کیا اور مطابق اُس کے عمل کیا۔ یہ فیصلہ حضرت سلیمان کے فیصلہ سے کم نہیں ہے جو اُنھوں نے اپنے باپ کے سامنے کیا تھا جب دو عورتیں ایک لڑکی پر جھگڑتی آئی تھیں ؎

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

جب بموجب آیہ کریمہ فاصدع بما تومر کھلا کھلی آپ دعوت اسلام کرنے لگے تو کفار بسبب مذمت اصنام نہایت دشمن ہوگئے اور مسلمانوں کو ایذا دینے لگے۔ حضرت بلال اُمیہ بن خلف کافر کے جو سرداران قریش سے تھا غلام تھے وہ اُن کو بسبب مسلمان ہوجانے کے نہایت تکلیف دیتا تھا۔ گرم ریت اور پتھروں میں باندھکر بوقت نصف النہار ڈال دیتا کہ وہ شدت تکلیف سے بیہوش ہوجاتے لیکن جب ہوش ہوتا احد احد چلاتے۔ **حال** جب آیت انذر عشیرتك الاقربین نازل ہوئی یعنی "ڈرا اپنے کنبے کو" آپ نے کوہ صفا پر چڑھکے ایک ایک قبیلہ قریش کو پکارا۔ لوگ جمع ہوئے۔ آپ نے فرمایا کہ "اگر میں تمھیں خبر دوں کہ اس پہاڑ کی پشت پر ایک لشکر جرار آیا ہے اور تم کو قتل کیا چاہتا ہے تم یقین کروگے۔" اُنھوں نے کہا بلاشک سچ جانیں گے کیونکہ تم سے سچ ہی سُنا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ "میں تمھیں عذاب آخرت سے جو بہت سخت ہے ڈراتا ہوں۔" یہ سُن کے ابولہب نے کہا "تبالك سایر الیوم الھذا جمعتنا" یعنی تیرا بُرا ہو اسی واسطے ہم کو جمع کیا۔ اور وہ سب متفرق ہوگئے۔ سورہ تبت یدا ابی لہب

Marfat.com

تب ہی نازل ہوئی۔ الغرض جب آپ نے اعلان نبوت فرمایا اور بتوں کی مذمت کرنے لگے اور بت پرستوں کے لئے نار وسعیر بیان ہوا پھر تو تمام قبائل عرب دشمن جان و مال ہو گئے۔ ابو لہب آپ کے حقیقی چچا نے عتبہ اور عتیبہ اپنے بیٹوں سے رقیہ اور ام کلثوم آپ کی صاحب زادیوں کو جو اُن کے نکاح میں تھیں طلاق دلوا دیا۔ سب متفق ہو کے آپ کے قتل کی فکر میں ہوئے۔ ابو طالب سے کہا کہ محمدؐ کو ہمارے حوالہ کر دو ورنہ ہم تم سے لڑیں گے لیکن ابو طالب نے کچھ نہ سُنا۔ کفار نے آپ کے قتل کا ارادہ مصمم کیا۔ ابو طالب آپ کو لے کر مع سارے بنی ہاشم اور بنی مُطّلب کے ایک گھاٹی میں واسطے حفاظت کے جا رہے اور کفار نے آپ سے برادری قطع کی اور بہت کوشش کی اس بات میں کہ کسی طرح کوئی بنی ہاشم اور بنی مُطّلب سے سلوک نہ کرے بلکہ بنیوں اور سوداگروں کو منع کر دیا تھا کہ ان لوگوں کے پاس کچھ چیز نہ لے جائیں اور کاغذ عہد نامہ قطع تعلق کا ان لوگوں سے لکھ کے خانہ کعبہ میں لٹکا دیا۔ تین سال تک آنحضرتؐ مع بنی ہاشم اور بنی مطّلب کے اُس گھاٹی میں نہایت تکلیف میں مبتلا رہے۔ آخر کار آنحضرت صلعم کو بوحی الٰہی اس بات کی اطلاع ہوئی کہ کیڑے نے کاغذ عہد نامہ کو جو کعبہ میں لٹکایا تھا بالکل کھا لیا سوائے نام اللہ کے جہاں کہیں اُس میں تھا۔ ایک حرف نہیں چھوڑا۔ آپ نے یہ حال ابو طالب سے کہا۔ ابو طالب نے گھاٹی سے نکل کے یہ بات قریش سے بیان کی اور کہا کہ اُس کاغذ کو دیکھو اگر محمدؐ کا بیان غلط نکلے تو ہم اُنھیں تمھارے حوالہ کر دیں گے اور اگر صحیح نکلے تو اتنا تو ہو کہ تم اس قطع رحم سے اور عہد بد سے باز آؤ۔ قریش نے کعبہ پر سے اوتار کر اُس کاغذ کو دیکھا۔ فی الواقع کیڑے نے سوائے نام اللہ کے کچھ نہ چھوڑا تھا۔ الغرض قریش آپ کے ساتھ کمال عداوت رکھتے تھے وعلیٰ ہذا القیاس۔ یہود و نصاریٰ اور گبر و صابئین بھی مخاصمت میں کچھ کم نہ تھے اُسی وقت کی حکایت حضرت داؤد نے دوسری زبور میں کی ہے اُسے ہم نقل کرتے ہیں۔ לָמָּה רָגְשׁוּ גוֹיִם וּלְאֻמִּים
יֶהְגּוּ רִיק׃ יִתְיַצְּבוּ מַלְכֵי

Marfat.com

אֶרֶץ וְרוֹזְנִים נוֹסְדוּ יַחַד עַל־
יְהוָה וְעַל־מְשִׁיחוֹ׃
נְנַתְּקָה אֶת־מוֹסְרוֹתֵימוֹ וְנַשְׁלִיכָה
מִמֶּנּוּ עֲבֹתֵימוֹ׃
יוֹשֵׁב בַּשָּׁמַיִם יִשְׂחָק אֲדֹנָי יִלְעַג
לָמוֹ׃
אָז יְדַבֵּר אֵלֵימוֹ בְאַפּוֹ וּבַחֲרוֹנוֹ
יְבַהֲלֵמוֹ׃ וַאֲנִי נָסַכְתִּי מַלְכִּי עַל־צִיּוֹן הַר־קָדְשִׁי׃

لاما راعشو گویم ولاسم یہگو ریق یتیصبو ملکی ارص ورو زنیم نوسدو یاحد عل یہوا وعل مشیحو ﴿ ننتقاہ ات موسروتیمو ونشلیخا ممنو عبوتیمو ﴿ یوشیب لشامائم یسحق ادنائی یلعج لامو + ازید بیرالیمو باپو وبحرونو یبحلمو وآنی ناسختی ملکی عل صیون ہرقدشی (ترجمہ) اقوام کیوں غل مچاتے ہیں اور قبائل کیوں بیہودہ بکتے ہیں ﴿ سلاطین روئے زمین آمادۂ جنگ ہونگے اور دولتمند باخود ہا متفق ہونگے خدا اور اُس کے خلیفہ کی مخالفت پر ﴿ کہ توڑ ڈالیں آہن کی زنجیروں کو اور پھینک دیں اپنے سے اُن کی رسیاں ﴿ جالس سماء آن پر ہنسے گا ہمارا مالک اُن پر استہزا کریگا ﴿ تب کہے گا اُن سے غصہ میں اور اپنے غضب سے اُن کو منتشر کردے گا ﴿ کہ ہم نے بٹھایا اپنے سلطان کو اپنے پاک پہاڑ صیون پر ﴿ مقصود یہ ہے کہ اقوام کثیرہ اور سلاطین روئے زمین جو اس خلیفۂ برحق کی مخالفت کر رہے ہیں اور بجائے محمد مذمم بکتے ہیں اور اسلام قبول نہیں کرتے یہ مرضی الٰہی کے برخلاف ہے مشیت ایزدی کو کوئی روک نہیں سکتا اُس کو خلافت و رسالت ہم نے دی ہے تخت داؤدی پر ہم نے بٹھلایا صیون بیت المقدس کے پہاڑ کا نام ہے اُس پر بٹھلانے سے مقصود جانشین داؤد و سلیمان کرنا ہے جیسا حضرت اشعیا نے خبر دی ہے کہ وہ لڑکا وارث تخت داؤد ہوگا اور آپ شب معراج میں بیت المقدس تشریف لے گئے تھے جیسا اسریٰ بعبدہٖ لیلاً

Marfat.com

سے ثابت ہے اور اس میں بھی شبہ نہیں کہ بعد حضرت سلیمان کے بنی اسرائیل میں پھر ویسی سلطنت نہ ہوئی اور مطابق اس خبر کے خدا نے جماعت قریش کو منتشر کر دیا بلکہ تمام سلاطین روئے زمین زمانہ اسلام کے سامنے پست ہوئے یریدون ان یطفئوا نور اللہ بافواھھم ویابی اللہ الا ان یتم نورہ ولو کرہ الکافرون ۝ ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ولو کرہ المشرکون (ترجمہ) چاہتے ہیں کہ خدا کے نور کو گل کر دیں مگر خدا ضرور اپنے نور کو پورا کرے گا کافروں پر جبر ہوا کرے۔ اس نے بھیجا ہے اپنے رسول کو رہنما اور دین حق کے ساتھ تاکہ اسے جملہ ادیان پر غالب کرے مشرکین برا مانا کریں) رہنما سے مراد قرآن ہے ان القرآن یھدی اور ذٰلک الکتاب لاریب فیہ ھدی للمتقین خدا نے فرمایا ہے یہ کلام پر غضب ہے جیسا اس زبور میں مذکور ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر منطبق نہیں کیونکہ ان کی کوئی شریعت نہ تھی۔ انبیاء بنی اسرائیل کل حضرت موسیٰ کی شریعت بموجب احکام جاری کرتے تھے۔ انجیل میں حضرت عیسیٰ کا بیان مسطور ہے کہ میں توریت منسوخ کرنے کو نہیں آیا ہوں اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ کوئی توریت منسوخ کرنے کو بھی آئے گا۔ اس لئے انھوں نے فرمادیا کہ میں وہ نہیں ہوں۔ اس کے بعد اس زبور میں یہ ۶ آیت ہیں:

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

Marfat.com

אספרה אל חק יהוה אמר אלי בני אתה
אני היום ילדתיך:

اسپراال جوق یہوا آمر الای بی اتا انی ہیوم ملدیحا ٭ شئل ممنی وا ساگوئیم
نحلا سحا و احزا سحا السی آرص ٭ تروعیم بسلط برزل کحلی لوصیر تنصیم ٭ وعا ملاحیم
ہسکلو ہوا سرو شوفطی ارص ٭ عیدو اث یہوا سرئا وعیلو برعادا ٭ نشقو برن
بالف و نو بدو درح کی سعر کمعط ابو اشری کل حوسی لو۔ (ترجمہ) بموجب حکم الٰہی
میں حق بات کہتا ہوں کہ تو میرا لڑکا ہی میں آج تجھکو جنا ہوں ٭ (تفسیر آیت گزشتہ میں بیان یہ تھا کہ
آنحضرت کو اللہ تعالیٰ نے وارث تخت داؤد کیا جب یہ حضرت داؤد کو بالہام ربانی معلوم ہوا
تو فرماتے ہیں کہ میں حسب ایمائے خداوندی کہتا ہوں کہ تو میرا بیٹا ہے چونکہ اُسی روز یہ الہام ہوا تھا تو
فرماتے ہیں کہ اپنی ماں کے بطن سے تو جب وقت آئے گا تو پیدا ہوگا لیکن میں آج تجھے جنا ہوں
بنظر قائم مقامی) تو مانگ مجھ سے تو میں اقوام کو جو تیری میراث ہیں تیرے حوالہ کروں ہر چند کہ تیرا حصّہ انتہائے
ارض تک ہو ٭ تو اُن کی شبانی کرے گا آہنی عصا سے کمہار کے برتن کی طرح اُن کو توڑ دے گا یعنی جس طرح
گلی ظروف کے توڑنے میں کچھ تکلیف نہیں ہوتی اُسی طرح اقوام مخالف کے برباد کرنے میں تجھے مطلق تردد نہ ہوگا ٭
اب سلاطین ہوش سنبھالو، اطاعت کرو حکامِ روئے زمین ٭ خشوع کے ساتھ خدا کی عبادت کرو اور رج کرو یا
خوف ٭ چومو لڑکے کو خواہ محبوب کو مبادا ناراض ہو جائے تو گمراہ ہو جاؤ گے کیونکہ عنقریب اُس کا غضب
بھڑکے گا۔ مبارک وہی ہی جو اُس پر بھروسا رکھے گا ٭ ۔ عیسائی کہتے ہیں کہ یہ حضرت مسیح کی شان میں ہے
لیکن چونکہ اُن کو سلطنت نہ تھی لہٰذا اُن پر منطبق نہیں اور ۱۲ آیت میں جو لفظ بیٹے کا وارد ہی
تو کہتے ہیں کہ حضرت مسیح خدا کے بیٹے ہیں انھیں کے حق میں یہ زبور ہی مگر چونکہ خدا کے بیٹا ہونا
نہیں اس لیے معنی مرقومہ بالا صحیح قرار پائے۔ سوائے آنحضرت کے کسی پر منطبق نہیں

בר کے معنی بیٹے کے بھی ہیں اور محبوب کے بھی۔

Marfat.com

خاتمہ

چونکہ قصص اکثر قلوب پر اثر کرتے ہیں اور بسا اوقات موجب بصیرت ہوتے ہیں خصوصاً تذکرۂ انبیاء علیہم السلام کہ قرآن شریف و تورات میں بھی موجود ہیں۔ چنانچہ حکیم مطلق نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فاقصص القصص لعلھم یتفکرون سے اسی کی ہدایت کی ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے قصہ کو نظم قرآن میں احسن القصص سے تعبیر کیا ہے۔ نحن نقص علیک احسن القصص اس لئے یہ رسالہ باختصار تمام رقم ہوا تاکہ دیکھنے والوں کے دل میں عظمت و محبت اُس عالی جناب کی متمکن ہو اور بروز جزا میری نجات کی سند ہو۔ اب ہم یہاں کچھ حال حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لکھتے ہیں کہ بڑے جلیل القدر پیغمبر تھے جب حضرت ابراہیمؑ جنگ نمرود سے فارغ ہوئے تو وحی آئی کہ ڈرومت میں تمھارا نگہبان ہوں تمھارا اجر بہت زیادہ ہے۔ اُس وقت حضرت ابراہیم نے خواہش اپنی وارث کی ظاہر کی اور یہ استدعا اُن کی قبول ہوئی اور حکم ہوا کہ جو تمھاری کمر سے پیدا ہوگا وہ تمھارا وارث ہوگا۔ اسی کی حکایت سورۃ الصافات میں ہے رب ھب لی من الصالحین فبشرناہ بغلام حلیم یہ واقعہ پیدائش باب ۱۵ میں مذکور ہے اور باب ۱۶ کے اول سے حضرت اسمٰعیل کی پیدائش کا ذکر ہے۔ آخر باب میں مرقوم ہے کہ جب حضرت ابراہیم کا ۸۶ برس کا سن تھا اُس وقت حضرت اسمٰعیل پیدا ہوئے پھر ۱۷ باب میں ختنہ کا ذکر ہے جب حضرت ابراہیم ۹۹ برس کے تھے تو اپنا ختنہ کیا اور حضرت اسمٰعیل کا بھی ختنہ کیا جب ان کا سن تیرہ ۱۳ سال ہوا اُس وقت خدا نے حضرت اسحٰق کی پیدائش کی بشارت دی ہے۔ یہاں سے چند امور مستنبط ہوتے ہیں۔ اول یہ کہ جو کچھ خدا نے اب تک حضرت ابراہیم سے اُن کی اولاد کی نسبت کہا وہ حضرت اسمٰعیل سے متعلق ہے اور بعد بشارت حضرت اسحٰق کے جو وعدہ ہے اُس میں سے کچھ خاص ہے حضرت اسحٰق کے ساتھ اور کچھ حضرت اسمٰعیل کے ساتھ جیسا سیاق کلام سے سمجھا جائے۔ دوم یہ کہ ختنہ حضرت اسمٰعیل کا ملک شام میں ہوا تھا کیونکہ اُس کے بعد ہی

Marfat.com

سدوم و عمورا قریات لوط کی بربادی کا ذکر ہے جو ملک شام میں ہے اُس وقت حضرت اسمٰعیل
وہیں تھے بلکہ ملائکہ جو حضرت ابراہیم پاس یہ خبر لے گئے تھے اولاً اُن کو انسان سمجھ کے
حضرت ابراہیم نے اُن کی دعوت کی تھی تو حضرت اسمٰعیل ہی کو بچھڑو ذبح کے لئے دیا تھا اُن
ملائکہ نے بھی حضرت اسحٰق کی بشارت دی۔ پھر ۲۱ باب میں جہاں حضرت اسحٰق کی پیدائش و ختنہ کا
ذکر ہے وہاں مرقوم ہے کہ جب اسحٰق پیدا ہوئے اُس وقت سن حضرت ابراہیم کا سو برس تھا
اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت اسمٰعیل حضرت اسحٰق سے قریب چودہ برس کے بڑے تھے پھر دونوں
بھائیوں میں دربارۂ میراث کچھ مباحثہ ہوا اُس وقت حضرت سارہ نے اُن کو نکالنے کو کہا۔
ظاہر ہے کہ یہ سب معاملات ملک شام میں جہاں حضرت اسحٰق تھے واقع ہوئے اور مباحثۂ میراث
تمیز سے ہوتا ہے تو اقل درجہ یہ ہے کہ اُس وقت عمر حضرت اسحٰق کی دس برس رہی ہوگی تو عمر حضرت
اسمٰعیل کی چوبیس ۲۴ برس کی ہوگی توریت کے بیان سے ثابت ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے اپنا
ختنہ کیا اُس وقت ۹۹ برس کا سن اُن کا تھا اور صحیح مسلم میں بروایت ابوہریرہ حدیث مروی ہے
اختتن ابراهيم النبي وهو ابن ثمانين سنة بالقدوم (ترجمہ) ختنہ کیا ابراہیم پیغمبر نے
جب وہ اسی برس کے تھے تبر سے) یہ حدیث مرفوع ہے اور موطا میں حدیث موقوف اُنھیں حضرت ابوہریرہ
سے مروی ہے کہ اُس وقت سن حضرت ابراہیم کا ایک سو بیس برس تھا امام نووی نے شرح صحیح مسلم میں
حدیث صحیح مسلم کی توثیق کی اور حدیث موطا کو لکھا کہ یہ مباول ہے یا مردود میرے نزدیک یہ دونوں
حدیثیں بمخالفت کلام الٰہی بحکم اذا تعارضا تساقطا لائق اعتبار نہیں پیغمبر خدا نے ایسا نہ فرمایا
ہوگا اور یہ کیا معلوم ہے کہ آپ نے بوحی فرمایا یا کس طرح۔ قاضی عیاض نے کہا ہے عصمت انبیاء
صرف تبلیغ احکام میں ضرور ہے اور یہی قول علماء مسیحی کا بھی ہے تو جب انبیاء کی نسبت یہ مباحث ہیں تو
صحابہ و تابعین و تبع تابعین سے امکان خطا میں کیا گفتگو ہے۔ بیانات گزشتہ سے ثابت ہے
کہ حضرت ابراہیم نے جب حضرت ہاجرہ حضرت اسمٰعیل کو مکہ معظمہ پہونچایا وہ شیرخوار نہ تھے۔ اب
ہم یہاں آیت قرآن کو نقل کرتے ہیں جو سورۃ الصافات میں نازل ہے۔ فلما بلغ معه السعي

Marfat.com

قال یابنی انی اریٰ فی المنام انی اذبحک فانظر ماذا تریٰ قال یا ابت افعل ما تؤمر ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین (ترجمہ) پھر جب پہونچا اُس سن کو کہ اُس کے ساتھ کام کرسکے تو کہا اے بیٹا میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ تجھے ذبح کرتا ہوں سو تو کیا کہتا ہے۔ کہا اے باپ مطابق حکم کے کر انشاء اللہ مجھے صابر پائے گا) اس سے ظاہر ہے کہ بوقت قربانی حضرت اسمٰعیل صاحب تمیز تھے اب بحث یہ ہے کہ قربانی اُن کی کہاں ہوئی تھی مکہ میں یا بیت المقدس میں اگر یہ ماجرا بیت المقدس کا ہو تو ظاہر ہے کہ جب حضرت اسمٰعیل مع ہاجر مکہ معظمہ گئے تو شیر خوار نہ تھے اور اگر یہ ماجرا مکہ معظمہ کا ہو جیسا مشہور ہے اور صحیح بھی معلوم ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اُس کبش کے سینگ تا ہنگامہ عبد اللہ ابن زبیر مکہ میں تھے اُس وقت سوخت ہو گئے اور یہ کہتے کہ یہ خواب حضرت ابراہیمؑ نے پہلے دیکھا تو متفکر ہوئے کہ تعبیر اس کی کیا ہے شاید یہ رویا تشبیہی ہو۔ دوسرے دن پھر دیکھا تو پہچانا کہ یہ امر ضروری ہے۔ تیسرے دن ارادہ نحر کیا۔ اس لئے ایام ثلثہ یوم الترویہ و یوم عرفہ و یوم النحر سے مشہور ہیں۔ یہ بھی قرینہ ہے کہ یہ ماجرا مکہ کا ہے۔ ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ حضرت اسمٰعیل جب مکہ پہونچائے گئے شیر خوار نہ تھے۔ چنانچہ آیت گزشتہ سے صاف معلوم ہوتا ہے۔ ترجمہ اُس کا یہ ہے۔ پھر جب پہونچے ابراہیم مع اسمٰعیل مقام سعی میں (یعنی بین المیلین الاخضرین جو درمیان صفا و مروہ کے واقع ہے جہاں حجاج سعی کرتے ہیں) تو کہا ابراہیم نے اے بیٹا میں دیکھتا ہوں خواب میں کہ تجھے ذبح کرتا ہوں سو تو کیا کہتا ہے تو کہا بابا جو حکم ہے سو کیجے میں انشاء اللہ ثابت قدم رہوں گا + سعی کی معنی میں اختلاف ہو گیا۔ جو مفسرین نے تجویز کیا وہ ہمارے خیال سے موافق نہیں قطع نظر رکاکت معنی تاویل سے خالی نہیں۔ بیضاوی میں اُس کا ذکر ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مسجد کعبہ اُس وقت قائم و موجود تھی۔ ارکان حج وہاں ادا ہوتے تھے۔ غالباً یہ خواب حضرت ابراہیم نے اثنائے راہ میں دیکھا ہوگا۔ اب کتاب پیدائش کی ۱۲ باب کے ۱۵ آیت سے نقل کرتے ہیں کہ وہی باعث مغالطہ ہے۔ וַיִּ֛הְיוּ

[illegible]

אֶת הַיֶּלֶד תַּחַת אַחַד הַשִּׂיחִם: וַ
תֵּלֶךְ וַתֵּשֶׁב לָהּ מִנֶּגֶד הַרְחֵק כִּמְ
טַחֲוֵי קֶשֶׁת כִּי אָמְרָה אַל־אֶרְאֶה בְּמ
וֹת הַיָּלֶד וַתֵּשֶׁב מִנֶּגֶד וַתִּשָּׂא אֶ
ת־קֹלָהּ וַתֵּבְךְּ: וַיִּשְׁמַע אֱלֹהִי
ם אֶת־קוֹל הַנַּעַר וַיִּקְרָא מַלְאַךְ
אֱלֹהִים אֶל־הָגָר מִן־הַשָּׁמַ
יִם וַיֹּאמֶר לָהּ מַה־לָּךְ הָגָר אַל־תִּ
ירְאִי כִּי־שָׁמַע אֱלֹהִים אֶל־קוֹ
ל הַנַּעַר וְהַחֲזִיקִי אֶת־יָדֵךְ בּ
וֹ כִּי־לְגוֹי גָּדוֹל אֲשִׂימֶנּוּ:
וַיִּפְקַח אֱלֹהִים אֶת־עֵינֶיהָ וַתֵּ
רֶא בְּאֵר מָיִם וַתֵּלֶךְ
וַתְּמַלֵּא אֶת־הַחֵמֶת מַיִם וַתַּ
שְׁקְ אֶת־הַנַּעַר:

وتحلو ہما لم من ہحیمیث وتشلیخ اث ہیلد تحت احد ہسیحم وتلخ وتیشب لاہ منیغید ہرحق
کمطحوہ قیشث کی آمرا ال اریہ بموث ہیلد وتیشب معید وتسا اب ولاہ وتیبک وتیشمع
الوہیم اث قول ہنعر ویقرا ملخ الوہیم ال ہاعار من ہسامایم ویومر لاہ ملخ ہا عار ال تیری
کی شامع الوہیم اث قول ہنعر کا شرہو شام ۔ قومی سئی اث ہنعر وہحزیقی اث
بادیخ بو کی لغوی گادول اسیمنو ۔ ویفقح الوہیم اث عینیہا وسرء بئیر مایم وتلیخ

Marfat.com

وتملی ات ہحمت مام وتشق ات ہنعر (ترجمہ) جب پانی مشکیزہ کا ختم ہوگیا تو چھوڑ دیا ہاجر نے لڑکے کو ایک بڑے درخت کے پاس ٭ اور چلی گئی اور بیٹھی اُس کے سامنے قریب ایک تیر پرتاب کے فاصلہ پر اس خیال سے کہ لڑکے کو مرتے نہ دیکھے پھر چلا کے رونے لگی ٭ پھر خدا نے اُس جوان کی دعا قبول کی اور پکارا خدا کے فرشتہ نے ہاجر کو آسمان سے اور کہا اُس سے کیا ہے ہاجر مت ڈر خدا نے اُس جوان کی دعا قبول کی ٭ اُٹھ اُس جوان کو اُٹھا اور اپنا ہاتھ اُس کے ساتھ محکم کر کہ اُسے ہم بڑی قوم کریں گی ٭ پھر خدا نے اُس کی آنکھیں کھول دیں تو کنواں نظر پڑا پھر تو جا کے مشکیزہ بھر لیا اور جوان کو پلایا ٭ اس ترجمہ میں ہم نے تین لفظوں میں مشہور کے خلاف کیا ہے ותשלך את הילד تشلیخ اس کے مشہور معنی ہیں پٹک دیا جس سے سمجھا جاتا ہے کہ حضرت اسمٰعیل چھوٹے ہاجر کی گود میں تھے اُنھوں نے پٹک دیا۔ چونکہ یہ واقع کے خلاف تھا اس لئے ہم نے اس کا ترجمہ چھوڑ دیا کیونکہ یہ معنی بھی آئے ہیں۔ למה עזבתני یعنی خدا نے چھوڑ دیا۔ دوسرے لفظ קול قول ہے مشہور معنی اس کے آواز ہیں اور ہم نے اُس کا ترجمہ دعا کیا ہے۔ ایسا ہی ربی اسحٰق نے بھی تفسیر کی ہے۔ تیسری لفظ נער نعر ہے اس کا ترجمہ ہم نے جوان کیا ہے اور یہ اس معنی میں کثیر الاستعمال ہے اور ترجمہ مشہور اُس کا لڑکا ہے۔ اس معنی میں بھی یہ لفظ آتے ہیں لیکن الفاظ مذکورہ کے ایسے ترجمہ سے لوگ سمجھتے ہیں کہ حضرت اسمٰعیل شیر خوار تھے۔ لیکن ہمارے ترجمہ سے اس کے خلاف ثابت ہوتا ہے اور اُسی بنا پر یہ قول ابن عباس کا ہے جو صحیح بخاری میں مروی ہے جس کو ہم نے شروع کتاب میں ذکر کیا ہے۔ پس حقیقت الحال یہ ہے کہ حضرت ابراہیم نے ہاجر و اسمٰعیل کو مقام صفا و مروہ تک پہونچا کے تکملہ قربانی کر کے شام کو لوٹ گئے۔ اُس کے بعد پانی جو مشکیزہ میں تھا ختم ہوگیا۔ اُس وقت گو مسجد کعبہ قائم تھی لیکن وہاں آبادی نہ تھی۔ قبیلہ جرہم و حمیر اطراف کے پہاڑوں میں رہتا تھا۔ ایام حج میں لوگ جمع ہو جاتے تھے جو حال اب منا کا ہے وہی حال تھا اور جب لوگ اپنے اپنے مقام پہ چلے جاتے تھے تو زمزم کو بند کر دیتے تھے۔ اس لئے ہاجر کو پانی نہیں ملتا تھا پھر جب فرشتہ نے پانی تک پہونچا دیا تو تکلیف رفع ہوئی۔ مسعودی نے اپنی

Marfat.com

تاریخ میں لکھا ہے کہ حضرت اسمٰعیل کا سن اُس وقت سولہ ۱۶ برس کا تھا قال اللہ تعالےٰ اِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ۝ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ رَبَّنَا اِنِّيْ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ۝

(**ترجمہ**) یاد کر جب کہا ابراہیم نے اے میرے مالک اس شہر کو جائے امن کر اور بچا مجھکو اور میرے لڑکوں کو بت پرستی سے ۞ اے مولا اُن سبھوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کیا پس جو شخص میری اتباع کرے وہ میرا ہے اور جو نافرمانی کرے تو تو غفور رحیم ہے۔ اے میرے مالک میں نے بسائی اپنی اولاد بے پیداوار میدان میں تیرے محرم گھر کے پاس تاکہ نماز پڑھا کریں تو لوگوں کے دلوں کو اُن کی طرف مائل کر اور اُن کو میوے کھلا کہ وہ شکر کریں۔

واضح ہو کہ آیت نمبر ایک اولاد اسحٰق کے حق میں ہے ھذا البلد اُس پر قرینہ ہے کیونکہ جہاں حضرت ابراہیم و اسحٰق کی سکونت تھی وہ مقام سیر حاصل تھا مکہ معظمہ میں اُس وقت آبادی نہ تھی اُس پر اطلاق بلد بے محل ہے۔ دوسری جگہ کہا ہے رب اجعل ھذا بلدًا آمنًا یہ مکہ کی شان میں ہے کیونکہ وہ اُس وقت آباد نہ تھا۔ لہذا اُس کے آبادی کی بھی دعا کی ہے۔ ملک شام میں چند مقام تھے جہاں خوں ریزی حرام تھی۔ اُن میں سے بیت المقدس بھی ہے اور آیت نمبر ۲ میں اُن روحانیات کی طرف اشارہ جن کی پرستش شائع تھی۔ اصنام سے وہی شیاطین مراد ہیں۔ آیت نمبر ۳ میں دعا ہے اولاد اسمٰعیل اور خود اسمٰعیل کے حق میں پس عند بیتک المحرم صاف دلالت کرتا ہے کہ اُس وقت مسجد کعبہ تیار تھی جہاں حضرت ہاجرہ و اسمٰعیل ٹھہرائے گئے اور غرض یہی لیقیموا الصلوٰۃ سے مصرح ہے۔ بعض روایات حدیث میں آیا ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے ہاجرہ اور اسمٰعیل کو مکہ میں پہونچا کے معاودت کی تو جب ثنیہ کے پاس پہونچے تو آیت نمبر ۳ گزشتہ پڑھی۔ بیضاوی میں لکھا ہے کہ اس کو بیت العتیق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ صدمہ

Marfat.com

طوفان سے محفوظ رہا علاوہ بریں ہابیل قابیل کے قصّہ سے جو توارات و قرآن میں یکساں مذکور ہے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت آدم پر قربانی فرض تھی اور اُس وقت سے تا زمانہ موسیٰ علیہ السلام ایک مذبح جو بمنزلہ مسجد ہوتا ہے بنالی تھی اور توارات کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ نماز بھی حضرت آدم علیہ السّلام پر بعد پیدائش انوش اُن کے پوتے کے فرض ہوئی۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ حضرت آدم نے کوئی مسجد ادائے فرائض کے لئے بنائی ہوگی پھر جب قرآن میں وارد ہے کہ

اِنَّ اَوَّلَ بَیۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیۡ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّ هُدًی لِّلۡعٰلَمِیۡنَ

تو اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ یہ مسجد حضرت آدمؑ کے وقت میں بنی کیونکہ اگر یہ مسجد حضرت ابراہیم کے وقت میں بنی ہو پہلے سے نہ رہی ہو تو لازم ہو کہ یہ اول بیت نہ رہے کیونکہ قبل پیدائش حضرت ابراہیمؑ کے بت خانہ آذر موجود تھا جو اُن کا معبد تھا اور بموجب اصول اصنام پرستان معابد مثل مساجد سب کے لئے ہوتے ہیں وہ بھی عام وضع للناس ہوتے ہیں اس لئے کعبہ اول معابد نہ رہے گا۔ توارات کے اول میں ایک بڑے منارہ کا ذکر ہے وہ مندر تھا شمس کا گو اُس میں رصد بھی کرتے تھے وہ حضرت ابراہیمؑ کے زمانہ سے پہلے تھا۔ اب میں ایک حدیث صحیح نقل کرتا ہوں۔ صحیح مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ آنحضرت نے بروز فتح مکہ فرمایا ان ھذا البلد حرمہ اللہ یوم خلق السموات والارض فھو حرام بحرمہ اللہ الی یوم القیمہ اس حدیث سے ثابت ہے کہ مکہ حضرت ابراہیم سے پہلے حرم تھا۔ اس کا کچھ بحث امام نووی نے صحیح مسلم کی شرح میں کیا ہے۔ علاوہ بریں توارات میں لکھا ہے کہ جب نوح علیہ السّلام کشتی سے اُترے تو انھوں نے ایک مذبح بنایا۔ معبد اُس وقت مذبح کہلاتا تھا۔ کیونکہ عام عبادت اُس زمانہ میں قربانی تھی اور اب چونکہ عام عبادت نماز ہے اس لئے معبد کو مسجد کہتے ہیں تو اگر بنا رکعبہ اس سے پہلے نہ ہو تو وہ اوّل بیت نہ رہے۔ علاوہ بریں سام بن نوح کو توارات میں لکھا ہے کہ وہ علیون کے معبود کے امام تھے علیون عبرانی میں نام ہے حجاز کا عربی میں اُس کا نام عالیہ بھی ہے یہ ترجمہ علیون ہے۔

Marfat.com

الغرض بہت علامات و دلائل سے ثابت ہے کہ یہ مسجد حضرت آدم کے وقت میں بنی اور جب وہاں مسجد بنی ہوگی تو کنواں بھی ضرور کھودا گیا۔ اس لئے زمزم بھی بہر قدیم ہے۔ علاوہ بریں عبداللہ ابن عباس سے حدیث مرفوع مروی ہے۔ نزل الحجر الاسود من الجنۃ اس سے سمجھا جاتا ہے کہ یہ پتھر احجار جنت سے ہے تو غالباً اُسے حضرت آدم مسجد میں لگانے کے لئے لائے ہونگے۔ امام نووی نے صحیح مسلم کی شرح میں لکھا ہے کہ علماء نے بیان کیا کہ کعبہ پانچ مرتبہ بنایا گیا۔ پہلی ملائکہ نے بنایا یہ حضرت آدمؑ کے وقت میں ہوا ہوگا۔ اور بناء ابراھیمی کو اُس کے بعد لکھا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ اب یہاں ہم وہ حدیث مناسب مقام نقل کرتے ہیں جو صحیح بخاری میں مروی ہے۔ قال ابن عباس اول ما اتخذ النساءُ المنطق من قبل ام اسمٰعیل اتخذت منطقاً لتعفی اثرھا وتحوہ علی سارۃ ثم جاء بھا ابراھیم وما بنہا اسمٰعیل وھی ترضعہ حتی وضعہما عند دوحۃ فوق زمزم فی اعلی المسجد ولیس بمکۃ یومئذٍ احد ولیس لھا ماء فوضعھما ھنالک ووضع عندہما جراباً فیہ تمر وسقاءً فیہ ماء ثم قفی ابراھیم منطلقا فتبعتہ ام اسمٰعیل فقالت لہ یا ابراھیم این تذھب وتترکنا بھذا الوادی لیس فیہ انس ولا شئ فقالت لہ ذلک مراراً وجعل لا یلتفت الیھا فقالت لہ اللہ الذی امرک بھذا قال نعم قالت اذاً لا یضیعنا ثم رجعت فانطلق ابراھیم اذا کان عند الثنیۃ حیث لا یرونہ استقبل بوجھہ البیت ثم دعا بھؤلاء الکلمات ورفع یدیہ فقال رب انی اسکنت من ذریتی بواد غیر ذی زرع عند بیتک المحرم حتی بلغ یشکرون وجعلت ام اسمٰعیل ترضع اسمٰعیل وتشرب من ذلک الماء حتی اذا نفد عطشت وعطش ابنھا وجعلت ینظر الیہ یتلوی فانطلقت کراھیۃ ان ینظر الیہ فوجدت الصفا اقرب جبل فی الارض یلیھا فقامت علیہ ثم استقبلت الوادی تنظر ھل تری احداً فلم تر احداً۔ فھبطت من الصفا

Marfat.com

حتے اذا بلغت الوادی رفعت طرف درعها ثم سعت سعی الانسان المجهود حتے جاوزت الوادی ثم اتت المروۃ فقامت علیها ونظرت هل تری احدا فلم تری احداً ففعلت ذلک سبع مرات قال ابن عباس قال النبی صلعم فذلک سعے الناس بینهما فلما اشرفت علی المروۃ سمعت صوتاً فقالت له ثم سمعت فسمعت ایضاً فقالت قد اسمعت ان کان عندک غواث فاذا هی بالملک عند موضع زمزم فبحث بعقبه حتے ظهر الماء فجعلت تحوضه وتقول بیدها هکذا وجعلت تغرف من الماء فی سقائها وهو یفور بعد ما تغرف قال ابن عباس قال النبی صلعم یرحم الله ام اسمٰعیل لو ترکت زمزم لکانت زمزم عیناً معیناً قال فشربت وارضعت ولدها فقال لها الملک لا تخافوا الضیعة فان هنا بیت الله یبنی هذا الغلام وابوه وان الله لا یضیع اهله وکان البیت الحرام مرتفعا من الارض کالرابیة۔ (الحدیث) (**ترجمہ**) کہا ابن عباس نے عورتوں نے پٹکا اوّلاً ام اسمٰعیل سے سیکھا۔ اُس نے پٹکا بنایا اپنے قدم کے نشان مٹانے کے لئے بوجہ سارہ کے پھر لائے اُسے ابراہیم مع اُس کے لڑکے اسمٰعیل کے اور وہ اُسے دودھ پلاتی تھی۔ یہاں تک کہ اُتارا اُن کو ایک بڑے درخت کے نیچے زمزم پر فراز مسجد میں اور مکہ میں اُن دنوں کوئی نہ تھا اور نہ پانی تھا وہیں اُن دونوں کو اُتارا اور رکھدیا اُن کے پاس ایک تھیلا جس میں خرما تھا اور ایک مشکیزہ پانی پھر لوٹے ابراہیم تو پیچھے لگی اُس کے ام اسماعیل اور کہا اے ابراہیم کہاں جاتا ہے اور چھوڑتا ہے اس میدان میں نہ جہاں آدمی ہے نہ کوئی چیز۔ یہ بات کئی مرتبہ کہی پر ابراہیم کچھ التفات نہ کرتے تھے تو ہاجر نے کہا کیا اللہ نے تجھے ایسا فرمایا ہے کہا ہاں تو ہاجر نے کہا وہ ہم کو کھونہ دے گا اور لوٹی۔ تب روانہ ہوئے ابراہیم یہاں تک کہ پہونچے ثنیہ کے پاس (ثنیہ اعلائے مکہ کا نام ہے جسے کدار کہتے ہیں وہاں مقبرہ اہل مکہ کا ہے اسی کو حجون کہتے ہیں) جہاں سے اُسے وہ دیکھتے نہ تھے متوجہ ہوئے کعبہ کی طرف اور ہاتھ اُٹھاکے یہ دعا کی۔ اے میرے مالک میں نے بسایا اپنی بعض اولاد کو وادی غیر ذی زرع میں (وادی غیر ذی زرع ایسی زمین ہے

Marfat.com

جس میں پیداوار نہ ہو) تیرے پاک گھر کے پاس۔ یشکرون تک ام اسماعیل اسماعیل کو دودھ پلاتی تھی اور اُس پانی سے پانی پیتی تھی۔ جب پانی ختم ہوگیا تو پیاسی ہوئی اور اُس کا لڑکا بھی پیاسا ہوا۔ اُسے دیکھتی تھی کہ تلملاتا تھا تو وہاں سے چل دی کہ ویسا اُسے دیکھنا جبر تھا تو کوہ صفا کو قریب پایا اُس پر جا کھڑی ہوئی اور وادی کی طرف تکنے لگی کہ شاید کوئی نظر پڑے لیکن کوئی نظر نہ آیا تو صفا سے اُتری پھر جب وادی میں پہونچی تو دامن ٹونگ کے تیز چلی یہاں تک کہ وادی سے بڑھکر مروہ تک پہونچی تو اُس پر کھڑی ہوئی اور تکنے لگی کہ کوئی نظر پڑے لیکن کوئی نظر نہ آیا۔ ایسا ہی سات مرتبہ کیا۔ ابن عباس نے کہا کہ آنحضرت نے فرمایا کہ وہی سعی ہے جو لوگ صفا و مروہ میں کرتے ہیں۔ پھر جب چڑھ گئی مروہ پر تو ایک آواز سُنی تو کہا رہو تو پھر خوب سنا تو پھر بھی سُنا تو کہا کہ کچھ مدد کر تو یکایک فرشتہ موضع زمزم کے پاس تھا تو کھودا اُس نے ایڑی سے یہاں تک پانی ظاہر ہوا۔ تو ہاجرہ اُسے گھیرنے لگی اور چلو چلو مشکیزہ میں بھرنے لگی اور پانی بڑھتا جاتا۔ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ رحم کرے خدا ام اسمٰعیل پر اگر چھوڑ دیتی زمزم کو تو وہ جاری چشمہ ہوجاتا تو ہاجرہ نے پیا اور لڑکے کو دودھ پلایا۔ تب کہا فرشتہ نے تم لوگ ہلاکت کو مت ڈرو یہاں خدا کا گھر ہے جسے یہ گبھرو بنائے گا اور اُس کا باپ اور خدا وہاں کے لوگوں کو ضائع نہ کرے گا اور تھا بیت حرام زمین سے اونچا ٹیلی کی طرح)۔

اس حدیث سے یہ ثابت ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے ہاجرہ و حضرت اسمٰعیل کو مکہ لے گئے تو مسجد مکہ تھی لیکن اُس وقت وہاں آبادی نہ تھی لوگ حج کر کے چلے گئے تھے اور حضرت اسمٰعیل شیر خوار نہ تھے کیونکہ غلام کا اطلاق شیر خوار پر ثابت نہیں ہوتا لیکن جو کچھ خلاف ہے وہ یہ ہے کہ دودھ پلانے کا لفظ اس میں ہے لیکن اگر رضاعت سے مراد مطلق پلانا ہو تو معنی درست ہوجائیں گے اگرچہ یہ تاویل بعید ہے یا لفظ رضاعت غلط راوی ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔ **حدیث دوم** یہ حدیث ابوذر سے مروی ہے۔ فرمایا ابوذر نے قلت یا رسول ای مسجدٍ وضع فی الارض اوّلاً قال المسجد الحرام قال قلت ثم ای قال المسجد الاقصیٰ قلت یا رسول اللہ کم بینہما قال اربعون سنة (**ترجمہ**) ابوذر نے کہا میں نے کہا اے رسول اللہ کون مسجد پہلے دنیا میں قائم ہوئی کہا مسجد حرام (یعنی کعبہ) کہا ابوذر نے میں نے کہا پھر کون کہا مسجد اقصیٰ

Marfat.com

(یعنی بیت المقدس) کہا میں نے اے رسول اللہ اُن میں کیا تفاوت ہی۔ کہا چالیس برس) ابن ہشام نے کتاب التیجان میں لکھا ہی جب آدمؑ نے مسجد کعبہ بنائی تو اُن کو حکم ہوا بیت المقدس جانے کا اور وہاں مسجد بنانے کا تو اُنھوں نے تعمیل حکم کیا۔ فافہم۔ یہاں ہم کو ایک بحث اور بھی کرنا ہی کہ قربانی حضرت اسمٰعیل کی ہوئی یا حضرت اسحٰق کی۔ یہودی کہتے ہیں کہ حضرت اسحٰق کی قربانی کا حکم ہوا تھا چنانچہ بموجب حکم الٰہی حضرت ابراہیم اُن کو کوہ موریا پر قربانی کے واسطے لے گئے۔ پھر جب حکم آگیا تو بعوض اُن کے بزکوہی کو قربان کیا۔ یہ قصہ تورات میں بہ تصریح مذکور ہے نام بھی اسحٰق مسطور ہی اور قرآن میں نہیں ہی لیکن سیاق کلام دلالت کرتا ہی کہ مراد اسمٰعیل ہو۔ چنانچہ اکثر مسلمانوں کا یہی عقیدہ ہی لیکن بعض بعض کہتے ہیں کہ وہاں مراد اسحٰق ہیں میرے نزدیک یہ ماجرا دونوں صاحبوں کے ساتھ گزرا۔ پہلے یہ واقعہ حضرت اسمٰعیلؑ کے ساتھ بذریعہ خواب کے پیش آیا پھر بعد اُس کے حکم صریح نسبت اسحٰقؑ کے آیا۔ چونکہ تورات حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی تو اُن کے مورث کا واقعہ اُس میں بیان ہوا اور قرآن میں جو حضرت محمد مصطفےٰ صلعم پر نازل ہوا اُس میں واقعہ اسمٰعیل کا نزول ہوا۔ اسی وجہ سے آپ نے فرمایا انا ابن الذبیحین مراد اُس سے حضرت اسمٰعیل و حضرت اسحٰق ہیں کیونکہ حضرت عبد اللہ آپ کے والد ماجد کی مذبوحی منصوص نہیں بعض روایات میں اسحٰق ذبیح اللہ بھی آیا ہی۔ اب ہم رجوع کرتے ہیں حضرت ابراہیم کے قصہ کی طرف جسے چھوڑ آئے ہیں۔ تورات باب پندرہ آیت پانچ میں لکھا ہے:

וַיּוֹצֵא אֹתוֹ הַחוּצָה וַיֹּאמֶר הַבֶּט־נָא
הַשָּׁמַיְמָה וּסְפֹר הַכּוֹכָבִים
אִם־תּוּכַל לִסְפֹּר אֹתָם וַיֹּאמֶר
לוֹ כֹּה יִהְיֶה זַרְעֶךָ׃

ویوصی اوتو ہحوصا ولومر ھبطنا ہشامائیما وسفور ھکوخابیم ام توخل سپور اوتام ولومرلو کوہی ارعیخا (ترجمہ) پھر نکالا اُسے باہر اور کہا آسمان پر نظر ڈالو اور گنو

Marfat.com

شمار کرو اگر اُن کو گن سکو۔ پھر کہا کہ اسی قدر تمھاری اولاد ہوگی)۔ ربی اسحٰق نے اس کی تفسیر میں لکھا ہی کہ ظاہر معنی تو اس کے یہ ہیں کہ ابراہیم کو اُن کے کمرہ سے باہر نکالا اور علما کبار اس کے معنی یہ کہتے ہیں کہ ابراہیم کو باہر نکالا کہ اوضاع فلکی کو دیکھ کے استنباط اپنی اولاد کا کریں یعنی اُن کو اوضاع فلکی کا علم عطا ہوا اور تیسرے معنی اس کے یہ لکھے ہیں کہ اُس کو خصائص جسمانی سے منسلخ کیا تاکہ تجرد تام جملہ اشیا اُس پر آشکار ہو جائیں اِس طرف اشارہ ہی کلام مجید میں كَذَٰلِكَ نُرِي إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ پھر حکم ہوا :

9
וַיֹּאמֶר אֵלָיו קְחָה לִי עֶגְלָה
מְשֻׁלֶּשֶׁת וְעֵז מְשֻׁלֶּשֶׁת וְאַיִל
מְשֻׁלָּשׁ וְתֹר וְגוֹזָל׃ וַיִּקַּח־לוֹ אֶ
ת־כָּל־אֵלֶּה וַיְבַתֵּר אֹתָם בַּתָּוֶךְ
וַיִּתֵּן אִישׁ־בִּתְרוֹ לִקְרַאת ם
רֵעֵהוּ וְאֶת־הַצִּפֹּר לֹא בָתָר׃
וַיֵּרֶד הָעַיִט עַל־הַפְּגָרִים וַיַּשֵּׁב אֹ
תָם אַבְרָם׃ וַיְהִי הַשֶּׁמֶשׁ לָבוֹא
וְתַרְדֵּמָה נָפְלָה עַל־אַבְרָם
וְהִנֵּה אֵימָה חֲשֵׁכָה גְדֹלָה נֹ
פֶלֶת עָלָיו׃

ولومرایلا وقحالی عجلا مثلشت وعز مسلست وائل مثلاس وتور وعوزال ولیقح لو اِث کل ایلہ وتبیر اوتام ساوح وتیّن الش تیرو لقرات رعیہو واث ہصبور لو باتار ویرد ہا رعیط عل ہپغارم وشیب اوتام ابرام وہی ہشمس لالو وترد یما نافلا عل ابرام دہنہ ایما حشو خا گدو لا لو حلت علاو

Marfat.com

(ترجمہ) ابراہیم سے خدا نے کہا کہ لے میرے لئے تین بچھیاں اور تین بکرے اور تین بزکوہی اور یعنی اُس کا بچہ ۔ تب لیا ابراہیم نے یہ سب اور اُن کو چیر ڈالا پھر ٹکڑوں کو ملا دیا لیکن چڑیوں کو نہیں چیرا ۔ پھر اُن میتہ پر چیلیں گرنے لگے جسے ابراہیم اُڑاتے تھے ۔ جب سورج طلوع ہونے لگا تو ابراہیم پر بخت نیند غالب ہوئی اور ایک ہولناک تاریکی چھاگئی) **تفسیر** اس کی یہ ہے کہ حضرت ابراہیم کو حکم ہوا کہ ملک شام میں نے تمھاری اولاد کو دیا حضرت ابراہیم نے کہا کہ کون ایسا عمل ہے جس سے اس کی اُمید ہے تب اُن کو قربانی کا حکم ہوا کہ تین بچھیاں تین بکری تین بزکوہی اور کبوتر ہمارے لئے ذبح کرو یہ سب جانور شمار میں دس تھے ۔ اس سے اشارہ تھا کہ اقوام عشرہ جو ملک شام میں رہتے تھے سب کو مع اُس ملک کے تمھاری اولاد کو میں دوں گا ۔ انہیں جانوروں کی شان کی پرستش وہ کرتے تھے اقوام مذکورہ یہ تھیں جن کی حکومت اُس ملک میں تھی : قینی[1]، قنزی[2]، قدمونی[3]، حتی[4]، پرزی[5]، رفائم[6]، اموری[7]، کنعانی[8]، گرگاشی[9]، یبوسی[10] ۔ قینی اولاد قابیل سے تھے ۔ قابیل کا نام عبرانی قین ہے چنانچہ پیدائش باب پندرہ[15] کی آیت اٹھارہ[18] سے اکیس[21] تک اس کا بیان ہے ۔ ان آیات میں رموز بھی ہیں یہود اپنی تفاسیر میں لکھتے ہیں کچھ ہم کو بھی بیان کرنا مناسب ہے ۔ واضح ہو کہ ۱۱ آیت میں زمانہ بخت نصر کا بیان ہے چیل یہ ایک جانور بے حد موذی ہوتا ہے ۔ بخت نصر بت پرست ظالم تھا اُس کے زمانہ تک بیت المقدس قائم تھا قربانی وہاں ہوتی تھی ۔ اُسی کے زمانہ میں اُس مسجد کے اسباب لوٹے و جلائے گئے اور بنی اسرائیل اسیر ہو گئے اُن کا تمام ملک بت پرستوں کے قبضہ میں آگیا ۔ ستر برس تک بنی اسرائیل اسیری میں رہے اور ابراہیم کے اُڑانے سے مقصود یہ ہے کہ پھر بیت المقدس آباد ہو گا اور قربانی جاری ہو گی چنانچہ حضرت عزرا کے زمانہ میں واقع ہوا حضرت اشعیا نے ۴۶ باب کی ۹ آیت سے اس کی تفسیر کر دی ہے ۔

זִכְרוּ רִאשֹׁנוֹת מֵעוֹלָם כִּי אָנֹכִי
אֵל וְאֵין עוֹד אֱלֹהִים וְאֶפֶס כָּמוֹנִי

Marfat.com

כָּמוֹנִי : מַגִּיד מֵרֵאשִׁית אַחֲרִ
ית וּמִקֶּדֶם אֲשֶׁר לֹא־נַעֲ
שׂוּ אֹמֵר עֲצָתִי תָקוּם וְכָל
חֶפְצִי אֶעֱשֶׂה : קֹרֵא מִמִּזְרָח
עַיִט מֵאֶרֶץ מֶרְחָק אִישׁ עֲצָ
תִי אַף־דִּבַּרְתִּי אַף־אֲבִיאֶנָּה
יָצַרְתִּי אַף אֶעֱשֶׂנָּה : שִׁמְעוּ
אֵלַי אַבִּירֵי לֵב הָרְחוֹקִים מִ
צְּדָקָה : קֵרַבְתִּי צִדְקָתִי לֹא תִ
רְחָק וּתְשׁוּעָתִי לֹא תְאַחֵר וְ
נָתַתִּי בְצִיּוֹן תְּשׁוּעָה לְיִשְׂרָאֵ
ל תִּפְאַרְתִּי :

رحرو ریشونوث معولام کی انوحی ال واین عود الوہیم وافس کامونی مگید مریسیت احریث ومقدم اشرلونعسوا ومیرعصانی ماقوم وحل حفصی اعسہ قورہ ممزراح عیط مارص مرحان ایش عصانی اف دبرتی اف ابیانہ یاصرتی اف اعسنا شمواِیلای ابیری لیب ہرحوقیم مصداقا قیرمبی صدقاتی لوترحاق وتشوعاتی لوتاحرومانتی لصیون تشوعا لیسرائیل تفارتی ۔ (ترجمہ) یادکرو ابتدا راموں کو کہ میں ہی قوی ہوں اور دوسرا معبود نہیں اور نہ کوئی مجھسا ہے ÷ پہلے ہی اخیر کی خبر دینے والا جو چیز ہنوز کی نہیں گئی پہلے ہی کہہ دیتا ہوں میری تجویز قائم رہتی ہے۔ اپنے جملہ ارادات کو کرتا ہوں بلاؤں گا پورب سے چیلہ فاصلہ بعید سے اپنی تجویز کا شخص جو کہا میں نے اب لاؤں گا جو تجویز کی میں نے۔ اب کروں گا اسے ÷ سنو ہماری اے سنگدلو، صداقت سے دور ہمارا صدق قریب ہوا ہے توقف نہ ہوگا۔ ہماری نجات میں تاخیر نہ ہوگا

Marfat.com

کو وہ بیت المقدس کو چھوڑ دیں گے ہم اور بنی اسرائیل کو زینت دیں گے ہم) جو گیارہویں آیت گزشتہ میں بالاجمال مرموز تھا وہ یہاں بالتفصیل مذکور ہے۔ حضرت اشعیا و ارمیا وغیرہ بخت نصر کے زمانہ سے عزرا کے زمانہ تک کی خبر دیتے ہیں فتدبر۔ اب ہم ۱۲ آیت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ ظاہر آیت تو یہی ہے کہ صبح ہونے سے پہلے حضرت ابراہیمؑ پر نیند غالب ہوئی یعنی جب کچھ رات باقی تھی اور اُس وقت ایک ہولناک ظلمت چھا گئی۔ شمس سے جو اس آیت میں ہے مراد ذات بابرکات سرور کائنات ہے۔ چنانچہ دانیال کی کتاب سے ہم نے نقل کیا ہے کہ فرشتے نے آپ کے زمانہ کو صبح سے بیان کیا ہے۔ مقصود آیت یہ ہے کہ بسبب غفلت اولاد ابراہیم جب تمام دنیا میں ضلالت پھیل جائے گی پیغمبر آخر الزماں پیدا ہونگے۔ حضرت ابراہیمؑ پر غلبۂ نوم سے مراد اُن کے اولاد کی غفلت ہے اور ظلمت سے مقصود ضلالت ہے یعنی قبل بعثت خاتم الانبیاء اولاد ابراہیم اسمٰعیل کی ذریات ہوں یا اسحٰق کی سب میں غفلت کا استیلا ہوگا جس سے تمام ملک میں گمراہی پھیل جائے گی۔ کیونکہ نبوت و ہدایت خاندان ابراہیم میں تھی یہ قریب اُس کے ہے جو خواب دانیال میں گزرا۔ اس باب کے ۱۷ آیت میں بھی ایسا ہی بیان ہے۔ وہ یہ ہے ؎

ויהי השמש באה ועלטה היה
והנה תנור עשן ולפיד אש
אשר עבר בין הגזרים האלה:

وہی ہشمش بانا وعلاطا ہایا وہنہ مورعاشان ولپید ایش اشرعابر بین ہگزارم ہااملی + (ترجمہ) جب سورج طلوع کرے گا بوقت ظلمت تو تنور دخاں اور شعلہ آتش گزرے گا اُن کشتوں میں) اوپر بیان ہو چکا ہے کہ جانوران کشتہ سے مراد اقوام بت پرست ہیں۔ مقصود آیت یہ ہے کہ بوقت ضلالت و کمال جہالت جب خلیفۃ الزماں پیدا ہوگا تو حکم جہاد کفار کے لئے جاری ہوگا۔ "متنور دخاں وشعلہ آتش" سے مقصود شمشیر برّاں دسنان و سہام ہیں اور نیز مقصود نور ایمان ہے۔ یہ سب کچھ آنحضرت کے وقت میں پورا ہوا۔ اُس

Marfat.com

ملک میں بت پرستی کا نام نہ رہا سب مسلمان ہو گئے اور جو یہود و نصاریٰ مسلمان نہ ہوئے وہ بہت سنبھل گئے۔ واضح ہو کہ זרח بانا صفت مشبہ ہے ماضی نہیں ہے اور واو جو اوّل آیت میں ہے زمانی ہے اور دوسرا واو حالیہ ہے اور تیسرا محل جزا میں یہاں سورج سے مقصود کوکب نہیں ہو سکتا کیونکہ اُس کے طلوع کے وقت ظلمت نہیں ہوتی تو بالضرور اُس سے کوئی ہادی و رہنما مراد ہو۔ حضرت موسیٰ تو مراد نہیں ہو سکتے کیونکہ زمانہ بخت نصر تک کا حال ۱۱ آیت تک ختم ہو گیا اور حضرت موسیٰ اُس سے پہلے تھے اور نیز ۱۳ آیت سے ۶ تک خاص بنی اسرائیل کا ذکر ہے جس میں حضرت موسیٰ و ہارون بھی ہیں زمانہ موسیٰ سے تا زمان سلیمان علیہ السلام شریعت موسوی خوب جاری تھی اُس پر اطلاق ظلمت نہیں ہو سکتا۔ ہاں بعد سلیمان علیہ السلام کے ظلمت و ضلالت شروع ہوئی تو گو ظلمت چھا گئی تھی لیکن انبیاء ہوتے جاتے تھے جو شریعت موسوی بموجب ہدایت کرتے تھے۔ حضرت عزرا کے وقت میں گو بیت المقدس آباد ہوا لیکن قلوب بنی اسرائیل اُن عیوب سے پاک نہ ہوئے جو منشاء غضب الٰہی تھے۔ یہاں تک کہ زمانہ حضرت مسیح کا آیا مگر وہ صاحب شریعت نہ تھے۔ لہٰذا اس شمس سے مقصود آنحضرت ہیں کُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ۔ حضرت ابراہیم کے زمانہ سے اس گروہ حق پژوہ کا انتظار تھا

یارب صل وسلم دائما ابدا علی نبیک خیر الخلق کلہم

جس طرح شمس سے عالم اجسام منور ہوتا ہے اُسی طرح ذات سراسر خیر و برکات سے نفوس انسانی نورانی ہوئے اور ہوتے جاتے ہیں۔ اس لئے شمس سے جو اس آیت میں کنایہ ہوا مناسب ہے علاوہ بریں حضرت آمنہ سے روایت ہے کہ بوقت ولادت آپ کے ایسی روشنی ہوئی کہ ملک شام کی پہاڑیاں مجھے نظر پڑیں۔ چنانچہ حدیث صحیح میں آیا ہے کہ آپ نے فرمایا میں دعا ہوں ابراہیم کی اور بشارت عیسیٰ کی اور جو دیکھا میری ماں نے یا کے دیکھنے سے مقصود وہ روشنی ہے جو حضرت آمنہ نے بوقت ولادت دیکھی تھی۔ اب ہم یہاں حضرت ارمیا کی چند آیت ۱۲ باب کی نقل کرتے ہیں جو مناسب مقام ہے۔

Marfat.com

עָזַבְתִּי אֶת-בֵּיתִי נָטַשְׁתִּי אֶת-נַ
חֲלָתִי נָתַתִּי אֶת-יְדִדוּת נַפְשִׁי בְּכַף
אֹיְבֶיהָ: הָיְתָה-לִּי נַחֲלָתִי כְּאַרְיֵה
בַיָּעַר נָתְנָה עָלַי בְּקוֹלָהּ עַל-כֵּן שְׂ
נֵאתִיהָ: הַעַיִט צָבוּעַ נַחֲלָתִי לִי
הַעַיִט סָבִיב עָלֶיהָ לְכוּ אִסְפוּ כָּל
חַיַּת הַשָּׂדֶה הֵתָיוּ לְאָכְלָה: רֹעִ
ים רַבִּים שִׁחֲתוּ כַרְמִי בֹּסְסוּ אֶת
-חֶלְקָתִי נָתְנוּ אֶת-חֶלְקַת חֶמְ
דָּתִי לְמִדְבַּר שְׁמָמָה: שָׂמָהּ לִשְׁמָמָה אָ
בְלָה עָלַי שְׁמֵמָה נָשַׁמָּה כָּל-הָאָ
רֶץ כִּי אֵין אִישׁ שָׂם עַל-לֵב:
עַל-כָּל-שְׁפָיִם בַּמִּדְבָּר בָּאוּ שֹׁ
דְדִים כִּי חֶרֶב לַיהוָה אֹכְלָה מִ
קְצֵה-אֶרֶץ וְעַד-קְצֵה הָאָרֶץ
אֵין שָׁלוֹם לְכָל-בָּשָׂר: זָרְעוּ חִ
טִּים וְקֹצִים קָצָרוּ נֶחְלוּ לֹא יוֹ

Marfat.com

עִלוּ וּבֹשׁוּ מִתְּבוּאֹתֵיכֶם
מֵחֲרוֹן אַף־יְהוָה׃ ١٤ כֹּה אָמַר יְה
וָה עַל־כָּל־שְׁכֵנַי הָרָעִים הַנֹּגְעִים בַּ
נַּחֲלָה אֲשֶׁר־הִנְחַלְתִּי אֶת־עַ
מִּי אֶת־יִשְׂרָאֵל הִנְנִי נֹתְשָׁם מֵ
עַל אַדְמָתָם וְאֶת־
בֵּית יְהוּדָה אֶתּוֹשׁ מִתּוֹכָם׃
١٥ וְהָיָה אַחֲרֵי נָתְשִׁי אוֹתָם אָ
שׁוּב וְרִחַמְתִּים וַהֲשִׁבֹתִ
ים אִישׁ לְנַחֲלָתוֹ וְאִישׁ לְאַרְ
צוֹ׃ ١٦ וְהָיָה אִם־לָמֹד יִלְמְדוּ
אֶת־דַּרְכֵי עַמִּי לְהִשָּׁבֵעַ בִּשְׁ
מִי חַי־יְהוָה כַּאֲשֶׁר לִמְּדוּ אֶ
ת־עַמִּי לְהִשָּׁבֵעַ בַּבָּעַל וְנִבְנוּ
בְּתוֹךְ עַמִּי׃ ١٧ וְאִם לֹא יִשְׁמָעוּ
וְנָתַשְׁתִּי אֶת־הַגּוֹי הַהוּא נָתוֹשׁ
וְאַבֵּד נְאֻם־יְהוָה׃

Marfat.com

عازیتی اث بیتی ناطشتی اث نخلاثی ماہی اث یدمدوث نفشی بحف او
بیہیا ٭ ہاتیانی نحلاثی کاریہ سعرماناعالای یقولاہ عل کین شنیئیہا ٭ ہعیط
صالورع نخلالی لی ہعیط ساہیم عالیہا لحواسفوکل حیث ہساوہ ہینیا لولا خلا ٭
ردعیم سیہم شحیتوکرمی لوسنواث حلفانی ناتواث حلقث حمدالی لمدرسشما ما ٭
ساماہ لشماما ایلاعالای شیمما ناشما کل ہاآرص کی ابن ایش سام عل لیب عل کل
شفایم بمدمار بالوشو دوم کی حرب یہوا اوخلا مقصہ ارص وعدوصی ہارص شالوم
لحل باسارہ ٭ زارعوحطیم وقوصیم فاصار وحلولولوعیلو ویوشو متبوا وتیحم مسحرون
اف یہوا کوامر یہوا عل کل شوخیتہارا عیم ہنوعیم سحلااشر مسحلی اث عمی اث اسرائیل
ہینی لوہشام معل ادماثام واث بیث یہوداانوش منوحام ٭ دہابااحری خشتی
اوثام اسوب ورحمیم وہشیبوتیم الس لحلاثوہ دالس لارصوروہاماام لاہمو د
یلمدواث درکی عمی لھشابع بیاعل ویتوشوح عمی دام لوشما عودنالسی اث
ہکوی ھھونالوش وابیدنام یہوا + (ترجمہ) چھوڑدیا ہم نے اپنا گھر اپنی میراث
پریشان کردیا ہم نے اپنی عزیزجان کو دشمن کے قبضہ میں دے دیا ہم نے ٭ تفسیر اپنے گھر سے
مقصود بیت المقدس ہے اور میراث اور عزیز جان سے بنی اسرائیل یہ پیشین گوئی بھی فتنہ بخت نصر
کی ہے جس میں بیت المقدس خراب ہوا۔ بنی اسرائیل کچھ گھر چھوڑکے بھاگ گئے کچھ اسیر ہو کے
بابل گئے۔ ہماری میراث ہمارے لئے جنگلی شیر ہوئے۔ ہمارے اوپر تڑپی اس لئے اُن سے ہم کو
تنفر ہوا۔ تفسیر بوجہ نافرمانی کے بنی اسرائیل ہماری نظر میں خوار ہوئے یہ مقدس قوم
چونکہ خداپرست تھی اس لئے خدا اُن کو اپنی میراث کہتا ہے یہ نہایت فضیلت کا کلمہ ہے

Marfat.com

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ

(ترجمہ) ہماری میراث سبع مفترس ہی جیلیہ ہر طرف محیط ہی چلو جمع ہو جنگلی سباع کھانے کے لئے) تفسیر جیلیہ سے
مقصود بخت نصر ہی اور سباع اس کی سپاہ یہ وہی چیلیہ ہی جسے حضرت ابراہیم قربان پر سے
اڑاتے تھے + (راعیان کثیر نے ہمارے بستان کو برباد کیا ہمارے کھیت کو روند ڈالا ہماری مطبوع مزرع کو
ویران میدان کر دیا) تفسیر چرواہوں سے سلاطین بنی اسرائیل اور کاہنان اور جھوٹے انبیاء
جو قوم کو گمراہ کئے تھے مقصود ہیں مضمون گزشتہ کی تصریح و تفصیل ہی (اس کو ویران کر دیا ویرانشدہ
ہمارے پاس ماتم کرتے ہیں یہ تمام خطہ برباد ہو جائے گا کیونکہ کسی نے اپنا دل نسنبھالا) تفسیر یہاں تک
فتنہ بخت نصر سے متعلق ہی (میدان کے سب سوکھے پہاڑوں پر قائم ہونگے۔ بہادر جب کہ خدا کی شمشیر بران
زمین کے اس سرے سے اس سرے تک مستولی ہوگی کسی کے لئے خیر نہ ہوگی) تفسیر شفی عبرانی میں ایسے
پہاڑ کو کہتے ہیں جو روئیدگی سے خالی ہو۔ جیسے جبال عرب یہ خبر ہی زمانہ اسلام کی یعنی بعد زمانہ
بخت نصر عربستان کے پہاڑوں پر بہادران اسلام مستعد ہونگے اس وقت کا پتا دیتا ہی کہ جب
خدا کی تلوار اہل ارض کو صاف کرے گی۔ خدا کی تلوار سے مقصود جہاد ہی کیونکہ یہ جنگ محض
خدا کے واسطے ہوتی ہی اور نیز خالد ابن ولید کا لقب تھا سیف اللہ جن کے ہاتھ سے ملک شام
اور اکثر بلاد فتح ہوئے تھے اور اصل سیف اللہ آنحضرت تھے جیسا کہ کعب بن زہیر کے قصیدہ
میں ہے **شعر**

ان الرسول لسیف یستضاء بہ — مہند من سیوف اللہ مسلول

(گیہوں بوئیں گے اور کاٹیں گے کانٹا دوا کریں گے لیکن نفع نہ ہوگا اور شرمندہ ہونگے اپنے محاصل یعنی
کردار سے خدا کے غضب سے) یہ بنی اسرائیل کا حال ہی زمانہ اسلام میں آیات گزشتہ سے بخت نصر کے
زمانہ سے تا عہد اسلام کا حال مذکور ہوا اس کے بعد جو کچھ مسطور ہی اسی کی تاکید ہی (خدا نے یوں
فرمایا ان برے ملکان کی نسبت جنھوں نے قبضہ کر لیا بنی اسرائیل کی میراث پر اب ہم ان کو پریشان کریں گے
ان کی سرزمین سے خصوصاً خاندان یہودا کو ان کے درمیان سے پریشان کردیں گے) اس خبر کا وقوع

Marfat.com

بخت نصر کے وقت میں ہوا (۱۵ پھر اُن کی پریشانی کے بعد پھریں گے ہم اور اُن پر رحم کریں گے اور ہر شخص کو اُس کی میراث پر لوٹائیں گے) یہ حضرت عزرا کے وقت میں پورا ہوا کہ بیت المقدس آباد ہوا اور بنی اسرائیل جو جابجا منتشر ہو گئے تھے پھر وہاں جا بسے (۱۶ پھر اگر ہماری قوم کا چال چلن سیکھیں گے یعنی صرف خدا پر بھروسا کرنا نہ جیسا کہ بت پرستی سیکھ لی ہی تو وہ ہماری قوم کے درمیان آباد ہونگے ۞ ۱۷ اور اگر ایمان نہ لائیں گے تو اس قوم کو خوب پریشان کردیں گے ہم اور مٹادیں گے یہ خدا کا حکم ہی) تفسیر ۱۶ و ۱۷ آیت میں وعدۂ الٰہی ہی اُن سے کہ اگر وہ ہماری قوم کا چال چلن سیکھیں گے تو ہماری قوم میں آباد ہونگے اور نہیں تو پھر ذلیل وخوار ہونگے۔ ہماری قوم سے جو ان آیات میں کور ہی مسلمان مراد ہیں خدا کی قوم وہی ہی جو صرف خدا کی پرستش کرے توحید اُس کا ایمان ہو جیسا کہ پہلے یہود کا تھا۔ جادو سحر کے پیچھے نہ پھرے۔ نصاریٰ ہرچند کہ اپنے کو موحد کہتے ہیں لیکن عقیدۂ تثلیث اُس کے منافی ہی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں حرام و حلال کا کچھ امتیاز نہیں باوجودیکہ حضرت مسیحؑ نے فرمایا کہ میں توریت نہیں منسوخ کرتا عمل اُن کا اُس کے خلاف ہی اس وجہ سے وہ قومِ خدا نہیں ہوسکتی۔ مسلمانوں کے حق میں تمام قرآن میں جابجا مصرح ہی جس سے ثابت ہوتا ہی کہ یہ خدا کی قوم ہی انھیں کے چال چلن سیکھنے کا حکم ہی مگر افسوس ہی کہ یہود اس پر خیال نہیں کرتے۔ فقط

شعر

کیف ترقی رقیک الانبیاء
یا سماء ما طاولتہا سماء

اللّٰہم صل علیٰ سیدنا محمد و آلہ الاطہار و اصحابہ الاخیار

فقط

۱۳ تا ۱۵ اگست سنہ ۱۸۹۴ء

Marfat.com

Marfat.com

قیمت ۲ر

... آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

... توحید امن،

... اور صفائی و پاکیزگی کے

قیمت ۲ر

ذکرِ مبارک — یہ کتاب حضرت سرورِ کائنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

... سوانح عمری ہے۔ باوجود اختصار کوئی ضروری بات

آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حالات زندگی کے متعلق ایسی نہیں ہے جو اس کتاب میں

... رضاعت اور ایام طفولیت کے واقعات

... حالات بیان کئے ہیں۔ اس کے بعد عہدِ نبوت اور

... حالات اور کفار سے جو معاملات پیش آئے ان کا

... منورہ کے زمانہ کے حالات اور تمام لڑائیوں کا تذکرہ ہے

... حالات زمانہ وفات تک لکھے ہیں۔ آخر میں ازواجِ مطہرات

... آپ کے تمام محاسن و اخلاق کا

قیمت ۵ر

ملنے کا پتہ

... خان شروانی علی گڑھ

Marfat.com

بفضلِ حق

شروانی پرنٹنگ پریس علی گڑھ میں اردو

اور پھر دونوں قسم کے چھاپوں میں عربی فارسی اردو

ہندی، انگریزی کا ہر قسم کا کام نہایت صحت اور کفایت

کے ساتھ ہوتا اور وقت پر دیا جاتا ہی

کتابوں کی فرمائش اور ہر قسم کی خط و کتابت

کے لئے پتہ:

محمد مقتدیٰ خان شروانی علی گڑھ

Marfat.com

بشریٰ

کتاب جس میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق تمام وہ باتیں جو

توریت و انجیل اور دیگر صحف انبیاء علیہم السلام میں موجود ہیں

تالیف

مولانا عنایت رسول صاحب عباسی چریاکوٹی مرحوم و مغفور

[illegible] سابق جج الٰہ آباد ہائی کورٹ

[illegible]

[illegible] سی آئی ای

[illegible]

[illegible]

DATA ENTERED

Marfat.com